تعجب خیز اور حیرت انگیز اسلامی تاریخی معلومات کا عظیم موجیں مارتا ہوا سمندر
حدیث و تفسیر، تاریخ و سیر اور فقہ و تصوف کی درجنوں مستند کتابوں کا حاصل مطالعہ مع حوالہ جات

اسلامی
حیرت انگیز معلومات

تالیف:
مولانا عبدالواحد آزاد

اصغر علی رضوی مسعودی
+919224227312

ڈیلکس

الہدیٰ پبلیکیشنز نئی دہلی
۲۹۸۲، قاضی واڑہ، دریا گنج، نئی دہلی۔ ۲

باسمہ تعالیٰ

علم الانسان مالم یعلم

تعجب خیز اور حیرت انگیز اسلامی تاریخی معلومات کا عظیم موجیں مارتا ہوا سمندر، حدیث وتفسیر
تاریخ وسیر اور فقہ وتصوف کی درجنوں مستند کتابوں کا حاصل مطالعہ مع حوالہ جات

اسلامی
حیرت انگیز معلومات

تالیف:

مولانا عبدالواحد آزاد

مقام وپوسٹ: گنجریا بازار
وایہ: اسلام پور
ضلع: اتر دیناجپور مغربی بنگال

صدر مدرس دار العلوم اسلامیہ
ہمدانیہ ڈورو شاہ آباد
ضلع اننت ناگ، جنوبی کشمیر

Publisher:

الہدیٰ پبلیکیشنز
alhuda publications
2982 Kucha Neel Kanth, Qazi Wara, Darya Ganj, N. Delhi-2
Tel: 011-43259013, E-mail alhudapublications@yahoo.com

+919224227313

محمد اصغر علي رضوي مسعودي

©جملہ حقوق محفوظ ہیں
©All rights are reserved

بغیر ناشر کی اجازت کے اس کتاب کا کوئی حصہ یا پوری کتاب نقل اشاعت اور طباعت یا کسی اور زبان میں ترجمہ کرنا قانوناً جرم ہے۔

نام کتاب : اسلامی حیرت انگیز معلومات
تالیف : مولانا عبدالواحد آزاد
تصحیح : مولانا غلام یاسین صاحب و مولانا اکبر علی صاحب
مدرسین جامعہ نعیمیہ مرادآباد، (یو۔پی) انڈیا
زیر اہتمام : مستحسن فاروقی
کمپوزنگ : عبدالرحمٰن صدیقی مظفرپوری
صفحات : 604
ناشر : الھدیٰ پبلیکیشنز نئی دہلی
قیمت :

الھدیٰ پبلیکیشنز نئی دہلی
Phone: 011-43259013
ISBN 978-81-920777-9-6

ISLAMI
HAIRAT ANGEZ MA'LOOMAAT

Compiled by:

Maulana Abdul Wahid Azad

Page: 604 Edition: 2013 Price: ₹ [redacted]/-

Publisher:

ALHUDA PUBLICATIONS
2982, Kucha Neel Kanth, Qazi Wara, Darya Ganj, N. Delhi-2
Phone: 011-43259013, Mobile: 08010503999
Email: alhudapublications@yahoo.com

انتساب

میں اپنی اس مختصر کاوش کو

اپنے والد ماجد

جناب ماسٹر **سعید الرحمن** صاحب مرحوم

(متوفی ۲۵/ذی قعدہ ۱۴۱۳ھ مطابق ۱۸/مئی ۱۹۹۳ء بروز منگل)

کے نام معنون و منسوب کرتا ہوں

جن کی نالہ نیم شبی اور دعائے سحر گاہی سے میں اس خدمت کے لائق ہوا۔
اللہ تعالیٰ جل مجدہ ان کو غریق رحمت اور کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے۔ آمین
قارئین ایصال ثواب فرما کر ممنون کرم فرمائیں۔

دعاگو
عبدالواحد آزاد

آئینہ کتاب

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ	نمبر شمار	عنوانات	صفحہ
۱	نازگرامی	۶	۲۲	حضرت خضر ؑ	۱۷۲
۲	تقریظ جلیل	۷	۲۳	حضرت داؤد ؑ	۱۷۸
۳	مجھے کہنا ہے کچھ اپنی زبان میں	۹	۲۴	حضرت سلیمان ؑ	۱۸۳
۴	خصوصیات کتاب	۱۲	۲۵	حضرت ایوب ؑ	۱۹۵
۵	شکریہ مہربانی	۱۳	۲۶	حضرت زکریا و یحییٰ علیہما السلام	۱۹۹
۶	وحی	۱۵	۲۷	حضرت عیسیٰ ؑ	۲۰۵
۷	لوح و قلم	۱۹	۲۸	حضرت مریم رضی اللہ عنہا	۲۱۵
۸	کتب سماویہ	۲۴	۲۹	حضور اکرم ﷺ	۲۱۸
۹	قرآن شریف	۳۰	۳۰	مختلف انبیاء کرام علیہم السلام	۲۳۶
۱۰	حضرت آدم ؑ	۶۶	۳۱	حضرت ذوالقرنین اور لقمان حکیم	۲۶۱
۱۱	حضرت ا رضی اللہ عنہا	۸۲	۳۲	حضور اکرم ﷺ کی اولاد کرام	۲۶۵
۱۲	ہابیل اور قابیل	۸۵	۳۳	حضور اکرم ﷺ کے دادا اور والدین	۲۸۲
۱۳	حضرت ادریس ؑ	۹۱	۳۴	حضور اکرم ﷺ کے چچا اور پھوپھیاں	۲۸۷
۱۴	حضرت نوح ؑ	۹۵	۳۵	حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا	۲۹۲
۱۵	حضرت ابراہیم ؑ	۱۰۷	۳۶	حضرت سودہ رضی اللہ عنہا	۲۹۸
۱۶	حضرت اسمٰعیل و اسحٰق علیہما السلام	۱۱۷	۳۷	حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا	۳۰۱
۱۷	حضرت یعقوب ؑ	۱۲۴	۳۸	حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا	۳۰۸
۱۸	حضرت یوسف ؑ	۱۳۰	۳۹	حضرت زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا	۳۱۲
۱۹	حضرت صالح ؑ	۱۳۲	۴۰	حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا	۳۱۵
۲۰	حضرت موسیٰ ؑ	۱۴۷	۴۱	حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا	۳۱۹
۲۱	حضرت ہارون ؑ	۱۷۰	۴۲	حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا	۳۲۴

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ	نمبر شمار	عنوانات	صفحہ
۴۳	حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا	۳۲۷	۶۰	جنات	۴۶۱
۴۴	حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا	۳۳۰	۶۱	شیاطین	۴۶۵
۴۵	حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا	۳۳۳	۶۲	اصحاب کہف	۴۷۱
۴۶	امہات المومنین رضی اللہ عنہن	۳۳۶	۶۳	یاجوج اور ماجوج	۴۸۰
۴۷	حضرت صدیق اکبر ؓ	۳۴۸	۶۴	عوج بن عنق	۴۸۳
۴۸	حضرت عمر فاروق ؓ	۳۵۳	۶۵	اُمتیں اور قومیں	۴۸۶
۴۹	حضرت عثمان غنی ؓ	۳۵۹	۶۶	گذشتہ بادشاہیں	۴۹۴
۵۰	حضرت علی کرم اللہ وجہہ	۳۶۴	۶۷	آسمان اور زمین	۵۰۳
۵۱	خلفائے راشدین	۳۶۹	۶۸	جانور	۵۱۱
۵۲	صحابہ کرام ؓ	۳۷۲	۶۹	اصلی نام	۵۲۵
۵۳	بارگاہ رسالت کے خدام و نگہبان……	۳۸۳	۷۰	القاب	۵۳۶
۵۴	حضور اکرم ﷺ کے آلات حرب……	۳۹۵	۷۱	اولیات	۵۴۵
۵۵	غزوات اسلام	۴۰۷	۷۲	دن اور مہینے	۵۶۳
۵۶	بیت اللہ اور بیت المعمور	۴۳۷	۷۳	قیامت اور علامات قیامت	۵۷۰
۵۷	مسجد نبوی اور گنبد خضریٰ	۴۴۵	۷۴	جنت اور دوزخ	۵۷۳
۵۸	عورتیں اور بچے	۴۴۹	۷۵	متفرقات	۵۸۸
۵۹	فرشتے	۴۵۴	۷۶	ماخذ اور مراجع	۶۰۱



تأثر گرامی

استاذنا المکرم، فقیہ العصر
حضرت الحاج مفتی محمد ایوب صاحب نعیمی مدظلہ العالی
صدر شعبۂ افتاء وصدر مدرس جامعہ نعیمیہ عربی یونیورسٹی مراد آباد، یوپی

الحمدللہ و کفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفیٰ وبعد

تحریر کی معنویت کا اندازہ، محرر کی صلاحیت اور وسعتِ مطالعہ سے ہوتا ہے عربی کا مشہور مقولہ ہے " قَدْرُ الْمُؤَلِّفِ بِقَدْرِ الْمُؤَلَّف " کتاب کا مصنف جتنا عظیم ہوتا اتنی ہی کتاب عظمت کی حامل ہوتی ہے۔ زیرِ نظر کتاب مسمی " اسلامی حیرت انگیز معلومات " کے مؤلف مولانا عبدالواحد آزاد جب یہ جامعہ نعیمیہ مراد آباد میں تحصیل وطلب کی راہوں سے گزر رہے تھے اسی وقت سے ان کا ذوقِ مطالعہ وسیع رہا۔ مسائل کی گہرائیوں میں اترنا اور ان کے اسباب وعلل کی جستجو ان کا طرۂ امتیاز تھا انہیں معلومات کو موصوف نے اپنی اس کتاب میں اربابِ ذوق کی تشنگی کو بجھانے کے لئے یکجا کر دیا ہے میں اپنے کثیر مشاغل کی بنا پر اس کو بالاستیعاب تو نہ دیکھ سکا البتہ بعض بعض مقامات کو دیکھ کر اندازہ ہوا کہ موصوف مؤلف نے بڑی جانفشانی کر کے واقعات کو حوالۂ قلم کیا ہے۔

دعا ہے کہ مولا تعالیٰ موصوف کی خدمات کو قبول فرمائے اور اصحابِ شوق کو استفادہ کا موقع عطا فرمائے آمین۔

محمد ایوب نعیمی غفرلہ
۲۷/ ذیقعدہ ۱۴۲۱ھ

تقریظ جلیل

استاذ العلماء حضرت علامہ مفتی غلام مجتبیٰ صاحب اشرفی مدظلہ العالی
شیخ الحدیث جامعہ رضویہ منظر اسلام، محلہ سوداگران، بریلی شریف، یوپی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی ونسلم علی رسولہ الکریم والہ وصحبہ اجمعین

فاضل جلیل، عالم نبیل، حضرت مولانا عبدالواحد آزاد زید مجدہ کی زیر نظر کتاب مستطاب کو تو بالاستیعاب دیکھنے کا موقع میسر نہ آیا۔ البتہ جستہ جستہ متعدد عنوانات کے تحت کچھ سوالات اور اس کے جوابات کا بنظر غائر مطالعہ کیا۔ بحمدہ تعالیٰ کتاب مذکور کو جیسا نام ویسا کام "اسلامی حیرت انگیز معلومات" کا خزینہ اور عجائب وغرائب پر مشتمل واقعات اور دینی علوم کا گنجینہ پایا۔ اور بے حد مسرور ہوا۔ آفریں صد آفریں لائق تحسین یہ کہ جس قدر جوابات فقیر کی نظر سے گزرے معتمد علماء دین اور سلف صالحین کی مصنفات کے حوالوں سے مزین ہیں۔ لیس الخبر کالعیان "شنیدہ کے بود مانند دیدہ" ناظرین باتمکین! کتاب مذکور کا مطالعہ فرمائیں تو بیساختہ آپ کی زبان سے یہی کلمات خیر ادا ہونگے کہ مولانا موصوف کی کتاب سے ظاہر ہے کہ ان کے مطالعہ کی وسعت عیاں ہے محتاج بیان نہیں۔

اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ اور موصوف کو دنیا و آخرت کی برکات وحسنات سے نوازے آمین ثم آمین۔ بجاہ سید المرسلین صلوات اللہ وسلامہ علیہ والہ وصحبہ اجمعین۔

دُعا گو ودُعا جو
غلام مجتبیٰ اشرفی غفرلہ ولوالدیہ
۲۶/ ذیقعدہ ۱۴۲۱ھ

تقریظ جلیل

مفتیٔ مالوہ حضرت مفتی حبیب یار خاں صاحب قادری (محمد میاں نوری)
خطیب جامع مسجد و صدر، و مہتمم دار العلوم نوری، اندور، ایم پی

مُبَسمِلًا وَّ حَامِدًا وَّ مُصَلِّیًا وَّمُسَلِّمًا

رب قدیر جل وعلیٰ نے اپنے حبیب لبیب مصطفیٰ جانِ رحمت ﷺ کو علوم و معارف کا خزینہ، ہدایت و راہنمائی کا سرچشمہ قرآنِ کریم کی صورت میں عطا فرمایا اور معلم کائنات بنا کر مبعوث فرمایا۔

نبی رحمت ﷺ سے صحابہ و تابعین نے، ان سے ائمہ دین نے، ان سے اولیائے کاملین نے، ان سے علمائے اہلسنت نے خوب خوب استفادہ فرمایا۔ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔

انتہائی مسرت کا مقام ہے کہ انہیں "علوم قرآنیہ" کو سوال وجواب کی صورت میں مرتب فرما کر فاضل جلیل حضرت مولانا حافظ عبد الواحد صاحب نے عوام اہلسنت خصوصاً طلبہ کرام پر بڑا کرم فرمایا ہے۔

سوال وجواب قائم فرما کر بڑی حکمت سے مولانا نے شوق وتجسس کو ذریعہ بنا کر حصول علم کا جذبہ پیدا کرنے کی کامیاب ترین کوشش فرمائی ہے۔

مولیٰ تعالیٰ مولانا عبد الواحد صاحب کی اس کوشش کو شرف قبول سے نواز کر عامۃ المسلمین خصوصاً طلبہ کرام کو اس سے استفادہ کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین بجاہ النبی الکریم علیہ التحیۃ والتسلیم

خلوص کیش
محمد حبیب یار خاں قادری غفرلہ
۳۰؍ رمضان المبارک ۱۴۲۱ھ

مجھے کہنا ہے کچھ اپنی زبان میں

مُبَسمِلًا وَّ حَامِدًا وَّ مُصَلِّیًا وَّمُسَلِّمًا

اثر کرے نہ کرے، سن تو لے مری فریاد ☆ نہیں ہے داد کا طالب یہ بندۂ آزاد

ناظرین کرام: ایک یونانی مفکر کا معروف مقولہ ہے کہ

"انسان ایک سماجی حیوان ہے یہ تنہا زندگی بسر نہیں کر سکتا"

ایک فرد جو کسی بھی سطح کا ذمہ دار ہے کسی بھی مقام و مرتبہ کا حامل ہے بہر حال وہ سب سے پہلے معاشرہ کا ایک فرد ہے بعد میں کچھ اور۔ معاشرہ یا سماج سے گریز اس کے لئے ممکن نہیں۔ انسان چاہے وہ کتنا ہی ذہین اور ہوشیار کیوں نہ ہو، وہ اپنے اس ماحول کی خوبیوں اور خامیوں سے مکمل طور پر بے اثر نہیں رہ سکتا جس میں اس نے نشو ونما پائی ہو اور زندگی کی بہت سی منزلوں سے گزرا ہو حقیقت میں سماج یا معاشرہ فطرتِ انسانی کا ناگریز تقاضا ہے۔

دوسری حقیقت یہ بھی ہے کہ معاشرہ افراد سے مل کر بنتا ہے اس لئے معاشرہ کا بناؤ یا بگاڑ افراد کے طرز عمل پر منحصر ہے۔ افراد کا طرز عمل معاشرہ کو جنت کا نمونہ بھی بنا سکتا ہے جس میں ہر فرد مطمئن اور فرحاں نظر آئے۔ اور جہنم کا ٹکڑا بھی بنا سکتا ہے جس میں افراد کے لئے زندگی گزارنا کسی عذاب سے کم نہ ہو۔

مسلمان کو ترقی کی راہ صرف عبادات کی ظاہری پابندی سے نہیں ملتی بلکہ اس کے لئے اسلامی معاشرے کی تعمیر بھی ضروری ہے۔ اور اسلامی معاشرہ کی تعمیر ہم ہرگز نہیں کر سکتے جب تک کہ ہم انفرادی طور پر اپنی ذمہ داری کو پورا نہ کریں۔ ہماری ذمہ داری یہ ہے کہ ہم اسلامی تعلیمات اور اسلامی تاریخی معلومات حاصل کریں کیونکہ جب تک ہم اپنے درخشاں ماضی اور اپنی تابناک تاریخ سے پوری طرح واقف

نہ ہوں تب تک ہم اپنی زندگی کے لئے کوئی لائحہ عمل مرتب کرنے یا معاشرہ کو سنوارنے کی کوئی کامیاب تدبیر پیدا کرنے کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔ حالات رفتگاں اور واقعات گذشتگاں کے مطالعہ ہی سے ہمیں یہ معلوم ہوگا کہ ہمارے بزرگوں نے کن اصولوں پر عمل کر کے دنیا میں حیرتناک سربلندی حاصل کی تھی اور وہ کیا فرو گزاشتیں، غلطیاں اور بے اعتدالیاں تھیں جن کی وجہ سے یہ قوم بام عروج سے فرش مذلت پر آگئی اس طرح ہم اپنے اور اپنی قوم و معاشرہ کیلئے آئندہ کا بہترین لائحہ عمل مرتب کر سکیں گے اور یہ بھی اچھی طرح سمجھیں گے کہ برے نتائج سے محفوظ رہنے کا کیا طریقہ اختیار کیا جانا چاہئے اور سربلندی کے حصول کیلئے کونسا زینہ بار بار کا آزمایا ہوا مضبوط و استوار زینہ ہے۔

اسلام، پوری زندگی کا ایک جامع نظام ہے، جو زندگی کے ہر شعبے میں انسان کی رہنمائی اور مکمل ہدایت فراہم کرتا ہے۔ دوسرے نظاموں اور نظریوں میں یہ خامی ہے کہ وہ زندگی کے کسی ایک پہلو سے متعلق ہیں یا اگر سب پہلوؤں کو لیتے بھی ہیں تو کسی ایک محدود زاویہ سے لیتے ہیں پھر ان میں اندرونی وحدت و یکسانی بھی نہیں پائی جاتی اسلئے کہ وہ اپنے مختلف اجزا مختلف بلکہ متناقض ماخذ سے حاصل کرتے ہیں۔ لیکن اسلام کی بات سب سے مختلف ہے اس کا سرچشمہ ایک ہے "الہامی ہدایت" یہ رہنمائی پوری زندگی سے متعلق ہے اس نظام میں جامعیت بھی ہے اور کمال بھی، یعنی وسعت بھی ہے اور وحدت بھی۔ یہ سلطنت بھی ہے اور وطن بھی، یعنی حکومت بھی ہے اور رعایا بھی۔ یہ ضابطہ اخلاق بھی ہے اور قوت بھی، یعنی رحم بھی ہے اور انصاف بھی۔ یہ ثقافت بھی ہے اور قانون بھی، یعنی علم بھی ہے اور فیصلہ کن طاقت بھی۔ یہ مادی طاقت بھی ہے اور ثروت بھی، یعنی ذریعہ معاش بھی ہے اور غنا بھی۔ یہ جہاد بھی ہے اور دعوت بھی، یعنی جوش بھی ہے اور ہوش بھی۔ غرض کہ اسلام ایک ایسا مکمل نظام حیات ہے جو زندگی کے تمام شعبوں پر محیط اور حاوی ہے اگر اس پر نہایت ہی خلوص اور پابندی سے عمل کیا جائے تو صرف انفرادی زندگی ہی قابل رشک نہیں بن سکتی ہے بلکہ اجتماعی طور پر بھی مسلمانوں کی سربلندی کے ساتھ ساتھ ایک ایسا مثالی معاشرہ بھی وجود میں آسکتا ہے جو بد اخلاقی اور بدکرداری سے پاک ہو، جس میں باہمی منافرت کا نام و نشان بھی نہ پایا جاتا ہو۔

پیش نظر کتاب اگر چہ کوئی اسلامی تاریخ کی کتاب نہیں تاہم کہیں کہیں ہلکی اور مدہم تاریخی شعاعیں ضرور پڑ جاتی ہیں جو اصلاح معاشرہ کا جذبہ رکھنے اور اسلامی معاشرہ کی تعمیر کے لئے جدوجہد کرنے والوں کے لئے معاون ثابت ہوں گی۔

اس وقت اس موضوع پر مارکیٹ میں بہت سی کتابیں موجود ہیں کسی اور کتاب کی شمولیت دریا میں ایک قطرۂ بے معنی کے اضافے کے مترادف ہے لیکن چونکہ میں اس کتاب کی ترتیب کا آغاز برسوں پہلے اس وقت کر چکا تھا جب کہ اردو زبان میں اس موضوع پر مارکیٹ میں شاید ہی کوئی کتاب تھی۔ کچھ ناگفتہ بہ حالات کی وجہ سے کتاب کی ترتیب و تدوین نامکمل رہی۔ اب کچھ احباب خصوصاً **قاری مظہر عالم نعیمی** اور محترم **غلام جیلانی** صاحب (مہتمم اعلیٰ دار العلوم اسلامیہ ہمدانیہ ڈورو شاہ آباد کشمیر) کے پر زور اصرار پر نہایت ہی تحقیق و تلاش کے بعد علوم و معارف و اسرار و رموز کے بحر ذخار سے چند قطرے، ۷۷ ستر عنوانوں پر مشتمل تعجب خیز اور حیرت انگیز اسلامی معلومات کا گلدستہ، حدیث و تفسیر، تاریخ و سیر کی مستند کتابوں کے حوالے سے ارباب ذوق و اصحاب شوق کی خدمت میں حاضر ہے اس امید کے ساتھ کہ ان چند نادیدۂ خزاں گلہائے سرسبزی کی طرب انگیز خوشبو سے آپ کے دل و دماغ معطر ہو اٹھیں اور میرے لئے باعث قبول حسنات و غفران سیئات ہوں۔

میں اپنی کم بضاعتی و بے مایگی کا اقرار کرتا ہوں کہ قدم قدم پر میرا ٹھوکر کھانا کچھ عجب نہیں، البتہ غلطی سے پاک و مبرا رہنا عجائبات میں شمار ہو سکتا ہے اگر اس فقیر سراپا تقصیر غلط سے کسی جگہ غلطی ہو گئی ہو تو زلت قلم کو بچشم عفو ملاحظہ فرما کر متنبہ کر دیں کہ آئندہ اشاعت میں اس کی تلافی ہو جائے لیکن زبان طعن و تشنیع کے ساتھ نہ کھولیں کہ معترف تقصیر پر زبان طعن و تشنیع بزرگوں کا شیوہ نہیں۔

طالب دعاء

عبدالواحد آزاد

صدر مدرس دار العلوم اسلامیہ ہمدانیہ
ڈورو شاہ آباد ضلع اننت ناگ، جنوبی کشمیر

مقام و پوسٹ گنجریا بازار، وایا اسلام پور
ضلع اتر دیناجپور، مغربی بنگال،

پیش نظر کتاب کی ترتیب میں جن باتوں کی رعایت کی گئی ہے وہ حسب ذیل ہیں

۱ـــ زیادہ سے زیادہ حیرت انگیز و تعجب خیز مواد فراہم کرنے کی کوشش کی گئی ہے

۲ـــ نقل عبارات عربی، سجع، ترصیع اور رنگینی عبارت کو ترک کر کے سہل سہل الفاظ استعمال کئے گئے ہیں تاکہ ہر شخص بے تکلف سمجھ سکے۔

۳ـــ نکتہ نکتہ کو مستند حوالہ جات کی گرفت اور بندشوں میں جکڑنے کی کوشش کی گئی ہے۔

۴ـــ معلومات کو مختلف عنوانات کے تحت جمع کیا گیا ہے تاکہ قاری کو وہ تمام معلومات یکجا اکٹھے مل جائیں جو ایک موضوع سے متعلق ہوں۔

۵ـــ ہر جواب سے متعلق جتنے بھی اقوال دستیاب ہوئے درج کر دیے گئے ہیں لیکن ممکن ہے کہ دیگر اقوال بھی ہوں۔

۶ـــ یہاں یہ بات کہ "جو خوشی طلب و اشتیاق اور تلاش و جستجو کے بعد میسر ہوتی ہے زیادہ لذت بخشتی ہے" کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک عنوان سے متعلق سارے سوالوں کو پہلے نمبر وار یکجا درج کر دیا گیا ہے پھر اس کے بعد اسی ترتیب سے نمبروار اُن کے جوابات تاکہ سوال پڑھنے کے بعد قاری کچھ دیر حیرت و استعجاب میں رہے، طلب و اشتیاق پیدا ہو پھر جواب پڑھنے کے بعد بات اچھی طرح ذہن نشیں ہو جائے۔

شکریہ، مہربانی

میں بے حد ممنونِ کرم ہوں
استاذنا المکرم فقیہ العصر حضرت الحاج مفتی ایوب صاحب نعیمی مدظلہ العالی
استاذ العلماء حضرت مفتی غلام مجتبیٰ صاحب اشرفی مدظلہ العالی
اور مفتی مالوہ حضرت مفتی حبیب یار خاں صاحب قادری مدظلہ العالی

کا کہ ان حضرات نے
اپنے تاثرات کو قلمبند فرما کر کتاب کی افادیت میں اضافہ فرمایا اور ساتھ میں میری حوصلہ افزائی بھی فرمائی۔

میں شکر گزار ہوں
حضرت مولانا غلام یاسین صاحب نعیمی اور حضرت مولانا اکبر علی صاحب (مدرسین جامعہ نعیمیہ مرادآباد)

کا کہ جن حضرات نے
اپنے قیمتی اوقات کو کتاب کی تصحیح میں صرف فرمایا۔

میں سپاس گزار ہوں
حضرت مولانا مشتاق احمد صاحب رضوی (دارالعلوم گلشن بغداد رامپور) اور قاری مظہر عالم صاحب نعیمی (دارالعلوم ہمدانیہ ڈورو کشمیر)

کا کہ جن حضرات نے
کتاب کی ترتیب سے لیکر طباعت تک ہر مرحلے میں اپنے زریں مشورے سے نوازتے رہے

میں احسان مند ہوں
مولانا عبیدالرحمٰن مظفر پوری صاحب کا کہ جنھوں نے اپنے فن کا بھرپور مظاہرہ کرتے ہوئے کتاب کی کمپوزنگ فرمائی اور مولانا جمیل اختر اشرفی صاحب کا کہ جن کے حسن ذوق سے کتاب اس خوبصورت انداز میں چھپ کر آپ کے ہاتھوں میں آئی۔

میرا رواں رواں ان سبھی حضرات کا سراپا شکر و سپاس ہے۔

عبدالواحد آزاد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وحی سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ فرشتے کو وحی کس طرح ملتی تھی۔؟
۲۔۔۔ وحی کا نزول کن کن طریقوں سے ہوتا تھا۔؟
۳۔۔۔ انبیاء سابقین جن کی زبانیں عربی کے علاوہ تھیں ان کے پاس وحی کس زبان میں نازل ہوتی تھی۔؟
۴۔۔۔ اولین وحی قرآن کا نزول کس تاریخ کو، کس دن، کس وقت اور کس جگہ ہوا۔؟
۵۔۔۔ قرآن کی وحی اول اور وحی ثانی کے مابین کتنا وقفہ رہا۔؟
۶۔۔۔ آخری وحی نبی کریم ﷺ کے وصال حق سے کتنا عرصہ قبل نازل ہوئی۔؟

وحی سے متعلق عجائبات

۱۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کو جب کسی نبی کے پاس وحی بھیجنا منظور ومقصود ہوتا تھا تو فرشتے کو روحانی طور پر اس وحی کا القاء فرماتا تھا یا وہ فرشتہ اس وحی کو لوح محفوظ سے یاد کر کے لاتا اور نبی کو سنا دیتا تھا۔ (الاتقان فی علوم القرآن ج۱ ص۵۸)

۲۔ وحی ان پانچ طریقوں میں سے کسی ایک طریقہ سے نازل ہوتی تھی

(۱) گھنٹی کی آواز کے ساتھ

(۲) جبرائیل علیہ السلام کسی انسانی شکل میں آکر

(۳) جبرائیل علیہ السلام اپنی اصلی صورت میں آکر

(۴) براہ راست اور بلا واسطہ اللہ سے ہم کلامی

(۵) جبرائیل علیہ السلام کا کسی بھی صورت میں بغیر سامنے آئے قلب مبارک میں وحی کا القا کر دینا۔ (الاتقان فی علوم القرآن ج۱ ص۶۰)

حضرت شاہ عبد الحق محدث دہلوی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں

"علمائے کرام نے وحی کے کئی مراتب بیان کئے ہیں۔

اول، رویائے صالحہ۔ حدیث میں ہے کہ حضور اکرم ﷺ کو ابتداء میں جو چیز سب سے پہلے ظاہر ہوئی وہ رویائے صالحہ ہے۔

دوسرا مرتبہ وحی کا یہ تھا کہ جبرائیل علیہ السلام، نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے قلب شریف میں القا کرتے تھے بغیر اس کے کہ حضور ﷺ جبرائیل علیہ السلام کو دیکھیں۔

تیسرا مرتبہ وحی کا یہ تھا کہ جبرائیل علیہ السلام کسی آدمی کی صورت اختیار کر کے حضور ﷺ کے پاس آتے اور پیغام الٰہی پہنچاتے تھے تاکہ جو کچھ ارشاد باری

ہے اسے یاد فرمائیں۔

چوتھا مرتبہ وحی کا یہ ہے کہ "صلصلۃ الجرس" یعنی گھنٹی کی آواز سنائی دیتی تھی اور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے سوا کوئی دوسرا اس کے کلمات و معانی کو نہیں سمجھ سکتا تھا۔ حضور ﷺ پر اقسام وحی میں یہ قسم سب سے بڑھ کر سخت تھی۔

وحی کا پانچواں مرتبہ یہ تھا کہ کبھی جبرائیل علیہ السلام اپنی اصلی صورت میں آتے اور وحی پہنچاتے۔ علماء فرماتے ہیں کہ ایسا دو بار ہوا۔

چھٹا مرتبہ وحی کا یہ ہے کہ حق تعالیٰ نے آپ پر اس حالت میں وحی فرمائی کہ آپ عروج فوق عرش تھے نماز وغیرہ کی وحی اسی قسم کی ہے۔

وحی کا ساتواں مرتبہ، حق تعالیٰ کا حضور اکرم ﷺ سے براہ راست کلام فرماتا ہے جس طرح کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کلام فرمایا۔

وحی کا آٹھواں مرتبہ، حق تعالیٰ کا حضور ﷺ سے بے حجاب کلام فرمانا۔ کبھی کبھی حضور اکرم ﷺ حالت نوم میں تشریف دیدار رب سے مشرف ہوتے اور حق تعالیٰ آپ سے کلام فرماتا جیسا کہ حدیث میں ہے کہ "میں نے اپنے رب کو احسن صورت میں دیکھا"

صاحب مواہب فرماتے ہیں کہ حلیمی نے کہا ہے کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا ہے کہ آپ پر ۴۶ قسموں سے وحی کی گئی ہے۔

(مدارج النبوۃ باب سوم ج۲ ص ۵۳ تا ۵۷)

۳۔ وحی ہمیشہ عربی زبان میں نازل ہوتی تھی۔ انبیاء سابقین جن کی زبانیں عربی کے علاوہ تھیں ان کے پاس بھی جبرائیل علیہ السلام عربی زبان میں ہی وحی لیکر آتے تھے پھر ہر نبی اپنی اپنی زبان میں اس وحی کا ترجمہ کر کے قوم کو سناتا اور سمجھاتا تھا۔

(الاتقان ج۱ ص۶۰)

۴۔ قرآن کی وحی اول کا نزول ۱۷ رمضان المبارک یا ۲۴ رمضان المبارک

بروز دوشنبہ کو بوقت سحر ہوا (تفسیر نعیمی ج ۲ ص ۲۱۳، البدایہ ج ۳ ص ۶)

حضرت شاہ عبد الحق محدث دہلوی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں

"نزول وحی کا ظہور دوشنبہ کے روز آٹھ یا تین ربیع الاول ۴۱ عام الفیل میں کوہ حرا پر جسے جبل نور بھی کہتے ہیں بقول صحیح ہوا" محدث موصوف آگے فرماتے ہیں کہ ایک جماعت آیہ کریمہ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ اور ارشاد باری تعالیٰ اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ سے خیال کرتی ہے کہ وحی کی ابتداء رمضان المبارک میں ہوئی اس لئے کہ حق تعالیٰ نے حضور اکرم ﷺ پر از قسم نبوت سب سے پہلے جس چیز کا اکرام فرمایا وہ نزول قرآن ہے۔ چونکہ نزول قرآن رمضان میں ہوا اس سے ثابت ہوا کہ وحی کی ابتداء بھی رمضان ہی میں ہوئی ہوگی۔ لیکن اکثر مفسرین کا یہ خیال ہے کہ پورا قرآن بیک بار رمضان کی لیلۃ القدر میں لوح محفوظ سے آسمان دنیا پر نازل ہوا اور وہاں سے بلحاظ مصلحت اور باعتبار واقعات تھوڑا تھوڑا تیئیس سال کی مدت تک اترتا رہا (اس نزول کی ابتداء ربیع الاول میں ہوئی) بعض کے نزدیک ابتداء وحی ماہ رجب میں ہوئی یہ قول شاذ ونادر ہے۔ (مدارج النبوۃ باب سوم ج ۲ ص ۲۷)

ایک قول ۹ ربیع الاول ۴۱ نبوی مطابق ۱۲ فروری ۶۱۰ء کا بھی ہے۔ (اوراق غم ص ۶۴)

۵ــــ وحی اول اور وحی ثانی کے درمیان کتنا فاصلہ رہا اس متعلق چند اقوال وارد ہیں

(۱) تفسیر عزیزی میں ہے دس دن
(۲) حضرت ابن جریج فرماتے ہیں بارہ دن
(۳) بقول حضرت ابن عباس پندرہ دن
(۴) حضرت مقاتل کا کہنا ہے چالیس دن
(۵) اور بقول بعض تین سال۔ (تفسیر الم نشرح ص ۶۳، ۶۴)

۶ــــ اس سلسلے میں ائمہ تفاسیر کے مابین اختلاف ہے کہ نزول وحی آخر کب ہوا

(۱) آخری وحی حضور ﷺ کے عالم وصال کی طرف ارتحال فرمانے سے تین ساعت قبل نازل ہوئی۔ (حاشیہ ۸ جلالین ص ۴۴)

(۲) نزول وحی آخر کے تین دن بعد حضور ﷺ نے عالم فانی سے کوچ فرما کر جوار رحمت الٰہی میں نزول کیا (تفسیر نعیمی ج ۳ ص ۱۹۹)

(۳) آپ ﷺ کے اپنی جان جان آفرین کے سپرد کرنے سے سات دن قبل آخری وحی کا نزول ہوا (حاشیہ ۸ جلالین ۴۴)

(۴) حضرت ابن حاتم کے مطابق وحی آخر کا نزول آپ ﷺ کے وصال رفیق اعلیٰ سے نو دن قبل ہوا۔ (حاشیہ ۲۳ جلالین ۹۳)

(۵) آپ ﷺ کے وصل دائم اور قرب اتم سے مسرور و مشرف ہونے سے اکیس روز قبل آخری وحی نازل ہوئی (تفسیر نعیمی ج ۳ ص ۱۹۹)

(۶) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نزول آخری وحی کا آپ ﷺ کے اپنے مطلوب حقیقی کے جوار رحمت میں جانے سے اکاسی روز قبل ہوا (الاتقان ج ۱ ص ۳۶)

(۷) آخری وحی دس ذی الحجہ کو منیٰ میں نازل ہوئی جب کہ آپ ﷺ حجۃ الوداع کے فرائض انجام دینے میں مصروف تھے۔ (تفسیر قرطبی)

لوحِ محفوظ اور قلم سے متعلق سوالات

۱— لوحِ محفوظ کی وجہ تسمیہ کیا ہے۔؟
۲— لوحِ محفوظ کس چیز کی بنی ہوئی ہے اور کہاں ہے۔؟
۳— لوحِ محفوظ کی جلد، صفحے اور طرفین کس چیز کے ہیں۔؟
۴— لوحِ محفوظ کا طول و عرض کتنا ہے۔؟
۵— لوحِ محفوظ کا کلام کس چیز کا ہے۔؟
۶— لوحِ محفوظ کا قلم کس چیز کا ہے اور وہ کہاں ہے۔؟
۷— لوحِ محفوظ کے بیچوں بیچ کیا لکھا ہوا ہے۔؟
۸— لوحِ محفوظ میں لکھے ہوئے قرآن کے ہر حرف کی وسعت کتنی ہے۔؟
۹— اس قلم کی طوالت کتنی ہے۔؟
۱۰— قلم نے سب سے پہلے کیا لکھا۔؟
۱۱— قلم کل کتنے ہیں جن سے مصالحِ عالم کا انتظام ہے۔؟

لوحِ محفوظ اور قلم سے متعلق جوابات

۱— لوحِ محفوظ کا نام لوحِ محفوظ اس لئے ہے کہ یہ شیطان کی شر انگیزی اور کتر بیونت سے محفوظ ہے۔ (جلالین ص۴۹۶)

۲— حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا:
"اللہ تعالیٰ نے لوحِ محفوظ کو سفید موتی سے بنایا" اور وہ ساتویں آسمان کے اوپر معلق ہے۔ (جلالین ص۴۹۶)

۳— حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ "لوحِ محفوظ کی جلد اور صفحے سرخ یاقوت کے اور اس کے طرفین موتی اور یاقوت کے ہیں" (حاشیہ جلالین ص۴۹۶)

۴— حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ
"لوحِ محفوظ کی لمبائی زمین و آسمان کے مابین فاصلے کے برابر ہے اور اس کی چوڑائی مشرق سے مغرب تک کے فاصلے کے برابر (جلالین ص۴۹۶)
بقول دیگر اس کی لمبائی پانچ سو برس کی مسافت ہے۔ (احکام شریعت)

۵— حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ
"لوحِ محفوظ کا کلام نور کا ہے" (حاشیہ۹ جلالین ص۴۹۶)

۶— حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ
"لوحِ محفوظ کا قلم نور کا ہے جو اس سے بندھا ہوا ہے۔
(نزہۃ المجالس ص۱۹۱، حاشیہ۹ جلالین ص۴۹۶)

اور ایک روایت میں ہے کہ خدا نے قلم کو ایک سفید چمکدار موتی سے پیدا کیا۔
(نزہۃ المجالس ج۱ ص۱۹۱)

۷— حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ "لوحِ محفوظ کے

بیچوں بیچ یہ الفاظ لکھے ہوئے ہیں۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ دِيْنُهُ الْاِسْلَامُ مُحَمَّدٌ عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ مَنْ آمَنَ بِاللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَ صَدَّقَ بِوَعْدِهٖ وَاتَّبَعَ رُسُلَهٗ اَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ" (حاشیہ ۹ جلالین ص ۴۹۶)

۸۔۔۔ لوح محفوظ میں لکھا ہوا قرآن کا ہر حرف کوہ قاف کے برابر ہے اور ہر حرف کے نیچے اس کے معنی ہیں۔ (الاتقان ج۱ ص ۵۸)

۹۔۔۔ قلم نورانی سو سال کی طوالت رکھتا ہے۔ (ابن کثیر پ۲۹ سورہ نون)

ایک روایت میں پانچ سو سال ہے۔ (نزہۃ المجالس ق۱)

۱۰۔۔۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے جب قلم کو پیدا فرمایا تو اسے حکم فرمایا کہ لکھ! قلم نے عرض کیا کیا لکھوں۔؟ فرمان جاری ہوا کہ قیامت تک کی مخلوق کی تقدیریں لکھ۔

(مدارج ج۱ ص ۳۰۳)

ایک روایت میں ہے کہ سب سے پہلے قلم کو جناب الٰہی سے بسم اللہ لکھنے کا حکم ہوا۔

(نزہۃ المجالس ق۱ ص ۹۱)

۱۱۔۔۔ صاحب مواہب لدنیہ ابن قیم سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا اقلام بارہ ہیں اور مرتبے میں جدا جدا ہیں۔

سب سے اعلیٰ واجل اور اول قلم قدرت ہے۔ یہی وہ قلم ہے جس کی حق تبارک وتعالیٰ نے قسم فرمائی۔

دوسرا قلم وحی ہے۔

تیسرا قلم توقیع ہے جو اللہ ورسول کی طرف سے نشان ہے۔

چوتھا قلم طب ابدان ہے جس سے بدنوں کی صحت کی حفاظت کی جاتی ہے۔

پانچواں وہ قلم توقیع ہے جس سے نوابوں، بادشاہوں پرنشان ہوتا ہے، اس سے امور مملکت کی سیاست واصلاح کی جاتی ہے۔

چھٹا قلم حساب ہے اسے قلم ارزاق بھی کہتے ہیں۔

ساتواں قلم حکم ہے اس سے حکم نافذ کئے جاتے ہیں۔

آٹھواں قلم شہادت ہے جس سے حقوق کی حفاظت کی جاتی ہے۔

نواں قلم تعبیر ہے یہ وحی خواب میں ہے اسے اور اس کی تعبیر وتفسیر کو لکھنے والا ہے۔

دسواں قلم تواریخ ووقائع عالم ہے۔

گیارھواں قلم نعت ہے اور اس کی تفصیلات کا لکھنے والا ہے۔

بارھواں قلم جامع ہے۔

یہ وہ اقلام ہیں جن سے مصالح عالم کا انتظام ہے۔ (مدارج ج۱۔ ص ۳۰۳)

کتب سماویہ سے متعلق سوالات

۱ـــ آسمانی کتابیں کل کتنی ہیں۔؟
۲ـــ وہ انبیاء، مرسلین کتنے اور کون کونسے ہیں جن پر آسمانی کتابیں نازل ہوئیں۔؟
۳ـــ کس نبی پر کتنے صحیفے نازل ہوئے۔؟
۴ـــ صحف ابراہیمی کس مہینے کی کس تاریخ کو نازل ہوئے۔؟
۵ـــ توراۃ شریف کا نزول کس تاریخ کو ہوا۔؟
۶ـــ توراۃ میں کتنی سورتیں اور کتنی آیتیں ہیں۔؟
۷ـــ توراۃ کتنی تختیوں میں لکھی ہوئی نازل ہوئی۔؟
۸ـــ توراۃ کی تختیاں کس چیز کی تھیں۔؟
۹ـــ توراۃ کی تختیوں کی لمبائی کتنی تھی۔؟
۱۰ـــ توراۃ کا ہر ایک جز کتنے دنوں میں پڑھا جاتا تھا اور مکمل توراۃ کو کس کس نے پڑھا۔؟
۱۱ـــ توراۃ کس زبان میں نازل ہوئی تھی۔؟
۱۲ـــ توراۃ کی ابتداء قرآن کی کس آیت سے ہے اور انتہا کس آیت پر۔؟
۱۳ـــ توراۃ کی وہ کونسی آیت ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے علاوہ کسی کو عطا نہ ہوئی۔؟
۱۴ـــ زبور شریف کس ماہ کی کس تاریخ کو نازل ہوئی۔؟
۱۵ـــ زبور کا نزول، توراۃ کے کتنے سال بعد ہوا۔؟
۱۶ـــ زبور کس زبان میں نازل ہوئی۔؟
۱۷ـــ زبور میں کتنی سورتیں ہیں۔؟
۱۸ـــ زبور کی سب سے لمبی سورت کی طوالت کتنی ہے۔؟

۱۹ـــ حضرت داؤد علیہ السلام زبور کو کتنی آوازوں میں تلاوت کیا کرتے تھے۔؟
۲۰ـــ انجیل کا نزول کس تاریخ کو ہوا۔؟
۲۱ـــ انجیل، زبور کے کتنے سالوں بعد نازل ہوئی۔؟
۲۲ـــ انجیل کس زبان میں نازل ہوئی تھی۔؟
۲۳ـــ انجیل میں سورتیں تھیں یا نہیں۔؟
۲۴ـــ انجیل کس جگہ نازل ہوئی تھی۔؟

کتبِ سماویہ سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ حق تعالیٰ سبحانہٗ اعظم شانہٗ نے اپنے خزانۂ کلام سے ایک سو چار کتابوں کا نزول فرمایا جن میں سے سو صحیفے اور چار کتابیں ہیں۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۱۱۱، حاشیہ ۶ جلالین ص ۳۶۶)

۲۔۔۔ عطائے کتبِ الٰہیہ کی نعمتِ عظمٰی اور دولتِ کبریٰ سے سرفراز ہونے والے انبیاء و مرسلین آٹھ ہیں۔

(۱) حضرت آدم (۲) حضرت شیث (۳) حضرت ادریس (۴) حضرت ابراہیم (۵) حضرت داؤد (۶) حضرت موسیٰ (۷) حضرت عیسیٰ (۸) حضرت محمد صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ و علیہم اجمعین۔ (تفسیر نعیمی ج ۲ ص ۱۷۰، حاشیہ شرح عقائد ص ۱۰۱)

۳۔۔۔ کس نبی پر کتنے صحیفے نازل ہوئے ان کی تفصیل حسبِ ذیل ہے۔

(۱) دس صحیفے حضرت آدم علیہ السلام پر (۲) پچاس، حضرت شیث علیہ السلام پر

(۳) تیس، حضرت ادریس علیہ السلام پر

(۴) اور دس، حضرت ابراہیم علیہ السلام پر نازل ہوئے۔

(تفسیر نعیمی ج ۲ ص ۱۷۰، حاشیہ شرح عقائد ص ۱۰۱)

تفسیر نعیمی ہی میں تفسیر روح البیان کے حوالے سے ایک قول یہ بھی ہے کہ سو صحائف میں سے پچاس حضرت شیث علیہ السلام پر، تیس حضرت ادریس علیہ السلام پر اور بیس حضرت ابراہیم علیہ السلام پر نازل ہوئے۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۱۱۱)

ایک دوسرے قول کے بموجب حضرت ابراہیم علیہ السلام پر تیس، حضرت موسیٰ علیہ السلام پر قبل از توراۃ دس اور حضرت شیث علیہ السلام پر ساٹھ صحیفوں کا نزول ہوا۔ (حاشیہ ۶ جلالین ص ۳۶۶)

۴۔۔۔ صحفِ ابراہیمی کا نزول رمضان المبارک کی پہلی رات کو ہوا۔

(تفسیر نعیمی ج ۲ ص ۲۱۳، الاتقان ج ۱ ص ۵۵)

۵۔۔۔ بیہقی میں بروایت حضرت واثلہ بن الاسقع رضی اللہ عنہ ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ توراۃ چھ رمضان المبارک کو نازل ہوئی (تفسیر نعیمی ج ۲ ص ۲۱۳، الاتقان ج ۱ ص ۵۵)

دوسرا قول یہ ہے کہ توراۃ حضرت موسیٰ کلیم اللہ کو حضرت حق عز اسمہٗ نے یوم النحر یعنی دس ذی الحجہ کو عطا فرمایا۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۳۰، حاشیہ جلالین ص ۱۴۱)

۶۔۔۔ توراۃ شریف میں ایک ہزار سورتیں ہیں اور ہر سورۃ میں ایک ہزار آیات۔

(اس حساب سے آیتوں کی تعداد دس لاکھ ہوئی)

(تفسیر خزائن العرفان پ ۱۶ ع ۱۳، تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۱۱۱)

۷۔۔۔ ترجمان قرآن حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو توراۃ شریف سات تختیوں میں عطاء ہوئی۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۳۰، الاتقان ج ۱ ص ۵۶)

ایک دوسرے قول کے بموجب الواح توراۃ کی تعداد دس تھی۔

(حاشیہ ۳ جلالین ص ۱۴۱)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی ایک روایت یہ بھی ہے کہ توراۃ شریف کے کل سات حصے تھے۔ ان کو لیکر جب حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم کو طرف تشریف لائے تو بجز معدودے چند جو حضرت ہارون علیہ السلام کے ساتھ مرکز استقامت پر ثابت و قائم تھے پوری قوم بنی اسرائیل کو شرک میں مبتلا پایا۔ اپنی قوم کی یہ حرکات شنیعہ کو دیکھ کر آپ بہت پریشان ہوئے اور غصے کے عالم میں اپنے بھائی حضرت ہارون علیہ السلام کی طرف بڑھے اس دوران توراۃ شریف کی تختیاں آپ کے ہاتھ سے گر گئیں یا گرا دیں۔ اس گر جانے کی وجہ سے اللہ تبارک و تعالیٰ نے توراۃ کے چھ حصوں کو اٹھا لیا۔ باقی ایک حصہ جس میں صرف ضروری مسائل تھے بنی اسرائیل کو ملا۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۳۰، الاتقان ج ۱ ص ۵۷)

۸۔۔۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ توراۃ شریف کی تختیاں زبرجد (ایک قیمتی پتھر) کی تھیں۔ ایک دوسری روایت کے مطابق یہ تختیاں جنت کے درخت سدرہ (بیری) کی تھیں۔ (الاتقان ج ۱ ص ۵۶، ۵۷)

یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ تختیاں زمرد سبز کی تھیں ایک قول یہ بھی ہے کہ لکڑی کی تھیں
(حاشیہ ۳، ۴ جلالین ص ۱۴۰)

۹ـــ حضرت بغوی فرماتے ہیں کہ الواح توراۃ میں سے ہر ایک کی طوالت بارہ گز تھی اور بقول حضرت حسن دس گز۔ (الاتقان ج ۱ ص ۵۷، حاشیہ ۳ جلالین ص ۱۴۰)

۱۰ـــ توراۃ شریف کا ہر جز ایک سال میں پڑھا جاتا تھا اور اس کو بجز حضرت موسیٰ ؑ، حضرت عزیر ؑ اور حضرت عیسیٰ ؑ کے کوئی نہ پڑھ سکا۔
(حاشیہ ۳ جلالین ص ۱۴۰)

۱۱ـــ توراۃ سریانی زبان میں تھی۔ (الملفوظ حصہ چہارم ص ۱۴)

دوسرا قول یہ ہے کہ توراۃ عبرانی زبان میں تھی۔ (معالم التنزیل ج ۱ ص ۴۷۷)

۱۲ـــ حضرت کعب ؓ فرماتے ہیں کہ توراۃ کا آغاز قرآن پاک کی آیت اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ثُمَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ (الانعام) سے ہے اور اس کا اختتام قرآن ہی کی آیت اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا۔ تا وَکَبِّرْهُ تَکْبِیْرًا (بنی اسرائیل) پر ہوا ہے۔ آپ ہی کا ایک قول یہ بھی ہے کہ توراۃ کا اختتام سورۂ ہود کی آخری آیت فَاعْبُدْهُ وَتَوَکَّلْ عَلَیْهِ وَمَا رَبُّکَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ پر ہوا۔ (الاتقان ج ۱ ص ۵۲)

۱۳ـــ توراۃ کی وہ آیت یہ ہے اَللّٰهُمَّ لَا تُوْلِجِ الشَّیْطَانَ فِیْ قُلُوْبِنَا وَ خَلِّصْنَا مِنْهُ مِنْ اَجْلِ اَنَّ لَکَ الْمَلَکُوْتَ وَالْاَبَدَ وَالسُّلْطَانَ وَالْمُلْکَ وَالْحَمْدَ وَالْاَرْضَ وَالسَّمَاءَ وَالدَّهْرَ الدَّاهِرَ اَبَدًا اَبَدًا اٰمِیْن اٰمِیْن۔

(الاتقان ج ۱ ص ۵۲)

۱۴ـــ زبور شریف کا نزول اٹھارہ رمضان المبارک کو ہوا۔
(الاتقان ج ۱ ص ۵۵، البدایہ والنہایہ ج ۲ ص ۷۸)

۱۵ـــ زبور، توراۃ کے چار سو بیاسی سال بعد نازل ہوئی۔ (البدایہ والنہایہ ج ۲ ص ۷۸)

۱۶ـــ زبور عبرانی زبان میں نازل ہوئی۔ (عمدۃ القاری ج ۱ ص ۳۵)

۱۷ـــ حضرت قتادہ ؓ فرماتے ہیں کہ زبور میں ایک سو پچاس سورتیں ہیں سب میں دعاء، اللہ تعالیٰ کی ثناء اور اس کی تحمید و تمجید ہے نہ اس میں حلال و حرام کا بیان ہے اور نہ فرائض و حدود و احکام کا ذکر۔ (تفسیر خزائن پ ۱۵ ع ۶۔ الاتقان ج ۱ ص ۸۸)

ایک دوسرے قول کے بموجب زبور شریف میں چار سو بیس سورتیں ہیں۔
(تفسیر نعیمی ج ۲ ص ۵۵۴)

۱۸ـــ زبور کی سب سے لمبی سورۃ قرآن کی چوتھائی کے برابر اور سب سے چھوٹی سورۃ "سورۃ النصر" کے برابر ہے۔ (حاشیہ ۱۷ جلالین ص ۲۳۴)

۱۹ـــ حضرت داؤد ؑ زبور شریف کو تغنی و خوش الحانی کیساتھ ستر آوازوں میں تلاوت فرمایا کرتے تھے۔ (البدایہ ج ۲ ص ۱۶)

۲۰ـــ انجیل کس تاریخ کو نازل ہوئی اس سے متعلق مختلف اقوال ہیں جو مذکور بذیل ہیں

(۱) انجیل کا نزول تیرہ رمضان شریف کو ہوا۔ (تفسیر نعیمی ج ۲ ص ۲۳۳، الاتقان ج ۱ ص ۵۵)

(۲) انجیل اٹھارہ رمضان کو نازل ہوئی (البدایہ والنہایہ ج ۲ ص ۷۸)

(۳) انجیل کا نزول چار رمضان المبارک کو ہوا۔ (حاشیہ شرح عقائد ص ۱۰۱)

۲۱ـــ انجیل کا نزول، زبور کے ایک ہزار پچاس سال بعد ہوا۔ (البدایہ والنہایہ ج ۲ ص ۷۸)

۲۲ـــ انجیل عبرانی زبان میں تھی۔ (الملفوظ حصہ چہارم ص ۱۴)

ایک قول یہ بھی ہے کہ انجیل سریانی زبان میں تھی۔ (معالم التنزیل ج ۱ ص ۴۷۷)

۲۳ـــ انجیل میں سورتیں تھیں جن میں سے ایک سورۃ کا نام "سورۃ الامثال" تھا۔ (الاتقان ج ۱ ص ۸۸)

۲۴ـــ انجیل جبل ساغیر میں حضرت عیسیٰ ؑ پر نازل ہوئی۔

(مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۱۹۰)

قرآن شریف سے متعلق سوالات

۱ـــــ قرآن کا نزول کتنی بار ہوا اور کب کب۔؟

۲ـــــ قرآن کا نزول، انجیل کے کتنے سال بعد ہوا۔؟

۳ـــــ مکہ معظمہ اور مدینہ طیبہ میں نازل ہونے والی سب سے پہلی۔ اور آخری سورتیں کون کونسی ہیں۔؟

۴ـــــ شب میں نازل ہونے والی سورتیں کون کونسی ہیں۔؟

۵ـــــ شب میں نازل ہونے والی آیات کون کونسی ہیں۔؟

۶ـــــ علی الصبح نازل ہونے والی آیات کتنی ہیں۔؟

۷ـــــ بحالت استراحت، بستر اطہر پر نازل ہونے والی آیات کون کونسی ہیں۔؟

۸ـــــ غار میں نازل ہونے والی آیات اور سورتیں کون کونسی ہیں۔؟

۹ـــــ وہ آیات کتنی اور کون کونسی ہیں جنکا محل نزول نہ آسمان ہے اور نہ زمین؟

۱۰ـــــ وہ آیات اور سورتیں کون کونسی ہیں جن کا نزول بعض اسفار کے دوران ہوا۔؟

۱۱ـــــ وہ آیات اور سورتیں کون کونسی ہیں جن کے ہمراہ فرشتوں کی ایک بھاری جمعیت بھی نازل ہوئی۔؟

۱۲ـــــ وہ آیات اور سورتیں کون کونسی ہیں جو انبیاء سابقین پر بھی نازل ہوئیں۔؟

۱۳ـــــ قرآن کا وہ کونسا حصہ ہے، جو بجز نبی کریم ﷺ کے کسی اور نبی پر نازل نہ ہوا۔؟

۱۴ـــــ مکرر نازل ہونے والی آیات اور سورتیں کون کونسی ہیں۔؟

۱۵ـــــ آیات ناسخہ اور منسوخہ کون کونسی ہیں۔؟

۱۶ـــــ اولین سورۃ جس کا اعلان سید الانبیاء علیہ التحیۃ والثناء نے مکہ مکرمہ میں کیا، کونسی ہے۔؟

۱۷ـــــ اولین سورۃ جس میں آیت سجدہ نازل ہوئی، کونسی ہے۔؟

۱۸ـــــ قرآن کی وہ آیت جو توراۃ میں سات سو آیات کا درجہ رکھتی ہے، کونسی ہے۔؟

۱۹ـــــ وہ کونسی آیتیں ہیں کہ جن کو بعض نمازوں میں پڑھنا مکروہ ہے۔؟

۲۰ـــــ وہ کونسی سورتیں ہیں کہ جن کو حضور ﷺ نماز عیدین میں پڑھا کرتے تھے۔؟

۲۱ـــــ وہ کونسی سورتیں ہیں کہ جن کو حضور ﷺ جمعہ کی فجر اور نماز جمعہ میں پڑھا کرتے تھے۔؟

۲۲ـــــ آنحضور شافع یوم النشور ﷺ کا یہ فرمان کہ "ان سورتوں نے مجھے بوڑھا کر دیا" کن سے متعلق ہے۔؟

۲۳ـــــ قرآن کی وہ کونسی آیت ہے، جو ایک ہزار آیتوں سے بھی افضل۔؟

۲۴ـــــ قرآن کی وہ کونسی آیت ہے، جس پر بجز ایک صحابی کے نہ کوئی عمل کر سکا اور نہ کر سکے گا۔؟

۲۵ـــــ وہ آیت سجدہ کونسی ہے کہ بعد تلاوت حضور ﷺ نے سجدہ کیا تو ان تمام کافروں نے بھی سجدہ کیا جو اس مجلس میں موجود تھے۔؟

۲۶ـــــ وہ آیتیں کونسی ہیں جو حضور ﷺ پر براہ راست و بلا واسطہ نازل ہوئیں۔؟

۲۷ـــــ وہ سورتیں کونسی ہیں جن کو قرآن کا دروازہ کہا جاتا ہے۔؟

۲۸ـــــ سورۂ فاتحہ کے کتنے نام ہیں اور کیا کیا۔؟

۲۹ـــــ قرآن پاک میں قرآن کے کتنے نام ہیں اور کیا کیا۔؟

۳۰ـــــ قرآن پاک میں کتنے انبیاء و مرسلین کے نام مذکور ہیں۔؟ صلوات اللہ علیہم اجمعین

۳۱ـــــ قرآن پاک میں حضور اکرم ﷺ کے کتنے نام ہیں۔؟

۳۲۔۔۔ قرآن پاک میں جن فرشتوں کے نام آئے ہیں وہ کتنے اور کون کونسے ہیں۔؟

۳۳۔۔۔ قرآن پاک میں انبیاء و مرسلین کے علاوہ جن دوسرے لوگوں کے نام ذکر کیے گئے ہیں وہ کون کون ہیں۔؟

۳۴۔۔۔ قرآن پاک میں کس خوش نصیب صحابی کا نام آیا ہے۔؟

۳۵۔۔۔ قرآن پاک میں کس عورت کا نام آیا ہے۔؟

۳۶۔۔۔ قرآن پاک میں کن کن کافروں کے نام آئے ہیں۔؟

۳۷۔۔۔ قرآن پاک میں مذکور ہونے والے القاب کون کونسے ہیں۔؟

۳۸۔۔۔ قرآن پاک میں واحد کنیت کس کی ہے اور کیوں۔؟

۳۹۔۔۔ قرآن پاک میں پرندوں کی جنس میں سے کس کس کا نام آیا ہے۔؟

۴۰۔۔۔ قرآن پاک میں جنات میں سے کس کس کا نام آیا ہے۔؟

۴۱۔۔۔ قرآن پاک میں کتنے قبائل کے نام ہیں۔؟

۴۲۔۔۔ قرآن پاک میں اضافت کے ساتھ جن قوموں کے نام آئے ہیں وہ کون کونسی ہیں۔؟

۴۳۔۔۔ قرآن پاک میں کتنے بتوں کے نام مذکور ہیں۔؟

۴۴۔۔۔ قرآن پاک میں کن کن شہروں اور جگہوں کے نام کا ذکر ہے۔؟

۴۵۔۔۔ قرآن پاک میں کتنے پہاڑ اور وادیوں کے نام آئے ہیں۔؟

۴۶۔۔۔ قرآن پاک میں اضافت مکانی کے ساتھ کتنے نام مذکور ہیں۔؟

۴۷۔۔۔ قرآن پاک میں کن کن سیاروں کے نام مسطور ہیں۔؟

۴۸۔۔۔ قرآن پاک میں آخرت کے مکانوں میں سے کس کس کا نام آیا ہے۔؟

۴۹۔۔۔ قرآن پاک میں اسلامی مہینوں میں سے کس کس کا نام آیا ہے۔؟

۵۰۔۔۔ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے کتنے انبیاء کرام کو برادر قوم کا خطاب دیا۔؟

۵۱۔۔۔ قرآن پاک کو کتابی شکل میں سب سے پہلے کس نے جمع کیا۔؟

۵۲۔۔۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے قرآن پاک کے کل کتنے نسخے تیار کروائے تھے اور کہاں کہاں بھیجے تھے۔؟

۵۳۔۔۔ قرآن پاک میں اعراب کس نے لگائے۔؟

۵۴۔۔۔ قرآن پاک میں سورتوں کے نام کس نے لکھے۔؟

۵۵۔۔۔ قرآن پاک میں مد اور وقف کی علامتیں کس نے لگائیں۔؟

۵۶۔۔۔ قرآن پاک میں نصف، ربع اور ثلث کے نشانات کس دور میں لگائے گئے۔؟

۵۷۔۔۔ قرآن پاک میں رکوع کس نے متعین کیا اور کس اعتبار سے۔؟

۵۸۔۔۔ قرآن پاک کی آیتوں کی تعداد کتنی ہے۔؟

۵۹۔۔۔ قرآن پاک کے کلمات کی تعداد کتنی ہے۔؟

۶۰۔۔۔ قرآن پاک کے حروف کی تعداد کتنی ہے۔؟

۶۱۔۔۔ قرآن پاک کا نصف باعتبار آیات، کلمات اور حروف کے کہاں کہاں ہے۔؟

۶۲۔۔۔ قرآن پاک کی تہائیاں کہاں کہاں سے شروع ہوتی ہیں۔؟

۶۳۔۔۔ قرآن پاک کی سات منزلوں کی ابتداء اور انتہا کہاں کہاں ہوتی ہیں۔؟

قرآن شریف سے متعلق جوابات

۱ـــ قرآن مجید فرقان حمید کا نزول دوبار ہوا۔

(۱) یکبارگی پورا قرآن لوحِ محفوظ سے آسمانِ دنیا کے بیت العزت (بیت المعور) میں نازل کر دیا گیا۔ یہ نزول جزیل لیلۃ القدر میں ہوا۔

(۲) دوسری بار رسول کریم رؤف رحیم علیہ الصلوۃ والتسلیم پر تھوڑا تھوڑا حسب حال یا حسب ضرورت نازل ہوتا رہا تا ایں کہ تیئیس سال میں یہ نزول مکمل ہوا۔ (الاتقان فی علوم القرآن ج۱ ص ۴۵)

حکیم الامت مبین الملت حضرت مفتی احمد یار خان صاحب نعیمی علیہ الرحمہ اپنی مشہور زمانہ تصنیف لطیف اشرف التفاسیر المعروف بہ تفسیر نعیمی میں فرماتے ہیں کہ "قرآن کریم کا نزول چند بار چند طریقہ سے ہوا۔ اولاً لوحِ محفوظ سے آسمان دنیا کی طرف یکبارگی نازل کر دیا گیا یہ نزول ماہِ رمضان کی شب قدر میں ہوا۔ اس سے متعلق قرآن کریم کا فرمانِ عظیم ہے۔ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْ اُنْزِلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ اور اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ. پھر نبی کریم ﷺ پر تیئیس سال کی مدت میں بقدر ضرورت و بلحاظِ مصلحت نازل ہوتا رہا۔ اور احادیث سے یہ بھی ثابت ہے کہ ماہ رمضان میں حضرت جبرائیل امین حضور اکرم سید عالم ﷺ کی خدمت میں شرف حضوری پاکر سارا قرآن سنایا کرتے تھے۔ اور بعض آیات دو دو بار نازل ہوئیں جیسے سورۂ فاتحہ وغیرہ۔ خلاصہ یہ ہوا کہ رسول پاک صاحب لولاک ﷺ پر قرآن معظم بالشان کا نزول کئی طریقے سے کئی بار ہوا۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۱۰)

۲ـــ قرآن کریم ہدایت عظیم کا نزول انجیل کے تین سو ساٹھ سال یا سات سو یا پانچ سو سال بعد ہوا۔ (حاشیہ ۳ شرح عقائد ص۱۰۱)

۳ـــ مکہ مکرمہ میں نازل ہونے والی سب سے پہلی سورۃ "اقراء" اور سب سے آخری سورۃ "المؤمنون" ہے۔ بعض نے "العنکبوت" کو آخری سورۃ کہا ہے۔ اور مدینہ منورہ میں نازل ہونے والی سب سے پہلی سورۃ "ویل للمطففین" اور آخری سورۃ "براۃ" ہے۔

ابن حجر نے اپنی کتاب "شرح بخاری" میں لکھا ہے کہ "سورۂ بقرہ" پہلی سورۃ ہے جو مدینہ میں نازل ہوئی اور تفسیر نسفی میں واقدی کی روایت ہے کہ پہلی سورۃ جو مدینہ میں نازل ہوئی وہ "سورۂ قدر" ہے۔ (الاتقان فی علوم القرآن ج۱ ص ۳۳)

۴ـــ قرآن کی وہ سورتیں جن کا نزول شب میں ہوا چھ ہیں۔

(۱) سورۂ انعام۔ طبرانی میں ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا! یہ پوری سورۃ یکبارگی شب میں بمقام مکہ مکرمہ اس طرح نازل ہوئی کہ ستر ہزار فرشتے اس کے ارد گرد باآواز بلند تسبیح و تقدیس بیان کر رہے تھے۔

(۲) سورۂ مریم۔ طبرانی ہی میں حضرت ابو مریم غسانی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے فرماتے ہیں! میں نے ایک صبح خواجہ کائنات ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیا "آج رات میرے یہاں ایک لڑکی تولد ہوئی" تو سرکار ابد قرار ﷺ نے فرمایا! آج رات مجھ پر سورۂ مریم نازل ہوئی لہٰذا تم اپنی لڑکی کا نام مریم رکھو۔

(۳) سورۂ منافقون۔ اس سورۃ سے متعلق ترمذی میں حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ یہ سورۃ رات کو نازل ہوئی۔

(۴) سورۂ مرسلات۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ والمرسلات شبِ جن کو حراء میں نازل ہوئی۔ ایک دوسری روایت کے بموجب یہ سورۃ شبِ عرفہ میں بمقام غار منیٰ نازل ہوئی۔

(۵) سورۂ فلق۔

(۶) سورۂ ناس۔ حضرت عقبہ بن عامر الجہنی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے رسول خدا علیہ التحیۃ والثنا نے فرمایا مجھ پر آج رات ایسی آیات معظمات کا نزول ہوا جن کی

مثال نہیں پھران دو مذکورہ سورتوں کی تلاوت فرمائی۔ (الاتقان جلد اول ص ۲۸)

۵ـــــ رات میں نازل ہونے والی آیات یہ ہیں

(۱) اواخر آل عمران۔ ابن حبان کی کتاب "صحیح" میں اور ابن المنذر و ابن مردویہ و ابن ابی الدنیا کی کتاب "التفکر" میں ام المومنین سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ حضرت بلال ؓ اذان صبح سنانے دربارِ حبیب اکرم ﷺ میں حاضر ہوئے تو دیکھا کہ آپ کی چشم مبارک سے دریائے اشک رواں ہیں۔ حضرت بلال پرملال عرض گزار ہوئے یارسول اللہ ﷺ! چشم پرنم اور ملول خاطر کی وجہ۔؟ ارشاد فرمایا! کیوں نہ روؤں کہ آج مجھ پر اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ کا نزول ہوا۔ پھر فرمایا! شامت و ہلاکت ہے اس شخص کے لئے جو اس آیت کو پڑھے اور صنعت خداوندی میں فکر و تدبر نہ کرے

(۲) وَاللّٰهُ یَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ۔ ترمذی میں ام المومنین سیدتنا صدیقہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے فرماتی ہیں کہ دوران سفر شب میں حضور اقدس سید عالم ﷺ کا پہرہ دیا جارہا تھا جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضور نے خیمہ شریف سے اپنا سر اقدس نکال کر اصحاب پاسبان و نگہبان سے فرمایا! تم لوگ چلے جاؤ میرے محافظ حقیقی نے مجھے اپنی حفاظت میں لے لیا" طبرانی کی روایت میں حضرت عصمہ بن مالک الخطمی ؓ فرماتے ہیں! ہم لوگ از خود شب میں رسول اللہ ﷺ کی پاسبانی میں مصروف رہا کرتے تھے۔ جب اس آیت کریمہ کا نزول ہوا تو ہم اس سعادت سے محروم ہو گئے۔

(۳) آیۃ الثالثہ یعنی وَعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِیْنَ خُلِّفُوْا الآیۃ۔ صحیحین میں حضرت کعب بن مالک ؓ سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا حق سبحانہٗ اعظم شانہ نے ہماری قبولیتِ توبہ کا نزول اس وقت فرمایا کہ رات کا دو تہائی حصہ گزر چکا تھا۔

(۴) آغاز سورۂ حج۔ ابن مردویہ نے حضرت عمران بن حصین ؓ سے

روایت کی ہے کہ اس آیت کریمہ کا نزول نبی کریم ﷺ کے ایک سفر کے دوران اس حال میں ہوا کہ کچھ صحابہ کرام ؓ تو محوِ خواب تھے اور کچھ ادھر ادھر منتشر۔ اسی وقت بعد نزول حضور اکرم ﷺ نے بآواز بلند اس آیت کی تلاوت فرمائی۔

(۵) آیت پردہ۔ سورۂ احزاب کی وہ آیت جس میں عورتوں کو بغرض ضرورت باحجاب باہر نکلنے کی اجازت دی گئی ہے۔ قاضی جلال الدین نے کہا ہے کہ وہ آیت یَا اَیُّهَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَ بَنَاتِكَ۔ الایۃ ہے

(۶) وَاسْئَلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُّسُلِنَا۔ بقول ابن حبیب یہ آیت شب معراج کو نازل ہوئی

(۷) اول سورۂ فتح اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِیْنًا۔ بخاری شریف میں حضرت فاروق اعظم ؓ کی روایت کے بموجب یہ آیت بھی رات کو نازل ہوئی۔

(الاتقان فی علوم القرآن ج۱ ص۲۸)

۶ـــــ صرف دو آیتیں ایسی ہیں جو علی الصبح نازل ہوئیں۔

(۱) آیت تیمم یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ تا لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ۔ صحیحین میں ام المومنین حضرت سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک صبح نماز فجر کے واسطے وضو کیلئے پانی نہ ملا اسی وقت یہ آیت تیمم نازل ہوئی۔

(۲) لَیْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ۔ اس آیت کا نزول اس وقت ہوا جب کہ جب عالم سید بنی آدم ﷺ نماز فجر کی رکعت اخیرہ میں تھے۔ (الاتقان ج۱ ص۲۹)

۷ـــــ بحالت استراحت بستر تازمین میں دو آیتیں نازل ہوئیں۔

(۱) وَاللّٰهُ یَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ۔

(۲) آیۃ ثالثہ وَعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِیْنَ خُلِّفُوْا۔ (الاتقان ج۱ ص۳۰)

(جن کی مختصر تفصیل رات میں نازل ہونے والی آیتوں کے بیان میں گزر چکی ہے)

۸ـــــ غار میں نازل ہونے والی سورۃ "المرسلات" ہے جو شب عرفہ کو غار منیٰ میں نازل ہوئی۔ اور آیات میں سے سورۂ علق کی ابتدائی پانچ آیات ہیں جو غار حراء

میں نازل ہوئیں۔ (الاتقان ج۱ ص۳۱)

۹۔۔۔۔ پورے قرآن کا نزول مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے مابین ہوا ہے علاوہ چھ آیتوں کے کہ ان کا نزول نہ آسمان میں ہوا اور نہ زمین پر بلکہ یہ آیتیں فضاء میں نازل ہوئیں۔

(۱) ومامنا الا له مقام معلوم

(۲) وانا نحن الصافون

(۳) وانا نحن المسبحون

(۴) وسئل من ارسلنا من قبلك من رسلنا

(۵) و (۶) سورۂ بقرہ کی آخری دو آیتیں (الاتقان ج۱ ص۳۱)

۱۰۔۔۔۔ دورانِ سفر جن سورتوں و آیتوں کا نزول ہوا ہے ذیل میں مندرج ہیں

(۱) سورۂ فتح (۲) سورۂ منافقون (۳) سورۂ مرسلات (۴) سورۂ مطففین۔

بعض حصہ یا مکمل (۵) سورۂ کوثر (۶) سورۂ نصر۔ اور آیتیں ہیں۔ (۱) واتخذوا من مقام ابراهيم مصلىٰ (۲) وليس البر بان تا توا البيوت الاية (۳) واتمو الحج والعمرة لِلّٰهِ (۴) فمن كان منكم مريضا او به اذىً من راسه الاية (۵) امن الرسول الاية (۶) واتقوا يوماً ترجعون فيه الاية (۷) الذين استجابوا لِلّٰهِ والرسول الاية (۸) يآ ايها الَّذِيْنَ امنوا لَا تَقْرَبُوْا الصلوة و انتم سكرى الاية (۹) ان الله يامركم ان تودوا الامنٰت الى اهلها (۱۰) واذا كنت فيهم فاقمت لهم الصلوة الاية (۱۱) يستفتونك قل الله يفتيكم فى الكللة (۱۲) يا ايها الذين امنو او فوا بالعقود الاية (۱۳) اليوم اكملت لكم دينكم (۱۴) يا ايها الذين امنو اذا قمتم الى الصلوة الاية (۱۵) يا ايها الذين امنو اذكروا نعمة الله عليكم اذ هم الاية (۱۶) والله يعصمك من الناس (۱۷) يسئلونك عن الانفال الاية (۱۸) اذ تستغيثون ربكم الاية (۱۹) والذين يكنزون الذهب الاية (۲۰) لو كان عرضا قريبا الاية (۲۱) ولئن سالتهم ليقولن انما كنا نخوض و نلعب الاية (۲۲) ما كان للنبى والذين امنوا الاية (۲۳) ان الله مع الذين اتقوا والذين هم محسنون (۲۴) وان كادوا ليستفزونك من الارض. ليخرجوك منها (۲۵) يا ايها الناس اتقوا ربكم ان زلزلة الساعة . تا. ولكن عذاب الله شديد (۲۶) هذان خصمان الايات (۲۷) اذن للذين يقاتلون الاية (۲۸) الم تر الى ربكم كيف مد الظل الاية (۲۹) ان الذى فرض عليك القرآن (۳۰) الٓمّٓ غلبتِ الروم تا. بنصر الله (۳۱) وسئل من ارسلنا من قبلك من رسلنا الاية (۳۲) وكاين من قرية هى اشد قوة الاية (۳۳) يا ايها الناس انا خلقناكم من ذكرٍ وانثى الاية (۳۴) سيهزم الجمع الاية (۳۵) ثلةمن الاولين (۳۶) افبهذا الحديث انتم مدهنون (۳۷) وتجعلون رزقكم انتم تكذبون (۳۸) يا ايها الذين امنو اذا جاء كم المومنٰت مهاجرات فامتحنو هن الاية (۳۹) اقراء باسم ربك. تا. مالم يعلم. (الاتقان ج۱ ص۲۵، ۲۶)

۱۱۔۔۔۔ وہ سورتیں اور آیات جن کیساتھ فرشتوں کا بھی نزول ہوا یہ ہیں۔

(۱) سورۂ انعام۔ اس کے ساتھ ستر ہزار فرشتے نازل ہوئے

(۲) سورۂ فاتحہ۔ بوقت نزول اسی ہزار ملائکہ بشکل جلوس ساتھ نازل ہوئے بقولِ دیگر ستر ہزار (حاشیہ ۳ جلالین ص۲۵)

(۳) سورۂ یونس۔ اس کے ہمراہ تیس ہزار فرشتے آئے۔

(۴) سورہ کہف۔ اس کے ساتھ ستر ہزار ملائکہ شریک نزول تھے۔

(۵) آیۃ الکرسی۔ تیس ہزار فرشتوں کا قافلہ ساتھ میں نازل ہوا۔ ایک اور روایت کے بموجب سورۂ بقرہ کی ہر آیت کے ساتھ اسی اسی فرشتے نازل ہوئے۔

(۶) وسئل من ارسلنا من قبلك من رسلنا۔ اس کے نزول کے

وقت بیس ہزار ملائکہ ہمراہ تھے۔

واضح ہو کہ فرشتوں کی یہ تعداد ان فرشتوں کے علاوہ ہے جو ہمیشہ جبرئیل ؑ کے ساتھ آتے تھے۔ (الاتقان ج ا ص ۵۰)

۱۲ـــــ قرآن عالم گیر شان کی وہ سورتیں اور آیات جو انبیاء سابقین صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہم اجمعین پر بھی نازل ہوئیں مذکور بذیل ہیں

(۱) **سورۃ اعلیٰ یعنی سبح اسم ربك الاعلیٰ** ۔ ترجمان قرآن حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جب یہ سورۃ نازل ہوئی تو مہبط وحی' معلم کتاب و حکمت علیہ الصلوۃ والتحیۃ نے فرمایا یہ پوری سورۃ صحف حضرت ابراہیم و موسیٰ علیہما الصلوۃ والسلام میں بھی نازل ہوئی تھی۔

(۲) **سورۃ نجم** ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ یہ سورۃ بالکل اسی طرح جس طرح نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم پر نازل ہوئی حضرت خلیل اللہ وکلیم اللہ علیہما السلام پر بھی نازل ہو چکی تھی۔

(۳) **التائبون العابدون الایة**

(۴) **قد افلح المومنون ۔ تا۔ فیها خلدون**

(۵) **ان المسلمین و المسلمات الایة**

(۶) **الذین هم علی صلوتهم دائمون. تا: قائمون** ۔ حضرت ابوامامہ ؓ فرماتے ہیں کہ ان آیتوں کو حضرت حق جل و علیٰ نے حضرت ابراہیم ؑ و سید عالم ﷺ کے علاوہ کسی اور کو نہیں عطا فرمایا۔

(۷) **یاایها النبی انا ارسلناك شاهدا و مبشرا و نذیرا** ۔ اس آیت کی مثال دیتے ہوئے حضرت عبد اللہ بن عمر بن العاص ؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے بعض اوصاف قرآنیہ کو اللہ عزوجل نے توراۃ میں بیان فرمایا

(۸) آغاز سورۃ انعام **الحمدلله الذین خلق السموت و الارض الایة** ۔ حضرت کعب ؓ سے مروی ہے کہ توراۃ کی ابتدا اسی آیت سے ہے۔

---

(۹) **الحمد لله الذی لم یتخذ ولدا .تا. و کبره تکبیرا** ۔ حضرت کعب ؓ کی روایت کے مطابق تورات کا اختتام اسی آیت پر ہوا ہے۔

(۱۰) **فاعبده وتوکل علیه و ماربك بغافل عما تعملون** ۔ حضرت کعب ؓ ہی کی ایک دوسری روایت کے بموجب توراۃ کی تتمیم وتکمیل اسی آیت پر ہوئی۔

(۱۱) **قل تعالو اتل ما حرم ربکم علیکم ۔ تادس آیات** ۔ حضرت کعب ؓ کی ایک اور روایت کے مطابق یہ آیات وہ ہیں جو توراۃ میں سب سے پہلے نازل ہوئیں۔ انہیں کی ایک دوسری روایت کے بموجب توراۃ میں سب سے پہلے سورۃ انعام کی ابتدائی دس آیات نازل ہوئیں۔

(۱۲) **بسم الله الرحمن الرحیم** ۔ حضرت بریدہ ؓ کہتے ہیں کہ آنحضور شافع یوم النشور ﷺ نے فرمایا کہ یہ آیت حضرت سلیمان ؑ کے سوا کسی پر نازل نہ ہوئی۔

(۱۳) آغاز سورۃ جمعہ **یسبح لله ما فی السموت .تا العزیز الحکیم** حضرت ابو میسرہ ؓ کی روایت ہے کہ اس آیت کا مرتبہ توراۃ میں سات سو آیات کے برابر ہے۔

(۱۴) **وان علیکم لحافظین کراما کاتبین یعلمون ما تفعلون**

(۱۵) **وما تکون فی شان وما تتلو منه من قران الایة**

(۱۶) **افمن هو قائم علی کل نفس بما کسبت** ۔ ترجمان قرآن حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، قرآن کی آیت **لولا ان رای برهان ربه** کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ جب زلیخا نے چاہا کہ حضرت یوسف ؑ کیساتھ مشغول ہو کر اپنی ناجائز خواہش کو پورا کریں تو اس وقت ماہ کنعان حضرت یوسف ؑ نے اپنے رب کی برہان دیکھی اور زلیخا کے ارادۂ فاسدہ سے محفوظ رہے۔ رب کی برہان سے مراد یہی آیات معظمات ہیں جو اس وقت سطح دیوار پر ظاہر و نمایاں ہو گئی تھیں۔ بعض نے

چوتھی آیت ولا تقربوا الزنا الایۃ کا بھی اضافہ کیا ہے۔ (الاتقان ج۱ ص ۵۲، ۵۳)

(۱۷) سورہ آل عمران — حضرت ابو عطاف ؓ کی روایت ہے کہ اس سورۃ کا نام توراۃ میں "طیبہ" ہے

(۱۸) سورہ کہف۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ توراۃ میں اس سورۃ کا نام الحائلہ ہے۔

(۱۹) سورہ قمر۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ہی کی روایت ہے کہ اس سورۃ کا نام توراۃ میں "المبیضہ" ہے۔

(۲۰) سورہ ملک۔ حضرت ابن مسعود ؓ سے مروی ہے کہ توراۃ میں اس سورۃ کا نام "المانعہ" ہے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت کے بموجب "المنجیہ"

(۲۱) سورہ یٰس۔ حضرت ابوبکر ؓ فرماتے ہیں کہ اس سورۃ کا نام توراۃ میں "المعمہ" ہے۔ (الاتقان ج۱ ص ۲۷، ۳۰)

۳ا — قرآن عالیشان کا وہ حصہ جو سید عالم و بنی آدم ﷺ کے علاوہ کسی اور نبی پر نازل نہیں ہوا یہ ہے۔

(۱) سورۂ فاتحہ۔

(۲) آیۃ الکرسی

(۳) سورۂ بقرہ کا آخری رکوع۔

ان آیات سے متعلق سید الانبیاء علیہ التحیۃ والثناء ارشاد فرماتے ہیں کہ ان آیات کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے مجھے عرش کے خزانے سے عطا فرمایا جو اس سے پہلے کسی نبی کو عطا نہ ہوا۔ (الاتقان ج۱ ص ۵۱ مدارج النبوۃ ج۱ ص ۲۲۸)

۴ا — مکرر نازل ہونے والی سورتیں اور آیات یہ ہیں۔

(۱) سورۂ فاتحہ

(۲) سورۂ اخلاص

(۳) سورۂ نحل کا آخری حصہ

(۴) آغاز سورۂ روم

(۵) آیۃ الروح (یسئلونك عن الروح بنی اسرائیل)

(۶) اقم الصلوۃ طرفی النہار (ہود)

(۷) ما کان للنبی والذین آمنوا (توبہ) (الاتقان ج۱ ص ۴۷)

۵ا — آیات منسوخہ وناسخہ مندرجہ ذیل ہیں

(۱) کتب علیکم اذا حضر احدکم الموت (آیت ۱۸۰ بقرہ) یہ آیت، آیتِ میراث (سورۂ نساء آیت ۱۱، ۱۲) سے منسوخ ہے۔ علمائے محققین نے یہ بھی فرمایا کہ یہ آیت اس حدیث پاک سے منسوخ ہے ان اللہ قد اعطی کل ذی حق حقہ فلا وصیۃ لوارث

(۲) کما کتب علی الذین من قبلکم (آیت ۱۸۳ بقرہ) اس آیت کا ناسخ یہ آیت ہے "احل لکم لیلۃ الصیام الرفث (آیت ۱۸۷ بقرہ)

(۳) یسئلونك عن الشہر الحرام۔ اس کو نسخ کرنے والی آیت کریمہ فاقتلوا المشرکین حیث وجدتموھم (آیت ۵ توبہ)

(۴) والذین یتوفون منکم. تا. الی الحول غیر اخراج (آیت ۲۴۰ بقرہ) یہ آیت اس آیت سے منسوخ ہے یتربصن بانفسهن اربعۃ اشھر و عشرا (۲۳۴ بقرہ)

(۵) وان تبدوا ما فی انفسکم او تخفوہ یحاسبکم بہ اللہ (آیت ۲۸۴ بقرہ) یہ آیت لا یکلف اللہ نفساً الا وسعھا (آیت ۲۸۶ بقرہ) سے منسوخ ہے

(۶) والذین عقدت ایمانکم فاتوھم نصیبھم (آیت ۳۳ نساء) اس کو نسخ کرنے والی آیت ہے واولوا الارحام بعضھم اولیٰ ببعض فی کتاب اللہ۔ (الانفال آخری آیت)

(۷) وَالّٰتِیْ یَاْتِیْنَ الْفَاحِشَۃَ مِنْ نِّسَائِکُمْ (آیت ۱۵، نساء) یہ آیت، آیت نور یعنی الزانیۃ والزانی فاجلدوا کل واحد منھما سے منسوخ ہے۔

(۸) فان جاؤك فاحكم بينهم او اعرض عنهم۔ (مائدہ آیت ۴۲)

اس کا ناسخ وان احکم بینهم بما انزل الله ہے (آیت ۴۹ مائدہ)

(۹) او اخران من غیرکم (آیت ۱۰۶ مائدہ)

اسکو نسخ کرنے والی آیت ہے واشهدوا ذوی عدل منکم۔ (طلاق آیت ۲)

(۱۰) ان یکن منکم عشرون صابرون یغلبو الآیة (آیت ۶۵ انفال)

یہ آیت اس آیت کے بعد والی آیت فان یکن منکم مائة صابرة (انفال آیت ۶۶) سے منسوخ ہے۔

(۱۱) انفروا خفافا وثقالاً (توبہ آیت ۴۱) اس آیت کا حکم منسوخ کرنے والی متعدد آیات ہیں جن کو آیات عذر کہتے ہیں مثلاً لیس علی الاعمی حرج ولا علی المرضی . لیس علی الضعفاء ۔ اور ماکان المومنون لینفروا کافة وغیرہ۔

(۱۲) الزانی لا ینکح الا زانیة او مشرکة (نور آیت ۳)

اس کو نسخ کرنے والی آیت وانکحوا الایامیٰ منکم۔ (نور آیت ۳۲)

(۱۳) لا یحل لك النساء من بعد الآیة ۔ (آیت ۵۲ احزاب) یہ آیت سورۂ احزاب کی آیت انا احللنا لك ازواجك التی سے منسوخ ہے۔

(۱۴) یاایها الذین امنوا اذا ناجیتم الرسول فقدموا الآیة (آیت ۱۲ مجادلہ)

اس آیت کا حکم اس کے بعد والی آیت ءاشفقتم ان تقدموا الآیة سے منسوخ ہے۔

(۱۵) فاتوا الذین ذهبت ازواجهم مثل ما انفقوا (آیت ۱۱ ممتحنہ)

یہ آیت، آیتِ سیف (یعنی فاقتلوا المشرکین حیث وجدتموهم وخذوهم واحصروهم واقعدوا لهم کل مرصد) سے منسوخ ہے۔

(۱۶) قم اللیل الا قلیلا - (آیت ۲ مزمل)

اس آیت کو نسخ کرنے والی اسی سورۃ کی آخری آیت فاقرءوا ما تیسر منه

ہے پھر جب نماز پنجگانہ فرض ہوئی تو اس آخری آیت کا عمومی حکم بھی منسوخ ہو گیا۔

(۱۷) فاینما تولوا فثم وجه الله (بقرہ آیت ۱۱۵)

اس آیت کو منسوخ کرنے والی آیت بقول حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فول وجهك شطر المسجد الحرام الآیة (آیت ۱۴۴ بقرہ) ہے (الاتقان جزء ۲ ص ۲۹-۳۰)

(۱۸) واهجرهم هجراً جمیلا (مزمل آیت ۱۰) یہ آیت، آیت قتال یعنی فاقتلوا المشرکین الخ سے منسوخ ہے۔ (خزائن سورۂ مزمل)

(۱۹) فاصبر لحکم رب ولا تکن کصاحب الحوت (آیت ۱۸ قلم) بقول بعض یہ آیت بھی آیت قتال سے منسوخ ہے۔ (خزائن العرفان سورۂ قلم)

(۲۰) لست علیهم بمصیطر (غاشیہ ۲۲) اس آیت کا حکم بھی آیت قتال سے منسوخ ہے۔ (تفسیر خزائن سورۂ غاشیہ)

۱۶ــــ سورۂ نجم پہلی سورۃ ہے جس کا اعلان واجب الاذعان نبی اکرم ﷺ نے مکہ میں کیا۔ (الاتقان ج ۱ ص ۳۳، خزائن العرفان سورۂ نجم)

۱۷ــــ سورۂ نجم پہلی سورۃ ہے جس میں آیت سجدہ نازل ہوئی۔

(الاتقان فی علوم القرآن ج ۱ ص ۳۵)

۱۸ــــ سورۂ جمعہ کی پہلی آیت یسبح لله ما فی السموت ۔ تا ۔ العزیز الحکیم۔ یہ وہ آیت ہے جو توراۃ میں سات سو آیات کا درجہ رکھتی ہے۔

(الاتقان جزء اول ص ۵۳)

۱۹ــــ آیاتِ سجدہ امام کو نماز عیدین و جمعہ اور ہر وہ نماز کہ جس میں قرأت آہستہ کی جاتی ہے پڑھنا مکروہ ہے۔ (غنیہ ص ۴۰۳)

۲۰ــــ مسلم شریف میں ہے کہ حضرت عمر بن خطاب ؓ نے حضرت ابو واقد لیثی ؓ سے پوچھا کہ عیدین کی نماز میں رسول اللہ ﷺ کیا پڑھا کرتے تھے تو آپ نے فرمایا "سورۂ ق اور سورۂ قمر" (ابن کثیر پ ۲۷ ع ۱۱۵، اتقان ۱-۸۰)

مسلم شریف ہی کی ایک دوسری حدیث کے مطابق حضور شافع یوم النشور ﷺ عیدین

کی نماز میں "سورۂ اعلیٰ اور سورۂ غاشیہ" کی تلاوت فرمایا کرتے تھے۔ (ابن کثیر پ۳۰ ع۱۱)

۲۱—— مسلم شریف میں ہے کہ رسول پاک صاحب لولاک ﷺ نماز جمعہ میں "سورۂ جمعہ اور سورۂ منافقون" پڑھا کرتے تھے۔ (الاتقان ج۲ ص۱۸۸) بخاری و مسلم شریف کی حدیث میں ہے کہ روز جمعہ نماز فجر میں نبی کریم ﷺ "سورۂ سجدہ اور سورۂ دہر" پڑھتے تھے۔ (خزائن العرفان پ۲۱ ع۱۱، الاتقان ج۲ ص۱۸۸)

۲۲—— سورۂ ہود، سورۂ واقعہ، سورۂ مرسلات، سورۂ نباء، سورۂ شمس اور سورۂ کورت سے متعلق سلطان رسالت علیہ افضل الصلوۃ والتحیۃ فرمایا کرتے تھے کہ ان سورتوں نے مجھے بوڑھا کر دیا۔ (ابن کثیر پ۱۲ ع۱۴)

۲۳—— سورۂ حدید کی آیت هو الاول والاخر الایة۔ یہ ایسی آیت ہے جو ایک ہزار آیتوں سے افضل ہے۔ (ابن کثیر پ۲۷ ع۱۷)

۲۴—— سورۂ مجادلہ کی آیت یا ایها الذین امنو اذا ناجیتم الرسول الایة مفسرین کرام نے فرمایا کہ جب اس آیت کا نزول ہوا تو صدقہ دینے کے حکم پر صرف حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو عمل کرنے کا موقع ملا کہ انہوں نے ایک دینار صدقہ فرمایا پھر اپنے نبی محترم ﷺ سے دس سوالات عرض کرکے جوابات سے سرفراز ہوئے اس کے بعد یہ حکم منسوخ ہو گیا اور رخصت نازل ہوئی۔ سوائے حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے اور کسی کو اس پر عمل کرنے کا وقت نہ ملا۔ (خزائن پ۲۸ ع۲)

۲۵—— وہ سورۂ نجم کی آیت سجدہ ہے۔ ایک دن سید الانبیاء علیہ التحیۃ والثناء تبلیغ وانذار کی غرض سے مشرکوں کے سامنے سورۂ نجم کی تلاوت فرما رہے تھے جب آپ نے سورۃ تمام فرمائی تو سجدہ کیا دوسرے مسلمانوں نے بھی سجدہ کیا مشرکوں نے بھی مسلمانوں کی موافقت کی، وہ بھی سجدے میں چلے گئے اس وقت مسجد حرام میں کوئی کافر ایسا نہ تھا جس نے سجدہ نہ کیا ہو بجز امیہ بن خلف یا ولید بن مغیرہ یا عتبہ بن ربیعہ کے کہ اس نے زمین سے ایک مٹھی مٹی اٹھا کر پیشانی پر لگائی اور کہنے لگا یہی میرا سجدہ ہے۔ (ابن کثیر پ۲۷ نجم، و پ۲۷ ع۱۳۔ مدارج النبوۃ ج۲ ص۶۵)

۲۶—— سورۂ بقرہ کی آخری تین آیتیں حضور پرنور ﷺ پر براہ راست کہ محبوب و محب کے درمیان کوئی واسطہ نہ تھا شب معراج کو نازل ہوئیں۔ (تفسیر نعیمی ج۳ ص۱۷)

۲۷—— حٰمٓ والی سورتوں کو قرآن کا دروازہ کہا جاتا ہے۔ (ابن کثیر پ۲۴ ع۶)

۲۸—— سورۂ فاتحہ کے اسماء یہ ہیں۔ (۱) فاتحة الكتاب. (۲) فاتحة القرآن (۳) ام الكتاب (۴) ام القرآن (۵) القرآن العظيم (۶) سبع مثانی (۷) الوافيه (۸) الكنز (۹) الكافيه (۱۰) الاساس (۱۱) النور (۱۲) سورة الحمد (۱۳) سورة الشكر (۱۴) سورة الحمد الاولى (۱۵) سورة الحمد القصرىٰ (۱۶) الراقيه (۱۷) الشافيه (۱۸) الشفاء (۱۹) سورة الصلوة (۲۰) لازمه (۲۱) سورة الدعا (۲۲) سورة السوال (۲۳) سورة تعليم المسئله (۲۴) سورة المناجات (۲۵) سورة التفويض. (الاتقان ج۱ ص۷۰ تا ۷۳)

(۲۶) سورۂ دافيه (۲۷) سورۂ فاتحه (تفسیر نعیمی ج۱ ص۴۰)

۲۹—— قرآن مجید بالشان کے اسماء میں سے پچپن ایسے ہیں جو قرآن ہی کی آیات متفرقہ میں مذکور و مسطور ہیں۔ جن کی تفصیل حسب ذیل ہے

(۱) کتاب۔ (۲) مبین۔ حمٓ والكتاب المبين (۳) قرآن (۴) کریم۔ انه لقرآن كريم (۵) کلام۔ حتى يسمع كلام الله (۶) نور۔ وانزلنا اليكم نوراً مبينا (۷) ہدی (۸) رحمہ۔ هدى ورحمة للمومنين (۹) فرقان۔ ونزلنا الفرقان على عبده (۱۰) شفا۔ وننزل من القرآن ما هو شفا (۱۱) موعظہ۔ قد جآئكم موعظة من ربكم (۱۲) ذکر (۱۳) مبارک۔ هذا ذكر مبارك انزلناه (۱۴) علی۔ وانه فی ام الكتاب لعلی حكيم (۱۵) حکمت۔ حكمة بالغة (۱۶) حکیم۔ تلك آيت الكتاب الحكيم. (۱۷) مہیمن۔ مصدقاً لما بين يديه من الكتاب ومهيمنا عليه (۱۸) حبل۔ واعتصموا بحبل الله (۱۹) صراط مستقیم۔ وان هذا صراطي مستقيم (۲۰) قیم۔ قيماً لينذر به (۲۱) قول۔ (۲۲) فصل۔ انه لقول فصل (۲۳) نباء عظیم۔ عم يتسائلون عن النباء العظيم

(۲۴) احسن الحدیث (۲۵)مثانی۔ (۲۶)تشابہ۔ الله نزل احسن الحدیث کتابا متشابها مثانی(۲۷)تنزیل۔ وانه لتنزیل رب العلمین(۲۸)روح۔ و اوحینا الیك روحا من امرنا(۲۹)وحی۔ انما انذرکم بالوحی(۳۰)عربی۔ قرانا عربیا۔(۳۱)بصائر۔ هذا بصائرٌ (۳۲) بیان۔ هذا بیان للناس (۳۳) علم۔ من بعد ما جاءك من العلم (۳۴) حق۔ ان هذا لهو القصص الحق۔ (۳۵)ہادی۔ ان هذا القران یهدی (۳۶) عجب۔ قرانا عجبا(۳۷)تذکرہ۔ وانه لتذکرة (۳۸)عروۃ الوثقیٰ۔ فقد استمسك بالعروة الوثقی(۳۹) صدق۔ والذین جاء بالصدق (۴۰)عدل۔ وتمت کلمة ربك صدقا و عدلا(۴۱)امر۔ ذالك امر الله انزله الیکم (۴۲)منادی۔ منادیا ینادی للایمان (۴۳) بشریٰ۔ هدیً وبشری(۴۴) مجید۔ بل هو قران مجید (۴۵) زبور۔ ولقد کتبنا فی الزبور(۴۶)بشیر۔(۴۷) نذیر۔ قرانا عربیا لقوم یعلمون بشیرا و نذیراً (۴۸)عزیز۔ وانه لکتاب عزیز (۴۹)بلاغ۔ هذا بلاغ للناس(۵۰)قصص۔ احسن القصص(۵۱)صحف(۵۲) مکرمہ (۵۳)مرفوعہ(۵۴)مطہرہ۔ فی صحف مکرمة مرفوعة مطهرة(۵۵) برہان

(الاتقان فی علوم القرآن ج۱ص ۶۷)

۳۰۔۔۔۔ قرآن کریم فرقان عظیم میں صرف پچیس مشاہیر انبیاء کرام علیہم السلام کے نام ہیں جو مذکور بذیل ہیں

(۱) حضرت آدم (۲) حضرت نوح (۳) حضرت ادریس (۴) حضرت ابراہیم (۵) حضرت اسمٰعیل (۶) حضرت اسحٰق (۷) حضرت یعقوب (۸) حضرت یوسف (۹) حضرت لوط (۱۰) حضرت ہود (۱۱) حضرت صالح (۱۲) حضرت شعیب (۱۳) حضرت موسیٰ (۱۴) حضرت ہارون (۱۵) حضرت داؤد (۱۶) حضرت سلیمان (۱۷) حضرت ایوب (۱۸) حضرت ذوالکفل (۱۹) حضرت یونس (۲۰) حضرت الیاس (۲۱) حضرت الیسع (۲۲) حضرت زکریا (۲۳) حضرت یحیٰی (۲۴) حضرت عیسٰی (۲۵) اور

حضرت محمد علیہم الصلوۃ والسلام (الاتقان ج۲ص۱۷۵تا۱۷۹)

(حضرت عزیر حضرت ذوالقرنین اور حضرت لقمان کی نبوت میں اختلاف ہے)

۳۱۔۔۔۔ سات نام

(۱) محمد (۲) احمد (۳) طٰہٰ (۴) یٰسٓ (۵) المزمل۔ (۶) المدثر۔ (۷) عبد الله

(تفسیر روح البیان ج۹ص۶۵ حاشیہ۲ جلالین ص۳۶۸)

۳۲۔۔۔۔ قرآن مجید میں بارہ فرشتوں کے نام ذکر کیے گئے ہیں جو حسب ذیل ہیں

(۱) جبرئیل۔

(۲) میکائیل۔ جن کا ذکر بار بار آیا ہے

(۳) ہاروت۔

(۴) ماروت۔ حضرت سیدنا علی مرتضیٰ کرم الله وجہہٗ نے فرمایا یہ آسمانی فرشتوں میں سے دو فرشتے ہیں۔

(۵) الرعد۔ یہ بھی ایک فرشتہ کا نام ہے جو تسبیح اور حمد الٰہی میں مشغول رہتا ہے اور ابر پر حکمرانی کرتا ہے۔

(۶) برق۔ ابن حاتم نے بحوالہ مسلم روایت کی ہے کہ یہ ایک فرشتہ کا نام ہے جس کے چار منہ ہیں۔ وجہ انسان، وجہ بیل، وجہ گدھ، وجہ شیر۔ جس وقت وہ اپنی دم ہلاتا ہے تو آنکھوں کو خیرہ کر دینے والی چمک ہوتی ہے جس کو برق کہتے ہیں۔

(۷) مالک۔ جو دوزخ کا داروغہ ہے۔

(۸) سجل۔ یہ بھی ایک فرشتہ ہے جو اعمال ناموں پر موکل ہے۔ ہاروت وماروت ان ہی کے اعوان و مددگار تھے۔

(۹) قعید۔ حضرت مجاہد نے بیان کیا ہے کہ یہ بھی ایک فرشتہ ہے جو برائیوں کو لکھنے پر مامور ہے۔ اس طرح یہ سب نو فرشتے ہوئے جن کا نام قرآن مجید میں آیا ہے ان کے علاوہ تین ناموں میں علمائے محققین کا اختلاف ہے وہ یہ ہیں۔

(۱۰) ذوالقرنین۔ ابن ابی حاتم نے کئی روایتوں سے ثابت کیا ہے کہ یہ بھی

منجملہ فرشتوں کے ایک فرشتہ ہے

(۱۱) **الروح**۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ابن ابی حاتم نے یہ بھی روایت کی ہے کہ الروح بھی ایک فرشتہ ہے جو تمام فرشتوں میں از روئے خلقت جسم سب سے بڑا ہے۔

(۱۲) **سکینہ**۔ راغب نے اپنی کتاب "مفردات" میں بیان کیا ہے کہ یہ بھی ایک فرشتہ ہے جو مومنوں کے دلوں کو تسکین دیتا ہے اور امن عطا کرتا ہے۔

(الاتقان ج ۲ ص ۱۸۰)

۳۳ــــ انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کے علاوہ جن دوسرے لوگوں کا نام قرآن پاک میں آیا ہے وہ یہ ہیں

(۱) **عمران**۔ (عمران نام کے دو بزرگ گذرے ہیں ایک عمران بن یصہر بن قاہث بن لاویٰ بن یعقوب، یہ حضرت موسیٰ ؑ کے والد ہیں۔ دوسرے عمران بن ماثان، یہ حضرت عیسیٰ ؑ کے نانا یعنی حضرت مریم کے والد ہیں اور آیت قرآنیہ میں ان ہی دوسرے عمران کا ذکر ہے۔ دونوں عمران کے درمیان اٹھارہ سو سال کا فاصلہ ہے

(۲) **عزیر**۔ ان کی نبوت میں اختلاف ہے (بخت نصر کے حملے کے بعد یروشلم اور پوری دنیائے یہودیت زیروزبر ہوگئی۔ ان کی تہذیب، روایات، زبان اور دینی کتاب توریت شریف تک کو اہل بابل نے تہس نہس کر دیا۔ پھر حضرت عزیر ہی وہ بزرگ ہیں جنہوں نے اپنی یادداشت کی بنیاد پر توریت شریف کے پرانے نسخہ کو ترتیب دیا، کہتے ہیں کہ توریت شریف کے صرف آپ ہی حافظ ہوئے کسی اور پر یہ فضل خداوندی نہیں ہوا۔ آپ کا زمانہ ۴۵۰ قبل مسیح بتایا جاتا ہے)

(۳) **تبع**۔ (یہ نیک لوگوں میں سے تھے ان کا ذکر و قوم تبع میں ہے)

(۴) **لقمان**۔ (آپ کی نبوت میں اختلاف ہے اکثر علماء اس طرف گئے ہیں کہ آپ نہایت باکمال بزرگ، صاحب علم و حکمت، ولی اور اپنے دور کے قاضی

و مفتی تھے مگر نبی نہیں۔ حضرت داؤد ؑ سے آپ نے علم و حکمت اور وعظ معرفت کا وافر حصہ حاصل کیا تھا۔ اور خود کامل و مکمل تھے۔ ایک ہزار سال عمر پائی اور چار ہزار انبیاء کرام کی بارگاہ میں حاضری پانے کا شرف حاصل ہوا)

(۵) **یعقوب**۔ (سورۂ مریم کے شروع **یرثنی ویرث من آل یعقوب** میں ذکر ہے یہ یعقوب حضرت یوسف ؑ کے والد نہیں جو نبی برحق ہیں بلکہ یہ کوئی دوسرے بزرگ ہیں جو حضرت زکریا ؑ کے مورث اعلیٰ ہیں)

(۶) **تقی**۔ **انی اعوذ بالرحمن منك ان كنت تقيا**(مریم) (ایک ایسے آدمی کا نام ہے جو اپنے زمانے کا مشہور عالم دین تھا اور تقویٰ و طہارت میں زبان زد خاص و عام تھا۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ تقی حضرت مریم رضی اللہ عنہا کا چچازاد بھائی تھا حضرت جبرئیل ؑ اسی کی صورت میں تشریف لائے تھے)

(۷) **یوسف**۔ جن کا ذکر سورۂ مومن کی آیت **ولقد جائکم یوسف من قبل** میں ہے (ایک قول کے مطابق یہ حضرت یوسف ؑ نہیں ہیں بلکہ کوئی دوسرے بزرگ ہیں لیکن حضرت عمر بن خطاب ؓ فرماتے ہیں کہ یہاں حضرت یوسف ؑ کا تذکرہ ہے)

(جلالین ص ۳۹۳، الاتقان ج ۲ ص ۱۸۰)

(۸) **طالوت**۔ آپ بنی اسرائیل کے بادشاہ تھے۔ جب جالوت کے ساتھ مقابلہ ہوا اور جالوت نے بنی اسرائیل سے اپنا مقابل طلب کیا تو بنی اسرائیل اس کی قوت و جسامت دیکھ کر گھبرا گئے کیونکہ وہ بڑا جابر، قوی، شہ زور، عظیم الجثہ اور قد آور تھا۔ طالوت نے اپنے لشکر میں اعلان کیا کہ جو شخص جالوت کو قتل کرے میں اپنی بیٹی اس کے نکاح میں دوں گا اور نصف ملک بھی مگر کسی نے اس کا جواب نہ دیا تو طالوت نے اپنے نبی حضرت شمویل ؑ سے عرض کیا بارگاہ الٰہی میں دعا کریں آپ نے دعا کی تو بتایا گیا کہ حضرت داؤد ؑ جالوت کو قتل کریں گے۔ حضرت داؤد ؑ نے دست مبارک میں فلاخن لے کر مقابل ہوئے فلاخن میں پتھر رکھ کر پوری قوت کے ساتھ چکر دیا پھر نشانہ بنا کر جالوت کی پیشانی پر مارا وہ پتھر اس کی پیشانی کو توڑ کر

بھیجے سے نکل گیا اور جالوت وہیں ڈھیر ہو گیا۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے جالوت کی لاش کو لا کر طالوت کے سامنے رکھ دیا اور طالوت نے حسب وعدہ نصف ملک دیا اور اپنی بیٹی کا نکاح بھی آپ سے کر دیا۔ ایک مدت کے بعد طالوت نے وفات پائی اور تمام ملک پر حضرت داؤد علیہ السلام کی سلطنت قائم ہوئی۔

(خزائن العرفان ۲پ ع آخری)

۴س ـــ یہ خوش نصیب صحابی حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ ہیں جن کا نام قرآن مجید (سورۃ احزاب فلما قضی زید منھا) میں آیا ہے۔ بعض حضرات نے حضرت سجل رضی اللہ عنہ کا نام بھی بتلایا ہے جو بارگاہ نبوت کے کاتبوں میں سے تھے جیسا کہ ابو داؤد شریف میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت میں اس کی تصریح ہے۔

(الاتقان ج ۲ ص ۱۸۰)

(سجل سے متعلق ایک قول گذر چکا ہے کہ یہ ایک فرشتہ ہے)

۵س ـــ یہ حضرت مریم رضی اللہ عنہا ہیں جنکا نام قرآن مجید فرقان حمید میں بار بار آیا ہے۔ اور بعض حضرات کے نزدیک ایک اور عورت کا نام بنام بعل قرآن میں (اتدعون بعلا) موجود ہے جس کی لوگ عبادت کیا کرتے تھے۔

(الاتقان ج ۲ ص ۱۸۱)

۶س ـــ جن بدنصیبوں کے نام قرآن میں ذکر کئے گئے ہیں وہ حسب ذیل ہیں

(۱) قارون۔ (زر اندوزی اور بخیل میں دنیا کا سب سے مشہور، حضرت موسیٰ علیہ السلام کا چچا یا چچازاد بھائی یصہر کا بیٹا تھا۔ زکوٰۃ کا انکار کر کے کافر ہو گیا۔ اور مع مال کے زمین میں دھنسا دیا گیا)

(۲) جالوت۔ (بہت ہی شہ زور، قوی الجثہ، قد آور، جابر و ظالم اور بے رحم بادشاہ تھا۔ اس نے یہودی کو تتر بتر کر کے رکھ دیا تھا۔ شاہی خاندان کے چالیس نونہالوں کو گرفتار کر کے اپنا غلام بنالیا تھا۔ طالوت بنی اسرائیل کے بادشاہ منتخب ہوئے جنہوں نے حضرت داؤد علیہ السلام کو جالوت کے قتل پر آمادہ کیا۔

دوران مقابلہ جالوت حضرت داؤد علیہ السلام کے ہاتھوں واصل جہنم ہوا

(۳) ہامان۔ (حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں فرعون بے عون کا وزیر تھا۔ جس نے فرعون کے لئے دنیا میں سب سے اونچا مینار تیار کرایا تھا۔ کہتے ہیں کہ پکی اینٹ کا موجد یہی ہے اور سب سے پہلے پکی اینٹ کا استعمال اس نے فرعونی برج میں کیا تھا)

(۴) بشریٰ۔ (ابن ابی حاتم نے کہا کہ جب مالک بن ذعر خزاعی مدینی نے اس کنویں میں ڈول ڈالا جس میں حضرت یوسف علیہ السلام تھے تو اس نے خوشی میں پکارا "یابشریٰ ھذا غلام" بشریٰ مدینی قافلہ کے سردار کا نام تھا)

(۵) آزر۔ (حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آزر کا معنی بت ہے اور یہ بھی روایت ہے کہ آزر، حضرت ابراہیم علیہ السلام کا چچا کا نام تھا۔ بعض لوگوں نے کہا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد بھی اسی نام سے مشہور تھے۔ مگر صحیح یہ ہے کہ آپ کے والد ماجد کا نام تارخ تھا جیسا کہ ابن ابی حاتم نے ضحاک کے طریق پر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی)

(۶) النسی۔ (بنی کنانہ کے قبیلہ میں ایک شخص النسی نام کا گزرا ہے جو ماہ محرم کو ماہ صفر میں گڈمڈ کر دیتا تھا تاکہ ماہ حرام میں لوٹ مار کرنے کو حلال بنایا جا سکے اور ماہ محرم میں ناجائز طریقے سے حاصل کئے گئے مال کو حرام ہونے سے بچایا جا سکے۔

(الاتقان ج ۲ ص ۱۸۱)

۷س ـــ قرآن مجید میں واقع ہونے والے القاب آٹھ ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں

(۱) اسرائیل۔ یہ حضرت یعقوب علیہ السلام کا لقب ہے۔ قرآن مجید میں یہودیوں کو "یا بنی اسرائیل" ہی کہہ کر مخاطب بنایا گیا ہے کہیں بھی "یا بنی یعقوب" کے ساتھ خطاب نہیں ہوا۔ اسرائیل کا لفظی معنی ہے عبداللہ، وہ لوگ معبود حقیقی جل مجدہٗ کی عبادت کرنے کے ساتھ اس لئے مخاطب بنائے گئے کہ ان کو پند و نصیحت کرنے اور غفلت سے چونکانے کیلئے ایسے لقب سے

خطاب کرنا ہی مناسب تھا جو اللہ کی طرف عبدیت کیساتھ مضاف ہو اور اسرائیل ایسا اسم ہے۔ جس میں خدا کی عبادت کی یاد دہانی معنوی حیثیت سے موجود ہے۔

(۲) المسیح۔ یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب ہے اس کے کئی معنی ہیں (۱) صدیق (۲) وہ شخص جس کے تلوے گہرے نہ ہوں (۳) وہ شخص کہ جس مریض پر ہاتھ پھیرے اس کو تندرستی مل جائے (۴) جمیل و خوبصورت (۵) زمین کو طے کرنے والا۔

(۳) الیاس۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ الیاس حضرت ادریس علیہ السلام کا لقب ہے۔

(۴) ذوالکفل۔ اس میں کئی اقوال ہیں۔ (۱) حضرت الیاس کا لقب ہے۔ (۲) حضرت یوشع کا لقب ہے (۳) حضرت الیسع کا لقب ہے۔ (۴) حضرت زکریا علیہم السلام کا لقب ہے۔

(۵) نوح۔ یہ حضرت نوح علیہ السلام کا لقب ہے اصلی نام عبد الغفار۔ بکثرت گریہ فرمانے کی وجہ سے نوح لقب ہوا۔

(۶) ذوالقرنین۔ انکا نام اسکندر تھا یا عبد اللہ بن ضحاک یا مصعب بن قرین تھا یا المنذر۔ ذوالقرنین اس لئے لقب ہو گیا کہ زمین کی دونوں شاخوں (مشرق و مغرب) تک پہنچ گئے تھے اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ دو عظیم ترین مملکتوں یعنی فارس و روم کے بادشاہ تھے۔ اس لئے یہ لقب ہو گیا۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ ان کے سر پر دو سینگیں تھیں جن کو وہ اپنے تاج میں چھپائے رکھتے تھے اور یہ بھی قول ہے کہ آپ کو علم ظاہر و علم باطن دونوں عطا کئے گئے تھے۔ ان کے علاوہ اور بھی اقوال ہیں۔

(۷) فرعون۔ اس کا نام ولید بن مصعب تھا جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے کا ہے اس کی کنیت ابو العباس تھی۔ اس کے علاوہ شاہان مصر کا عام لقب فرعون ہوا کرتا تھا۔

(۸) تبع۔ اس کا نام اسعد بن ملکی کرب تھا۔ اس کے متبعین بکثرت تھے اس لئے تبع کے لقب سے مشہور ہو گیا۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ شاہان یمن کا عام لقب تبع ہوتا تھا۔

(الاتقان ج۲ ص ۱۸۳تا۱۸۴)

۳۸ــــ قرآن مجید میں سوائے ابولہب کے کسی اور کی کنیت وارد نہیں ہے۔ (تبت یدا ابی لهب) اس کا نام عبد العزیٰ تھا چونکہ اس نام کا استعمال شرعاً حرام ہے۔ اس لئے نام نہیں لیا گیا اس کی کنیت بیان کی گئی اور کنیت کے ساتھ اس کا ذکر اس بات کی طرف بھی اشارہ ہے کہ وہ جہنمی ہے۔ (کیونکہ ابولہب کے معنی ہیں بغیر دھوئیں کے شعلہ والا۔ یعنی شعلہ جہنم جس کا مقدر بن چکا ہے)۔

(الاتقان فی علوم القرآن ج۲ ص ۱۸۳)

۳۹ــــ اللہ تعالیٰ نے پرندوں کی جنس سے دس قسموں کا ذکر قرآن کریم میں بیان فرمایا ہے جو حسب ذیل ہیں

(۱) السلویٰ۔ (بٹیر کی طرح ایک چھوٹا پرندہ)
(۲) البعوض۔ (مچھر جس کا واحد بعوضۃ ہے)
(۳) الذباب۔ (مکھی۔ کبھی ذباب کا اطلاق شہد کی مکھی اور مچھر پر بھی ہوتا ہے)
(۴) النحل۔ (شہد کی مکھیاں، جس کا واحد نحلۃ ہے)
(۵) العنکبوت۔ (مکڑی، جس کا جالا مشہور ہے)
(۶) الجراد۔ (ٹڈی، جسکا واحد جرادۃ ہے)
(۷) الہدہد۔ (ایک مشہور پرندہ یا بہت کو کو کرنے والا پرندہ)
(۸) الغراب۔ (کوا، یہ عموماً کالے رنگ کا ہوتا ہے اس لئے غراب اسود بھی کہا جاتا ہے۔)
(۹) ابابیل۔ (سیاہ رنگ کا ایک چھوٹا سا مشہور پرندہ)
(۱۰) نمل۔ چیونٹی، اس کا شمار بھی پرندوں میں ہے کیونکہ اس کے

کلام کو سن کر اور سمجھ کر حضرت سلیمان علیہ السلام ہنسنے لگے تھے اور یہ نص قرآن پرندوں کی بولی حضرت سلیمان علیہ السلام کو سکھلائی گئی تھی ارشاد ہے **وعلمنا منطق الطیر** (ہمیں پرندوں کی بولی سکھلائی گئی ہے) حضرت ابن ابی حاتم نے حضرت شعبی سے روایت کی ہے کہ وہ چیونٹی جس نے دوسری چیونٹیوں کو حضرت سلیمان علیہ السلام اور ان کی فوج کی آمد کی خبر دی تھی پردار تھی اور بہت ساری چیونٹیاں پردار ہوتی ہیں لہٰذا وہ پرندوں میں سے ہے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۸۳)

۴۰ـــــ قرآن میں جنات میں سے صرف ابلیس کا نام آیا ہے جو جنات کا جدِ اعلیٰ کہلاتا تھا۔ راندۂ بارگاہ سے قبل اسکا نام بقول حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما "عزازیل" بقول سدی "الحارث" تھا۔ خدائے پاک کی صریح نافرمانی اور حضرت آدم علیہ السلام سے بغض و عناد کی وجہ وہ خدائے کریم کی ہر نعمت و رحمت سے مایوس کر دیا گیا۔ اسلئے ابلیس نام سے مشہور ہو گیا۔ اس کی کنیت ابو کردوس، ابو قترہ، یا ابو مرہ اور ابو جیسی ہے۔ (اور لقب شیطان، رجیم، صاغرین وغیرہا ہے) (الاتقان ج ۲ ص ۱۸۱)

۴۱ـــــ قرآن کریم فرقان عظیم میں سات قبائل کے نام مذکور ہیں۔

(۱) یاجوج (۲) ماجوج (۳) عاد (۴) ثمود (۵) مدین (۶) قریش (۷) روم۔

(الاتقان ج ۲ ص ۱۸۱)

۴۲ـــــ قرآن مجید فرقان حمید میں جن قوموں کا نام دوسرے اسموں کی طرف اضافت کے ساتھ آئے ہیں یہ ہیں

(۱) قوم نوح (۲) قوم لوط (۳) قوم تبع (۴) قوم ابراہیم (۵) اصحب الایکہ (قوم مدین) (۶) اصحب الرس (قوم ثمود) (۷) اصحب الاخدود۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۸۱)

۴۳ـــــ قرآن شریف میں چودہ اصنام کے نام بیان کئے گئے ہیں۔

(۱) ...... ودّ

(۲) ...... سواع

(۳) ...... یغوث

(۴) ...... یعوق

(۵) نسر۔ بخاری شریف میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ یہ قوم نوح کے پانچ بت تھے۔ یہ قوم نوح کے ان لوگوں کے نام ہیں جو اپنی قوم میں نیک نامی کے ساتھ مشہور تھے مگر جب وہ مر گئے تو شیطان نے قوم نوح کے دلوں میں یہ خیال پیدا کیا کہ جہاں ان لوگوں کی نشست گاہیں تھیں وہاں پتھروں کے نشانات قائم کر دینے چاہیے اور ان پتھروں کو انہیں کے نام سے موسوم کرنا چاہیے۔ چنانچہ لوگوں نے ایسا ہی کیا پھر جب کئی پشتیں گزر گئیں تو ان کی پوجا ہونے لگی بالآخر وہ اہل عرب کے نزدیک معبود ٹھہر گئے۔

(۶) اللات

(۷) العزیٰ

(۸) منات۔ یہ قوم قریش کے بت تھے۔ بخاری شریف میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ہی کی روایت ہے کہ لات ایک شریف آدمی تھا جو حاجیوں کیلئے ستو کا انتظام کرتا تھا۔

(۹) الرجز۔ اخفش نے اپنی کتاب "واحد و جمع" میں بیان کیا ہے یہ بھی ایک بت کا نام ہے۔

(۱۰) الجبت۔

(۱۱) الطاغوت۔ ابن جریر نے کہا ہے یہ دونوں بھی بتوں کے نام ہیں مشرکین ان کی عبادت کیا کرتے تھے۔

(۱۲) الرشاد۔ سورۂ مومن میں جس کا ذکر ہے **وما اهديكم الا سبيل الرشاد** کرمانی نے اپنی کتاب "عجائب" میں ذکر کیا ہے کہ یہ فرعون کے بتوں میں سے ایک بت تھا۔

(۱۳) بعل۔ سونے کا بت تھا اسکی لمبائی بیس گز تھی۔ (خزائن العرفان ۲۳ ع ۸) ایک قول کے بموجب یہ قوم الیاس کا بت تھا۔

(۱۳) آزر۔ بقول بعض یہ بھی ایک بت کا نام تھا۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۸۱)

۴۴ ـــــ قرآن پاک میں مذکور شہروں اور جگہوں کے نام حسب ذیل ہیں۔

(۱) بکہ۔ یہ شہر مکہ کا نام ہے

(۲) مدینہ۔ یثرب بن اوائل، حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے ارم بن سام کی اولاد سے وہ شخص ہے جو سب سے پہلے اس سرزمین پر اترا تھا لہٰذا اسی کی جانب نسبت کرتے ہوئے اولاً اس سرزمین کا نام یثرب ہو گیا زمانہ جاہلیت میں اس کا یہی نام رہا سورۂ احزاب میں منافقوں کی زبانی اسے یثرب نقل فرمایا گیا ہے۔ چونکہ یثرب کا ایک معنی فساد و گڑبڑی بھی ہے اس لئے حدیث شریف میں یثرب کہنے کی ممانعت آئی ہے

(۳) بدر۔ یہ ایک شہر ہے جو مدینہ سے قریب مدینہ طیبہ اور مکہ مکرمہ کی شاہراہ پر واقع ہے۔

(۴) حنین۔ مکہ مکرمہ اور طائف کے درمیان، طائف سے قریب ایک قریہ (جواب ایک بڑی آبادی میں منتقل ہو گیا ہے)

(۵) مصر۔ (یہ براعظم افریقہ میں ہے جہاں عربوں کی تہذیب نے اپنا گہرا نقش ثبت کیا ہے اور یہ قدیم زمانہ کی وہ مشہور آبادی ہے جہاں انبیاء و مرسلین علیہم السلام کی سکونت رہی)

(۶) بابل۔ ملک عراق کا ایک قدیم ترین اور مشہور شہر۔

(۷) الایکہ۔ قوم شعیب کی آبادیوں کا ایک علاقہ

(۸) لیکہ۔ قوم شعیب کے شہر کا نام (جس کا اب کوئی نشان نہیں ہے)

(۹) الرقیم۔ حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "رقیم اس آبادی کا نام ہے جہاں سے اصحاب کہف نکلے تھے

(۱۰) حرد۔ سدی نے کہا ہے کہ "حرد ایک قریہ کا نام ہے"

(۱۱) حجر۔ ملک شام کے ارد گرد اور وادی القریٰ کے نزدیک قوم ثمود کے

پہاڑی مکانوں کا مجموعہ

(۱۲) الکہف۔ ایک بلند و بالا پہاڑ کی آغوش میں قدرتی طور پر تراشا ہوا ایک گھر۔

(۱۳) جمع۔ مزدلفہ کو کہتے ہیں۔

(۱۴) نقع۔ کرمانی نے بیان کیا ہے کہ عرفات اور مزدلفہ کے درمیان ایک جگہ کا نام ہے

(۱۵) الصریم۔ حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ نے روایت کی ہے کہ ملک یمن میں ایک خطہ زمین کا نام ہے۔

(۱۶) الجرز۔ ایک زمین کا نام۔

(۱۷) الطاغیہ۔ کرمانی نے بیان کیا ہے کہ اس سرزمین کا نام ہے جہاں قوم ثمود کو ہلاک کیا گیا۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۸۲)

۴۵ ـــــ قرآن کریم میں جن پہاڑوں اور وادیوں کے نام آئے ہیں یہ ہیں

(۱) احد۔ (ایک پہاڑ ہے جو مدینہ منورہ سے تین میل کی دوری پر تھا اب احد کے زیر سایہ ایک وسیع و عریض آبادی پھیل گئی ہے جو مدینہ پاک کی آبادی سے گویا مل گئی ہے)

(۲) مشعر الحرام۔ مزدلفہ کے ایک پہاڑ کا نام ہے۔

(۳) طور سینا۔ وہ مبارک پہاڑ جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو من جانب اللہ آواز دی گئی تھی۔

(۴) احقاف۔ عمان اور حضر موت کے درمیان ایک ریگستانی پہاڑ۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ وہ ملک شام میں ایک پہاڑ ہے۔

(۵) الجودی۔ ایک مشہور پہاڑ۔ (اب اس کے کنارے ایک شہر بھی ہے جس کو حسن ابن عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے آباد کیا تھا)۔

(۶) الرقیم۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ رقیم ایلہ اور

عقبان کے درمیان ایک وادی کا نام ہے۔ اور حضرت قتادہ نے فرمایا کہ رقیم اس وادی کا نام ہے جہاں اصحاب کہف آرام فرما ہیں۔

(۷) قٓ۔ ایک پہاڑ کا نام (وهو محيط الارض)

(۸) طوٰی۔ اس وادی کا نام جس کو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے رات کے وقت طے فرمایا یہ سرزمین ایلہ کی ایک وادی ہے جو فلسطین میں ہے۔ جسے دو مرتبہ مقدس کی گئی

(۹) العرم۔ ابن ابی حاتم نے روایت کی ہے کہ یہ ایک وادی کا نام ہے۔

(الاتقان ج ۲ ص ۱۸۲)

۴۶ـــــ قرآن عظیم میں اضافت مکانی کے ساتھ جو نام آئے ہیں مندرجہ ذیل ہیں

(۱) امی۔ ام القریٰ (مکہ) کی طرف نسبت ہے۔

(۲) عبقری۔ عبقر کی جانب منسوب ہے جو جناتوں کی جگہ ہے اور ہر ایک نادر چیز اسی کی جانب منسوب کی جاتی ہے۔

(۳) سامری۔ یہ بھی ایک جگہ کی طرف منسوب ہے جس کو سامرون یا سامرہ کہا جاتا ہے۔

(۴) عربی۔ یہ عربۃ کی طرف منسوب ہے جو حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے گھر کا صحن تھا جہاں سے آب زمزم تیزی کے ساتھ بہا تھا اب اس آنگن کی وجہ سے پورے ملک کو عرب کہتے ہیں جس کی جانب یہ منسوب ہے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۸۳)

۴۷ـــــ قرآن پاک میں چار سیاروں کے نام مذکور ہیں اور وہ یہ ہیں۔

(۱) شمس

(۲) قمر

(۳) طارق

(۴) شعریٰ۔

(الاتقان ج ۲ ص ۱۸۳)

۴۸ـــــ قرآن پاک میں آخرت کے مکانوں میں سے حسب ذیل جگہوں کے نام

آئے ہیں

(۱) الفردوس۔ جنت کے مکانوں میں سے سب سے اعلیٰ مکان۔

(۲) علیون۔ یا تو جنت کے اندر ایک اعلیٰ مکان کا نام ہے یا جہاں صالحین کے اعمال تحریر ہیں۔

(۳) الکوثر۔ حدیث متواتر سے ثابت ہے کہ یہ جنت کی ایک عظیم نہر ہے۔

(۴) سلسبیل۔

(۵) تسنیم۔ جنت کے دو چشمے

(۶) سجین۔ کفار نگونسار کی روحوں کی آماجگاہ

(۷) صعود۔ جہنم کے ایک پہاڑ کا نام۔

(۸) غیّ۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا یہ جہنم کی ایک وادی کا نام ہے۔

(۹) موبق۔ بقول عکرمہ جہنم کی ایک ندی ہے جس میں پیپ بہتی ہے۔

(۱۰) ویل جہنم کے اندر خون کی وہ گہری ندی جسکی تہ تک پہنچنے کیلئے کفار و مشرکین چالیس سال تک اس میں غوطے کھائیں گے۔

(۱۱) سعیر۔ جہنم میں کچ لہو (تازہ خون) کی ایک ندی

(۱۲) آثام

(۱۳) سحق

(۱۴) سائل۔ جہنم کی ندیاں جس میں خون، پیپ اور تے بہتی ہیں

(۱۵) فلق جہنم کے ایک اندھے کنویں کا نام

(۱۶) یحموم جہنم کا سیاہ ترین دھواں۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۸۳)

۴۹ـــــ قرآن کریم میں اسلامی مہینوں میں سے صرف ماہ "رمضان" کا نام صراحۃً آیا ہے۔ (تفسیر نعیمی ج ۲ ص ۲۱۷)

۵۰ـــــ پانچ انبیاء کرام کو یہ خطاب مستطاب فرمایا:

(۱) حضرت نوح علیہ السلام۔ اذقال لهم اخوهم نوح.

(۲) حضرت ہودؑ۔ والیٰ عاد اخاھم ھودا

(۳) حضرت صالحؑ۔ والیٰ ثمود اخاھم صالحا

(۴) حضرت شعیبؑ۔ والی مدین اخاھم شعیبآ

(۵) حضرت لوطؑ۔ اذ قال لھم اخوھم لو ط الا تتقون.

(معارج النبوۃ ج ا ص ۸۵)

۵۱۔۔۔ قرآن کریم کو تو سب سے پہلے صاحب قرآن سید الانس والجان علیہ الصلوۃ والسلام نے ہی ترتیب دیا تھا لیکن کتابی شکل میں جمع کروانے کی سعادت عظمیٰ سب سے پہلے حضرت ابو بکر صدیقؓ کو، حضرت عمرؓ کی صلاح و مشورہ سے حاصل ہوئی، حضرت صدیق اکبرؓ نے ان تمام اصحاب کامل انصاب رضی اللہ عنہم کو جمع فرمایا جو بارگاہ رسالت میں کتابتِ وحی کی خدمت انجام دیا کرتے تھے۔ اور انہیں آیاتِ قرآنیہ کو یکجا جمع کرنے کا حکم صادر فرمایا۔ حضرت زید بن ثابتؓ جو اس جماعت باکرامت کے امیر اور مہتمم تھے بڑی محنت و جانفشانی سے اس خدمت کو انجام دیکر بے شمار فیوض و برکات کے حامل ہوئے۔

(تفسیر نعیمی ج ا ص ۱۳، الاتقان ج ا ص ۸۷)

۵۲۔۔۔ جامع القرآن حضرت عثمان بن عفانؓ نے اپنے دور خلافت میں قرآن پاک کے اصل نسخہ سے پانچ یا چھ نسخے نقل تیار کروائے تھے۔ ابن ابی داؤد نے کہا ہے کہ ابو حاتم سجستانی نے فرمایا کہ کل سات مصحف تیار کروائے تھے۔ جن میں سے ایک ایک مصحف مکہ، شام، یمن، بحرین، بصرہ اور کوفہ ارسال فرمادیا اور ایک مدینہ طیبہ میں محفوظ رکھا۔ (الاتقان ج ا ص ۸۰)

۵۳۔۔۔ قرآن پاک میں اعراب لگانے سے متعلق مشہور یہ ہے کہ یہ کام حجاج بن یوسف نے کیا۔ یا حجاج بن یوسف کے حکم سے ابو اسود دؤلی تابعی نے انجام دیا۔

(تفسیر نعیمی ج ا ص ۱۶)

۵۴۔۔۔ قرآن کریم میں سورتوں کے نام بھی حجاج بن یوسف نے لکھے۔ (تفسیر نعیمی ج ا ص ۱۶)

۵۵۔۔۔ قرآن کریم میں مد اور وقف کے نشانات خلیل ابن احمد فراھیدی نے وضع کیے۔

(تفسیر نعیمی ج ا ص ۱۶)

۵۶۔۔۔ بعضوں نے کہا ہے کہ قرآن کے تیس پارے اور اس میں نصف، ربع اور ثلث کے نشانات مامون عباسی کے زمانے میں لگائے گئے۔ (تفسیر نعیمی ج ا ص ۱۶)

۵۷۔۔۔ حضرت عثمان غنیؓ رمضان شریف کی نماز تراویح میں جس قدر قرآن پاک پڑھ کر رکوع فرماتے تھے۔ اتنے حصے کو رکوع قرار دیا گیا۔ اور اس جگہ قرآن کے حاشیہ پر "ع" لگادیا گیا۔ بعض کہتے ہیں کہ یہ عمرو کے نام کا عین ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ عثمان کے نام کا۔ لیکن صحیح یہ ہے کہ لفظ رکوع کا عین ہے۔ (تفسیر نعیمی ج ا ص ۱۶)

۵۸۔۔۔ تعداد آیات قرآنیہ سے متعلق کئی قول ہیں۔

(۱) چھ ہزار پانچ سو۔ (جمل ج ا ص ۵)

(۲) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ آیات قرآنیہ کی تعداد چھ ہزار چھ سو سولہ۔

(۳) علامہ ابو عمر دانی نے اپنی کتاب "البیان" میں لکھا ہے کہ آیات قرآنیہ کی تعداد چھ ہزار ہونے پر علماء کا اجماع ہے۔ اس سے اوپر اختلاف۔ بعض اس پر اور زائد نہیں بتلاتے ہیں بعض چھ ہزار سے دو سو چار آیات زائد بتلاتے ہیں بعض دو سو چودہ آیات۔ بعض دو سو انیس بعض دو سو پچیس۔ اور بعض دو سو چھتیس آیات زائد بتلاتے ہیں۔ (الاتقان ج ا ص ۸۹، ابن کثیر سورۃ فاتحہ)

(۴) دیلمی نے "مسند الفردوس" میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی یہ روایت نقل کی ہے کہ "جنت کے درجات اتنے ہیں جتنی کہ قرآن کی آیات۔ اور قرآن کی آیات چھ ہزار دو سو سولہ ہیں"۔ (الاتقان ج ا ص ۸۹)

۵۹۔۔۔ تعداد کلمات قرآن کے سلسلے میں چند اقوال حسب ذیل ہیں

(۱) ستتر ہزار نو سو چونتیس (۷۷۹۳۴)

(۲) ستتر ہزار چار سو سینتیس (۷۷۴۳۷)

(۳) ستتر ہزار دو سو ستتر (۷۷۲۷۷) (الاتقان ج ا ص ۹۳)

(۴) بقول حضرت عطاء بن یسار ﷺ ستر ہزار چار سو انتالیس (۷۰۴۳۹)

(تفسیر ابن کثیر سورۃ فاتحہ)

۷۰۔۔۔۔ حروف قرآن کی تعداد سے متعلق مختلف اقوال ہیں۔ جو مذکور بذیل ہیں۔

(۱) طبرانی میں حضرت فاروق اعظم ﷺ کی روایت ہے کہ قرآن میں دس لاکھ ستائیس ہزار (۱۰۲۷۰۰۰) حروف ہیں۔ یہ تعداد ان تمام آیات کو بھی شامل ہے جن کا حکم منسوخ ہو چکا ہے۔

(۲) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت کے بموجب حروف قرآنی کی تعداد تین لاکھ تیئس ہزار چھ سو اکہتر (۳۲۳۶۷۱) ہے۔

(الاتقان ا-۱،۸۹-۹۳)

(۳) حضرت مجاہد ﷺ سے مروی ہے کہ کل حروف قرآن شریف کے تین لاکھ اکیس ہزار ایکسو اسی ہیں (۳۲۱۱۸۰)۔

(۴) حضرت فضل بن عطاء فرماتے ہیں کہ قرآن پاک میں کل تین لاکھ تیئس ہزار پندرہ حروف ہیں (۳۲۳۰۱۵)۔

(۵) حجاج بن یوسف نے اپنے زمانے میں قاریوں، حافظوں اور کاتبوں کو جمع کر کے کہا کہ "قرآن کے حرفوں کو اعداد و شمار کر کے مجھے بتلاؤ" تو سب نے شمار کر کے بالاتفاق کہا کہ تین لاکھ چالیس ہزار سات سو چالیس (۳۴۰۷۴۰) حروف ہیں۔ (ابن کثیر سورۃ فاتحہ)

۷۱۔۔۔۔ قرآن شریف کا نصف باعتبار حروف سورۂ کہف میں "نکرا" کے نون پر نصف اول مکمل ہوتا ہے۔ اور کاف سے نصف ثانی شروع۔ بعض "نکرا" کے کاف پر نصف کہتے ہیں۔ اور بعض "ولیتلطف" کے فاء پر۔

باعتبار کلمات سورۂ حج میں "الجلود" کی دال نصف اول کا آخر۔ اور اس کے آگے نصف ثانی کی ابتداء۔

باعتبار آیات سورۂ شعراء میں "بافکون" پر نصف اول کا اختتام ہوتا ہے اور فالقی السحرۃ سے نصف ثانی کا آغاز

اور باعتبار سورۃ سورۂ "الحدید" نصف قرآن کی آخری سورۃ ہے۔

(الاتقان ج ا ص ۹۳)

۷۲۔۔۔۔ باعتبار حروف قرآن کی پہلی تہائی سورۂ براۃ کی سو آیتوں پر ختم ہوتی ہے۔ دوسری تہائی سورۂ شعراء کی سو آیات کے سرے پر یا ایکسو ایک آیات کے سرے پر اور تیسری تہائی قرآن شریف کے خاتمہ پر ختم ہوتی ہے۔

قرآن کا پاؤ سورۂ انعام کے خاتمہ پر ہوتا ہے۔ آدھا قرآن سورۂ کہف کے ولیتلطف کے فاء پر۔ اور پونا سورۂ زمر کے خاتمہ پر ہوتا ہے۔ (ابن کثیر سورۂ فاتحہ)

۷۳۔۔۔۔ قرآن کی سات منزلوں میں سے۔

پہلی منزل۔ فمنهم من آمن ومنهم من صدا (پ ۵) میں "صدا" کے دال پر ختم ہوتی ہے۔

دوسری منزل سورۂ اعراف کی آیت اولئك حبطت کی "تاء" پر۔

تیسری منزل۔ سورۂ رعد میں "اکلها" کے آخری الف پر۔

چوتھی۔ سورۂ حج کی آیت وجعلنا منسکا میں جعلنا کے الف پر۔

پانچویں۔ سورۂ احزاب میں وما کان لمومن ولا مومنة کے "ۃ" پر۔

چھٹی۔ سورۂ فتح کی آیت الظانین باللہ ظن السوء کے "واو" پر۔

اور ساتویں منزل۔ قرآن پاک کے خاتمہ پر ختم ہوتی ہے۔ (ابن کثیر سورۂ فاتحہ)

حضرت آدم علیہ السلام سے متعلق سوالات

۱ـــ حضرت آدم علیہ السلام کا نام "آدم" کیوں ہوا۔؟

۲ـــ حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کیلئے کتنی جگہوں سے کتنی مقدار میں مٹی لی گئی۔؟

۳ـــ حضرت آدم علیہ السلام کے قالب کی خمیر میں کونسا پانی مستعمل ہوا۔؟

۴ـــ حضرت آدم علیہ السلام کی خمیر میں خوشی کا پانی کتنا تھا اور غم کا کتنا۔؟

۵ـــ حضرت آدم علیہ السلام کے قالب کی خمیر کس جگہ تیار کی گئی۔؟

۶ـــ حضرت آدم علیہ السلام کی خمیر میں اللہ تعالیٰ نے کتنے دنوں کاریگری فرمائی۔؟

۷ـــ حضرت آدم علیہ السلام کے جسم کا کونسا عضو کہاں کی مٹی سے بنایا گیا۔؟

۸ـــ حضرت آدم علیہ السلام کی صورت جمیلہ کہاں بنائی گئی۔؟

۹ـــ حضرت آدم علیہ السلام کا پتلہ تیار ہونے کے کتنے سال بعد اس میں جان ڈالی گئی۔؟

۱۰ـــ حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش کس دن اور کس جگہ ہوئی۔؟

۱۱ـــ حضرت آدم علیہ السلام کو سب سے پہلے کس فرشتہ نے سجدہ کیا۔؟

۱۲ـــ حضرت آدم علیہ السلام کو کیا جانے والا سجدہ کتنی دیر کا تھا۔؟

۱۳ـــ حضرت آدم علیہ السلام کو کس شان و شوکت کے ساتھ جنت میں پہنچایا گیا اور کتنے فرشتے آپ کے ہمراہ تھے۔؟

۱۴ـــ حضرت آدم علیہ السلام کو جنت میں کس درخت کا پھل کھانے سے منع فرمایا گیا تھا۔؟

۱۵ـــ حضرت آدم و حوا علیہما السلام میں سے پہلے کس نے شجر ممنوع کا پھل کھایا اور کتنا۔؟

۱۶ـــ جنت کا گیہوں کتنا بڑا تھا۔؟

۱۷ـــ حضرت آدم علیہ السلام نے شجر ممنوع کا جو پھل کھایا تھا وہ آپ کے شکم اطہر میں کتنے دنوں تک رہا۔؟

۱۸ـــ حضرت آدم علیہ السلام کے تن نوری سے جنتی لباس اتر جانے کے بعد کس درخت کے کتنے پتوں سے آپ نے ستر پوشی کی۔؟

۱۹ـــ حضرت آدم و حوا علیہما السلام جنت سے دنیا میں کس جگہ اتارے گئے۔؟

۲۰ـــ حضرت آدم و حوا علیہما السلام جنت میں کتنی مدت رہے۔؟

۲۱ـــ حضرت آدم علیہ السلام نے دوران قیام جنت سب سے پہلے کون سا پھل تناول فرمایا تھا۔؟

۲۲ـــ حضرت آدم علیہ السلام جنت سے کیا کیا چیزیں ہمراہ لائے تھے۔؟

۲۳ـــ حضرت آدم و حوا علیہما السلام کے درمیان کتنے سال مفارقت رہی۔؟

۲۴ـــ حضرت آدم و حوا علیہما السلام کی ملاقات کس تاریخ کو اور کس جگہ ہوئی۔؟

۲۵ـــ حضرت آدم علیہ السلام کا قد کتنا لمبا تھا اور جسم اطہر کی چوڑائی کتنی تھی۔؟

۲۶ـــ حضرت آدم علیہ السلام دنیا میں تشریف لانے کے بعد کتنے دنوں تک بھوکے رہے۔

۲۷ـــ حضرت آدم علیہ السلام پیدل کتنی بار خانہ کعبہ کی زیارت کو گئے تھے۔؟

۲۸ـــ حضرت آدم علیہ السلام جب زیارت بیت اللہ کو چلتے تو ہر ایک قدم کا فاصلہ کتنا ہوتا تھا۔؟

۲۹ـــ حضرت آدم علیہ السلام اپنی خطا پر کتنے سالوں تک روتے رہے۔؟

۳۰ـــ حضرت حوا رضی اللہ عنہا کتنی بار حاملہ ہوئیں اور کتنے بچے پیدا ہوئے۔؟

۳۱ـــ حضرت آدم علیہ السلام کے بچوں کے نام کیا کیا ہیں۔؟

۳۲ـــ حضرت آدم علیہ السلام کو کتنی زبانوں کا علم تھا اور کتنے پیشوں میں مہارت رکھتے تھے۔؟

۳۳ـــ حضرت آدم علیہ السلام نے سب سے پہلے کس چیز کی کاشتکاری کی۔ اس کا بیج کہاں سے آیا۔ بیجوں کی تعداد کتنی تھی اور وزن کتنا تھا۔ پھر اس کی

فصل کیسی ہوئی۔؟

۳۴۔۔۔ حضرت آدم علیہ السلام نے سب سے پہلے جو روٹی بنائی اس کا طول و عرض کتنا تھا۔؟

۳۵۔۔۔ حضرت آدم علیہ السلام نے دنیا میں سب سے پہلے کس چیز کا لباس زیب تن فرمایا۔؟

۳۶۔۔۔ حضرت آدم علیہ السلام کی زبان کونسی تھی۔؟

۳۷۔۔۔ حضرت آدم علیہ السلام جنت سے دنیا میں تشریف لائے تو آپ کے جسم پاک کے رنگ میں کیا تبدیلی آئی۔؟

۳۸۔۔۔ حضرت آدم علیہ السلام جب جنت میں مقیم تھے اس وقت آپ کی داڑھی کتنی لمبی تھی اور اس کا رنگ کیسا تھا۔؟

۳۹۔۔۔ حضرت آدم علیہ السلام نے اپنی عمر سے کس کو عمر عطا فرمائی تھی اور کتنی۔؟

۴۰۔۔۔ حضرت آدم علیہ السلام مرض الموت میں کتنے دن مبتلا رہے۔؟

۴۱۔۔۔ حضرت آدم علیہ السلام کے انتقال کے وقت انسانوں کی تعداد کتنی تھی۔؟

۴۲۔۔۔ حضرت آدم علیہ السلام کو غسل کس نے دیا تھا۔؟

۴۳۔۔۔ حضرت آدم علیہ السلام کی تجہیز و تکفین کس نے کی۔ کفن کہاں کا اور کتنے کپڑوں کا تھا۔؟

۴۴۔۔۔ حضرت آدم علیہ السلام کی نماز جنازہ کس جگہ اور کس نے پڑھائی۔ پڑھی جانے والی تکبیروں کی تعداد کتنی تھی۔؟

۴۵۔۔۔ حضرت آدم علیہ السلام کی قبر مبارک کہاں ہے۔؟

۴۶۔۔۔ حضرت آدم علیہ السلام کے انتقال پر مخلوق کتنے دنوں تک روتی رہی۔؟

۴۷۔۔۔ حضرت آدم علیہ السلام کی عمر کتنی ہوئی۔؟

حضرت آدم علیہ السلام سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ آپ کا نام "آدم" ہونے کی کئی وجوہات ہیں۔

(۱) ترجمان قرآن حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ آپ کا نام آدم اس مناسبت سے ہے کہ گندمی رنگ کی زمین سے وہ مٹی لی گئی تھی جس سے آپ کے قالب ثاقب کی خمیر بنی۔

(۲) حضرت ثعلبی فرماتے ہیں چونکہ عبرانی زبان میں مٹی کو آدم کہتے ہیں اس مناسبت سے آپ کا نام آدم رکھ دیا گیا۔ (الاتقان فی علوم القرآن ج ۲ ص ۱۷۵)

(۳) حکیم الامت مفتی احمد یار خانصاحب نعیمی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ آدم یا تو اَدِیمٌ سے بنا ہے جس کے معنی ہیں ظاہری زمین۔ چونکہ آپ کا جسم پاک ظاہری زمین کی مختلف مٹیوں سے بنا تھا اس لئے آپ کا نام آدم ہوا۔

(تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۲۸۹)

۲۔۔۔ آپ کے قصر قالب ثاقب کو تیار کرنے کے لئے حضرت عزرائیل علیہ السلام نے زمین کی چالیس جگہوں سے ہاتھ بھر کر مختلف اطراف و اکناف سے مٹی لی اور اس میں خصوصیت خطہ مکہ و طائف کو حاصل رہی۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۲۳)

۳۔۔۔ آپ کے تودۂ خاک مبداءپاک پر چالیس دنوں تک بحکم ملک ذوالجلال "دریائے مالامال" سے جو کہ عرش اعظم کے نیچے ہے جس کا دوسرا نام بحر الاحزان ہے بارش ہوتی رہی جس سے وہ مٹی گارے کی شکل اختیار کر گئی۔ ایک روایت میں چالیس سال ہے۔

ایک دوسری روایت کے بموجب ستر ہزار ملائکہ مقربان نے بفرمان رحمٰن چشمہائے رحیق و سلسبیل و کوثر کے پانی سے اس مٹی کو تر کیا۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۲۵)

۴۔۔۔ آپ کی خاک پاک پر چالیس دنوں تک بارش ہوتی رہی (جیسا کہ اوپر گزرا) ان چالیس دنوں میں سے انتالیس دن رنج وغم کا پانی برسا اور ایک دن خوشی و مسرت کا۔ اس لئے بنی آدم کو رنج وغم زیادہ ہوتے ہیں اور خوشی کم۔
(تفسیر نعیمی ج۱ ص۲۸۵)

۵۔۔۔ فرشتوں نے بحکم خداوندی مٹی کا گارہ اس جگہ بنایا تھا جہاں آج بیت اللہ شریف ہے۔
(تفسیر نعیمی ج۱ ص۲۸۵)

۶۔۔۔ خلاق کائنات عزاسمہٗ نے چالیس دنوں تک جو کہ دنیا کے چالیس ہزار سال کے برابر ہے خاص اپنے دست قدرت سے تخمیر طینت و صنعت گری فرما کر حضرت آدم ؑ کے کالبد کو تیار کیا اور ان کی ایک ایسی حسین و جمیل صورت تخلیق فرمائی کہ دیدۂ حیرت آپ کے جمال باکمال سے خیرہ ہو جاتے تھے۔ (مدارج النبوۃ ج۱ ص۲۵)

۷۔۔۔ آپ کے جسم کا ہر عضو اقالیم ارض کے الگ الگ حصے سے بنایا گیا۔ چنانچہ آپ کا سر اقدس مکہ کی مٹی سے بنایا گیا، گردن احسن بیت المقدس کی مٹی سے، سینہ مہر گنجینہ عدن کی مٹی سے شکم و پشت ہندوستان کی مٹی سے، دست حق پرست مشرق کی مٹی سے اور قدم محترم مغرب کی مٹی سے بنائے گئے۔ باقی گوشت و پوست، رگ و پی، خون و غضاریف وغیرہ مختلف جگہوں کی مٹیوں سے۔
(مدارج النبوۃ ج۱ ص۲۵)

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت فرماتے ہیں کہ میں نے سید کائنات فخر موجودات علیہ الصلوات والتحیات سے پوچھا: یا رسول اللہ! حضرت حق جل وعلیٰ نے حضرت آدم صفی اللہ کو کس طرح پیدا فرمایا کہ ان کے فرزند ایک دوسرے سے نہیں ملتے جلتے؟ فرمایا: اے عبد اللہ بن عباس! حق سبحانہ اعظم شانہ نے آدم ؑ کے روئے روشن کو مکہ معظمہ کی مٹی سے بنایا، سر انور کو بیت المقدس کی خاک سے، مژگان دلستاں اور چشم کرم کو دنیا کی خاک سے، قدم محترم کو ہندوستان کی زمین سے، اعضاء کو جزیرہ سراندیپ کی مٹی سے

اور کمر کو مشہد کی خاک سے۔ پس اے عبد اللہ! اگر آدم ؑ کی خاک پاک ایک ہی جگہ سے لی جاتی تو آپ کے فرزندوں میں سے ہر ایک، ایک دوسرے سے پہچانا نہ جاتا سب ایک ہی شکل کے ہوتے۔ (ملفوظات خواجہ نظام الدین اولیاء ص۱۳۵)

۸۔۔۔ صناع عالم جل مجدہٗ نے آپ کی صورت کی تخلیق مکہ معظمہ اور طائف کے درمیان وادیٔ نعمان میں عرفات پہاڑ سے متصل فرمائی۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۲۸۵)

۹۔۔۔ آپ کا مشخص وجودی یعنی ڈھانچہ تیار ہونے کے چالیس سال بعد اس میں روح پھونکی گئی۔
(خزائن العرفان پ۲۹ سورۂ دہر، البدایہ ج۱ ص۸۶)

دوسرا قول ایک سو بیس سال کا ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت آدم ؑ کا مشخص وجودی چالیس سال تک "طین لازب" (چپکتی مٹی) کی شکل میں رہا۔ پھر چالیس سال تک "حماء مسنون" (سیاہ گارہ) کی شکل میں۔ پھر چالیس سال تک "صلصال" (کھنکتی مٹی) کی شکل میں رہا۔ اس طرح ایک سو بیس سال کا عرصہ گزر جانے کے بعد خالق کائنات نے اس میں روح نفخ فرمائی اور حضرت آدم ؑ کا وجود باوجود قضائے وجود میں آیا۔ (حاشیہ جلالین ص۳۸۳)

ایک روایت یہ بھی ہے کہ حق تقدس و تعالیٰ نے حضرت آدم ؑ کو چالیس ہزار سال تک اپنی نگاہ خاص میں رکھا۔
(مدارج النبوۃ ج۱ ص۲۵)

۱۰۔۔۔ آپ جمعہ کے دن اس جگہ کتم عدم سے منصۂ وجود میں آئے جہاں آج خانۂ کعبہ ہے۔
(تفسیر نعیمی ج۱ ص۳۰۹، ۳۱۸)

۱۱۔۔۔ سب سے پہلے سدرہ نشیں جبرائیل امین نے سجدہ کیا پھر میکائیل نے پھر اسرافیل نے پھر عزرائیل علیہم السلام نے پھر سارے فرشتوں نے سجدہ کیا۔ طاعت میں سبقت کرنے کی وجہ سے روح الامین کو سب سے بڑا درجہ عطا فرمایا گیا یعنی خدمت انبیاء۔
(خزائن العرفان پ۱ ع۴، تفسیر نعیمی ج۱ ص۳۰۹)

تفسیر نعیمی ہی میں تفسیر روح البیان کے حوالے سے مسطور و مذکور ہے کہ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے حضرت اسرافیل ؑ نے سجدہ کیا

پائیں سبب ان کی جبیں مبیں پر سارا قرآن لکھ دیا گیا۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۰۹)

۱۲۔۔۔ اس متعلق ائمہ تفسیر اختلاف رکھتے ہیں

(۱) یہ سجدہ روز جمعہ وقت زوال سے عصر تک کیا گیا۔ (۲) فرشتے سو برس تک سجدے میں گرے رہے۔ (۳) ملائکہ پانچسو برس سجدہ میں رہے۔

(خزائن العرفان پ ۱ ع ۴، تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۰۹، صاوی ج ۱ ص ۴۹)

ان اقوال مختلفہ کو اس طرح جمع کیا جا سکتا ہے کہ اولاً ملائکہ نے آدم علیہ السلام کو سجدہ کیا جس کا ابلیس پر تلبیس نے انکار کیا یہ سجدہ تھوڑی دیر تک رہا۔ پھر فرشتوں نے سر اٹھا کر دیکھا کہ شیطان نافرمان، آدم علیہ السلام کی طرف پیٹھ پھیرے کھڑا ہے، تب انہوں نے دوسرا سجدہ کیا اس سجدے کی توفیق رفیق کے شکر میں، یہ سجدہ رب الارباب جل وعلی کے لئے تھا اور سجدہ شکر تھا۔ پھر جب ملائکہ مقربین ساجدین نے سر اٹھایا تو دیکھا شیطان مردود، مطرود اور مقہور ہو چکا ہے، صورت مسخ ہو کر خنزیر کا سا جسم اور بندر کا سا چہرہ ہو گیا۔ تب فرشتوں نے ہیبت الٰہی سے ایک اور سجدہ کیا۔ یہ تینوں سجدے آدم علیہ السلام ہی کی طرف تھے مگر تینوں الگ الگ قسم کے اور ان کی مدتیں بھی علیحدہ علیحدہ۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۱۰)

۱۳۔۔۔ آپ کو ستر ہزار جنتی حلے پہنائے گئے۔ ایک تاج مرصع بدر شہوار، مکلل بیاقوت آبدار سر پر رکھا گیا۔ کمر کو جواہر و زواہر سے مزین، تخت عالی بخت پر بٹھا کر خراماں خراماں باغ جناں پہنچایا گیا۔ اس طرح کہ سات لاکھ ملائکہ بائیں سات لاکھ دائیں سات لاکھ آگے پیچھے صلوات و تحیات پیش کر رہے تھے۔ (معارج النبوۃ ص ۴۹)

۱۴۔۔۔ اس متعلق مختلف روایات وارد ہیں

(۱) گیہوں کا درخت تھا۔ (۲) وہ انجیر کا درخت تھا۔ (۳) وہ درخت انگور تھا۔ (۴) کوئی ایسا درخت تھا جس کے کھانے سے "رفع حاجت" کی ضرورت ہوتی ہے۔ اور جنت ان گندگیوں سے پاک ہے (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۲۰)

(۵) یا وہ کھجور کا درخت تھا (البدایہ والنہایہ ج ۱ ص ۷۳)

قول اول کو ترجیح حاصل ہے۔

۱۵۔۔۔ حضرت حوا رضی اللہ عنہا نے "شجر ممنوع" کے سات خوشے توڑے تھے۔ پہلے ایک خود نے کھایا۔ پانچ آدم علیہ السلام کو دیئے اور ایک محفوظ رکھا۔

(معارج النبوۃ ج ۱ ص ۴۳)

۱۶۔۔۔ جنت کا گیہوں بیل کے گردے کے برابر تھا۔ شیرۂ شہد سے زیادہ شیریں اور مکھن سے زیادہ لذیذ دل عزیز۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۲۰)

۱۷۔۔۔ حضرت علی مرتضٰی کرم اللہ وجہہٗ فرماتے ہیں کہ:

ایک روز افروز بارگاہ بے کس پناہ علیہ التحیۃ والثناء میں چند یہودی حاضر آئے اور پوچھا: یا رسول اللہ! ہم نے توریت میں لکھا دیکھا ہے کہ آپ کی امت پر تیس روزے فرض کیے گئے ہیں! آپ نے فرمایا: یہ ٹھیک ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام نے بہشت بریں میں جو دانہ گندم شیریں کھایا تھا وہ آپ کے شکم اطہر میں تیس روز تک رہا بایں سبب تیس روزے فرض کیے گئے۔

(الملفوظات نظام الدین اولیاء ص ۵۳)

۱۸۔۔۔ شجر ممنوع کا دانہ کھانا تھا کہ حلل نوری جسد نوری سے جدا ہو گئے۔ آپ رونے لگے اور از خود رفتگی میں بدن ایمن مستور فرمانے کو جس درخت کی جانب جاتے وہ درخت آپ سے دور ہوتے۔ بالآخر انجیر کے چار پتوں سے جسم مبارک کو چھپایا۔ خطاب مستطاب رب الارباب ہوا: اب بہشت سے باہر تشریف لے جایئے۔ حضرت آدم علیہ السلام دیدۂ نمناک اور سینۂ غمناک لئے حوا رضی اللہ عنہا کا ہاتھ تھامے باہر تشریف لائے۔ (معارج النبوۃ ج ۱ ص ۴۴)

بعضوں نے یہ بھی کہا ہے کہ آپ نے عود کے پتوں سے ستر پوشی کی تھی۔

(معارج النبوۃ ص ۴۴)

۱۹۔۔۔ اس متعلق ائمہ تفسیر و مؤرخان پاکیزہ تحریر اختلاف رکھتے ہیں کہ حضرت آدم و حوا علیہما السلام جنت سے دنیا دار الظلام میں کہاں اتارے گئے۔

(۱) حضرت آدم علیہ السلام ہندوستان میں شہر سراندیپ کے اس پہاڑ پر اتارے گئے جس کو "نود" کہتے ہیں حضرت حوا رضی اللہ عنہا ساحل دریائے ہند پر لائی گئیں اسی واسطے مہبطِ حوا کا نام جدہ رکھا گیا سور کو مرج الہند میں شیطان کو نیسان میں جو کہ بصرہ سے کچھ فاصلے پر ہے یا جہاں اب یاجوج و ماجوج کی دیوار قائم ہے اور سانپ کو سجستان یا اصفہان میں پھینکا گیا۔ (تفسیر نعیمی ج۱ص۳۳۰)

(۲) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: حضرت آدم علیہ السلام صفا پر اور حوا رضی اللہ عنہا مروہ پر اتارے گئے۔

(۳) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: حضرت آدم علیہ السلام ہند کے شہر وحنا میں اترے۔

(۴) ایک روایت میں ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام مکہ اور طائف کے درمیان اترے۔ (ابن کثیر پ۱ع۴)

(۵) بعضوں نے یہ بھی کہا ہے کہ حضرت حوا رضی اللہ عنہا مزدلفہ پر اتاری گئیں۔ اور بعض نے کہا عرفہ پر اور ابلیس خبیس کو ابلہ پر جو بصرہ یا جدہ کے قریب ایک پہاڑ ہے۔ (حاشیہ ۲ جلالین ص۱۳۱)

۲۰۔۔۔۔ اس تعلق سے ائمہ تفاسیر کے کئی اقوال ہیں

(۱) آپ دونوں نے بہشت بریں میں عالم آخرت کے نصف دن جو کہ دنیا کے پانچ سو سال کے برابر ہے۔ قیام کیا۔ (مدارج النبوۃ ج۱ص۴۲)

(۲) آپ دونوں خلد بریں میں ایک ساعت رہے، جنت کی یہ ایک ساعت ایک سو تیس سال کے برابر ہے۔ (ابن کثیر پ۱ع۴)

(۳) آپ دونوں کی فردوس بریں میں اقامت کی مدت سو سال ہے۔

(۴) بعض روایتوں میں مدت اقامت ساٹھ سال ہے۔ (البدایہ والنہایہ ج۱ص۸۰)

۲۱۔۔۔۔ فردوس بریں میں سب سے پہلے جس پھل کو آپ نے تناول فرمایا۔ وہ انگور، انجیر یا خورما تھا۔ (مدارج النبوۃ ج۱ص۴۱)

۲۲۔۔۔۔ وہ اشیاء مندرجہ ذیل ہیں

(۱) حجر اسود۔ (۲) عصائے موسیٰ۔ (۳) ہتھوڑا۔ (۴) سنڈاسی۔ (۵) اہرن۔ (۶) کچھ سونا چاندی۔ (۷) مختلف قسم کے بیج۔ (۸) تین قسم کے پھل ایک وہ جو پورے کھائے جاتے ہیں دوسرے وہ جنکا اوپری حصہ کھایا جاتا ہے اور گٹھلی پھینک دی جاتی ہے جیسے چھوہارے وغیرہ۔ تیسرے وہ جن کا اوپری حصہ پھینک دیا جاتا ہے اور اندرونی حصہ کھایا جاتی ہے۔ (تفسیر نعیمی ج۱ص۳۳۰)

(۹) جنتی درختوں کی پتیاں یا پھولوں کی پنکھڑیاں۔ (۱۰) بیلچہ۔ (۱۱) کدال۔ (۱۲) کندر یا صنوبر۔ (طبقات ابن سعد)

(۱۳) عود۔ (خوشبودار لکڑی) (۱۴) انگشتری سلیمانی۔ (صاوی ج۱ص۳۰)

۲۳۔۔۔۔ تین سو سال مفارقت رہی۔ (تفسیر نعیمی ج۲ص۲۹۷)

بروایت دیگر دو سو سال دونوں میں فراقت رہی۔ ایک روایت یہ بھی ہے کہ سو سال تک دونوں غربت و کربت میں مبتلا رہے۔ (مدارج النبوۃ ج۱ص۴۳)

۲۴۔۔۔۔ حق تعالیٰ جل مجدہ نے بعد قبولیتِ توبہ آپ دونوں کو نو، ذی الحجہ کو ملایا۔ حضرت آدم علیہ السلام نے حوا رضی اللہ عنہا کو پہچانا اس لئے اس روز مسرت افروز کا نام "عرفہ" رکھا گیا۔ اور جہاں ملایا اس مقام کا نام بنام "عرفات" مشہور ہوا۔ (تفسیر نعیمی ج۲ص۲۹۷)

۲۵۔۔۔۔ آپ کے قد سرمدی کی درازی ساٹھ ہاتھ تھی۔ آپ جب خلد بریں سے رونق افزائے دار دنیا ہوئے تو آپ بہت بلند قامت اور طویل الجسامت تھے کہ پائے پاک آپ کا زمین پر تھا اور سر اقدس آسمان سے متصل۔ پھر قادر مطلق عز اسمہ نے آپ کے قد پر مد کو چھوٹا کر دیا حتیٰ کہ ساٹھ ہاتھ رہ گیا اور آپ کے جسد نوری کا عرض سات ہاتھ تھا۔ (البدایہ والنہایہ ج۱ص۸۸ تا ۹۲)

۲۶۔۔۔۔ چالیس شبانہ روز کچھ نہیں کھایا پیا۔ ایک روایت میں چالیس سال ہے (مدارج النبوۃ ۲ص۳۷)

۲۷۔۔۔ آپ کو وسر اندیپ سے پاپیادہ چالیس بار خانہ کعبہ کی زیارت کو گئے۔ ملائکہ ہر جگہ انتظار قدوم میں چشم براہ تھے۔ (الحدائق فی الکمال ج۱ ص۲۹)

۲۸۔۔۔ آپ جب زیارت خانہ کعبہ کو چلتے تو ہر قدم محترم کا فاصلہ پچاس فرسخ کے برابر ہوتا تھا۔ ایک روایت میں ہے کہ تین شبانہ روز کی مسافت کا ہوتا تھا۔

(معارج النبوۃ ص۵۸)

۲۹۔۔۔ آپ تین سو سال تک اس قدر اشکبار رہے کہ جبرائیل علیہ السلام کو بھی آپ کے رونے پر رونا آتا اور انہوں نے بارگاہ الٰہی میں آپ کی سفارش و شفاعت کی۔ اور یہ بھی اکثر احادیث سے ثابت ہے کہ اگر تمام روئے زمین کے رونے والے جمع کئے جائیں تو گریہ آدم علیہ السلام افزوں تر ہو۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۳۲۷ تا ۳۳۲)

تفسیر الم نشرح میں ہے کہ آپ اپنی زلت پر دو سو برس روئے۔ (ص۷۸)

ایک اور روایت کے بموجب آپ ایک سو اسی سال تک روتے رہے۔ ستر سال تو اکل شجر پر ستر سال اپنی خطا پر اور چالیس سال قتل ہابیل پر۔

(البدایہ والنہایہ ۱-۸۰)

ایک اور روایت میں تین سو ستر سال ہے۔ (الملفوظات خواجہ نظام الدین اولیاء ص۳۴۲)

۳۰۔۔۔ اس متعلق مختلف اقوال وارد ہیں جو حسب ذیل ہیں

(۱) بعد اتصال آدم، حضرت حوا بیس بار حاملہ ہوئیں (علیہما السلام)۔ اور ہر حمل میں ایک لڑکا ایک لڑکی آپ سے متولد ہوئے یعنی کل چالیس بچے۔

(الاتقان ج۲ ص۱۹۰ تفسیر نعیمی ج۴ ص۳۱۶)

(۲) حضرت حوا رضی اللہ عنہا کے ہر حمل سے دو بچے ہوتے مگر حضرت شیث کہ رسول اللہ ﷺ کے اجداد میں ہیں تنہا پیدا ہوئے (یعنی کل انتالیس بچے، بیس صاحبزادے اور انیس صاحبزادیاں) (تفسیر الم نشرح ص۷۸)

(۳) چالیس بار حاملہ ہوئیں اور اسی بچے متولد ہوئے۔ (۴) ایک سو بیس بچے پیدا ہوئے۔ (معارج النبوۃ ص۶۱)

۳۱۔۔۔ بعض کے نام جو دستیاب ہوئے مندرجہ ذیل ہیں

اولاد ذکور:

(۱) قابیل (۲) ہابیل (۳) ایاد (۴) شبونہ (۵) ہند (۶) صرابیس (۷) محور (۸) سند (۹) بارق (۱۰) شیث (۱۱) عبد المغیث (۱۲) عبد الحارث (۱۳) ود (۱۴) سواع (۱۵) یغوث (۱۶) یعوق (۱۷) نسر (الاتقان فی علوم القرآن ج۲ ص۱۹۰)

(۱۸) عبد اللہ (۱۹) عبید اللہ (۲۰) عبید الرحمٰن۔ (حاشیہ ۱۴ جلالین ص۱۳۶)

اولاد اناث

(۱) اقلیما (۲) اشوف (۳) جزورہ (۴) عزورا (۵) امۃ المغیث۔

(الاتقان ج۲ ص۱۹۰)

(۶) لیوذا۔ (خزائن العرفان پ۶ ع۹)

۳۲۔۔۔ آپ کو سات لاکھ زبانوں کا علم تھا۔ اور ایک ہزار پیشوں میں مہارت تامہ رکھتے تھے مگر آپ نے زراعت وکاشت کا پیشہ اختیار فرمایا۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۲۹۱)

۳۳۔۔۔ آپ نے جبرائیل امین کے جنت سے لائے ہوئے گیہوں کے سات دانوں کی کاشت فرمائی۔ خالق المخلوقات تقدس وتعالیٰ نے ہر دانہ کے بدلے ایک لاکھ دانے اگائے۔ (البدایہ ج۱ ص۲۹۴)

ایک اور روایت کے بموجب روح الامین تین دانے لیکر آئے تھے۔ ان میں سے دو دانے آپ نے بوئے جس سے گندم کی فصل ہوئی اور ایک دانہ کو حوا رضی اللہ عنہا نے بویا جس سے جو کی فصل ہوئی۔ (معارج النبوۃ ج۱ ص۳۸ تا ۳۹)

اور ان مزروعہ دانوں کا وزن ایک لاکھ آٹھ سو درہم تھا۔ دوسرا قول ایک ہزار آٹھ سو درہم کا ہے۔ (معارج النبوۃ ج۱ ص۳۸)

۳۴۔۔۔ گندم کی فصل کاٹنے کے بعد آپ نے اس کی جو روٹی بنائی اس کی لمبائی چوڑائی پانچ سو گز تھی۔ (معارج النبوۃ ج۱ ص۳۹)

۳۵۔۔۔ آپ نے اس دار دنیا میں سب سے پہلے جو لباس زیب تن فرمایا وہ بھیڑ

کے بالوں کا تھا جسے آپ نے خود تیار کیا تھا۔ اپنے لئے ایک جبہ اور حضرت حوا کیلئے ایک لفافہ مثل قمیص کے اور ایک اوڑھنی۔ (البدایہ ج۱ ص۹۲ معارج النبوۃ ج۱ ص۴۸)

۳۶ــــ آپ کی زبان خلد بریں میں عربی تھی جب مرغزار بہشت سے مصیبت کدۂ دنیا میں تشریف لائے تو عربی زبان سلب کر لی گئی یا بھلا دی گئی۔ قبل از قبولیت توبہ آپ سریانی زبان میں گفتگو فرمایا کرتے تھے بعد اجابت توبہ پھر عربی زبان جنت نشان عطا ہوئی۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۳۴۰)

۳۷ــــ آپ جب جنت دار السلام سے دنیا دار الملام میں تشریف لائے تب آپ کے جسم مبارک کا رنگ سیاہ ہو گیا۔ بعد قبول توبہ آپ کو یہ حکم ہوا کہ چاند کی تیرہویں، چودہویں اور پندرہویں کا روزہ رکھیں۔ چنانچہ آپ نے یہ روزے رکھے اور ہر دن، تن رشک چمن کا تہائی حصہ اصل رنگ پر آتا رہا اور پندرہویں تاریخ کو تمام جسم پاک اپنے اصل رنگ پر آ گیا۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۳۳۹، ملفوظات خواجہ نظام الدین اولیاء ص۸)

۳۸ــــ آپ جب فردوس بریں میں اقامت پذیر تھے اس وقت آپ کی ریش مطہر کی طوالت ناف نزاہت تک تھی اور وہ بالکل سیاہ تھی۔ (البدایہ ج۱ ص۹۷)

۳۹ــــ آپ نے اپنی عمر شریف سے چالیس سال حضرت داؤد علیہ السلام کو عطا کر دیئے تھے پھر بھول گئے۔ بایں سبب بنی نوع انسان میں سہو و نسیان کی بیماری پیدا ہو گئی۔ (مشکوۃ ج۲ ص۴۰۰)

اس کا تفصیلی واقعہ یوں ہے:

جب پروردگار عالم تقدس و تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کی پشت مبارک سے تمام ذریت آدم کی ارواح نکالیں اور اپنی ربوبیت والوہیت کا اقرار لیا۔ تو ارواح بنی آدم کے اس اجتماع میں حضرت آدم علیہ السلام نے ایک کو خوب تر و تازہ اور نورانی دیکھ کر پوچھا: خدایا! ان کا نام کیا ہے۔؟ رب تبارک و تعالیٰ نے جواب فرمایا: داؤد۔! عرض کی: خداوندا! ان کی عمر کیا ہے۔؟ فرمایا: ساٹھ سال۔! عرض کی: خدایا! ان کی عمر بڑھا دے۔؟ فرمایا: نہیں۔! ہاں اگر تم اپنی عمر سے کچھ دینا چاہو تو دے

سکتے ہو۔! عرض کی: بندہ نواز! میری عمر کتنی ہے۔؟ فرمایا: ایک ہزار سال۔! عرض کی: خداوندا: میری عمر سے چالیس سال دے دیئے جائیں۔ چنانچہ دیدیئے گئے اور اس لین دین کو ضبط تحریر میں لایا گیا۔ جب آپ کی عمر شریف نو سو ساٹھ سال ہوئی تو ملک الموت بغرض قبض روح حاضر آئے۔ تو آدم علیہ السلام گویا ہوئے: خداوندا! میری عمر میں سے ابھی تو چالیس سال باقی ہیں۔! فرمایا: وہ تم تو اپنے بیٹے داؤد کو دے چکے ہو۔! پھر جس میں وہ لین دین محرر تھا۔ آپ کو دکھایا گیا۔

(ابن کثیر پ ۳ ع ۷، معارج النبوۃ ج۱ ص۵۵)

۴۰ــــ آپ نے گیارہ دن مرض الوفات میں مبتلا رہ کر عالم وصال کی طرف ارتحال فرمایا۔ (الکامل فی التاریخ ج۱ ص۳۰)

۴۱ــــ آپ نے جب اس دار دنیا سے کوچ فرما کر جوار رحمت الٰہی میں نزول کیا تو اس وقت آپ کی اولاد و احفاد کی تعداد ایک لاکھ تھی۔ (تفسیر نعیمی ج۴ ص۴۱۶)

ایک دوسری روایت کے بموجب اس وقت آپ کی اولاد (بیٹے پوتے وغیرہ) کی تعداد چالیس ہزار تھی (تفسیر نعیمی ج۱ ص۳۴۰)

ایک اور روایت کے مطابق آپ کے وصال حق کے وقت اولاد وغیرہ کی تعداد سات لاکھ تک پہنچ چکی تھی۔ (معارج النبوۃ ج۱ ص۶۱)

۴۲ــــ حضرت جبرائیل امین، جنت سے بہشتی بیری کے کچھ پتے اور مرکب خوشبو اپنے ساتھ لائے اور خود حضرت آدم علیہ السلام کو غسل دیا۔ خوشبو ملی۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۳۳۲)

۴۳ــــ آپ کی تجہیز و تکفین جبرائیل امین نے کی۔ اور کفن جنتی حلے کا تھا جو جبرائیل ہی لیکر آئے تھے۔ (تفسیر نعیمی ص۳۳۲)

آپ کا کفن تین کپڑوں کا تھا۔ (حاشیہ ۴ جلالین ص۱۳۱)

۴۴ــــ تجہیز و تکفین کے بعد آپ کی نعش مبارک کو فرشتے خانہ کعبہ میں لائے۔ ایک روایت میں یہ بھی وارد ہے کہ آپ کی نعش مبارک کو آپ کی اولاد میں سو ڈیڑھ سو آدمی کعبہ میں لائے۔ اور حضرت جبرائیل علیہ السلام کی امامت میں ملائکہ نے

نماز جنازہ ادا کی۔ نماز میں پڑھی جانے والی تکبیروں کی تعداد چار تھی۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۳۳۲)

ایک دوسری روایت کے بموجب نماز جنازہ حضرت شیث علیہ السلام نے پڑھائی۔ (البدایہ والنہایہ ص۹۸)

اور پڑھی جانے والی تکبیروں کے تعداد تیس تھی۔ پانچ تکبیریں نماز کی اور پچیس آپ کے نازو اعزاز میں پڑھی گئیں۔ (الکامل فی التاریخ ج۱ ص۲۲)

اور ایک روایت میں تکبیروں کی تعداد تین ہے۔ (معارج النبوۃ ج۱ ص۴۳)

۴۵ـــــ ائمہ تفسیر و مؤرخان پاکیزہ تحریر اس متعلق اختلاف رکھتے ہیں کہ آپ کی قبر انور کہاں ہے

(۱) مکہ معظمہ سے تین میل فاصلے پر، مقام منیٰ میں جہاں کہ حاجی لوگ قربانی کرتے ہیں۔ اسی جگہ پر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اسمٰعیل علیہ السلام کی قربانی پیش کی تھی۔ یہیں مسجد خیف سے متصل آپ کی قبر شریف ہے۔
(تفسیر نعیمی ج۱ ص۳۳۲)

(۲) آپ کی قبر شریف کوہ سراندیپ میں ہے۔
(مقدمہ معارج النبوۃ ص۳۶،۳۴، حاشیہ ۴ جلالین ص۱۳۱)

(۳) آپ کی قبر اس پہاڑ میں ہے جس پر آپ جنت سے اترے تھے۔

(۴) بعض نے کہا آپ کی قبر انور، غار جبل ابوقبیس میں ہے جسے "غار الکبر" کہتے ہیں۔

(۵) ابن جریر کہتے ہیں کہ حضرت نوح علیہ السلام نے طوفان کے موقعہ پر آپ کے اور حوا علیہا السلام کے تابوت شریف کو بیت المقدس میں لا کر دفن فرمایا۔ (الکامل فی التاریخ ج۱ ص۲۲)

(۶) ابن عساکر نے کہا ہے آپ کا سر اقدس مسجد ابراہیم کے پاس اور پاؤں مبارک صخرۂ بیت المقدس کے پاس ہے۔ (البدایہ ج۱ ص۹۸)

۴۶ـــــ جب آپ کی وفات ہوئی تو سات دنوں تک مخلوق روتی رہی اور اتنے ہی دن چاند و سورج گرہن میں رہے۔ (البدایہ والنہایہ ج۱ ص۹۸-۹۹)

۴۷ـــــ آپ کی عمر شریف سے متعلق کئی اقوال ہیں جو حسب ذیل ہیں۔

(۱) امام نووی کے نزدیک ہزار سال تک روئے زمین پر آپ کا زندہ رہنا مشہور ہے۔

(۲) ابن ابی خیثمہ کی تحقیق یہ ہے کہ آپ نو سو ساٹھ سال تک زندہ رہے۔ (الاتقان ج۲ ص۱۷۵)

(۳) آپ کی عمر شریف نو سو چالیس سال ہوئی۔ (حیوۃ الحیوان ص۳۳۶)

(۴) آپ کی عمر شریف نو سو چھتیس سال ہوئی۔ (ابن کثیر پ۱)

(۵) آپ کی عمر شریف لوح محفوظ میں ایک ہزار سال ہے اور تورات میں نو سو تیس سال۔ (البدایہ ج۱ ص۹۹)

حضرت حوا رضی اللہ عنہا سے متعلق سوالات

۱ـــ حضرت حوا رضی اللہ عنہا کی پیدائش تخلیق آدم کے کتنے دنوں بعد ہوئی۔؟

۲ـــ حضرت حوا رضی اللہ عنہا کی پیدائش کہاں ہوئی۔؟

۳ـــ حضرت حوا رضی اللہ عنہا کا نام "حوا" کیوں ہوا۔؟

۴ـــ حضرت حوا رضی اللہ عنہا کا قد کتنا لمبا تھا۔؟

۵ـــ حضرت حوا رضی اللہ عنہا کے کتنے گیسو تھے۔؟

۶ـــ حضرت حوا رضی اللہ عنہا، وفات آدم علیہ السلام کے بعد کتنے سال اس دنیا میں رہیں۔؟

۷ـــ حضرت حوا رضی اللہ عنہا کی عمر کتنی ہوئی۔؟

۸ـــ حضرت حوا رضی اللہ عنہا کی قبر شریف کہاں ہے۔؟

حضرت حوا رضی اللہ عنہا سے متعلق جوابات

۱ـــ حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش کے ایک ہفتہ بعد دوسرے جمعہ کو حضرت حوا رضی اللہ عنہا زینت بخش عالم ہوئیں۔ (تفسیر نعیمی ج ا ص ۳۱۳)

۲ـــ آپ کی جائے پیدائش میں اختلاف ہے

حضرت عبد اللہ ابن عباس اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں: حضرت حوا رضی اللہ عنہا جنت میں پیدا ہوئیں۔ سیدنا آدم علیہ السلام ایک دن سو رہے تھے کہ ان کی پسلی سے ان کو پیدا فرمادیا گیا۔

حضرت عمر فاروق و دیگر اصحاب کامل الصاب رضی اللہ عنہم نے روایت فرمائی ہے کہ فرشتوں نے حضرت آدم و حوا علیہما السلام کو نوری لباس پہنایا، ان کے سر پر تاج رکھا، سونے کے تخت عالی بخت پر بٹھایا، حضرت حوا رضی اللہ عنہا کو مختلف قسم کے زیوروں سے آراستہ پیراستہ کیا۔ اور ان دونوں کو جنت میں پہنچا دیا گیا۔ اس روایت سے معلوم و کشوف ہوا کہ حضرت حوا رضی اللہ عنہا کی پیدائش بھی زمین پر ہوئی۔ (تفسیر نعیمی ج ا ص ۳۱۸)

۳ـــ آپ کا نام "حوا" اس لئے ہے کہ یہ لفظ "حیّ" سے بنا ہے جس کے معنی ہیں زندہ۔ چونکہ آپ، زندہ انسان حضرت آدم علیہ السلام سے پیدا ہوئیں اس مناسبت سے آپ کا نام حوا رکھا گیا۔ یا یہ کہ آپ ہر زندہ انسان کی والدہ ہیں اسلئے آپ کو حوا۔ ۔ یہ۔ یا لفظ حوا "حُوتٌ" سے بنا ہے جس کے معنی ہیں سرخی مائل بسیاہی چونکہ ۔پ کے لبہائے لعلین و نازنین کا رنگ ایسا ہی تھا اس مناسبت سے آپ کا نام حو رکھ دیا گیا۔ (تفسیر نعیمی ج ص ۳۱۳)

۴ـــ آپ کا قد مبارک بھی ساٹھ ہاتھ لمبا تھا۔ (تفسیر نعیمی ج ا ص ۳۱۳)

۵۔۔۔ آپ کے سات سو گیسو تھے۔ (معارج النبوۃ ج ۱ ص ۴۱)

۶۔۔۔ آپ، حضرت آدم ؑ کے وصال حق کے بعد ساڑھے ساٹھ سال زندہ رہیں۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۱۳)

ایک دوسری روایت کے بموجب حضرت آدم ؑ کے رحلت فرمانے کے بعد صرف ایک [illegible] آپ دنیا میں رہیں۔ (الکامل فی التاریخ ج ۱ ص ۲۲)

۷۔۔۔ آپ کی عمر شریف نو سو ستانوے (۹۹۷) سال ہوئی۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۱۳)

۸۔۔۔ آپ کی قبر انور جدہ شریف میں ہے۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۳۲)

ہابیل اور قابیل سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ ہابیل اور قابیل کے ساتھ جو لڑکیاں پیدا ہوئیں تھیں انکے نام کیا تھے۔؟

۲۔۔۔ ہابیل اور قابیل نے قربانی کیلئے کیا کیا پیش کیا تھا۔؟

۳۔۔۔ جس وقت قابیل نے ہابیل کو قتل کیا تھا اس وقت دونوں کی عمر کتنی تھی اور آدم ؑ کی عمر کتنی تھی۔؟

۴۔۔۔ قابیل نے ہابیل کو کس جگہ قتل کیا تھا۔؟

۵۔۔۔ قابیل نے ہابیل کو کس طرح قتل کیا تھا۔؟

۶۔۔۔ قابیل نے ہابیل کو کس دن قتل کیا تھا۔؟

۷۔۔۔ جس وقت قابیل نے ہابیل کو قتل کیا تھا اس وقت آدم ؑ کہاں تھے۔؟

۸۔۔۔ قابیل، ہابیل کی لاش کتنے دنوں تک لیکر پھرتا رہا۔؟

۹۔۔۔ قابیل نے ہابیل کی لاش کو کس طرح دفن کیا تھا؟

۱۰۔۔۔ حضرت آدم ؑ کو قتل ہابیل کا علم کتنے دنوں بعد ہوا، اور کیسے۔؟

۱۱۔۔۔ حضرت آدم ؑ ہابیل کے غم میں کتنے سالوں تک روتے رہے۔؟

۱۲۔۔۔ قابیل کو قتل ہابیل کی سزا دنیا میں کیا ملی اور آخرت میں کیا ملے گی۔؟

۱۳۔۔۔ قابیل کی ہلاکت کیسے ہوئی۔؟

ہابیل اور قابیل سے متعلق جوابات

۱ـــــ حضرت حوا رضی اللہ عنہا کے ہر حمل میں ایک لڑکا اور ایک لڑکی متولد ہوتے تھے۔ قابیل کے ساتھ جو لڑکی ہوئی اسکا نام "اقلیما" تھا اور ہابیل کے ساتھ جو لڑکی ہوئی اسکا نام "لیودا" تھا۔ (خزائن ۶ پ ع۹)

ایک روایت یہ بھی ہے کہ ہابیل کے ساتھ پیدا ہونے والی لڑکی کا نام لیودا تھا۔

(حاشیہ ء اجلالین ص ۹۸)

۲ـــــ قابیل نے ایک انبار گندم اور ہابیل نے ایک بکری، قربانی کے لئے پیش کی تھی۔

(خزائن العرفان پ ۶ ع ۹)

ایک روایت یہ بھی ہے کہ ہابیل نے ایک گائے پیش کی تھی۔

(ابن کثیر پ ۶ ع ۹)

اس قربانی کا مختصراً واقعہ یوں ہے:

حضرت حوا رضی اللہ عنہا کے ہر حمل میں ایک لڑکا اور ایک لڑکی پیدا ہوتے تھے۔ اور طریقۂ عقد یوں تھا کہ ایک حمل کا لڑکا دوسرے حمل کی لڑکی سے منسوب کیا جاتا تھا۔ چونکہ آدمی صرف حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد میں منحصر تھے تو مناکحت کی اور کوئی سبیل نہ تھی۔ چنانچہ قابیل کے ساتھ اقلیما پیدا ہوئی جو حسن و جمال، خط و خال میں بے مثل تھی۔ اور ہابیل کے ساتھ لیودا پیدا ہوئی یہ اس قدر حسین نہ تھی۔

جب یہ چاروں بالغ ہوئے تو اسی دستور کے مطابق حضرت آدم علیہ السلام نے لیودا کو قابیل کیلئے نامزد کیا اور اقلیما کو ہابیل کیلئے۔ قابیل نے اس تجویز سے انحراف کیا اور کہا! میری بہن حسین ہے اور میرے ساتھ رحم میں رہی ہے میں اس کا حقدار ہوں: حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا: وہ تیرے ساتھ پیدا ہوئی لہٰذا تیری بہن ہے اس کے ساتھ تیرا نکاح حلال نہیں!۔ قابیل نے سرکشی کر کے کہا: یہ تو آپ کی تجویز و رائے ہے اللہ تعالیٰ نے یہ حکم نہیں دیا۔! آپ نے فرمایا: اچھا دونوں ایک ایک قربانی کرو جس کی قربانی مقبول ہو جائے وہی اقلیما کا حقدار ہے۔ اس زمانے میں جو قربانی مقبول ہوتی تھی آسمان سے ایک آگ آکر اس کو کھا لیا کرتی تھی۔

ہابیل قربانی کیلئے ایک بکری لایا کہ وہ بکریاں ہی پالتا تھا اور قابیل چونکہ کاشت کرتا تھا ایک انبار گندم لایا۔ ناگاہ ایک بجلی آئی اور بکری کو لے گئی قابیل کی قربانی چھوڑ گئی۔ قابیل کی آتش خشم و غضب جوش زن ہوئی تیرگی حسد دیدۂ بصیرت میں آئی اور قتل ہابیل کا عزم بالجزم کر لیا۔ (خزائن العرفان ۶ پ ع۹)

۳ـــــ قابیل نے جب ہابیل کو قتل کیا اس وقت قابیل کی عمر پچیس سال اور ہابیل کی عمر بیس سال تھی۔ (الکامل فی التاریخ ج ۱ ص ۱۸، عجائب القرآن ص ۹۵)

اور حضرت آدم علیہ السلام کی عمر شریف ایک سو پچیس سال تھی۔

(روح البیان ج ۲ ص ۵۵۵)

۴ـــــ قتل کا یہ سانحہ مکہ مکرمہ میں جبل ثور کے پاس یا حرا کی گھاٹی میں واقع ہوا تھا اور بعض کا قول ہے بصرہ میں، جس جگہ مسجد اعظم بنی ہوئی ہے۔

(عجائب القرآن ص ۹۵، روح البیان ج ۱ ص ۵۵۵)

۵ـــــ اس متعلق مختلف اقوال وارد ہیں کہ قابیل نے ہابیل کو کس طرح قتل کیا

(۱) حضرت ہابیل سوئے ہوئے تھے کہ قابیل نے ایک بھاری پتھر سے آپ کا سر کچل ڈالا۔

(۲) قابیل نے آپ کو لوہے سے وار کر کے مارا۔

(۳) بعض کہتے ہیں مثل درندے کے کاٹ کاٹ کر آپ کو شہید کیا۔

(۴) بعض یہ بھی کہتے ہیں قابیل نے گلا گھونٹ کر آپ کی جان لی۔

(۵) یہ بھی کہا گیا ہے کہ شیطان نے جب دیکھا کہ اسے قتل کرنے کا ڈھنگ نہیں آتا تو اس لعین نے ایک جانور کو پکڑا اور اس کا سر ایک پتھر پر رکھ کر اوپر سے

دوسرا پتھر زور سے دے مارا۔ جس سے وہ جانور اسی وقت مر گیا۔ یہ دیکھ کر قابیل نے بھی اپنے بھائی کے ساتھ یہی کیا۔

(۶) یہ بھی مروی ہے کہ چونکہ اب تک زمین پر کوئی قتل نہیں ہوا تھا تو قابیل نے اپنے بھائی کو زمین پر گرا کر کبھی اسکی آنکھیں بند کرتا اور کبھی اسے تھپڑا در گھونسے مارتا۔ یہ دیکھ کر ابلیس خبیس اس کے پاس آیا اور اسے بتلا دیا کہ ایک پتھر لیکر اس کا سر کچل ڈال۔ چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا۔ ابلیس لعین نے جب دیکھا کہ اس نے ہابیل کو کچل ڈالا تو یہ ملعون دوڑتا ہوا حضرت حوا رضی اللہ عنہا کے پاس آیا اور کہا: قابیل نے ہابیل کو قتل کر دیا۔ حضرت حوا نے پوچھا قتل کیا ہوتا ہے۔؟ اس نے کہا اب وہ نہ کھاتا پیتا ہے نہ بولتا چالتا ہے اور نہ ہلتا جلتا ہے۔ حضرت حوا نے کہا: شاید اسے موت آگئی۔ (ابن کثیر ۶ پ ع۹)

۶ـــ قتل کا یہ حادثہ منگل کے دن وقوع پذیر ہوا تھا۔

(عجائب القرآن، ملفوظات خواجہ نظام الدین اولیا ص ۱۷)

۷ـــ اس وقت حضرت آدم علیہ السلام حج بیت اللہ کیلئے مکہ معظمہ تشریف لے گئے تھے۔ (خزائن العرفان ۶ پ ع۹)

ایک روایت یہ بھی ہے کہ ہابیل جنگل میں بکریاں چرا رہا تھا اس کو آنے میں دیر لگ گئی تو انہیں بلانے کیلئے حضرت آدم علیہ السلام نے قابیل کو بھیجا۔ یہ ایک چھری اپنے ساتھ چھپا کر چلا اور راستے میں ہی دونوں بھائیوں کی ملاقات ہو گئی۔ قابیل نے کہا میں تجھے مار ڈالونگا کہ تیری قربانی قبول ہوئی میری نہ ہوئی۔ اس پر ہابیل نے کہا: اللہ متقیوں ہی کی قربانی قبول فرماتا ہے۔ اس پر وہ بگڑا اور چھری سے حملہ کر دیا۔ (ابن کثیر ۶ پ ع۹)

۸ـــ قتل ہابیل کے بعد، قابیل کو یہ فکر ہوئی کہ اب اس لاش کو کیا کروں اسی فکر میں چالیس روز تک پشت پر لاش کو لادے بیابان میں سرگرداں رہا۔

(روح البیان ج۱ ص ۵۵۵)

ایک روایت یہ بھی ہے کہ سال بھر تک اس لاش کو اپنے کاندھے پر لیکر پھرتا رہا۔

(ابن کثیر ۶ پ ع۹)

۹ـــ قابیل، بعد قتل ہابیل کے متحیر ہوا کہ اب اس لاش کو کیا کروں کیونکہ اس وقت تک کوئی انسان مرا ہی نہ تھا۔ پریشاں اس سمت ہر طرف پھرتا رہا۔ بالآخر ایک روز اس نے منظر دیکھا کہ دو کوّے آپس میں لڑے ان میں ایک نے دوسرے کو مار ڈالا پھر زندہ کوے نے اپنی منقار (چونچ) اور پنجوں سے گڑھا کر کے مردہ کوے کو لایا اور اس میں رکھ کر اس پر خاک ڈال دی کہ مردہ کوے کی لاش چھپ گئی۔ یہ دیکھ کر قابیل کو معلوم ہوا کہ مردے کی لاش کو دفن کرنا چاہیئے چنانچہ اس نے بھی اسی طرح ہابیل کو خاک میں دبا دیا۔ (خزائن العرفان ۶ پ ع۹)

۱۰ـــ حضرت آدم علیہ السلام نے زیارت حرم سے مراجعت فرمائی تو تمام صاحبزادے استقبال کو حاضر آئے مگر ہابیل نہ آیا۔ آپ نے ہابیل کو نہ پا کر اس کی جستجو کی مگر کہیں پتہ نہ چلا۔ آپ، سات شبانہ روز کوہ و صحرا میں تلاش ہابیل فرماتے رہے۔ آٹھویں شب کو آپ نے خواب میں دیکھا کہ ہابیل کھڑا پکار رہا ہے "یا ابتاہ الغیاث" آپ گھبرا کر چونک پڑے اور ایک چیخ مار کر بے ہوش ہو گئے۔ جب ہوش آیا تو روح الامین کو دیکھا کہ تشریف فرما ہیں۔ آپ نے بے تابانہ فرمایا: جبرائیل! ہابیل کی کیفیت سے کچھ واقف ہو؟ میں ابھی خواب میں اسے بحال مظلوم و بیچارہ دیکھ چکا ہوں اور وہ فریاد رسی چاہتا ہے۔ جبرائیل نے کہا: رب تعالیٰ فرماتا ہے "عظم اجرك" تمہارا ثواب زبردست ہو گیا کہ قابیل نے ہابیل کو قتل کر دیا ہے اور وہ اسی وجہ سے فریاد کرتا ہے مگر اس وقت سے اب تک کوئی اس کی فریاد کو نہ پہنچا اور اسی طرح وہ فریاد کناں روز قیامت اٹھے گا۔

آدم علیہ السلام جبرائیل کو ساتھ لیکر قبر ہابیل پر پہنچے اور اس قدر اشک غم بہائے کہ ملائکہ سماوی کے دل دہل گئے۔ (اوراق غم ص ۱۳)

۱۱ـــ حضرت آدم علیہ السلام قتل ہابیل کے غم میں چالیس سال تک روتے رہے۔ (البدایہ ج۱ ص ۸۰)

اور سو سال تک آپ کو ہنسی نہ آئی۔ (عجائب القرآن ص۹۶)

۱۲—— حضرت مجاہد کا قول ہے کہ قابیل کے ایک پیر کی پنڈلی کو ران سے لٹکا دیا گیا ہے اور اسکا منہ سورج کی طرف کر دیا گیا ہے کہ سورج کے گھومنے کے ساتھ ساتھ گھومتا رہتا ہے۔ جاڑوں اور گرمیوں میں آگ اور برف کے گڑھے میں وہ معذب ہے۔ (روح البیان ج۱ ص۵۵۶)

حضرت عبد اللہ سے مروی ہے کہ آخرت میں اس قتل کے کیفر کردار میں تمام عذاب جہنم کا نصف حصہ اس کیلئے مخصوص ہے۔ اور سب سے بڑا عذاب یہ ہے کہ زمین کے ہر قتل کا حصہ گناہ اسکے ذمے ہے۔ (ابن کثیر ج۲ پ۶)

۱۳—— قابیل کو اسی کے بیٹے نے جو کہ اندھا تھا پتھر مار مار کر ہلاک کر دیا۔

(روح البیان ج۱ ص۵۵۳)

حضرت ادریس علیہ السلام سے متعلق سوالات

۱—— حضرت ادریس علیہ السلام کی ولادت، حضرت آدم علیہ السلام کے وصال کے کتنے سال قبل ہوئی۔؟

۲—— حضرت ادریس علیہ السلام کا اصلی نام کیا ہے۔؟

۳—— حضرت ادریس علیہ السلام کا لقب "ادریس" کیوں ہوا۔؟

۴—— حضرت ادریس علیہ السلام کا سلسلہ نسب، حضرت آدم علیہ السلام تک کس طرح ہے۔؟

۵—— حضرت ادریس علیہ السلام، حضرت نوح علیہ السلام کے کیا لگتے ہیں۔؟

۶—— حضرت ادریس علیہ السلام نے کتنی عمر میں نکاح فرمایا اور آپ کی زوجہ محترمہ کا نام کیا ہے۔؟

۷—— حضرت ادریس علیہ السلام پر کتنے صحیفے نازل ہوئے۔؟

۸—— حضرت ادریس علیہ السلام کا ظاہری حیات کیساتھ جنت میں پہنچنے کا واقعہ کیا ہے؟

۹—— حضرت ادریس علیہ السلام ظاہری حیات کے ساتھ اب کہاں ہیں۔؟

۱۰—— حضرت ادریس علیہ السلام کی عمر اس وقت کتنی تھی جس وقت آپ آسمان پر اٹھا لئے گئے۔؟

۱۱—— حضرت ادریس علیہ السلام کس دن آسمان پر اٹھا لئے گئے۔؟

حضرت ادریس علیہ السلام سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ حضرت آدم کا عالم وصال کی طرف ارتحال فرمانے سے سو سال قبل، آپ رونق افزائے دار دنیا ہوئے۔ (حاشیہ جلالین ص ۲۷۰)

ایک دوسری روایت کے بموجب حضرت آدم علیہ السلام کے انتقال کے وقت آپ کی عمر شریف تین سو ساٹھ سال کی تھی۔ (معارج النبوۃ ج ۱ ص ۶۷)

۲۔۔۔ آپ کا اصلی نام اخنوخ ہے۔ (خزائن العرفان ۸ پ ع ۱۵)

حضرت وہب بن منبہ کہتے ہیں کہ آپ کا اصلی نام خنون ہے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۷۵)

۳۔۔۔ کتب الٰہیہ کی کثرت درس کے باعث آپ کا نام ادریس ہوا۔ (خزائن العرفان ۱۶ پ ع ۷)

یا اس وجہ سے کہ سب سے پہلے آپ ہی نے کتاب کا درس دیا۔ (صاوی ج ۳ ص ۳۲)

۴۔۔۔ حضرت آدم علیہ السلام تک آپ کا سلسلۂ نسب اس طرح ہے

ادریس ابن یارد ابن ملہلیل ابن قینان ابن انوش ابن شیث ابن آدم علیہم السلام۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۸۱۰)

علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اس طرح بیان فرمایا ہے۔

ادریس ابن یراد ابن مہلائیل ابن انوش ابن قینان ابن شیث ابن آدم علیہم السلام۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۷۵)

۵۔۔۔ آپ حضرت نوح علیہ السلام کے والد (لمک) کے دادا ہیں۔ (خزائن العرفان ۸ پ ع ۱۵)

ایک روایت یہ بھی ہے کہ آپ کا زمانہ حضرت نوح علیہ السلام کے بعد ہے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۷۵)

۶۔۔۔ آپ نے پینسٹھ سال کی عمر شریف میں بروخانامی عورت سے نکاح فرمایا اور ان سے ایک فرزند متولد ہوا جسکا نام متوشلخ رکھا۔ (معارج النبوۃ ج ۱ ص ۶۷)

۷۔۔۔ اللہ تقدس وتعالیٰ نے اپنے خزانہ کلام سے تیس صحیفے آپ پر نازل فرمائے۔

(خزائن العرفان ۱۶ پ ع ۷)

۸۔۔۔ حضرت کعب احبار وغیرہ سے مروی ہے کہ حضرت ادریس علیہ السلام نے ملک الموت سے فرمایا: میں موت کا مزہ چکھنا چاہتا ہوں کیسا ہوتا ہے۔ تم میری روح قبض کر کے دکھاؤ! ملک الموت نے اس حکم کی تعمیل کی اور روح قبض کر کے اسی وقت آپ کی طرف لوٹا دی۔ آپ زندہ ہو گئے پھر فرمایا: مجھے جہنم دکھاؤ، تاکہ خوف الٰہی زیادہ ہو۔ چنانچہ یہ بھی کیا گیا جہنم دیکھ کر آپ نے داروغہ جہنم حضرت مالک سے فرمایا: دروازہ کھولو! میں اس پر سے گذرنا چاہتا ہوں۔ داروغہ جہنم نے ایسا ہی کیا۔ آپ اس پر سے گزرے۔ پھر آپ نے ملک الموت سے فرمایا: مجھے جنت دکھاؤ۔ ملک الموت آپ کو جنت لے گئے۔ جنت کا دروازہ کھول کر آپ اندر داخل ہوئے۔ تھوڑی دیر انتظار کے بعد ملک الموت نے کہا: اب آپ واپس تشریف لائیے اور اپنے مقام پر چلئے۔ حضرت ادریس علیہ السلام نے فرمایا: اب میں یہاں سے کہیں نہ جاؤنگا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کل نفس ذائقۃ الموت تو وہ میں چکھ ہی چکا ہوں۔ اور اللہ کا فرمان وان منکم الا واردھا کہ ہر شخص کو جہنم پر سے گزرنا ہے تو میں گزر چکا۔ اب میں جنت میں پہنچ چکا ہوں اور جنت میں پہنچنے والوں کیلئے رب تعالیٰ نے فرمایا ہے وما ھم منھا بمخرجین کہ وہ جنت سے نکالے نہ جائیں گے۔ اب تم مجھے جنت سے چلنے کو کیوں کہتے ہو؟ اللہ تعالیٰ نے ملک الموت کو وحی فرمائی: حضرت ادریس نے جو کچھ کیا میرے اذن سے کیا اور میرے ہی اذن سے جنت میں داخل ہوئے لہٰذا انہیں چھوڑ دو وہ جنت میں ہی رہیں گے۔

(خزائن العرفان ۱۶ پ ع ۷)

۹۔۔۔ اس متعلق کئی اقوال وارد ہیں کہ آپ ظاہری حیات طیبہ کیساتھ کہاں موجود ہیں

(۱) حضرت کعب احبار وغیرہ سے مروی ہے کہ آپ جنت میں ہیں۔ (جیسا کہ گذرا)

(۲) بخاری ومسلم کی حدیث میں ہے سیدعالم ﷺ نے شب معراج میں آپ کو آسمان چہارم میں دیکھا۔ (خزائن العرفان پ ۱۶ ع ۷)

(۳) آپ چھٹے آسمان میں ہیں۔ (۴) آپ ساتویں آسمان میں ہیں۔

(حاشیہ ۱۶ جلالین ص ۲۷۵)

۱۰۔۔۔ ابن قتیبہ نے کہا ہے کہ اس وقت آپ کی عمر شریف تین سو پچاس سال تھی۔

(الاتقان ج ۲ ص ۱۷۵)

اور ایک روایت میں ہے کہ اس وقت آپ کی عمر چار سو سال تھی۔

(جلالین ص ۲۷۶ حاشیہ ۹)

۱۱۔۔۔ حضرت ادریس علیہ السلام دوشنبہ کے دن آسمان پر اٹھائے گئے تھے۔

(نزہۃ المجالس ج ۲ ص ۷۲)

حضرت نوح علیہ السلام سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ حضرت نوح علیہ السلام کی ولادت، حضرت آدم علیہ السلام کے انتقال کے کتنے دنوں بعد ہوئی۔؟
۲۔۔۔ حضرت نوح علیہ السلام کے والد اور دادا کا نام کیا ہے۔؟
۳۔۔۔ حضرت نوح علیہ السلام کی والدہ اور نانا کا نام کیا ہے۔؟
۴۔۔۔ حضرت نوح علیہ السلام اور حضرت ادریس علیہ السلام کے مابین زمانی فاصلہ کتنا ہے۔؟
۵۔۔۔ حضرت نوح علیہ السلام کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۶۔۔۔ حضرت نوح علیہ السلام کا لقب ”نوح“ کیوں ہوا۔؟
۷۔۔۔ حضرت نوح علیہ السلام کی کافرہ بیوی اور کافر بیٹے کا نام کیا تھا۔؟
۸۔۔۔ کشتی نوح کس لکڑی کی بنائی گئی تھی۔؟
۹۔۔۔ کشتی نوح (علیہ السلام) جن درختوں کی لکڑی سے بنائی گئی تھی وہ کتنے سالوں میں تیار ہوئے تھے۔؟
۱۰۔۔۔ حضرت نوح علیہ السلام کو کشتی بنانا کس نے سکھائی۔؟
۱۱۔۔۔ کشتی نوح کتنے سالوں میں بن کر تیار ہوئی۔؟
۱۲۔۔۔ حضرت نوح علیہ السلام نے یہ کشتی کس جگہ بنائی تھی۔؟
۱۳۔۔۔ کشتی نوح میں کتنے تختے لگائے گئے تھے۔؟
۱۴۔۔۔ کشتی نوح کے تختوں پر کیا لکھا گیا تھا۔؟
۱۵۔۔۔ کشتی نوح کا طول و عرض کتنا تھا اور اس کی اونچائی کتنی تھی۔؟
۱۶۔۔۔ کشتی نوح کی شکل کیسی تھی۔؟
۱۷۔۔۔ کشتی نوح میں کتنی منزلیں تھیں؟
۱۸۔۔۔ کشتی نوح کی کونسی منزل کس کے لئے مختص کی گئی تھی۔؟

۱۹ــــ کشتی نوح میں کتنے نبی سوار تھے۔؟
۲۰ــــ کشتی نوح میں کل کتنے افراد سوار تھے۔؟
۲۱ــــ کشتی نوح میں سوار ہونے والا سب سے پہلا پرندہ کونسا تھا۔؟
۲۲ــــ کشتی نوح میں سب کے آخر میں سوار ہونے والا جانور کونسا تھا۔؟
۲۳ــــ کشتی نوح میں ابلیس کس طرح سوار ہوا تھا۔؟
۲۴ــــ کس وعدہ کے تحت سانپ اور بچھو کو کشتی میں سوار کیا گیا تھا۔؟
۲۵ــــ طوفان نوح کی آمد کی نشانی کیا بتلائی گئی تھی۔؟
۲۶ــــ طوفان نوح کا آغاز کس ماہ کی کس تاریخ کو ہوا تھا۔؟
۲۷ــــ طوفان نوح کتنے دنوں تک جاری رہا۔؟
۲۸ــــ طوفان نوح میں برسنے والے ہر قطرہ میں کتنا پانی ہوتا تھا۔؟
۲۹ــــ کشتی نوح، بیت اللہ کا طواف کتنے دنوں تک کرتی رہی۔؟
۳۰ــــ کشتی نوح دوران گشت کہاں رکی تھی اور کیوں۔؟
۳۱ــــ طوفان نوح کا پانی بلند پہاڑوں سے کتنا اونچا تھا۔؟
۳۲ــــ حضرت نوح علیہ السلام کشتی میں کس ماہ کی کس تاریخ کو سوار ہوئے تھے اور کشتی، پہاڑ پر کس تاریخ کو ٹھہری تھی۔؟
۳۳ــــ کشتی نوح کس پہاڑ پر لنگر انداز ہوئی اور یہ پہاڑ کہاں ہے۔؟
۳۴ــــ جودی پہاڑ کی بلندی کتنی ہے۔؟
۳۵ــــ حضرت نوح علیہ السلام کو طوفان کا پانی خشک ہونے کی خبر کیسے ملی۔؟
۳۶ــــ طوفان نوح کے بعد آباد ہونیوالی سب سے پہلی بستی کا نام کیا ہے۔؟
۳۷ــــ طوفان نوح کے بعد اگنے والا سب سے پہلا درخت کونسا ہے۔؟
۳۸ــــ طوفان نوح کے بعد نوح علیہ السلام اس دنیا میں کتنے سال رہے۔؟
۳۹ــــ حضرت نوح علیہ السلام کی عمر شریف کتنی ہوئی۔؟
۴۰ــــ حضرت نوح علیہ السلام کی قبر انور کہاں ہے۔؟

حضرت نوح علیہ السلام سے متعلق جوابات

۱ــــ ابن جریر نے بیان کیا ہے:

حضرت آدم علیہ السلام کے وصال حق کے ایک سو چھبیس سال بعد حضرت نوح علیہ السلام کتم عدم سے فضائے وجود میں آئے۔
(الاتقان ج ۲ ص ۱۷۵)

۲ــــ آپ کے والد ماجد کا نام لمک ہے اور جد امجد کا نام متوشلخ بن اخنوخ علیہ السلام یہ اخنوخ، حضرت ادریس علیہ السلام کا نام ہے۔ (خزائن العرفان ۸ پ ع ۱۵۔ الاتقان ج ۲ ص ۱۷۵)

۳ــــ آپ کی والدہ محترمہ کا نام سمہا اور نانا جان کا نام انوش ہے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۸۹)

۴ــــ حضرت ادریس علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کے مابین ایک ہزار سال کا فاصلہ ہے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۷۶)

۵ــــ نوح آپ کا لقب ہے۔ آپ کے اصلی نام کے تحت مختلف اقوال منقول ہیں۔

(۱) عبد الغفار (الاتقان ج ۲ ص ۱۷۵) (۲) عبد اللہ (۳) یشکر۔ (حاشیہ جلالین ص ۲۸۸)
(۴) عبد الجبار۔ (حیوۃ الحیوان ج ۱ ص ۱۱)

۶ــــ آپ کا لقب نوح ہونے کی کئی وجوہات بیان کی گئی ہیں۔

(۱) اس وجہ سے کہ "نوح" کے معنی ہیں "رونا"۔ چونکہ آپ اپنی امت کے گناہوں پر بکثرت روتے تھے۔ کثرت گریہ وبکاہ کی وجہ سے آپ کا لقب نوح ہوا۔ (حیوۃ الحیوان ج ۱ ص ۱۱)

(۲) یا اس وجہ سے کہ آپ اپنے نفس پر بکثرت بکاہ کرتے تھے۔
(الاتقان ج ۲ ص ۱۷۵)

(۳) یا اس وجہ سے کہ ایک بار آپ اپنے بیٹے کنعان کی نجات سے متعلق بارگاہ رب ذوالمنن میں عرض گذار ہوئے: اے اللہ! تو نے مجھ سے میرے گھر والوں کی نجات کا وعدہ فرمایا۔؟ رب الارباب جل وعلیٰ نے فرمایا: اے نوح! وہ تیرے گھر والوں میں نہیں ہے اس کے افعال و اعمال بڑے نالائق ہیں تو اکی نجات کی دعا مت کر تجھے نہیں معلوم وہ نجات کے لائق ہے یا نہیں۔! آپ اسی بات پر روتے تھے۔ (معارج النبوۃ ج ۱ ص ۶۸)

شیخ ابو منصور ماتریدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ حضرت نوح علیہ السلام کا بیٹا کنعان منافق تھا وہ آپ کے سامنے خود کو مومن ظاہر کرتا تھا اگر وہ اپنا کفر ظاہر کر دیتا تو آپ اللہ سے اس کی نجات کی دعا نہ کرتے۔ (خزائن العرفان ۱۲ پ ع ۴)

(۴) یا اس وجہ سے آپ کا لقب نوح ہوا کہ ایک بار آپ کا گزر ایک خارش زدہ کتے پر ہوا آپ نے دل میں سوچا کتنا بدشکل ہے اتنا خیال پیدا ہوتا تھا کہ اللہ نے وحی فرمائی: تو نے مجھے عیب لگایا یا میرے کتے کو کیا تو اس سے اچھا پیدا کر سکتا ہے۔؟ اس کے بعد آپ اپنے اس خیال پر روتے تھے۔

(صاوی ج ۳ ص ۱۹۲، معارج النبوۃ ج ۱ ص ۶۸)

(۵) یا اس وجہ سے کہ طوفان کے بعد ابلیس خبیس آپ کے پاس آیا اور کہنے لگا: آپ نے میرا ایک بہت ہی بڑا کام کر دیا۔ آپ نے فرمایا: وہ کیا ہے۔؟ اس لعین نے کہا: میں اور میرے حواری ہر آدمی کے پیچھے آخری دم تک اس کو دوزخی بنانے میں لگے رہتے ہیں۔ آپ نے دعا کی اور یکبارگی پوری قوم کو غرقاب کر کے واصل جہنم کر دیا۔ مجھے اور میرے معاونین کو محنت و مشقت سے بچا لیا۔ آپ اسی بات پر روتے اور کہتے: کاش میں قوم کی ایذا رسانی پر صبر کرتا اور دعائے ہلاکت نہ کرتا۔ (معارج النبوۃ ج ۱ ص ۶۸)

۷۔۔۔ آپ کی کافرہ بیوی کا نام "واعلہ" تھا۔ (خزائن العرفان ۱۲ پ ع ۴) یا "والعہ" تھا۔

(الاتقان ج ۲ ص ۱۸۹)

اور کافر بیٹے کا نام کنعان یا یام تھا۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۸۷) بعض نے بلیطون کہا ہے۔

(معارج النبوۃ ج ۱ ص ۷۲)

۸۔۔۔ یہ کشتی "سال" کی لکڑی کی تھی۔ (خزائن العرفان پ ۱۲ ع ۴)

بقول دیگر یہ کشتی صنوبر کی تھی۔ (البدایہ ج ۱ ص ۱۱۰)

۹۔۔۔ بحکم الٰہی، نوح علیہ السلام نے درخت بوئے اور بیس سال میں یہ درخت تیار ہوئے۔ (خزائن العرفان ۱۲ پ ع ۴)

ایک روایت میں ہے کہ چالیس سال کے بعد وہ درخت کاٹے گئے اور ایک روایت میں سو سال ہے۔ (البدایہ ج ۱ ص ۱۱۰)

۱۰۔۔۔ اللہ رب العزت نے جبرائیل کو بھیجا جنہوں نے آپ کو کشتی بنانا سکھائی۔ (صاوی)

۱۱۔۔۔ یہ کشتی دو سال میں تیار ہوئی (خزائن العرفان ۱۲ پ ع ۴)

ایک روایت میں چالیس سال اور ایک روایت میں سو سال ہے۔

(ابن کثیر ۱۲ پ ع ۴)

۱۲۔۔۔ یہ کشتی، نوح علیہ السلام نے مسجد کوفہ کے پاس بنائی تھی۔ (حاشیہ ۳ جلالین ص ۱۸۳)

۱۳۔۔۔ کشتی نوح میں ایک لاکھ چوبیس ہزار چار تختے لگائے گئے تھے۔

(معارج ص ۸ رکن دوم، نزہۃ المجالس ق ۵ ص ۳۳)

۱۴۔۔۔ کشتی نوح کے ایک لاکھ چوبیس ہزار اور چار تختوں میں سے ہر ایک تختہ پر ایک نبی کا نام لکھا گیا اس طرح ایک لاکھ چوبیس ہزار تختوں پر ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کرام علیہم الصلوۃ والسلام کے نام درج کیے گئے باقی چار تختوں پر چار خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم کے نام تحریر کیے گئے۔ یہ تمام نام حضرت جبرائیل علیہ السلام بالترتیب بتائے گئے اور حضرت نوح علیہ السلام لکھتے گئے۔ (معارج ۸ رکن دوم، نزہۃ المجالس ق ۵ ص ۳۴)

۱۵۔۔۔ اس متعلق مختلف اقوال وارد ہیں

(۱) اس کشتی کی لمبائی تین سو گز۔ چوڑائی پچاس گز اور اونچائی تیس گز تھی۔

(خزائن العرفان ۱۲ پ ع ۴)

(۲) اس کی لمبائی اسی ہاتھ تھی اور چوڑائی پچاس ہاتھ

(۳) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: طول بارہ سو ہاتھ تھا اور عرض چھ سو ہاتھ

(۴) حضرت قتادہ کا کہنا ہے: اسکی لمبائی تین سو ہاتھ تھی۔

(۵) ایک روایت میں یہ ہے کہ اس کی لمبائی دو ہزار ہاتھ اور چوڑائی ایک سو ہاتھ تھی (ابن کثیر ۱۲ پ ع ۴)

اور حضرت ابن عباس رضی عنہما کی ایک دوسری روایت ہے کہ اس کشتی کی لمبائی چھ سو ساٹھ گز۔ چوڑائی تین سو تیس گز اور اونچائی تینتیس گز تھی۔

(معارج النبوۃ ج ۱ ص ۷۱)

۱۶ــــ اس کشتی کا نقشہ شکل مرغی کی طرح تھا۔ اس کا سر، مور کے سر کی طرح، سینہ، سینۂ بلخ، دوسری روایت میں سینۂ کبوتر کی طرح اور دم، مرغ کی دم کی طرح۔

(معارج النبوۃ ج ۱ ص ۷۱)

۱۷ــــ اس کشتی میں تین منزلیں تھیں اور ہر منزل دس ہاتھ اونچی تھی۔ (ابن کثیر پ ۱۲ ع ۴)

۱۸ــــ اس کشتی کی منزلیں اس طرح تقسیم کی گئی کہ طبقۂ زیریں میں: وحوش، درندے اور ہوام، درمیانی طبقہ میں چوپائے وغیرہ اور طبقہ اعلیٰ میں خود حضرت نوح علیہ السلام اور آپ کے متبعین۔ پرندے اور سامانِ خورد و نوش بھی اوپر ہی کے طبقہ میں تھے۔ (خزائن العرفان ۱۲ پ ع ۴)

ایک قول یہ ہے کہ پہلی منزل میں وحوش دوسری میں اشیائے خوردنی اور تیسری میں مؤمنین تھے۔ اور ایک قول یہ بھی ہے کہ پہلی منزل میں چوپائے اور جنگلی جانور۔ دوسری میں مرد و عورتیں اور تیسری میں پرندے تھے۔

(ابن کثیر پ ۱۲ ع ۴، حاشیہ ۹ جلالین ص ۱۸۳)

۱۹ــــ دو، حضرت آدم اور حضرت نوح علیہما السلام۔ حضرت نوح نے اس کشتی میں حضرت آدم کا تابوت رکھ لیا تھا اور تابوت کے ایک جانب مرد اور دوسری جانب

عورتوں کو بیٹھا لیا۔ (الملفوظ ص ۳۷ حصہ اول)

۲۰ــــ اس تعلق سے کئی اقوال منقول ہیں

(۱) حضرت مقاتل نے کہا ہے کل بہتر مرد و عورت تھے۔ (خزائن العرفان)

(۲) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے اسی افراد تھے۔ نصف مرد اور نصف عورتیں۔

(۳) کل بارہ آدمی تھے۔ حضرت نوح علیہ السلام کے تین صاحبزادے مع اپنی اپنی بیویوں کے۔ اور چھ دیگر مومن مرد و عورتیں۔ (جلالین ص ۱۸۳)

(۴) بعض نے کہا ہے کل نو افراد تھے۔ تین آپ کے صاحبزادے یعنی حام، سام، یافث۔ چھ دیگر۔

(۵) بعض نے نو کی تعداد اولاد نوح کے علاوہ بتلائی ہے۔ (صاوی)

(۶) ایک قول دس افراد کا ہے۔

(۷) اور ایک قول یہ ہے کہ کل سات اشخاص تھے۔ تین آپ کے صاحبزادے اور ان کی بیویاں اور ایک یام (آپکا کافر بیٹا) کی بیوی۔ (ابن کثیر ۱۲ پ ع ۴)

(۸) ایک قول اٹھہتر کا بھی ہے (حاشیہ ۴ جلالین ۲۳۶)

(۹) تیس اور اٹھاسی کے بھی اقوال منقول ہیں۔ (معارج النبوۃ ج ۱ ص ۷۳)

۲۱ــــ اس کشتی میں پرندوں کی جنس میں سے سب سے پہلے طوطا سوار ہوا تھا۔

(البدایہ ج ۱ ص ۱۱۱، ابن کثیر پ ۱۲ ع ۴)

اور امام قرطبی کہتے ہیں کہ سب سے پہلے کشتی میں جو جانور سوار ہوا تھا وہ مرغابی ہے۔ (نزہۃ المجالس ق ۱ ص ۸۹)

۲۲ــــ اس کشتی میں چوپاؤں میں سے گدھا ہے جو سب سے بعد سوار ہوا تھا۔

(البدایہ ج ۱ ص ۱۱۱، ابن کثیر پ ۱۲ ع ۴)

۲۳ــــ اس کشتی میں ابلیس پر تبلیس، گدھے کی دم میں لٹک کر سوار ہوا تھا۔ جب گدھا کشتی میں سوار ہونے لگا اس کے دونوں اگلے پاؤں کشتی میں تو آگئے لیکن جب

اس نے اپنا پچھلا دھڑ اٹھانا چاہا تو لاکھ کوشش کے باوجود اٹھا نہ سکا کیونکہ دم پر اس ملعون کا بوجھ تھا۔ ادھر حضرت نوح علیہ السلام جلدی کر رہے تھے۔ جب آپ نے گدھے کی اس پریشانی کو ملاحظہ فرمایا تو کہا: آجا! گو تیرے ساتھ ابلیس لعین بھی ہو۔! تب وہ چڑھ گیا اور ابلیس بھی اسکے ساتھ چڑھ آیا۔ (ابن کثیر پ ۱۲ ع ۴، معارج النبوۃ ج ۱ ص ۷۲)

۲۴ــــ جب سانپ اور بچھو کشتی میں سوار ہونے لگے تو حضرت نوح علیہ السلام نے ان دونوں کو سوار کرنے سے منع فرمادیا۔ تب ان دونوں نے کہا: ہمیں سوار کر لیجئے! ہم یہ وعدہ کرتے ہیں کہ وہ جو شخص سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ پڑھے گا ہم اسے ضرر نہیں پہنچائیں گے۔ (معارج النبوۃ ۱۷، غرائب القرآن ۱۰۷، نزہۃ المجالس ق ۳ ص ۵۰)

۲۵ــــ تنور کا جوش مارنا طوفان آنے کی علامت بتلائی گئی تھی۔ اب اس میں چند قول ہیں کہ تنور کے جوش مارنے سے کیا مراد ہے۔؟

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

تنور کے ابلنے سے مراد ہے روئے زمین سے چشمے پھوٹ نکلنا۔ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے: "تنور" سے مراد صبح نکلنا اور فجر کا روشن ہونا ہے۔ (ابن کثیر پ ۱۲ ع ۴)

یا "تنور" سے مراد یہی تنور ہے جس میں روٹی پکائی جاتی ہے۔ اس صورت میں پھر اختلاف وارد ہے کہ یہ تنور کہاں تھا۔ ایک قول یہ ہے کہ یہ تنور پتھر کا تھا حضرت حوا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا، جو آپ (نوح علیہ السلام) کو ترکہ میں پہنچا تھا اور یہ ملک شام یا ہند میں تھا۔ (خزائن العرفان پ ۱۲ ع ۴)

حضرت مجاہد اور شعبی کہتے ہیں کہ: یہ تنور کوفے میں تھا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے ہند میں ایک نہر کا نام ہے۔ قتادہ کا قول ہے جزیرہ میں ایک نہر ہے جسے "عین الوردہ" کہتے ہیں۔ (ابن کثیر پ ۱۲ ع ۴)

۲۶ــــ رجب کی پہلی تاریخ سے طوفان نازل ہونا شروع ہوا اور دسویں رجب کو کشتی میں سوار ہوئے۔ (الملفوظ حصہ ۳، ۷۳، خزائن العرفان پ ۱۲ ع ۴)

۲۷ــــ چالیس شبانہ روز آسمان سے مینہ برستا رہا اور زمین پانی اگلتی رہی۔ (خزائن العرفان پ ۱۲ ع ۴)

۲۸ــــ اس طوفان کی بارش کا ہر قطرہ ایک مشک کے برابر تھا۔ (معارج النبوۃ ۱۲-۷۴)

۲۹ــــ چالیس دنوں تک کشتی نوح بیت اللہ شریف کا طواف کرتی رہی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اسے جودی کی طرف روانہ کر دیا۔ (ابن کثیر ۱۲ پ ع ۴)

بعض کہتے ہیں کہ سات روز۔ (معارج النبوۃ ج ۱ ص ۷۴)

۳۰ــــ صاحب کنز الغرائب لکھتے ہیں:

کشتی نوح تمام روئے زمین پر گشت کرتے کرتے جب زمین کربلا پر پہنچی تو رک گئی۔ حضرت نوح علیہ السلام نے جناب باری میں عرض کی: الٰہی! یہ کیا مقام ہے اور کشتی ٹھہرنے میں کیا مصلحت۔؟ جواب ملا: یہ وہ مقام ہے جہاں اہل بیت اطہار کی کشتی گرداب خون میں غرقاب ہو گی اور میرے محبوب کے جگر گوشے اس مقام سے جام شہادت پی پی کر مجھ سے مواصلت کریں گے۔ (اوراق غم ص ۱۴)

۳۱ــــ طوفان کا پانی سب سے بلند پہاڑ سے بھی تیس گز اونچا تھا۔ (الملفوظ ص ۷۳)

بقول دیگر بڑے بڑے پہاڑوں کی چوٹیوں سے پندرہ گز بروایت دیگر چالیس گز اونچا تھا۔ (حاشیہ ۳ جلالین ص ۳۳۶، معارج النبوۃ ج ۱ ص ۷۳)

ایک قول یہ بھی ہے کہ پانی پہاڑوں سے اسی میل اوپر تھا۔ (ابن کثیر پ ۱۲ ع ۴)

۳۲ــــ حضرت نوح علیہ السلام کشتی میں دسویں رجب کو بیٹھے اور دسویں محرم کو کشتی جودی پہاڑ پر ٹھہری۔ (خزائن العرفان ج ۱۲ ص ۴)

حضرت قتادہ وغیرہ فرماتے ہیں کہ رجب کی دسویں تاریخ کو مسلمان اس میں بیٹھے تھے اور پانچ ماہ تک اسی میں رہے انہیں لیکر کشتی جودی پر مہینہ بھر تک ٹھہری رہی۔ آخر عاشورہ کے دن وہ سب اس میں سے اترے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول ہے: حضرت نوح علیہ السلام مع اپنے متبعین کے ایک سو پچاس دنوں تک کشتی میں رہے۔ اللہ تعالیٰ نے کشتی کا منہ مکہ شریف کی

طرف کر دیا۔ یہاں وہ کشتی چالیس دن تک کعبہ شریف کا طواف کرتی رہی۔ پھر اللہ تقدس وتعالیٰ نے اس کا رخ جودی کی طرف کر کے روانہ کر دیا۔ جہاں وہ ٹھہر گئی اور بقول اہل توراۃ کے، ساتویں مہینے کی سترہویں تاریخ کو کشتی جودی پر لگی دسویں مہینے کی پہلی تاریخ کو پہاڑوں کی چوٹیاں کھل گئیں اسکے چالیس دن بعد کشتی کے روزن پانی کے اوپر دکھائی دینے لگے پھر آپ نے کوے کو پانی کی تحقیق کے لئے بھیجا وہ پلٹ کر نہ آیا۔ آپ نے کبوتر کو بھیجا جو واپس آیا۔ پھر سات دن کے بعد اسے دوبارہ بھیجا۔ شام کو زیتوں کا پتہ لئے ہوئے واپس لوٹا۔ پھر سات دن کے بعد اسے بھیجا۔ اب کی بار وہ نہ لوٹا۔ آپ سمجھ گئے کہ زمین بالکل خشک ہو چکی ہے۔ الغرض پورے ایک سال بعد حضرت نوح علیہ السلام نے کشتی کا سرپوش اٹھایا اور باہر تشریف لائے۔ (ابن کثیر پ ۱۲ ع ۴)

اور ایک روایت میں ہے کہ بارہویں رجب بروز چہار شنبہ کو کشتی میں سوار ہوئے تھے (نزہۃ المجالس ق ۵ ص ۳۴)

۳۳—— یہ کشتی جودی پہاڑ پر ٹھہری جو موصل یا شام کے حدود میں واقع ہے۔ (خزائن العرفان پ ۱۲ ع ۴)

حضرت مجاہد فرماتے ہیں: یہ جزیرہ میں ایک پہاڑ ہے سب پہاڑ ڈبو دیئے گئے تھے لیکن یہ پہاڑ بوجہ اپنی عاجزی اور تواضع کے غرق ہونے سے بچ رہا تھا۔ یہیں کشتی لنگر انداز ہوئی۔ (ابن کثیر پ ۱۲ ع ۴)

بعض کا کہنا ہے کہ طور پہاڑ کو ہی جودی کہتے ہیں۔ (ابن کثیر ۱۲ پ ع ۴)

۳۴—— کوہ جودی کی بلندی چالیس ہاتھ تھی۔ (صاوی)

۳۵—— طوفان رک جانے اور پھر کشتی جودی پر لنگر انداز ہونے کے بعد حضرت نوح علیہ السلام نے روئے زمین کی خبر لانے کا ارادہ فرمایا۔ آپ نے کوے کو بھیجا۔ کوا ایک مردار کو دیکھ کر اس پر گر پڑا اور واپس نہ آیا۔ آپ نے اس کے لئے ہمیشہ ڈرتے رہنے کی بد دعا دی اس لئے وہ گھروں سے مانوس نہیں ہوتا۔ پھر آپ نے

کبوتر کو بھیجا۔ وہ زمین پر نہیں اترا بلکہ ملک سبا سے زیتون کی ایک پتی چونچ میں لیکر آیا۔ آپ نے پھر اسے دوبارہ بھیجا تو کبوتر مکہ مکرمہ میں حرم کعبہ کی زمین پر اترا اور سرخ رنگ کی مٹی لیکر واپس آیا۔ حضرت نوح علیہ السلام اس سے سمجھ گئے کہ طوفان کا پانی خشک ہو چکا ہے۔ آپ نے کشتی کا سرپوش اٹھایا اور آواز آئی کہ اے نوح ہماری نازل کردہ سلامتی کیساتھ اب اتر آؤ!" (ابن کثیر ۱۲ پ ع ۴)

۳۶—— آپ کوہ جودی سے نیچے تشریف لائے اور وہیں ایک بستی کی بنیاد ڈالی اس کا نام "سوق الثمانین" رکھا۔ (الملفوظ حصہ اول ص ۷۳)

یہاں ایک دن میں اسی زبانیں جاری ہوگئیں کسی کی عربی، کسی کی فارسی وغیرہ۔ تب سے اس جگہ کا نام بابل ہوا یعنی اختلاف کی جگہ۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۶۸۲)

۳۷—— طوفان نوحی کے بعد زمین پر جو پہلا درخت اگا وہ زیتون کا ہے۔
(حاشیہ ۶ جلالین ص ۲۹۹)

۳۸—— آپ طوفان کے بعد ساٹھ سال اس دنیا میں رہے۔ (خزائن العرفان ج ۱۲ ص ۴)

بروایت دیگر آپ بعد طوفان اس دنیا میں دو سو پچاس سال رہے (حاشیہ جلالین ص ۱۳۴)

ایک قول پچاس سال کا بھی ہے۔ (حاشیہ ۶ جلالین ص ۳۳۶)

۳۹—— اس متعلق ائمہ تفسیر و مورخان پاکیزہ تحریر اختلاف رکھتے ہیں

(۱) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:۔

حضرت نوح علیہ السلام چالیس سال بعد مبعوث ہوئے۔ نو سو پچاس سال تک اپنی قوم کو دعوت فرماتے رہے۔ طوفان کے بعد ساٹھ برس دنیا میں رہے۔ اس طرح آپ کی عمر شریف ایک ہزار پچاس سال ہوئی

(خزائن العرفان ۱۲ پ ع ۴، الاتقان ج ۲ ص ۱۷۵)

(۲) فقیہ فقید المثال امام الہمام فاضل بریلوی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

حضرت نوح علیہ السلام تقریباً سولہ سو برس دنیا میں تشریف فرما رہے (الملفوظ حصہ اول ص ۷۳)

(۳) حضرت وہب سے مروی ہے: آپ چودہ سو سال تک اس جہاں میں

تشریف فرما ہے۔

(حاشیہ ۵ جلالین ص ۳۳۶)

(۴) بعض کا کہنا ہے کہ آپ کی عمر شریف بارہ سو چالیس سال ہوئی

(حاشیہ ۲۵ جلالین ص ۳۳۴)

(۵) ایک قول سترہ سو سال کا اور ایک قول پندرہ سو سال کا بھی ہے۔

(معارف جلد ۶ ج ا ص ۷۸)

• ۴ـــــ ابن جریر اور ازرقی عبدالرحمٰن بن سابط یا اسکے علاوہ تابعین سے مرسلا نقل کرتے ہوئے کہتے ہیں:

حضرت نوح علیہ السلام کی قبر پُر انور صحیح قول کے مطابق مسجد حرام میں ہے۔
دوسرا قول یہ ہے کہ آپ کی قبر شریف شہر "بقاع" میں ہے۔ جس کو کرک نوح سے یاد کیا جاتا ہے۔

(البدایہ ج ا ص ۱۲۰)

حضرت ابراہیم علیہ السلام سے متعلق سوالات

۱ـــــ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ولادت، سیدنا آدم علیہ السلام کے کتنے سال بعد ہوئی۔؟
۲ـــــ حضرت ابراہیم علیہ السلام، طوفان نوح کے کتنے سال بعد منصہ وجود میں آئے۔؟
۳ـــــ حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے کتنے سال پیشتر دار دنیا میں تشریف لائے۔؟
۴ـــــ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا زمانہ حضور اکرم ﷺ کی ولادت سے کتنے سال پہلے کا ہے۔؟
۵ـــــ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کے مابین کتنا زمانی فاصلہ ہے۔؟
۶ـــــ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کے مابین کتنے نبی مبعوث ہوئے؟
۷ـــــ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد اور والدہ کا نام کیا ہے۔؟
۸ـــــ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا سلسلۂ نسب کس طرح ہے۔؟
۹ـــــ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی جائے ولادت کہاں ہے۔؟
۱۰ـــــ حضرت ابراہیم علیہ السلام تہ خانہ میں کتنی مدت رہے۔ اس واقعہ کی تفصیل کیا ہے۔؟
۱۱ـــــ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کتنی شادیاں کیں۔؟
۱۲ـــــ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے کتنے صاحبزادگان تھے۔؟
۱۳ـــــ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بت خانہ کے جن بتوں کو توڑا تھا ان کی تعداد کتنی تھی۔؟
۱۴ـــــ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جلانے کا مشورہ کس نے دیا تھا۔؟
۱۵ـــــ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جلانے کیلئے کتنے دنوں تک لکڑیاں جمع کی گئیں۔؟
۱۶ـــــ آتش نمرودی کہاں دھکائی گئی تھی۔؟
۱۷ـــــ آتش نمرودی کتنے دنوں تک دھکائی گئی تھی۔؟
۱۸ـــــ آتش نمرودی کے شعلوں کی بلندی کتنی تھی۔؟

۱۹۔۔۔ جس مکان میں آتش نمرودی دھکائی گئی تھی اسکا طول و عرض کتنا تھا۔؟

۲۰۔۔۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آتش نمرودی میں کس طرح ڈالا گیا تھا۔ اور یہ طریقہ کس نے سکھایا تھا۔؟

۲۱۔۔۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام، جب نار نمرودی کے حوالے کئے گئے اس وقت آپ کی عمر کتنی تھی۔؟

۲۲۔۔۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جب "برہنہ" آگ میں ڈالا جارہا تھا اس وقت آپ کو کس نے اور کیسا لباس پہنایا۔؟

۲۳۔۔۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام، نار نمرودی میں کتنی مدت تشریف فرما رہے۔؟

۲۴۔۔۔ جب آتش نمرودی کو سرد ہو جانے کا حکم ملا تو اس وقت اور کہاں کہاں کی آگ سرد ہوئی۔؟

۲۵۔۔۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی رسالت کی تصدیق، سب سے پہلے کس نے کی۔؟

۲۶۔۔۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کتنی عمر میں خود اپنا ختنہ کیا۔؟

۲۷۔۔۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عمر اس وقت کتنی تھی جب آپ کو اسحٰق علیہ السلام کی ولادت کی خوشخبری دی گئی۔؟

۲۸۔۔۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بیٹے کی قربانی کا خواب کس شب کو دیکھا تھا۔؟

۲۹۔۔۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بعد موت پھر زندہ ہونے کا منظر ملاحظہ کرنے کیلئے بحکم الٰہی کن پرندوں کو ذبح کیا تھا۔؟

۳۰۔۔۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مذبوحہ پرندوں کے گوشت کو کتنے پہاڑوں پر رکھا تھا اور کونسا حصہ اپنے پاس رکھا تھا۔؟

۳۱۔۔۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دین حنیف کو سب سے پہلے کس نے ردو بدل کیا۔؟

۳۲۔۔۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی مادری زبان کونسی تھی۔؟

۳۳۔۔۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عمر شریف کتنی ہوئی۔؟

۳۴۔۔۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی قبر انور کہاں ہے۔؟

حضرت ابراہیم علیہ السلام سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ حضرت آدم علیہ السلام کے بعد، دو ہزار سال کے اختتام پر آپ رونق بخش عالم ہوئے۔ (الاتقان ۲-۶۷۱)

دوسرا قول یہ ہے کہ آپ کا مولود مسعود حضرت آدم علیہ السلام کے تین ہزار تین سو سینتیس (۳۳۳۷) سال بعد ہے۔ (تاریخ الامم والملوک ج۱ص۱۳۶)

۲۔۔۔ آپ، طوفان نوح کے سترہ سو نو (۱۷۰۹) سال بعد کتم عدم سے منصۂ وجود میں آئے (تفسیر نعیمی ج۱ص۸۱۰)

دوسرا قول یہ ہے کہ آپ کی ولادت باسعادت طوفان نوحی کے بارہ سو ترسٹھ (۱۲۶۳) سال بعد ہوئی اور تیسرا قول یک ہزار اناسی (۱۰۷۹) سال کا ہے۔

(تاریخ الامم والملوک ج۱ص۱۳۶)

۳۔۔۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے تقریباً دو ہزار تین سو سال (۲۳۰۰) پیشتر حضرت ابراہیم علیہ السلام کا وجود باوجود قضائے وجود میں آیا۔ (تفسیر نعیمی ج۱ص۸۱۰)

۴۔۔۔ آپکا زمانہ سید کائنات فخر موجودات علیہ افضل الصلوات و اکمل التحیات کی ولادت باسعادت سے تقریباً تین ہزار ستر (۳۰۷۰) سال پہلے ہے۔

(معارج النبوۃ ج۲ص۳۲)

۵۔۔۔ آپ کے اور نوح علیہما السلام کے مابین دو ہزار چھ سو چالیس (۲۶۴۰) برس کا زمانی فاصلہ ہے۔ (خزائن العرفان پ۲۳ع۷)

۶۔۔۔ آپ کے اور حضرت نوح علیہما السلام کے مابین جو عہد گزرا اس میں صرف دو نبی آئے حضرت ہود اور حضرت صالح علیہما السلام (خزائن العرفان ۲۳پ ع۷)

۷۔۔۔ آپ کے والد ماجد کا نام "تارخ" تھا۔ (ابن کثیر پ۷ع۱۵، تفسیر نعیمی ج۱ص۸۱۰)

اور مشہور کتاب "العجائب الکرمانی" میں ہے کہ آپ "تارح" کے فرزند جلیل تھے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۴۶)

اور آپ کی والدہ ماجدہ کا نام "ثانی" تھا۔ بعض نے "توفا" اور بعض نے "لیوثا" کہا ہے (الاتقان ج ۲ ص ۱۸۷)

بعض نے "اسیلہ" بھی کہا ہے اور ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ آپ کی والدہ محترمہ کا نام یوثا بنت کربن ابن کرثی" ہے۔ (البدایہ ج ۱ ص ۱۴۰)

۸۔۔۔ آپ کا سلسلۂ نسب اس طرح ہے۔

ابراہیم ابن تارخ ابن ناخور ابن ساروخ ابن رعوا ابن فالخ ابن عامر ابن شالخ ابن ارفخشد ابن سام ابن نوح ابن لامک ابن متوشالخ ابن ادریس ابن یارد ابن مہلائیل ابن قینان ابن انوش ابن شیث ابن آدم علیہ السلام۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۸۱۰)

حضرت کرمانی نے اپنی کتاب "العجائب" میں اسطرح بیان کی ہے۔

ابراہیم ابن تارح ابن ناخور ابن شاروخ ابن راغو ابن فالخ ابن عامر ابن شالخ ابن ارفخشد ابن سام ابن نوح علیہ السلام۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۴۶)

۹۔۔۔ آپ کی ولادت شہر بابل سے متصل قصبہ "کوثی" میں ہوئی۔ تفسیر خزائن العرفان میں فرمایا کہ آپ کی جائے پیدائش اہواز کے علاقہ میں مقام "سوس" ہے۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۸۱۰)

۱۰۔۔۔ آپ تہ خانہ میں کتنا عرصہ رہے اس سلسلہ میں بعض کہتے ہیں سات برس۔ بعض تیرہ برس اور بعض سترہ برس۔ (خزائن العرفان پ ۷ ع ۱۵)

اور بعض کہتے ہیں کہ پندرہ ماہ رہے۔ (تاریخ طبری ج ۱ ص ۱۴۳)

تہ خانہ میں مقیم ہونے کا واقعہ علماء تفسیر اور اصحاب اخبار و سیر کے بیان کے بموجب یوں ہے:

نمرود بن کنعان بڑا جابر بادشاہ تھا یہ لوگوں سے اپنی پرستش کراتا کاہن اور منجم کثرت سے اس کے دربار میں حاضر رہتے تھے۔ نمرود مطرود نے ایک شب خواب دیکھا: ایک ستارہ طلوع ہوا ہے اسکی روشنی کے سامنے آفتاب و ماہتاب بالکل بے نور ہو گئے۔ اس سے وہ بہت خوفزدہ ہوا۔ کاہنوں سے تعبیر دریافت کی۔ کاہنوں نے کہا: اس سال تیری قلمرو میں ایک فرزند پیدا ہو گا جو تیرے زوال ملک کا باعث ہو گا اور تیرے دین والے اس کے ہاتھ ہلاک ہوں گے ایہ خبر پر نذر سن کر نمرود مردود پریشان ہوا اور اس نے حکم دیا: جو بچہ پیدا ہو قتل کر ڈالا جائے، مرد، عورتوں سے علیحدہ رہیں۔ پھر اس کی نگہبانی و پاسبانی کیلئے ایک محکمہ قائم کر دیا گیا۔

تقدیرات الہیہ کو کون ٹال سکتا ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی والدہ ماجدہ حاملہ ہوئیں کاہنوں نے اس کی بھی خبر دی کہ وہ بچہ حمل میں آگیا لیکن چونکہ حضرت کی والدہ محترمہ کی عمر کم تھی ان کا حمل کسی طرح پہچانا ہی نہ گیا۔ جب زمانہ ولادت باسعادت قریب ہوا تو آپ کی والدہ صاحبہ اس تہ خانہ میں چلی گئیں جو آپ کے والد محترم نے شہر سے دور کھود کر تیار کیا تھا۔ وہاں آپ کی ولادت ہوئی اور وہیں آپ رہے۔ پتھروں سے اس تہ خانہ کا دروازہ بند کر دیا جاتا تھا روزانہ والدہ محترمہ دودھ پلا آتی تھیں اور جب وہاں پہنچتی تو دیکھتی تھیں کہ آپ سرانگشت چوس رہے ہیں اور اس سے دودھ بر آمد ہوتا ہے۔ آپ بہت جلد بڑھتے تھے ایک مہینہ میں اتنا جتنے دوسرے بچے ایک سال میں۔ (خزائن العرفان پ ۷ ع ۱۵)

۱۱۔۔۔ آپ نے چار نکاح فرمائے

(۱) حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا سے۔ (۲) حضرت سارہ رضی اللہ عنہا سے (۳) ان دونوں کے وصال کے بعد کنعانیوں کی ایک صاحبزادی قنطورا بنت یقطن سے تزوج فرمایا (۴) ان کے انتقال کے بعد آپ نے حجون بنت زہیر کو اپنے عقد میں لیا۔ (الکامل فی التاریخ ج ۱ ص ۵۱۰)

۱۲۔۔۔ اس متعلق کئی اقوال منقول ہیں۔

آپ کے آٹھ صاحبزادگان تھے۔

(۱) حضرت اسماعیل علیہ السلام، حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا کے شکم سے

(۲) حضرت اسحٰق علیہ السلام، حضرت سارا رضی اللہ عنہا کے شکم سے۔

(۳) مدائن (۴) مدین (۵) زمران (۶) یقشان (۷) یشبق (۸) نوح

یہ چھ آپ کی تیسری زوجہ قطورا بنت یقطن کے شکم سے ہیں۔

(تفسیر نعیمی ج۱ ص۸۷۰)

ایک دوسری روایت میں چھ اواخر الذکر کے نام اس طرح ہیں

یقشان۔ زمران۔ مدین۔ مدائن۔ سرج (الکامل فی التاریخ ج۱ ص۵۰)

علامہ جلال الدین سیوطی نے آپ کے بارہ اولاد کرام کے نام بیان فرمائے ہیں۔

(۱) اسماعیل۔ (۲) اسحٰق علیہما السلام۔ (۳) مان (۴) زمران (۵) سرح (۶) نفش (۷) نفشان (۸) امیم (۹) کیسان (۱۰) سورح (۱۱) لوطان (۱۲) نافش۔

(الاتقان ج۲ ص۱۸۵)

حاشیہ جلالین ۳۲۸ میں ہے کہ آپ کے چار صاحبزادے تھے۔

(۱) اسماعیل (۲) اسحٰق (۳) مدین (۴) مدائن۔

اور تفسیر نعیمی میں تفسیر حقانی کے حوالہ سے ہے کہ حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا کے شکم سے سات صاحبزادے تھے۔

(۱) اسماعیل (۲) زمران (۳) یقشان (۴) مدان۔ (۵) مدیان (۶) اسباق۔ (۷) سوخ۔ (ج۱ ص۲۵۷)

۱۳ـــ آپ نے صنم کدہ کے جن بتوں کو توڑا تھا ان کی تعداد بہتر تھی۔ کل بہتر بت تھے۔ بعض سونے چاندی کے، بعض لوہے تانبے کے اور بعض پتھر و لکڑی کے تھے اور سب بڑا بت جس کو آپ نے چھوڑ دیا تھا وہ سونے کا تھا۔ اس کے سر پر جواہر و زواہر سے مرصع تاج تھا اور دونوں آنکھوں میں دو یاقوت تھے جس سے رات کو روشنی پھوٹتی تھی۔ (حاشیہ ۲۰ جلالین ص۲۷۳، مدارج النبوۃ ج۱ ص۹۶)

۱۴ـــ آپ کو جلانے کا مشورہ خود نمرود نے دیا تھا۔ بعض کہتے ہیں کہ مشیر فارس کا ہینوب نامی شخص تھا۔ اس نافرجام کا انجام یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ عزاسمہٗ نے اسے زمین میں دھنسا دیا اور ایک قول یہ بھی اس شخص کا نام ہیزن تھا۔ (جریر طبری ج۱ ص۲۷۰، جمل ج۳ ص۱۹۳)

۱۵ـــ آگ جلانے کے لئے ایک ماہ تک بکوشش تمام قسم قسم کی لکڑیاں جمع کی گئی تھیں۔ (خزائن العرفان پ۱۷ ع۵، جمل ج۳ ص۱۹۳)

ایک اور روایت میں ہے کہ ایک سال تک لکڑیا جمع کی گئی تھیں۔

(مدارج النبوۃ ج۱ ص۹۸)

۱۶ـــ آتش نمرودی قریہ کوثی میں دھکائی گئی تھی۔ (خزائن العرفان پ۱۷ ع۵)

۱۷ـــ نار نمرودی، سات دنوں تک اس طرح مشتعل کی گئی کہ اس کے اوپر سے پرواز کرنے والے پرندے بھی جل جاتے تھے۔ (جمل ج۳ ص۱۹۳، نزہۃ المجالس ق۱۲ ص۹)

۱۸ـــ اس آگ کی بلندی اتنی تھی کہ اسکے شعلے اہل شام کو دکھائی دیتے تھے اور اس کی آواز ایک دن رات کی مسافت تک سنائی دیتی تھی۔ (مدارج النبوۃ ج۱ ص۹۸)

۱۹ـــ یہ پتھر کی چار دیواری تھی تیس گز لمبی اور بیس گز چوڑی۔ (خزائن العرفان پ۱۷ ع۷)

اور اس چار دیواری کی بلندی تیس گز تھی (حاشیہ ۳ جلالین ص۲۷۷)

ایک روایت یہ بھی ہے کہ آتش گاہ نمرودی کا طول و عرض دس فرسنگ تھا۔ اور ایک روایت میں چار فرسنگ ہے۔ (مدارج النبوۃ ج۱ ص۹۸)

ایک روایت میں طول اسی ہاتھ اور عرض چالیس ہاتھ ہے۔

(نزہۃ المجالس ق۱۲)

۲۰ـــ جب آگ کافی طور پر مشتعل ہو گئی تو سب کو فکر ہوئی کہ ابراہیم (علیہ السلام) کو اس میں کیسے ڈالا جائے۔ اس وقت ابلیس پر تلبیس آیا اور منجنیق بنانے کا طریقہ سکھایا اس نے منجنیق دوزخ میں دیکھا تھا اور اس میں رکھ کر پھینکنے کا مشورہ دیا۔ (حاشیہ ۲ جلالین ص۲۷۷)

بعض نے کہا ہے کہ منجنیق بنانے کا طریقہ ہیزن نامی شخص نے سکھایا تھا۔ اسکو اللہ تعالیٰ نے زمین میں دھنسا دیا تا قیامت دھنستا ہی جائے گا۔ (ابن کثیر پ۱۷ ع۵)

۲۱ـــ اس وقت آپ کی عمر شریف سولہ سال کی تھی۔ بعض نے چھبیس سال کہا ہے۔ (ابن کثیر پ ۱۷ ع ۵، صاوی پ ۱۷ ع ۱۲، جمل ج ۳ ص ۱۴۳)

۲۲ـــ اس وقت، حضرت روح الامین بحکم الٰہی حریر جنت کی ایک قمیص لیکر آئے اور آپ کو پہنایا۔ (خزائن العرفان پ ۱۳ ع ۱۲)

۲۳ـــ آپ آتش نمرود میں سات دن رہے۔ بعض نے چالیس دن اور بعض نے پچاس دن کہا ہے۔ (ابن کثیر پ ۱۷ ع ۵، جمل ج ۳ ص ۱۴۳)

۲۴ـــ جس وقت اللہ تعالیٰ نے آگ کو سرد ہو جانے کا حکم صادر فرمایا اس وقت پوری دنیا کی آگ سرد ہو گئی دنیا بھر میں کوئی بھی اس دن آگ سے کوئی فائدہ نہ اٹھاسکا۔ (ابن کثیر پ ۱۷ ع ۵)

ایک دوسری روایت کے مطابق سات شبانہ روز۔ تیسری روایت کے بموجب چالیس اور چوتھی روایت کے مطابق ستر شبانہ روز پوری دنیا بھر کی آگ سرد رہی، آگ تھی لیکن حرارت نہیں۔ (معارج النبوة ج ۱ ص ۱۰۱)

۲۵ـــ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی رسالت کی تصدیق سب سے پہلے لوط علیہ السلام نے کی۔ اس وقت جبکہ آپ آتش نمرود سے بسلامت باہر تشریف لائے۔

(خزائن پ ۲۰ ع ۱۵، حاشیہ ۹، جلالین ص ۳۳۷)

۲۶ـــ آپ نے بحکم الٰہی اسی برس کی عمر شریف میں تیشہ سے اپنا ختنہ آپ فرمایا۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۸۱۰)

ایک دوسری روایت کے بموجب ایک سو بیس سال کی عمر شریف میں یہ روایت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی ہے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۷۶)

۲۷ـــ اس وقت آپ کی عمر ایک سو بیس سال کی تھی اور حضرت سارہ رضی اللہ عنہا، نوے سال سے متجاوز کر چکی تھیں۔ (خزائن العرفان پ ۱۲ ع ۷)

ایک دوسری روایت کے مطابق اس وقت آپ کی عمر ایک سو بارہ سال (جلالین ص ۲۰۹) اور حضرت سارہ رضی اللہ عنہا کی عمر ننانوے سال کی تھی (جلالین ص ۱۸۵)

ایک اور روایت کے بموجب اس وقت آپ کی عمر مبارک ننانوے برس کی تھی۔ (ابن کثیر پ ۲۳ ع ۷)

۲۸ـــ آپ نے ذی الحجہ کی آٹھویں شب کو خواب دیکھا تھا جس میں بیٹے کی قربانی کا حکم تھا۔ دن بھر غور و فکر کیا کہ یہ اللہ کی طرف سے ہے یا فقط میرا خیال۔ یہ پورا دن فکر و تدبر میں گزرا۔ نویں شب کو پھر یہی خواب دیکھا تو پہچانا کہ یہ اللہ ہی کی طرف سے ہے۔ اس لئے آٹھویں تاریخ کا نام یوم الترویہ یعنی غور کرنے کا دن۔ اور نویں تاریخ کا نام یوم العرفہ یعنی پہچاننے کا دن رکھا گیا۔

(تفسیر نعیمی ج ۲ ص ۲۹۶)

پھر دسویں شب کو آپ نے وہی خواب ملاحظہ فرمایا اور صبح کو قربانی پیش کی۔ اسلئے اس دن کا نام یوم النحر رکھا گیا۔ (حاشیہ ۱۱ جلالین ص ۳۷۷)

۲۹ـــ اس متعلق مفسرین کرام کے کئی اقوال ہیں

(۱) مور، مرغ، کبوتر اور کوا (خزائن العرفان پ ۳ ع ۳)

(۲) مور، مرغ، کبوتر اور گدھ (جمل ج ۱ ص ۲۱۷، جلالین ص ۴۱)

(۳) مور، مرغ، کبوتر اور کلنگ (راج ہنس) (۴) مرغابی، سیمرغ کا بچہ، مرغ اور مور۔ (ابن کثیر پ ۳ ع ۳)

۳۰ـــ آپ نے بحکم الٰہی ان پرندوں کو ذبح فرمایا۔ ان کے پر اکھاڑے اور قیمہ کر کے ان کے اجزاء باہم خلط ملط کر دئے۔ اس مجموعہ کے حصے کر کے چار یا سات پہاڑوں پر رکھ دئے اور سب کے سر اپنے پاس محفوظ رکھے پھر فرمایا: چلے آؤ حکم الٰہی سے! آپ جس جانور کو آواز دیتے اس کے بکھرے ہوئے پر اور اجزاء اِدھر اُدھر سے اڑتے اور آپس میں جڑتے، خون کیساتھ ملتا ہوا، اڑتا ہوا آپ کے پاس آتا۔ آپ اسے دوسرے پرندے کا سر دیتے تو وہ قبول نہ کرتا۔ خود اس کا سر دیتے تو جڑ جاتا۔ خدا کی قدرت کا یہ ایمان افروز نظارہ حضرت خلیل اللہ علیہ السلام نے بچشم سر دیکھا۔ (ابن کثیر پ ۳ ع ۳)

۳۱۔۔۔ دین ابراہیمی کو سب سے پہلے ابو خزاعہ بن عامر لحی نے ردو بدل اور کفر بہ نت کیا۔ (ابن کثیر پ ۷ ع ۳)

۳۲۔۔۔ آپ کی اصل زبان سریانی تھی مگر جس وقت آپ بارادۂ ہجرت شہر سے نکل چلے تو نمرود مردود کو اسکی خبر ملی۔ اس نے آپ کو گرفتار کرنے کیلئے جاسوس بھیجا۔ نمرود کا جاسوس آپ کے پاس اس وقت پہنچا کہ آپ دریا عبور کر رہے تھے۔ اسی وقت رب قدوس وتعالیٰ نے آپ کی زبان سریانی سے عبرانی تبدیل فرمادی۔ اس جاسوس سے آپ نے کلام کیا مگر وہ آپ کو پہچان نہ سکا۔

(عمدۃ القاری ج ۲ ص ۵۲)

۳۳۔۔۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت کے بموجب آپ کی عمر شریف دو سو سال ہوئی اور امام نووی وغیرہ کے مطابق آپ ایک سو پچھتر سال اس دار دنیا میں تشریف فرما رہے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۷۶)

ایک قول ایک سو پچانوے کا بھی ہے۔ (مستدرک حاکم ج ۲ ص ۳۰۵)

۳۴۔۔۔ آپ کی قبر انور جبرون میں ہے۔ (البدایہ ج ۱ ص ۲۲۰، تاریخ طبری ج ۱ ص ۲۲۵)

حضرت اسمٰعیل و اسحٰق علیہما السلام سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کا نام "اسمٰعیل" کیوں رکھا گیا۔؟

۲۔۔۔ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی ولادت کے وقت، ابراہیم علیہ السلام کی عمر کتنی تھی۔؟

۳۔۔۔ اس وقت حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی عمر کتنی تھی جس وقت آپ کی قربانی پیش کی گئی۔؟

۴۔۔۔ جس وقت حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی قربانی پیش کی گئی تھی اس وقت آپ کے جسم پر کیسا لباس تھا۔؟

۵۔۔۔ قربانی کا یہ واقعہ کس جگہ پیش آیا تھا۔ اور یہ جگہ بیت اللہ سے کتنی دوری پر ہے۔؟

۶۔۔۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حلقوم اسمٰعیل پر کتنی بار چھری چلائی تھی۔؟

۷۔۔۔ اس مینڈھے کا کیا نام تھا جو حضرت اسمٰعیل کے فدیے میں ذبح ہوا۔ اور اس کا رنگ کیسا تھا۔؟

۸۔۔۔ یہ مینڈھا جنت میں کیسے پہنچا تھا۔؟

۹۔۔۔ یہ مینڈھا جنت میں کتنے دنوں سے پل رہا تھا۔؟

۱۰۔۔۔ جسمانی اعتبار سے یہ مینڈھا کیسا تھا۔؟

۱۱۔۔۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو یہ مینڈھا کس حال میں اور کس جگہ ملا تھا۔؟

۱۲۔۔۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اس مینڈھے کو کس جگہ ذبح فرمایا تھا۔؟

۱۳۔۔۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اس مینڈھے کے گوشت کو کیا کیا تھا۔؟

۱۴۔۔۔ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام نے کتنی شادیاں کیں آپ کی بیویوں کے نام کیا کیا ہیں۔؟

۱۵۔۔۔ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی عمر شریف کتنی ہوئی۔؟
۱۶۔۔۔ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی قبر انور کہاں ہے۔؟
۱۷۔۔۔ حضرت اسحٰق علیہ السلام، اسماعیل علیہ السلام سے کتنے سال چھوٹے تھے۔؟
۱۸۔۔۔ حضرت اسحٰق علیہ السلام کے نانا کا نام کیا ہے۔؟
۱۹۔۔۔ حضرت اسحٰق علیہ السلام کی عمر شریف کتنی ہوئی۔؟
۲۰۔۔۔ حضرت اسحٰق علیہ السلام کی قبر شریف کہاں ہے۔؟

حضرت اسمٰعیل و اسحٰق علیہما السلام سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ پیرانہ سالی تک حضرت ابراہیم علیہ السلام کی کوئی اولاد پاک نہ ہوئی آپ اولاد نرینہ کی دعا مانگ کر کہتے تھے۔ "اسمع ایل" اسمع عربی لفظ ہے اور ایل عبرانی زبان میں خدا کا نام۔ جس کے معنی ہوئے۔ "اے خدا میری سن لے"

مجیب الدعوات جل وعلیٰ نے آپ کی دعا کو شرف اجابت بخشا اور آپ کے یہاں ایک فرزند ارجمند کی ولادت ہوئی اس دعا کی یادگار میں آپ نے اپنے اس فرزند دلبند کا نام "اسماعیل" رکھا۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۸۲۰)

ایک قول یہ بھی ہے کہ آپ کا نام "اشمویل" رکھا گیا تھا پھر کثرت استعمال سے اسماعیل ہو گیا۔ (مدارج النبوۃ ج۱ ص۱۱۰)

۲۔۔۔ اس وقت حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عمر شریف ننانوے (۹۹) سال کی تھی۔ (جلالین ص۲۰۹)

ایک دوسری روایت کے بموجب اس وقت آپ کی عمر شریف چھیاسی (۸۶) سال کی تھی۔ (ابن کثیر پ۲۳ ع۷)

۳۔۔۔ اس وقت آپ کی عمر شریف سات سال کی تھی۔ (جلالین ۳۷۷)

ایک روایت تیرہ سال کی بھی ہے۔

(تفسیر نعیمی ج۱ ص۸۲۵، جلالین ص۳۷۷، نزہۃ المجالس ق۵ ص۲۴)

۴۔۔۔ اس وقت آپ کے جسد نوری پر سفید رنگ کی چادر تھی جس کے متعلق آپ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے کہا تھا: ابا حضور اسے اتار لیجیے تاکہ اس میں آپ مجھے کفنا سکیں۔ (ابن کثیر پ۲۳ ع۷)

تاریخ طبری میں ہے کہ وہ سفید رنگ کی قمیص تھی۔ (ج۱ ص۱۷۳)

٥۔۔۔ محل ذبح منیٰ ہے جو مکہ معظمہ میں بیت اللہ شریف سے دو میل کی مسافت پر واقع ہے۔ (ترجمان القرآن پ ۲۳ ع ۷۔ تاریخ طبری ج ۱ ص ۱۶۲)

٦۔۔۔ ایک روایت میں ہے کہ جب حضرت خلیل علیہ السلام نے تیغ تیز سے حلقوم اسمٰعیل کاٹنا شروع کیا تو ستر بار چھری چلائی مگر پوست و گوشت اور رگ حلقوم پر ذرا بھی اثر نہ ہوا۔ حضرت خلیل علیہ السلام غصے میں آئے چھری ہاتھ سے پھینک دی اور فرمایا: تو میرا حکم کیوں نہیں مانتی۔؟ چھری نے زبان حال سے عرض کیا: اے خلیل! غصہ نہ فرمایئے۔ آپ کاٹنے کا حکم فرما رہے ہیں اور رب جلیل ممانعت فرماتا ہے۔ میں حیران ہوں کہ کیا کروں کس کا حکم بجالاؤں مجھے آپ کے حکم کے مقابلہ میں خدا کا حکم ماننا ضروری ہے۔ حضرت خلیل علیہ السلام نے فرمایا: تیرا کام کاٹنا ہے تو کاٹنے کو بنائی گئی ہے۔ چھری نے عرض کیا: آگ بھی جلانے کو بنی ہے پھر آتش نمرود نے آپ کو کیوں نہیں جلایا۔

(معارج النبوۃ ج ۱ ص ۱۱۸، اوراق غم ص ۲۰، نزہۃ المجالس ق ۵ ص ۲۴)

٧۔۔۔ اس کا نام جریر تھا اس کا رنگ سفید قدرے سرخی مائل تھا۔ (ابن کثیر پ ۲۳ ع ۷)

٨۔۔۔ یہ وہی مینڈھا تھا جسے حضرت ہابیل نے راہ خدا میں قربان کیا تھا اور وہ مقبول ہو کر جنت میں پل رہا تھا۔ (جلالین ص ۳۷۷، ابن کثیر پ ۲۳ ع ۷، نزہۃ المجالس ق ۵ ص ۲۵)

٩۔۔۔ ترجمان قرآن حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

یہ مینڈھا چالیس سالوں سے مرغزار جنت میں پل رہا تھا۔ (ابن کثیر پ ۲۳ ع ۷)

ایک روایت میں چالیس ہزار سال ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اسی ہزار سالوں سے گلستان بہشت میں چر رہا تھا۔ (معارج النبوۃ ج ۱ ص ۱۱۸)

اور ایک قول میں چار ہزار سال ہے۔ (نزہۃ المجالس ق ۵ ص ۲۵)

١٠۔۔۔ وہ بہت ہی عظیم الجثہ اور بزرگ تھا۔ بعض کہتے ہیں کہ وہ ہاتھی کے برابر تھا اور بعض یہ بھی کہتے ہیں کہ اس کے بدن میں گوشت ہی گوشت تھا۔ بال، پوست، ہڈی، خون اور پیٹ میں نجاست و غلاظت وغیرہ کچھ نہ تھا اس کے تمام

اجزائے اعضا ماکول تھے۔ (معارج النبوۃ ج ۱ ص ۱۱۹)

١١۔۔۔ وہ مینڈھا منیٰ ہی میں ثبیر نامی چٹان سے متصل ایک ببول کے درخت سے بندھا ہوا ملا۔ ندا آئی کہ اے ابراہیم: بے شک تم نے خواب سچ کر دیا اطاعت و فرمانبرداری کمال کو پہنچادی بس اتنا ہی کافی ہے یہ فدیہ ہم نے دیا ہے اسے ذبح فرمایئے۔! آپ نے پلٹ کر دیکھا تو وہ مینڈھا نظر آیا پھر آپ نے بحکم الٰہی اسے ذبح فرمایا۔ (ابن کثیر پ ۲۳ ع ۷)

١٢۔۔۔ اس مینڈھے کو آپ نے منیٰ ہی میں ثبیر سے متصل چٹان میں ذبح فرمایا۔ بعض کہتے ہیں مقام ابراہیم پر آپ نے اسے ذبح کیا اور بعض کہتے ہیں کہ منیٰ میں منحر پر۔ (ابن کثیر پ ۲۳ ع ۷)

١٣۔۔۔ اس مینڈھے کے گوشت کو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے پرندوں کو کھلا دیا تھا کیوں کہ جنتی ہونے کے باعث اس پر آگ اثر نہیں کرتی تھی اور اسکے دونوں سینگ سر سمیت کعبہ شریف پر لٹکا دیئے تھے۔ حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہما کے دور حکومت میں جب بیت اللہ شریف میں آگ لگی تھی اس وقت تک سر اور سینگ لٹکے ہوئے تھے۔ (ابن کثیر پ ۲۳ ع ۷، حاشیہ جلالین ص ۳۷۷)

١٤۔۔۔ آپ نے دو نکاح فرمائے۔

پہلا قوم جرہم کے سردار کی بیٹی عمارہ بنت سعد بن اسامہ جرہمیہ سے تزوج فرمایا کچھ دنوں بعد اسے طلاق دیدی۔ پھر ہالہ بنت حارث کو اپنے حبالہ عقد میں لاکر زوجیت کا شرف بخشا بعض نے دوسری زوجہ کا نام بنت مضاض بن عمرو الجرہمی کہا ہے اور بعض نے سلمٰی بنت الحارث بن مضاض۔ (معارج النبوۃ [illegible])

پہلی بیوی کو طلاق دینے کا واقعہ علمائے تواریخ و فضلائے عوالی شمارخ یوں بیان کرتے ہیں کہ ایک دن آپ کے والد ماجد حضرت ابراہیم علیہ السلام آپ کو دیکھنے تشریف لائے۔ اس وقت آپ شکار کو تشریف لئے گئے تھے کیوں کہ آپ کی گزر اوقات شکار کے گوشت اور آب زمزم پر تھی۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے

آپ کی بیوی کو دروازہ پر بلا کر حالت دریافت فرمائی۔ بیوی بولی: ہم بہت غریب مسکین ہیں بہت ہی عسرت و مشقت سے گزران کرتے ہیں۔ بیوی نے آپ کی تواضع خاطر نہ کی۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا۔ تم اپنے شوہر سے ہمارا اسلام کہنا اور کہنا کہ اپنے دروازے کی چوکھٹ بدل دو کہ ایسی چوکھٹ اس گھر کے لائق نہیں۔ شام کو وقت حضرت اسماعیل علیہ السلام نے شکار سے مراجعت فرمائی تو مکہ کی گلی کوچوں میں نورانیت نبوت، رحمت و برکات دیکھے، سمجھ گئے کہ والد محترم تشریف لائے ہوں گے۔ اپنی بیوی سے دریافت کیا: کیا آج کوئی آیا تھا۔؟ بیوی نے سارا واقعہ کہہ سنایا۔ آپ نے فرمایا: وہ بزرگ میرے والد محترم تھے اور تو میرے گھر کی چوکھٹ ہے وہ مجھے تجھ کو طلاق دینے کا حکم فرما گئے۔ چنانچہ آپ نے اسے طلاق دیکر گھر پہونچادیا۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص ۸۴۴)

۱۵— آپ کی عمر شریف ایک سو تیس سال اور بقول دیگر ایک سو سینتیس سال ہوئی۔ (تاریخ طبری ص ۸۰ ج ۲، مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۱۳۸)

۱۶— آپ کی قبر انور بیت اللہ میں رکن یمانی اور رکن اسود کے درمیان اس بقعہ میں ہے جس کو روضۃ من ریاض الجنۃ کہتے ہیں۔ (حاشیہ ۲۷ جلالین ص ۱۸۶)

ایک دوسرے قول کے بموجب آپ کی قبر شریف مقام جبرون میں ہے۔

(البدایہ ص ۱۷۵، ۲۲۰)

۱۷— آپ حضرت اسماعیل علیہ السلام سے چودہ سال چھوٹے تھے۔

(تفسیر نعیمی ج۱ ص ۸۴۴، الاتقان ج ۲ ص ۱۷۶)

دوسرا قول تیرہ سال کا ہے۔ (حاشیہ ۲۱ جلالین ص ۱۸۵) اور تیسرا قول تین سال کا ہے۔

(ابن کثیر پ ۱ ع ۱۵)

۱۸— آپ کے ناناجان کا نام ہاران تھا جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے چچا تھے۔

(تفسیر نعیمی ج۱ ص ۸۴۰)

۱۹— آپ کی عمر شریف ایک سو اسی برس ہوئی۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۷۶)

۲۰— آپ کی قبر شریف بیت المقدس میں ہے۔

(تفسیر نعیمی ج۱ ص ۷۷۸، خزائن العرفان پ ۱۳ ع ۵)

دوسرا قول یہ ہے کہ آپ کی قبر شریف جبرون میں ہے۔

(البدایہ والنہایہ ج۱ ص ۱۷۵، ۲۲۰)

حضرت یعقوب علیہ السلام سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۲۔۔۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کا لقب "یعقوب" کیوں ہوا۔؟
۳۔۔۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کے دادا اور دادی کا نام کیا ہے۔؟
۴۔۔۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کے نانا کا نام کیا ہے۔؟
۵۔۔۔ حضرت یعقوب علیہ السلام نے کتنی شادیاں کیں۔؟
۶۔۔۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کے کتنے صاحبزادگان تھے اور انکے نام کیا ہیں۔؟
۷۔۔۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کے سب سے بڑے صاحبزادے کا نام کیا ہے۔؟
۸۔۔۔ حضرت یعقوب علیہ السلام، فراق یوسف علیہ السلام میں کتنے برس روتے رہے۔؟
۹۔۔۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کو یوسف علیہ السلام کی موجودگی کی خبر سب سے پہلے کس نے سنائی اور مصر سے قمیص یوسف لیکر کون آیا تھا۔؟
۱۰۔۔۔ حضرت یعقوب علیہ السلام نے قمیص یوسف (علیہ السلام) کی خوشبو کتنی دوری سے محسوس کرلی تھی۔؟
۱۱۔۔۔ حضرت یعقوب علیہ السلام، جب مصر کے لئے عازم سفر ہوئے تو آپ کے ہمراہ کل کتنے افراد تھے۔؟
۱۲۔۔۔ حضرت یعقوب علیہ السلام، مصر میں یوسف علیہ السلام کے پاس کتنے سال رہے۔؟
۱۳۔۔۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کو انتقال فرماجانے کے کتنے دنوں بعد دفن کیا گیا۔؟
۱۴۔۔۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کا مدفن کہاں ہے۔؟
۱۵۔۔۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کی عمر کتنی ہوئی۔؟
۱۶۔۔۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کے اس بھائی کا نام کیا ہے جو آپ کے ساتھ پیدا بھی ہوا، ساتھ میں انتقال بھی کیا اور ایک ہی قبر میں ساتھ مدفون بھی ہوا۔؟

حضرت یعقوب علیہ السلام سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ آپ کا اصلی نام "اسرائیل" تھا یہ عبرانی لفظ ہے جسکے معنی ہیں عبد اللہ۔ اسرا بمعنی عبد اور ایل رب تعالیٰ کا نام۔ (تفسیر نعیمی ج ۳ ص ۷، حاشیہ ۲۰ جلالین ص ۵۶)

۲۔۔۔ یعقوب عقب سے بنا ہے جس کے معنی ہیں ایڑی۔ چونکہ آپ اپنے بھائی عیصو (یا عیص) کے ساتھ اس طرح پیدا ہوئے کہ آپ کے دونوں ہاتھ ان کی ایڑی سے لگے ہوئے تھے۔ اسی مناسبت سے آپ کا لقب یعقوب ہوا۔
(تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۱۷۸ و ج ۴ ص ۷)

۳۔۔۔ آپ کے جد امجد حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں اور دادی محترمہ حضرت سارا رضی اللہ عنہا۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۵۷)

۴۔۔۔ آپ کے نانا حضرت لوط علیہ السلام ہیں۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۵۷)

۵۔۔۔ آپ نے چار نکاح کئے اور چاروں ازواج، آپ کے ماموں لایان کی بیٹیاں تھیں جو یکے بعد دیگرے آپ کی زوجیت میں داخل ہوئیں۔

آپ نہایت ہی عسرت و تنگدستی کی زندگی گزار رہے تھے۔ اپنی والدہ ماجدہ کی صلاح فلاح سے اپنے ماموں کے ہاں آگئے جو اصحاب دولت و ثروت میں سے تھے۔ وہ آپ کی تشریف آوری سے بہت مسرور ہوئے اور کچھ دنوں بعد اپنی بڑی صاحبزادی (لیا) سے آپ کا نکاح کردیا جن سے آپ کے چار صاحبزادے متولد ہوئے۔ اس کے بعد آپ کی یہ بیوی انتقال کر گئیں۔ پھر آپ کے ماموں لایان نے اپنی دوسری صاحبزادی سے آپ کا عقد نکاح کردیا۔ ان سے دو بچے پیدا ہوئے اور یہ بھی دار البقاء کو کوچ کر گئیں۔ پھر لایان نے اپنی چوتھی دختر فرخندہ اختر

راحیل کو آپ کے حبالہ عقد میں دیدیا ان سے یوسف علیہ السلام متولد ہوئے۔ بحکم الٰہی یہاں سے آپ کنعان بغرض تبلیغ وانذار تشریف لے گئے۔ کنعان میں بنیامین کی ولادت ہوئی اور بوقت ولادت راحیل کا انتقال ہو گیا۔ لایان نے جب یہ واقعہ سنا تو اپنی سب سے چھوٹی بیٹی کا نکاح بھی آپ سے کر دیا اور آپ کی اسی زوجہ نے یوسف اور بنیامین کی پرورش کی۔ (تفسیر نعیمی ج۱۲ ص۳۵۸)

دوسرا قول یہ ہے کہ لایان کی دو ہی صاحبزادی آپ کے عقد نکاح میں آئیں جن سے آپ کے آٹھ فرزند ارجمند متولد ہوئے اور دو زلفہ وبلہہ نامی سراریان یعنی باندیاں تھیں جن سے چار فرزند پیدا ہوئے۔ (خزائن العرفان پ ۱۳ ع ۱۲)

۶۔۔۔ آپ کے بارہ صاحبزادگان دلستان تھے جن کے ناموں میں قدرے اختلاف ہے

(۱) روبیل (۲) شمعون (۳) لاوی (۴) یہوداہ (۵) زبولون (۶) یشجر (۷) دان (۸) نفتالی (۹) جاد (۱۰) آشر (۱۱) یوسف (۱۲) بنیامین (خزائن العرفان ۱۲ پ ع ۳)

علامہ جلال الدین سیوطی نے ان کے نام اس طرح گنائے ہیں

(۱) یوسف (علیہ السلام) (۲) روبیل (۳) شمعون (۴) لاوی (۵) یہوذا (۶) دانی (۷) نفتالی (۸) کاد (۹) یاشیر (۱۰) یشاجر (۱۱) رابلون (۱۲) بنیامین۔

(الاتقان ج ۲ ص ۱۸۶)

تفسیر نعیمی میں ان صاحبزادگان کے نام اس طرح ہیں

(۱) روبیل (۲) شمعون (۳) لاوی (۴) یہودا (۵) اسکار (۶) زبلون (۷) دان (۸) نفتالی (۹) جد (۱۰) اشر (۱۱) یوسف (۱۲) بنیامین (تفسیر نعیمی ج ص ۳۵۸)

اور تفسیر نعیمی ہی میں دوسری جگہ ان کے نام اس طرح مذکور و مسطور ہیں

(۱) روبیل (۲) شمعون (۳) لاوی (۴) یہودا (۵) یوسف (۶) بنیامین (۷) زبلون (۸) یشاخر (۹) دان (۱۰) نفتالی (۱۱) کاد (۱۲) اشر اکیہ۔ (ج ص ۱۸۷)

۷۔۔۔ سب سے بڑے صاحبزادے شمعون یا روبیل تھے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۸۷)

بعضوں نے یہ کہا کہ باعتبار عمر سب سے بڑا روبیل تھا، باعتبار عقل ورائے سب سے بڑا یہودا اور ان میں رئیس شمعون تھا۔ (حاشیہ ۱۳ جلالین ص ۱۹۷)

۸۔۔۔ اس متعلق ائمہ تفسیر ومؤرخان پاکیزہ تحریر کے مختلف اقوال ہیں۔

(۱) حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

اسی برس روئے اس قدر کہ چشمہائے مبارک کی سیاہی ڈھل گئی اور بینائی ضعیف ہو گئی۔ (خزائن العرفان ۱۳ پ ع ۵، جلالین ص ۱۹۸)

(۲) چالیس سال روئے (۳) اٹھارہ سال روئے۔ (جلالین ص ۱۹۸، البدایہ ج۱ ص ۲۱۷)

(۴) بقول قتادہ ترپن سال (۵) تراسی سال۔ (ابن کثیر ۱۳ پ ع ۵)

(۶) اور ایک روایت پینتیس سال کی بھی ہے۔ (البدایہ ج۱ ص ۲۱۷)

۹۔۔۔ یہ خبر مسرت اثر سب سے پہلے آپ کو یہودا نے آکر سنایا جب مصر سے سب بھائی قمیص یوسف لیکر چلے تو یہودا نے بھائیوں سے کہا: والد ماجد کے پاس خون آلود قمیص بھی میں ہی لیکر گیا تھا۔ میں نے ہی کہا تھا کہ یوسف علیہ السلام کو بھیڑیا کھا گیا۔ میں نے ہی والد ماجد کو غمگین ورنجیدہ کیا تھا آج کرتا بھی میں ہی لیکر جاؤں گا اور حضرت یوسف علیہ السلام کی زندگانی کی فرحت انگیز ومسرت خیز خبر بھی میں ہی سناؤں گا تاکہ گذشتہ جرم کی مکافات کر سکوں۔

چنانچہ یہودا نے برہنہ سر برہنہ پا کرتا لیکر مصر سے کنعان تک اسی فرسنگ کی مسافت کو برابر دوڑتے ہوئے طے کیا۔ راستے میں کھانے کیلئے سات روٹیاں ساتھ لایا تھا مگر فرط شوق کا یہ عالم کہ ان کو بھی راستے میں کھا کر تمام نہ کر سکا۔

(خزائن العرفان پ ۱۳ ع ۵ حاشیہ ۱۲ جلالین ص ۱۹۸)

۱۰۔۔۔ یہودا قمیص یوسف لیکر مصر سے سمت کنعان روانہ ہوا عمارات مصر سے نکل

کر فضائے صحرا میں آیا۔ ابھی وہ کنعان سے اسی فرسخ فاصلے پر تھا جو کہ اس وقت آٹھ روز کی مسافت تھی کہ نسیم صبح نے خوشبوئے قمیص یوسف سے حضرت یعقوب کے مشام دماغ کو معطر کر دیا۔ علیہما السلام۔ (ابن کثیر پ ۱۳ [illegible])

۱۱۔۔۔۔ اس متعلق کئی اقوال ہیں۔

(۱) جب آپ نے مصر کا ارادہ فرمایا تو اپنے اہل کو جمع کیا، کل مرد و زن بہتر یا تہتر تن تھے۔ (خزائن العرفان ۱۳ پ ع۵)

(۲) حضرت عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کل ترسٹھ نفر تھے۔ (۳) مسروق کا قول ہے کل افراد خانہ تین سو نوے تھے (۴) عبد اللہ ابن شداد کہتے ہیں کہ اہل یعقوب علیہ السلام چھیاسی تھے۔ (ابن کثیر ۱۳پ ع۵)

(۵) ستر (۶) دو سو (۷) اور چار سو افراد کے بھی اقوال وارد ہیں۔ (مقدمہ مدارج النبوۃ ص ۵۹)

۱۲۔۔۔۔ آپ اپنے فرزند دلبند یوسف علیہ السلام کے پاس مصر میں چوبیس سال بہترین عیش و آرام میں خوشحالی کے ساتھ رہے۔ اس کے بعد اپنی جان، جان آفریں کے سپرد کی (خزائن العرفان پ ۱۳ ع۵)

دوسرا قول یہ ہے کہ آپ مصر میں سترہ سال رہے۔ (جلالین ص ۱۹۸)

۱۳۔۔۔۔ آپ نے جب جرعہ فانوش فرمایا تو حضرت یوسف علیہ السلام کیلئے غم مفارقت ناقابل برداشت ہوا۔ انہوں نے اطباء و حکماء کو بلوایا۔ جنہوں نے دواؤں کے ذریعہ چالیس دنوں تک آپ کے جنازہ کو روکے رکھا۔ اس کے بعد آپ کا دفن عمل میں آیا۔ (البدایہ ج۱ ص ۲۲۰)

۱۴۔۔۔۔ قریب وفات آپ نے یوسف علیہ السلام کو وصیت کی کہ آپ کو ملک شام میں ارض مقدسہ (بیت المقدس) میں اپنے والد ماجد حضرت اسحق علیہ السلام کی قبر شریف کے پاس دفن کیا جائے۔ اس وصیت کی تعمیل کی گئی اور بعد وصال، سال کی لکڑی کے تابوت میں آپ کا جسد اطہر شام لایا گیا اور دفن کیا گیا۔

(خزائن العرفان پ ۱۳ ع۵)

ایک دوسرے قول کے بموجب آپ کی قبر شریف جبرون میں ہے۔ یہیں آپ کے آباء و اجداد حضرت ابراہیم حضرت اسماعیل اور حضرت اسحق علیہم السلام مدفون ہیں۔ (البدایہ ج۱ ص ۱۷۵ و ۲۲۰)

۱۵۔۔۔۔ آپ کی عمر شریف ایک سو پینتالیس (۱۴۵) سال ہوئی (خزائن العرفان ۱۳پ ع۵) دوسرا قول یہ ہے کہ آپ کی عمر شریف ایک سو سینتالیس سال ہوئی۔

(الاتقان ج ۲ ص ۱۷۶، تفسیر نعیمی ج ۱۲ ص ۸۷۱)

۱۶۔۔۔۔ آپ کے اس بھائی کا نام عیص ہے۔ (خزائن العرفان ۱۳پ ۵)

حضرت یوسف علیہ السلام سے متعلق سوالات

۱ـــــ حضرت یوسف علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کا نام کیا ہے۔؟

۲ـــــ حضرت یوسف علیہ السلام کے نانا کا نام کیا ہے۔؟

۳ـــــ حضرت یوسف علیہ السلام کی ولادت کے وقت آپ کے والد یعقوب علیہ السلام کی عمر کتنی تھی۔؟

۴ـــــ حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں کے نام کیا ہیں۔؟

۵ـــــ حضرت یوسف علیہ السلام کے سگے بھائی کا نام کیا ہے اور وہ آپ سے کتنے سال کے چھوٹے تھے۔؟

۶ـــــ حضرت یوسف علیہ السلام کی عمر اس وقت کتنی تھی جب آپ نے گیارہ ستارے اور چاند و سورج کا خواب دیکھا تھا۔؟

۷ـــــ حضرت یوسف علیہ السلام نے گیارہ ستارے اور چاند و سورج کا خواب کس شب کو دیکھا تھا۔؟

۸ـــــ حضرت یوسف علیہ السلام نے جن گیارہ ستاروں کو خواب میں دیکھا تھا ان کے نام کیا ہیں۔؟

۹ـــــ حضرت یوسف علیہ السلام نے جو خواب دیکھا تھا اس کی تعبیر کتنے دنوں بعد ظاہر ہوئی۔؟

۱۰ـــــ حضرت یوسف علیہ السلام کو کنویں میں ڈالنے کا مشورہ کس نے دیا تھا۔؟

۱۱ـــــ حضرت یوسف علیہ السلام جس کنویں میں ڈالے گئے تھے وہ کنواں کہاں تھا۔؟

۱۲ـــــ حضرت یوسف علیہ السلام جس کنویں میں ڈالے گئے تھے وہ کنواں کس نے کھدوایا تھا اور کب۔؟

۱۳ـــــ حضرت یوسف علیہ السلام جس کنویں میں ڈالے گئے تھے وہ کنواں کتنا گہرا تھا۔؟

۱۴ـــــ حضرت یوسف علیہ السلام کی عمر اس وقت کتنی تھی جب آپ کنویں میں ڈالے گئے تھے۔؟

۱۵ـــــ حضرت یوسف علیہ السلام کنویں میں کتنی مدت رہے۔؟

۱۶ـــــ حضرت یوسف علیہ السلام جب "برہنہ" کنویں میں ڈالے گئے تو اس وقت آپ کو کس نے اور کیا پہنایا تھا۔؟

۱۷ـــــ حضرت یوسف علیہ السلام کنویں میں کیا کھاتے تھے اور یہ کھانا کون اور کہاں سے لاتا تھا۔؟

۱۸ـــــ حضرت یوسف علیہ السلام کے کنویں میں ڈول ڈالنے والے کا نام کیا تھا اور وہ کہاں کا رہنے والا تھا۔؟

۱۹ـــــ حضرت یوسف علیہ السلام کو آپ کے بھائیوں نے قافلہ والوں کے ہاتھ کتنی قیمت میں بیچا تھا۔؟

۲۰ـــــ حضرت یوسف علیہ السلام کو بازار مصر میں کس نے اور کتنی قیمت پر خریدا تھا۔؟

۲۱ـــــ حضرت یوسف علیہ السلام کے زمانے میں مصر کا بادشاہ کون تھا۔؟

۲۲ـــــ عزیز مصر کی بیوی کا نام کیا تھا۔؟

۲۳ـــــ حضرت یوسف علیہ السلام کی برأت کی شہادت جس بچے نے دی تھی اس کی عمر کتنی تھی اور زلیخا سے اس کا کیا رشتہ تھا۔؟

۲۴ـــــ حضرت یوسف علیہ السلام نے قید خانہ میں جن دو قیدیوں کو خواب کی تعبیر بتلائی تھی انکے نام کیا ہیں۔؟

۲۵ـــــ حضرت یوسف علیہ السلام نے جن قیدیوں کو تعبیر بتلائی تھی وہ کس جرم میں قید میں ڈالے گئے تھے۔؟

۲۶ـــــ حضرت یوسف علیہ السلام کتنی مدت قید خانے میں رہے۔؟

۲۷ـــــ حضرت یوسف علیہ السلام نے قید خانے سے باہر آتے وقت اس کے دروازے

پر کیا لکھا تھا۔؟

۲۸۔۔۔۔ حضرت یوسف علیہ السلام کی عمر اس وقت کتنی تھی جب آپ مصر کے وزیر خزانہ بنائے گئے۔؟

۲۹۔۔۔۔ حضرت یوسف علیہ السلام کی "زلیخا" سے کتنی اولاد ہوئی۔؟

۳۰۔۔۔۔ حضرت یوسف علیہ السلام کتنی زبانیں جانتے تھے۔؟

۳۱۔۔۔۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے والد کے وصال کے کتنے دنوں بعد انتقال فرمایا۔؟

۳۲۔۔۔۔ حضرت یوسف علیہ السلام کو کہاں دفن کیا گیا تھا اور کیوں۔ اب آپ کہاں مدفون ہیں۔؟

۳۳۔۔۔۔ حضرت یوسف علیہ السلام کی عمر کتنی ہوئی۔؟

حضرت یوسف علیہ السلام سے متعلق جوابات

۱۔۔۔۔ آپ کی والدہ ماجدہ کا نام راحیل ہے (خزائن العرفان پ ۱۲ ع ۱۱، تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۵۸)

۲۔۔۔۔ آپ کے نانا جان کا نام لیان یالایان ہے جو آپ کے والد محترم کے ماموں بھی تھے۔ (خزائن العرفان پ ۱۲ ع ۱۱، تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۵۸)

۳۔۔۔۔ اس وقت حضرت یعقوب علیہ السلام کی عمر شریف چالیس سال کی تھی۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۵۸)

۴۔۔۔۔ اس کی تفصیل صاحبزادگان یعقوب علیہ السلام کے بیان میں ملاحظہ کیجئے۔

۵۔۔۔۔ بنیامن جو آپ سے دو سال چھوٹا تھا۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۵۸)

۶۔۔۔۔ اس وقت آپ کی عمر شریف بارہ سال کی تھی۔ سات اور سترہ کے بھی قول آئے ہیں۔ (خزائن العرفان پ ۱۲ ع ۱۱)

۷۔۔۔۔ یہ خواب شب قدر کو دیکھا تھا جو شب جمعہ بھی تھی (خزائن العرفان پ ۱۲ ع ۱۱)

۸۔۔۔۔ بستانہ نامی ایک یہودی جو اپنے مذہب کا ایک زبردست عالم تھا اس نے خواجہ کائنات علیہ افضل الصلوات واکمل التحیات سے ان گیارہ ستاروں کے نام دریافت کئے۔ آپ نے فرمایا: اگر میں تجھے ان کے نام بتلادوں تو دائرہ اسلام میں داخل ہو جائیگا۔؟ اس نے اقرار کیا تو آپ نے فرمایا۔! سنو! ان ستاروں کے نام یہ ہیں (۱) جریان (۲) طارق (۳) زیال (۴) ذوالکتفین (۵) قابس (۶) ثاقب (۷) عمودان (۸) فلیق (۹) مصبح (۱۰) صروح (۱۱) فرغ۔

(ابن کثیر پ ۱۲ ع ۱۱، حاشیہ جلالین ص ۱۹۰)

۹۔۔۔۔ اس خواب کی تعبیر، خواب دیکھنے کے چالیس سال بعد ظاہر ہوئی۔ بعض کہتے ہیں کہ اسی سال کے بعد ظاہر ہوئی۔ (ابن کثیر پ ۱۲ ع ۱۱)

۱۰۔۔۔ یہ مشورہ یہودا یا روبیل نے دیا تھا۔ (خزائن العرفان پ ۱۲ ع ۱۲)

بعض کہتے ہیں کہ مشیر شمعون تھا۔ (ابن کثیر پ ۱۲ ع ۱۲)

واقعہ

جب بھائیوں کو اپنے والد ماجد کا یوسف علیہ السلام سے زیادہ محبت فرمانا شاق گزرا تو انہوں نے باہم مل کر یہ مشورہ کیا کہ کوئی ایسی تدبیر سوچنی چاہیے جس سے ہمارے والد محترم کو ہماری طرف زیادہ التفات ہو۔ بعض مفسرین نے کہا ہے کہ اس مجلس شوری میں شیطان بھی شریک ہوا۔ اور اس نے یوسف علیہ السلام کے قتل کی رائے دی بعض نے یوسف علیہ السلام کو آبادیوں سے دور کہیں پھینک دینے کا مشورہ دیا۔ اس وقت مذکورہ بھائی نے کہا کہ قتل مت کرو کیونکہ یہ گناہ عظیم ہے بلکہ یوسف علیہ السلام کو کسی کنویں میں ڈال دو تا کہ کوئی مسافر وہاں سے گزرے اور کسی ملک میں انہیں لے جائے۔ (خزائن العرفان پ ۱۲ ع ۱۲)

۱۱۔۔۔ یہ کنواں، کنعان سے تین میل کے فاصلے پر حوالی بیت المقدس یا سرزمین اردن میں واقع تھا۔ (خزائن العرفان پ ۱۲ ع ۱۲)

۱۲۔۔۔ یہ کنواں، شداد نے اس وقت کھدوایا تھا جب وہ اردن کے شہروں کو آباد کر رہا تھا۔ (حاشیہ ۳۶ جلالین ص ۱۹۰)

۱۳۔۔۔ کاشفی نے کہا ہے کہ "یہ کنواں ستر گز یا اس سے زیادہ عمیق تھا"۔ اوپر سے اس کا منہ تنگ تھا اور اندر سے فراخ۔ (حاشیہ ۳۶ جلالین ص ۱۹۰)

۱۴۔۔۔ اس وقت آپ کی عمر شریف بارہ سال کی تھی۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۸۷)

بقول دیگر سترہ سال کی تھی۔ (ابن کثیر پ ۱۳ ص ۵)

بعض نے اٹھارہ سال بھی کہا ہے۔ (حاشیہ ۳۹ جلالین ۱۹۰)

۱۵۔۔۔ آپ، تین روز اس کنویں میں رہے۔ (خزائن العرفان پ ۱۲ ع ۱۲ [illegible] ص ۵۵)

۱۶۔۔۔ جب آپ کے بھائیوں نے آپ کے ہاتھ پاؤں باندھ کر قمیص اتار کر کنویں میں چھوڑا۔ فوراً جبرائیل امین بحکم الٰہی حاضر ہوئے، انہوں نے آپ کو ایک پتھر پر بٹھا دیا جو کنواں میں تھا اور آپ کے ہاتھ پاؤں کھول دیئے۔ اور آپ کے گلے میں بشکل تعویذ بندھا ہوا ابراہیمی قمیص کھول کر پہنا دیا۔ یہ وہ جنتی قمیص ہے جس کو حضرت جبرائیل جنت سے اس وقت لائے تھے جب نار نمرودی میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کو برہنہ ڈالا گیا تھا۔ اور آپ نے انہیں پہنایا تھا۔ یہ قمیص پشت در پشت یعقوب علیہ السلام تک پہنچا۔ اور آپ نے وقت رخصت حضرت یوسف علیہ السلام کے گلے میں تعویذ بنا کر ڈالا تھا۔ (خزائن العرفان پ ۱۲ ع ۱۲، حاشیہ ۳ جلالین ص ۱۹۸)

۱۷۔۔۔ اس دوران بحکم الٰہی حضرت جبرائیل امین جنتی کھانا پانی پیش کرتے تھے (حاشیہ ۳۹ جلالین ص ۱۹۰)

۱۸۔۔۔ ڈول ڈالنے والے کا نام مالک بن ذعر خزاعی تھا یہ شخص مدین کا رہنے والا تھا۔ (خزائن العرفان پ ۱۲ ع ۱۲، الاتقان ج ۲ ص ۱۸۷)

۱۹۔۔۔ حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ بھائیوں نے آپ کو بیس درہم میں بیچا تھا۔ (خزائن العرفان پ ۱۲ ع ۱۲)

بائیس اور چالیس کے بھی اقوال وارد ہیں۔ (ابن کثیر پ ۱۲ ع ۱۲)

ایک اور قول میں سترہ کی تعداد بھی آئی ہے۔ (اوراق غم ص ۳۲)

بکنے کا واقعہ یہ ہے کہ جب حضرت یوسف علیہ السلام کو آپ کے بھائیوں نے کنوئیں میں ڈال دیا تو اسکے بعد وہ اسی جنگل میں کہ جس میں وہ کنواں تھا اپنی بکریاں چراتے تھے اور دیکھ بھال رکھتے تھے۔ ایک دن جب انہوں نے یوسف علیہ السلام کو کنویں میں نہ دیکھا تو انہیں تلاش ہوئی۔ تلاش و جستجو میں قافلہ تک پہنچے۔ وہاں انہوں نے مالک بن ذعر کے پاس حضرت یوسف علیہ السلام کو دیکھا تو وہ اس سے کہنے لگے۔ یہ غلام ہے! ہمارے پاس سے بھاگ آیا ہے کسی کام کا نہیں ہے۔ نافرمان ہے۔ اگر خریدو تو ہم اسے سستا بیچ دیں گے۔ حضرت یوسف علیہ السلام ان کے خوف سے خاموش کھڑے رہے اور کچھ نہ فرمایا۔ پھر یہ سودا طے ہو گیا۔ (خزائن العرفان پ ۱۲ ع ۱۲)

۲۰۔۔۔ مالک بن ذعر فرحاں و شاداں اپنے رفیقان و یاران کے ساتھ حضرت

یوسف کو لیکر مصر پہنچے۔ عزیز مصر نے جب غلام حسین و جمیل کی خبر سنی تو حکم بھیجا کہ اسے نخاس میں لائے۔ دوسرے روز مالک بن ذعر، یوسف علیہ السلام کو آراستہ کر کے بازار میں لایا تو تمام بازار مصر میں جلوۂ حسن و جمال کی شہرت مشتہر ہو گئی اور خریداروں کا ہجوم آ گیا۔ ہر شخص کے دل میں آپ کی طلب بالقلب پیدا ہوئی اور خریداروں نے قیمت بڑھانا شروع کی۔ نوبت بایں جا رسید کہ آپ کے وزن کے برابر سونا اتنی ہی چاندی اتنا ہی مشک اور اتنا ہی حریر قیمت مقرر ہوئی۔ اس وقت آپ کا وزنِ تن چار سو رطل تھا۔ اور خریدنے والے کا نام قطفیر مصری تھا تمام خزائن مصر اسی کے تحت تصرف تھے لوگ اسے عزیز مصر کہتے تھے۔ (خزائن العرفان پ ۱۲ ع ۱۳)

بعض کہتے ہیں کہ عزیز مصر کا نام اطفیر بن روحیب تھا۔ (ابن کثیر پ ۱۲ ع ۱۳)

حبر اُمّت ترجمانِ قرآن حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ بازار مصر میں جس نے آپ کو خریدا اس کا نام مالک بن ذعر بن عنق بن ابراہیم تھا۔

(ابن کثیر پ ۱۲ ع ۱۳)

ابن اسحٰق کے بقول اسکا نام اطفر تھا۔ (ابن کثیر پ ۱۲ ع ۱)

۲۱ـــــ اس زمانے میں سریر سلطنتِ مصر پر ریان بن ولید بن نزدان عمالیقی متمکن تھا اور اس نے اپنی عنانِ سلطنت قطفیر مصری یا اطفیر بن روحیب کے ہاتھ دے رکھی تھی جو ملک کا مدار المہام کہلاتا تھا اور عزیز مصر کے نام سے مشہور تھا۔

(خزائن العرفان پ ۱۲ ع ۱۳، ابن کثیر پ ۱۲ ع ۱۳)

۲۲ـــــ عزیز مصر کی بیوی کا نام راعیل یا زلیخا تھا۔ اور زیادہ مشہور زلیخا ہی ہے۔

(الاتقان ج ۲ ص ۱۸۷)

یہ رعابیل کی دختر نیک اختر تھی۔ (ابن کثیر پ ۱۲ ع ۱۳)

اور صاحب عین المعانی زلیخا کا نام حلیہ لکھتے ہیں۔ (اوراق غم ص ۳۲)

۲۳ـــــ وہ شیر خوار زلیخا کا ماموں زاد بھائی تھا اس کی عمر چار ماہ تھی۔ قادر مطلق سبحانہ اعظم شانہ نے اس وقت اس بچے کو قوت گویائی و گواہی عطا فرمائی اور بچے نے زبان پر

زبان سے یوسف علیہ السلام کی برأت و بے گناہی کی گواہی دی۔ (خزائن العرفان پ ۱۲ ع ۱۳)

اس بچے کی عمر سے متعلق تین اور چھ ماہ کی روایتیں بھی ہیں۔ (حاشیہ ۱۳ جلالین ص ۱۹۲)

اس شہادت برأت کے تحت ایک روایت یہ بھی ہے کہ یہ گواہ ایک بڑا آدمی تھا جس کی داڑھی بھی تھی عزیز مصر کا خاص اور زلیخا کا چچازاد بھائی تھا۔

(ابن کثیر پ ۱۲ ع ۱۳، حاشیہ ۱۳ جلالین ص ۱۹۲)

اس واقعہ کی تفصیل حسب ذیل ہے

زلیخا بڑی حسین عورت تھی اور شاہ مغرب طیموس یا رعابیل کی دختر نیک اختر تھی اس نے ایک رات خواب میں ایک پیکر حسن و جمال شخص کو دیکھا اور اس سے پوچھا کہ تم کون ہو؟ تو اس نے بتایا کہ میں عزیز مصر ہوں۔ ازلیخا کے دل میں اس خواب کا نقشہ جم گیا اور ہر وقت وہ خواب پیش نظر رہنے لگا۔

بڑے بڑے بادشاہوں کے پیغام عقد آئے لیکن اس نے انکار کر دیا اور اپنا ارادہ ظاہر کر دیا کہ میں تو عزیز مصر ہی سے نکاح کروں گی۔ چنانچہ شاہ طیموس نے اپنی بیٹی زلیخا کا نکاح عزیز مصر سے کر دیا۔ زلیخا نے جب عزیز مصر کو دیکھا تو یہ دیکھ کر حیران رہ گئی کہ یہ وہ نہیں جسے خواب میں دیکھا تھا۔ حتی کہ عزیز مصر نے مصر کے بازار میں بکتے ہوئے حضرت یوسف علیہ السلام کو خریدا اور انہیں گھر لایا۔ زلیخا نے جب یوسف علیہ السلام کو دیکھا تو خواب کے نقشے کے مطابق پایا اور وہ یوسف علیہ السلام سے محبت کرنے لگی بلکہ آپ کے حسن و جمال پر فریفتہ ہو کر عاشق ہو گئی۔ پھر اس نے ایک محل بنوایا جس کے اندر سات کمرے تھے اور اس محل کو خوب مزین کیا اور خود بھی آراستہ ہو کر کسی بہانے سے یوسف علیہ السلام کو اس محل میں لے گئی اور پہلے کمرے میں داخل ہوتے ہی اس کمرے کا دروازہ بند کر دیا پھر دوسرے کمرے میں لے گئی اور اس کا دروازہ بھی بند کر دیا پھر تیسرے میں پھر چوتھے میں حتی کہ سب کمروں کے دروازے بند کرتے ہوئے ساتویں کمرے میں حضرت یوسف علیہ السلام کو لے گئی وہاں جا کر یوسف علیہ السلام سے قباحت کی طلبگار ہوئی اور دعوت دینے لگی

کہ آپ اس کے ساتھ مشغول ہو کر اس کی ناجائز خواہش کو پورا کریں۔ حضرت یوسف علیہ السلام یہ صورت حال دیکھ کر حیران رہ گئے اور زلیخا سے فرمایا: اللہ سے ڈر۔ اس محل سرور کو محل حزن نہ بنا۔ زلیخا نے نہ مانا اور بیحد در پے آزار ہو گئی۔ حضرت یوسف علیہ السلام وہاں سے بھاگے۔ زلیخا بھی پیچھے بھاگی۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے بھاگتے ہوئے جس کمرے کا بھی رخ کیا اس کا تالا خود بخود کھلتا گیا۔ زلیخا نے پیچھا کرتے ہوئے آپ کا کرتہ مبارک پیچھے سے پکڑ کر آپ کو کھینچا کہ آپ نکلنے نہ پائیں اور کرتا پیچھے سے پھٹ گیا مگر آپ غالب آئے اور باہر نکل آئے اس کش کش کے وقت صدر دروازے پر عزیز مصر کھڑا تھا اس نے دونوں کو دوڑتے ہوئے دیکھ لیا تو زلیخا نے اپنی برأت ظاہر کرنے اور یوسف علیہ السلام کو خائف کرنے کیلئے حیلہ تراشا اور اپنے خاوند سے کہنے لگی: جو تیری بیوی سے برائی کے ساتھ پیش آئے اس کی کیا سزا ہے؟ میں سو رہی تھی کہ اس نے آکر میرا کپڑا ہٹا کر مجھے پھسلایا ہے اسے قید کر دو یا کوئی اور تکلیف دہ سزا دو! جب یوسف علیہ السلام نے دیکھا کہ زلیخا الٹا آپ پر الزام لگا رہی ہے تو آپ نے اپنی برأت کا اظہار اور حقیقت حال کا بیان ضروری سمجھا آپ نے فرمایا: اے عزیز مصر! یہ بالکل ہی غلط بیان کر رہی ہے واقعہ اسکا برعکس ہے۔ اس نے خود مجھے لبھایا اور مجھ سے فعل قبیح کا طلب گار ہوئی۔ عزیز مصر حیران ہو گیا کہ دونوں میں سچا کون ہے اور بولا کہ اے یوسف میں کس طرح باور کر لوں کہ تم سچے ہو۔ یوسف علیہ السلام نے فرمایا گھر میں چار مہینے کا ایک بچہ پالنے میں لیٹا ہوا ہے اس سے دریافت کر لیجئے کہ واقعہ کیا ہے۔ عزیز مصر نے کہا بھلا چار ماہ کا بچہ کیا جانے اور وہ کیسے بولے۔ آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس کو گویائی دینے اور اس سے میری بے گناہی کی شہادت ادا کرا دینے پر قادر ہے۔ چنانچہ جب عزیز مصر نے اس بچے سے دریافت کیا تو قدرت الٰہی سے وہ بچہ گویا ہوا اور بہ آواز بلند فصیح زبان میں کہنے لگا۔ یوسف علیہ السلام کا کرتہ دیکھ لو اگر ان کا کرتا پیچھے سے پھٹا ہے تو یوسف علیہ السلام سچے ہیں اور اگر آگے سے پھٹا ہے تو زلیخا سچی ہے۔ چنانچہ کرتا دیکھا گیا تو وہ

پیچھے سے پھٹا تھا اور یہ حال شریف یہ بتا رہا تھا کہ یوسف علیہ السلام زلیخا سے بھاگے تھے اور زلیخا پیچھے پڑی تھی اس لئے کرتا پیچھے سے پھٹا۔ (روح البیان و خزائن العرفان پ ۱۲ ع ۱۳)

۲۳۔۔۔۔ ان کے نام سے متعلق مختلف اقوال منقول ہیں

ان میں سے ایک شاہی مطبخ کا مہتمم تھا۔ اور دوسرا دربار شاہی کا ساقی۔ پہلے کا نام مخلث اور دوسرے کا نام بنوہ تھا (۲) ایک کا نام راشان اور دوسرے کا نام مرطیش تھا۔ (۳) ان دونوں کا نام بسوہم اور سرہم تھا (۴) شاہی دستر خوان کے نگہبان کا نام مخلث اور ساقی دربار شاہی کا نام بندار تھا۔ (ابن کثیر پ ۱۲ ع ۱۵)

واقعہ :

زلیخا نے حضرت یوسف علیہ السلام کو تنگ کرنے کے لئے اور اپنی بات منوانے کے لئے کسی بہانے جیل بھیج دیا۔ جس دن حضرت یوسف علیہ السلام جیل بھیجے گئے دو نو جوان اور بھی جیل میں داخل کئے گئے یہ دونوں بادشاہ مصر کے خاص ملازم تھے۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے جیل میں اپنے علم و فضل کا اظہار شروع فرما دیا اور توحید کی تبلیغ شروع فرما دی اور آپ نے یہ بھی ظاہر فرما دیا کہ میں خوابوں کی تعبیر بھی خوب سمجھتا ہوں چنانچہ وہ دو نوجوان جو آپ کے ساتھ ہی جیل میں داخل کئے گئے تھے کہنے لگے ہم نے آج رات کو خواب دیکھے ہیں ان کی تعبیر بتائیے۔

ساقی نے کہا:

میں نے دیکھا ہے کہ میں ایک باغ میں ہوں وہاں ایک انگور کے درخت میں تین خوشے رسیدہ لگے ہوئے ہیں۔ بادشاہ کا کاسہ میرے ہاتھ میں ہے میں ان خوشوں سے شراب نچوڑتا ہوں۔

باورچی نے کہا

میں نے دیکھا ہے کہ میرے سر پر کچھ روٹیاں ہیں جن میں سے پرندے کھا رہے ہیں۔

حضرت یوسف علیہ السلام نے ان دونوں کے خوابوں کی تعبیر بیان فرما دی جو

سو فیصدی صحیح ثابت ہوئی آپ نے فرمایا: اے ساقی! تو اپنے عہدہ پر بحال کیا جائیگا اور حسب سابق اپنے بادشاہ کو شراب پلائے گا۔ اور تین خوشے جو خواب میں بیان کئے گئے ہیں یہ تین دن ہیں یعنی اتنے ہی دن تو قید خانے میں رہے گا پھر بادشاہ تجھ کو بلالے گا اور اے باورچی تو ایک مدت جیل خانہ میں رہ کر سولی دیا جائیگا اور پرندے تیرا سر کھائیں گے۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تعبیر سن کر ان دونوں نے حضرت یوسف علیہ السلام سے کہا خواب تو ہم نے کچھ بھی نہیں دیکھا ہم محض مذاق کر رہے تھے حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا: میں نے جو کہہ دیا وہ ہو کر رہے گا تم نے خواب دیکھا ہو یا نہ دیکھا ہو۔ چنانچہ وہی ہوا جو حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا تھا۔ ساقی پر الزام ثابت نہ ہو سکا اور وہ اپنے عہدے پر بحال ہو گیا اور باورچی کا جرم ثابت ہو گیا وہ سولی دے دیا گیا۔

(روح البیان و خزائن العرفان پ ۱۲ ع ۱۴)

۲۵ـــــ ان دونوں پر یہ الزام تھا کہ انہوں نے بادشاہ ریان کو زہر دینے کی سازش کی تھی۔ (خزائن العرفان پ ۱۲ ع ۱۵)

۲۶ـــــ حضرت یوسف علیہ السلام بارہ سال جیل خانہ میں رہے۔ (خزائن العرفان پ ۱۲ ع ۱۵)
ایک قول تیرہ سال کا ہے۔ (حاشیہ جلالین ص ۱۹۸)

۲۷ـــــ آپ فرحاں و شاداں زنداں سے باہر تشریف لائے تو اسکے دروازے پر لکھا۔ یہ بلا گھر، زندوں کی قبر، دشمنوں کی بدگوئی اور سچوں کے امتحان کی جگہ ہے۔

(خزائن العرفان پ ۱۳ ع ۲)

۲۸ـــــ بادشاہ ریان نے جس وقت اپنی قلمرو کے تمام خزانے آپ کے سپرد کیے یعنی آپ کو وزیر خزانہ بنایا تو اس وقت آپ کی عمر شریف تیس سال کی تھی۔

(خزائن العرفان پ ۱۳ ع ۱، حاشیہ ۲۳ جلالین ص ۱۹۸)

۲۹ـــــ عزیز مصر کے انتقال کے بعد بادشاہ ریان نے زلیخا کا نکاح آپ کیساتھ کر دیا اور اس سے آپکے دو فرزند ارجمند متولد ہوئے افرائیم اور میشا۔ (خزائن العرفان پ ۱۳ ع ۲)

افرائیم حضرت یوشع بن نون کے دادا یعنی نون کے والد ہیں۔ اور ایک صاحبزادی رحمت نامی بھی پیدا ہوئیں جو حضرت ایوب علیہ السلام کے عقد نکاح میں آئیں۔

(ابن کثیر ۳ ع ۱، حاشیہ ۲ جلالین ص ۱۹۹)

۳۰ـــــ آپ بہتر زبانیں جانتے تھے۔ (اوراق غم ص ۴۵)

۳۱ـــــ آپ نے اپنے والد ماجد حضرت یعقوب علیہ السلام کے وصال کے ۲۳ سال بعد عالم وصال کی طرف ارتحال فرمایا۔ (خزائن العرفان پ ۱۳ ع ۵)

۳۲ـــــ جب آپ نے عالم فانی سے کوچ فرما کر جوار رحمت الٰہی میں نزول کیا تو آپ کے مقام دفن میں اہل مصر کے مابین شدید اختلاف و انتزاع واقع ہوا۔ ہر باشندگان محلہ و ساکنان ٹولہ حصول برکت و سعادت کیلئے اپنے ہی محلے میں دفن کرنے پر مُصر تھے۔ آخر یہ رائے قرار پائی کہ آپ کی ذات میمون و بدن شریف ہمایوں کو دریائے نیل میں دفن کیا جائے تاکہ پانی آپ کی قبر سے چھوتا ہوا گزرے اور اس کی برکت و میمنت سے تمام اہل مصر مستفیض و مستفید ہوں۔ چنانچہ آپ کو سنگ رخام یا سنگ مرمر کے صندوق میں دریائے نیل کے اندر دفن کیا گیا اور آپ وہیں رہے یہاں تک کہ چار سو برس کے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام نے آپ کے تابوت شریف کو نکالا اور آپ کو آپ کے آبائے کرام کے پاس ملک شام میں دفن کیا۔

(خزائن العرفان پ ۱۳ ع ۵، حاشیہ جلالین ص ۱۹۹)

۳۳ـــــ آپ کی عمر شریف ایکسو بیس سال ہوئی۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۷۶، جلالین ص ۱۹۹)

حضرت صالح علیہ السلام سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ حضرت صالح علیہ السلام کا سلسلۂ نسب حضرت آدم علیہ السلام تک کن واسطوں سے ہے۔؟

۲۔۔۔ حضرت صالح علیہ السلام اور حضرت ہود علیہ السلام کے مابین کتنا زمانی فاصلہ ہے۔؟

۳۔۔۔ حضرت صالح علیہ السلام پر ایمان لانے والوں کی تعداد کتنی تھی۔؟

۴۔۔۔ حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی جس چٹان سے نکلی تھی اس کا نام کیا ہے۔؟

۵۔۔۔ حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کا سینہ کتنا لمبا تھا۔؟

۶۔۔۔ حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کا قتل کس نے کیا تھا اور کیوں۔؟

۷۔۔۔ حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کا قتل کس دن ہوا تھا۔؟

۸۔۔۔ حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کے قتل کے بعد اس کے بچے کا کیا ہوا۔؟

۹۔۔۔ حضرت صالح علیہ السلام کی قوم کے اس واحد شخص کا نام کیا ہے جو الٰہی عذاب کا شکار نہ ہوا۔؟

۱۰۔۔۔ حضرت صالح علیہ السلام کا وصال حق کہاں ہوا۔؟

۱۱۔۔۔ حضرت صالح علیہ السلام کی قبر شریف کہاں ہے۔؟

۱۲۔۔۔ حضرت صالح علیہ السلام کی عمر کتنی ہوئی۔؟

حضرت صالح علیہ السلام سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ حضرت وہب کے بقول آپ کا شجرۂ نسب یوں ہے۔
صالح ابن عبید ابن حایر ابن ثمود ابن حایر ابن سام ابن نوح علیہما السلام۔
اور بقول ثعلبی نسب نامہ اس طرح ہے۔
صالح بن عبید ابن اسید ابن ماشج ابن عبید ابن حاذر ابن ثمود ابن عاد ابن ارم ابن سام ابن نوح علیہما السلام۔ (الاتقان فی علوم القرآن ج۲ ص۱۷۷)

۲۔۔۔ حضرت ہود اور حضرت صالح علیہما السلام کے مابین دو سو سال کا فاصلہ ہے۔
(حاشیہ ۱۸ جلالین ص ۳۱۴)

۳۔۔۔ حضرت صالح علیہ السلام پر ایمان لانے والوں کی تعداد چار ہزار تھی۔
(جلالین ص ۱۸۵،۱۰ الکامل فی التاریخ ج۱ ص ۳۶)

۴۔۔۔ حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی مقام حجر سے متصل کاتبہ نامی چٹان سے نکلی تھی دس ماہ کی گابھن تھی اور دودھ بھی دیتی تھی۔ (ابن کثیر پ۸ ع۱۷)
بقول دیگر کافیہ نامی پہاڑ سے نکلی تھی۔ (حاشیہ ۱۷، جلالین ص ۱۳۶)

واقعہ :

قوم عاد کی ہلاکت کے بعد قوم ثمود پیدا ہوئی یہ لوگ حجاز و شام کے درمیان اقلماح میں آباد تھے ان کی عمریں بڑی ہوتیں پتھر کے مضبوط مکان بناتے وہ ٹوٹ پھوٹ جاتے مگر مکیں بدستور باقی رہتے۔ جب اس قوم نے بھی اللہ تعالیٰ کی نافرمانی شروع کی تو اللہ تعالیٰ نے ان کی ہدایت کے لئے حضرت صالح علیہ السلام کو مبعوث فرمایا قوم نے انکار کرنا شروع کیا بعض غریب لوگ آپ پر ایمان لائے۔ ان لوگوں کا سال کے بعد ایک ایسا دن آتا تھا جس میں یہ میلے کے طور پر عید منایا

کرتے تھے اس میں دور دور سے آکر لوگ شریک ہوتے تھے۔ یہ میلے کا دن آیا تو لوگوں نے حضرت صالح علیہ السلام کو بھی اس میلے میں بلایا۔ حضرت صالح علیہ السلام ایک بہت بڑے مجمع میں تبلیغ حق کی خاطر تشریف لے گئے۔ قوم ثمود کے بڑے بڑے لوگوں نے وہاں حضرت صالح علیہ السلام سے کہا کہ اگر آپ سچے ہیں اور خدا کے رسول ہیں تو ہمیں کوئی معجزہ دکھلایئے آپ نے فرمایا بولو کیا دیکھنا چاہتے ہو۔؟ ان کا سب سے بڑا سردار بولا ایک ایسی اونٹنی جو نہ کسی پیٹھ میں رہا ہو نہ کسی پیٹ میں نہ کسی نر سے پیدا ہوا ہو نہ مادہ سے، نہ جمل میں رہا ہو اور نہ اس کی خلقت تدریجا کمال کو پہنچی ہو بلکہ طریقہ عادیہ کے خلاف سامنے اس پہاڑ کے چٹان سے دفعۃً پیدا ہوا ہو جو دس مہینے کی حاملہ خوب فربہ اور ہر قسم کے عیوب و نقائص سے پاک ہو۔

چنانچہ حضرت صالح علیہ السلام نے اس پہاڑ کے قریب آکر دو رکعت نماز ادا کی اور دعا کی تو وہ پہاڑ لرزنے لگا تھوڑی دیر بعد وہ پہاڑ شق ہوا اور اس میں سے سب کے سامنے ایک نہایت ہی خوبصورت و تندرست، خوب بلند قامت اونٹنی نکل پڑی جو گابھن تھی اور پھر اس نے اسی وقت ایک بچہ بھی جنا۔ اس واقعہ سے قوم میں ایک حیرت پیدا ہوئی کچھ لوگ مسلمان ہوئے اور بہت سے اپنے کفر پر ہی قائم رہے۔

قوم کی اس بستی میں ایک ہی تالاب تھا جس میں پہاڑوں کے چشموں سے پانی گر کر جمع ہوتا تھا۔ حضرت صالح علیہ السلام نے فرمایا: اے لوگو! دیکھو یہ معجزہ کی اونٹنی ہے ایک روز تمہارے تالاب کا سارا پانی پی ڈالا کرے گی اور ایک روز تم پی لیا کرنا۔ قوم نے اس بات کو مان لیا چنانچہ اونٹنی ایک روز تالاب کا سارا پانی پی جاتی تھی اور دوسرے روز قبیلہ کے لوگ پیتے تھے اونٹنی اپنی باری کے دن اتنا دودھ دیتی تھی کہ تمام قبیلہ کو کافی 10 اور پانی کا قائم مقام ہو جاتا تھا۔ چند دن تو قوم نے اس تکلیف کو برداشت کیا لیکن بعد میں قوم کے چند لوگوں نے سرکشی کی اور اونٹنی کے قتل پر آمادہ

ہو گئے۔ (روح البیان پ۸ ع۱۷، خزائن العرفان پ۸ ع۱۷)

۵۔۔۔ اس اونٹنی کا سینہ ساٹھ گز لمبا تھا۔ (خزائن العرفان ۲۴۲، حاشیہ ۵ جلالین ص ۳۱۴)

۶۔۔۔ اس اونٹنی کی کوچیں کاٹنے والا قدار ابن سالف تھا اور مصدع بن مہرج نے تیر مار کر زخمی کیا تھا۔

اس کا تفصیلی واقعہ یوں ہے

ایک عورت عنیزہ بنت غنم کافرہ تھی۔ مال و دولت اور خوبصورت لڑکیاں رکھتی تھیں۔ اس کا شوہر ذواب بن عمرو رؤسائے ثمود میں سے تھا۔ اس عورت کو حضرت صالح علیہ السلام سے دشمنی تھی۔ ایک دوسری عورت صدقہ بنت محیا نامی جو حسب و نسب، مال و جمال والی تھی۔ ان دونوں نے کچھ کافروں کو حسن و جمال اور مال و منال کا لالچ دیکر اونٹنی کو قتل کرنے پر تیار کر لیا۔ چنانچہ صدقہ نے اپنے چچازاد بھائی مصدع ابن مہرج سے کہا کہ اگر تو اونٹنی کو مار ڈالے تو میں تیری ہو جاؤں گی۔ اس نے قبول کر لیا۔ ادھر عنیزہ نے قدار بن سالف کو بلا کر کہا: میری جو لڑکی تو چاہے اپنی خدمت کے عوض حاصل کر سکتا ہے کہ تو اونٹنی کو قتل کر ڈالے۔ چنانچہ قدار بن سالف اور مصدع ابن مہرج نے ثمود کے غنڈوں سے ساز باز کر لی اور سات آدمی انکے ساتھ ہو گئے۔ اس طرح یہ سب ملکر نو افراد ہوئے۔ یہ سب کے سب چٹان کے نیچے گھات لگا کر بیٹھ گئے۔ اونٹنی جب پانی پی کر واپس چلی اور مصدع کے پاس سے گزری تو اس نے ایک تیر مارا جو پنڈلی کو لگا۔ یہ دیکھ عنیزہ نکلی اور اپنی سب سے خوبصورت لڑکی کو لے آئی قدار اور اسکی جماعت کے سامنے اپنی لڑکی کے بے پناہ حسن کا مظاہرہ کیا۔ قدار اس پیشکش سے متاثر ہو کر تلوار لیکر اٹھا اور اونٹنی کی کوچیں کاٹ ڈالا۔ اونٹنی زمین پر گر پڑی۔ قاتل نے اسکے سینے پر نیزہ مارا۔ پھر اسکا گلا کاٹ دیا۔ (ابن کثیر پ۸ ع۱۰)

۷۔۔۔ یہ حادثہ بدھ کے دن رونما ہوا۔ (خزائن العرفان پ۸ ع۱۰)

بقول دیگر منگل کے دن پیش آیا تھا۔ (حاشیہ ۷ جلالین ص ۳۱۴)

۸۔۔۔ اس اونٹنی کا بچہ ماں کی موت کے بعد چیختا ہوا اسی پہاڑ میں غائب ہو گیا جس سے اس کی ماں نکلی تھی۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ لوگوں نے اس کا پیچھا کر کے اسے بھی مار ڈالا۔ (ابن کثیر پ ۸ ع ۱۷)

بعض مفسرین نے کہا ہے کہ قرب قیامت یہی بچہ دابۃ الارض بن کر ظاہر ہو گا۔

(حاشیہ ۱۰ جلالین ص ۱۳۶)

۹۔۔۔ قتل اونٹنی کی اس سرکشی پر قوم ثمود پر عذاب کا ظہور اس طرح ہوا کہ پہلے ایک زبردست چنگھاڑ کی خوفناک آواز آئی پھر شدید زلزلہ آیا جس سے پوری آبادی اتھل پتھل ہو کر چکنا چور ہو گئی تمام عمارتیں ٹوٹ پھوٹ کر تہس نہس ہو گئیں اور قوم کا ایک ایک آدمی گھٹنوں کے بل اوندھا گر کر مر گیا۔ پوری قوم میں صرف ایک شخص ابو رغال بچ سکا کہ اس وقت وہ کعبۃ اللہ میں تھا۔ لیکن جب وہ حرم سے نکلا تو مبتلاء عذاب ہو کر مر گیا۔ (ابن کثیر پ ۸ ع ۱۷)

۱۰۔۔۔ آپ کا انتقال مکہ معظمہ میں ہوا۔ (الاتقان ج ۲-۱۷۷)

بقول دیگر آپ کا انتقال حضر موت میں ہوا۔ اس کا جگہ نام حضر موت اس لئے ہی رکھا گیا کہ آپ کا وہاں تشریف لیجاتے ہی وصال ہو گیا۔ (حاشیہ ۱۸ جلالین ص ۲۸۳)

۱۱۔۔۔ بیت اللہ شریف میں رکن یمانی اور رکن اسود کے درمیان ایک جگہ ہے جس کو "روضۃ من ریاض الجنۃ" کہتے ہیں آپ کی قبر مبارک اسی بقعہ میں ہے۔ (حاشیہ ۲۷ جلالین ۱۸۳)

بقول دیگر آپ کی قبر انور حضر موت میں ہے۔ (حاشیہ ۱۸ جلالین ص ۲۸۳)

۱۲۔۔۔ آپ کی عمر شریف اٹھاون سال ہوئی۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۷۷)

بقول دیگر آپ کی عمر دو سو اسی سال ہوئی۔ (حاشیہ ۱۸ جلالین ص ۳۱۴)

حضرت موسیٰ علیہ السلام سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت یوسف و ابراہیم علیہما السلام کے مابین زمانی فرق کتنا ہے۔؟

۲۔۔۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا زمانہ، حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے کتنے سال پیشتر ہے۔؟

۳۔۔۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا زمانہ، میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کتنے سال قبل ہے۔؟

۴۔۔۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مابین کتنے نبی مبعوث ہوئے۔؟

۵۔۔۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا نام "موسیٰ" کس نے رکھا اور کیوں۔؟

۶۔۔۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے والد اور والدہ کا نام کیا ہے۔؟

۷۔۔۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت ہارون علیہ السلام سے چھوٹے تھے یا بڑے۔؟

۸۔۔۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا سلسلہ نسب کس طرح ہے۔؟

۹۔۔۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا حضرت شعیب علیہ السلام سے کیا رشتہ تھا۔؟

۱۰۔۔۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی عمر اس وقت کتنی تھی جب آپ کو دریا کے سپرد کیا گیا تھا۔؟

۱۱۔۔۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو جس صندوق میں رکھ کر دریا کے حوالے کیا گیا اس صندوق کے بنانے والے کا نام کیا ہے۔؟

۱۲۔۔۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دریا میں کتنی مدت گزاری۔؟

۱۳۔۔۔ اس فرعونی کا کیا نام تھا جس نے دریا سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا صندوق نکالا تھا۔؟

۱۴۔۔۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی اس ہمشیرہ کا کیا نام تھا جو صندوق کی نگرانی کر رہی تھی۔؟

۱۵۔۔۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام، فرعون کے گھر کتنی مدت رہے۔؟

۱۶ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی عمر اس وقت کتنی تھی جس وقت آپ نے فرعون کی داڑھی پکڑ کر تھپڑ رسید کیا تھا۔؟

۱۷ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زبان میں لکنت پیدا ہونے کا واقعہ کیا ہے۔؟

۱۸ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ایک مکے سے مرنے والے فرعونی کا نام کیا تھا۔؟

۱۹ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہاتھوں سے فرعونی کے قتل کا حادثہ کس جگہ پیش آیا تھا۔؟

۲۰ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس فرعونی قبطی کی لاش کو کیا کیا تھا۔؟

۲۱ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی عمر اس وقت کتنی تھی جب آپ کے ہاتھوں قبطی کی موت واقع ہوئی تھی۔؟

۲۲ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کس نے اطلاع دی تھی کہ فرعون کے دربار سے آپ کے قتل کا حکم جاری ہو چکا ہے۔؟

۲۳ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کتنے سال تک حضرت شعیب علیہ السلام کی بکریاں چرائیں۔؟

۲۴ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام جن بکریوں کو چرایا کرتے تھے ان کی تعداد کتنی تھی۔؟

۲۵ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی اہلیہ محترمہ کا نام کیا ہے۔؟

۲۶ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا اللہ تعالیٰ سے ہمکلام ہوتے وقت جس درخت سے آواز آئی تھی وہ کونسا درخت تھا۔؟

۲۷ـــ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے کتنی بار کلام فرمایا اور کتنی باتیں کیں۔؟

۲۸ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کلام الٰہی کو جسم کے کن کن عضو سے سماعت کیا تھا۔؟

۲۹ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو جب حکم الٰہی ہوا کہ جوتیاں اتار دو۔ اس وقت آپ کی جوتیاں کس چیز کی تھیں۔؟

۳۰ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام، پہلی بار کس رات کو کلام الٰہی سے مشرف ہوئے تھے۔؟

۳۱ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام، جب اللہ تعالیٰ سے ہمکلام ہوئے اس وقت آپ کے ساتھ اور کون تھا۔؟

۳۲ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام کس پہاڑ پر اللہ سے ہمکلام ہوئے تھے۔؟

۳۳ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام کس ماہ کی کس تاریخ کو تجلی الٰہی سے مشرف ہوئے تھے۔؟

۳۴ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام کیلئے اللہ تعالیٰ نے اپنی کتنی تجلی ظاہر فرمائی۔؟

۳۵ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا مبارک کا کیا نام تھا۔؟

۳۶ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا کس لکڑی کا تھا۔؟

۳۷ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو یہ عصا کن سے حاصل ہوا تھا۔؟

۳۸ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا مبارک کی لمبائی کتنی تھی۔؟

۳۹ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا کا اوپری حصہ کیسا تھا۔؟

۴۰ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا کی خصوصیات کیا کیا تھیں۔؟

۴۱ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر سب سے پہلے کون ایمان لایا تھا۔؟

۴۲ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور فرعونی جادوگروں کے درمیان مقابلہ کہاں ہوا تھا۔؟

۴۳ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور جادوگروں کے درمیان مقابلہ کس ماہ کی کس تاریخ کو ہوا تھا۔؟

۴۴ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مقابل جادوگروں کی تعداد کتنی تھی۔؟

۴۵ـــ فرعونی جادوگروں کے سردار کا نام کیا تھا۔؟

۴۶ـــ فرعونی جادوگروں نے میدان میں جو اژدہے چھوڑے تھے ان کی تعداد کتنی تھی۔؟

۴۷ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا اژدہا کتنا لمبا اور کس رنگ کا تھا۔؟

۴۸ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا اژدہا جب منہ کھولتا تھا تو دونوں جبڑوں کے درمیان کتنا فاصلہ ہوتا تھا۔؟

۴۹ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لانے والے فرعونی جادوگروں کی تعداد کتنی تھی۔؟

۵۰ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لانے والے فرعونیوں کی تعداد کتنی ہے۔؟

۵۱—— حضرت موسیٰ علیہ السلام کا دریا میں اپنا عصا مارنے پر کتنے راستے پیدا ہوئے تھے۔؟

۵۲—— دریا میں پیدا ہونے والے ہر راستے کی فراخی کتنی تھی۔؟

۵۳—— ان راستوں میں سے گزرنے والے بنی اسرائیل ایک دوسرے کو کیسے دیکھتے تھے۔؟

۵۴—— یہ دریا مصر سے کتنی مسافت پر واقع ہے اور اس کا طول و عرض کتنا ہے۔؟

۵۵—— حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہمراہیوں میں سے سب سے پہلے دریا میں گھوڑا کس نے اتارا تھا۔؟

۵۶—— سامری کا نام کیا تھا کہ جس نے بچھڑا بنایا تھا۔؟

۵۷—— سامری کی پرورش کس نے کی تھی اور کیوں۔؟

۵۸—— سامری نے بچھڑا کتنے دنوں میں تیار کیا تھا۔؟

۵۹—— سامری نے کن چیزوں سے بچھڑا بنایا تھا۔؟

۶۰—— سامری کے بنائے ہوئے بچھڑے کا کیا نام تھا۔؟

۶۱—— بنی اسرائیل نے اس بچھڑے کی عبادت کتنے دنوں تک کی تھی۔؟

۶۲—— ان بنی اسرائیلوں کی تعداد کتنی تھی کہ جنہوں نے بچھڑے کی پرستش نہیں کی تھی۔؟

۶۳—— سامری کو کیا سزا دی گئی تھی۔؟

۶۴—— حضرت موسیٰ علیہ السلام کو حضرت یوسف علیہ السلام کی قبر کی نشاندہی کس عورت نے کی تھی۔؟

۶۵—— حضرت یوسف علیہ السلام کی قبر کی نشاندہی کرنے والی عورت نے موسیٰ علیہ السلام سے کیا معاوضہ طلب کیا تھا۔

۶۶—— من و سلویٰ کی جائے نزول کا نام کیا ہے۔؟

۶۷—— من و سلویٰ کیا چیزیں تھیں۔؟

۶۸—— من و سلویٰ کس وقت نازل ہوتا تھا۔؟

۶۹—— من و سلویٰ روزانہ کتنا نازل ہوتا تھا۔؟

۷۰—— من و سلویٰ کس دن نازل نہیں ہوتا تھا۔؟

۷۱—— من و سلویٰ کتنے دنوں تک نازل ہوتا رہا۔؟

۷۲—— حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا مارنے سے جس پتھر سے بارہ چشمے پھوٹ نکلتے تھے اسکا طول و عرض کتنا تھا۔؟

۷۳—— یہ پتھر کہاں کا تھا۔؟

۷۴—— اس مقتول کا کیا نام تھا جس کے قاتل کا پتہ لگانے کیلئے بنی اسرائیل کو گائے ذبح کرنے کا حکم دیا گیا تھا۔؟

۷۵—— بنی اسرائیل نے قاتل کا پتہ لگانے کے لئے جس گائے کو ذبح کیا تھا اس کا نام کیا تھا۔؟

۷۶—— اس مچھلی کی لمبائی چوڑائی کتنی تھی جو حضرت موسیٰ علیہ السلام حضرت خضر علیہ السلام سے ملنے جاتے وقت اپنے ہمراہ لے گئے تھے۔؟

۷۷—— اس مچھلی کا حلیہ کیسا تھا۔؟

۷۸—— حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے کتنے معجزے عطا فرمائے۔؟

۷۹—— حضرت موسیٰ علیہ السلام کا انتقال کس مقام پر ہوا تھا۔؟

۸۰—— حضرت موسیٰ علیہ السلام کی عمر کتنی ہوئی۔؟

حضرت موسیٰ علیہ السلام سے متعلق جوابات

۱ــــ آپ کے اور حضرت یوسف علیہ السلام کے مابین چار سو سال، آپ کے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے مابین سات سو سال کا فاصلہ ہے۔ (حاشیہ ۵ جلالین ص ۳۰۸)

۲ــــ آپ کے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مابین ایک ہزار نو سو پچھتر (۱۹۷۵) سال کا فاصلہ ہے۔ (حاشیہ ۳۳ جلالین ۵۱)

دوسرا قول سترہ سو سال کا ہے۔ (حاشیہ ۵ جلالین ص ۹۷)

۳ــــ آپ کا زمانہ نبی کریم ﷺ کی ولادت باسعادت سے دو ہزار تین سو سال قبل ہے۔ (معارف ج ۲ ص ۳۲)

۴ــــ آپ کے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مابین ستر ہزار بروایت چار ہزار انبیاء کرام مبعوث ہوئے اور سب کے سب دین موسوی پر تھے۔ (حاشیہ جلالین ص ۱۳)

۵ــــ آپ کا نام "موسیٰ" فرعون کی زوجہ حضرت آسیہ نے اس وقت رکھا جب فرعون مع حشم و خدم دریا کے کنارے سیر و تفریح کر رہا تھا۔ اچانک وہ صندوق جس میں حضرت موسیٰ علیہ السلام جلوہ فرما تھے پانی کی سطح پر بہتا ہوا نظر آیا۔ جب اس صندوق کو نکال کر کھولا گیا تو اس میں ایک حسین و جمیل چاند سا بچہ ملا۔ فرعون نے حضرت آسیہ سے کہا اس بچے کا نام رکھا جائے۔ تو حضرت آسیہ نے اس مناسبت سے کہ آپ پانی اور لکڑیوں کے درمیان بہتے ہوئے آئے آپ کا نام موسیٰ رکھا اسلئے کہ قبطی زبان میں "مو" پانی کو اور "سا" لکڑی کو کہتے ہیں۔ (روح البیان ج ۱ ص ۱۹۰، الاتقان ج ۲ ص ۱۰۰)

۶ــــ آپ کے والد محترم کا نام عمران بن یصہر ہے۔ (خزائن العرفان پ ۳ ع ۱۳)

اور آپ کی والدہ ماجدہ کے نام سے متعلق مختلف روایات وارد ہیں

(۱) حکیم الامت مفتی احمد یار خان صاحب علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ: آپ کی والدہ محترمہ کا نام "عائذ" ہے۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۹)

(۲) حضرت علامہ جلال الدین سیوطی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: والدہ محترمہ کا نام "یوحانذ" بنت یصہر بن لاوئی ہے۔ (۳) بعض نے "یوخا" (۴) اور بعض نے "اباذخت" کہا ہے (الاتقان ج ۲ ص ۱۸۸)

(۵) بروایتے آپ کی والدہ ماجدہ کا نام "یارخا" ہے۔ (۶) امام سہیلی نے اپنی کتاب "التعریف" میں "یارخت" کہا ہے (۷) روح المعانی میں "توحانذ" ہے۔ (۸) اور تفسیر قرطبی میں امام ثعلبی نے کہا ہے: آپ کی والدہ صاحبہ کا نام "توخا" بنت ہانذ بن لاوئی ہے۔ (حاشیہ ۱۰ جلالین ص ۳۲۶)

۷ــــ حضرت ہارون علیہ السلام سے آپ ایک سال چھوٹے تھے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۰۰)

۸ــــ حضرت یعقوب علیہ السلام تک آپ کا نسب شریف اسطرح ہے۔

موسیٰ بن عمران بن قاہث بن لاوئی بن یعقوب علیہما السلام۔

(خزائن العرفان پ ۳ ع ۱۳، الاتقان ج ۲ ص ۱۰۰)

۹ــــ حضرت شعیب علیہ السلام آپ کے خسر تھے۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۱۹)

۱۰ــــ اس وقت آپ کی عمر شریف چالیس دن کی تھی۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۱۳)

قول دیگر اس وقت آپ کی عمر شریف تین ماہ (خزائن العرفان پ ۲۰ ع ۴)

یا چار ماہ کی تھی۔ (حاشیہ ۱۹ جلالین ص ۳۲۲)

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا دریا میں ڈالے جانے اور فرعون کے محل تک پہنچنے کا واقعہ اصحاب سیر و تواریخ یوں بیان کرتے ہیں

فرعون بے عون نے ایک شب خواب دیکھا کہ "بیت المقدس کی طرف سے ایک آگ آئی اس نے مصر کو گھیر کر تمام فرعونیوں کو جلا ڈالا مگر اسرائیلیوں کو کوئی ضرر نہ پہنچایا۔ اور یہ دیکھا کہ بنی اسرائیل کے محلے سے ایک بڑا اژدہا نکلا جس نے اس کو تخت سے نیچے ڈال دیا" اس خواب سے فرعون کو بہت وحشت

ہوئی اور کاہنوں سے اس کی تعبیر پوچھی۔ کاہنوں نے بتلایا کہ "بنی اسرائیل میں ایک بچہ پیدا ہوگا جو تیرے ہلاک اور زوال سلطنت کا باعث ہوگا۔ اس خبر کو سنکر فرعون بہت پریشان ہوا اور اس نے فوراً کوتوال شہر کو بلا کر حکم دیا کہ ایک ہزار سپاہی ہتھیار بند اور ایک ہزار دائیاں بنی اسرائیل کے محلے میں مقرر کر دو کہ جس گھر میں بھی کوئی بچہ پیدا ہو اسے فوراً قتل کر دیا جائے۔ چند سالوں میں بنی اسرائیل کے بارہ ہزار بچے بروایتے ستر ہزار بچے قتل کر دیئے گئے اور نوے ہزار حمل گرائے گئے ادھر مشیت الٰہی سے بنی اسرائیل کے بوڑھے بھی جلد جلد مرنے لگے تب قوم قبط کے رؤساء نے گھبرا کر فرعون سے شکایت کی کہ بنی اسرائیل میں موت کی گرم بازاری ہے اور ادھر ان کے بچے قتل کئے جا رہے ہیں اگر یہی حال رہا تو یہ قوم جلد فنا ہو جائے گی پھر ہمیں خدمت گار کہاں سے میسر آئیں گے تب فرعون نے حکم دیا کہ اچھا ایک سال بچے قتل کئے جائیں اور ایک سال چھوڑ دیئے جائیں۔ رب کی شان جو سال چھوڑنے کا تھا اس میں ہارون علیہ السلام (موسیٰ علیہ السلام کے بڑے بھائی) پیدا ہوئے اور قتل کے سال میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ولادت ہوئی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام جب پیدا ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کی ماں کے دل میں یہ بات ڈالی کہ "اسے دودھ پلاؤ اور جب کوئی خطرہ دیکھو تو اسے دریا میں ڈال دو" چنانچہ چند روز موسیٰ علیہ السلام کی ماں نے دودھ پلایا اس عرصہ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام نہ روتے تھے نہ ماں کی گود میں حرکت کرتے تھے اور نہ آپ کی بہن کے سوا آپ کی ولادت کا کسی کو علم تھا اسی طرح کچھ عرصہ گزر گیا تو موسیٰ علیہ السلام کی ماں کو خطرہ محسوس ہوا کہ اس فرزند کی زندگی مشکل میں ہے اگر ہمسایہ واقف ہو گئے تو غمازی اور چغل کریں گے اور فرعون اس فرزند ارجمند کے قتل کے درپے ہو جائے گا بہتر یہ ہے کہ اس کو صندوق میں رکھکر دریائے نیل میں بہا دیا جائے شاید کوئی دوسرا شخص اس کو اٹھا لے اور وہاں یہ پرورش پائیں۔ چنانچہ موسیٰ علیہ السلام کی ماں نے محلے کے ایک بڑھئی سے ایک

صندوقچہ لکڑی کا بنوالیا اور اس بڑھئی سے عہد لیا کہ وہ کسی سے اسکا ذکر نہ کرے۔ والدہ ماجدہ نے موسیٰ علیہ السلام کو غسل دیا، عمدہ کپڑے پہنائے۔ خوشبو لگائی اور صندوقچہ میں رکھ کر دریائے نیل پر روتی ہوئی لے گئیں اور خدا کے حوالہ کر کے دریا میں بہا دیا۔ دل بہت بے چین ہوا مگر قدرتی طور پر تسکین ہوئی کہ یہ بچہ پھر مجھکو ہی ملے گا۔

اس دریا سے ایک بڑی نہر نکل کر فرعون کے محل سے گذرتی تھی۔ فرعون معہ بی بی آسیہ کے نہر کے کنارے بیٹھا تھا جب ایک صندوق نہر میں آتے دیکھا تو اس نے غلاموں کو حکم دیا کہ صندوق نکالے۔ صندوق نکال کر سامنے لایا گیا۔ کھولا تو اس میں ایک نورانی شکل کا فرزند جن کی پیشانی سے اقبال کے آثار نمودار تھے نظر آیا۔ دیکھتے ہی فرعون کے دل میں ایسی محبت پیدا ہوئی کہ وہ وارفتہ ہو گیا۔ لیکن قوم کے لوگوں نے اسے ورغلایا اور کہا کہ ممکن ہے یہی وہ بچہ ہو جس کو آپ کی حکومت برباد کرنا ہے چنانچہ فرعون آپ کے قتل پر آمادہ ہوا تو فرعون کی بی بی آسیہ جو بڑی نیک خاتون تھی کہنے لگی کہ یہ بچہ میری اور تیری آنکھ کی ٹھنڈک ہے اسے قتل نہ کر۔ کیا معلوم یہ کس سرزمین سے بہتا ہوا آیا ہے اور تجھے جس بچے سے اندیشہ ہے وہ تو اسی ملک کے بنی اسرائیل سے بتایا گیا ہے۔ آسیہ کی یہ بات فرعون نے مان لی اور حضرت موسیٰ علیہ السلام فرعون کے محل میں رہنے لگے۔

(تفسیر نعیمی ج۱ ص ۳۳۱ و خزائن العرفان پ ۲۰ ع ۴)

الــــ اس صندوق کے بنانے والے کا نام "سانوم" تھا اس سے عہد لیا گیا تھا کہ اس راز کو فاش نہ کرے۔ سانوم نے صندوقچہ بنایا اور ادھر فرعون بے عون کی طرف سے اعلان ہوا: جو شخص اس لڑکے کا پتہ دے جو کہ بنی اسرائیل کے گھر پیدا ہوا ہے وہ انعام جزیل و اکرام عظیم سے نوازا جائیگا۔ سانوم کو دولت و جاہ کی لالچ اور دنیوی منفعت کی طمع ہوئی۔ خبر دینے کے لئے نکلا، دروازے پر پہنچا کہ زمین میں ٹخنوں تک دھنس گیا۔ اور غیبی آواز آئی: خبردار!! اگر راز کو ظاہر کیا تو زمین میں

دھنسا دیا جائے گا۔ سانوم وحشت ناک انجام کے تصور سے خوفزدہ ہو کر لوٹا۔ اور صندوقچہ عمران کے گھر پہنچا دیا۔ عرض کیا: مجھے اس پاکیزہ فرزند کی صورت دکھاؤ۔ والدہ نے اس کو حضرت موسیٰ کی زیارت کرائی سانوم نے آپ کے چہرہ نورانی کی صباحت و تابانی کو دیکھ کر آپ کے قدم محترم پر آنکھیں ملیں۔ اور آپ پر ایمان لایا (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۲۱۳)

۱۲ـــ آپ تین روز بقول دیگر چالیس روز دریا میں رہے۔ (نزہۃ المجالس ج ۲ ص ۱۸)

یہ بھی منقول ہے کہ آپ دریا میں شب میں بہائے گئے تھے اور اسی شب کی صبح نکالے گئے۔ (خزائن العرفان پ ۲۰ ع ۴)

۱۳ـــ جس فرعونی نے دریا سے اس صندوق کو نکالا تھا اس کا نام "طابوس" تھا۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۸۸)

۱۴ـــ آپ کی اس ہمشیرہ صاحبہ کا نام "مریم" تھا۔ (خزائن العرفان پ ۲۰ ع ۴)

بعض نے "کلثوم" کہا ہے (الاتقان ج ۲ ص ۱۸۸)

اور بعض نے "کلثمہ"۔ (حاشیہ ۲ جلالین ص ۳۲۷)

۱۵ـــ مفسرین نے کہا ہے کہ آپ فرعون بے عون کے گھر تیس سال رہے۔ اس زمانے میں آپ فرعون کے لباس پہنتے اس کی سواریوں میں سوار ہوتے اور اس کے فرزند مشہور تھے۔ (خزائن العرفان پ ۱۹ ع ۲)

۱۶ـــ اس وقت آپ کی عمر شریف تین برس کی تھی۔ (تفسیر نعیمی ۱-۴۴۳)

بقول دیگر اس وقت آپ کی عمر شریف چار سال کی تھی۔ آپ نے اس کی داڑھی پکڑ کر اس زور سے جھٹکی کہ اس کے سارے اعضاء جنبش میں آ گئے۔

(ملفوظات خواجہ نظام الدین ص ۱۷۹)

۱۷ـــ اس کا واقعہ یہ تھا کہ بچپن میں آپ ایک روز فرعون کی گود میں تھے آپ نے اس کی داڑھی پکڑ کر اس کے منہ پر زور سے طمانچہ مارا۔ اس پر اسے غصہ آیا اور آپ کے قتل کا ارادہ کیا۔ حضرت آسیہ نے کہا اے بادشاہ! یہ نادان بچہ ہے کیا

سمجھے۔ تو چاہے تو تجربہ کر لے۔ اس نے تجربہ کیلئے ایک طشت میں آگ اور ایک طشت میں یاقوت سرخ آپ کے سامنے پیش کیا۔ آپ نے یاقوت لینا چاہا مگر فرشتہ نے آپ کا ہاتھ انگارے پر رکھ دیا اور وہ انگارہ آپ کے منہ میں دے دیا۔ اس سے زبان مبارک جل گئی اور لکنت پیدا ہو گئی۔ (خزائن العرفان پ ۲۰ ع ۱۱، تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۴۱۴)

۱۸ـــ اس قبطی کا نام "قانون" تھا۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۸۷)

بروایت دیگر اس کا نام "فاتون" تھا۔ (حاشیہ ۵ جلالین ص ۳۰)

جمل میں اس قبطی کا نام "قاب" ہے۔ (حاشیہ ۲ جلالین ص ۲۹۳)

اور ایک قول کے بموجب اس کا نام "فلیثون" تھا۔ (عین المسطور جلالین ص ۳۲۷)

اور اس کیساتھ جو اسرائیلی لڑ رہا تھا اس کا بعض نے "حزقیل" نام کہا ہے۔ (حاشیہ ۸ جلالین ص ۳۲۸)

واقعہ :

حضرت موسیٰ علیہ السلام جب جوان ہو گئے تو ایک دن فرعون کے محل سے نکل کر شہر میں داخل ہوئے تو آپ نے دو آدمیوں کو آپس میں لڑتے جھگڑتے دیکھا ایک فرعون کا باورچی تھا اور دوسرا حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم یعنی بنی اسرائیل سے تھا۔ فرعون کا باورچی لکڑیوں کا گٹھا اس اسرائیلی پر لاد کر اسے حکم دے رہا تھا کہ وہ فرعون کے باورچی خانے تک یہ لکڑیاں لے چلے۔ اسرائیلی نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو مدد کے لئے پکارا آپ مدد کے لئے اس کے پاس گئے اور فرعون کے باورچی سے کہا: اس غریب آدمی پر ظلم نہ کر! لیکن وہ باز نہ آیا اور بدزبانی پر اتر آیا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس کو ایک ایسا مکہ مارا کہ ایک ہی مکہ سے اس کا دم نکل گیا اور وہ وہیں ڈھیر ہو گیا۔ (روح البیان۔ خزائن العرفان پ ۲۰ ع ۵)

۱۹ـــ یہ حادثہ شہر منف یا حابین یا عین الشمس میں پیش آیا تھا۔ اور بعض نے یہ بھی کہا ہے کہ یہ وہ گاؤں تھا جس میں فرعون رہتا تھا اور یہ گاؤں مصر سے دو فرسخ دوری پر تھا۔ (حاشیہ ۱۱ جلالین ص ۳۲۸)

۲۰۔۔۔ اس قبطی کی لاش کو آپ نے ریت میں دفن کر دیا تھا۔ (جلالین ص۳۲۷)

۲۱۔۔۔ اس وقت آپ کی عمر شریف بارہ سال کی تھی۔ (خزائن العرفان پ۲۰ ع۵)

بروایت دیگر اس وقت آپ کی عمر تیس سال کی تھی۔ (تفسیر نعیمی ج ص۳۱۵)

۲۲۔۔۔ فرعونیوں کو جب معلوم ہوا کہ اس قبطی کا قاتل موسیٰ علیہ السلام ہیں تو قبطی سرداروں نے فرعون سے مطالبہ کیا کہ موسیٰ علیہ السلام کو قتل کے بدلے میں قتل کیا جائے فرعون نے آپ کے قتل کا حکم جاری کر دیا۔ اس محفل میں ایک شخص جس کا نام حزقیل تھا موجود تھا اور وہ در پردہ آپ پر ایمان لا چکا تھا۔ اس نے موسیٰ علیہ السلام کو خبر دی کہ آپ کے قتل کا حکم دربار فرعون سے جاری ہو چکا ہے۔ بہتر ہے کہ آپ کسی اور جگہ چلے جائیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام بے سر و سامان مدین کی طرف روانہ ہو گئے۔ (تفسیر نعیمی ج ص۳۱۵)

اس کا نام بعض نے سمعان، بعض شمعون، بعض جبر اور بعض نے حبیب کہا ہے۔ (الاتقان ج۲ ص۱۸۸)

۲۳۔۔۔ آپ نے دس سال تک حضرت شعیب علیہ السلام کی بکریاں چرائیں۔

(جلالین ص۳۲۹، خزائن العرفان پ۲۰ ع۵)

۲۴۔۔۔ ان بکریوں کی تعداد بارہ ہزار تھی۔ (حاشیہ جلالین ص۳۲۹)

۲۵۔۔۔ آپ کی زوجہ محترمہ جو حضرت شعیب علیہ السلام کی صاحبزادی تھیں ان کے نام سے متعلق کئی اقوال ہیں

(۱) صفورا (تفسیر نعیمی ج۱ ص۳۱۵)

(۲) صفوریا (الاتقان ج۲ ص۱۸۸)

---

(۳) بعض نے صفیرا (۴) اور بعض نے صفراء کہا ہے۔ (حاشیہ۵ جلالین ص۳۲۹)

۲۶۔۔۔ وہ درخت عناب یا عوسج کا تھا۔ عوسج ایک خار دار درخت ہے جو جنگلوں میں پایا جاتا ہے۔ (جس کو ہندی میں بیری کہتے ہیں)

(خزائن العرفان پ۲۰ ع۷، نزہۃ المجالس ج۵ ص۱۱۷)

واقعہ:

حضرت موسیٰ علیہ السلام حضرت شعیب علیہ السلام کے پاس دس برس تک رہے اور پھر حضرت شعیب علیہ السلام نے اپنی صاحبزادی کا نکاح حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کر دیا اتنے عرصے کے بعد آپ حضرت شعیب علیہ السلام سے اجازت لیکر اپنی والدہ سے ملنے کے لئے مصر کی طرف روانہ ہوئے آپ کی بیوی بھی ساتھ تھی۔ راستے میں جب کہ آپ رات کے وقت ایک جنگل میں پہنچے تو راستہ گم ہو گیا۔ اندھیری رات تھی سردی کا موسم تھا اس وقت آپ نے جنگل میں دور ایک چمکتی ہوئی آگ دیکھی اور بیوی سے فرمایا تم یہیں ٹھہرو میں نے وہ دور آگ دیکھی ہے میں وہاں جاتا ہوں شاید وہاں سے کچھ خبر ملے اور تمہارے تاپنے کے لئے کچھ آگ بھی لا سکوں۔ چنانچہ آپ اپنی بیوی کو وہیں بٹھا کر اس آگ کی طرف چلے اور جب اس کے پاس پہنچے تو ایک سرسبز و شاداب درخت دیکھا جو اوپر سے نیچے تک نہایت ہی روشن تھا اور آپ جتنا اس کے قریب جاتے ہیں وہ دور ہو جاتا ہے اور جب ٹھہر جاتے ہیں تو قریب ہو جاتا ہے آپ اس نورانی درخت کے اس عجیب حال کو دیکھ رہے تھے کہ درخت سے آواز آئی۔ اے موسیٰ! میں سارے جہانوں کا رب اللہ ہوں تم بڑے پاکیزہ مقام میں آ گئے ہو اپنے جوتے اتار ڈالو۔ تجھے جو وحی ہوتی ہے کان لگا کر سنو! میں نے تجھے پسند کیا۔ (خزائن العرفان پ۲۰ ع۸)

۲۷۔۔۔ اللہ تعالیٰ نے آپ سے دو بار کلام فرمایا۔ (ابن کثیر سورۃ النجم مدارج النبوۃ ج۱ ص۱۳۵) اور کلام کے دوران اللہ تعالیٰ نے آپ سے ایک لاکھ چوبیس ہزار باتیں کیں۔

(نزہۃ المجالس ج۲ ص۹۳)

ایک روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک ہزار مقام پر آپ سے کلام فرمایا۔ (نزہۃ المجالس ج ۲ ص ۲۵)

۲۸۔۔۔ آپ نے اپنے ہر جزو بدن سے کلام خداوندی کو سماعت کیا اور قوت سامعہ ایسی عام ہوئی کہ تمام جسم اقدس کان بن گیا۔

(خزائن العرفان پ ۱۶ ع ۱۰، نزہۃ المجالس ج ۲ ص ۷۵)

۲۹۔۔۔ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام طور سیناء پر گئے تھے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم ہوا کہ جوتیاں اتار دو! اس وقت آپ کی جوتیاں مردہ گدھے کے چمڑے کی تھیں۔ (الکامل فی التاریخ ج ۱ ص ۲۹، ابن کثیر پ ۱۶ ع ۱۰)

۳۰۔۔۔ پہلی بار جس رات کو آپ کلام ربانی سے مشرف ہوئے وہ جمعہ کی رات تھی۔ (حاشیہ ۵ جلالین ص ۲۶۱)

۳۱۔۔۔ جب آپ کلام ربانی و تجلی الٰہی سے مشرف و ممتاز ہوئے اس وقت آپ کے ساتھ جبرائیل علیہ السلام تھے لیکن جو اللہ تعالیٰ نے آپ سے فرمایا وہ انہوں نے کچھ نہ سنا۔ (خزائن العرفان پ ۹ ع ۷، معالم التنزیل ج ۲ ص ۲۲)

۳۲۔۔۔ بعض مفسرین نے کہا ہے وہ سیناء پہاڑ تھا جس کو طور سیناء سے یاد کیا جاتا ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ وہ زبیر نامی پہاڑ تھا جو مدین کے پہاڑوں میں سب سے بڑا تھا۔ (معالم التنزیل ج ۲ ص ۲۲، حاشیہ ۲ جلالین ص ۱۴۰)

۳۳۔۔۔ ۹ ذی الحجہ یوم عرفہ کو تجلی الٰہی سے مشرف ہوئے تھے۔ (حاشیہ جلالین ص ۱۴۰)

۳۴۔۔۔ اللہ تقدس و تعالیٰ نے ہاتھ کی سب چھوٹی انگلی کے نصف پور کے برابر تجلی ظاہر فرمائی تھی۔ (جلالین ص ۱۴۰)

۳۵۔۔۔ آپ کے عصا مبارک کے نام سے متعلق تین اقوال ہیں۔

(۱) نبعہ (خزائن العرفان پ ۱۶ ع ۱۰)

(۲) ماشا (ابن کثیر پ ۱۶ ع ۱۰)

(۳) علیق۔ (حاشیہ ۳ جلالین ص ۲۶۱، نزہۃ المجالس ج ۲ ص ۷۵)

۳۶۔۔۔ یہ عصا مبارک جنت کے درخت "آس" کی لکڑی کا تھا۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۷۴)
بروایت دیگر جنتی درخت "عوسج" کی لکڑی کا تھا۔ (روح المعانی پ ۱۶ ع ۱۲)

۳۷۔۔۔ یہ عصا حضرت آدم علیہ السلام جنت سے لائے تھے۔ ان سے منتقل ہوتا ہوا حضرت شعیب علیہ السلام تک پہونچا اور آپ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو بکریاں چرانے کیلئے عنایت فرمایا۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۷۴، خزائن العرفان پ ۲۰ ع ۷)

کہتے ہیں کہ یہی عصا قرب قیامت دابۃ الارض کی صورت میں ظاہر ہوگا۔

(ابن کثیر پ ۱۶ ع ۱۰)

۳۸۔۔۔ اس کی لمبائی آپ کے قد کے برابر دس ہاتھ تھی۔ (تفسیر نعیمی ۳۷۴)

بقول دیگر اسکی لمبائی بارہ ہاتھ تھی۔ (روح المعانی پ ۱۶ ع ۱۲، نزہۃ المجالس ج ۲ ص ۷۵)

۳۹۔۔۔ اس مبارک عصا کے اوپر کی جانب دو شاخیں تھیں جو تاریکی میں دو مشعلوں کی طرح جلتی تھیں۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۷۴)

۴۰۔۔۔ اس عصا مبارک کی خصوصیات مذکور بذیل ہیں

(۱) جب آپ سفر میں ہوتے تو یہ عصا آپ سے باتیں کرتے کرتے چلتا۔

(۲) جب آپ کو بھوک لگتی اور کوئی چیز کھانے کو نہ ہوتی تو عصا کو زمین پر مارتے اس سے ایک دن کا کھانا نکل آتا۔

(۳) جب آپ کو پیاس لگتی تو اسکو زمین پر نصب کرتے اس سے پانی ابلنا شروع ہو جاتا۔

(۴) جب کنویں سے پانی کھینچنے کی نوبت آتی تو یہ عصا ڈول کا کام دیتا اور اتنا لمبا ہو جاتا جتنی اس کنویں کی گہرائی ہوتی۔ اوپر کی دو شاخیں ڈول کی طرح بن جاتیں

(۵) جب آپ کو پھل تناول فرمانے کی خواہش ہوتی تو اس کو زمین میں گاڑ دیتے، یہ درخت بن جاتا، پتے نکل آتے پھر پھل آ جاتا۔

(۶) شب دیجور میں اس سے روشنی پھوٹ نکلتی۔

(۷) جب کوئی دشمن سامنے آتا تو یہ عصا خود بخود اس سے لڑتا اور غالب آتا۔ (حاشیہ ۱۰ جلالین ص ۲۶۱، نزہۃ المجالس ق ۲ ص ۴۳)

۴۱ـــ آپ پر سب سے پہلے "سانوم" نامی شخص ایمان لایا تھا۔ یہ وہی شخص ہے جس سے آپ کے والد ماجد حضرت عمران نے صندوق بنوایا تھا کہ اس میں آپ کو رکھ کر دریا میں بہا دیں تاکہ فرعونیوں کے ہاتھوں قتل ہونے سے بچ جائیں۔ سانوم جب صندوق لیکر عمران کے گھر پہنچا تو آپ کے چہرۂ نورانی، آئینۂ جمال الٰہی کو دیکھ کر اسی وقت آپ پر ایمان لایا۔ لہٰذا سابق الایمان یہی ہے۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۱۳)

ایک قول یہ ہے کہ آپ پر سب سے پہلے حضرت یوشع بن نون علیہ السلام ایمان لائے۔ (ابن کثیر پ ۷ ع ۴)

الکامل فی التاریخ میں ہے کہ وہ خربیل نامی شخص تھا جس نے آپ پر ایمان لانے میں سبقت حاصل کی تھی۔ (الکامل فی التاریخ ج ۱ ص ۶۸)

۴۲ـــ ابن زید کا قول ہے کہ یہ مقابلہ اسکندریہ میں ہوا تھا۔ (خزائن العرفان پ ۹ ع ۴)

۴۳ـــ یہ مقابلہ یوم عاشورہ یعنی دسویں محرم کو ہفتہ کے دن ہوا تھا۔ (خزائن العرفان پ ۱۹ ع ۴)

۴۴ـــ جادوگروں کی تعداد بقول حضرت کعب بارہ ہزار، بقول ابن اسحٰق پندرہ ہزار تھی۔ بعض نے ستر ہزار اور بعض نے اسی ہزار کی تعداد بتلائی ہے۔ (حاشیہ ۴۴ جلالین ص ۱۳۸)

سترہ ہزار، انیس ہزار اور کچھ اوپر تیس ہزار کے بھی اقوال منقول ہیں ان میں سے ہر ایک اپنے فن میں کامل اور استاد زمانہ تھا۔ (ابن کثیر پ ۱۹ ع ۷)

۴۵ـــ ان جادوگروں میں پیش پیش چار جادوگر تھے

(۱) سابور (۲) عاذور (۳) حطوط (۴) اور مصفّی (ابن کثیر پ ۱۹ ع ۷)

بقول دیگر ان کے نام اس طرح ہیں

(۱) سابور (۲) عادور (۳) حطوط (۴) اور شمعون (تاریخ الامم والملوک ج ۱ ص ۱۸۷)

حضرت مقاتل کہتے ہیں کہ اس گروہ کا رئیس اعظم شمعون تھا اور ابن جریج کا قول ہے کہ اس کا نام یوحنا تھا۔ (معالم التنزیل ج ۲ ص ۱۸)

۴۶ـــ ان اژدہوں کی تعداد ستر ہزار یا بہتر ہزار تھی۔ (حاشیہ ۷ جلالین ۳۱۱)

حضرت ابن عباس رضی عنہما کی روایت کے بموجب اسی ہزار۔ انہی کی ایک دوسری روایت کے مطابق ان اژدہوں کی تعداد بارہ ہزار تھی۔

(حاشیہ ۲۶ جلالین ص ۳۶۳)

ایک اور روایت کے بموجب پچیس ہزار تھی۔ (روح البیان ج ۳ ص ۷، ۱۰۹)

۴۷ـــ آپ کا اژدہا زرد رنگ کا ایک میل لمبا تھا۔ (خزائن العرفان پ ۹ ع ۳)

۴۸ـــ فرعون نے جب آپ سے نبوت کی نشانی طلب کی۔ تو آپ نے اپنا عصا مبارک زمین پر ڈال دیا۔ وہ عصا ایک بڑا اژدہا بن گیا۔ اس نے اپنا ایک جبڑا زمین پر رکھا اور ایک قصر شاہی کی دیوار پر اس وقت دونوں جبڑوں کے درمیان کا فاصلہ چالیس ہاتھ تھا۔ (حیاۃ الحیوان)

بقول دیگر دونوں جبڑوں کے درمیان کا فاصلہ اسی ہاتھ تھا۔

(حاشیہ ۱۶ جلالین ص ۱۸۰، نزہۃ المجالس ق ۵ ص ۱۱۷، روح البیان ج ۳ ص ۱۷)

۴۹ـــ ان جادوگروں کے تعداد اسی ہزار تھی، ستر ہزار، تیس ہزار، انیس ہزار، پندرہ ہزار اور بارہ ہزار کے بھی اقوال ہیں۔ یہ بھی مروی ہے کہ یہ ستر تھے۔ فرعون نے ان سبھوں کو قتل کروا ڈالا۔ یہ لوگ صبح کے وقت کافر اور جادوگر تھے۔ اور شام کو پاکباز مومن اور شہید۔ مروی ہے کہ جب یہ لوگ خدا کے سامنے سربسجود ہوئے اور پکار اٹھے کہ ہم رب العلمین یعنی موسیٰ و ہارون علیہما السلام کے پروردگار پر ایمان لائے یہ سجدے ہی میں تھے کہ خدائے پاک نے انہیں جنت دکھادی اور انہوں نے اپنی منزلیں اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں۔ (ابن کثیر پ ۱۶ ع ۱۲)

۵۰ـــ قوم فرعون میں سے آپ پر صرف تین خوش نصیب ایمان لائے

(۱) حضرت آسیہ زوجہ فرعون

(۲) حزقیل جنہیں مومن آل فرعون کہتے ہیں۔ بعض نے ان کا نام حزبیل کہا ہے۔

(۳) مریم بنت ناموسیٰ۔ جنہوں نے حضرت یوسف علیہ السلام کی قبر شریف کی نشاندہی کی تھی۔ (جلالین ص ۳۶۳ خزائن العرفان پ ۱۸ ع ۷)

۵۱۔۔۔ آپ نے بحکم الٰہی دریا پر اپنا عصا مارا تو بارہ راستے پیدا ہو گئے۔ (چونکہ بنی اسرائیل کے بارہ گروہ تھے) جن کے درمیان پانی دیواروں کی طرح کھڑا ہو گیا اور آناً فاناً آفتاب نے زمین کو خشک کر دیا۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۴۲۰)

۵۲۔۔۔ جو بارہ راستے بنے ان میں سے ہر ایک کی فراخی چھ میل تھی۔

(ملفوظات خواجہ نظام الاولیاء ص ۱۸۲)

۵۳۔۔۔ جب بنی اسرائیل کے ایک گروہ نے کہا کہ اے موسیٰ علیہ السلام ہمیں خبر نہیں کہ ہمارے دوسرے ساتھی زندہ ہیں یا ڈوب گئے تو موسیٰ علیہ السلام نے ان پانی کی دیواروں پر لاٹھی ماری جس سے ان آبی دیواروں میں جالی کے مثل روشن دان بن گئے اور بنی اسرائیل کی ہر جماعت ان راستوں میں ایک دوسرے کو دیکھتی اور باہم باتیں کرتی گزر گئی۔ (خزائن العرفان پ ۱ ع ۶)

۵۴۔۔۔ یہ دریا مصر سے تین دن کے فاصلے پر واقع ہے۔ اس کا طول شمالاً و جنوباً چار سو ساٹھ فرسخ ہے اور عرض صرف ساٹھ فرسخ۔ جہاں بنی اسرائیل پار ہوئے تھے وہاں عرض بہت تھوڑا تھا یعنی صرف چار فرسنگ۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۴۲۱ تا ۴۲۲)

۵۵۔۔۔ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل کو دریا پار کرنے کا حکم دیا تو یہ لوگ خوف زدہ ہوئے کہ کہیں ہم ڈوب نہ جائیں۔ چنانچہ سب سے پہلے یوشع علیہ السلام نے اپنا گھوڑا ڈالا۔ ان کے پیچھے حضرت ہارون علیہ السلام۔ جب اسرائیلیوں نے انکو گزرتے دیکھا تو یہ بھی دریا میں چل دیئے۔ اور سب سے پیچھے حضرت موسیٰ علیہ السلام داخل ہوئے۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۴۲۱)

۵۶۔۔۔ سامری کا نام موسیٰ بن ظفر تھا۔ (حاشیہ ۱۹ جلالین ص ۲۶۵)

یا اس کا نام میخا تھا۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۴۲۹)

بنی اسرائیل کی کتابوں میں ہے کہ سامری کا نام ہارون تھا۔ (ابن کثیر پ ۱۶ ع ۱۴)

۵۷۔۔۔ سامری کی پرورش جبرائیل نے کی تھی۔ واقعہ یوں ہے کہ سامری کی والدہ بدکاری کی وجہ سے حاملہ ہو گئی جب وقت ولادت قریب آیا تو پہاڑ پر چلی گئی۔ اور وہاں بچے کو جن کر آ گئی۔ اللہ تعالیٰ نے اس بچے کی پرورش کا انتظام اس طرح فرمایا کہ جبرائیل کو حکم دیا تم اسکی پرورش کرو۔ چنانچہ جبرائیل اس کو اپنی تین انگلیاں چٹاتے تھے۔ ایک انگلی سے شہد۔ دوسری سے گھی اور تیسری سے دودھ نکلتا تھا۔ (حاشیہ ۲۵ جلالین ص ۹ و حاشیہ ۱۹ ص ۲۶۵)

۵۸۔۔۔ اس نے تین دن میں بچھڑا تیار کیا تھا۔ (الکامل فی التاریخ ج ۱ ص ۴۳)

۵۹۔۔۔ سامری ایک سنار تھا۔ اور زرگری میں اسے مہارت و ید طولیٰ حاصل تھا۔ یہ منافقت سے ایمان لا کر اسرائیلیوں کیساتھ تھا۔ اس کے پاس حضرت جبرائیل کے گھوڑے کی ٹاپ کی خاک تھی جو اس نے فرعونیوں کے غرق کے وقت دریا سے اٹھا لیا تھا۔ ادھر حضرت موسیٰ علیہ السلام تیس دن کے وعدہ پر توریت لینے کے لئے کوہ طور پر گئے ہوئے تھے۔ تیس دن کی میعاد گزر جانے کے بعد تک جب آپ کی واپسی نہ ہوئی تو اسرائیلیوں میں کھلبلی مچ گئی۔ سامری کو اچھا موقعہ ملا اس نے اسرائیلیوں سے کہا: موسیٰ (علیہ السلام) تمہاری طرح بشر ہیں۔ صرف طلسماتی عصا کی وجہ سے یہ معجزے دکھاتے ہیں اور تم سے بڑھ گئے ہیں۔ میں تمہارے لئے اس عصا سے بھی زیادہ عجیب تر طلسم بنا دوں۔ چنانچہ اس نے بنی اسرائیل سے وہ تمام زیور و جواہرات جو مصر سے چلتے وقت بنی اسرائیل فرعونیوں سے عاریت کے طور پر مانگ لائے تھے لے لیا۔ سامری نے سونا گلا کر ایک نہایت ہی خوبصورت بچھڑا تیار کر دیا۔ جواہرات و یاقوت کو اس بچھڑے کی آنکھ، کان، زانوں اور قدم پر نہایت ہی قرینے سے جڑ دیا اور جبرائیلی گھوڑے کی زیر قدم خاک کو اس کے منھ میں ڈال دیا۔ جس سے اس میں آواز اور جنبش پیدا ہو گئی اسکی ناک میں کچھ سوراخ اس طرح

رکھے کہ جب ان میں ہوا داخل ہوتی تو اس سے بچھڑے کی آواز کی طرح آواز پیدا ہوتی تھی۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ وہ اسپ جرائیل کی خاک زیر قدم ڈالنے سے زندہ ہو کر بچھڑے کی طرح بولتا تھا اور حرکت بھی کرتا تھا۔ پھر سامری نے بنی اسرائیل کو اس کی پرستش شروع کرا دی۔ (تفسیر نعیمی ج۱ص۴۲۹تا۴۳۰)

۶۰ــــ اس بچھڑے کا نام بہموت تھا۔ (ابن کثیر پ۱۵ع۱۵)

۶۱ــــ چالیس دن۔ (تفسیر نعیمی ج۱ص۴۲۷)

۶۲ــــ ان بنی اسرائیلیوں کی تعداد بارہ ہزار تھی جنہوں نے بچھڑے کی پرستش نہ کیا اور حضرت ہارون علیہ السلام کے ساتھ مرکز استقامت پر ثابت و مستقیم تھے۔

(خزائن العرفان پ۱۶ع۱۴، تفسیر نعیمی ج۱ص۴۳۰)

۶۳ــــ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل کو سامری سے ملاقات، مکالمت اور خرید و فروخت کلی طور پر ممنوع قرار دیا اس سے کسی کا چھونا بھی حرام قرار دیا۔ اگر اتفاقاً کوئی اسے چھو جاتا تو دونوں شدید بخار میں مبتلا ہو جاتے۔ سامری جنگل میں یہی شور مچاتا پھرتا کہ کوئی چھو نہ جانا۔ وحشیوں اور درندوں میں زندگی کے دن نہایت تلخی و وحشت میں گذارتا تھا۔ (خزائن العرفان پ۱۶ع۱۴)

۶۴ــــ وہ مریم بنت ناموسیٰ نامی عورت تھی۔ (جلالین ۳۱۲، خزائن العرفان پ۱۹ع۸)

۶۵ــــ اس عورت نے کہا کہ میں یوسف علیہ السلام کی قبر شریف کا پتہ بتاؤں گی لیکن آپ مجھ سے عہد کریں کہ میں جو مانگوں سو پاؤں گی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کچھ تامل کیا۔ وحی آئی کہ اے موسیٰ! اس سے عہد کر لو۔ چنانچہ آپ نے عہد فرما لیا۔ بڑھیا بولی: میں چاہتی ہوں کہ بہشت بریں میں آپ کیساتھ رہوں۔ آپ نے جنت میں اپنی رفاقت اسے عطا فرما دی۔ اس نے یوسف علیہ السلام کی قبر کی نشاندہی کی۔ اور موسیٰ علیہ السلام نے حضرت یوسف علیہ السلام کی نعش مبارک کو ساتھ لیکر راستہ طے فرمایا۔ (تفسیر نعیمی ج۱ص۴۱۹)

اس ضعیفہ کی عمر سات سو سال ہوئی۔ (حاشیہ ۸ جلالین ص۳۱۲)

۶۶ــــ من و سلویٰ میدان تیہ میں نازل ہوتا تھا۔ (تفسیر نعیمی ج۱ص۴۵۵، ابن کثیر ص۹)

اس میدان کا طول تیس میل اور عرض نو فرسخ تھا۔ (حاشیہ ۸ جلالین ص۹۸)

بقول دیگر بارہ کوس کا تھا (تفسیر نعیمی ج۱ص۴۵۴)

اور یہ میدان تیہ مصر و شام کے درمیان واقع ہے۔

۶۷ــــ "من" "شبنم ہے جو صبح کو گرتی تھی اور جم کر برف کی طرح سفید، لذت میں کھی اور شہد کی معجون کی طرح ہوتی تھی اور "سلویٰ" ایک دریائی پرندہ کا نام ہے جس کا قد چھوٹے مرغ کے برابر اور اسکا گوشت نہایت ہی لذیذ و زود ہضم ہے۔ طبیبوں کی اصطلاح میں اس کو "قتیل الرعد" کہتے ہیں کیونکہ یہ بادلوں کی گرج سن کر مر جاتا ہے۔ (تفسیر نعیمی ج۱ص۴۵۴)

بعض کہتے ہیں کہ "من" "گوند کی قسم کا تھا۔ حضرت قتادہ کہتے ہیں اولوں کی طرح کا! ربیع بن انس کا قول ہے شہد جیسی چیز تھی۔ جس میں پانی ملا کر پیتے تھے۔ حضرت شعبی فرماتے ہیں! یہ شہد اس من کا سترہواں حصہ ہے۔ اور "سلوی" ایک قسم کا پرندہ ہے جو چڑیا سے کچھ بڑا ہوتا تھا سرخی مائل رنگ کا۔ بعض نے کہا ہے کبوتر کے برابر تھا۔ (ابن کثیر پ۱ع۶)

بعض یہ بھی کہتے ہیں کہ یہ پکا ہوا نازل ہوتا تھا۔ (حاشیہ ۱۲ جلالین ص۱۰)

۶۸ــــ "من" "صبح صادق سے آفتاب نکلنے تک نازل ہوتا تھا۔

(تفسیر نعیمی ج۱ص۴۵۴، ابن کثیر پ۱ع۶)

اور "سلویٰ بعد عصر نازل ہوتا تھا۔ (تفسیر نعیمی ج۱ص۴۵۵)

۶۹ــــ "من" "ہر شخص کے لئے روزانہ ایک صاع تقریباً چار سیر کے برابر نازل ہوتا تھا (تفسیر نعیمی ج۱ص۴۵۴، خزائن العرفان پ۱ع۶)

اور سلویٰ ایک میل کی لمبائی چوڑائی میں ایک نیزے کے برابر اونچا ڈھیر ہو جاتا تھا (ابن کثیر پ۱ع۶)

بنی اسرائیلیوں کی تعداد چھ لاکھ تھی۔ (حاشیہ ۱۱ جلالین ص۱۰)

۷۰ـــــ "من وسلویٰ" یہ دونوں چیزیں ہفتہ کے دن بالکل نہ نازل ہوتیں۔ اس کے بدلے جمعہ کے دن دوگنا نازل ہوتیں اور حکم تھا کہ ہفتہ کیلئے بھی حسب ضرورت جمع کرلیں۔ (خزائن العرفان پ۱ع۶)

۷۱ـــــ "من وسلویٰ" چالیس سالوں تک نازل ہوتا رہا۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۴۵۳)

۷۲ـــــ یہ سنگ مرمر تھا چار گز مربع یعنی ایک گز لمبا اور ایک گز چوڑا۔ ہر طرف سے تین تین چشمے یعنی کل بارہ چشمے پھوٹ نکلتے تھے۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۴۲۲، حاشیہ ۵ جلالین ص۱۱)

بروایت دیگر یہ پتھر دس دس ہاتھ لمبا چوڑا تھا۔ (ابن کثیر پ۱ع۷)

۷۳ـــــ بعض کہتے ہیں کہ یہ پتھر بھی عصا کی طرح جنتی تھا جس کو حضرت آدم علیہ السلام اپنے ہمراہ لائے تھے اور انبیاء کرام میں منتقل ہوتا ہوا حضرت شعیب علیہ السلام تک پہنچا۔ انہوں نے عصا کے ساتھ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو یہ پتھر بھی عنایت فرمایا۔ بعض کہتے ہیں کہ یہ وہی پتھر تھا کہ ایک بار حضرت موسیٰ علیہ السلام کپڑے اتار کر غسل فرمارہے تھے کہ بحکم الٰہی یہ پتھر آپ کے کپڑے لیکر بھاگا تھا۔ بمشورہ جبرائیل اس کو آپ نے اپنے ساتھ رکھ لیا تھا۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۴۲۲، ابن کثیر پ۱ع۷)

۷۴ـــــ اس مقتول کا نام عامیل تھا۔ (خزائن العرفان پ۱ع۹، الاتقان ج۲ ص۱۸۵)

بروایت دیگر اس کا نام عابیل تھا۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۵۸۸)

اس کا واقعہ یوں ہے کہ یہ شخص بہت ہی مالدار اور لاولد تھا۔ اس کے چچازاد بھائی نے بطمع وراثت اس کو قتل کرکے دوسری بستی کے دروازے پر ڈال دیا۔ اور خود صبح کو اسکے خون کا مدعی بن کر موسیٰ علیہ السلام کی بارگاہ میں آیا اور بستی والوں پر خون کا دعویٰ کرکے ان سے خون بہا یعنی جان کا بدلہ مانگا۔ موسیٰ علیہ السلام نے اس بستی والوں سے دریافت فرمایا تو انہوں نے صاف انکار کیا۔ لوگوں نے آپ سے درخواست کی کہ آپ دعاء فرمائیں اللہ تعالیٰ حقیقت حال ظاہر فرمائے۔ آپ نے دعا فرمائی تو اس پر حکم آیا کہ ایک گائے ذبح کرکے اس کا کوئی حصہ مقتول پر ماریں وہ زندہ ہوکر قاتل کا نام بتادیگا۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا وہ بحکم الٰہی زندہ ہوا۔ اس نے اپنے چچازاد بھائی کو بتایا کہ اس نے مجھے قتل کیا۔ (خزائن العرفان پ۱ع۷، تفسیر نعیمی ج۱ ص۵۱۸)

۵ـــــ اس گائے کا نام "مذہبہ" تھا۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۵۲۶)

۷۶ـــــ اس مچھلی کی لمبائی ایک گز سے زیادہ اور چوڑائی ایک بالشت تھی۔ (حیوۃ الحیوان ج۱ ص۳۸۱)

۷۷ـــــ اس مچھلی کا حلیہ اس طرح تھا کہ صرف ایک آنکھ تھی اور آدھا سر۔ دونوں جانب کانٹے اور ہڈی تھی۔ اس مچھلی کی نسل اب تک باقی ہے۔ (حیوۃ الحیوان ج۱ ص۳۸۱)

۷۸ـــــ آپ کو نو معجزے عطا ہوئے تھے۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۲۳)

۷۹ـــــ آپ کا انتقال مقام تیہ میں ہوا۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۳۵۸، جلالین ص۹۸)

۸۰ـــــ ثعلبی فرماتے ہیں آپ کی عمر شریف ایک سو بیس سال ہوئی۔ (الاتقان ج۲ ص۱۷۰)

حضرت ہارون علیہ السلام سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ حضرت ہارون علیہ السلام کے والد کا نام کیا ہے۔؟

۲۔۔۔ حضرت ہارون علیہ السلام کا حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کیا رشتہ تھا۔؟

۳۔۔۔ حضرت ہارون علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام سے بڑے تھے یا چھوٹے۔؟

۴۔۔۔ شب معراج میں نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم نے حضرت ہارون علیہ السلام کو کس آسمان میں دیکھا تھا۔؟

۵۔۔۔ حضرت ہارون علیہ السلام کی ریش مبارک کی طوالت کتنی ہے۔؟

۶۔۔۔ حضرت ہارون علیہ السلام کا انتقال کس جگہ ہوا۔؟

۷۔۔۔ حضرت ہارون علیہ السلام کا انتقال، حضرت موسیٰ علیہ السلام کے انتقال سے پہلے ہوا تھا یا بعد میں۔؟

۸۔۔۔ حضرت ہارون علیہ السلام کے جنازے میں ہارون نامی کتنے افراد شریک تھے۔؟

۹۔۔۔ حضرت ہارون علیہ السلام کی عمر کتنی ہوئی۔؟

حضرت ہارون علیہ السلام سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ آپ کے والد ماجد کا نام نامی اسم گرامی عمران ہے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۷۷)

۲۔۔۔ آپ، موسیٰ علیہ السلام کے حقیقی بھائی تھے۔ ایک قول کے مطابق علاتی بھائی اور ایک قول کے بموجب اخیافی بھائی تھے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۷۷)

۳۔۔۔ آپ، حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ایک سال بڑے تھے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۷۷)

۴۔۔۔ شب معراج میں سید عالم ﷺ نے آپ کو پانچویں آسمان میں دیکھا۔

(الاتقان ج ۲ ص ۱۷۷)

۵۔۔۔ قصہ معراج سے متعلق بعض احادیث کریمہ میں آیا ہے کہ جب سیاح لامکاں سید الانس والجان علیہ التحیہ والثناء پانچویں آسمان پر تشریف لے گئے تو دیکھا کہ وہاں حضرت ہارون علیہ السلام موجود ہیں۔ جن کی ریش مبارک آدھی سیاہ آدھی سفید ہے اور اتنی لمبی کہ پورے سینے کو عبور کر کے ناف تک پہنچی ہوئی ہے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۷۷)

۶۔۔۔ آپ کا انتقال میدان تیہ میں ہوا جو شام اور مصر کے درمیان واقع ہے۔

(حاشیہ ۱۱، جلالین ص ۱۰)

۷۔۔۔ آپ کا انتقال حضرت موسیٰ علیہ السلام کے وصال حق سے ایک سال قبل ہوا۔

(ابن کثیر پ ۶ ع ۸) (الاتقان ج ۲ ص ۱۷۷، حاشیہ ۱۱ جلالین ص ۹۸)

بروایت دیگر تین سال قبل۔

۸۔۔۔ آپکے جنازے میں ہارون نامی چالیس ہزار آدمی شریک تھے۔ (ابن کثیر پ ۶ ع ۵)

۹۔۔۔ آپ، حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ایک سال قبل پیدا ہوئے اور ایک سال قبل ہی وصال فرما گئے۔ (الاتقان ۲-۱۷۷)

(اس حساب سے آپ کی عمر شریف حضرت موسیٰ ؑ کی عمر سے برابر ہوئی)

اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی عمر شریف ایک سو بیس سال ہے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۷۷)

حضرت خضر علیہ السلام سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ حضرت خضر علیہ السلام کا اصلی نام اور کنیت کیا ہے۔؟
۲۔۔۔ حضرت خضر علیہ السلام کا شجرۂ نسب کیا ہے۔؟
۳۔۔۔ حضرت خضر علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پہلی ملاقات کیوں اور کیسے ہوئی۔؟
۴۔۔۔ حضرت خضر علیہ السلام سے موسیٰ علیہ السلام کی ملاقات کس جگہ ہوئی تھی۔؟
۵۔۔۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو حضرت خضر علیہ السلام کس حال میں ملے۔؟
۶۔۔۔ دریا کے دوسری جانب کشتیاں چھیننے والے بادشاہ کا نام کیا تھا۔؟
۷۔۔۔ حضرت خضر علیہ السلام نے بادشاہ کے خوف سے کشتی کے کتنے تختے اکھاڑے تھے اور کس چیز سے۔؟
۸۔۔۔ حضرت خضر علیہ السلام نے جس بچے کو قتل کیا تھا اسکا نام کیا تھا۔
۹۔۔۔ حضرت خضر علیہ السلام نے جن دو بچوں کے مکان کی گرتی ہوئی دیوار کو سیدھی فرمایا تھا انکا نام کیا تھا۔
۱۰۔۔۔ حضرت خضر علیہ السلام نے جس دیوار کو سیدھی فرمایا تھا یہ دیوار کس گاؤں میں تھی۔؟
۱۱۔۔۔ حضرت خضر علیہ السلام نے جس دیوار کو سیدھی فرمایا تھا اس کی لمبائی، چوڑائی اور اونچائی کتنی تھی۔؟
۱۲۔۔۔ حضرت خضر علیہ السلام نے جس دیوار کو سیدھی فرمایا تھا اس میں کیا کیا چیزیں مدفون تھیں۔؟

حضرت خضر علیہ السلام سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ آپ کا نام بلیا بن ملکان اور کنیت ابو العباس ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ آپ بنی اسرائیل میں سے ہیں اور ایک قول یہ ہے کہ آپ شاہزادے ہیں۔ آپ نے دنیا ترک کر کے زہد اختیار فرمایا۔ (خزائن العرفان پ ۱۵ ع ۲۱)

۲۔۔۔ حضرت نوح علیہ السلام تک آپ کا سلسلۂ نسب اس طرح ہے۔
بلیا بن ملکان بن فالغ بن عابر بن شالخ بن ارفخشد بن سام بن نوح۔
(ابن کثیر پ ۱۶ ع ۱)

۳۔۔۔ حضرت ابن ابی کعب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے رسول اکرم سے سنا کہ حضرت موسیٰ ایک دن بنی اسرائیل کو خطبہ دے رہے تھے۔ اس دوران آپ سے سوال ہوا کہ سب سے بڑا عالم کون ہے۔؟ آپ نے جواب دیا "میں"۔ اسی وقت وحی آئی کہ اے موسیٰ! مجمع البحرین میں میرا ایک بندہ ہے جو تجھ سے زیادہ علم رکھتا ہے۔ اس پر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا: پروردگار! میں اس تک کیسے پہنچ سکتا ہوں۔ حکم ہوا کہ اپنے ساتھ ایک مچھلی لے لو۔ جہاں وہ مچھلی کھو جائے وہیں وہ مل جائیں گے۔ حکم پاتے ہی اسی وقت حضرت یوشع بن نون علیہ السلام کو ہمراہ لیکر مجمع البحرین کی طرف روانہ ہو گئے۔ (ابن کثیر پ ۱۵ ع ۲۱)

اور فرمایا کہ میں اپنی کوشش جاری رکھوں گا یہاں تک کہ وہاں پہنچ جاؤں۔ خدا نے مدد فرمائی اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حضرت خضر علیہ السلام کو پالیا اور ان سے فرمایا کہ میں آپ کے ساتھ رہنا چاہتا ہوں تاکہ آپ کے علم سے میں بھی کچھ مستفید ہوں۔ حضرت خضر علیہ السلام نے جواب دیا کہ آپ میرے ساتھ رہ کر کئی ایسی باتیں دیکھیں گے کہ آپ ان پر صبر نہ کر سکیں گے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام

نے فرمایا نہیں! میں صبر کروں گا آپ مجھے اپنے ساتھ رہنے دیجئے: حضرت خضر ؑ نے فرمایا تو پھر میں چاہے کچھ کروں آپ میری کسی بات پر دخل نہ دیں۔ فرمایا منظور ہے اور آپ ساتھ رہنے لگے۔ ایک روز دونوں چلے اور کشتی پر سوار ہوئے۔ کشتی والے نے حضرت خضر ؑ کو پہچان کر مفت بٹھالیا مگر حضرت نے اس کشتی کو ایک جانب سے توڑ دیا اور عیب دار کر دیا۔ حضرت موسیٰ یہ بات دیکھ کر بول اٹھے جناب! یہ آپ نے کیا کیا؟ ایک غریب شخص کی جس نے بٹھایا بھی ہمیں مفت آپ نے کشتی توڑ دی۔ حضرت خضر بولے موسیٰ! میں نہ کہتا تھا کہ آپ سے صبر نہ ہو سکے گا اور میری باتوں پر آپ دخل دیئے نہ رہ سکیں گے؟ حضرت موسیٰ ؑ نے فرمایا یہ مجھ سے بھول ہو گئی ہے آئندہ محتاط رہونگا۔ پھر چلے تو راستے میں ایک لڑکا ملا حضرت خضر نے اس لڑکے کو قتل کر ڈالا۔ حضرت موسیٰ ؑ پھر بول پڑے کہ اے خضر! یہ تم نے کیا کیا؟ ایک بچے کو مار ڈالا؟ حضرت خضر بولے موسیٰ! آپ پھر بول پڑے میرا اور آپ کا ساتھ مشکل ہے۔ حضرت موسیٰ فرمانے لگے ایک بار اور موقع دیجئے اب اگر بولوں تو الگ کر دیجئے گا۔ چنانچہ پھر چلے تو ایک ایسے گاؤں میں پہنچے جس گاؤں کے لوگوں نے حضرت موسیٰ اور حضرت خضر علیہما السلام کو کھانے تک کو نہ پوچھا بلکہ انہوں نے کھانا طلب فرمایا تو لوگوں نے انکار کر دیا۔ گاؤں میں ایک شکستہ مکان کی دیوار گرنے والی تھی حضرت خضر نے اس دیوار کو اپنے ہاتھ سے سیدھا کر کے مضبوطی سے قائم کر دیا۔ حضرت موسیٰ ؑ نے دیکھا کہ یہ گاؤں والے تو اتنے بخیل ہیں کہ کھانا تک دینے کو تیار نہیں اور یہ خضر اتنی شفقت پر اتر آئے ہیں کہ ان کی گرنے والی دیواریں قائم کرنے لگے ہیں یہ دیکھ کر پھر بول اٹھے اے خضر! اگر آپ چاہتے تو اس دیوار کے کھڑا کر دینے کی اجرت بھی لے سکتے تھے مگر آپ نے مفت میں کام کر دیا؟ حضرت خضر بولے موسیٰ! بس اب میری اور آپ کی جدائی ہے لیکن جدا ہونے سے پہلے ان باتوں کی حکمت بھی سنتے جایئے۔

وہ جو میں نے کشتی کو توڑ دیا تھا اس کی حکمت یہ تھی کہ دریا کے دوسرے کنارے ایک ظالم بادشاہ تھا جو ہر ثابت کشتی زبردستی چھین لیتا تھا مگر جس کشتی میں کوئی عیب ہوتا اسے نہیں چھینتا تھا کشتی والے کو اس بات کا علم نہیں تھا اگر کشتی کا کچھ حصہ نہیں توڑتا تو اس غریب کی ساری کشتی چھین جاتی۔

اور جو لڑکا میں نے مار ڈالا اس کی حکمت یہ تھی کہ اس کے ماں باپ مسلمان تھے اور یہ لڑکا بڑا ہو کر کافر نکلتا اور اس کے ماں باپ بھی اس کی محبت میں دین سے پھر جاتے تو میں نے ارادہ کر لیا کہ اس کے ماں باپ کو اللہ تعالیٰ اس سے بہتر لڑکا دے اور میں نے مار ڈالا تا کہ اس کے ماں باپ اس فتنہ سے محفوظ رہیں

اور جو میں نے گاؤں کی گرنے والی دیوار کو سیدھا کر دیا اس کی حکمت یہ تھی کہ وہ دیوار گاؤں کے دو یتیم لڑکوں کی تھی اور اس کے نیچے اس کا خزانہ تھا اور باپ ان کا بڑا صالح تھا تو رب کی یہ مرضی تھی کہ دونوں بچے جوان ہو جائیں اور اپنا خزانہ آپ نکال لیں۔ یہ تھی ان باتوں کی حکمت جو آپ نے دیکھیں۔ (روح البیان پ۱۵ ع۲۱)

۴ـــــ مجمع البحرین میں۔ مجمع البحرین سے مراد وہ جگہ ہے جہاں بحیرۂ فارس مشرقی اور بحیرۂ روم مغربی ملتے ہیں۔ یہ جگہ طنجہ کے پاس مغرب کے شہروں کے آخر میں ہے۔

(ابن کثیر پ۱۵ ع۲۱)

بعض نے کہا ہے وہ بحر محیط ہے جہاں دریائے اردن اور دریائے قلزم ملتے ہیں۔

(حاشیہ ۱۲ جلالین ص ۲۴۸)

۵ـــــ آپ سبز گدی بچھائے چادر میں لپٹے ہوئے تھے اس طرح کہ چادر کا ایک سرا دونوں پیروں کے نیچے دبا ہوا تھا اور دوسرا سر تلے۔ (ابن کثیر پ۱۵ ع۱۰ مع خزائن العرفان پ۱۵ ع۲۱)

۶ـــــ اس ظالم بادشاہ کے نام سے متعلق مختلف اقوال وارد ہیں۔

(۱) اس کا نام جلندی تھا (خزائن العرفان پ۱۶ ع۱)

(۲) ہدد بن بدد نام تھا۔ (الاتقان ج۲ ص۱۸۷)

(۳) صاحب روح المعانی نے اس کا نام منواد بن الجلندی بن سعید الازدی

بیان کیا ہے یہ جزیرہ اندلس میں رہتا تھا۔ (روح المعانی پ ۱۶، ص ۱۰)

(۴) اور بعض نے اس کا نام جیسود کہا ہے یہ غسان کا بادشاہ تھا۔ (صاوی ص ۲۸)

یہ بادشاہ عیص بن اسحٰق علیہ السلام کی نسل سے تھا یہی وہ باشاہ ہے جس نے سب سے پہلے دریا میں فساد کیا جیسا کہ زمین پر سب سے پہلے قابیل نے فساد کیا۔

(ابن کثیر پ ۱۶ ع ۱ حاشیہ ۲۳ جلالین ص ۲۵۰،

۷۔۔۔۔ آپ نے بسولے یا کلہاڑی سے اس کشتی کے ایک تختہ یا دو تختے کو اکھاڑ ڈالا لیکن باوجود اسکے پانی کشتی میں نہ آیا۔ (خزائن العرفان پ ۱۵ ع ۲)

۸۔۔۔۔ اس بچے کا نام جیسون یا حیسون تھا۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۸۰)

بروایت دیگر جیسور یا جنتور تھا۔ (روح المعانی پ ۱۶، ص ۱۰)

اس کے باپ کا نام کازیرا اور ماں کا نام سہوٓئی تھا۔

(الاتقان ج ۲ ص ۱۸۰، روح المعانی پ ۱۶، ۱۰)

۹۔۔۔۔ ان دو بچوں کے نام اصرم اور صریم تھا۔ باپ کا نام کاشح۔ (خزائن العرفان پ ۱۶ ع ۱)

اور ماں کا نام دینا۔ (حاشیہ ۵ جلالین ص ۲۵۱)

۱۰۔۔۔۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ اس گاؤں کا نام انطاکیہ تھا۔

(خزائن العرفان پ ۱۶ ع ۲)

بعض نے اس گاؤں کا نام ایلہ کہا ہے۔ (ابن کثیر پ ۱۶ ع ۱)

۱۱۔۔۔۔ اس دیوار کی بلندی سو گز، لمبائی پانچ سو گز اور چوڑائی پچاس گز تھی۔

(حاشیہ ۱۳ جلالین ص ۲۵۰)

۱۲۔۔۔۔ ترمذی شریف کی حدیث میں ہے کہ اس دیوار کے نیچے سونا چاندی مدفون تھا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ اس میں سونے کی ایک تختی تھی جس کے ایک طرف لکھا تھا۔

اس کا حال عجیب ہے جسے موت کا یقین ہو اس کو خوشی کس طرح ہوتی ہے۔

اس کا حال عجیب ہے جو قضاء قدر کا یقین رکھے اس کو غصہ کیسے آتا ہے۔

12

اس کا حال عجیب ہے جسے رزق کا یقین ہو وہ کیوں تعب میں پڑتا ہے۔

اس کا حال عجیب ہے جسے حساب کا یقین ہو وہ کیسے غافل رہتا ہے۔

اس کا حال عجیب ہے جس کو دنیا کے زوال و تغیر کا یقین ہو وہ کیسے مطمئن ہوتا ہے اور اس کیساتھ لکھا تھا لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ اور اس تختی کے دوسری جانب لکھا تھا۔ میں اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں میں یکتا ہوں میرا کوئی شریک نہیں۔ میں نے خیر و شر پیدا کی۔ اس کیلئے خوشی ہے جسے میں نے خیر کے لئے پیدا کیا اور اس کے ہاتھوں پر خیر جاری کی۔ اسکے لئے تباہی جس کو شر کے لئے پیدا کیا اور اس کے ہاتھوں پر شر جاری کی۔

(خزائن العرفان پ ۱۶ ع ۱)

حضرت داؤد علیہ السلام سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ حضرت داؤد علیہ السلام، اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مابین کتنے سال کا فاصلہ ہے۔؟

۲۔۔۔ حضرت داؤد علیہ السلام کا زمانہ حضور اکرم ﷺ کی ولادت سے کتنے سال پیشتر ہے۔؟

۳۔۔۔ حضرت داؤد علیہ السلام کے والد اور دادا کا نام کیا ہے۔؟

۴۔۔۔ حضرت داؤد علیہ السلام کا سلسلہ نسب حضرت ابراہیم علیہ السلام تک کن واسطوں سے ہے۔؟

۵۔۔۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے جالوت کو کس طرح قتل کیا تھا۔؟

۶۔۔۔ حضرت داؤد علیہ السلام سریر سلطنت پر کیسے متمکن ہوئے اور کتنے سال بر سر اقتدار رہے۔؟

۷۔۔۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے زرہ بنانے کا پیشہ کیوں اختیار فرمایا۔؟

۸۔۔۔ حضرت داؤد علیہ السلام روزانہ کتنے زرہ بنایا کرتے تھے۔؟

۹۔۔۔ حضرت داؤد علیہ السلام کی ایک زرہ کتنے میں بکتی تھی۔؟

۱۰۔۔۔ حضرت داؤد علیہ السلام کے عقد نکاح میں کتنی بیویاں تھیں۔؟

۱۱۔۔۔ حضرت داؤد علیہ السلام کے کتنے صاحبزادگان تھے۔؟

۱۲۔۔۔ حضرت داؤد علیہ السلام زبور شریف کتنی آوازوں میں تلاوت کیا کرتے تھے۔؟

۱۳۔۔۔ حضرت داؤد علیہ السلام کا انتقال پر ملال کس دن ہوا۔؟

۱۴۔۔۔ حضرت داؤد علیہ السلام کے جنازے میں کتنے علماء شریک تھے۔؟

۱۵۔۔۔ حضرت داؤد علیہ السلام کی عمر کتنی ہوئی۔؟

حضرت داؤد علیہ السلام سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ آپ کے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مابین پانچسو انہتر (۵۶۹) بروایت دیگر پانچسو اناسی (۵۷۹) سال کا فاصلہ ہے۔ (حاشیہ ۸ جلالین ص ۲۷۵)

۲۔۔۔ آپ کا زمانہ، نبی کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کی ولادت باسعادت سے ایک ہزار آٹھ سو (۱۸۰۰) سال پیشتر ہے۔ (معارف النبوۃ ج ۲ ص ۳۳)

۳۔۔۔ آپ کے والد ماجد کا نام ایشا۔ اور دادا محترم کا نام نامی اسم گرامی عوبد بن باعر ہے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۷۸)

۴۔۔۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام تک آپ کا سلسلہ نسب یوں ہے۔

داؤد بن ایشا بن عوبد بن باعر بن سلمون بن نخشون بن عمی بن یارب بن رام بن خضرون بن فارص بن یہودا بن یعقوب بن اسحٰق بن ابراہیم خلیل اللہ۔

(الاتقان ج ۲ ص ۱۷۸)

۵۔۔۔ حضرت شمویل علیہ السلام نے بنیامین بن یعقوب علیہ السلام کے خاندان سے ایک شخص طالوت کو بنی اسرائیل کا بادشاہ منتخب فرمایا۔ طالوت نے بنی اسرائیل میں سے ستر ہزار جوان منتخب کئے اور جالوت سے مقابلہ کیلئے بیت المقدس روانہ ہوئے حضرت داؤد علیہ السلام کے والد ایشا بھی طالوت کے لشکر میں تھے اور ان کے ساتھ ان کے تمام فرزند بھی۔ حضرت داؤد علیہ السلام ان سب میں چھوٹے اور بیمار تھے۔ جب جالوت کے ساتھ مقابلہ ہوا اور جالوت نے بنی اسرائیل سے اپنا مقابل طلب کیا تو بنی اسرائیل اس کی قوت و جسامت دیکھ کر گھبرائے۔ کیونکہ وہ بڑا جابر، قوی، شہ زور، عظیم الجثہ اور قد آور تھا۔ طالوت نے اپنے لشکر میں اعلان کیا کہ جو شخص جالوت کو قتل کرے میں اپنی بیٹی اس کے نکاح میں دوں گا اور نصف ملک بھی۔

کسی نے بھی اس اعلان کا جواب نہ دیا تو طالوت نے اپنے نبی حضرت شمویل علیہ السلام سے عرض کیا کہ بارگاہ الٰہی میں دعا کریں۔ آپ نے دعا کی تو بتایا گیا حضرت داؤد علیہ السلام جالوت کو قتل کریں گے۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے اسے قبول فرمایا اور جالوت کی طرف روانہ ہو گئے۔ صف قتال قائم ہوئی۔ آپ دست مبارک میں فلاخن (پتھر پھینکنے کا آلہ) لے کر مقابل ہوئے۔ جالوت باوجود نڈر ہونے کے ڈر گیا اور اس کے دل میں آپ کو دیکھ کر دہشت پیدا ہوئی۔ مگر اس نے باتیں بہت متکبرانہ کیں۔ اور آخیر وقت تک ڈینگیں ہانکتا رہا۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے فلاخن میں پتھر رکھ کر پوری قوت کے ساتھ فلاخن کو چکر دیا پھر نشانہ بنا کر جالوت کی پیشانی پر مارا وہ پتھر قہر الٰہی بن کر اس کی پیشانی کو توڑتا ہوا پیچھے سے نکل گیا۔ اور جالوت وہیں ڈھیر ہو گیا۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے جالوت کی لاش کو لا کر طالوت کے سامنے ڈال دیا۔ تمام بنی اسرائیل خوش ہوئے۔ طالوت نے حسب وعدہ آدھی سلطنت حضرت داؤد علیہ السلام کو دیدی اور اپنی بیٹی کا نکاح بھی آپ کے ساتھ کر دیا۔ (خزائن العرفان پ ۲ ع آخری)

۶۔۔۔ طالوت کی وفات کے بعد بنی اسرائیل نے طالوت کے سارے خزانے بخوشی آپ کے حوالے کر دیئے۔ تمام ملک پر آپ کی سلطنت قائم ہوئی۔ اور ستر سال تک آپ سریر آرائے سلطنت پر متمکن رہے۔ واضح رہے کہ قتل جالوت کے بعد طالوت نے حسب وعدہ آدھی سلطنت آپ کو دیدی تھی۔ اس کے چالیس سال بعد طالوت کی وفات ہوئی۔ (تفسیر نعیمی ج ۲ ص ۵۵۶)

بروایت دیگر چالیس سال تک آپ کی حکمرانی رہی۔

(الاتقان ج ۲ ص ۱۰۰۔ ۱۰۱، الکامل فی التاریخ ج ۱ ص ۸۸)

۷۔۔۔ اس کا سبب یہ بیان کیا گیا ہے کہ جب آپ بنی اسرائیل کے بادشاہ منتخب ہوئے تو آپ کا طریقۂ کار یہ تھا کہ آپ لوگوں کے حالات کی جستجو کیلئے اس طرح نکلتے کہ لوگ آپ کو نہ پہچانیں۔ جب کوئی ملتا اور آپ کو نہ پہچانتا تو آپ اس سے

دریافت کرتے کہ داؤد کیسا شخص ہے؟ سب لوگ آپ کی تعریف کرتے۔ ایک دن اللہ تعالیٰ نے ایک فرشتہ بصورت انسان بھیجا۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے اس سے بھی حسب عادت یہی سوال کیا کہ داؤد کیسا شخص ہے؟ فرشتہ نے کہا: داؤد ہیں تو بہت ہی اچھے آدمی۔ کاش ان میں ایک خصلت نہ ہوتی۔ اس پر آپ متوجہ ہوئے اور فرمایا: بندۂ خدا وہ کونسی خصلت ہے۔؟ فرشتہ نے کہا: وہ اپنا اور اپنے اہل و عیال کا خرچ بیت المال سے لیتے ہیں۔! یہ سن کر آپ کے خیال میں آیا کہ اگر میں بیت المال سے وظیفہ نہ لوں تو بہتر ہے۔ اس لئے آپ نے بارگاہ الٰہی میں دعا کی کہ میرے لئے کوئی ایسا سبب کر دے جس سے میں اپنے اہل و عیال کا گزارہ کروں اور بیت المال سے مجھے بے نیازی ہو جائے۔ آپ کی یہ دعا مستجاب ہوئی۔ اور اللہ تعالیٰ نے آپ کے لئے لوہے کو نرم کیا اس طرح کہ لوہا آپ کے دست مبارک میں آ کر مثل موم یا گوندھے ہوئے آٹے کے ہو جاتا۔ اور آپ اس سے جو چاہتے بغیر آگ کے، بغیر ٹھوکے پیٹے بنا لیتے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے آپ کو صنعت زرہ سازی کا علم دیا آپ روزانہ زرہ بناتے تھے۔ (خزائن العرفان پ ۲۲ ع ۸، ابن کثیر پ ۲۲ ع ۸)

۸۔۔۔ آپ روزانہ ایک زرہ بنایا کرتے تھے۔ (خزائن العرفان پ ۲۲ ع ۸، ابن کثیر پ ۲۲ ع ۸)

۹۔۔۔ آپ کی ایک زرہ چار ہزار میں بکتی تھی۔ (خزائن العرفان پ ۲۲ ع ۸)

بروایت دیگر وہ چھ ہزار میں بکتی تھی۔ دو ہزار اپنے اہل و عیال پر خرچ فرماتے اور چار ہزار فقراء و مساکین اور لوگوں کو کھلانے پلانے میں صرف کرتے۔ (ابن کثیر پ ۲۲ ع ۸)

۱۰۔۔۔ آپ کی ننانوے بیویاں تھیں۔ (خزائن العرفان پ ۲۳ ع ۱۱۔ تفسیر نعیمی ۲-۳۳۱)۔

بقول دیگر سو بیویاں تھیں۔ (البدایہ ج ۲ ص ۱۵، حاشیہ ۹ جلالین ص ۲۰۵)

۱۱۔۔۔ آپ کے انیس صاحبزادے تھے۔ (تفسیر نعیمی ۳-۲۲۳، البدایہ ۲-۱۷)

حضرت جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

آپ کے بارہ فرزند ارجمند تھے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۶۸)

۱۲ــــ آپ خوش الحانی کے ساتھ زبور شریف کو ستر آوازوں میں تلاوت فرمایا کرتے تھے۔ (البدایہ ج۲ ص۱۹)

۱۳ــــ حضرت حسن فرماتے ہیں:

آپ نے بدھ کے دن عالم وصال کی طرف ارتحال فرمایا۔

اور امام سدی کا قول ہے:

ہفتہ کے دن آپ نے اپنی جان، جان آفریں کے سپرد کی۔

(البدایہ ج۲ ص۱۷)

۱۴ــــ آپ کے جنازہ مبارک کے ساتھ چالیس ہزار علمائے راہبین تھے۔

(البدایہ ج۲ ص۱۷)

۱۵ــــ آپ کی عمر شریف سو سال ہوئی۔ (الاتقان ج۲ ص۱۷۸)

حضرت سلیمان علیہ السلام سے متعلق سوالات

۱ــــ حضرت سلیمان علیہ السلام کا زمانہ حضور اکرم ﷺ سے کتنے سال پہلے ہے۔؟

۲ــــ حضرت سلیمان علیہ السلام کے والد اور والدہ کا نام کیا ہے۔؟

۳ــــ حضرت سلیمان علیہ السلام کا سلسلہ نسب کن واسطوں سے ابراہیم علیہ السلام تک پہنچتا ہے۔؟

۴ــــ حضرت سلیمان علیہ السلام کی کتنی بیویاں تھیں۔؟

۵ــــ حضرت سلیمان علیہ السلام کو اپنی تمام ازواج میں سب سے زیادہ اعتبار کس بیوی پر تھا۔؟

۶ــــ حضرت سلیمان علیہ السلام کتنی عمر میں سریر سلطنت پر متمکن ہوئے تھے۔؟

۷ــــ حضرت سلیمان علیہ السلام کے لشکر کو دیکھ کر جس چیونٹی نے کہا تھا کہ اے چیونٹیو! اپنی بلوں میں گھس جاؤ کہیں سلیمان اور ان کا لشکر تم کو کچل نہ دے۔ اس چیونٹی کا نام کیا تھا۔؟

۸ــــ حضرت سلیمان علیہ السلام کے ساتھ چیونٹی کا یہ واقعہ کس جگہ پیش آیا تھا۔؟

۹ــــ حضرت سلیمان علیہ السلام سے متعلق بات کرنیوالی یہ چیونٹی از روئے خلقت کیسی تھی۔؟

۱۰ــــ حضرت سلیمان علیہ السلام نے چیونٹی کی اس بات کو کتنی دوری سے سن لیا تھا۔؟

۱۱ــــ حضرت سلیمان علیہ السلام کو اس چیونٹی نے کیا ہدیہ پیش کیا تھا۔؟

۱۲ــــ حضرت سلیمان علیہ السلام سے اس چیونٹی نے پوچھا کہ آپ کے والد کا نام داؤد اور آپ کا نام سلیمان کیوں رکھا گیا۔ تو آپ نے کیا جواب دیا۔؟

۱۳ــــ حضرت سلیمان علیہ السلام اور الو کے مابین جو سوال وجواب ہوئے تھے اس کی تفصیل کیا ہے۔؟

۱۴ــــ حضرت سلیمان علیہ السلام کے اس ہدہد کا نام کیا ہے جس نے ملکہ سبا بلقیس کی خبر دی تھی۔؟

۱۵۔۔۔ بلقیس کے باپ اور ماں کا نام کیا تھا۔؟

۱۶۔۔۔ بلقیس نے حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس بطور امتحان کون کون سے تحائف بھیجے تھے۔؟

۱۷۔۔۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کو جب ہدہد نے یہ اطلاع دی کہ بلقیس کا قاصد تحائف لیکر آنے کو ہے تو حضرت سلیمان علیہ السلام نے کیا کرنے کو فرمایا۔؟

۱۸۔۔۔ تخت بلقیس کس چیز کا بنا ہوا تھا اور اس کا طول و عرض کتنا تھا۔؟

۱۹۔۔۔ بلقیس کے وزیر و مشیر اور لشکر کی تعداد کتنی تھی۔؟

۲۰۔۔۔ اس جن کا کیا نام تھا جس نے تخت بلقیس کو مجلس برخواست ہونے سے قبل حاضر لانے کا وعدہ کیا تھا۔؟

۲۱۔۔۔ جس جن نے تخت بلقیس کو پلک جھپکنے سے قبل لانے کا دعویٰ کیا تھا اس کا نام کیا تھا۔؟

۲۲۔۔۔ اس وقت سلیمان علیہ السلام اور تخت کے مابین کتنا فاصلہ تھا۔؟

۲۳۔۔۔ بلقیس کا تخت کتنی چہار دیواریوں کے اندر ہوتا تھا۔؟

۲۴۔۔۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کے ہمراہی لشکر کا پھیلاؤ کتنا ہوتا تھا۔؟

۲۵۔۔۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگشتری میں کیا لکھا ہوا تھا۔؟

۲۶۔۔۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کے تخت پر کتنی کرسیاں بچھائی جاتی تھیں۔؟

۲۷۔۔۔ حضرت سلیمان علیہ السلام تخت پر بیٹھ کر کتنی دیر میں کہاں سے کہاں پہنچتے تھے۔؟

۲۸۔۔۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کا وصال کس حال میں ہوا اور کتنے دنوں بعد جنات کو آپ کے وصال کا علم ہوا۔؟

۲۹۔۔۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے کتنے سال حکمرانی فرمائی۔؟

۳۰۔۔۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کی عمر شریف کتنی ہوئی۔؟

۳۱۔۔۔ وادی نمل سے گذرتے ہوئے حضرت سلیمان علیہ السلام اور چیونٹی کے درمیان جو گفتگو ہوئی تھی اس کی تفصیل کیا ہے۔؟

حضرت سلیمان علیہ السلام سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ آپ کا زمانہ حضور اکرم ﷺ کی ولادت باسعادت سے سترہ سو سال قبل ہے۔

(حاشیہ ۸ جلالین ص ۲۷۵)

۲۔۔۔ آپ کے والد ماجد حضرت داؤد علیہ السلام ہیں۔ اور والدہ محترمہ کا نام "اوریا" ہے۔

(البدایہ ج ۲ ص ۱۵)

۳۔۔۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام تک آپ کا سلسلۂ نسب یوں ہے۔

سلیمان بن داؤد بن ایشان بن عوید بن باعر بن سلمون بن نحشون بن حی بن یارب بن خضردن بن فارص بن یہودا بن یعقوب بن اسحٰق بن ابراہیم علیہم السلام۔

(الاتقان ج ۲ ص ۱۷۸)

۴۔۔۔ آپ کی ایک ہزار بیویاں تھیں۔ (تفسیر نعیمی ج ۴ ص ۴۳۱)

جن میں تین سو کنواریاں اور سات سو باندیاں تھیں۔ (الکامل فی التاریخ ج ۱ ص ۸۹)

دوسرا قول یہ ہے کہ سات سو بیویاں اور تین سو باندیاں تھیں اور تیسرا قول یہ ہے کہ چار سو عورتیں اور چھ سو باندیاں تھیں۔ (البدایہ ج ۲ ص ۲۹)

امام سدی فرماتے ہیں کہ آپ کی سو بیویاں تھیں۔ (ابن کثیر پ ۲۳ ع ۱۲)

۵۔۔۔ آپ کو اپنی تمام بیویوں میں سے سب سے زیادہ اعتبار "جرادہ" نامی بیوی پر تھا۔ جب آپ جنبی ہوتے یا رفع حاجت کیلئے جاتے تو اپنی انگوٹھی انہی کو سونپ جاتے۔

(ابن کثیر پ ۲۳ ع ۱۲)

۶۔۔۔ آپ تیرہ سال کی عمر میں تخت سلطنت پر جلوہ فرما ہوئے تھے۔

(الاتقان ج ۲ ص ۱۷۸، خزائن العرفان پ ۲۲ ع ۸)

ایک روایت میں بارہ سال ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۶۱)

۷۔۔۔اس چیونٹی کا نام طاخیہ تھا۔ (شان حبیب الرحمن ص ۲۲۳)

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ اسکا نام "حرس" تھا۔ یہ بنو شیصان کے قبیلے سے تھی۔ (ابن کثیر پ ۱۹ ع ۱۷)

ایک قول یہ بھی ہے کہ اس چیونٹی کا نام "منذرہ" یا "طاخیہ" تھا۔

(بین السطور جلالین ص ۳۱۸)

۸۔۔۔ یہ واقعہ شام یا طائف میں سے اس وادی پر پیش آیا جہاں چیونٹیاں بکثرت تھیں۔ (خزائن العرفان پ ۱۹ ع ۱۷)

۹۔۔۔وہ چیونٹی لنگڑی تھی۔ (خزائن العرفان پ ۱۹ ع ۱۷)

بعض کہتے ہیں کہ یہ چیونٹی مثل مکھیوں کے پردار تھی۔

(الاتقان ج ۲ ص ۱۸۳، ابن کثیر پ ۱۹ ع ۱۷)

۱۰۔۔۔ آپ نے چیونٹی کی بات کو تین میل دور سے ہی سن لیا تھا۔

(خزائن العرفان پ ۱۹ ع ۱۷)

۱۱۔۔۔ اس چیونٹی نے آپ کو ایک بیر بطور ہدیہ پیش کیا تھا۔ (جمل ج ۳ ص ۲۹۸)

۱۲۔۔۔اس چیونٹی نے آپ سے معلوم کیا کہ آپ کے والد محترم حضرت داؤد علیہ السلام کا نام داؤد کیوں رکھا گیا۔؟ آپ نے فرمایا: مجھے معلوم نہیں۔! اس نے جواب دیا: (داوئ یداوی مداواۃ بمعنی علاج کرنا) آپ کے ابا حضور نے اپنے قلب کا علاج کیا اس لئے داؤد نام ہوا۔! اس چیونٹی نے پھر پوچھا اچھا! یہ بتایئے کہ آپ کا نام سلیمان کیوں رکھا گیا۔؟ فرمایا: معلوم نہیں۔! چیونٹی نے کہا: سلیمان بمعنی سلیم اور سلامتی والے۔ آپ سلیم القلب والصدور ہیں اس لئے آپ کا نام سلیمان رکھا گیا۔ (روح البیان پ ۱۹ ص ۱۷۹)

۱۳۔۔۔حضرت سلیمان علیہ السلام اور الو کے مابین گفتگو کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ ایک دن الو، حضرت سلیمان علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا۔ سلام و جواب کے بعد گفتگو یوں ہوئی۔

سلیمان علیہ السلام: اے الو! تو کھیت کی چیزیں کیوں نہیں کھاتا۔؟

الو: اسلئے کہ حضرت آدم علیہ السلام اسی کے باعث بہشت بریں سے نکالے گئے۔!

سلیمان علیہ السلام: تو پانی کیوں نہیں پیتا۔؟

الو: اس لئے کہ نوح علیہ السلام کی قوم اسی میں غرق ہوئی۔!

سلیمان علیہ السلام: تو آبادی میں کیوں نہیں رہتا۔؟

الو: اس لئے کہ کھنڈرات اور جنگل اللہ تعالیٰ کی میراث ہے۔ جیسا کہ فرمان خداوندی ہے۔ وکم اھلکنا من قریۃ بطرت معیشتھا فتلک مساکنھم لم تسکن من بعدھم الا قلیلاً و کنا نحن الوارثین. (ترجمہ: اور کتنے شہر ہم نے ہلاک کر دیئے۔ جو اپنے عیش پر اتر گئے تھے۔ تو یہ ہیں ان کے مکان کہ ان کے بعد ان میں سکونت نہ ہوئی مگر کم۔ اور ہمیں وارث ہیں)

سلیمان علیہ السلام: اے الو! جب تو ویران جنگلوں میں بیٹھتا ہے تو کیا کہتا ہے۔؟

الو: میں اس وقت یہ کہتا ہوں: اے اس بستی کے رہنے والو! تمہاری خوش عیشی کہاں چلی گئی۔!

سلیمان علیہ السلام: جب تو ویران کھنڈرات سے گزرتا ہے تو کیا کہتا ہے۔؟

الو: میں اس وقت کہتا ہوں: بنی آدم کیلئے افسوس کا مقام ہے۔ ان پر عذاب آرہے ہیں اور وہ ان عذاب و عقاب اور شدائد سے غافل ہو کر خواب آلودہ ہیں۔!

سلیمان علیہ السلام: اے الو! تو دن کو نہیں نکلتا۔ رات کو کیوں نکلتا ہے۔؟

الو: اس لئے کہ دن کو اولاد آدم ایک دوسرے پر ظلم ڈھاتے ہیں۔؟

سلیمان علیہ السلام: اچھا تو مجھے بتا کہ جب تو بولتا ہے تو کیا کہتا ہے۔؟

الو: میں کہتا ہوں: اے غفلت کی نیند سونے والو! آخرت کیلئے کچھ زاد راہ تیار کر لو۔ اور سفر آخرت کے لئے ہمہ وقت تیار رہو۔ پاک ہے

نور پیدا کرنے والی ذات۔!

اس مکالمہ کے بعد حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا: بنی آدم کیلئے الو سے زیادہ نصیحت اور شفقت کرنے والا کوئی پرندہ نہیں۔ (حیوۃ الحیوان ج۲ ص۱۵۹)

۱۴ــــ اس کا نام عنفز تھا۔ (ابن کثیر پ۱۹ ع۱۵)

ایک روایت میں اس کا نام عنبر ہے۔ (ابن کثیر پ۱۹ ع۱۷)

اور ایک روایت میں یعفور۔ (حاشیہ ۲۳ جلالین ص۳۱۸)

۱۵ــــ اس کے باپ کا نام شراحیل اور ماں کا نام فارعہ تھا۔ ابن جریج کہتے ہیں کہ اس کے باپ کا نام ذی شرخ اور ماں کا نام بلتعہ تھا۔ (ابن کثیر پ۱۹ ع۱۷)

ایک قول یہ بھی ہے کہ باپ کا نام شراحیل بن مالک بن ریان اور ماں کا نام فارعہ یا ریحانہ بنت السکن۔ (حاشیہ ۹ جلالین ص۳۱۹)

۱۶ــــ جب بلقیس کے پاس حضرت سلیمان علیہ السلام کا مکتوب پہنچا تو انہوں نے بطور امتحان کچھ تحفے بھیجے کہ معلوم ہو جائے حضرت سلیمان بادشاہ ہیں یا نبی۔ کیونکہ بادشاہ عزت و احترام کے ساتھ ہدیہ قبول کرتے ہیں اگر وہ بادشاہ ہیں تو ہدیہ قبول کرلیں گے اور اگر نبی ہیں تو قبول نہیں کریں گے۔ چنانچہ بلقیس نے پانچسو غلام اور پانچسو باندیاں بہترین لباس اور زیوروں کے ساتھ آراستہ کرکے انہیں ایسے گھوڑوں پر بٹھایا جن کی کاٹھیاں سونے کی اور لگامیں جواہرات سے مرصع تھیں۔ پانچسو اینٹیں سونے کی اور جواہرات سے مزین ایک تاج اور مشک و عنبر وغیرہ وغیرہ مع ایک خط کے اپنے قاصد کے ساتھ روانہ کیے۔ (خزائن العرفان پ۱۹ ع۱۸)

۱۷ــــ جب بلقیس کا قاصد تحائف لیکر روانہ ہوا۔ تو ہدہد سلیمانی یہ سارا منظر دیکھ کر چل دیا اور سلیمان علیہ السلام کو سارا قصہ سنایا۔ آپ نے حکم دیا کہ سونے چاندی کی اینٹیں بنا کر نو فرسخ تک انہیں اینٹوں کی سڑک بنادی جائے اور اس کے اردگرد سونے چاندی سے احاطہ کی بلند دیوار بنادی جائے۔ بحر و بر کے خوبصورت جانور اور جنات کے بچے سڑک کے دائیں بائیں حاضر کیے جائیں۔ چنانچہ آپ کے حکم کی

تعمیل فوراً کی گئی سونے چاندی کی سڑک اور دیوار بن گئیں۔ خشکی و تری کے خوبصورت جانور بھی حاضر کردیئے گئے۔

ادھر بلقیس کا قاصد اپنے زعم میں بڑا قیمتی تحفہ لا رہا تھا۔ مگر جب اس نے سونے چاندی کی بنی ہوئی سڑک پر قدم رکھا اور اردگرد سونے چاندی کی دیواریں دیکھیں تو شرم کے مارے پانی پانی ہوگیا اور سوچنے لگا میں بلقیس کا یہ تحفے کس منہ سے سلیمان علیہ السلام کی خدمت میں پیش کروں۔

(خزائن العرفان پ۱۹ ع۱۸، روح البیان)

۱۸ــــ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ بلقیس کا تخت سونے چاندی کا بنا ہوا تھا اور بڑے بڑے قیمتی جواہرات سے مرصع تھا۔ اس کی لمبائی، چوڑائی تیس تیس گز اور اونچائی تیس گز تھی۔ حضرت مقاتل فرماتے ہیں کہ اس کی اونچائی اسی ہاتھ تھی۔ بعض نے کہا ہے اسکی لمبائی اسی ہاتھ، چوڑائی چالیس ہاتھ اور اونچائی تیس ہاتھ تھی۔ (حیوۃ الحیوان ج۲ ص۲۱۳، ابن کثیر پ۱۹ ع۱۸)

۱۹ــــ بلقیس کے وزیر و مشیر تین سو بارہ تھے۔ اور ہر ایک کے ماتحت بارہ ہزار جمعیت تھی۔ (ابن کثیر پ۱۹ ع۱۸)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ اسکے بارہ ہزار سپہ سالار تھے اور ہر یک سپہ سالار کے ماتحت ایک ایک لاکھ سپاہی۔ (حاشیہ ۷ جلالین ص۳۲۰)

۲۰ــــ اس متعلق کئی اقوال ہیں۔

(۱) اس جن کا نام کوزن تھا۔ (الاتقان ج۲ ص۱۸۸) (۲) بعض نے اس کا نام صخر جنی۔ (۳) بعض نے کوزا (۴) اور بعض نے ذکوان کہا ہے۔ (حیوۃ الحیوان ج۲ ص۲۲۲، حاشیہ ۲۱ جلالین ص۳۲۰)

۲۱ــــ اس کے تحت بھی مختلف اقوال وارد ہیں۔

(۱) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول ہے: اس کا نام آصف بن برخیا تھا جو حضرت سلیمان علیہ السلام کے کاتب تھے۔ (۲) حضرت مجاہد کہتے ہیں: اس کا نام اسطوم تھا۔ (۳) بعض کہتے ہیں کہ اس کا نام ذوالنون تھا (۴) بعض تملیخا۔ (۵) بعض بلخ

کہتے ہیں۔ (۶) بعض یہ بھی کہتے ہیں کہ وہ جبرائیل علیہ السلام تھے۔ (۷) ایک قول یہ ہے کہ وہ جبرائیل کے علاوہ کوئی اور فرشتہ تھا۔ (۸) اور ایک قول یہ بھی ہے کہ وہ خضر علیہ السلام تھے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۸۸، ابن کثیر پ ۱۹ ع ۱۸)

۲۲۔۔۔۔ اس وقت آپ بیت المقدس میں تھے اور تخت بلقیس ملک سبا میں۔ دونوں مقام کا درمیانی فاصلہ دو مہینے کی راہ کا تھا۔ (حاشیہ ۱۹ جلالین ص ۳۲۰)

۲۳۔۔۔۔ بلقیس نے ایک مضبوط گھر بنوایا تھا جس گھر میں دوسرا گھر تھا پھر دوسرے گھر میں تیسرا گھر پھر تیسرے میں چوتھا اسی طرح پھر اس میں پانچواں پانچویں میں چھٹا اور چھٹے میں ساتواں گھر تھا اور اس ساتویں گھر میں وہ تخت مقفل تھا۔

(خزائن العرفان پ ۱۹ ع ۱۸، حیوٰۃ الحیوان ج ۲ ص ۳۱۳)

۲۴۔۔۔۔ آپ کا لشکر سو فرسخ میدان میں پھیلا ہوا ہوتا تھا جن میں سے پچیس فرسخ میں انسان، پچیس میں جنات اور پچیس فرسخ میں پرندے ہوتے تھے۔

(حاشیہ ۱۵ جلالین ص ۳۰۸)

۲۵۔۔۔۔ حضرت عبادہ بن الصامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ کی انگوٹھی میں یہ لکھا ہوا تھا۔ انا اللہ لا الہ الا انا محمد عبدی و رسولی۔ (کنز العمال ص ۲۹۸)

۲۶۔۔۔۔ فرش سلیمانی پر چھ ہزار کرسیاں سونے اور چاندی کی بچھائی جاتی تھیں۔ سونے کی کرسیوں پر انبیاء اور چاندی کی کرسیوں پر علماء بیٹھتے تھے پھر عوام الناس پھر جنات اور پرندے آپ کے سر پر سایہ کرتے تھے۔ اور ہوا اس تخت کو وہاں لیجاتی جہاں حضرت سلیمان علیہ السلام حکم فرماتے۔ (روح المعانی پ ۱۹ ص ۱۷۵)

ایک دوسری روایت کے بموجب آٹھ ہزار کرسیاں بچھائی جاتی تھیں۔ چار ہزار دائیں اور چار ہزار بائیں۔ (حاشیہ ۲۰ [illegible] ص ۳۲۰)

۲۷۔۔۔۔ آپ صبح کو دمشق سے روانہ ہوتے تو دوپہر کو قیلولہ اصطخر میں فرماتے جو ملک فارس میں ہے۔ اور دمشق سے ایک مہینہ کی راہ پر ہے اور شام کو اصطخر سے روانہ ہوتے تو شب کو کابل میں آرام فرماتے۔ یہ بھی تیز سوار کیلئے ایک مہینہ کی مسافت ہے۔ (خزائن العرفان پ ۲۲ ع ۸)

۲۸۔۔۔۔ آپ کا وصال اس حال میں ہوا کہ آپ اپنے عصا مبارک سے ٹیک لگا کر عبادت الٰہی میں مصروف تھے۔ آپ نے ہی اس طرح کی موت کی دعا بارگاہ الٰہی میں کی تھی کہ میرے انتقال کا حال جنات پر ظاہر نہ ہو تاکہ انسانوں کو معلوم ہو جائے کہ جن غیب نہیں جانتے دعاء کے بعد آپ محراب میں داخل ہوئے اور حسب عادت نماز کیلئے اپنے عصا پر ٹیک لگا کر کھڑے ہو گئے۔ جنات حسب دستور اپنی خدمتوں میں مشغول رہے اور یہ سمجھتے رہے کہ حضرت زندہ ہیں کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کا عرصۂ دراز تک اسی حالت پر رہنا ان کیلئے کچھ حیرت کا باعث نہ ہوا کیونکہ وہ بارہا دیکھتے تھے کہ ایک ماہ دو ماہ اور اس سے زیادہ عرصہ تک آپ عبادت میں مشغول رہتے ہیں اور آپ کی نماز بہت دراز ہوتی ہے۔ حتیٰ کہ آپ کی وفات کے پورے ایک سال تک جنات آپ کے وفات پر مطلع نہ ہوئے اور اپنی خدمتوں میں مشغول رہے یہاں تک کہ بحکم الٰہی دیمک نے آپ کا عصا کھالیا۔ اور آپ کا جسم مبارک جو لاٹھی کے سہارے سے قائم تھا زمین پر آرہا۔ اس وقت جنات کو آپ کی وفات کا علم ہوا۔

(خزائن العرفان پ ۲۲ ع ۸، جلالین ص ۳۶۰)

۲۹۔۔۔۔ چالیس سال تک آپ نے حکمرانی فرمائی۔ (خزائن العرفان پ ۲۲ ع ۸، الاتقان ج ۲ ص ۱۶۸)

بروایت دیگر آپ نے بیس سال حکومت کی۔ (البدایہ ج ۲ ص ۳۲)

۳۰۔۔۔۔ آپ کی عمر شریف ترپن سال ہوئی۔ (خزائن العرفان پ ۲۲ ع ۸، الاتقان ج ۲ ص ۱۶۸)

ایک دوسری روایت کے بموجب آپ کی عمر شریف انسٹھ (۵۹) سال ہوئی۔

(حاشیہ ۸ جلالین ص ۳۰۵)

۳۱۔۔۔۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کا جب وادیٔ نمل میں گزر ہوا تو ایک چیونٹی نے کہا اے چیونٹیو! اپنے اپنے گھروں میں گھس رہو کہیں سلیمان (علیہ السلام) اور ان کے لشکر والے کچل نہ ڈالیں۔ پھر حضرت سلیمان علیہ السلام اور اس چیونٹی کے مابین جو گفتگو ہوئی وہ حسب ذیل ہے۔

سلیمان علیہ السلام: **السّلام علیکم۔**

چیونٹی: **وعلیکم السّلام** اے فانی اور اپنے ملک فانی میں مشغول رہنے والے۔ اے سلیمان علیہ السلام! کیا آپ کا گمان ہے کہ آپ ہی حکم اور ممانعت کرتے ہیں۔ میں ایک ضعیف سی چیونٹی ہوں میرے چالیس ہزار افسر ہیں اور ہر افسر کی ماتحتی میں چیونٹیوں کی چالیس چالیس صفیں ہیں اور ہر صف مشرق سے لے کر مغرب تک چلی گئی ہے۔

سلیمان علیہ السلام: اے چیونٹی! تو نے سیاہ لباس کیوں پہنا ہے۔؟

چیونٹی: اس لئے کہ دنیا دار مصیبت ہے اور اہل مصائب کا لباس سیاہ ہے۔

سلیمان علیہ السلام: تیری کمر میں کٹے ہونے کا نشان کیسا ہے۔؟

چیونٹی: یہ عبودیت کیلئے خدمت کا پٹکا ہے۔

سلیمان علیہ السلام: تمہاری یہ کیا حالت ہے کہ تم خلق سے دور دور رہتے ہو۔؟

چیونٹی: اسلئے کہ وہ غفلت میں پڑے ہیں ان سے دوری ہی اچھی ہے۔؟

سلیمان علیہ السلام: تم سب برہنہ کیوں رہتے ہو۔؟

چیونٹی: ہم دنیا میں ایسے ہی آئے ہیں اور ایسے ہی جائیں گے۔

سلیمان علیہ السلام: ایک چیونٹی کتنا اٹھا سکتی ہے۔؟

چیونٹی: ایک دو دانے۔

سلیمان علیہ السلام: ایسا کیوں۔؟

چیونٹی: اس لئے کہ ہم مسافر ہیں اور مسافر کا بار جتنا ہلکا ہو اتنا ہی اس کی پشت ہلکی رہتی ہے۔

سلیمان علیہ السلام: تیرا نام کیا ہے۔؟

چیونٹی: منذرہ۔ (ڈرانے والی) میں اپنے ساتھیوں کو دنیا کے سحرکار سے ڈراتی ہوں اور انہیں آخرت کی رغبت دلاتی ہوں۔!

چیونٹی: اے سلیمان علیہ السلام! جو کچھ آپ کو اپنے ملک و سلطنت میں ملا ہے اس میں سب سے افضل یا افخر کون سی شئی ہے۔؟

سلیمان علیہ السلام: میری انگشتری کیوں کہ وہ جنت کی ہے۔

چیونٹی: آپ اس کے معنی جانتے ہیں۔؟

سلیمان علیہ السلام: نہیں۔!

چیونٹی: اس سے مراد یہ ہے کہ خدا نے آپ کے قبضہ میں اس انگشتری کی مقدار دنیا عطا کی ہے۔

چیونٹی۔: کچھ اور بھی ہے۔؟

سلیمان علیہ السلام: ہاں میرا فرش وہ بھی جنت کا ہے جو ہوا پر اڑتا ہے۔

چیونٹی: آپ اس کے معنی جانتے ہیں۔؟

سلیمان علیہ السلام: نہیں!

چیونٹی: اس سے اس امر پر تنبیہ مقصود ہے کہ جو کچھ آپ کے پاس ہے ہوا کے مانند ہے۔ آج آپ کے پاس ہے اور کل نہ رہے گا۔

سلیمان علیہ السلام: اسکی صبح کی رفتار ایک ماہ کی مسافت ہے اور شام کی رفتار ایک ماہ کی مسافت۔!

چیونٹی: اس میں یہ اشارہ ہے کہ آپ کی عمر پرواز کر رہی ہے اور آپ سیر میں شتاب کاری کر رہے ہیں۔!

چیونٹی: اے سلیمان علیہ السلام! اور بھی کچھ ہے۔؟

سلیمان علیہ السلام: ہاں! خدا نے مجھے پرندوں کی زبان تعلیم کی ہے۔

چیونٹی. تو آپ بجائے مناجات خداوندی کے پرندوں کی سرگوشیاں سننے میں مشغول رہتے ہیں۔

چیونٹی: اور بھی کچھ ہے۔؟

سلیمان علیہ السلام: ہاں! پروردگار عالم نے جن و انس کو میرا خدمت گزار بنایا ہے۔

چیونٹی: اس میں یہ اشارہ ہے کہ خدا کی جانب سے یہ فرمان صادر ہوتا ہے کہ خلق تو آپ کی خدمت گذاری میں مشغول ہے لہٰذا آپ کو چاہیئے کہ آپ میری خدمت وطاعت کی بجا آوری میں مشغول ہوں۔!

چیونٹی: کیا اور بھی کچھ ہے۔؟

سلیمان ؑ: ہاں! نگینۂ انگشتری سے مجھے انس حاصل ہوتا ہے کیونکہ اس میں خدا کا نام رقم ہے۔

چیونٹی: جب آپ مسمی کے ساتھ مانوس ہو جائیں تو آپ کو اسم کی انسیت سے کیا سروکار۔

اس وقت حضرت سلیمان ؑ کو اس چیونٹی اور اسکی سخن طرازی سے حیرت ہوئی۔ آپ اسی حیرت زدگی کی حالت میں اس سے رخصت ہوئے اور اسنے اپنی راہ لی۔

(زینۃ المجالس ج ۶ ص ۱۹۵، ۲۹۲)

حضرت ایوب ؑ سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ حضرت ایوب ؑ کے والد کا نام کیا ہے۔؟

۲۔۔۔ حضرت ایوب ؑ کا سلسلۂ نسب کن واسطوں سے حضرت ابراہیم ؑ تک پہنچتا ہے۔؟

۳۔۔۔ حضرت ایوب ؑ کے نانا کا نام کیا ہے۔؟

۴۔۔۔ حضرت ایوب ؑ کا زمانہ کس نبی کے بعد اور کس نبی سے پہلے ہے۔؟

۵۔۔۔ جو شیطان حضرت ایوب ؑ کے پیچھے پڑا ہوا تھا اس کا نام کیا ہے۔؟

۶۔۔۔ حضرت ایوب ؑ کس دن ابتلاء میں مبتلا ہوئے تھے۔؟

۷۔۔۔ حضرت ایوب ؑ کی عمر اس وقت کتنی تھی جب آپ آزمائش میں مبتلا ہوئے تھے۔؟

۸۔۔۔ حضرت ایوب ؑ کتنی مدت آزمائش میں مبتلا رہے۔؟

۹۔۔۔ حضرت ایوب ؑ کی ان زوجہ محترمہ کا کیا نام ہے جو آزمائش کے دنوں آپ کی خدمت کیا کرتی تھیں۔؟

۱۰۔۔۔ حضرت ایوب ؑ کی عمر کتنی ہوئی۔؟

حضرت ایوب علیہ السلام سے متعلق جوابات

۱۔۔۔بقول ابن اسحٰق آپ کے والد محترم کا نام اپیض ہے۔ جو قوم بنی اسرائیل سے تھے اور بقول ابن جریر آپ کے والد ماجد کا نام موص ہے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۶۸)

۲۔۔۔آپ کے سلسلۂ نسب میں اختلاف ہے۔ بقول ابن جریر آپ کا نسب، ایوب بن موص بن روح بن عیص بن اسحٰق علیہ السلام کے ذریعہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام تک پہنچتا ہے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۶۸)

۳۔۔۔ابن عساکر نے بیان کیا ہے کہ آپ کے نانا، حضرت لوط علیہ السلام ہیں۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۶۸)

۴۔۔۔بقول ابن عساکر آپ کا زمانہ قبل موسیٰ علیہ السلام ہے۔ بقول ابن جریر بعد زمانہ شعیب علیہ السلام اور بقول ابن ابی خیثمہ آپ کا زمانہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے بعد ہے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۶۸)

۵۔۔۔اس کا نام مسعط تھا۔ (الاتقان فی علوم القرآن ج ۲ ص ۱۸۸)

حضرت نوف کہتے ہیں کہ اس کا نام مبسوط تھا۔ (ابن کثیر پ ۱۷ ص ۹۲)

۶۔۔۔آپ بدھ کے دن بیماری میں مبتلا ہوئے تھے۔ (مشکوٰۃ شریف ص ۳۴۹)

واقعہ :

حضرت ایوب علیہ السلام کو اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہر طرح کی نعمتیں عطا فرمائی تھیں۔ حسین صورت بھی، اولاد کی کثرت اور کثرت اموال بھی۔ بارہ فرزند دلبند، چار سو غلام، باغات، ہزار ہا اونٹ اور ہزار ہا بکریاں تھیں۔ ایک روز جبرائیل امین آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی: ایوب! مدت گزر گئیں کہ آپ ناز و نعم میں گزار رہے ہیں۔ اب حکم الٰہی ہے کہ آپ کی حالت منقلب کی جائے اور ناز و نعمت، رنج و محنت سے بدلی جائے۔ تونگری کا بدلہ درویشی سے ہو، تندرستی رخت سفر باندھے اور بیماری خیمہ ڈالے۔ آپ نے فرمایا کوئی فکر نہیں۔ جبرائیل امین جواب سن کر رخصت ہوئے اور حضرت ایوب علیہ السلام میزبان مہمانِ بلا و مصائب بنکر منتظر رہے۔

ایک روز شام کی نماز سے فرصت پا کر محراب کی طرف پشت فرما کر حاضرین جلسہ کو وعظ فرما رہے تھے کہ اچانک آہ و بکا کی آوازیں آئیں آپ حیران ہوئے اتنے میں ایک غلام آیا اور رو کر کہنے لگا: حضور! سیل دریا آیا اور تمام بکریوں کو بہا لے گیا۔ ابھی آپ جواب دینے نہ پائے تھے دوسرا آیا اور رو کر پکارا کہ اچانک باد سموم نے تمام اونٹ ہلاک کر دیئے۔ یہ سن ہی رہے تھے کہ محافظان باغ چیختے اور کپڑے پھاڑتے ہوئے پکارے کہ حضور! ابھی ابھی بجلی گری اور تمام درختوں کو جلا گئی۔ آپ یہ سب واقعات نہایت ہی اطمینان سے سنتے رہے اور زبان مبارک پر شکر الٰہی! تسبیح و تہلیل جاری کرتے رہے کہ اتنے میں صاحبزادگان کا اتالیق سینہ کوٹتا ہوا آیا اور چیخ مار کر پکارا: اے پیغمبر خدا! صاحبزادے جو مہمان میں گئے تھے اچانک صاحب خانہ کی چھت گری اور سب اس میں دب گئے۔ اس کو سن کر حضرت ایوب علیہ السلام کچھ مضطرب ہوئے مگر علی الفور سجدے میں گر گئے اور حمد کر کے فرمایا کچھ پرواہ نہیں اگر محبوب حقیقی کی محبت دل میں ہے تو سب کچھ ہے۔

جب مال و منال کا یہ حشر ہو چکا تو انواع و اقسام کی بلائیں آپ کی ذات کے ساتھ مخصوص ہوئیں۔ آپ بیمار ہو گئے، بدن پر آبلے پڑ گئے، جسم شریف زخموں سے بھر گیا۔ سب لوگوں نے آپ کو چھوڑ دیا بجز آپ کی بی بی صاحبہ کے کہ وہ آپ کی خدمت کرتی رہیں اور یہ حالت سالہا سال رہی۔

آخر ایک روز حضرت ایوب علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ آپ زمین میں پاؤں ماریئے۔ انہوں نے پاؤں مارا تو ایک چشمہ ظاہر ہوا۔ حکم دیا گیا اس سے غسل کیجئے۔ غسل کیا تو ظاہر بدن کی تمام بیماریاں دور

ہو گئیں۔ پھر آپ چالیس قدم چلے اور دوبارہ زمین پر پاؤں مارنے کا حکم ہوا آپ نے پاؤں مارا اس سے بھی ایک چشمہ جاری ہوا جس کا پانی نہایت سرد تھا آپ نے بحکم الٰہی پیا تو اس سے باطن کی تمام بیماریاں دور ہو گئیں اور آپ کو اعلیٰ درجہ کی صحت حاصل ہوئی۔

حضرت ابن مسعود و ابن عباس رضی اللہ عنہم اور اکثر مفسرین نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی تمام اولاد کو زندہ فرما دیا اور آپ کو اتنی ہی اولاد اور عنایت کی۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی دوسری روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی بی بی صاحبہ کو دوبارہ جوانی عنایت کی اور ان کی کثیر اولادیں ہوئیں۔ پھر آپ کا تمام ہلاک شدہ مال و مویشی اور اسباب و سامان بھی آپ کو مل گیا بلکہ پہلے جس قدر مال و دولت کا خزانہ تھا اس سے کہیں زیادہ مل گیا۔

(اوراق غم ص۵۵، و عجائب القرآن)

۷ـــــ اس وقت آپ کی عمر شریف ستر سال کی تھی۔ (الاتقان ج۲ ص۱۷۸)

۸ـــــ مدت مرض باختلاف روایت تین یا سات یا تیرہ یا اٹھارہ سال تھی۔

(الاتقان ج۲ ص۱۸۰، جلالین ص۲۷۶)

تفسیر مظہری میں سات سال سات ماہ سات دن اور سات گھنٹے ہے۔

۹ـــــ آپ کی وہ بیوی صاحبہ حضرت یوسف علیہ السلام کی پوتی تھیں ان کا نام رحمت بنت افرائیم بن یوسف یا ماخیر بن میشا بن یوسف۔ (حاشیہ ۳ جلالین ص۲۷۶)

تفسیر ابن کثیر میں ہے کہ وہ حضرت یوسف ؑ کی صاحبزادی رحمت تھی۔

(پ ۲۳ ع ۱۰ و حاشیہ ۹ جلالین ص۱۹۹)

ایک قول یہ بھی ہے کہ وہ یوسف ؑ کی بہن لیا بنت یعقوب تھی۔ (حاشیہ ۳ جلالین ص۳۸۳)

۱۰ـــــ طبرانی کی روایت ہے کہ آپ کی عمر شریف ترانوے (۹۳) سال ہوئی

(الاتقان ج۲ ص۱۷۸)

حضرت زکریا و یحییٰ علیہما السلام سے متعلق سوالات

۱ـــــ حضرت زکریا علیہ السلام کی عمر اس وقت کتنی تھی جب آپ کو ولادت فرزند یعنی یحییٰ علیہ السلام کی خوشخبری دی گئی۔؟

۲ـــــ حضرت زکریا علیہ السلام کو پیرانہ سالی کے باعث بیٹے کی ولادت کا یقین نہ ہوا تو آپ نے اللہ تعالیٰ سے نشانی طلب کی آپ کو کیا نشانی دی گئی۔؟

۳ـــــ حضرت ذکریا علیہ السلام کو جب بیٹے کی خوشخبری دی گئی تھی تو اس کے کتنے سالوں بعد یحییٰ علیہ السلام کی ولادت ہوئی۔؟

۴ـــــ حضرت زکریا علیہ السلام کیا کام کر کے اپنا گزارہ کرتے تھے۔؟

۵ـــــ حضرت یحییٰ علیہ السلام کا نام "یحییٰ" کیوں رکھا گیا۔؟

۶ـــــ حضرت یحییٰ علیہ السلام کی والدہ کا نام کیا ہے۔؟

۷ـــــ حضرت یحییٰ علیہ السلام کے نانا کا نام کیا ہے۔؟

۸ـــــ حضرت یحییٰ علیہ السلام، حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے چھوٹے تھے یا بڑے۔؟

۹ـــــ حضرت یحییٰ علیہ السلام، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے رشتے میں کیا لگتے تھے۔؟

۱۰ـــــ حضرت یحییٰ علیہ السلام کتنی عمر میں نبوت سے سرفراز ہوئے تھے۔؟

۱۱ـــــ حضرت زکریا و یحییٰ علیہما السلام کی شہادت کا واقعہ کس طرح ہے۔؟

۱۲ـــــ حضرت زکریا علیہ السلام کو جس آرا سے ذبح کیا گیا تھا اسکے کتنے دندانے تھے۔؟

۱۳ـــــ حضرت زکریا علیہ السلام کہاں مدفون ہیں۔؟

حضرت زکریا و یحیٰ علیہما السلام سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ اس وقت آپ کی عمر شریف ایک سو بیس سال۔ اور آپ کی زوجہ محترمہ کی عمر اٹھانوے سال کی تھی۔ (خزائن العرفان پ ۳ ع ۱۲)

بعض نے آپ کی عمر بانوے سال اور بعض نے ننانوے سال کہا ہے۔

(الاتقان ج ۲ ص ۱۷۹)

۲۔۔۔ اس کی نشانی یہ بتائی گئی تھی کہ "صحیح و سالم ہو کر بھی بغیر کسی بیماری کے اور بغیر گونگا ہونے کے تین دن رات لوگوں سے بات نہ کر سکیں گے"

چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ ان ایام میں آپ لوگوں سے کلام کرنے پر قادر نہ ہوئے اور جب اللہ کا ذکر کرنا چاہتے تو زبان کھل جاتی۔ یہ ایک عظیم معجزہ ہے کہ جس میں جوارح صحیح و سالم ہوں اور زبان سے تسبیح و تقدیس کے کلمات ادا ہوتے رہیں مگر لوگوں کے ساتھ گفتگو نہ ہو سکے۔ یہ علامت اس لئے مقرر کی گئی کہ اس نعمتِ عظیمہ کے ادائے حق میں زبان ذکر و شکر کے سوا اور کسی بات میں مشغول نہ ہو۔ (خزائن العرفان پ ۳ ع ۱۲)

۳۔۔۔ اس خبر بشارت اثر اور مژدۂ سعادت ثمر کے تیرہ سال بعد حضرت یحیٰ علیہ السلام رونق افزائے دار دنیا ہوئے۔ (حاشیہ ۱۲ جلالین ص ۲۵۳)

۴۔۔۔ صحیح بخاری شریف میں ہے کہ آپ بڑھئی کا پیشہ کر کے اپنا گزارہ کرتے تھے۔ (ابن کثیر پ ۱۶ ع ۴)

۵۔۔۔ آپ "یحیٰ" کے نام سے اس لئے موسوم ہوئے کہ خداوند قدوس نے آپ کو حیات ایمانی عطا فرمائی تھی۔ یا اسلئے کہ آپ نے اپنی ضعیفہ ماں کے رحم کو زندہ فرمایا تھا کہ وہ شروع ہی سے بانجھ تھیں مگر آپ کے ساتھ حاملہ ہونے سے رحم

مادر کو حیات تولید مل گئی۔ یا اسلئے یحیٰ نام رکھا گیا کہ آپ کو شہید ہونا تھا اور شہید زندہ ہوا کرتا ہے۔ (الاتقان فی علوم القرآن ج ۲ ص ۱۰۹)

۶۔۔۔ آپ کی والدہ محترمہ کا نام ایشاع بنت فاقوزا ہے۔ (خزائن العرفان پ ۳ ع ۱۲)

بعض نے اشیاع اور بعض اشیع کہا ہے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۸۶)

۷۔۔۔ فاقوذ۔ (خزائن العرفان پ ۳ ع ۱۲، الاتقان ج ۲ ص ۱۸۹)

بعض نے عمران کہا ہے۔ (حاشیہ ۲۰ جلالین ص ۲۰۶)

۸۔۔۔ آپ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے عمر میں چھ ماہ بڑے تھے۔ (خزائن العرفان پ ۳ ع ۱۲)

۹۔۔۔ آپ، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ حضرت مریم رضی اللہ عنہا کے خالہ زاد بھائی تھے۔ آپ کی والدہ ایشاع اور مریم رضی اللہ عنہا کی والدہ حنّہ دونوں فاقوزا کی دختر فرخندہ اختر تھیں۔ (خزائن العرفان پ ۳ ع ۱۲)

۱۰۔۔۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ آپکی عمر شریف تین سال کی تھی کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے آپ کو عقل کامل عطا فرمائی اور آپ کی طرف وحی کی، نبوت سے سرفراز فرمایا۔ (خزائن العرفان پ ۳ ع ۱۲)

۱۱۔۔۔ آپ دونوں باپ بیٹے کی شہادت کا واقعہ یوں ہے:

اس زمانے کا جو بادشاہ تھا اس کی بیوی پہلے شوہر سے ایک لڑکی ہمراہ لائی تھی جو نہایت حسین و جمیل تھی۔ چونکہ وہ خود بڑھیا ہو چکی تھی اپنی اسائش کا خیال کرتے ہوئے اس نے یہ سوچا کہ اگر بادشاہ کوئی باہر سے بیوی لے آیا تو میری کچھ نہ چلے گی۔ لہٰذا میں اپنی لڑکی اسکے عقد میں دے دوں۔ بادشاہ سے اس کا ذکر کیا۔ بادشاہ نے حضرت یحیٰ سے اس متعلق مشورہ کیا۔ آپ نے فرمایا یہ لڑکی تجھ پر حرام ہے۔ اس واقعہ کی اطلاع اس بدبخت زانیہ فاحشہ کو پہنچی۔ سنتے ہی اپنے دل میں حضرت یحیٰ کی طرف سے کینہ پیدا کیا اور موقعہ کی متلاشی رہی۔

ایک روز بادشاہ نشہ میں چور تھا موقعہ دیکھ کر لڑکی کو آراستہ کر کے اس کے رو برو پیش کیا۔ بادشاہ نے اس کے جمال باکمال پر از خود رفتہ ہو کر اسکی

طرف ارادہ کیا تو اس بدکار عورت نے فوراً روک دیا۔ اور کہا: یہ صورت تجھے تب میسر آسکتی ہے جب تو یحییٰ کو قتل کر دے۔ اسلئے کہ شیر بہا میری لڑکی کا سر یحییٰ ہے۔ بادشاہ نے خواہش نفسانی سے قتل یحییٰ کا حکم دے دیا۔ علمائے وقت نے کہا یہ فعل شنیع ہے اس سے باز آ۔ یحییٰ کے خون کا قطرہ جس زمین پر گرے گا وہاں گھاس نہ اُگے گی۔ بادشاہ نے حکم دیا۔ سر یحییٰ کو طشت میں رکھا جائے اور خون کسی کنوئیں میں ڈال دیا جائے۔

چنانچہ سپاہی حضرت یحییٰ کے لینے کو بھیجے گئے۔ ایک شخص نے جو مقرب بارگاہ شاہی تھا عرض کی: حضور! یحییٰ کے والد زکریا مستجاب الدعوات ہیں اول انہیں قتل کیجئے تاکہ قتل فرزند پر وہ بددعا نہ کر سکیں! بادشاہ نے اس بنا پر یہ حکم بھی دے دیا کہ قتل یحییٰ سے قبل قتل زکریا ہو جائے۔ ملازمان شاہی حضرت زکریا کی گرفتاری کو بھی روانہ ہوئے۔ یہاں آکر دیکھا کہ پدر و پسر دونوں نماز میں مشغول ہیں۔ پہلے ان بے دینوں نے پہلوئے زکریا سے حضرت یحییٰ کو کھینچا اور مشکیں کسیں۔ دوسری جماعت نے آپ کی گرفتاری کا قصد کیا تو آپ وہاں سے بھاگے مگر اس جماعت نے آپ کا تعاقب کیا۔ حضرت زکریا بھاگتے بھاگتے بے طاقت ہو کر ایک مقام پر درخت کے سایہ میں بیٹھے تھے کہ متعاقبین آتے نظر آئے۔ آپ نے اس درخت کی طرف اشارہ فرمایا وہ شق ہو گیا اور حضرت زکریا اس میں روپوش ہو گئے شیطان نے آپ کی چادر مبارک کا ایک کونہ بیرون درخت کر دیا۔ دشمنان زکریا ڈھونڈتے ہوئے جب یہاں پہنچے تو شیطان ایک معمر بزرگ کی صورت میں آیا اور پوچھا۔ انہوں نے کہا: اس حلیہ کے شخص کی تلاش ہے۔

اس ملعون مطعون نے انجان بن کر کہا اس حلیہ کے شخص کو میں نے اس درخت میں روپوش ہوتے دیکھا ہے اور چادر مبارک کا کونہ دکھایا۔ انہوں نے شیطان سے پوچھا کہ اب اس درخت سے باہر نکالنے کی کیا تدبیر ہے۔؟ شیطان

نے کہا: باہر نکالنے کی کیا ضرورت ہے تمہارا مقصد اسے ہلاک کرنا ہے لہٰذا اس کی ہلاکت یوں بھی ممکن ہے اور آرہ کی صورت بتائی اور کہا کہ اس کے ذریعہ اس درخت کے دو ٹکڑے کر دو! چنانچہ یہ خبیث اس رائے کو پسند کر کے آرہ لائے اور درخت پر رکھ کر اسکے دو پرکالے کرنے لگے۔ آرہ درخت کاٹتے کاٹتے فرق زکریا تک پہنچا آرہ سر سے چل گیا اور جسد مبارک کے دو پرکالے ہو گئے مگر آپ نے آہ تک نہ کی۔

ادھر آپ شہید ہوئے ادھر معصوم ہستی حضرت یحییٰ ﵇ بادشاہ کے محل میں لائے گئے۔ بارگاہ شاہی سے حکم ہوا: زندہ ہمارے سامنے پیش نہ کرو بلکہ سر لایا جائے۔ ان سنگین دلوں نے جفاکاری سے حضرت یحییٰ کو بحالت مظلومی بیرون محل میں شہید کر ڈالا۔ سر مبارک کو طشت میں رکھا اور خون کنوئیں میں ڈالا۔ وہ کنواں جوش زن ہوا اور بادشاہ کو اللہ نے بخت نصر بابلی یا طرطوس رومی کے ہاتھوں ہلاک کیا۔

ایک روایت یہ بھی ہے کہ آپ کو دمشق کے بادشاہ حدا ابن حداد کی بیوی نے مسجد جبرون میں بحالت سجدہ شہید کیا۔ بروایت دیگر بیت المقدس میں ہیکل سلیمانی اور قربان گاہ کے بیچ جہاں اس سے قبل ستر انبیاء شہید ہوئے آپ کو شہید کرایا۔

(غرائب القرآن ص ۵۰۰)

ابن عساکر نے "المستقصی فی فضائل الاقصیٰ" میں حضرت یحییٰ ﵇ کی شہادت کا واقعہ اسطرح تحریر فرمایا ہے کہ دمشق کے بادشاہ "حدا ابن حدار" نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دی تھی۔ پھر وہ چاہتا تھا کہ بغیر حلالہ اس کو واپس کر کے اپنی بیوی بنا لے۔ اس نے حضرت یحییٰ ﵇ سے فتویٰ طلب کیا تو آپ نے فرمایا کہ وہ اب تجھ پر حرام ہو چکی ہے۔ اس کی بیوی کو یہ بات سخت ناگوار گزری اور وہ حضرت یحییٰ ﵇ کے قتل کے درپے ہو گئی چنانچہ اس نے بادشاہ کو مجبور کر کے قتل کی اجازت حاصل کر لی اور جب کہ حضرت یحییٰ ﵇ مسجد جبرون میں نماز پڑھ رہے تھے بحالت سجدہ آپ کو قتل کرا دیا اور ایک طشت میں آپ کا سر مبارک اپنے سامنے منگوا لیا۔ مگر کٹا ہوا سر اس حالت میں بھی یہی کہتا رہا کہ "تو بغیر حلالہ کرائے بادشاہ

کے لئے حلال نہیں" اور اسی حالت میں اس پر خدا کا یہ عذاب نازل ہو گیا کہ وہ عورت سر مبارک کے ساتھ زمین میں دھنس گئی۔ یہودیوں نے جب حضرت یحیٰ علیہ السلام کو قتل کر دیا تو پھر یہ لوگ حضرت زکریا علیہ السلام کی طرف متوجہ ہوئے کہ ان کو بھی شہید کر دیں مگر جب حضرت زکریا علیہ السلام نے یہ دیکھا تو وہاں سے ہٹ گئے اور ایک درخت کے شگاف میں روپوش ہو گئے۔ ظالم یہودیوں نے درخت کے ساتھ آپ کے بھی دو ٹکڑے کر دیئے۔

(البدایہ والنہایہ ج۲ ص۵۵، تاریخ ابن کثیر ج۲ ص۵۲، بحوالہ عجائب القرآن ص۴۷)

۱۲ــــ وہ ایک ہزار دندانے والا آرہ تھا۔ (ملفوظات خواجہ نظام الدین اولیاء ص۱۰۸)

۱۳ــــ سلطنطیہ نابلوس میں۔ (نزہۃ المجالس ج۱ ص۱۴)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے متعلق سوالات

حضرت [illegible] سے متعلق سوالات

۱ــــ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے مابین کتنے سالوں کا زمانی فاصلہ ہے؟

۲ــــ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا زمانہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے کتنے سال بعد ہے؟

۳ــــ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مابین کتنے پیغمبر مبعوث ہوئے؟

۴ــــ حضرت عیسیٰ علیہ السلام شکم مادر میں کتنا عرصہ رہے؟

۵ــــ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نانا اور نانی صاحبہ کا نام کیا ہے؟

۶ــــ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی جائے پیدائش کہاں ہے؟

۷ــــ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی عمر اس وقت کتنی تھی جب آپ نے آغوش مادر میں لوگوں سے کلام فرمایا تھا؟

۸ــــ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان لانے والا پہلا شخص کون ہے؟

۹ــــ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت سے قبل آپ پر ایمان لانے والے فرد کا نام کیا ہے؟

۱۰ــــ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں کی تعداد کتنی تھی اور ان کے نام کیا ہیں؟

۱۱ــــ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان لانے والوں کو نصاریٰ کیوں کہا جاتا ہے؟

۱۲ــــ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے جب لوگوں نے یہ معجزہ طلب کیا کہ مٹی کا پرندہ بنا کر ہوا میں اڑا دیجیے تو آپ نے کونسا پرندہ بنا کر اڑایا؟

۱۳ــــ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کتنے مردوں کو زندہ فرمایا؟

۱۴ــــ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے جن مردوں کو زندہ فرمایا وہ کتنے دنوں تک باحیات رہے؟

۱۵۔۔۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں کیلئے آسمان سے جو دستر خوان نازل ہوتا تھا اس میں کس قسم کا کھانا ہوتا تھا؟

۱۶۔۔۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں کے لئے آسمان سے اترنے والے دستر خوان کا رنگ کیسا تھا؟

۱۷۔۔۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں کیلئے نازل ہونے والا کھانا جنتی تھا یا دنیاوی؟

۱۸۔۔۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہونے والا یہ کھانا کتنے آدمی کھایا کرتے تھے؟

۱۹۔۔۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر یہ دستر خوان کتنے دنوں تک نازل ہوتا رہا؟

۲۰۔۔۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی قوم کے جن لوگوں کو خنزیر بنادیا گیا تھا ان کی تعداد کتنا تھی؟

۲۱۔۔۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی گرفتاری کا حکم جاری کرنے والے بادشاہ کا نام کیا تھا؟

۲۲۔۔۔ اس شخص کا نام کیا ہے جسے لوگوں نے عیسیٰ علیہ السلام سمجھ کر سولی دیدی تھی؟

۲۳۔۔۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کس رات کو آسمان میں اٹھالئے گئے؟

۲۴۔۔۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی عمر اس وقت کتنی تھی جب آپ آسمان میں اٹھالئے گئے؟

۲۵۔۔۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے دنیا میں کس جگہ اتریں گے اور کس وقت؟

۲۶۔۔۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام دجال کو کس جگہ قتل کریں گے؟

۲۷۔۔۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام دنیا میں تشریف لائیں گے تو کیا آپ نکاح بھی فرمائیں گے یا نہیں؟

۲۸۔۔۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام دنیا میں کتنے سال قیام فرمائیں گے؟

۲۹۔۔۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے وصال کے کتنے دنوں بعد صور پھونکا جائے گا؟

حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آپ کے مابین تقریباً دو ہزار تین سو (۲۳۰۰) سال کا فاصلہ ہے۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۸۱۰)

۲۔۔۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور آپ کے درمیان ایک ہزار نو سو پچھتر (۱۹۷۵) سال کا فاصلہ ہے۔ (حاشیہ ۲۳ جلالین ص۱۵)

۳۔۔۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور آپ کے مابین چار ہزار پیغمبر گزرے۔ اور سب کے سب حضرت موسیٰ علیہ السلام کی شریعت کے محافظ اور اسکے احکام جاری کرنیوالے تھے۔ (خزائن العرفان پ ۱ ع ۱۱)

ایک دوسری روایت کے بموجب ان پیغمبروں کی تعداد ستر ہزار ہے۔

(حاشیہ ۳۱ جلالین ص ۱۳)

۴۔۔۔ اس تعلق سے ائمہ تفسیر و مورخان پاکیزہ تحریر اختلاف رکھتے ہیں۔

(۱) آپ شکم مادر میں ایک ساعت رہے۔ (۲) تین ساعت (۳) چھ ماہ (۴) آٹھ ماہ (۵) اور نو ماہ کی روایتیں بھی ہیں۔ (الاتقان پ ج ۲ ص ۱۷۹)

ایک قول سات ماہ کا بھی ہے (حاشیہ ۱۷ جلالین ص ۲۵۵)

اور آپ اپنی ماں کی ناف سے پیدا ہوئے تھے۔ (تحفۃ المجالس ق ۱۲ ص ۴۱)

۵۔۔۔ آپ کے نانا کا نام عمران بن ماثان اور نانی صاحبہ کا نام حنہ بنت فاقوذا ہے۔

(خزائن العرفان پ ۳ ع ۱۲)

۶۔۔۔ آپ "بیت لحم" میں پیدا ہوئے جو بیت المقدس سے آٹھ میل کے فاصلے پر ایک بستی ہے۔ ایک روایت یہ بھی ہے کہ آپ کی جائے پیدائش بیت المقدس کی مشرقی جانب کا ایک حجرہ ہے۔ (ابن کثیر پ ۱۶ ع ۵)

۷۔۔۔۔ اس وقت آپ کی عمر شریف چالیس دن کی یا ایک دن کی تھی۔ (حاشیہ جلالین ص ۵۵۵)

واقعہ:

جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے حضرت مریم سے فرمایا: جب کوئی شخص تجھ سے اس معاملہ میں پوچھے تو خود کچھ مت کہنا بلکہ اسی بچے کی طرف اشارہ کر دینا"۔ چنانچہ حضرت مریم پھر اپنے بچے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو گود میں لیکر اپنی قوم کے پاس آئیں تو لوگوں نے یہ عجیب بات دیکھ کر کہ کنواری مریم کی گود میں بچہ ہے کہا: اے مریم! تو نے یہ اچھا کام نہیں کیا، تیری ماں باپ تو ایسے نہ تھے، افسوس! تو نے بہت بری بات کی۔ حضرت مریم نے بچے کی طرف اشارہ کر کے کہا: "مجھ سے کچھ نہ کہو اگر کچھ کہنا ہے تو اس سے کہو" لوگ یہ بات سنکر اور بھی غصے میں آئے اور بولے" ہم اس دودھ پیتے بچے سے کیسے بات کریں"

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے دودھ پینا چھوڑ دیا اور اپنے بائیں ہاتھ پر ٹیک لگا کر قوم کی طرف مخاطب ہو کر فرمانے لگے: سنو! میں اللہ کا بندہ ہوں، اللہ نے مجھے کتاب دی ہے اور نبی بنایا ہے اور مبارک کیا ہے چاہے میں کہیں بھی ہوں اور اللہ نے مجھے نماز و زکوۃ کی تاکید فرمائی ہے اور مجھے اپنی ماں کے ساتھ نیک سلوک کرنے والا بنایا ہے اور بدبخت نہیں بنایا"

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی اس شہادت سے لوگ حیران اور خاموش ہو گئے۔

(خزائن العرفان پ ۱۶)

۸۔۔۔۔ آپ پر ایمان لانے میں سبقت کرنے والے حبیب نجار ہیں۔ جن کو کافروں نے پتھر مار مار کر شہید کر دیا تھا۔ (ابن کثیر پ ۲۳ ج ۳ و پ ۱۰ ج ۳)

۹۔۔۔۔ وہ حضرت یحیی علیہ السلام ہیں جو آپ سے عمر میں چھ ماہ بڑے تھے۔ حضرت یحیی علیہ السلام کی والدہ، حضرت مریم سے ملیں اور انہیں اپنے حاملہ ہونے پر مطلع کیا تو حضرت مریم نے فرمایا: میں بھی حاملہ ہوں۔ حضرت یحیی کی والدہ نے کہا۔ اے مریم! مجھے معلوم ہوتا ہے کہ میرے پیٹ کا بچہ تمہارے پیٹ کے بچے کو سجدہ کرتا ہے۔

لہذا قبل ولادت آپ پر ایمان لانے والے اور آپ کی تصدیق کرنے والے حضرت یحیی علیہ السلام ہیں۔ (خزائن العرفان پ ۳ ع ۱۴)

۱۰۔۔۔۔ "حواری" وہ مخلص اور ایماندار بندے تھے جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لائے ہوئے دین (دین اسلام) کے مددگار اور راہ حق پر پوری طرح گامزن تھے۔ یہ بارہ شخص تھے ان کے نام اس طرح ہیں۔

(۱) شمعون یعنی بطرس (۲) اندریاس (۳) یعقوب ابن زیدی (۴) یوحنا (۵) فلپس (۶) برتمائی (۷) توما (۸) متی یعقوب ابن حلفی (۹) تدی (۱۰) شمعون (۱۱) قنانی (۱۲) یہودا اسکریوتی۔ (تفسیر نعیمی ج ۳ ص ۵۳)

ایک دوسرے قول کے مطابق ان کے نام یوں ہیں

(۱) فرطوس (۲) یعقوبس (۳) یحنس (۴) اندرا ابلیس (۵) فیلبس (۶) ابن یلمک (۷) منشا (۸) طوماس (۹) یعقوب بن حلقایا (۱۰) نداوسیس (۱۱) قتابیا (۱۲) لیودس۔ (ابن کثیر پ ۶ ج ۲)

بعض کہتے ہیں کہ وہ تیرہ حضرات تھے اور تیرہویں کا نام سرجس تھا اور بعض کہتے ہیں کہ وہ سترہ تھے۔ (ابن کثیر پ ۶ ج ۲)

۱۱۔۔۔۔ اس لئے کہ آپ کی والدہ ماجدہ حضرت مریم رضی اللہ عنہا نے جس گاؤں میں سکونت اختیار کی اس کا نام ناصرہ تھا۔ اسی گاؤں سے آپ نے تبلیغ دین شروع کیں۔ اس گاؤں کی طرف نسبت کرتے ہوئے آپکی جماعت کو نصاریٰ کہا جانے لگا۔

(الکامل فی التاریخ ج ۱ ص ۲۲۴، مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۱۹)

۱۲۔۔۔۔ آپ نے مٹی سے چمگادڑ کی صورت بنائی۔ پھر اس میں پھونک ماری تو وہ اڑنے لگی۔ چمگادڑ کی یہ خصوصیت ہے کہ اڑنے والے جانوروں میں بہت اکمل اور عجیب تر ہے اور قدرت پر دلالت کرنے میں اوروں سے ابلغ۔ کیونکہ وہ بغیر پروں کے اڑتی ہے دانت رکھتی ہے اور ہنستی بھی ہے۔ اس کی مادہ کی چھاتی ہوتی ہے اور وہ بچہ بھی جنتی ہے باوجود یہ کہ اڑنے والے جانوروں میں یہ باتیں نہیں

(خزائن العرفان پ ۳ ع ۳)

ہیں۔

وہ چمگاڈر ایک دن رات تک زندہ رہی۔ (حاشیہ ۲۱ جلالین ص۵۰)

۱۳۔۔۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے چار شخص کو زندہ کیا

(۱) عازر نامی شخص کو جو آپ کا مخلص تھا۔ جب اس کی حالت نازک ہوئی تو اس کی بہن نے آپ کو اطلاع دی مگر وہ آپ سے تین روز کی مسافت کے فاصلے پر تھا۔ جب آپ تین روز میں وہاں پہنچے تو معلوم ہوا کہ اس کے انتقال کو تین روز ہو چکے ہیں، آپ نے اسکی بہن سے فرمایا: ہمیں اس کی قبر پر لے چلو۔ وہ لے گئی آپ نے اللہ سے دعا فرمائی۔ عازر باذن الٰہی زندہ ہو کر قبر سے باہر آیا۔ (۲) ایک بڑھیا کا لڑکا جس کا جنازہ آپ کے سامنے سے جا رہا تھا آپ نے اس کیلئے دعا فرمائی وہ زندہ ہو کر نعش برداروں کے کندھوں سے اتر پڑا اور کپڑے پہن کر گھر آیا۔

(۳) ایک عاشر (چنگی وصول کرنے والے) کی لڑکی، شام کو مری، اللہ تعالیٰ نے آپ کی دعا سے اس کو زندہ فرمایا۔

(۴) سام بن نوح علیہ السلام۔ جنکی وفات کو ہزاروں برس گزر چکے تھے۔ لوگوں نے خواہش کی کہ آپ ان کو زندہ کریں۔ آپ لوگوں کی نشاندہی سے ان کی قبر پر پہنچے۔ اور اللہ تعالیٰ سے دعا کی۔ سام نے سنا کوئی کہنے والا کہتا ہے "جب روح اللہ" یہ سنتے ہی وہ مرعوب اور خوف زدہ اٹھ کھڑے ہوئے اور انہیں گمان ہو کہ قیامت قائم ہو گئی۔ اس ہول سے انکا نصف سر سفید ہو گیا تھا۔

(خزائن العرفان پ ۳ ع ۳)

۱۴۔۔۔ سام بن نوح علیہ السلام کے علاوہ کہ انہوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے عرض کی کہ دوبارہ انہیں سکرات موت کی تکلیف نہ ہو۔ بغیر اس کے واپس کیا جائے۔ چنانچہ اسی وقت ان کا انتقال ہو گیا۔ باقی تین حضرات زندہ ہونے کے بعد عرصۂ دراز تک باحیات رہے۔ شادی بھی ہوئی اور بچے بھی ہوئے۔ (خزائن العرفان پ ۳ ع ۳)

۱۵۔۔۔ اس متعلق مختلف اقوال وارد ہیں

(۱) حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: اس میں سات مچھلیاں اور سات روٹیاں ہوتی (جلالین ص ۱۱۱، ابن کثیر پ ۷ ع ۵)

(۲) اس میں بغیر کانٹے کی تلی ہوئی ایک مچھلی ہوتی تھی اور ہر قسم کی سبزیاں سوائے مولی کے۔ اس کے سر کی طرف سرکہ اور دم کی طرف نمک ہوتا تھا۔ سبزیوں کے اطراف پانچ روٹیاں ہوتی تھیں جن میں سے ایک پر گھی، دوسری پر زیتون، تیسری پر شہد، چوتھی پر پنیر اور پانچویں پر قیمہ شدہ گوشت ہوتا تھا۔

(ابن کثیر پ ۷ ع ۵، حاشیہ ۵ جلالین ص ۱۱۱)

(۳) حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس میں روٹی اور گوشت ہوتا تھا۔ (ابن کثیر پ ۷ ع ۵ جلالین ص ۱۱۱)

(۴) حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی ایک دوسری روایت کے بموجب اس میں روٹی و گوشت کے علاوہ ہر چیز ہوتی تھی۔

(۵) حضرت سعید بن جبیر فرماتے ہیں کہ بکری کے گوشت کے سوا ہر چیز ہوتی تھی (ابن کثیر پ ۷ ع ۵)

روٹیوں سے متعلق حضرت اسحٰق بن عبد اللہ کہتے ہیں کہ وہ جو کی روٹیاں ہوتی تھیں۔ اور حضرت عکرمہ کا قول ہے کہ وہ چاول کی روٹیاں ہوتی تھیں۔

(ابن کثیر پ ۷ ع ۵)

واقعہ:

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں نے یہ عرض کیا کہ اے عیسیٰ علیہ السلام! کیا آپ کا رب یہ کر سکتا ہے کہ وہ آسمان سے ہمارے پاس ایک دسترخوان اتار دے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: اس طرح کی نشانیاں طلب کرنے سے اگر تم لوگ مومن ہو تو خدا سے ڈرو۔ یہ سن کر حواریوں نے کہا کہ ہم نشانی طلب کرنے کے لئے یہ سوال نہیں کر رہے ہیں بلکہ ہمارا مقصد یہ ہے کہ ہم شکم سیر ہو کر خوب کھائیں اور ہم

کو اچھی طرح آپ کی صداقت کا علم ہو جائے تا کہ ہمارے دلوں کو قرار آجائے اور ہم اس بات کے گواہ بن جائیں تا کہ بنی اسرائیل کو ہماری شہادت سے یقین اور اطمینان کلی حاصل ہو جائے۔ مومنین کا یقین اور بڑھ جائے اور کفار ایمان لائیں۔ حواریوں کے یہ عرض کرنے پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے انہیں تیس روزے رکھنے کا حکم دیا اور فرمایا جب تم ان روزوں سے فارغ ہو جاؤ گے تو اللہ تعالیٰ سے جو دعا کرو گے قبول ہوگی۔ انہوں نے روزے رکھ کر دسترخوان اترنے کی دعا کی اس وقت حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے غسل فرمایا، موٹا لباس پہنا، دو رکعت نماز ادا کی، سر جھکایا اور رو کر دسترخوان اتارنے کی دعا کی۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے چند فرشتے ایک دسترخوان لیکر آسمان سے اترے۔ (خزائن العرفان، جمل پ ۷)

۱۶۔۔۔ حضرت وہب اور سلمان الخیر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اس دسترخوان کا رنگ سرخ تھا۔ (ابن کثیر پ ۷ ص ۵)

۱۷۔۔۔ حواریوں کے سردار شمعون نے پوچھا یا روح اللہ! یہ دنیا کا کھانا ہے یا جنت کا۔؟ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: نہ یہ دنیا کا کھانا ہے اور نہ جنت کا۔ بلکہ اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کے علاوہ اپنی قدرت کاملہ سے تیار کرا کر بھیجا ہے۔

(ابن کثیر پ ۷ ص ۵، حاشیہ ۵ جلالین ص ۱۱۱)

۱۸۔۔۔ اس کو روزانہ چار ہزار آدمی کھاتے تھے۔ (ابن کثیر پ ۷ ص ۵)

۱۹۔۔۔ یہ چالیس دنوں تک نازل ہوتا رہا۔ (ابن کثیر پ ۷ ص ۵)

۲۰۔۔۔ ان کی تعداد تین سو تیس تھی۔ وہ لوگ خنزیر بنائے جانے کے بعد صرف تین دنوں تک زندہ رہے۔ بعض نے کہا ہے کہ چار دن تک زندہ رہے اور بعض نے کہا ہے سات دن تک زندہ رہے پھر مر گئے۔ (حاشیہ ۴ جلالین ص ۱۱۱)

واقعہ:

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے جب اللہ سے دسترخوان نازل فرمانے کی دعا کی تھی تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا تھا کہ میں دسترخوان تو اتار دوں گا لیکن اس کے بعد

بنی اسرائیل میں سے جو کفر کرے گا میں اس کو ایسا عذاب دوں گا کہ تمام جہاں والوں میں سے کسی کو ایسا عذاب نہیں دونگا۔ چنانچہ جب دسترخوان نازل ہوا تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل کو حکم دیا کہ خوب شکم سیر ہو کر کھاؤ۔ اور خبردار اس میں کسی قسم کی خیانت نہ کرنا اور کل کے لئے ذخیرہ بنا کر نہ رکھنا۔ مگر بنی اسرائیل نے اس میں خیانت بھی کر ڈالی اور کل کیلئے ذخیرہ بنا کر بھی رکھ لیا۔ اس نافرمانی کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کا ان لوگوں پر یہ عذاب آیا کہ یہ لوگ رات کو سوئے تو اچھے خاصے تھے مگر صبح کو اٹھے تو صورتیں مسخ کر کے خنزیر بنا دیئے گئے۔ پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ان لوگوں کی موت کے لئے دعا مانگی تو یہ لوگ مر کر دنیا سے نیست و نابود ہو گئے اور کسی کو بھی یہ معلوم نہیں ہوا کہ ان کی لاشوں کو زمین نگل گئی یا اللہ نے ان کو کیا کر دیا۔ (خزائن العرفان پ ۷، عجائب القرآن ص ۱۰۴)

۲۱۔۔۔ اس بادشاہ کا نام داؤد تھا۔ (ابن کثیر پ ۶ ص ۴)

۲۲۔۔۔ اس شخص کا نام طیطانوس تھا۔ (حاشیہ ۹ جلالین ص ۹۳)

بروایت دیگر طیطلانوس۔ (جمل ج ۱ ص ۴۴۳)

ایک روایت یہ بھی ہے کہ جب لوگوں نے آپ کے گھر کا محاصرہ کر رکھا تھا تو آپ نے محسوس کیا کہ یہ لوگ یا تو مکان میں گھس کر آپ کو گرفتار کر لیں گے یا پھر خود آپ کو باہر نکلنا پڑے گا۔ اس وقت آپ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: تم میں سے کون اس بات کو پسند کرتا ہے کہ اس پر میری مشابہت ڈال دی جائے اور ان کے ہاتھوں گرفتار ہو تا کہ مجھے خدا مخلصی دے۔ میں اس کے لئے جنت کا ضامن ہوں۔ اس کو سن کر سرجس نامی مومن صادق جو سرفروش تھا انہوں نے خود کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بشارت پر سولی پر چڑھایا جانا منظور کیا۔ (ابن کثیر پ ۶ ص ۴)

۲۳۔۔۔ قدر کی رات کو (تفسیر نعیمی پ ۳ ص ۵۳، جلالین ص ۵۳)

۲۴۔۔۔ اس وقت آپ کی عمر شریف تینتیس (۳۳) سال کی تھی

(خزائن العرفان پ ۱۶، الاتقان ج ۲ ص ۱۰۹)

بروایت دیگر اس وقت آپکی عمر ایک سو بیس سال کی تھی۔ (حاشیہ ۲۱ جلالین ص ۵۸)

۲۵ــــ آپ جامع مسجد دمشق کی مشرقی سمت سفید منارے سے اتریں گے اس وقت فجر کی اقامت ہو چکی ہو گی آپ حضرت امام مہدی کو امامت کے لئے آگے بڑھائیں گے۔ (بہار شریعت حصہ اول ص ۳۳)

۲۶ــــ آپ دجال کو باب اللّٰد میں قتل کریں گے جو بیت المقدس کے قریب ایک بستی ہے۔ (ابن کثیر پ ۳ ع ۱۲)

۲۷ــــ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: حضرت عیسیٰ علیہ السلام دنیا میں تشریف لائیں گے تو نکاح بھی کریں گے اور صاحب اولاد بھی ہوں گے۔ (حاشیہ ۲۲ جلالین ص ۵۳)

۲۸ــــ اس سے متعلق تین روایتیں ہیں۔

(۱) سات سال قیام فرمائیں گے (حدیث مسلم شریف بحوالہ جلالین ص ۵۳)

(۲) چالیس سال قیام فرمائیں گے (حدیث ابی داؤد بحوالہ جلالین ص ۵۳)

(۳) حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول کائنات علیہ افضل الصلوات واکمل التحیات نے فرمایا:

حضرت عیسیٰ علیہ السلام پینتالیس سال دنیا میں قیام فرمائیں گے۔

(حاشیہ ۱۲ جلالین ص ۵۳، مشکوٰۃ ج ۲ ص ۴۸۰)

۲۹ــــ آپ کے وصال کے ایک سو بیس سال بعد صور اولیٰ پھونکا جائیگا۔ لیکن یہ ایک سو بیس سال کا سال مہینہ برابر، مہینہ ہفتہ کے برابر ہفتہ دن کے اور دن گھنٹے کے برابر ہوں گے۔ اس حساب سے یہ مدت صرف بارہ سال کی ہو گی۔

(حاشیہ ۸ جلالین ص ۳۷۲)

حضرت مریم رضی اللہ عنہا سے متعلق سوالات

۱ــــ حضرت مریم رضی اللہ عنہا کے والد اور والدہ کا نام کیا ہے۔؟

۲ــــ حضرت مریم رضی اللہ عنہا کے نانا اور دادا کا نام کیا ہے۔؟

۳ــــ حضرت مریم رضی اللہ عنہا کا سلسلۂ نسب داؤد علیہ السلام تک کتنے واسطوں سے پہنچتا ہے۔؟

۴ــــ حضرت مریم رضی اللہ عنہا نے کس کس عورت کا دودھ پیا۔؟

۵ــــ حضرت مریم رضی اللہ عنہا ایک دن میں کتنا بڑھتی تھیں۔؟

۶ــــ حضرت مریم کس طرح حاملہ ہوئیں۔؟

۷ــــ بوقت حمل حضرت مریم کتنے سال کی تھیں۔؟

۸ــــ حضرت مریم رضی اللہ عنہا کے حاملہ ہونے کی خبر سب سے پہلے کس کو ہوئی۔؟

۹ــــ حضرت مریم رضی اللہ عنہا، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے آسمان پر اٹھالئے جانے کے بعد کتنے سال باحیات رہیں۔؟

۱۰ــــ حضرت مریم رضی اللہ عنہا کی عمر کتنی ہوئی۔؟

حضرت مریم رضی اللہ عنہا سے متعلق جوابات

ا۔۔۔ آپ کے والد ماجد کا نام عمران اور والدہ صاحبہ کا نام حنہ ہے۔

(خزائن العرفان پ ۳ ع ۱۲)

۲۔۔۔ آپ کے دادا محترم کا نام ماثان اور نانا جان کا نام فاقوذا ہے۔ (خزائن العرفان پ ۳ ع ۱۲)

بروایت دیگر آپ کے دادا محترم کا نام یاشم ہے۔ (ابن کثیر پ ۳ ع ۱۲)

۳۔۔۔ حضرت داؤد علیہ السلام تک آپ کا سلسلہ نسب اس طرح ہے۔

مریم بنت عمران بن یاشم بن میشا بن حزقیا بن ابراہیم ابن عزایا بن نادش بن اجر بن بہو ابن نازم بن مقاسط بن ایشا بن لیاز بن رحیم بن سلیمان بن داؤد۔

(ابن کثیر پ ۳ ع ۱۲)

۴۔۔۔ آپ نے کسی بھی عورت کا دودھ نہیں پیا۔ آپ کے لئے جنت سے بے فصل میوے اترتے تھے۔ (خزائن العرفان پ ۳ ع ۱۲)

۵۔۔۔ آپ ایک دن میں اتنا بڑھتی تھیں جتنا اور بچے ایک سال میں۔

(خزائن العرفان پ ۳ ع ۱۲)

۶۔۔۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے آپ کے گریبان میں یا آستین میں یا دامن میں یا منہ میں دم کیا اور آپ بقدرت الٰہی فی الحال حاملہ ہو گئیں۔ (خزائن العرفان پ ۱۶ ع ۵)

۷۔۔۔ اس وقت آپ کی عمر شریف تیرہ سال یا دس سال کی تھی۔ (خزائن العرفان پ ۱۶ ع ۵)

بعض نے پندرہ سال بھی کہا ہے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۷۰)

۸۔۔۔ اس کا علم سب سے پہلے آپ کے چچازاد بھائی یوسف نجار کو ہوا جو بیت المقدس کا خادم تھا۔ اور بہت بڑا عبادت گزار تھا۔ اس کو جب معلوم ہوا کہ مریم حاملہ ہیں تو نہایت حیرت ہوئی جب چاہتا تھا کہ ان پر تہمت لگائے تو ان کی عبادت و تقویٰ اور ہر وقت کا حاضر رہنا کسی وقت غائب نہ ہونا یاد کر کے خاموش ہو جاتا تھا۔ اور جب حمل کا خیال کرتا تو ان کو بری سمجھنا مشکل معلوم ہوتا تھا بالآخر اس نے ایک دن حضرت مریم سے کہا: میرے دل میں ایک بات آئی ہے ہر چند چاہتا ہوں کہ زبان پر نہ لاؤں مگر اب صبر نہیں ہوتا ہے آپ اجازت دیجیے کہ میں کہہ گزروں تاکہ میرے دل کی پریشانی رفع ہو۔! حضرت مریم نے کہا: اچھی بات ہے کہو! اس نے کہا: اے مریم۔! مجھے بتاؤ کیا کھیتی بغیر تخم۔ درخت بغیر بارش اور بچہ بغیر باپ کے ہو سکتا ہے۔

حضرت مریم نے کہا: ہاں! تجھے معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے جو سب سے پہلے کھیتی پیدا کی وہ بغیر تخم ہی کی تھی۔ اور اپنی قدرت سے درخت بغیر بارش کے اگائے۔ کیا تو یہ کہہ سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ پانی کی مدد کے بغیر درخت پیدا کرنے پر قادر نہیں۔! یوسف نے کہا: میں یہ تو نہیں کہتا۔ بیشک میں اس کا قائل ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہر شی پر قادر ہے جسے کن فرمائے وہ ہو جاتی ہے! حضرت مریم نے کہا: کیا تجھے معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم اور ان کی بیوی کو بغیر ماں باپ کے پیدا کیا۔ حضرت مریم کے اس کلام سے یوسف کا شبہ رفع ہو گیا۔ (خزائن العرفان پ ۱۶ ع ۵)

۹۔۔۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو آسمان میں اٹھا لئے جانے کے بعد آپ چھ سال اس دنیا میں رہیں (جلالین ص ۵۴)

اور ایک روایت میں چھیاسٹھ سال ہے۔ (نزہۃ المجالس ج ۲ ص ۳۶)

۱۰۔۔۔ آپ کی عمر شریف اکاون (۵۱) سال ہوئی۔ (تفسیر نعیمی ج ۳ ص ۵۴۷)

اور ایک قول کے بموجب آپ کی عمر ایک سو بارہ سال ہوئی۔

(نزہۃ المجالس ج ۲ ص ۳۶)

حضور اکرم ﷺ سے متعلق سوالات

۱۔ حضور اکرم ﷺ کی ولادت باسعادت، حضرت آدم علیہ السلام کے کتنے سال بعد ہوئی؟

۲۔ حضور اکرم ﷺ کی ولادت باسعادت اور حضرت نوح علیہ السلام کے مابین کتنا زمانی فاصلہ ہے۔؟

۳۔ حضور اکرم ﷺ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے کتنے سال بعد رونق بخش عالم ہوئے؟

۴۔ حضور اکرم ﷺ کی تشریف آوری حضرت موسیٰ علیہ السلام کے کتنے سال بعد ہے؟

۵۔ حضور اکرم ﷺ کی رونق افروزی، حضرت داؤد علیہ السلام کے کتنے سال بعد ہوئی؟

۶۔ حضور اکرم ﷺ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مابین کا زمانہ فترۃ کتنے سال کا ہے؟

۷۔ حضور اکرم ﷺ کا نسب شریف والد اور والدہ کی طرف سے کس کس طرح ہے۔؟

۸۔ حضور اکرم ﷺ کے دادا، دادی، نانا اور نانی کا نام کیا ہے۔؟

۹۔ حضور اکرم ﷺ کا نطفہ زکیہ صدف رحم مادر میں کس ماہ کی کس تاریخ کو قرار پایا۔؟

۱۰۔ حضور اکرم ﷺ کی ولادت باسعادت کس مکان میں ہوئی۔؟

۱۱۔ حضور اکرم ﷺ کی ولادت باسعادت مکہ مکرمہ کے کس محلے میں ہوئی۔؟

۱۲۔ حضور اکرم ﷺ کی ولادت کے وقت انتظام زچہ خانہ کیلئے کون کونسی عورتیں آئی تھیں اور کہاں سے۔؟

۱۳۔ حضور اکرم ﷺ کی ولادت میں کیا کیا خصوصیات ہیں۔؟

۱۴۔ حضور اکرم ﷺ کی دایہ کا نام کیا ہے۔؟

۱۵۔ حضور اکرم ﷺ کو کن کن عورتوں نے دودھ پلایا اور کتنے کتنے دن۔؟

۱۶۔ حضور اکرم ﷺ کو ثوبیہ نے کتنے دن دودھ پلایا۔؟

۱۷۔ حضرت حلیمہ سعدیہ کے بعد حضور ﷺ کی حفاظت وحضانت کے فرائض کس نے انجام دیئے۔؟

۱۸۔ حضور اکرم ﷺ کے رضاعی بھائی بہن کون کون ہیں۔؟

۱۹۔ حضور اکرم ﷺ کے سینہ مبارک کو کتنی بار شق کیا گیا اور کب کب۔؟

۲۰۔ حضور اکرم ﷺ نے سب سے پہلے اپنی زبان وحی ترجمان سے کونسا کلمہ ادا فرمایا۔؟

۲۱۔ وہ حضرات کتنے اور کون کونسے ہیں جو حضور ﷺ کی ولادت یا اظہار نبوت سے قبل آپ پر ایمان لاکر مشرف بہ اسلام ہوئے۔؟

۲۲۔ حضور اکرم ﷺ نے ملک شام کا پہلا سفر کس عمر میں کیا۔؟

۲۳۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا "میں دو ذبیحوں کا بیٹا ہوں" یہ دو ذبیح کے مصداق کون کون ہیں۔؟

۲۴۔ حضور اکرم ﷺ کی مہر نبوت جسم مبارک کے کس حصے میں تھی اور اس مہر کی شکل وصورت کیسی تھی۔؟

۲۵۔ حضور اکرم ﷺ کی مہر نبوت پر کیا لکھا ہوا تھا۔؟

۲۶۔ حضور اکرم ﷺ کے وصال حق کے بعد مہر نبوت باقی رہی تھی یا نہیں۔؟

۲۷۔ حضور اکرم ﷺ کو کتنے معجزے عطا ہوئے۔؟

۲۸۔ حضور اکرم ﷺ نے کس کی خواہش پر چاند کے دو ٹکڑے فرمائے تھے۔؟

۲۹۔ حضور اکرم ﷺ نے شق قمر کا معجزہ کس جگہ ظاہر فرمایا تھا اور چاند کے دو ٹکڑے کس کس جگہ گرے تھے۔؟

۳۰۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کو کتنی بار معراج ہوئی۔ ان میں سے روحانی کتنی تھی اور جسمانی کتنی۔؟

۳۱۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کی معراج جسمانی کی سیر کی مدت کتنی ہے۔؟

۳۲۔۔۔۔ شب معراج میں حضور اکرم ﷺ نے بیت المقدس میں تمام انبیاء کرام کو جو نماز پڑھائی اس نماز کی اذان و اقامت کس نے کہی تھی اور اس نماز میں حضور ﷺ نے کون کونسی سورۃ تلاوت فرمائی۔؟

۳۳۔۔۔۔ شب معراج کو بیت المقدس میں پڑھی گئی اس نماز میں انبیاء و مرسلین کی کتنی صفیں تھیں اور کس ترتیب سے۔؟

۳۴۔۔۔۔ شب معراج میں اللہ تبارک و تعالیٰ نے حضور اکرم ﷺ کو کتنی چیزیں عطا فرمائیں؟

۳۵۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ نے کتنی بار تمام انبیاء و مرسلین کی امامت فرمائی اور کہاں کہاں۔؟

۳۶۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کتنی بار دیدار الٰہی سے مشرف و ممتاز ہوئے۔؟

۳۷۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ نے جبرائیل امین کو ان کی اصلی صورت میں کتنی بار دیکھا اور کب کب۔؟

۳۸۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کی ظاہری حیات طیبہ کا وہ کونسا زمانہ ہے جو آپ کی عمر شریف میں شامل نہیں۔؟

۳۹۔۔۔۔ ہجرت کی رات حضور اکرم ﷺ کے مکان کا جن کفار و مشرکین نے محاصرہ کر رکھا تھا ان کی تعداد کتنی تھی۔؟

۴۰۔۔۔۔ غار حراء کا طول و عرض کتنا تھا اور یہ غار مکہ مکرمہ سے کتنی مسافت پر واقع ہے۔؟

۴۱۔۔۔۔ غار ثور کا وہ سانپ جس نے ہجرت کے موقعہ پر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے انگوٹھے کو ڈسا تھا وہ سانپ کتنے سالوں سے وہاں منتظر تھا۔؟

۴۲۔۔۔۔ غار ثور میں کتنے سوراخ تھے کہ جن کو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے کپڑے سے بند کر دیا تھا۔؟

۴۳۔۔۔۔ غار ثور میں حضور اکرم ﷺ کتنی مدت اقامت پذیر رہے۔؟

۴۴۔۔۔۔ غار ثور میں قیام کے دوران حضور اکرم ﷺ کیا تناول فرمایا کرتے تھے۔؟

۴۵۔۔۔۔ ہجرت کے سفر میں حضور اکرم ﷺ کے ہمراہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے علاوہ اور کون کون تھے۔؟

۴۶۔۔۔۔ ہجرت کے سفر میں حضور اکرم ﷺ جس اونٹنی پر سوار تھے اسکا نام کیا تھا اور اس کو کتنے میں خرید فرمایا تھا۔؟

۴۷۔۔۔۔ ہجرت کیلئے حضور اکرم ﷺ کس ماہ کی کس تاریخ کو مکہ سے روانہ ہوئے تھے اور کس تاریخ کو مدینہ میں رونق افروز ہوئے۔؟

۴۸۔۔۔۔ مدینہ منورہ کے جس مکان میں حضور اکرم ﷺ نے نزول اجلال فرمایا تھا اس مکان کو کس نے بنوایا تھا۔؟

۴۹۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا "میرے چار وزیر ہیں" یہ چار حضرات کون ہیں؟

۵۰۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ نے کتنے حج اور کتنے عمرہ کیے۔؟

۵۱۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کی داڑھی مبارک کے کتنے بال سفید تھے۔؟

۵۲۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کی گود میں کتنے بچوں نے پیشاب کیا۔؟

۵۳۔۔۔۔ غزوۂ خیبر کے موقعہ پر حضور اکرم ﷺ کو زہر آلودہ گوشت کس عورت نے دیا تھا؟

۵۴۔۔۔۔ اس یہودی کا کیا نام ہے جس نے حضور اکرم ﷺ پر جادو کیا تھا۔ یہ واقعہ کس سن میں پیش آیا اور آپ پر جادو کا اثر کتنے دنوں تک رہا۔؟

۵۵۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ نے حجۃ الوداع اور صلح حدیبیہ کے موقعہ پر کتنے کتنے اونٹ ذبح فرمائے تھے۔؟

۵۶____ حضور اکرم ﷺ کتنی مقدار پانی سے وضو اور غسل فرمایا کرتے تھے۔؟

۵۷____ حضور اکرم ﷺ کو نماز میں کل کتنی بار سہو ہوا۔؟

۵۸____ حضور اکرم ﷺ کی امامت میں پڑھی جانے والی آخری نماز کونسی تھی اور اس نماز میں آپ نے کونسی سورۃ تلاوت فرمائی۔؟

۵۹____ حضور اکرم ﷺ کی علالت کی مدت کتنی رہی۔؟

۶۰____ حضور اکرم ﷺ نے دوران علالت کتنے غلاموں کو آزاد فرمایا۔؟

۶۱____ حضور اکرم ﷺ کی روح پر فتوح قبض کرنے کیلئے ملک الموت اپنے ہمراہ کتنے فرشتے لائے تھے۔؟

۶۲____ حضور اکرم ﷺ نے آخری تین سانسوں میں کیا کیا فرمایا تھا۔؟

۶۳____ حضور اکرم ﷺ کو کن کن حضرات نے غسل دیا۔؟

۶۴____ حضور اکرم ﷺ کو کس کنویں کے پانی سے غسل دیا گیا اور کتنی مقدار پانی سے۔؟

۶۵____ حضور اکرم ﷺ کو کس طرح کے اور کتنے کپڑوں کا کفن دیا گیا۔؟

۶۶____ حضور اکرم ﷺ کی نماز جنازہ کس طرح پڑھی گئی۔؟

۶۷____ حضور اکرم ﷺ پر کتنی نمازیں پڑھی گئیں۔؟

۶۸____ حضور اکرم ﷺ کی نماز جنازہ سب سے پہلے کن لوگوں نے پڑھی۔؟

۶۹____ حضور اکرم ﷺ کی نماز جنازہ میں پڑھی جانے والی دعا کونسی تھی۔؟

۷۰____ حضور اکرم ﷺ کی تدفین کے سلسلے میں صحابہ کرام کے مابین کیا رائے مشورے ہوئے اور کس کی رائے پر عمل کیا گیا۔؟

۷۱____ حضور اکرم ﷺ کی قبر مبارک کس نے کھودی اور کس طریقہ پر کھودی۔؟

۷۲____ حضور اکرم ﷺ نے کس روز وصال حق فرمایا اور کس دن کس وقت آپ کی تدفین عمل میں آئی۔؟

۷۳____ حضور اکرم ﷺ کو قبر کی کس جانب سے قبر میں اتارا گیا۔؟

۷۴____ حضور اکرم ﷺ کی قبر مبارک میں کون کون حضرات اترے تھے۔؟

۷۵____ حضور اکرم ﷺ کو جب قبر مبارک میں اتارا گیا تو آپ اپنے لبہائے مبارک کو جنبش فرما رہے تھے تو کس صحابی نے کان لگا کر سنا اور آپ کیا فرما رہے تھے۔؟

۷۶____ وہ آخری صحابی کون تھے جنہوں نے حضور ﷺ کا روئے انور قبر اطہر میں دیکھا تھا۔؟

۷۷____ قبر انور میں حضور اکرم ﷺ کے نیچے کیا بچھایا گیا اور کس نے بچھایا۔؟

۷۸____ حضور اکرم ﷺ کی قبر انور کو کن چیزوں سے بنایا گیا۔؟

۷۹____ حضور اکرم ﷺ کی قبر مبارک زمین سے کتنی اونچی کی گئی۔؟

۸۰____ حضور اکرم ﷺ کی قبر مبارک پر کتنا پانی چھڑکا گیا اور کس نے چھڑکا۔؟

۸۱____ حضور اکرم ﷺ نے ترکہ میں کیا کیا چیزیں چھوڑیں۔؟

حضور نبی کریم ﷺ سے متعلق عجائبات

۱۔۔۔ آپ ﷺ کی ولادت باسعادت، حضرت آدم علیہ السلام سے چھ ہزار سات سو پچاس (۶۷۵۰) سال بعد ہے۔ (تفسیر نعیمی ج ۳ ص ۱۲۳ و مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۲)

۲۔۔۔ آپ ﷺ کی ولادت شریف اور حضرت نوح علیہ السلام کے مابین چار ہزار چار سو نوے (۴۴۹۰) سال کا فاصلہ ہے۔ (مدارج النبوۃ ص ۲۰ رکن دوم)

۳۔۔۔ حضرت ابراہیم خلیل الرحمٰن علیہ السلام کے تین ہزار ستر (۳۰۷۰) سال بعد خواجہ کائنات علیہ الصلوات والتسلیمات رونق بخش عالم ہوئے۔ (مدارج ۳۲ رکن دوم)

۴۔۔۔ زمانہ موسیٰ علیہ السلام کے دو ہزار تین سو (۲۳۰۰) سال مکمل ہونے کے بعد رسول کریم رؤف رحیم علیہ الصلوۃ والتسلیم رونق افزائے دار دنیا ہوئے۔ (حوالہ بالا)

۵۔۔۔ حضرت داؤد علیہ السلام کے ایک ہزار آٹھ سو (۱۸۰۰) سال بعد حضور سید السادات علیہ افضل الصلوات واکمل التحیات نے عالم کو اپنی تشریف آوری سے مشرف فرمایا۔ (مدارج النبوۃ ص ۳۲ رکن دوم)

۶۔۔۔ اس سلسلے میں ائمہ تفسیر و مورخان پاکیزہ تحریر کے کئی اقوال ہیں۔

(۱) حضور سید عالم و عالمیان علیہ التحیہ والثناء اور حضرت عیسیٰ روح اللہ علیہ السلام کے درمیان زمانہ فترۃ پانچ سو پچاس برس کا ہے۔ (خزائن العرفان پ ۶ ص ۸۲)

(۲) تفسیر جلالین میں اس کی مدت پانچ سو انہتر (۵۶۹) سال ہے (جلالین ۹۷)

(۳) حضرت قتادہ کہتے ہیں پانچ سو ساٹھ سال (۴) ابو عثمان الہندی کے مطابق چھ سو سال۔ (حاشیہ ۱۳ جلالین ص ۹۷)

(۵) پانچ سو چالیس۔ (۶) چار سو سے کچھ اوپر تیس۔ (۷) اور چھ سو بیس سال کے اقوال بھی ہیں۔ (ابن کثیر پ ۶ ص ۴۶)

۷۔۔۔ نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم کے نسب شریف کو مواہب لدنیہ میں اس طرح بیان کیا گیا ہے۔

محمد ﷺ بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان۔

یہاں تک سلسلہ نسب میں ارباب سیر واصحاب خبر اور علمائے علم انساب سب کا اتفاق ہے۔ اور اس سے اوپر صحیح معلوم نہیں کیونکہ عدنان سے حضرت اسماعیل تا حضرت آدم علیہما السلام بہت اختلاف ہے۔ چنانچہ کسی نے عدنان سے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام تک تیس ایسی پشتوں کا ذکر کیا ہے جنکا کچھ اتہ پتہ نہیں۔ اور کسی نے اس سے کم، کسی نے اس سے زیادہ پشتوں کا ذکر کیا ہے۔ چونکہ ہمیں اس پر اعتماد نہیں اور علماء کے اقوال کے بھی مخالف ہے اسلئے ہم نے ان کا ذکر نہیں کیا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷)

اور والدہ محترمہ کی طرف سے سلسلۂ نسب اس طرح ہے۔

آمنہ رضی اللہ عنہا بنت وہب بن عبد مناف بن زہرہ ابن کلاب بن مرہ۔ کلاب میں جاکر دونوں سلسلہ ملاقی ہو جاتے ہیں۔ (مدارج النبوۃ ص ۱۵ رکن اول)

۸۔۔۔ آپ ﷺ کے دادا محترم کا نام عبدالمطلب، دادی صاحبہ کا نام فاطمہ بنت عمرو، نانا جان کا نام وہب بن عبد مناف اور نانی محترمہ کا نام نامی برہ (بنت عبدالعزیٰ) ہے۔ (مدارج ج ۱ ص ۱۵۳، ۱۵۷)

۹۔۔۔ نطفہ زکیہ مصطفوی وابداع ذرۂ محمدیہ کا صدف رحم آمنہ رضی اللہ عنہا میں کب استقرار ہوا اس سے متعلق تین قول ہیں۔

(۱) ایام حج کی درمیانی تشریق کے دنوں شب جمعہ کو ہوا تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۰)

(۲) شب جمعہ عرفہ کو (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۵۶ رکن اول)

(۳) بارھویں ذی الحجہ کو منیٰ شریف میں ہوا کہ حضرت عبداللہ جمار کی رمی کر کے آئے اور مقاربت کی۔ (تفسیر نعیمی ج ۳ ص ۳۸۹)

حکیم الامت مفتی احمد یار خان صاحب علیہ الرحمہ تفسیر نعیمی میں اسی جگہ فرماتے ہیں: یہ اصل میں رجب کا مہینہ تھا جسے کفار مکہ نے اسی سال ذی الحج قرار دے کر حج کیا تھا۔

۱۰ــــ اس مکان میں جو مکہ معظمہ میں دار محمد بن یوسف کے نام سے مشہور ہے۔

(الکامل فی التاریخ ج۱ ص۱۸۵، مدارج ج۲ ص۲۰)

۱۱ــــ اس محلے میں جس کو زقاق المولد کہتے ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۲۰ مترجم)

۱۲ــــ حضرت آمنہ سے روایت ہے کہ جب آپ تولد ہوئے تو چار عورتیں کہ مکہ کی عورتوں سے مشابہت نہ رکھتی تھی آسمان سے اتریں۔ میں ان کو دیکھ کر ڈری۔ کہا: خوف نہ کرو! ہم چاروں حوا، سارا، ہاجرہ اور آسیہ ہیں (رضی اللہ عنہن) حوا کے پاس سونے کا طبق۔ سارا کے پاس ابریق نقرہ آب کوثر سے بھرا ہوا، ہاجرہ کے پاس عطر بہشتی اور آسیہ کے پاس مندیل سبز۔ پھر انہوں نے حضرت کو اس طشت زریں میں آب کوثر سے نہلایا اور مندیل سبز سر مبارک پر باندھ کر عطر بہشت اس میں مل دیا اور آپ کو آمنہ کی گود میں لٹا دیا۔ (تفسیر الم نشرح ص۱۰)

۱۳ــــ آپ ﷺ شکم مادر سے ختنہ شدہ، غیر آلودہ، پاک اور ناف بریدہ تولد ہوئے۔

(مدارج ج۱ ص۲۲۲)

۱۴ــــ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف ﷺ کی والدہ محترمہ ہیں جن کا نام شفا ہے۔

(مدارج ج۲ ص۲۸)

۱۵ــــ اس سلسلے میں دو قول ہیں۔

(۱) ابتدائے ولادت سے سات ایام تک ثوبیہ نے دودھ پلایا جو ابولہب کی آزاد کردہ باندی تھی۔ اس کے بعد حلیمہ سعدیہ کا قافلہ آیا اور آپ ﷺ ان کے سپرد کر دیئے گئے۔ (الکامل فی التاریخ ج۱ ص۱۸۶)

(۲) سات روز تک آپ ﷺ نے آمنہ رضی اللہ عنہا کا دودھ نوش فرمایا اور چند دن ثوبیہ کا دودھ پیا اس کے بعد حلیمہ سعدیہ نے دودھ پلانے کی سعادت

حاصل کی۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۳۰)

۱۶ــــ ایک روایت میں سات روز ہے۔ (الکامل فی التاریخ ج۱ ص۱۸۶)

اور ایک روایت میں ستائیس روز۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۲۰ مترجم)

۱۷ــــ حلیمہ سعدیہ کے بعد ام ایمن نے آپ کی حفاظت و حضانت کے فرائض انجام دیئے۔ یہ ام ایمن رضی اللہ عنہا، حضرت عبداللہ بن عبدالمطلب کی باندی تھیں اور وہ حضور اکرم ﷺ کو حضرت عبداللہ کی میراث میں حاصل ہوئی تھیں۔ مواہب لدنیہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ام ایمن کا حضانت کے فرائض انجام دینا سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا کی رحلت کے بعد تھا۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۳۰)

۱۸ــــ حضرت سلطان رسالت علیہ افضل الصلوۃ والتحیۃ کے رضائی یعنی دودھ شریک بھائیوں میں سے ایک تو آپ کے چچا حضرت حمزہ ﷺ ہیں۔ دوسرے ابو سلمہ ﷺ بن عبدالاسد شوہر ام سلمہ رضی اللہ عنہا ان کی والدہ برہ بنت عبدالمطلب جو آپ ﷺ کی پھوپھی ہیں انکو اور حضور ﷺ کو ثوبیہ نے اپنے بیٹے مسروح بن ثوبیہ کا دودھ چار برس کے فرق میں پلایا۔ پہلے حضرت حمزہ کو ان کے بعد آپ کو آپ کے بعد ابو سلمہ عبداللہ بن عبدالاسد کو۔ تیسرے ابوسفیان بن الحارث ﷺ جو کہ آپ ﷺ کے چچا حارث کے بیٹے ہیں ان کو اور آپ کو سیدہ دائیہ حلیمہ سعدیہ نے دودھ پلایا۔ ان کے علاوہ حلیمہ سعدیہ کی اولاد بھی آپ ﷺ کے رضائی بھائی بہن ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۸۳۸)

۱۹ــــ شق صدر کا وقوع چار مرتبہ ہوا۔

(۱) جبکہ آپ ﷺ حلیمہ سعدیہ کے گھر تھے۔ اس مرتبہ کے شق صدر میں یہ نکتہ تھا کہ کھیل کی رغبت جو لڑکوں کے دل میں ہوتی ہے آپ کے دل سے دور ہو جائے اور بزرگوں کی طرح تمکین و وقار حاصل ہو۔ (۲)

دس برس کی عمر شریف میں سینہ مبارک کو فرشتوں نے چاک کیا اور شفقت و مہربانی سے بھر دیا تاکہ غضب و غصہ کہ اس امر کا مقتضی ہے فرو ہو

اور مہر و محبت کی کہ گناہ گاران امت کو اس کی حاجت ہوتی ہے عادت ہو جائے۔

(۳) بعثت کے قریب دل مقدس کو چاک کیا کہ بار وحی کا تحمل اور کلام الٰہی کے سمجھنے کی قوت حاصل ہو۔

(۴) معراج کی رات یہ معاملہ واقع ہوا کہ دل مبارک میں انوار و تجلیات اور علوم و معارف کی استعداد اور قابلیت پیدا ہو اور اس کا حوصلہ بقدر ان ترقیات و کمالات کے کہ اس رات عنایت ہوں گے وسیع اور فراخ ہو جائے۔

(تفسیر الم نشرح ص ۱۰/۱۰۹، مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۲۲۲)

۲۰ــــ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

اول کلمہ جو رسول اللہ ﷺ کی زبان فیض ترجمان سے نکلا یہ تھا اللہ اکبر کبیرا والحمد للہ کثیرا فسبحان اللہ بکرۃ و اصیلا۔ (تفسیر الم نشرح ص ۲۵)

حضرت سیدہ حلیمہ سعدیہ فرماتی ہیں:

سب سے پہلی بات جو میں نے نبی آخر الزمان سید الانس والجان علیہ التحیۃ والثناء سے سنی رات کے دوران تھی پوری فصاحت سے یہ کلمہ متبرک زبان مبارک سے ادا فرمایا لا الہ الا اللہ قدوساً قدوساً نامت العیون والرحمن لا تاخذہ سنۃ ولا نوم۔ دوسری روایت میں یوں وارد ہے لا الہ الا اللہ واللہ اکبر والحمد للہ رب العلمین . (مدارج النبوۃ ص ۷، حصہ دوم)

۲۱ــــ ایسے خوش نصیب افراد کی جو تعداد ہمیں دستیاب ہوئی وہ مذکور بذیل ہے

(۱) تبع حمیری شاہ یمن (اسعد ابو کریب یمانی)

(۲) حبیب ابن نجار

(۳) زید بن عمرو موحد الجاہلیہ۔

یہ وہ حضرات ہیں جو قبل از ولادت صرف آپ ﷺ کے اوصاف سنکر ایمان لائے۔

(تفسیر الم نشرح ص ۹۰)

(۴) ورقہ بن نوفل۔ (حاشیہ ۱۲ جلالین ص ۳۰۹)

(۵) بحیرہ راہب۔

یہ دو وہ حضرات ہیں جو حضور اکرم ﷺ پر آپ کے اظہار نبوت سے پہلے ایمان لائے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۱)

۲۲ــــ بارہ سال کی عمر میں (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۰)

ایک دوسری روایت میں بارہ سال دو ماہ دس دن ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۵۸)

۲۳ــــ دو ذبیح سے مراد ایک تو حضرت اسماعیل علیہ الصلوۃ والسلام ہیں جن کی اولاد میں سے آپ ﷺ ہیں اور دوسرے ذبیح آپ کے والد ماجد حضرت عبداللہ بن عبدالمطلب ہیں۔ ان کا ذبیح نام کے ساتھ موسوم ہونے کا واقعہ اصحاب احادیث و خبر و ارباب تواریخ و سیر یوں بیان کرتے ہیں۔

قوم جرہم جب مکہ سے بھاگ کھڑی ہوئی اور یمن کی جانب چلی گئی تو بھاگتے وقت ابن عمرو بن حارث نے جو قوم کا حاکم تھا حجر اسود کو رکن کعبہ سے اکھاڑ کر اور دو سونے کے ہرن کی مورتیوں کو جو زر و جواہر سے مرصع تھی اور چند ہتھیار جو کعبہ میں تھے سب کو چاہ زمزم میں چھپا کر اسے پاٹ دیا اور جگہ کو زمین کے برابر کر دیا۔ رفتہ رفتہ اسکا مقام اور جگہ بھی کسی کو معلوم نہ رہی چاہ زمزم کا صرف تذکرہ ہی تذکرہ لوگوں کی زبان پر رہ گیا تھا اور چاہ زمزم اسی دن سے گم اور بے نشان رہا۔ ارادہ الٰہی جب چاہ زمزم کے اظہار سے متعلق ہوا تو حق تقدس و تعالیٰ نے حضرت عبدالمطلب کو خواب میں چاہ زمزم کا مقام دکھا کر حکم دیا کہ اسے ظاہر کرو۔ حضرت عبدالمطلب نے حکم الٰہی کی بجا آوری کے ارادے سے جب چاہ زمزم کو کھودنا چاہا تو قوم قریش مانع آئی اور لڑنے کو تیار ہو گئی کیونکہ چاہ زمزم کی جگہ پر دو بت نصب تھے جن کا نام اساف اور نائلہ تھا اور قریش نہیں چاہتے تھے کہ بتوں کے بیچ کنواں کھودا جائے۔ یہ صرف دو ہی باپ بیٹے تھے عبدالمطلب اور ان کا ایک فرزند حارث۔ اور کوئی مددگار و معاون انکا نہ تھا تاہم یہ غالب ہوئے اور کنواں کھودنے کے کام میں مشغول ہو گئے اسی وقت

عبد المطلب نے اپنی تنہائی کو محسوس کیا اور منت مانی کہ اگر خدائے تعالیٰ مجھ کو دس فرزند عطا کرے اور چشمہ بھی نکل آئے تو میں اپنے بیٹوں میں سے ایک کی حق تعالیٰ کے حضور قربانی دونگا۔

چنانچہ چند روز کی محنت کے بعد چشمہ بھی نکل آیا اور پھر خدائے تعالیٰ نے عبد المطلب کو دس فرزند بھی عطا کیے۔ چاہ زمزم کے نکل آنے سے قریش میں عبد المطلب کی عزت و منزلت دوبالا ہو گئی۔ سب انکی بزرگی اور سرداری کے قائل ہو گئے۔ جب عبد المطلب کے سبھی بیٹے حد بلوغ کو پہنچ گئے تو انہوں نے اپنی مانی ہوئی منت پوری کرنی چاہی اور اپنے تمام فرزندوں کو جمع کر کے سارا حال بیان کیا۔ تمام فرزندوں نے بیک زبان کہا آپ کو اختیار ہے اگر آپ ہم سب کی قربانی دینے پر راضی ہیں تو ہم سب تیار ہیں۔ حضرت عبد المطلب کو اپنے فرزندوں کی یہ اطاعت و سعادتمندی بہت بھلی معلوم ہوئی اور فرمایا قرعہ ڈالو۔ جب قرعہ ڈالا گیا تو اتفاق کی بات قرعہ کا تیر سب سے چھوٹے بیٹے حضرت عبد اللہ کے نام نکلا۔ حضرت عبد اللہ اپنے والد کے نزدیک بہت محبوب اور پیارے تھے کیونکہ انکی پیشانی پر نور محمدی ﷺ تاباں و درخشاں تھا اور وہ صاحب حسن و جمال، بڑے بہادر پہلوان اور تیر انداز تھے اس کے باوجود حضرت عبد المطلب، حضرت عبد اللہ کو ہمراہ لیکر قربان گاہ کی طرف چلے۔ حضرت عبد اللہ کے تمام بھائیوں، بہنوں، رشتہ داروں اور قریش کے سرداروں نے حضرت عبد المطلب کو ذبح عبد اللہ سے باز رکھنا چاہا مگر عبد المطلب نہ مانے بالآخر بڑی ردّ و کد کے بعد یہ معاملہ لیکر سجاع نامی کاہنہ کی طرف رجوع کیا گیا جو حجاز میں تمام کاہنوں سے زیادہ دانا اور عقلمند تھی۔ تمام ماجرا سننے کے بعد اس کاہنہ عورت نے کہا: تمہارے یہاں ایک آدمی کا خون بہا دس اونٹ ہیں پس تم ایک طرف دس اونٹ اور ایک طرف عبد اللہ کو رکھو اور قرعہ ڈالو اگر قرعہ اونٹوں کے نام نکل آئے تو اونٹوں کی قربانی دیدو اور اگر قرعہ عبد اللہ کے نام پر آئے تو دس

اونٹ اور بڑھا کر بیس اونٹ عبد اللہ کے مقابل رکھو اور پھر قرعہ ڈالو۔ اسی طرح ہر مرتبہ دس دس اونٹ بڑھاتے جاؤ یہاں تک کہ قرعہ اونٹوں کے نام پر نکل آئے۔

چنانچہ ایسا ہی کیا گیا اور قرعہ عبد اللہ ہی کے نام نکلتا رہا یہاں تک جب اونٹوں کی تعداد سو ہو گئی تو اونٹوں کے نام پر قرعہ نکلا۔ عبد المطلب نے اپنی تسکین خاطر کیلئے دو مرتبہ پھر قرعہ ڈالا اور اب ہر مرتبہ اونٹوں ہی کے نام قرعہ نکلا۔ حضرت عبد المطلب نے شکر الٰہی ادا کیا اور حضرت عبد اللہ نے ذبح سے خلاصی پائی۔ اس کے بعد سو اونٹوں کو ذبح کر کے خاص و عام اور وحوش و طیور کو کھلایا گیا۔ پھر عرب میں ایک شخص کی دیت سو اونٹ مقرر ہو گئی حالانکہ اس سے پہلے دس اونٹ مقرر تھی۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص ۷۵تا۷۶، تواریخ حبیب اللہ ص ۹)

۴۴۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے دونوں شانوں کے درمیان مہر نبوت تھی۔ مہر نبوت ایک ایسی ابھری ہوئی چیز تھی جو ہمرنگ بدن، مشابہ جسد اطہر اور صاف نورانی تھی۔ راویوں نے مہر نبوت کی صورت و شکل کا بھی ذکر کیا ہے اور سمجھانے کیلئے تشبیہ استعمال کی ہے۔

چنانچہ کسی نے اسے بیضۂ کبوتر سے اور کسی نے سرخ غدود (گوشت کی سخت گرہ) سے جو عام طور پر جسم پر ہوتا ہے تشبیہ دی ہے۔ مراد یہ ہے کہ غدود کے مشابہ اور سرخ سے مطلب مائل بہ سرخی ہے۔ لہٰذا یہ اس روایت کے منافی نہیں جس میں کہا گیا ہے کہ مہر نبوت کا رنگ جسم اطہر کے رنگ کے ہم رنگ تھا بلکہ اس سے اس قول کا رد کرنا مقصود تھا جس میں ہے کہ اس کا رنگ سیاہ یا سبز تھا۔

ایک اور روایت میں ہے کہ مہر نبوت زر حجلہ کی مانند تھی۔ زر بمعنی تکمہ (گھنڈی) جو پیرہن کے گریبان میں ہوتا ہے اور حجلہ بمعنی وہ گوشہ جہاں دلہن کو بٹھایا جاتا ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ حجلہ ایک مشہور پرندہ اور زر اسکا انڈا ہے یہ اس حدیث کے موافق ہے جس میں کہا گیا ہے کہ مہر نبوت کبوتر کے بیضے کی مانند تھی۔ اور ترمذی کی ایک اور حدیث میں ہے کہ مہر نبوت گوشت کا ایک ٹکڑا تھا

ایک اور حدیث میں مشت کی مانند آیا ہے جس میں ثآلیل کی مانند حل تھے ثآلیل ان دانوں کو کہتے ہیں جو جلد کے نیچے چنے کے دانے کی مانند نکل آتے ہیں۔

یہ سب کچھ مہر نبوت کی ظاہری شکل و صورت کے بارے میں تھا لیکن اسکے پیچھے خدا کا عظیم اذکار فرما ہے جو حضور ﷺ کے ساتھ مخصوص ہے جو کسی اور نبی کو حاصل نہ ہوا۔ (مدارج النبوۃ ج۱ ص ۳۰۷)

۲۵۔۔۔۔ شیخ ابن حجر مکی علیہ الرحمہ شرح مشکوۃ میں فرماتے ہیں:

آپ کی مہر نبوت میں لکھا ہوا تھا اَللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ تَوَجَّہْ حَیْثُ کُنْتَ فَاِنَّکَ مَنْصُوْرٌ۔ (مدارج النبوۃ ج۱ ص ۳۰)

حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کے مطابق مہر نبوت پر لا الہ الا اللہ کے الفاظ لکھے ہوئے تھے۔ اور ایک اور روایت کے بموجب محمد رسول اللہ کے الفاظ تھے۔ (شواہد النبوۃ ص ۲۵۱)

۲۶۔۔۔۔ بعض روایتوں میں آیا ہے کہ آپ ﷺ کے وصال حق کے بعد وہ مہر نبوت روپوش ہو گئی تھی اور اسی علامت سے معلوم ہوا کہ آپ نے پردہ فرمایا ہے کیونکہ لوگوں میں شبہ اور اختلاف واقع ہو گیا تھا۔ یا اس لئے کہ یہ دلیل نبوت تھی اب اس کے اثبات کی حاجت نہ رہی یا یہ کہ اللہ تعالیٰ کا کوئی خاص بھید ہو جسے وہی خوب جانتا ہے۔ لیکن یہ غلط ہے کہ بعد از وصال، نبوت باقی نہ رہی کیونکہ نبوت در سالت موت کے بعد بھی برقرار رہتی ہے۔ (مدارج النبوۃ ج۱ ص ۳۰)

۲۷۔۔۔۔ اور پیغمبروں کو ایک ایک یا دو دو معجزے ملے۔ سب سے زیادہ حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام کو عطا ہوئے یعنی نو۔ لیکن ہمارے حضور ﷺ کے چھ ہزار معجزے تو روایتوں میں آتے ہیں اور حق یہ ہے کہ خود حضور ﷺ از سر مبارک تا قدم محترم معجزہ ہیں یعنی آپ کا ہر عضو شریف معجزہ بلکہ ہر وصف ہر حال میں معجزہ ہے (تفسیر نعیمی ج۱ ص ۲۳)

۲۸۔۔۔۔ حبیب ابن مالک والی یمن کی خواہش پر۔ (شان حبیب الرحمن ۱۸۸)

بروایت دیگر ولید بن مغیرہ، ابو جہل، عاص بن وائل، عاص بن ہشام، اسود بن یغوث، اسود بن مطلب، زمعہ بن اسود، نضر بن حارث اور ایسے ہی دیگر افراد کی خواہش پر۔ (دلائل النبوۃ اردو ۲۳۴)

۲۹۔۔۔۔ آپ ﷺ نے یہ معجزہ کوہ صفا پر ظاہر فرمایا تھا۔ چاند کا ایک ٹکڑا کوہ ابو قبیس پر اور دوسرا کوہ قعیقعان پر گرا تھا۔ (شان حبیب الرحمن ص ۱۸۸، دلائل النبوۃ اردو ص ۲۳۴)

۳۰۔۔۔۔ بعض عارفین فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی اسرات اور معارج بہت تھیں۔ اور بعض نے چونتیس ۳۴ کہا ہے۔ جن میں سے ایک تو بچشم سر بیداری سے تھی باقی خواب میں روحانی۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص ۲۸۸، شان حبیب الرحمن، ص ۱۸۷)

۳۱۔۔۔۔ معراج کی مدت بعض نے چار ساعات، بعض نے تین ساعات اور بعض نے اس سے بھی کم کہا ہے۔ (حاشیہ ۲۱ جلالین ص ۲۲۸، مدارج النبوۃ ج۲ ص ۱۵۰)

۳۲۔۔۔۔ اس نماز کی اذان و اقامت جبرائیل علیہ السلام نے کہی تھی۔ (تفسیر نعیمی ۲-۵)

اور آپ ﷺ نے اس نماز کی پہلی رکعت میں سورۃ کافرون اور دوسری رکعت میں سورۃ اخلاص تلاوت فرمائی تھی۔ (نزہۃ المجالس ج۲، ص ۹۷، روح المعانی ج۱۵ ص ۱۲)

۳۳۔۔۔۔ اس نماز میں انبیاء و مرسلین کی سات صفیں تھیں۔ تین میں مرسلین اور چار میں انبیاء کرام علیہم السلام، حضور ﷺ کی پشت مبارک کے بالمقابل حضرت ابراہیم علیہ السلام ان کے دائیں اسمٰعیل اور بائیں اسحٰق علیہما السلام تھے۔

(حاشیہ ۷ جلالین ص ۲۰۸، روح البیان ج۵، ص ۱۱۲، روح المعانی ج۵، ص ۱۲)

۳۴۔۔۔۔ تین چیزیں۔

(۱) پانچ وقتوں کی نمازیں (۲) سورۂ بقرہ کی آخری آیات (۳) آپ کی امت میں جو مشرک نہ ہو ان کے گناہوں کی بخشش۔ (الاتقان ج۱ ص ۱۳۱، ابن کثیر پ ۲۷، ۱۲ نجم)

۳۵۔۔۔۔ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

اولین و آخرین انبیاء و مرسلین علیہم السلام نے ایک بار حضور اکی اقتداء میں (شب معراج کو) بیت المقدس میں نماز پڑھی اور دوسری بار بیت المعمور میں

سب انبیاء اور امت مرحومہ نے بھی۔ (اسلام کا پیغام ص ۲۰)

شیخ عماد الدین بن کثیر علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

حضور اکرم انے شب معراج کو قبل از عروج اور بعد عروج دونوں حالتوں میں انبیاء علیہم السلام کی امامت فرمائی۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۲۰۲)

۳۶۔۔۔ ترجمان قرآن حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اللہ تقدس وتعالیٰ نے نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم کو دو بار اپنے دیدار سے امتیاز بخشا۔

(خزائن العرفان پ ۲۷ سورہ نجم، مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۳۰۵)

اور جلالین ص ۴۲۹ کے حاشیہ ۲۱ پر ہے کہ شب معراج کو حضور ادس بار دیدار الٰہی سے مشرف فرمائے گئے۔ ایک بار جب ملاقات کیلئے گئے اس کے بعد پھر نو بار جب آپ نمازیں کم کرانے کو گئے۔

۳۷۔۔۔ کسی نبی نے بھی حضرت جبرائیل علیہ السلام کو ان کی اصل شکل میں نہیں دیکھا صرف حضور خواجہ کائنات علیہ افضل الصلوات واکرم التحیات نے جبرائیل کو ان کی اصل شکل میں دیکھا اور ایسا چار بار واقع ہوا۔

(۱) غار حرا میں۔ جب آپ ﷺ نے جبرائیل سے ان کی اصل شکل دیکھنے کی خواہش ظاہر کی اور جبرائیل نے اپنی اصل شکل دکھائی۔

(۲) شب معراج کو سدرۃ المنتہیٰ پر

(۳) نزول وحی کی ابتدائی زمانہ میں مکہ مکرمہ کے مقام اجیاد پر۔

(تفسیر خازن، فتح الباری ج ۱ ص ۱۸)

پہلے دو واقعہ تو سند صحیح سے ثابت ہیں البتہ تیسرا واقعہ سنداً کمزور ہونے کے باعث مشکوک ہے۔

(۴) کعبہ میں۔ سید الشہداء حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ سے جبرائیل کو ان کی اصلی صورت میں دیکھنے کی خواہش ظاہر کی۔ حضور ﷺ نے پہلے تو منع فرمایا لیکن ان کے اصرار پر آپ نے فرمایا بیٹھ جائیے۔ پھر کچھ دیر بعد جبرائیل

کعبہ پر اترے۔ آپ ﷺ نے چچا حمزہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: دیکھیے جبرائیل اپنی اصلی صورت میں آگئے! انہوں نے جب دیکھا تو بیہوش ہو کر گر پڑے۔

(دلائل النبوۃ، مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۳۹۲)

۳۸۔۔۔ معراج کی سیر کا زمانہ آپ ﷺ کی عمر شریف میں شمار نہیں کیونکہ عمر، اس زمین پر زندہ رہنے کی مدت کا نام ہے۔ (تفسیر نعیمی ج ۲ ص ۵۱۵)

۳۹۔۔۔ یہ بارہ کفار نا ہنجار تھے۔ انکے نام حسب ذیل ہیں۔

(۱) ابو جہل۔ (۲) حکم بن العاص۔ (۳) عقبہ بن ابی معیط۔ (۴) نضر بن الحارث۔ (۵) امیہ بن خلف۔ (۶) ابن عیطلہ۔ (۷) زمعہ بن مسعود (۸) طعیمہ۔ (۹) ابولہب۔ (۱۰) ابی بن خلف۔ (۱۱) بنیہ بن حجاج (۱۲) منبہ بن حجاج۔

(طبقات ابن سعد ص ۱۵۴)

۴۰۔۔۔ اس کا طول چار گز اور عرض ایک گز، بعضے جگہ تین گز اور بعضے جگہ کم۔ یہ غار مکہ مکرمہ سے تین میل کے فاصلے پر واقع ہے۔ (مدارج النبوۃ ص ۲۰ رکن سوم)

۴۱۔۔۔ تاج القصص میں ہے کہ ایک روز ایک سانپ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی خدمت میں حاضر آیا اور عرض کیا: یا روح اللہ! راہ مکہ کدھر ہے۔؟ آپ نے پوچھا تجھے راہ مکہ سے کیا مطلب۔؟ اس نے کہا: چھ سو سال ہو گئے کہ میرے دل میں عشق محمدی ﷺ جاگزیں ہوا۔ اب فراق میں دل سوختہ اور تن گداختہ ہو رہا ہوں۔! آپ نے فرمایا: ابھی دل ناصبور کو صبر دے کہ میرے اور ان کی تشریف آوری میں چھ سو سال در پیش ہے۔ اس نے کہا: میری تو رگ و پے میں محبت محمدی ﷺ پیوست ہے تسکین دل محزون فرمایئے اور از راہ کرم مکہ کا راستہ بتایئے۔! میرے لئے یہی بہتر ہے کہ میں اپنے محبوب کے شہر میں دیدۂ امید اور چشم انتظار لئے بیٹھا رہوں قسمت نے یاوری کی تو جمال جہاں آرائے مصطفوی ﷺ سے اپنی آنکھوں کو مشرف کروں یا پھر محبوب کی یاد میں جان دیدوں۔! چنانچہ آپ نے اس کو راستہ دکھایا اور وہ سانپ قطع منازل اور طے مراحل کے بعد غار ثور میں آکر

منتظر رہا۔ اور یہ بھی منقول ہے کہ روزانہ وہ شوق دیدار میں ستر بار اپنے سوراخ سے باہر نکلتا تھا۔ (مدارج النبوۃ، رکن چہارم)

جس مکڑی نے ہجرت کے موقعہ پر غار کے دہانے پر جالا تنا تھا اس سے متعلق بھی یہ قول ملتا ہے کہ سات سو سال سے وہ اس غار کے دہانے پر منتظر بیٹھی تھی۔ (مدارج النبوۃ ص ۷۰، رکن چہارم)

۴۲ـــ ستر سوراخ تھے۔ (مدارج النبوۃ ص ۷۰، رکن چہارم)

۴۳ـــ غار ثور میں نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم کی اقامت تین راتیں رہی۔ بعضوں نے بارہ راتیں کہا ہے۔ اس وہم وشبہ کی وجہ یہ ہے کہ یہ جو ارباب سیر کہتے ہیں کہ شب دوشنبہ کو غار میں داخل ہوئے اور پنجشنبہ کو وہاں سے نکلے اگر یہ پنجشنبہ اسی دوشنبہ کے بعد کا ہے تو تین شبانہ روز ہوتے ہیں اور اگر یہ پنجشنبہ دوسرے ہفتہ کا ہے تو بارہ اور تیرہ روز بنتے ہیں۔ اور صحیح تین شبانہ روز مشہور ہے۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۰)

۴۴ـــ عامر بن فہیرہ جو کہ حضرت صدیق اکبر ﷺ کے غلام تھے اس جگہ بکریاں چرانے لاتے اور روزانہ رات کو دودھ دے جاتے۔ اسی دودھ سے رات کا کھانا ہوتا تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۰)

۴۵ـــ آپ کے ساتھ حضرت صدیق اکبر ﷺ کے علاوہ ایک تو عامر بن فہیرہ جو کہ حضرت صدیق اکبر ﷺ کے غلام تھے اور ایک عبد اللہ بن اریقط تھا جو رہبری میں ماہر اور راڑوں کو چھپانے میں مشہور تھا اسکو راہبری کے لئے اجرت پر لیا گیا تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۱)

۴۶ـــ حضرت صدیق اکبر ﷺ کے دو اونٹ تھے جسے انہوں نے چار سو یا آٹھ سو درہم میں خریدا تھا اور چار مہینہ پہلے سے انہیں خوب چارہ پانی دیکر موٹا تازہ کر رہے تھے۔ دونوں کو انہوں نے حضور کی خدمت میں پیش کیا تا کہ ان میں سے ایک قبول فرمائیں حضور ﷺ نے فرمایا میں نے اسے قبول کیا مگر اس کی قیمت

لینی ہو گی۔ چنانچہ آپ نے اس اونٹ کو نو سو درہم میں خرید لیا۔ اس کا نام بقول صحیح "قصواء" تھا اور ایک قول کے بموجب "جدعا" تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۹۶)

۴۷ـــ حضور اکرم ﷺ کا مکہ مکرمہ سے نکلنا ستائیس (۲۷) صفر کو ہوا تھا اور غار ثور سے پہلی ربیع الاول کو نکلے تھے۔ اور مدینہ منورہ میں رونق افروزی سے متعلق علماء سیر کے درمیان اس پر کلی اتفاق ہے کہ وہ دوشنبہ کا دن تھا اور مہینہ ربیع الاول کا تھا لیکن تاریخ میں اختلاف ہے بعض بارہ ربیع الاول کہتے ہیں اور بعض تیرہ۔ یہ اختلاف تاریخ، باختلاف رویت ہلال ہے۔ امام نووی نے کتاب سیر میں روضہ سے بارہ ربیع الاول پر جزم کیا ہے۔ اور بھی چند اقوال ہیں لیکن وہ مقام صحت سے بعید ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۶)

۴۸ـــ حضرت ابن عباس ﷺ سے مروی ہے کہ وہ بیان کرتے ہیں:

جب طائف کے بادشاہ تبع نے مدینہ منورہ پر چڑھائی کی تھی اور اس نے اعلان کیا تھا کہ میں شہر مدینہ کو ویران کر دونگا اور اسکے رہنے والوں کو اپنے اس لڑکے کے انتقام میں قتل کر ڈالونگا جسے انہوں نے فریب اور دھوکہ سے قتل کیا ہے۔ تو اس وقت ساموّل یہودی نے جو اس زمانے میں یہودیوں کا سب سے بڑا عالم تھا اسنے کہا: اے بادشاہ۔ یہ وہ شہر ہے جس کی طرف بنی اسمٰعیل سے نبی آخر الزماں کی ہجرت ہو گی۔ اور اس نبی کی جائے ولادت مکہ مکرمہ ہے۔ اس کا اسم گرامی احمد ہے یہ شہر اس کا دار ہجرت ہے اور اسکی قبر انور بھی اسی جگہ ہو گی۔
یہ سن کر تبع یوں ہی واپس ہو گیا

محمد بن اسحٰق کتاب مغازی میں نقل کرتے ہیں:

تبع نے نبی آخر الزماں کیلئے ایک عالیشان محل تعمیر کر لیا۔ تبع کے ہمراہ توریت کے چار سو علماء تھے جو اسکی صحبت چھوڑ کر مدینہ منورہ میں اس آرزو میں ٹھہر گئے کہ وہ نبی آخر الزماں کی صحبت کی سعادت حاصل کریں گے۔ تبع نے ان چار سو عالموں میں سے ہر ایک کیلئے ایک ایک مکان بنوا لیا اور ایک ایک باندی

بخشش اور ان کو مال کثیر دیا۔ تبع نے ایک خط بھی لکھا جس میں اپنے اسلام لانے کی شہادت دی۔ وہ مکان جو خاتم الانبیاء ﷺ کیلئے بنایا گیا تھا وہ حضور ﷺ کے قدم رنجہ فرمانے تک موجود رہا۔ کہتے ہیں کہ حضرت ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کا وہ مکان جس میں حضور ﷺ نے ہجرت کے بعد نزول اجلال فرمایا تھا وہی مکان تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۲)

۴۹ــــ وہ چار وزیر یہ ہیں۔

دو اہل آسمان میں سے جبرائیل و میکائیل علیہما السلام اور دو اہل زمین سے حضرت صدیق اکبر اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما۔ (تفسیر الم نشرح ص ۴۷)

۵۰ــــ حضور اکرم ﷺ نے ہجرت کے بعد ایک حج کیا جسے حجۃ الوداع اور حجۃ الاسلام کہتے ہیں اور ہجرت سے قبل بعض کہتے ہیں کہ دو حج کیے اور بعض کہتے ہیں کہ تین اور بعض اس سے زیادہ لیکن قول محقق یہ ہے کہ کوئی عدد معین و محفوظ نہیں ہے۔

اور آپ ﷺ کے عمرے سے متعلق بعض علماء تین کہتے ہیں کیونکہ حدیبیہ میں حقیقتاً عمرہ نہ ہوا تھا لیکن جمہور علماء اسے عمرہ کا حکم دیکر کل عمرے کی تعداد چار بتاتے ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۲۵، ۲۶، ۲۷ ۔ الکامل فی التاریخ ج ۲ ص ۳۰)

۵۱ــــ انیس بال سفید تھے۔ (تفسیر الم نشرح ص ۴۹)

۵۲ــــ پانچ بچوں نے۔

(۱) سلیمان بن ہشام۔ (۲) حضرت حسن۔ (۳) حضرت حسین۔ (۴) حضرت عبداللہ بن زبیر (۵) ابن ام قیس۔ (اوجز المسالک ج ۱ ص ۱۴)

۵۳ــــ زینب بنت حارث یہودیہ نے جو مرحب کی بھتیجی اور سلام بن مشکم کی بیوی تھی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۴۴)

۵۴ــــ لبید بن اعصم یہودی اور اس کی بیٹیوں نے حضور سید عالم ﷺ پر جادو کیا۔ حضور کے جسم مبارک اور اعضاء ظاہرہ پر اس کا اثر ہوا قلب و عقل اور اعتقاد پر کچھ اثر نہ ہوا۔ چند روز بعد جبرائیل آئے اور انہوں نے عرض کیا کہ ایک یہودی نے آپ پر جادو کیا ہے اور جادو کا جو کچھ سامان ہے وہ (ازدان نامی)

کنویں میں ایک پتھر کے نیچے دبا دیا ہے۔ حضور سید عالم ﷺ نے علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو بھیجا۔ انہوں نے کنویں کا پانی نکالنے کے بعد پتھر اٹھایا اس کے نیچے سے کھجور کے گابھے کی تھیلی برآمد ہوئی۔ اسمیں حضور ﷺ کے موئے شریف جو کنگھی سے برآمد ہوئے تھے، اور حضور کی کنگھی کے چند دندانے، ایک ڈورا یا کمان کا چلہ جس میں گیارہ گرہیں لگی تھیں اور ایک موم کا پتلا جس میں گیارہ سوئیاں چبھی تھیں یہ سب سامان پتھر کے نیچے سے نکلا اور حضور کی خدمت میں حاضر کیا گیا۔ اللہ تعالیٰ نے سورۂ فلق اور سورۂ ناس نازل فرمائیں ان دونوں سورتوں میں گیارہ آیتیں ہیں ہر ایک آیت کے پڑھنے کے ساتھ ساتھ ایک ایک گرہ کھلتی جاتی تھی یہاں تک کہ سب گرہیں کھل گئیں اور حضور ﷺ بالکل تندرست ہو گئے۔ (خزائن العرفان پ ۳۰ سورۃ الفلق)

اس حادثہ کا وقوع حدیبیہ سے واپسی کے بعد ۶ھ کے ماہ ذی الحجہ میں ہوا۔ اور اس عارضہ کے باقی رہنے کی مدت ایک قول کے بموجب چالیس روز ہے ایک روایت میں چھ مہینے اور ایک روایت میں ایک سال ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۱۵)

۵۵ــــ حجۃ الوداع کے موقع پر کل سو اونٹ قربان کیے، ترسٹھ (۶۳) اونٹ اپنے دست مبارک سے ذبح فرمائے جو آپ کی عمر شریف کے سالوں کے عدد پر ہے اور سینتیس (۳۷) اونٹوں کیلئے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو حکم فرمایا کہ وہ قربانی کریں (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۶۷۲)

اور حدیبیہ والے دن ستر اونٹ ذبح کیے تھے (ابن کثیر پ ۲۶) بیس اونٹوں کو اپنے دست مبارک سے نحر فرمایا اور باقی کو ناجیہ بن جندب کو دیا کہ وہ ذبح کرے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۷۱)

۵۶ــــ حضور اکرم ﷺ غسل ایک صاع پانی سے کرتے تھے جو کہ پانچ مد کے برابر ہے اور وضو ایک مد پانی سے اور ایک حدیث میں ہے کہ وضو دو رطل پانی سے کرتے تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۵۸۹)

۵۷ــــ صاحب سفر السعادت فرماتے ہیں کہ پانچ مقامات ایسے ہیں جہاں تمام

عمر میں حضور اکرم ﷺ کو نماز میں سہو سے متصف فرمایا گیا ان کے سوا کہیں ثابت نہیں ہے۔

(۱) ظہر کی نماز میں ہوا کہ اول تشہد میں بیٹھے اور پھر کھڑے ہو گئے جب نماز پوری کر لی تو دو سجدے کئے اور سلام پھیرا۔

(۲) دوسرا مقام ایک اور موقعہ کا ہے کہ ظہر کی نماز میں دوسری رکعت کے بعد قعدہ فرمایا اور سلام پھیرا، پھر یاد آیا تو نماز کو پورا فرمایا اور دو سجدے کئے۔ اسکے بعد سلام پھیرا۔

(۳) تیسرا موقعہ یہ ہے کہ ایک روز نماز پڑھی اور باہر تشریف لے آئے ایک رکعت باقی رہ گئی تھی۔ حضرت طلحہ بن عبد اللہ ﷺ آپ کے پیچھے باہر آئے اور عرض کیا: یا رسول اللہ! ایک رکعت آپ نے فراموش کر دی...! اسکے بعد حضور ﷺ مسجد میں تشریف لائے اور بلال کو کہا کہ اقامت کہے اور ایک رکعت جو فراموش کی تھی ادا کی۔

(۴) چوتھا موقعہ یہ ہے کہ نماز ظہر ادا کی اور ایک رکعت زیادہ کی۔ صحابہ نے عرض کیا: ایک رکعت زیادہ ہو گئی۔ فرمایا: کیسے۔ ہم عرض کیا: پانچ رکعتیں پڑھی ہیں۔ اس وقت دو سجدے سہو کئے اور سلام پھیر ا اور اسی پر انحصار کیا۔

(۵) پانچواں موقعہ یہ ہے کہ نماز عصر کی تین رکعتیں پڑھیں اور کاشانہ اقدس میں تشریف لے گئے۔ صحابہ نے بعد میں بتایا تو مسجد میں تشریف لائے اور ایک رکعت ادا کر کے دو سجدے کئے پھر دوبارہ سلام پھیرا۔

یہی وہ پانچ مقامات ہیں جہاں سہو فرمایا ہے۔

لیکن خبر دار رہنا چاہیئے کہ نبی کریم ﷺ پر سہو و نسیان ان اقوال میں جو احکام و تبلیغ سے متعلق ہیں، بالاتفاق جائز نہیں لیکن افعال میں خواہ نماز میں ہو یا غیر نماز میں اختلاف ہے۔ اہل حق کے نزدیک مختار اسکے جائز ہونے میں ہے درحقیقت یہ سہو و نسیان، حق تعالیٰ عزاسمہٗ کی حکمت بالغہ سے متعلق ہے کہ اس کی بدولت امت کو گوناگوں تشریعی احکام اور سید عالم ﷺ کی اقتداء کی سعادت نصیب

ہوتی ہے۔ (مدارج النبوۃ ج۱ ص۴۴۶، ۶۳۷)

۵۸ــــ وہ مغرب کی نماز تھی۔ اس نماز میں آپ نے سورہ "مرسلات" تلاوت فرمائی۔ (ابن کثیر پ۲۹ مرسلات)

۵۹ــــ حضور اکرم ﷺ کی مدت علالت میں اہل سیر کا اختلاف ہے اکثر کا مذہب یہ ہے کہ تیرہ روز تھے۔ ایک روایت میں چودہ روز ہے اور بعض نے بارہ روز بیان کیا ہے اور ایک گروہ کا مذہب یہ ہے کہ دس روز۔ یہ اختلاف ابتدائے مرض اور روز وفات میں اختلاف کا شاخسانہ ہے۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۷۰۸)

۶۰ــــ چالیس غلاموں کو آزاد فرمایا۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۷۱۰)

۶۱ــــ ملک الموت کے ساتھ دو بڑے فرشتے اور تھے۔ ایک جبرائیل علیہ السلام اور دوسرے اسماعیل علیہ السلام جو ستر ہزار بروایت دیگر ایک لاکھ فرشتوں پر حاکم ہے۔ جن میں کا ہر ایک فرشتہ ستر ہزار یا ایک لاکھ فرشتوں پر حاکم ہے۔ یہ سب فرشتے ان کے ہمراہ تھے۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۷۴۲)

۶۲ــــ آپ ﷺ نے اپنی آخری تین سانسوں میں سے ایک سانس میں فرمایا۔ الصلوۃ دوسری میں فرمایا وما ملکت ایمانکم۔ اور آخری سانس میں فرمایا اللھم بالرفیق الاعلیٰ۔ (تفسیر نعیمی ج۲ ص۱۹۷)

۶۳ــــ آپ ﷺ کو غسل دینے کے لئے چاروں طرف سے چادر کو تانا گیا اور اس میں حضرت عباس، حضرت علی، حضرت فضل و قثم ایک روایت میں قثم کے بجائے ابو سفیان کا نام ہے اور حضرت اسامہ بن زید و شقران ﷺ جمع ہوئے حضرت عباس ﷺ نے آپ ﷺ کو اپنے سینہ پر لیا اور ہاتھوں میں دستانے پہن کر ہاتھوں کو پیراہن مبارک میں داخل کیا۔ حضرت اسامہ اور شقران رضی اللہ عنہما قمیص مبارک کے اوپر سے پانی ڈالتے تھے حضرت عباس و قثم رضی اللہ عنہما ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر لے جانے پر حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہٗ کی اعانت وامداد کرتے تھے اور غیب سے بھی غسل میں اعانت واقع ہوئی۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۷۴۴)

۶۴۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کو تین مرتبہ پاک وصاف پانی بیری کے پتے اور کافور کے پانی سے غسل دیا گیا۔ ابن ماجہ نے بسند جید حضرت علی کرم اللہ وجہٗ سے نقل کیا، فرمایا کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا تھا کہ جب مجھے غسل دو تو بیر غرس کے پانی کے سات مشکیزے سے دینا۔ بیر غرس یہ ایک کنواں ہے جو مدینہ طیبہ سے شمال کی جانب نصف میل کی مسافت پر واقع ہے۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۷۳۵)

۶۵۔۔۔ آپ ﷺ کو تین سفید سحولی کپڑوں کا کفن دیا گیا۔ سحولی سے مراد یا تو سفید دھلے ہوئے کپڑے ہیں یا پھر ملک یمن کے شہر سحول کی طرف منسوب ہے۔ ایک روایت میں "کرسف" آیا ہے یعنی روئی۔ اور کرسف ایک قریہ کا نام بھی بتاتے ہیں۔ ایک روایت میں آیا ہے کہ دو سفید کپڑے تھے اور ایک یمنی چادر۔ ایک روایت میں سات کی تعداد بھی ہے یہ روایت ضعیف ہے۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۷۳۶)

۶۶۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کی نماز ادا کرنا جماعت کے ساتھ نہ تھا۔ بلکہ ایک جماعت آپ ﷺ کے قریب آتی اور بغیر جماعت کے نماز پڑھتی اور نکل جاتی پھر دوسری جماعت آتی تھی اور پڑھتی تھی۔ آپ کا جسد اقدس اسی حجرۂ مبارک میں تھا جہاں آپ کو غسل دیا گیا۔ سب سے پہلے مرد داخل ہوئے جب مرد فارغ ہو گئے تو عورتیں داخل ہوئیں اور عورتوں کے بعد بچے آئے۔

امیر المومنین سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ کے جنازہ شریف پر کسی نے امامت نہ کی اس لئے کہ حضور ﷺ حیات و ممات میں ہمارے امام ہیں۔ متعدد نمازیں ہوئیں اور تنہا تنہا لوگوں نے پڑھیں۔

(مدارج النبوۃ ج۲ ص۷۳۷)

۶۷۔۔۔ علامہ ابن ماجشون رحمۃ اللہ علیہ سے لوگوں نے پوچھا: رسول اللہ ﷺ پر کتنی نمازیں پڑھی گئیں۔؟ انہوں نے فرمایا: ستر! لوگوں نے پوچھا: آپ کو یہ کہاں سے پتہ چلا۔؟ فرمایا: اس صندوق سے جو امام مالک نے اپنی تحریر سے چھوڑا اور وہ نافع سے اور وہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے۔ لہٰذا ظاہر ہے کہ اس سے

فرشتوں کے سوا صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین کی نمازیں ہوں گی۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۷۳۹)

۶۸۔۔۔ ایک روایت میں ہے کہ سب سے پہلے جنہوں نے جنازہ شریف کی نماز پڑھی وہ اہل بیت نبوت تھے حضرت علی مرتضیٰ، حضرت عباس اور بنو ہاشم رضی اللہ عنہم اس کے بعد مہاجرین ان کے بعد انصار آئے پھر اور لوگ، جماعت کی جماعت داخل ہوتی اور نماز ادا کرتی جاتی تھی (مدارج النبوۃ ج۲ ص۷۴۰)

یہ ترتیب تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی نماز کی تھی۔ حضور اکرم ﷺ سے جب لوگوں نے دریافت کیا تھا کہ آپ پر سب سے پہلے کون نماز پڑھے تو آپ نے فرمایا تھا: سب سے پہلے جو میری نماز جنازہ پڑھے گا وہ میرے دوست جبرائیل ں ہوں گے پھر میکائیل پھر اسرافیل پھر ملک الموت گروہ ملائکہ کے ساتھ۔ ایک روایت میں آیا ہے کہ سب سے پہلے جو مجھ پر نماز پڑھے گا وہ میرا رب ہے اس کے بعد یہ فرشتے جن کا ذکر ہوا۔ اس کے بعد لوگ فوج در فوج آئیں اور نماز پڑھیں۔ اور نماز کی ابتداء میرے اہلبیت کریں۔ (حوالہ بالا)

۶۹۔۔۔ منقول ہے کہ جس وقت اہل بیت نے نماز پڑھ لی تو لوگوں کو معلوم نہ ہوا کہ کیا پڑھیں اور کیا دعا کریں۔ پھر لوگوں نے حضرت ابن مسعود ﷺ سے پوچھا۔ انہوں نے بتایا کہ تم حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے پوچھو۔ پھر لوگوں نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے پوچھا تو آپ نے فرمایا:

اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِي يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيماً. اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَبَّيْكَ وَ سَعْدَيْكَ صَلَوٰاتُ اللهِ الْبَرِّ الرَّحِيْمِ، وَالْمَلٰئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَ النَّبِيِّيْنَ وَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَ الصَّالِحِيْنَ وَ مَا سَبَّحَ لَكَ مِنْ شَيْءٍ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ عَلٰى مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ. خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَ اِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَ رَسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ الشَّاهِدِ الْبَشِيْرِ، الدَّاعِيْ بِاِذْنِكَ السِّرَاجِ الْمُنِيْرِ وَ عَلَيْهِ السَّلَامُ. (مدارج النبوۃ ج۲ ص۷۳۹)

۷۰۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کی تدفین میں اختلاف ہوا کہ کہاں دفن کریں۔ ایک

جماعت نے کہا کہ اس حجرہ میں جہاں آپ ﷺ مقبوض ہوئے۔ ایک جماعت نے کہا مسجد شریف میں۔ ایک گروہ نے کہا بقیع کے مقبرہ میں اور کچھ لوگوں نے کہا "قدس" میں کیونکہ تمام نبیوں کی قبریں وہاں ہیں۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ فرمایا کہ کوئی نبی دفن نہیں کیا گیا مگر اسی جگہ جہاں کہ اس کی روح قبض کی گئی۔" ایک روایت میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے کہ فرمایا روئے زمین پر کوئی خطہ خدا کے نزدیک اس خطہ سے گرامی تر نہیں ہے جس میں نبی کی روح کو قبض کیا گیا۔" اس کے بعد آپ کے بستر مبارک کو اٹھایا گیا اور اسی خاص جگہ پر قبر کھودنا طے پایا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۵۰)

۷۱ـــــ مدینہ طیبہ میں دو شخص قبر کھودنے والے تھے ایک حضرت ابو عبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ جو بطریق شق جسے شامی بھی کہتے ہیں قبر کھودتے تھے۔ اور دوسرے حضرت ابو طلحہ انصاری رضی اللہ عنہ جو بطریق لحد قبر کھودتے تھے۔ اس پر حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے خدا! اپنے حبیب کے لئے وہ چیز اختیار فرما جو محبوب و مختار ہو" اور پھر دو آدمی بھیجے ایک حضرت ابو طلحہ کو بلانے اور دوسرے حضرت ابو عبیدہ کو بلانے کے لئے اور فرمایا: جو پہلے آجائے وہی اپنے طریقے پر کام کرے۔" حضرت ابو عبیدہ اس شخص کو نہ ملے جو انہیں بلانے گیا تھا اور حضرت ابو طلحہ آگئے۔ اس کے بعد بطریق لحد قبر تیار کی گئی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۵۰)

۷۲ـــــ حضور اکرم ﷺ نے روز دوشنبہ کو وصال حق فرمایا تھا اور سہ شنبہ کا پورا دن آپ کا تخت شریف آپ کے حجرہ مبارک میں رہا اور لوگ نماز پڑھتے رہے۔ شب چہار شنبہ سحر کا وقت تھا کہ حضور ﷺ کو دفن کیا گیا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۴۹، ۷۵۱)

۷۳ـــــ حضور اکرم ﷺ کو قدم اقدس کی جانب سے قبر انور میں داخل کیا گیا۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۵۱)

۷۴ـــــ صحیح یہ ہے کہ حضرت علی مرتضیٰ، حضرت عباس، حضرت فضیل بن عباس اور حضرت قثم بن عباس رضی اللہ عنہم حضور ﷺ کی قبر انور میں داخل ہوئے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۵۱)

۷۵ـــــ حضرت قثم بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

میں نے قبر میں دیکھا کہ حضور اکرم ﷺ اپنے لبہائے مبارک کو جنبش فرما رہے ہیں۔ میں نے کانوں کو آپ ﷺ کے دہن مبارک کے قریب کیا میں سنا کہ آپ فرماتے تھے "رب امتی امتی"۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۵۱)

۷۶ـــــ وہ حضرت قثم بن عباس رضی اللہ عنہما ہیں، انہوں نے خود فرمایا کہ آخری شخص جس نے حضور اکرم ﷺ کا روئے انور قبر اطہر میں دیکھا، میں تھا۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۵۱)

۷۷ـــــ بحرین کی سرخ مخملی چادر جو خیبر کے روز حضور اکرم ﷺ کو پہنچی تھی اور اسے آپ اوڑھتے تھے اسے بچھایا گیا۔ کہتے ہیں کہ اسکے بچھانے والے شقران رضی اللہ عنہ تھے۔ اس نے کہا: میں نہیں پسند کرتا کہ آپ کے بعد اسے کوئی دوسرا اوڑھے۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۵۱)

۷۸ـــــ کچی اینٹ سے بنائی گئی۔ اس کے بعد لحد پر مٹی ڈالی گئی اور سرخ و سفید سنگریزے جمائے گئے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۵۱)

۷۹ـــــ قبر شریف، زمین سے ایک بالشت جتنی اونچی کی گئی۔ ایک روایت میں چار انگل آیا ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۵۲)

۸۰ـــــ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے قبر شریف پر ایک مشکیزہ پانی چھڑکا اور سرہانے کی طرف سے چھڑکنا شروع کیا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۵۲)

۸۱ـــــ وہ یہ ہیں:

یک دراز گوش (گدھا)، اسلحہ، قمیص مبارک، چادر شریف، اور اسی قسم کے کچھ اور لباس اور بنی نضیر، خیبر اور فدک کی زمین جو آپ کے لئے خاص تھیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۵۵)

مختلف انبیاء کرام علیہم السلام سے متعلق سوالات

۱ــــ دنیا میں کتنے انبیاء و مرسلین علیہم السلام تشریف لائے۔؟
۲ــــ حضرت شیث علیہ السلام کی ولادت کے وقت آدم علیہ السلام کی عمر کتنی تھی۔؟
۳ــــ حضرت شیث علیہ السلام کی ولادت، قتل ہابیل کے کتنے سال بعد ہوئی۔؟
۴ــــ حضرت شیث علیہ السلام کی قبر مبارک کہاں ہے۔؟
۵ــــ حضرت لوط علیہ السلام کے والد کا نام کیا ہے۔؟
۶ــــ حضرت لوط علیہ السلام کی کافرہ بیوی کا نام کیا تھا۔؟
۷ــــ حضرت ھود علیہ السلام کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۸ــــ حضرت ھود علیہ السلام کے والد کا نام کیا ہے۔؟
۹ــــ حضرت ھود علیہ السلام کا سلسلۂ نسب نوح علیہ السلام تک کن واسطوں سے ہے۔؟
۱۰ــــ حضرت ھود علیہ السلام کی قبر انور کہاں ہے۔؟
۱۱ــــ حضرت شعیب علیہ السلام کے والد کا نام کیا ہے۔؟
۱۲ــــ حضرت شعیب علیہ السلام کا شجرۂ نسب، حضرت ابراہیم علیہ السلام تک کن واسطوں سے ہے۔؟
۱۳ــــ حضرت شعیب علیہ السلام کی عمر کتنی ہوئی۔؟
۱۴ــــ حضرت شعیب علیہ السلام کی قبر مقدس کہاں ہے۔؟
۱۵ــــ حضرت ذوالکفل علیہ السلام کا اصلی نام کیا ہے اور آپ کو ذوالکفل کیوں کہا جاتا ہے۔؟
۱۶ــــ حضرت ذوالکفل علیہ السلام کی والد کا نام کیا ہے۔؟
۱۷ــــ حضرت ذوالکفل کا انتقال کس جگہ ہوا اور آپ کی عمر کتنی ہوئی۔؟
۱۸ــــ حضرت یونس علیہ السلام کا مچھلی کے پیٹ میں پہنچنے کا واقعہ کیا ہے۔؟

۱۹ــــ حضرت یونس علیہ السلام مچھلی کے شکم میں کتنی مدت رہے۔؟
۲۰ــــ حضرت یونس علیہ السلام نے شکم مچھلی سے باہر آنے کے بعد سب سے پہلے کیا چیز تناول فرمائی۔؟
۲۱ــــ حضرت یونس علیہ السلام کے والد کا نام کیا ہے۔؟
۲۲ــــ حضرت یوشع بن نون علیہ السلام اور حضرت یوسف علیہ السلام کے مابین کیا رشتہ ہے۔؟
۲۳ــــ حضرت الیاس علیہ السلام کے والد اور دادا کا نام کیا ہے۔؟
۲۴ــــ حضرت الیاس علیہ السلام کا سلسلہ نسب کس طرح ہے۔؟
۲۵ــــ حضرت عزیر علیہ السلام کے والد کا نام کیا ہے۔؟
۲۶ــــ حضرت عزیر علیہ السلام کی عمر اس وقت کتنی تھی جب آپ وفات پاکر دوبارہ زندہ ہوئے۔؟
۲۷ــــ حضرت عزیر علیہ السلام کے وفات پانے پھر دوبارہ زندہ ہونے کے واقعہ کی تفصیل کیا ہے۔؟
۲۸ــــ حضرت عزیر علیہ السلام وفات پانے کے کتنے سال بعد دوبارہ زندہ ہوئے اور لوگوں نے آپ کو کس طرح پہچانا۔؟
۲۹ــــ کتنے انبیاء کرام کے نام عربی ہیں اور کتنوں کے عجمی۔؟
۳۰ــــ اولاد آدم علیہ السلام میں سب سے پہلے نبی کون ہیں۔؟
۳۱ــــ سب سے پہلے صاحب شریعت پیغمبر کون ہیں۔؟
۳۲ــــ اولین نبی جو کفار کی رشد و ہدایت کے لئے مبعوث ہوئے کون ہیں۔؟
۳۳ــــ اولین نبی جو نبوت کے ساتھ ساتھ سلطنت سے بھی سرفراز ہوئے کون ہیں۔؟
۳۴ــــ وہ کون کون سے نبی ہیں کہ ان کا نام ان کے وجود آدمیت میں آنے سے قبل ہی رکھا گیا۔؟
۳۵ــــ کتنے اور کون کون سے نبی ختنہ شدہ پیدا ہوئے۔؟
۳۶ــــ اولوالعزم انبیاء کتنے ہیں۔؟

۳۷—— کتنے اور کون کون سے نبی ظاہری حیات طیبہ کے ساتھ موجود ہیں۔؟

۳۸—— آسمان پر اٹھالئے جانے والے نبی کتنے اور کون کون سے ہیں۔؟

۳۹—— کتنے پیغمبروں کے ذریعہ مردے زندہ ہوئے۔؟

۴۰—— کتنے نبی، اللہ تعالیٰ سے بلاواسطہ ہم کلام ہوئے اور کہاں کہاں۔؟

۴۱—— کتنے نبیوں کے لئے مکڑی نے جالا تنااور کہاں کہاں۔؟

۴۲—— وہ کتنے اور کون کونسے نبی ہیں کہ جن کے دودو نام ہیں۔؟

۴۳—— وہ کتنے اور کون کونسے نبی ہیں کہ جنہوں نے نکاح نہیں کیا۔؟

۴۴—— بنی اسرائیل کے سب سے پہلے نبی کون ہیں اور سب سے آخری نبی کون۔؟

۴۵—— وہ کون سے نبی ہیں کہ جنہوں نے کنویں کاپانی کبھی نہ پیا۔؟

۴۶—— وہ کونسے نبی ہیں جو حضور اکرم ﷺ کے ہم شبیہ تھے۔؟

۴۷—— وہ کونسے نبی ہیں کہ جنہوں نے امت محمدیہ کو سلام کہلوایا۔؟

۴۸—— وہ کونسے نبی ہیں کہ جن کے والد بھی نبی، بیٹا بھی نبی، دادا بھی نبی اور نانا بھی نبی۔؟

۴۹—— انبیاء کرام میں سے سب سے آخر میں جنت میں کون جائیگے اور کیوں۔؟

۵۰—— وہ کونسے نبی ہیں کہ جنہوں نے دعا کی تھی کہ مجھے امت محمدیہ میں کرے۔؟

۵۱—— وہ کونسی خوش نصیب عورت ہے کہ جن کے والد بھی نبی، شوہر بھی نبی، سسر بھی نبی اور بیٹا بھی نبی۔؟

۵۲—— وہ کونسے نبی ہیں کہ جن کی چار پشتیں شرف نبوت سے مشرف ہوئیں۔؟

۵۳—— کس نبی نے کونسا پیشہ اختیار فرمایا۔؟

۵۴—— کوئی نبی بھی کسی کا شاگرد نہ ہوا سوائے ایک کے، وہ کون ہیں۔؟

۵۵—— وہ کون سے نبی ہیں کہ جن کی عمر تین ہزار سال ہوئی۔؟

مختلف انبیاء کرام علیہم السلام سے متعلق جوابات

۱—— حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے حضرت سلطان رسالت علیہ افضل الصلوات واکمل التحیات سے تعداد انبیاء و مرسلین سے متعلق دریافت کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا:
دنیا میں ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء اور تین سو تیرہ رسول تشریف لائے۔

(مشکوٰۃ شریف ص ۵۱۱ تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۸۵۵)

ایک روایت میں رسولوں کی تعداد تین سو پندرہ ہے۔ (مشکوٰۃ ص ۵۱۱)

۲—— اس وقت حضرت آدم علیہ السلام کی عمر شریف ایک سو تیس سال کی تھی۔

(روح البیان ج ۱ ص ۵۵۵)

بروایت دیگر ایک سو بیس سال۔

۳—— آپ کی ولادت، قتل ہابیل کے پانچ سال بعد ہوئی۔ (الکامل فی التاریخ ج ۱ ص ۲۰)

۴—— آپ کی قبر شریف اجودھیا فیض آباد میں ہے۔ (تفسیر نعیمی ج ۳ ص ۶۶۳)

۵—— آپ کے والد ماجد کا نام ہاران بن آزر ہے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۷۶)

ایک روایت یہ بھی ہے کہ آپ کے والد محترم کا نام آزور بن آزر ہے۔

(حاشیہ ۶ ۳ جلالین ص ۱۸۵)

۶—— آپ کی اس بیوی کا نام واعلہ تھا۔ (خزائن العرفان پ ۸ ع ۲ ص ۲۰)

بعض نے والہہ اور بعض نے وابلہ کہا ہے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۸۹، ۱۸۸ حاشیہ ۶ جلالین ص ۳۱۵)

۷—— ابن ہشام نے آپ کا اصلی نام عابر بن ارفخشذ کہا ہے۔ لیکن راجح قول یہ ہے کہ آپ کا اصلی نام ھود ہی ہے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۷۷)

۸—— ابن ہشام نے آپ کے والد کا نام ارفخشذ بن سام کہا ہے۔ لیکن بقول صحیح، عبداللہ بن ریاح نام ہے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۷۷)

۹ـــــ راجح قول کے مطابق حضرت نوح علیہ السلام تک آپ کا سلسلۂ نسب یوں ہے۔
ھود بن عبد اللہ بن ریاح بن حلوز بن عاد بن عوص بن ارم بن سام بن نوح۔ (الاتقان ج۲ ص ۱۷۷)

۱۰ـــــ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے حضر موت کے رہنے والے ایک آدمی سے کہا کہ کیا تم نے سرزمین حضر موت میں کوئی سرخ ٹیلہ دیکھا ہے جس کی مٹی سرخ ہے اور اس ٹیلے کے فلاں فلاں کنارے پر بیری اور پیلو کے درخت بکثرت ہیں؟؟ اس نے کہا: ہاں امیر المومنین۔ خدا کی قسم آپ تو اس طرح فرما رہے ہیں جیسے خود اپنی آنکھوں سے دیکھا ہو۔ آپ نے فرمایا: دیکھا تو نہیں لیکن مجھے ایک ایک حدیث پہنچی ہے۔ اس نے کہا: یا امیر المومنین! آپ اس بارے میں کیا فرمانا چاہتے ہیں۔؟ آپ نے کہا: یہیں حضرت ھود علیہ السلام کی قبر شریف ہے۔ (ابن کثیر پ ۸ ص ۱۹)

ایک روایت میں ہے کہ آپ کی قبر شریف بیت اللہ میں رکن یمانی اور رکن اسود کے درمیان اس بقعہ میں ہے، جس کو روضۃ من ریاض الجنۃ کہتے ہیں۔

(حاشیہ جلالین ص ۱۸۲)

۱۱ـــــ آپ کے والد ماجد کا نام میکائیل اور دادا کا نام یشجن ہے۔ (الاتقان ج۲ ص ۱۷۷)

۱۲ـــــ حضرت امام نووی کی تحقیق کے مطابق آپ کا سلسلۂ نسب یوں ہے۔
حضرت شعیب بن میکائیل بن یشجن بن مدین بن ابراہیم خلیل اللہ۔
اور حضرت ابن اسحٰق نے آپ کا سلسلۂ نسب یوں بیان کیا ہے۔
حضرت شعیب بن میکائیل بن یشجن بن لاوی بن یعقوب بن اسحٰق بن ابراہیم خلیل اللہ علیہم الصلوٰۃ والسلام۔ (الاتقان ج۲ ص ۱۷۷)

۱۳ـــــ آپ کی عمر شریف تین ہزار سال ہوئی۔ ایک قول کے بموجب تین ہزار چھ سو سال۔ (حاشیہ جلالین ص ۳۲)

۱۴ـــــ آپ کی قبر شریف بیت اللہ میں اس بقعہ میں ہے جس کو روضۃ من ریاض الجنۃ کہتے ہیں۔ (حاشیہ جلالین ص ۱۸۳)

۱۵ـــــ آپ کا اصلی نام حزقیل (علیہ السلام) ہے۔ آپ کو ذوالکفل اس لئے کہتے ہیں کہ ایک دفعہ آپ نے ستر پیغمبروں کا ضامن بن کر ان کو قتل سے بچایا تھا۔ ذوالکفل کا معنی ہے ضمانت والے۔ آپ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے تیسرے خلیفہ ہیں کہ موسیٰ علیہ السلام کے خلیفہ حضرت یوشع بن نون ان کے خلیفہ کالب ابن یوحنا اور ان کے خلیفہ آپ ہیں۔ (تفسیر نعیمی ج۲ ص ۵۱۲)

حضرت علامہ جلال الدین سیوطی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ آپ کا اصلی نام بشر ہے۔ (الاتقان ج۲ ص ۱۷۸)

۱۶ـــــ آپ کے والد کا نام بوزی ہے۔ (تفسیر نعیمی ج۲ ص ۵۱۲)

حضرت وہب فرماتے ہیں کہ آپ حضرت ایوب علیہ السلام کے صاحبزادے ہیں۔ آپ کا نام بشر بن ایوب ہے۔ (الاتقان ج۲ ص ۱۷۸)

۱۷ـــــ آپ ملک شام میں مقیم رہے اور وہیں آپ کا وصال حق ہوا۔ آپ کی عمر شریف پچھتر سال ہوئی۔ (الاتقان ج۲ ص ۱۷۸)

۱۸ـــــ ائمہ تفسیر و علمائے پاکیزہ تحریر آپ کا واقعہ یوں بیان کرتے ہیں کہ:

آپ کی قوم کفر و شرک میں مبتلا تھی۔ آپ نے بت پرستی چھوڑنے اور ایمان لانے کا حکم دیا۔ ان لوگوں نے انکار کیا اور آپ کی تکذیب کی۔ آپ نے انہیں بحکم الٰہی نزول عذاب کی خبر دی۔ ان لوگوں نے آپس میں کہا کہ حضرت یونس علیہ السلام والسلام نے کبھی کوئی بات غلط نہیں کہی ہے۔ دیکھو! اگر وہ رات کو یہاں رہے جب تو کوئی اندیشہ نہیں اور اگر انہوں نے رات یہاں نہ گزاری تو سمجھ لینا چاہیے۔ کہ عذاب آئیگا۔

حضرت یونس علیہ السلام شب میں وہاں سے تشریف لے گئے۔ اور صبح کو آثار عذاب نمودار ہو گئے۔ آسمان پر سیاہ ہیبت ناک ابر آیا۔ اور کثیر دھواں جمع ہوا جو تمام شہر پر چھا گیا۔ یہ دیکھ کر قوم کو یقین ہوا کہ عذاب آنے والا ہے تو انہوں نے آپ کی جستجو کی اور آپ کو نہ پایا۔ اب انہیں اور زیادہ اندیشہ ہوا۔ وہ

مع اپنی عورتوں، بچوں اور جانوروں کے جنگل کو نکل گئے اور توبہ کی اسلام کا اظہار کیا سب نے بارگاہ الٰہی میں گریہ زاری شروع کی، کہا کہ جو یونس لائے ایمان لائے اس پر ہم ایمان لائے اور توبہ صادقہ کی۔ جو مظالم ان سے ہوئے تھے ان کو دفع کیا، پرائے مال واپس کئے اور اللہ تعالیٰ سے اخلاص کے ساتھ مغفرت کی دعائیں کیں۔ پروردگار عالم نے ان پر رحم کیا، دعا قبول فرمائی اور عذاب اٹھالیا۔ ادھر حضرت یونس علیہ السلام وہاں سے چل کر ایک کشتی پر سوار ہو گئے۔ کشتی چلتے ہی چاروں طرف سے موجیں اٹھیں اور سخت طوفان آیا۔ یہاں تک کہ سب کو اپنی موت اور کشتی ڈوب جانے کا یقین ہو گیا۔ سب آپس میں کہنے لگے کہ قرعہ ڈالو جس کے نام قرعہ نکلے اس کو سمندر میں ڈال دو تا کہ سب بچ جائیں اور کشتی اس طوفان سے نکل آئے۔ تین دفعہ قرعہ اندازی ہوئی اور تینوں مرتبہ حضرت یونس علیہ السلام کا نام ہی نکلا۔ اہل کشتی آپ کو دریا میں ڈالنا نہیں چاہتے تھے لیکن کیا کرتے بار بار کی قرعہ اندازی پر بھی آپ ہی نام نکلتا رہا۔ اور پھر آپ خود کپڑے اتار کر ان لوگوں کے روکنے کے باوجود سمندر میں کود پڑے۔ اسی وقت بحر اخضر کی ایک بڑی مچھلی کو جناب باری تعالیٰ کا فرمان صادر ہوا کہ وہ دریاؤں کو چیرتی پھاڑتی جائے اور یونس کو نگل لے۔ چنانچہ اس مچھلی نے آپ کو نگل لیا اور سمندر میں چلنے پھرنے لگی۔ (ابن کثیر پ ۱۷، ع ۶)

۱۹۔۔۔ اس متعلق چند اقوال ہیں۔

(۱) حضرت ابن ابی حاتم نے ابو مالک سے روایت کی ہے کہ آپ شکم مچھلی میں چالیس دن رہے۔

(۲) بروایت جعفر صادق، سات دن۔

(۳) بروایت قتادہ، تین دن۔

(۴) بروایت شعبی، چند گھنٹے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۷۸)

(۵) بیس دن۔

(۶) اور چودہ دن کی بھی روایتیں ہیں۔ (حیوۃ الحیوان ج ۱ ص ۲۷۹)

۲۰۔۔۔ جب آپ مچھلی کے پیٹ سے باہر آئے تو وہیں ساحل دریا پر قدرت نے آپ کے لئے کدو کا پیڑ اگایا اس کو آپ نے تناول فرمایا۔ اور بحکم الٰہی روزانہ ایک بکری آتی اور اپنا تھن حضرت کے منہ مبارک میں دے کر آپ کو صبح شام دودھ پلا جاتی یہاں تک کہ آپ تندرست اور صحت مند ہو گئے۔ (خزائن العرفان پ ۲۳ ع ۹)

۲۱۔۔۔ آپ کے والد کا نام متی ہے۔ (خزائن العرفان پ ۱۷ ع ۹)

۲۲۔۔۔ آپ، حضرت یوسف علیہ السلام کے بیٹے افرائیم کے پوتے ہیں۔ (ابن کثیر پ ۲۳ ع ۹)

۲۳۔۔۔ آپ کے والد کا نام نسی اور دادا کا نام فنحاص ہے۔ (تفسیر نعیمی ۲-۵۲۶)

علامہ سیوطی نے بیان کیا ہے کہ ابن اسحٰق کا قول ہے کہ آپ کے والد کا نام یاسین بن فنحاص ہے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۷۹)

۲۴۔۔۔ آپ کا سلسلہ نسب یوں ہے۔

الیاس بن نسی بن فنحاص بن عیزار بن ہارون علیہ السلام (تفسیر نعیمی ج ۲ ص ۵۲۶)

ابن اسحٰق کے مطابق یوں ہے:

الیاس ابن یاسین بن فنحاص بن عیزار بن ہارون۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۷۹)

۲۵۔۔۔ آپ کے والد کا نام شرخیا ہے۔ (حاشیہ جلالین ص ۳۰)

۲۶۔۔۔ اس وقت آپ کی عمر شریف چالیس سال کی تھی۔ (خزائن العرفان پ ۳ ع ۳)

۲۷۔۔۔ اس واقعہ کی تفصیل یوں ہے۔

جب بخت نصر بادشاہ نے بیت المقدس کو ویران کیا، بنی اسرائیل کو قتل کیا، گرفتار کیا اور تباہ کر ڈالا تب حضرت عزیر علیہ السلام وہاں سے گزرے۔ آپ کے ساتھ ایک برتن کھجور اور ایک پیالہ انگور کا رس تھا۔ آپ ایک دراز گوش پر سوار تھے۔ تمام بستی میں پھرے کسی شخص کو وہاں نہ پایا۔ بستی کی عمارتوں کو منہدم دیکھا تو آپ نے براہ تعجب کہا اَنّٰى يُحْيٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا (اسے کیوں کر

جلائے گا اللہ اس کی موت کے بعد) آپ نے اپنی سواری کے حمار کو وہاں باندھ دیا اور آرام فرمانے لگے۔ اسی حالت میں آپ کی روح قبض کرلی گئی۔ گدھا بھی مر گیا۔ یہ صبح کے وقت کا واقعہ ہے۔ اس کے ستر برس بعد اللہ تعالیٰ نے شاہان فارس میں سے ایک کو مسلط کیا۔ وہ اپنی فوجیں لیکر بیت المقدس پہنچا۔ بیت المقدس کو پہلے سے بھی بہتر طریقہ پر آباد کیا۔ بنی اسرائیل میں سے جو لوگ باقی رہے تھے اللہ تعالیٰ انہیں پھر یہاں لایا۔ وہ بیت المقدس اور اس کے نواح میں آباد ہوئے اور ان کی تعداد بڑھتی رہی۔ اس زمانہ میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضرت عزیر علیہ السلام کو دنیا کی آنکھوں سے پوشیدہ رکھا اور کوئی آپ کو نہ دیکھ سکا۔ جب آپ کی وفات کو سو برس گزر گئے تو اللہ تعالیٰ نے آپ کو زندہ کیا۔ پہلے آنکھوں میں جان آئی ابھی تک تمام جسم مردہ تھا وہ آپ کے دیکھتے دیکھتے زندہ کیا گیا۔ آپ نے اپنا کھانا اور پانی یعنی کھجور اور انگور کے رس کو دیکھا ویسا ہی تھا اس میں بو تک نہ آئی تھی۔ پھر آپ نے اپنے گدھے کو دیکھا جو مر کر گل گیا تھا اسکے اعضاء بکھر گئے تھے ہڈیاں سفید چمک رہی تھیں۔ آپ کی نگاہ کے سامنے اس کے اعضاء جمع ہوئے، اپنے اپنے مواقع پر آئے۔ ہڈیوں پر گوشت چڑھا، گوشت پر کھال آئی بال نکلے۔ پھر اس میں روح پھونکی گئی وہ اٹھ کھڑا ہوا اور آواز کرنے لگا۔ آپ نے اللہ کی قدرت کا مشاہدہ کیا اور فرمایا: میں خوب جانتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہر شئی پر قادر ہے۔ پھر آپ اپنی سواری پر سوار ہو کر اپنے محلے میں تشریف لائے۔ (خزائن العرفان پ ۳ ع ۳)

۲۸۔۔۔۔ جب آپ سو برس کے بعد زندہ ہوئے اور اپنے محلے میں تشریف لائے۔ آپ کے سر اقدس اور ریش مبارک کے بال سفید تھے۔ عمر وہی چالیس سال کی تھی کوئی آپ کو نہ پہچانتا تھا۔ اندازے سے اپنے مکان پر پہنچے ایک ضعیف بڑھیا ملی جس کے پاؤں رہ گئے تھے وہ نابینا ہو گئی تھی وہ آپ کے گھر کی باندی تھی اس نے پہلے بھی آپ کو دیکھا تھا۔ آپ نے اس سے دریافت فرمایا کہ یہ عزیر کا مکان ہے۔؟ اس نے کہا ہاں! اور عزیر کہاں۔؟ بولی انہیں مفقود ہوئے سو برس گزر گئے یہ کہکر خوب روئی۔ آپ نے فرمایا: میں عزیر ہوں! اس نے کہا سبحان اللہ یہ کیسے ہو سکتا ہے۔! آپ نے کہا: اللہ نے مجھے سو برس مردہ رکھا پھر زندہ کیا۔ اس نے کہا: حضرت عزیر علیہ السلام مستجاب الدعوات تھے جو دعا کرتے قبول ہوتی۔ آپ دعا کیجئے کہ میں بینا ہو جاؤں تاکہ میں اپنی آنکھوں سے آپ کو دیکھ سکوں۔! آپ نے دعا فرمائی وہ بینا ہوئی۔ آپ نے اس کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا۔ "اٹھ خدا کے حکم سے" یہ فرماتے ہی اس کے مارے ہوئے پاؤں درست ہو گئے۔ اس نے آپ کو دیکھا پہچانا اور کہا: میں گواہی دیتی ہوں کہ آپ بے شک حضرت عزیر علیہ السلام ہیں۔! وہ آپ کو بنی اسرائیل کے محلے میں لے گئی۔ وہاں ایک مجلس میں آپ کے فرزند تھے جن کی عمر ایک سو اٹھارہ سال کی ہو چکی تھی۔ اور آپ کے پوتے بھی تھے جو بوڑھے ہو چکے تھے۔ بڑھیا نے مجلس میں پکارا کہ یہ حضرت عزیر علیہ السلام تشریف لے آئے۔ اہل مجلس نے اس کو جھٹلایا۔ اس نے کہا: مجھے دیکھو آپ کی دعا سے میری یہ حالت ہو گئی۔! لوگ اٹھے اور آپ کے پاس آگئے۔ آپ کے فرزند نے کہا کہ میرے والد صاحب کے شانوں کے درمیان سیاہ بالوں کا ایک ہلال تھا۔ جسم مبارک کھول کر دیکھا گیا تو وہ موجود تھا۔ اس زمانہ میں توریت کا کوئی نسخہ نہ رہا تھا کوئی اسکا جاننے والا بھی نہ تھا۔ آپ نے تمام توریت حفظ پڑھ دی۔ ایک شخص نے کہا: مجھے اپنے والد سے معلوم ہوا کہ بخت نصر کی ستم انگیزیوں کے بعد، گرفتاری کے زمانہ میں میرے دادا نے توریت ایک جگہ دفن کردی تھی اس کا پتہ مجھے معلوم ہے۔ اس پتہ پر جستجو کرکے توریت کا وہ مدفون نسخہ نکالا گیا۔ اور حضرت عزیر علیہ السلام نے اپنی یاد سے جو توریت لکھائی تھی اس سے مقابلہ کیا گیا تو ایک حرف کا بھی فرق نہ تھا۔ (خزائن العرفان پ ۳ ع ۳)

۲۹۔۔۔۔ چار انبیاء کرام کے علاوہ سبھی انبیاء ومرسلین کے نام عجمی ہیں۔ وہ چار یہ ہیں (۱) حضرت آدم علیہ السلام (۲) حضرت صالح علیہ السلام (۳) حضرت شعیب علیہ السلام (۴) اور

حضرت سید الانبیاء محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ ([illegible])

۳۰—— دو حضرت ادریس علیہ السلام ہیں۔ ([illegible])

۳۱—— حضرت موسیٰ علیہ السلام۔ (تفسیر نعیمی [illegible])

۳۲—— حضرت نوح علیہ السلام پہلے نبی ہیں جو کفار کی ہدایت کیلئے آئے۔ آپ سے پہلے کے پیغمبر مومنین ہی کو ہدایت پر رکھنے کے لئے آئے تھے۔ (تفسیر نعیمی [illegible])

۳۳—— حضرت داؤد علیہ السلام پہلے نبی ہیں جنہیں اللہ تقدس وتعالیٰ نے نبوت کے ساتھ ساتھ سلطنت سے بھی سرفراز فرمایا۔ آپ سے پہلے سلطنت و نبوت دونوں کا اعزاز ایک ساتھ کسی کو نہیں ملا۔ (حاشیہ جلالین ص [illegible])

۳۴—— پانچ انبیائے کرام کے نام۔ وہ یہ ہیں

(۱) نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم۔ ارشاد باری ہے۔

وَمُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْ بَعْدِ اسْمُهٗ اَحْمَدُ.

(۲) حضرت یحییٰ علیہ السلام۔ ارشاد باری ہے۔ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامِ اسْمُهٗ يَحْيٰى۔

(۳) حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔ ارشاد رحمانی ہے۔

مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ (حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ایک نام مصدق اور ایک نام کلمۃ اللہ ہے)

(۴) حضرت اسحٰق علیہ السلام۔

(۵) حضرت یعقوب علیہ السلام ارشاد قرآنی ہے۔

فَبَشَّرْنَاهَا بِاِسْحٰقَ وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ. ([illegible])

۳۵—— وہ تیرہ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام ہیں۔ ان کے نام حسب ذیل ہیں

(۱) حضرت آدم۔ (۲) حضرت شیث (۳) حضرت نوح۔ (۴) حضرت سام۔ (۵) حضرت ادریس۔ (۶) حضرت لوط۔ (۷) حضرت یوسف۔ (۸) حضرت موسیٰ۔ (۹) حضرت شعیب۔ (۱۰) حضرت سلیمان۔ (۱۱) حضرت یحییٰ۔ (۱۲) حضرت عیسیٰ۔ (۱۳) حضرت سید الانبیاء والمرسلین علیہم السلام۔

محمد بن حبیب ہاشمی نے چودہ نقل کیے ہیں۔

(۱) حضرت آدم۔ (۲) حضرت شیث (۳) حضرت نوح۔ (۴) حضرت ہود۔ (۵) حضرت صالح۔ (۶) حضرت لوط۔ (۷) حضرت شعیب۔ (۸) حضرت یوسف۔ (۹) حضرت موسیٰ۔ (۱۰) حضرت سلیمان۔ (۱۱) حضرت ذکریا۔ (۱۲) حضرت حنظلہ بن ابی صفوان۔ (۱۳) حضرت عیسیٰ۔ (۱۴) حضرت خاتم النبیین علیہم الصلوٰۃ والسلام۔

([illegible])

۳۶—— پانچ انبیاء کرام ہیں۔

(۱) حضرت نوح۔ (۲) حضرت ابراہیم۔ (۳) حضرت موسیٰ۔ (۴) حضرت عیسیٰ۔ (۵) اور حضرت محمد مصطفیٰ صلوٰۃ اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہم اجمعین۔ ([illegible])

۳۷—— چار انبیاء کرام ہیں۔

دو آسمان پر۔ حضرت عیسیٰ اور حضرت ادریس علیہما السلام۔ اور دو زمین پر۔ حضرت الیاس اور حضرت خضر علیہما السلام۔ (تفسیر نعیمی [illegible] تفسیر الم نشرح [illegible])

۳۸—— دو۔ حضرت عیسیٰ اور حضرت ادریس علیہما السلام۔

([illegible])

۳۹—— چار انبیاء کرام علیہم السلام کے ذریعہ۔ ان کی تفصیل ذیل میں مندرج ہے۔

(۱) حضرت حزقیل علیہ السلام۔ آپ کی دعا سے بنی اسرائیل کے ان ستر ہزار آدمیوں کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے زندہ فرمایا جو طاعون کے خوف سے آبادی سے نکل کر جنگل کی طرف چلے گئے تھے اور انہیں وہیں موت آ گئی تھی۔

(۲) حضرت ابراہیم علیہ السلام۔ جن کے ذریعہ چار جانور ذبح اور قیمہ کر دینے کے بعد زندہ ہوئے۔

(۳) حضرت عزیر علیہ السلام۔ آپ کے ذریعہ مردہ گدھا زندہ ہوا۔

(۴) حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔ جنہوں نے کئی مردوں کو زندہ فرمایا۔ ان چاروں رسولوں کا مردہ زندہ فرمانا قرآن میں صراحتاً مذکور ہے۔

(۵) ہمارے حضور ﷺ۔ جن سرکار نے اپنے والدین حضرت آمنہ و حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہما۔ اور بہت سے مردوں کو زندہ فرمایا۔ جس کا ذکر احادیث شریف، کتب تواریخ، شامی شریف اور مدارج میں ہے۔ (تفسیر نعیمی ج ۳ ص ۱۰۵۱)

(۶) حضرت جرجیس علیہ السلام۔ آپ کی دعا سے سترہ آدمی اللہ تعالیٰ کے حکم سے زندہ ہو گئے جن میں نو مرد، پانچ عورتیں اور تین بچے تھے۔ آپ کے عہد کے بادشاہ نے کہا تھا کہ اگر تیرا خدا مردوں کو زندہ کر دے تو ہم اس کی پرستش کریں گے۔! چنانچہ پاس ہی میں ایک پرانا قبرستان تھا وہاں آپ لوگوں کیساتھ تشریف لائے اور مردوں کو زندہ فرمایا۔ (ملفوظات خواجہ نظام الدین اولیاء۔ ۴۳)

۴۰ ـــــ دو نبیوں نے۔

(۱) حضرت موسیٰ علیہ السلام۔ طور سینا پر۔

(۲) اور حضور اکرم ﷺ۔ شب معراج کو عروج عرش پر۔ (صاوی جمل ج ۳ ص ۲۲۵)

۴۱ ـــــ دو نبیوں کے لئے۔

(۱) نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے لئے۔ ہجرت کے موقع پر۔

(۲) حضرت داؤد علیہ السلام کے لئے۔ جب طالوت نے آپ کو قتل کرنے کا ارادہ کیا تو آپ ایک غار میں جا چھپے۔ طالوت کو معلوم ہوا تو غار پر تلاش کرنے لگا۔ تب مکڑی نے اس غار کے دہانے پر جالا تن دیا تھا جسے دیکھ کر طالوت تلاش میں غار کے اندر نہ گیا۔ (حیوۃ الحیوان ج ۲ ص ۸۶ ۔۔۔ روح البیان ج ۲ ص ۹۹)

۴۲ ـــــ ایسے صرف دو نبی ہیں۔

(۱) حضور اکرم ﷺ کہ آپ کا ذاتی نام "محمد" اور "احمد" ہے۔ اور صفاتی نام سینکڑوں بلکہ ہزاروں ہیں۔

(۲) حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔ (عیسیٰ اور مسیح) (الاتقان ج ۲ ص ۱۷۹)

۴۳ ـــــ دو نبیوں نے نکاح نہیں فرمایا۔ حضرت عیسیٰ اور حضرت یحییٰ علیہما السلام

۴۴ ـــــ بنی اسرائیل کے سب سے پہلے نبی حضرت یوسف علیہ السلام ہیں۔ اور سب سے آخری نبی حضرت عیسیٰ علیہ السلام ایک قول یہ ہے کہ بنی اسرائیل کے سب سے پہلے نبی حضرت موسیٰ علیہ السلام ہیں۔ (ابن کثیر پ ۱ ع ۴)

۴۵ ـــــ وہ حضرت آدم علیہ السلام ہیں۔ آپ نے ہمیشہ بارش کا پانی پیا کنویں کا پانی کبھی نہ پیا۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۳۱)

۴۶ ـــــ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا:

میں نے شب معراج کو ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا کہ وہ بالکل میرے مشابہ تھے۔

(ابن کثیر پ ۱۵ ع ۱)

۴۷ ـــــ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضور اکرم ﷺ جب معراج کو تشریف لے گئے۔ پھر مراجعت فرمائی تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے امت محمدیہ کو سلام کہلوایا۔

(مشکوٰۃ شریف ج ۲ ص ۲۰۲)

۴۸ ـــــ یہ اعزاز حضرت یعقوب علیہ السلام کو ہے کہ آپکے والد ماجد حضرت اسحٰق علیہ السلام نبی دادا حضرت ابراہیم علیہ السلام نبی نانا حضرت لوط علیہ السلام نبی اور صاحبزادے حضرت یوسف علیہ السلام نبی۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۸۰۷)

۴۹ ـــــ حضرت سلیمان علیہ السلام۔ کیونکہ آپ تونگر تھے۔ (کیمیائے سعادت اردو ص ۷۴۳)

۵۰ ـــــ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا:

حضرت دانیال علیہ السلام نے اپنے رب سے یہ دعا کی تھی کہ انہیں محمد ﷺ کی امت دفن کرے۔ جب ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے قلعہ تستر فتح کیا تو انہوں نے حضرت دانیال علیہ السلام کو ان کے تابوت میں اس حال میں پایا کہ ان کے تمام جسم اور گردن کی سب رگیں برابر چل رہی تھیں پھر انہوں نے ان کو دفن کیا۔

(البدایہ ج ۲ ص ۴ بحوالہ سچی حکایات ص ۷۱ حصہ پنجم)

۵۱ ـــــ وہ خوش نصیب حضرت اسحٰق علیہ السلام کی زوجہ محترمہ ہیں۔ آپ کے والد محترم حضرت لوط علیہ السلام بھی نبی شوہر حضرت اسحٰق علیہ السلام بھی نبی۔ خسر حضرت ابراہیم علیہ السلام بھی نبی بیٹے حضرت یعقوب علیہ السلام اور پوتے حضرت یوسف علیہ السلام بھی نبی۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۸۰۷)

۵۲۔۔۔ وہ حضرت ابراہیم ﵇ ہیں کہ آپ کے صاحبزادے حضرت اسحٰق ﵇ ان کے فرزند حضرت یعقوب ﵇ اور ان کے فرزند حضرت یوسف ﵇ سب کے سب نبوت سے سرفراز ہوئے۔ آپ کے علاوہ کسی نبی کو بھی یہ فضیلت حاصل نہ ہوئی۔ (تفسیر نعیمی ج۱ص۸۰۸)

۵۳۔۔۔ بعض انبیاء کرام علیہم السلام کے مبارک پیشے درج ذیل ہیں۔

حضرت آدم ﵇ نے پہلے کپڑا بننے کا کام کیا۔ بعد میں کھیتی باڑی کے کام میں مشغول رہے۔

حضرت ادریس ﵇ کپڑے سی کر گزر بسر کرتے تھے۔

حضرت نوح ﵇ بڑھئی کا کام کرتے تھے۔

حضرت ھود اور حضرت صالح علیہما السلام تجارت کرتے تھے۔

حضرت ابراہیم ﵇ بھی کاشتکاری کرتے تھے۔

حضرت موسیٰ ﵇ نے کچھ مدت بکریاں چرائیں۔

حضرت داؤد ﵇ زرہ بنا کر گزر اوقات کرتے تھے۔

حضرت سلیمان ﵇ جو روئے زمین کے بادشاہ تھے، درخت کے پتوں سے پنکھے اور زنبیلیں وغیرہ بنا کر گزر کرتے تھے۔

حضرت عیسیٰ ﵇ نے کوئی پیشہ اختیار نہ فرمایا بلکہ ہمیشہ سیر فرماتے تھے اور فرماتے تھے کہ جس نے مجھے ناشتہ دیا وہی شام کا کھانا بھی دے گا۔

(تفسیر نعیمی ج۱ص۳۳۶)

۵۴۔۔۔ کوئی بھی نبی کسی کا شاگرد نہیں ہوا سوائے حضرت موسیٰ ﵇ کے کہ آپ علم اسرار و طریقت حاصل کرنے کے لئے حضرت خضر ﵇ کے پاس گئے۔

(تفسیر نعیمی ج۱ص۲۹۳)

۵۵۔۔۔ وہ حضرت شعیب ﵇ ہیں کہ آپ کی عمر تین ہزار سال ہوئی بروایت دیگر تین ہزار چھ سو سال۔ (حاشیہ جلالین ص۳۲۹)

حضرت ذوالقرنین اور لقمان حکیم سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ حضرت ذوالقرنین کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۲۔۔۔ حضرت ذوالقرنین کا لقب "ذوالقرنین" کیوں ہوا۔؟
۳۔۔۔ حضرت ذوالقرنین اور حضرت خضر ﵇ کے مابین کیا رشتہ ہے۔؟
۴۔۔۔ حضرت ذوالقرنین نے کس نبی کے ساتھ طواف بیت اللہ کیا۔؟
۵۔۔۔ حضرت ذوالقرنین کی عمر کتنی ہوئی۔؟
۶۔۔۔ حضرت لقمان حکیم کے والد اور دادا کا نام کیا ہے۔؟
۷۔۔۔ حضرت حکیم لقمان کا حضرت ایوب ﵇ سے کیا رشتہ ہے۔؟
۸۔۔۔ حضرت لقمان حکیم نے کس نبی کی خدمت میں رہ کر علم حاصل کیا۔؟
۹۔۔۔ حضرت لقمان حکیم کتنے انبیاء کرام کی بارگاہ کی حاضری سے مشرف ہوئے۔؟
۱۰۔۔۔ حضرت لقمان حکیم کے اس صاحبزادے کا کیا نام ہے جس کا ذکر قرآن میں ہے۔؟
۱۱۔۔۔ حضرت لقمان حکیم کی عمر کتنی ہوئی۔؟
۱۲۔۔۔ حضرت لقمان حکیم کی قبر کہاں ہے۔؟

حضرت ذوالقرنین و حضرت حکیم لقمان سے متعلق جوابات

ا۔۔۔ آپ کا نام اسکندر ہے۔ (خزائن العرفان پ ۱۶ ع ۲)

بعض نے عبداللہ بن ضحاک بن سعد۔ بعض نے مصعب بن قرین بن ہلال اور بعض نے المنذر بن اسماء کہا ہے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۸۳)

۲۔۔۔ ذوالقرنین کے معنی دو گیسوؤں یا دو سینگوں والا۔ آپ کا لقب ذوالقرنین کیوں ہوا؟ اس سلسلے میں کئی اقوال ہیں۔

(۱) حضرت وہب کہتے ہیں۔: چونکہ ان کے سر کے دونوں طرف تانبا رہتا تھا اس لئے انہیں ذوالقرنین کہا گیا۔

(۲) چونکہ آپ زمین کی دونوں شاخوں یعنی مشرق و مغرب تک پہنچ گئے اس لئے ذوالقرنین لقب ہوا۔

(۳) یہ بھی کہا جاتا ہے کہ آپ روم و فارس جیسی دو عظیم مملکتوں کے بادشاہ تھے اس لئے یہ لقب ہو گیا۔

(۴) بعض کا قول ہے کہ فی الواقع آپ کے سر پر دو سینگیں تھیں جن کو آپ اپنے تاج میں چھپائے رکھتے تھے اس لئے آپ اس لقب سے ملقب ہوئے۔

(۵) حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں: آپ خدا کے نیک بندہ تھے اپنی قوم کو دعوت توحید دی تو قوم آپ کے مخالف ہو گئی اور آپ کے سر کے ایک جانب اس قدر مارا کہ آپ شہید ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو دوبارہ زندہ فرمایا۔ قوم نے پھر سر کے دوسری جانب مارا جس سے آپ پھر شہید ہو گئے اس لئے آپ کا لقب ذوالقرنین ہوا۔

(۶) ایک قول یہ ہے کہ آپ کے زمانہ میں آدمیوں کے دو قرن (صدی)

گزر گئے تھے آپ اتنی مدت تک زندہ رہے اس لئے اس لقب سے ملقب ہوئے۔

(۷) یہ بھی قول ہے کہ آپ کو علم ظاہر و باطن دونوں عطا کئے گئے تھے اسلئے یہ لقب ہوا۔

(۸) اور ایک قول یوں بھی ہے کہ نور و ظلمت دونوں کی طرف آپ کا میلان طبع تھا اس لئے ذوالقرنین کے لقب سے مشہور ہو گئے۔

(الاتقان ج ۲ ص ۱۸۳۔ ابن کثیر پ ۱۶ ع ۲)

۳۔۔۔ آپ حضرت خضر علیہ السلام کے خالہ زاد بھائی ہیں۔ (خزائن العرفان پ ۱۶ ع ۲)

۴۔۔۔ آپ نے حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کے ساتھ طواف بیت اللہ کیا اور خدا کے نام پر بہت سی قربانیاں کیں۔ (ابن کثیر پ ۱۶ ع ۲)

۵۔۔۔ آپ کی عمر ایک ہزار چھ سو سال ہوئی۔ (ابن کثیر پ ۱۶ ع ۲)

۶۔۔۔ محمد بن اسحٰق نے کہا ہے کہ آپ کے والد کا نام باعور اور دادا کا نام ناحور بن تارخ ہے۔ (خزائن العرفان پ ۲۱ ع ۱۱)

بقول دیگر والد کا نام عنقاء بن سدون۔ (ابن کثیر پ ۲۱ ع ۱۱)

۷۔۔۔ وہب کا قول ہے کہ آپ حضرت ایوب علیہ السلام کے بھانجے تھے۔ اور مقاتل نے کہا ہے کہ آپ ایوب علیہ السلام کے خالہ زاد بھائی تھے۔ (خزائن العرفان پ ۲۱ ع ۱۱)

۸۔۔۔ آپ نے حضرت داؤد علیہ السلام کا زمانہ پایا اور ان کی خدمت میں رہ کر علم اخذ کیا اور خود کامل و مکمل تھے۔ اپنے دور کے قاضی و مفتی تھے مگر داؤد علیہ السلام کے زمانہ میں فتویٰ دینا ترک کر دیا تھا۔ (خزائن العرفان پ ۲۱ ع ۱۱)

۹۔۔۔ آپ کو چار ہزار انبیاء کرام علیہم السلام کی بارگاہ میں حاضری کا شرف حاصل ہوا۔ (غرائب القرآن ص ۱۵۹)

۱۰۔۔۔ آپ کے اس بیٹے کا نام انعم یا اشکم ہے۔ (خزائن العرفان پ ۲۱ ع ۱۱)

بعض نے اس بیٹے کا نام باران بعض نے داران اور بعض نے مشکم کہا ہے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۸۸)

سبکی نے ثاران بیان کیا ہے۔ (ابن کثیر [illegible])

۱۱۔۔۔ آپ کی عمر ایک ہزار سال ہوئی۔ ([illegible])

۱۲۔۔۔ آپ کی قبر شریف مقام ہرقند میں ہے جو رملہ کے قریب ہے اور حضرت قتادہ نے کہا ہے کہ آپ کی قبر رملہ میں مسجد اور بازار کے درمیان میں ہے۔

([illegible] القرآن [illegible])

حضور اکرم ﷺ کی اولاد کرام رضی اللہ عنہم اجمعین سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کی کتنی اولاد تھیں اور ان میں سے کتنے صاحبزادے اور کتنی صاحبزادیاں تھیں۔؟

۲۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کی اولاد کرام کس کس کے بطن سے تولد ہوئیں۔؟

۳۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کی اولاد کرام میں سب سے بڑے کون تھے اور سب سے چھوٹے کون۔؟

۴۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے صاحبزادگان میں سے سب سے بڑے کون تھے اور سب سے چھوٹے کون اور صاحبزادیوں میں سب سے بڑی کون تھی اور سب سے چھوٹی کون؟

۵۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے صاحبزادگان میں طیب وطاہر کس کا لقب ہے اور کیوں؟

۶۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کی اولاد کرام میں سے کون کون قبل از اظہار نبوت تولد ہوئے اور کون کون بعد اظہار نبوت۔؟

۷۔۔۔ حضرت قاسم بن رسول اللہ ﷺ کی وفات کب ہوئی۔؟

۸۔۔۔ حضرت قاسم ؓ کی عمر کتنی ہوئی۔؟

۹۔۔۔ حضرت عبداللہ بن رسول اللہ ﷺ کی ولادت کب ہوئی اور وصال کب ہوا۔؟

۱۰۔۔۔ حضرت ابراہیم بن رسول اللہ ﷺ کس سن میں متولد ہوئے۔؟

۱۱۔۔۔ حضرت ابراہیم ؓ کے عقیقہ میں رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے کیا ذبح فرمایا۔؟

۱۲۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے حضور میں حضرت ابراہیم کی ولادت کی خبر کس نے پہنچائی اور آپ نے انہیں کیا انعام سے سرفراز فرمایا۔؟

۱۳ـــــ حضور اکرم ﷺ نے حضرت ابراہیم کو دودھ پلانے کے لئے کس کے سپرد فرمایا۔؟

۱۴ـــــ حضرت ابراہیم ؓ کا انتقال کس تاریخ کو ہوا۔؟

۱۵ـــــ حضرت ابراہیم ؓ کی عمر کتنی ہوئی۔؟

۱۶ـــــ حضرت ابراہیم ؓ کو کس نے غسل دیا۔؟

۱۷ـــــ حضرت ابراہیم ؓ کی نماز جنازہ پڑھی گئی یا نہیں۔؟

۱۸ـــــ حضرت ابراہیم ؓ کی قبر مبارک کہاں ہے۔؟

۱۹ـــــ سیدہ زینب بنت رسول اللہ ﷺ کی ولادت کس سن میں ہوئی۔؟

۲۰ـــــ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کا نکاح کس سے ہوا۔؟

۲۱ـــــ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کی کتنی اولادیں ہوئیں۔؟

۲۲ـــــ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کی رحلت کس سن میں ہوئی۔؟

۲۳ـــــ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کو غسل کس کس نے دیا۔؟

۲۴ـــــ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کو غسل کتنی بار دیا گیا۔؟

۲۵ـــــ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کو قبر میں کس نے اتارا۔؟

۲۶ـــــ سیدہ رقیہ بنت رسول اللہ ﷺ کی ولادت کس سن میں ہوئی۔؟

۲۷ـــــ سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا کا پہلا نکاح کس سے ہوا تھا اور جدائی کیوں ہوئی تھی۔؟

۲۸ـــــ سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا کا دوسرا نکاح کس سے ہوا۔؟

۲۹ـــــ سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا کی کتنی اولاد ہوئیں۔؟

۳۰ـــــ سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا کا انتقال کس سن میں ہوا اور ان کے دفن میں حضور ﷺ موجود تھے یا نہیں۔؟

۳۱ـــــ سیدہ ام کلثوم بنت رسول اللہ ﷺ پہلے کس کی زوجیت میں تھیں۔؟

۳۲ـــــ سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا کے پہلے شوہر سے جدائی کیوں ہوئی اور پہلے شوہر کا انجام کیا ہوا۔؟

۳۳ـــــ سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا کا دوسرا نکاح کس کے ساتھ اور کس سن میں ہوا۔؟

۳۴ـــــ سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا نے کس سن میں رحلت فرمائی۔؟

۳۵ـــــ سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی۔؟

۳۶ـــــ سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا کو قبر میں کس نے اتارا۔؟

۳۷ـــــ سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا کے انتقال کے بعد رسول اللہ ﷺ نے ان کے شوہر حضرت عثمان ؓ سے کیا فرمایا۔؟

۳۸ـــــ سیدہ ام کلثوم کی کتنی اولاد ہوئیں۔؟

۳۹ـــــ سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی ولادت کس سن میں ہوئی۔؟

۴۰ـــــ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کا نام "فاطمہ" کس نے رکھا اور کیوں۔؟

۴۱ـــــ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی ولادت کے وقت انتظام زچہ خانہ کے لئے کون کونسی عورتیں آئیں اور کہاں سے۔؟

۴۲ـــــ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کا خطاب اور لقب کیا کیا ہیں۔؟

۴۳ـــــ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے لئے نکاح کا پیام کس کس نے دیا تھا اور حضور ﷺ نے انہیں کیا جواب دیا تھا۔؟

۴۴ـــــ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو کس نے ترغیب دی کہ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے لئے پیام دیں اور حضور ﷺ نے اس پیام کا کیا جواب دیا۔؟

۴۵ـــــ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کا نکاح کس نے پڑھایا، مہر عقد کتنا متعین ہوا اور نکاح کے بعد کیا تقسیم کیا گیا۔؟

۴۶ـــــ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کا نکاح حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہ سے کس سن میں ہوا۔؟

۴۷ـــــ بوقت نکاح سیدہ فاطمہ اور حضرت علی مرتضی رضی اللہ عنہما کی عمر کتنی تھی۔؟

۴۸ـــــ حضور اکرم ﷺ نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو جہیز میں کیا کیا چیزیں عطا فرمائیں۔؟

۴۹ـــ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے ولیمہ میں کیا کھانا کھلایا۔؟

۵۰ـــ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کا انتقال حضور اکرم ﷺ کے وصال کے کتنے عرصہ بعد کس ماہ کی کس تاریخ کو ہوا۔؟

۵۱ـــ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو غسل کس نے دیا اور کفن کس نے پہنایا۔؟

۵۲ـــ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کا جنازہ کس چیز میں چھپا کر اٹھایا گیا۔؟

۵۳ـــ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی۔؟

۵۴ـــ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کہاں مدفون ہوئیں۔؟

۵۵ـــ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی کتنی اولاد ہوئیں۔؟

۵۶ـــ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی عمر کتنی ہوئی۔؟

۵۷ـــ حضور اکرم ﷺ کی اولاد کرام میں سب سے پہلے کس نے وفات پائی۔؟

۵۸ـــ حضور اکرم ﷺ کے کس صاحبزادے کے وصال پر سورۂ کوثر کا نزول ہوا۔؟

۵۹ـــ حضور اکرم ﷺ کے اس فرزند کا نام کیا ہے جن کے بارے میں آپ نے فرمایا۔ "اس کے لئے اللہ تعالیٰ نے جنت میں ایک دودھ پلانے والی کو مقرر فرمادیا ہے جو مدت رضاعت تک دودھ پلاتی رہے گی"۔؟

۶۰ـــ سیدہ ام کلثوم بنت رسول اللہ ﷺ کا اصلی نام کیا ہے۔؟

حضور اکرم ﷺ کی اولاد کرام رضی اللہ عنہم اجمعین سے متعلق جوابات

۱ـــ جن اولاد کرام رضی اللہ عنہم اجمعین پر تمام اہل سیر کا اتفاق بیان کیا گیا ہے وہ چھ رسول زادے ہیں۔ دو فرزند دلبند حضرت قاسم اور حضرت ابراہیم۔ اور چار صاحبزادیاں سیدہ زینب، سیدہ رقیہ، سیدہ ام کلثوم اور سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہم۔ ان کے سوا میں اختلاف ہے۔

بعض علماء طیب و طاہر کو بھی شمار کرتے ہیں لہٰذا کل آٹھ رسول زادے ہوئے۔ چار فرزند ارجمند اور چار دختران اختران۔

بعض کہتے ہیں کہ حضرت ابراہیم و قاسم رضی اللہ عنہما کے سوا ایک فرزند عبداللہ ہیں جو کہ مکہ مکرمہ میں صغر سنی کے عالم ہی میں اس جہاں سے رخصت ہو گئے اور طیب و طاہر انہی کا لقب ہے اکثر علمائے انساب کا مذہب یہی ہے۔ لہٰذا کل سات رسول زادے ہوئے۔ تین صاحبزادے اور چار صاحبزادیاں۔

مواہب لدنیہ نے دار قطنی سے نقل کیا ہے کہ طیب و طاہر، عبداللہ کے سوا ہیں اس بنا پر صاحبزادگان کی تعداد پانچ ہو جاتی ہے اور کل تعداد نو ہوتی ہے۔

بعض لوگوں نے نقل کیا ہے کہ طیب و مطیب ایک حمل سے اور طیب و طاہر دوسرے حمل سے متولد ہوئے اس قول کو صاحب صفوۃ نے بیان کیا ہے اس لحاظ سے فرزندوں کی تعداد سات اور کل تعداد گیارہ بن جاتی ہے۔

بعض سے منقول ہے کہ اظہار نبوت سے قبل ایک فرزند متولد ہوا تھا اس کا نام عبد مناف رکھا گیا تھا۔ اس طرح کل تعداد بارہ ہو جاتی ہے۔

ان تمام اقوال سے آٹھ فرزندان رسول کی تعداد حاصل ہوئی جن میں سے دو، حضرت قاسم و ابراہیم متفق علیہ ہیں اور چھ مختلف فیہ۔

(۱) عبد مناف۔ (۲) عبد اللہ (۳) طیب (۴) مطیب (۵) طاہر (۶) مطہر۔

اصح یہ ہے کہ تین فرزند ہیں قاسم، ابراہیم اور عبد اللہ اور چار صاحبزادیاں۔ زینب، رقیہ، ام کلثوم اور فاطمہ۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۷۰، ۷۷۱)

۲۔۔۔ حضرت ابراہیم، ماریہ قبطیہ کے بطن سے اور باقی تمام اولاد کرام حضرت سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے شکم انور سے تولد ہوئے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۷۱)

۳۔۔۔ تمام اولاد کرام میں سب سے بڑے حضرت قاسم اور سب سے چھوٹے حضرت ابراہیم تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۷۱، ۷۷۳)

ان کی ترتیب میں اختلاف ہے ایک قول کے بموجب ترتیب اس طرح ہے۔ قاسم، زینب، رقیہ، فاطمہ، ام کلثوم، عبد اللہ اور پھر ابراہیم رضی اللہ عنہم اجمعین۔ (حاشیہ ۵ جلالین ص ۲۰۵)

۴۔۔۔ سب سے بڑے صاحبزادے حضرت قاسم، سب سے بڑی صاحبزادی بقول اکثر علماء سیدہ زینب۔ سب سے چھوٹے صاحبزادے حضرت ابراہیم اور سب سے چھوٹی صاحبزادی ایک قول کے بموجب سیدہ فاطمہ، ایک قول کے بموجب سیدہ رقیہ اور ایک قول کے بموجب سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہم ہیں۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۷۲، ۷۸۲)

۵۔۔۔ یہ حضرت عبد اللہ بن رسول اللہ ﷺ کا لقب ہے چونکہ یہ فرزند عہد اسلام میں متولد ہوا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۷۱)

۶۔۔۔ ابن اسحٰق کا قول ہے کہ حضرت ابراہیم کے سوا سب کے سب اولاد کرام قبل از اظہار نبوت پیدا ہوئیں۔ ایک قول ہے کہ بجز عبد مناف کے تمام اولاد کرام بعد اعلان نبوت منصہ وجود میں آئیں اور ایک قول یہ بھی کہ کہ صرف عبد اللہ عہد اسلام میں رونق بخش عالم ہوئے اسی بنا پر ان کا لقب طاہر ہوا۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۷۱)

۷۔۔۔ ان کی وفات حسرت آیات قبل از اظہار نبوت ہوئی۔ صاحب مواہب نے فرمایا: مستدرک میں ایسی روایت ہے کہ جو عہدہ اسلام میں ان کی وفات پانے پر دلالت کرتی ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۷۲)

۸۔۔۔ ان کی عمر میں اختلاف ہے۔

(۱) بعض کہتے ہیں کہ یہ پاؤں پر چلنے کی عمر تک باحیات رہے۔ (۲) بعض کا قول ہے کہ سواری پر سوار ہونے کی عمر تک اس دنیا میں رہے۔ (۳) بعض دو سال عمر بتاتے ہیں۔ (۴) اور بعض سترہ مہینے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۷۲)

۹۔۔۔ یہ فرزند مکہ مکرمہ میں بعد ظہور اسلام عالم وجود میں تشریف لائے اور عہد طفولیت میں ہی دولت سرائے جاودانی کو رحلت فرماگئے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۷۲)

۱۰۔۔۔ آپ کی ولادت مدینہ طیبہ میں ماہ ذوالحجہ الحرام ۸ھ میں حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا کے بطن سے ہوئی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۷۲)

۱۱۔۔۔ دو بھیڑیوں کو ذبح فرمایا۔ اور ایک قول کے بموجب ایک بکری کو ذبح کیا۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۷۳)

۱۲۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے غلام حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ نے حضور اکرم ﷺ نے اس مژدہ کے پہنچانے پر انہیں غلامی سے آزاد فرمادیا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۷۳)

۱۳۔۔۔ ام سیف رضی اللہ عنہا کے سپرد فرمایا جو کہ حضرت ابوسیف رضی اللہ عنہ کی زوجہ تھیں۔ رسول اللہ ﷺ حضرت ابراہیم کو دیکھنے کیلئے ابوسیف کے گھر تشریف لے جاتے تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۷۳)

۱۴۔۔۔ ان کا انتقال دسویں محرم یا دسویں ربیع الاول (۱۰ھ) کو ہوا تھا۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۷۵)

۱۵۔۔۔ ان کی عمر سے متعلق بھی ارباب سیر اختلاف رکھتے ہیں۔

(۱) ستر دن۔ جیسا کہ ابوداؤد نے ذکر کیا ہے۔ (۲) سولہ مہینے آٹھ دن۔ (۳) ایک سال دو مہینے اور چھ دن۔ (۴) تقریباً ڈیڑھ سال۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۷۴)

۱۶۔۔۔ اہل سیر کہتے ہیں کہ حضرت ابراہیم ﷺ کو ان کی دایہ (سلمیٰ زوجہ ابو رافع رضی اللہ عنہا) نے غسل دیا۔ اور ایک قول میں ہے کہ حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما نے غسل دیا اور حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے پانی ڈالا حضور اکرم ﷺ بھی تشریف فرما تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۷۵)

۱۷۔۔۔ صحیح یہ ہے کہ نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم نے انکی نماز جنازہ پڑھی اور یہ جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ انکی نماز جنازہ نہیں پڑھی گئی، علماء اس کی اس طرح تاویل کرتے ہیں کہ ممکن ہے کہ حضور ﷺ نے خود نہ پڑھی ہو اور صحابہ کرام کو حکم فرمایا ہو کہ وہ نماز پڑھ لیں۔ یا یہ مراد ہو کہ جماعت کے ساتھ نماز نہ ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۷۵)

۱۸۔۔۔ جنت البقیع میں حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی قبر شریف سے متصل۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۷۵)

۱۹۔۔۔ ان کی ولادت سن ۳۰ میلاد النبی ﷺ میں ہوئی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۷۹)

۲۰۔۔۔ آپ کے خالہ زاد بھائی حضرت ابو العاص بن الربیع رضی اللہ عنہ سے جو سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی بہن ہند بنت خویلد کے بیٹے تھے حضرت ابو العاص رضی اللہ عنہ مشہور اپنی کنیت کیساتھ ہیں ان کے نام میں اختلاف ہے۔ لقیط ہے یا مقسم یا قاسم یا یاسر۔ اکثر کے نزدیک قول اول درست ہے یعنی لقیط۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۷۹)

۲۱۔۔۔ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کا حضرت ابو العاص رضی اللہ عنہ سے ایک ہی فرزند دلبند تھا جس کا نام علی تھا جو حد بلوغیت سے قریب دنیا سے رخصت ہو گئے۔ اور ایک دختر فرخندہ اختر تھی جنکا نام امامہ تھا حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی رحلت کے بعد سیدہ فاطمہ کی وصیت کے بموجب سیدہ امامہ رضی اللہ عنہا سے نکاح فرمایا ان سے ایک فرزند "محمد اوسط" پیدا ہوئے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۸۱، ۷۸۲)

۲۲۔۔۔ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے ۸ھ کو دولت سرائے جاودانی کو رحلت فرمائی۔ (مدارج النبوۃ ص ۷۸۲)

۲۳۔۔۔ ان چار عورتوں نے

(۱) سیدتنا سودہ بنت زمعہ۔ (۲) ام سلمہ (۳) ام ایمن۔ (۴) ام عطیہ انصاریہ رضی اللہ عنہن۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۸۲)

۲۴۔۔۔ متفق علیہ حدیث میں آیا ہے کہ حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس اس حال میں تشریف لائے کہ ہم آپ کی صاجزادی (سیدہ زینب) کو غسل دے رہے تھے۔ آپ نے فرمایا: ان کو تین مرتبہ غسل دو یا اس سے زیادہ۔ ایک روایت میں پانچ اور سات مرتبہ آیا ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۸۲)

۲۵۔۔۔ حضور اکرم ﷺ نے خود ان کو قبر میں اتارا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۸۳)

۲۶۔۔۔ سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا، سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کی ولادت کے تین سال بعد ۳۳ میلاد النبی ﷺ میں رونق بخش عالم ہوئیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۸۳)

۲۷۔۔۔ سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا اظہار نبوت سے قبل عتبہ بن ابی لہب کی زوجیت میں تھیں۔ جب رسول کائنات علیہ الصلوۃ والتحیات نے اعلان نبوت فرمایا اور سورۂ "تبت یدا ابی لہب" نازل ہوئی تو ابو لہب نے اپنے بیٹے عتبہ سے کہا: او عتبہ! تیرا سر حرام ہے۔ امطلب یہ ہے کہ میں تجھ سے بیزار ہوں اگر تو محمد (ﷺ) کی بیٹی کو اپنے سے جدا نہ کرے۔ اس پر اس نے جدائی کر لی اور علیحدہ ہو گیا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۸۳)

۲۸۔۔۔ عتبہ بن ابی لہب سے جدائی کے بعد حضور اکرم ﷺ نے سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا کا نکاح حضرت عثمان ذو النورین رضی اللہ عنہ کے ساتھ مکہ مکرمہ میں کر دیا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۸۴)

دولابی نے بیان کیا ہے کہ حضرت عثمان کا سیدہ رقیہ رضی اللہ کیساتھ نکاح زمانۂ جاہلیت میں ہوا تھا مگر اور دیگر تمام اہل سیر نے بعد اسلام بیان کیا ہے۔ (حوالہ بالا)

۲۹۔۔۔ سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا کا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے ایک فرزند ارجمند عبد اللہ

تولد ہوا۔ جب وہ دو سال کا ہوا تو ایک مرغ نے ان کی چشم مبارک میں چونچ ماری جس سے وہ بیمار ہو گئے اور اسی بیماری میں دنیا سے رخصت ہو گئے۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۱۰ و ۸۶)

۳۰ــــ شوال ۲ھ میں۔ جب نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم نے شوال المکرم کے پہلے روز حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو فتح جنگ بدر کی بشارت کے ساتھ مدینہ منورہ روانہ کیا اور جب وہ چاشت کے وقت مدینہ طیبہ پہنچے تو لوگوں کو سیدہ رقیہ بنت رسول اللہ ﷺ کے دفن سے فارغ ہوتے ہوئے پایا یہی قول زیادہ صحیح ہے اور ایک روایت میں آیا ہے کہ حضور اکرم ﷺ سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا کے دفن میں خود موجود تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۷)

۳۱ــــ اظہار نبوت سے قبل سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا عتبہ یا عتیبہ ابن ابولہب کی زوجیت میں تھیں اعلان نبوت کے بعد اس نے جدائی کر لی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۵)

۳۲ــــ منقول ہے کہ عتبہ نے جب سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا سے جدائی کر لی تو وہ بارگاہ رسالت میں آیا اور کہنے لگا: میں کافر ہوا آپ کے دین سے۔ نہ آپ کا دین مجھے محبوب ہے اور نہ آپ مجھے پیارے ہیں۔! اس بدبخت نے حضور اکرم ﷺ سے زیادتی کی اور آپ کی قمیص مبارک کو چاک کر دیا۔ ایک روایت میں آتا ہے کہ اس ملعون نے اتنی گستاخی کی کہ اس نے اپنے ناپاک منہ کا تھوک حضور اکرم ﷺ کی جانب پھینکا اور کہا: میں نے رقیہ (رضی اللہ عنہا) کو طلاق دیدی۔! نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم نے فرمایا: اے خدا! اس ملعون پر اپنے کتوں میں سے ایک کتا مسلط کر دے۔ اہل سیر کہتے ہیں کہ حضرت ابو طالب اس وقت مجلس میں حاضر تھے انہوں نے فرمایا: میں نہیں جانتا کہ تجھے کونسی چیز حضور اکرم ﷺ کی دعا کے تیر سے بچا سکے گی۔

یہ ملعون تجارت کی غرض سے شام کی طرف جا رہا تھا راہ میں جب اس نے ایک ایسی منزل پر پڑاؤ ڈالا جہاں درندے تھے تو ابو لہب نے قافلہ والوں

سے کہا: آج کی رات تم سب ہماری مدد کرو کیونکہ میں ڈرتا ہوں کہ محمد (ﷺ) کی دعا میرے بیٹے کے حق میں کہیں آج کی رات اثر نہ کرے۔! اس پر سب نے اپنے اپنے بوجھوں کو اکٹھا کیا اور نیچے اوپر کر کے چنا، پھر ان بوجھوں کے اوپر عتبہ کے سونے کیلئے جگہ بنائی اور اس کے چاروں طرف گھیرا ڈال کر بیٹھ گئے۔ اس کے بعد حق تعالیٰ نے ان پر نیند کو مسلط کیا۔ ایک شیر آیا اس نے ایک ایک کے منہ کو سونگھا اور کسی سے اس نے تعرض نہ کیا۔ پھر اس نے جست لگائی، عتبہ پر پنجہ مارا اور اس کے سینے کو پھاڑ ڈالا۔ ایک روایت میں ہے کہ عتبہ کی گردن کو دبوچا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۵)

۳۳ــــ حضور اکرم ﷺ نے سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا کے انتقال کے بعد سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا کا ہجرت کے تیسرے سال حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ سے تزوج فرما دیا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۶)

۳۴ــــ ۹ھ کو عالم وصال کی طرف ارتحال فرمایا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۶)

۳۵ــــ ان کی نماز جنازہ حضور اکرم ﷺ نے پڑھائی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۸)

۳۶ــــ بعد نماز جنازہ نبی کریم ﷺ نے صحابہ کرام سے فرمایا:

تم میں کوئی ایسا ہے جس نے آج رات اپنی بیوی سے ہم بستری نہ کی ہو۔! اس پر حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ! میں ہوں۔! فرمایا: ان کی قبر میں اترو۔! بعض شارحین نے کہا ہے کہ حضور ﷺ کا یہ فرمانا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ پر تعریض تھا کیونکہ انہوں نے اس رات اپنی باندی سے جماع کیا تھا بایں سبب کہ سیدہ ام کلثوم کی علالت طول کھینچا تھا جب وہ بے طاقت ہو گئے تو اپنی باندی کے پاس گئے اور جماع کیا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۶)

۳۷ــــ رسول اللہ ﷺ نے سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا کی رحلت کے بعد حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے فرمایا:

اگر میرے پاس تیسری صاحبزادی ہوتی تو اسے بھی تمہارے نکاح میں

لے آتا۔ ایک روایت میں ہے کہ اگر دس صاحبزادیاں ہوتیں تو میں ان کو یکے بعد دیگرے دیتا جاتا اور وفات پاتی رہتیں۔" (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۸۶)

۳۸ــــ اہل سیر کہتے ہیں کہ سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا عرصہ تک حضرت ذو النورین ﷺ کی زوجیت میں رہیں لیکن ان سے کوئی اولاد نہ ہوئی۔ بعض روایتوں میں آیا ہے کہ دو فرزند متولد ہوئے لیکن زندہ نہ رہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۸۶)

۳۹ــــ سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی ولادت بقول ابن جوزی ۵ ۳م یعنی اظہار نبوت سے پانچ سال قبل ہے۔ مشہور تر روایت یہی ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ آپ کی ولادت، ولادت النبی ﷺ کے اکتالیسویں سال میں ہوئی۔ اہل سیر کہتے ہیں کہ یہ قول ابو بکر رازی کا ہے اور یہ قول اس کے مخالف ہے جسے ابن اسحٰق نے حضور اکرم ﷺ کی اولاد پاک کے بارے میں بیان کیا ہے کہ تمام اولاد کرام قبل از اظہار نبوت پیدا ہوئی ہیں بجز حضرت ابراہیم کے، اس لئے کہ اس قول کے بموجب سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی ولادت اعلانِ نبوت کے ایک سال بعد ہوتی ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۸۷)

۴۰ــــ صاحب روضۃ الواعظین فرماتے ہیں کہ جب حضرت خدیجہ، حمل سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا سے حاملہ ہوئیں تو حضور سید یوم النشور ﷺ نے فرمایا: خدیجہ۔! مجھ کو روح الامین نے خبر دی ہے کہ یہ صاحبزادی جو ہوگی ان کا نام فاطمہ رکھنا کہ یہ نام ان کا نسلی ہے۔ (اوراق غم ۱۱۱)

اور اس بنا پر یہ نام رکھا گیا کہ حق تعالیٰ نے ان کو اور ان کے محبین کو آتش دوزخ سے محفوظ رکھا ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۸۷)

۴۱ــــ جب حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی ولادت قریب ہوئی تو حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا نے انتظام زچہ خانہ کے لئے حسب رواج قریش میں سے عورتوں کو بلایا۔ سب نے انکار کر دیا کہ ہم تمہاری امداد و نظام زچہ خانہ کو ہرگز نہ آئیں گے کیونکہ تم نے ہماری بات نہ مانی اور متمول کو چھوڑ کر

یتیم محمد (ﷺ) کی بیوی بنی، تو انگری پر درویشی کو ترجیح دی۔! آپ اس جواب سے ملول و اندوہگین ہوئیں کہ اچانک چار عورتیں ظاہر ہوئیں جو گندم گوں اور دراز قد تھیں۔ حضرت خدیجہ ان اجنبی عورتوں کو دیکھ کر خائف ہوئیں تو ان میں سے ایک نے کہا: خدیجہ! غم نہ کر اور اصلاً خوف و خطر دل میں نہ لا، ہمیں اللہ نے تیری خدمت کے لئے بھیجا ہے اور ہم تمہاری بہنیں ہیں۔ میں سارہ بنت اسحٰق ہوں، یہ مریم بنت عمران ہیں، یہ کلثوم ہمشیر موسیٰ علیہ السلام اور یہ آسیہ فرعون کی بیوی ہیں۔ یہ کہہ کر ایک دائیں طرف بیٹھ گئی اور ایک بائیں طرف، ایک پیچھے کو اور ایک آپ کے آگے کہ اتنے میں آثار وضع حمل ظاہر ہوئے اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی ولادت ہوئی۔ ان عورتوں نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو طشت میں بٹھا کر آب کوثر سے غسل دیا اور ایک سپید کپڑا جو عطرہائے جنت سے معطر تھا نکالا۔ اس میں سیدہ کو لپیٹ لیا اور حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی گود میں دیتے ہوئے کہا لو! خدیجہ مبارک ہو۔! (اوراق غم ص ۱۱۹)

۴۲ــــ خطاب سیدۃ نساء العالمین اور سیدۃ نساء اہل الجنہ ہیں۔ اور لقب زہراء، بتول، زکیہ اور راضیہ ہیں۔ زہرا اس بنا پر کہ زہرت بہجت اور جمال میں کمال مرتبہ میں ہیں۔ اور بتول اس بنا پر کہ آپ اپنے زمانے کی تمام عورتوں سے فضیلت، دین اور حسن و جمال میں جدا ہیں اور ماسوی اللہ سے بے نیاز ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۸۷)

۴۳ــــ روایتوں میں آیا ہے کہ سید فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے لئے حضرت ابو بکر صدیق ﷺ نے پیام دیا تھا اور حضور ﷺ نے علت بیان کرتے ہوئے فرمایا "میں ان کے نکاح میں وحی کا انتظار کر رہا ہوں۔" اسکے بعد حضرت عمر فاروق ﷺ نے پیام دیا ان کو بھی اسی طرح جواب مرحمت فرمایا۔ مشکوۃ شریف میں مروی ہے کہ جب حضرت ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما نے ان کیلئے پیام دیا تو حضور ﷺ نے فرمایا وہ خورد سال ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۲)

۴۴ــــ حضرت ام ایمن رضی اللہ عنہا نے حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہٗ کو

ترغیب دی کہ آپ جاکر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے لئے حضور اکرم ﷺ کو پیام دیں۔ روضۃ الاحباب میں کہا گیا ہے کہ صحابہ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ سے کہا: آپ حضور ﷺ کے اہل اور خواص میں سے ہیں آپ جاکر فاطمہ رضی اللہ عنہا کے لئے حضور اکرم ﷺ کو پیام دیں۔! حضرت علی مرتضٰی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا: میں رسول اللہ ﷺ سے اس بارے میں شرم رکھتا ہوں اور فرمایا: حضور ﷺ نے حضرت ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کا پیام رد فرمادیا تو میرا پیام کیوں قبول فرمائیں گے۔! صحابہ نے کہا: آپ حضور ﷺ کی بارگاہ میں بہت زیادہ مقرب اور آپ ﷺ کے چچا کے صاحبزادے اور حضرت ابو طالب کے فرزند ہیں۔ جاؤ شرم نہ کرو۔! اس کے بعد حضرت علی مرتضٰی کرم اللہ وجہہٗ نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا پیام اپنے لئے پیش کیا۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے مرحبا و اہلاً فرمایا اور اس سے زیادہ کچھ نہ فرمایا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ اس وقت میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں موجود تھا۔ اس وقت آپ پر وہ کیفیت طاری ہوئی جو نزول وحی کے وقت طاری ہوتی ہے اور حضور ﷺ اس میں مستغرق ہو گئے۔ اس کے بعد جب وہ کیفیت دور ہوئی اور حضور ﷺ اپنے حال میں آئے تو فرمایا: اے انس۔! رب العرش کی پاس سے میرے حضور جبرائیل علیہ السلام آئے اور کہا کہ حق تقدس و تعالٰی ارشاد فرماتا ہے کہ فاطمہ کا نکاح علی (رضی اللہ عنہما) کے ساتھ کردو۔! تو اے انس۔! جاؤ اور ابو بکر، عمر، عثمان، طلحہ، زبیر اور جماعت انصار کو بلا لاؤ۔! اور پھر جب یہ سب حضرات حاضر ہو گئے تو حضور اکرم ﷺ نے بلیغ خطبہ پڑھا اس کے بعد حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کا نکاح حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کے ساتھ کردیا۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۲۸)

۴۵۔۔۔ حضور اکرم ﷺ نے چار سو مثقال چاندی پر عقد باندھا پھر ایک طباق کھجوروں کا لیا اور جماعت صحابہ میں بکھیر کر لٹایا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۲۸)

۴۶۔۔۔ حضور اکرم ﷺ نے ان کا عقد ہجرت کے دوسرے سال رمضان المبارک میں غزوہ بدر کی واپسی پر فرمایا۔ بعض غزوہ احد کے بعد کہتے ہیں۔ اور ماہ ذی الحجہ میں شب عروسی واقع ہوئی۔ ایک قول یہ ہے کہ ماہ رجب میں نکاح ہوا اور ایک قول سے ماہ صفر میں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۸ـ)

۴۷۔۔۔ بوقت نکاح سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی عمر شریف پندرہ سال ساڑھے پانچ ماہ کی تھی بعض سولہ سال اور بعض اٹھارہ سال کہتے ہیں۔ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کی عمر مبارک اکیس سال پانچ ماہ کی تھی دیگر اقوال بھی ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۲۷ و ۸۸ ـ ۷)

۴۸۔۔۔ حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کو جو جہیز حضور ﷺ نے عطا فرمایا تھا وہ مندرجہ ذیل ہے

(۱) دو رضائی جو کتان سے مملو تھیں۔ (۲) چار بالشت کپڑا۔ (۳) دو چاندی کے بازو بند۔ (۴) گدا۔ (۵) تکیہ۔ (۶) ایک پیالہ۔ (۷) ایک چکی۔ (۸) ایک مشکیزہ۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۳۰)

دوسرے قول کے بموجب جہیز کے سامان اس طرح ہیں۔

(۱) دو جوڑے۔ (۲) دو بازو بند چاندی کے۔ (۳) ایک چادر۔ (۴) ایک پیالہ۔ (۵) ایک چکی۔ (۶) دو گلاس (۷) ایک مشکیزہ۔ (۸) ایک کٹورہ پانی پینے کا۔ (۹) دو رضائی۔ (۱۰) اور چار گدے دو لون سے بھرے ہوئے تھے اور دو کھجور کی چھال سے۔ (ورق قمر ص ۱۳۱)

۴۹۔۔۔ حضرت علی مرتضٰی کرم اللہ وجہہ نے اپنی زرہ کو ایک یہودی کے پاس گروی رکھ کر ولیمہ کیا۔ ان کے ولیمہ میں چند صاع جو، کھجوریں اور حیس (ایک قسم کا کھانا جو کھجور، ستو اور گھی سے تیار کیا جاتا ہے۔) کا کھانا تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۳۰)

۵۰۔۔۔ حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا نے حضور اکرم ﷺ کے عالم وصال کی طرف ارتحال فرما جانے کے چھ ماہ بعد تین رمضان المبارک ۱۱ھ منگل کی رات کو محنت خانہ دنیا سے دار البقا کو رحلت فرمائی۔ یہی قول مشہور و صحیح ہے۔ اور بھی کئی

قول ہیں لیکن وہ درجہ صحت سے دور ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۰۰)

۵۱۔۔۔۔ آپ کو حضرت اسماء بنت عمیس زوجہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہما نے حسب وصیت غسل دیا اور آپ نے ہی کفن پہنایا۔ (اوراق غم ص ۳۰۰)

۵۲۔۔۔۔ حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا جب بستر مرگ پر تھیں تو حضرت اسماء بنت عمیس کی طرف متوجہ ہو کر فرمانے لگیں: اسماء! مجھے اس کی زیادہ فکر ہے کہ میرا جنازہ باہر جائیگا اور لوگ دیکھیں گے! اس نے عرض کی: سیدہ! میں نے حبشہ میں دیکھا ہے کہ عورتوں کے جنازے پر نرم شاخیں کمان کی طرح باندھ کر اوپر سے چادر ڈال دیتے ہیں۔ اس طریقے سے جنازہ نکالنے میں پردہ دری نہیں ہوتی۔ آپ نے وہ گہوارہ بنوا کر ملاحظہ کیا اور بہت خوش ہوئیں پھر وصیت فرمائی کہ میرا جنازہ اس گہوارہ میں اٹھایا جائے۔ آپ کی وصیت کے مطابق گہوارہ میں پوشیدہ کر کے جنازہ اٹھایا گیا۔ (اوراق غم ص ۳۰۸)

۵۳۔۔۔۔ ایک قول کے مطابق حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اور ایک قول کے بموجب حضرت عباس ﷺ نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۰۰)

ایک قول یہ بھی ہے کہ جب آپ کا جنازہ شریف رکھا گیا تاکہ نماز پڑھی جائے تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا: اے ابو بکر۔! آگے آؤ! حضرت ابو بکر صدیق ﷺ نے فرمایا: میں آگے آؤں حالانکہ تم موجود ہو۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا: ہاں! میں موجود ہوں لیکن تمہارے سوا کوئی ان کی نماز جنازہ نہ پڑھائے گا۔ اس کے بعد حضرت صدیق اکبر ﷺ آگے بڑھے اور سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ پڑھائی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۵۹، [illegible] ج ۱۱ ص ۵۹)

۵۴۔۔۔۔ سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کے محل دفن میں اختلاف ہے۔

بعض کا خیال ہے کہ آپ کا مرقد بقیع میں حضرت عباس ؓ کے قبہ میں ہے جہاں تمام اہل بیت نبوت آسودہ ہیں اور بعض کا خیال ہے کہ آپ کا مدفن آپ کے گھر ہی میں ہے جو کہ مسجد نبوی شریف میں ہے آپ کا جنازہ گھر سے باہر نہ نکالا گیا۔ آج بھی آپ کی زیارت گاہ وہیں مشہور ہے۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ آپ کا مزار شریف بقیع کی مسجد میں ہے جو قبہ عباس کے نام سے منسوب ہے اور کہتے ہیں کہ یہ مسجد بیت الحزن کے نام سے معروف ہے۔ (مدارج ج ۲ ص ۷۰۱)

۵۵۔۔۔۔ چھ اولادیں ہوئیں۔

تین صاحبزادگان

(۱) حضرت حسن (۲) حضرت حسین اور حضرت محسن رضی اللہ عنہم۔

اور تین صاحبزادیاں۔

(۱) سیدہ زینب (۲) سیدہ ام کلثوم۔ (۳) اور سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہن۔

حضرت محسن اور سیدہ رقیہ عہد طفولیت میں ہی انتقال فرما گئے۔ سیدہ زینب، حضرت عبد اللہ بن جعفر کی اور سیدہ ام کلثوم، حضرت عمر فاروق ﷺ کی زوجیت میں آئیں اور ان کی اولاد باقی نہ رہی اگرچہ سیدہ ام کلثوم کا حضرت فاروق اعظم سے ایک فرزند پیدا ہوا اور اس کا نام زید تھا۔ (مدارج النبوۃ ص ۷۸۸)

۵۶۔۔۔۔ آپ کی عمر اٹھائیس سال ہوئی۔ (اسماء رجال مشکوۃ ص ۶۲۳، [illegible] ج ۱۱ ص ۵۹)

۵۷۔۔۔۔ حضرت قاسم بن رسول اللہ ﷺ پہلے فرزند ہیں جس نے اولاد شریف میں سب سے پہلے وفات پائی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۰۲)

۵۸۔۔۔۔ حضرت عبد اللہ بن رسول اللہ ﷺ کے وصال پر۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۷۲)

۵۹۔۔۔۔ حضرت ابراہیم بن رسول اللہ ﷺ کی وفات کے دن رسول کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم نے فرمایا:

ابراہیم میرے فرزند کی وفات مدت رضاعت پوری کئے بغیر دنیا سے ہوئی ہے اور ان کیلئے ایک دودھ پلانے والی مقرر کی گئی ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ جنت میں ہے تاکہ مدت رضاعت پوری کرے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۰۶)

۶۰۔۔۔۔ اہل سیر کہتے ہیں کہ سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا کا اصلی نام معلوم نہ ہو سکا۔ بعض لوگ "آمنہ" بتاتے ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۵)

حضور اکرم ﷺ کے دادا اور والدین سے متعلق سوالات

۱— حضرت عبد المطلب کے والد اور دادا کا نام کیا ہے۔؟

۲— حضرت عبد المطلب کی عمر اس وقت کتنی تھی جب کہ آپ کے والد کا انتقال ہوا۔؟

۳— حضرت عبد المطلب کا نام "عبد المطلب" کیوں ہوا۔؟

۴— حضرت عبد المطلب کے کتنے بھائی تھے۔؟

۵— حضرت عبد المطلب نے کتنی شادیاں کیں اور کس بیوی سے کتنی اولاد ہوئیں۔؟

۶— حضرت عبد المطلب کے کتنے صاحبزادے تھے اور کتنی صاحبزادیاں۔؟

۷— حضرت عبد المطلب کی قبر مبارک کہاں ہے۔؟

۸— حضرت عبد المطلب کی عمر کتنی ہوئی۔؟

۹— حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ کے انتقال کے وقت حضور ﷺ کی عمر شریف کتنی تھی۔؟

۱۰— حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ کا انتقال کس جگہ ہوا۔؟

۱۱— حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ کی عمر کتنی ہوئی۔؟

۱۲— حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ کی قبر شریف کہاں ہے۔؟

۱۳— حضور اکرم ﷺ کی عمر شریف اس وقت کتنی تھی جب آپ اپنی والدہ محترمہ کے ساتھ مدینہ منورہ تشریف لے گئے تھے۔؟

۱۴— مدینہ منورہ کے اس سفر میں حضور اکرم ﷺ اور آپ کی والدہ کے علاوہ اور کون تھے۔؟

۱۵— حضور اکرم ﷺ کی والدہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کا انتقال کس جگہ ہوا اور آپ کی قبر شریف کہاں ہے۔؟

حضور اکرم ﷺ کے دادا اور والدین سے متعلق جوابات

۱— آپ کے والد کا نام ہاشم بن عبد مناف ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۱)

اور والدہ کا نام سلمیٰ۔ (معارج ص ۱۴۲)

۲— اس وقت حضرت عبد المطلب کی عمر پچیس سال کی تھی۔ ایک روایت میں ہے کہ آپ کی پیدائش سے قبل ہی والد ہاشم کا انتقال ہو گیا تھا۔

(معارج النبوۃ ص ۱۴۲ رکن اول)

۳— آپ کا نام عبد المطلب رکھے جانے میں بکثرت وجوہ مشہور ہیں۔ (۱) اس وجہ سے کہ آپ کے والد ہاشم کسی زمانہ میں مدینہ منورہ جا کر اقامت گزیں ہوئے تو ان سے یہ فرزند (عبد المطلب) پیدا ہوا۔ جب ہاشم کے بھائی مطلب مدینہ میں آئے تو انہوں نے بچہ کو دیکھا جو حسین صورت اور خوش جمال تھا۔ دریافت کرنے لگے کہ یہ بچہ کس کا ہے؟ ہم ہی میں سے معلوم ہوتا ہے اور ہمارا ہی ناک و نقشہ رکھتا ہے۔ لوگوں نے کہا کہ یہ ہاشم بن عبد مناف کا فرزند ہے۔ پھر تو انہوں نے اس بچہ کو اٹھا کر اونٹ پر اپنے پیچھے بٹھا لیا۔ چونکہ بچہ کے کپڑے میلے کچیلے اور بری شکل میں تھے جب لوگوں نے پوچھا یہ کون ہے؟ تو انہوں نے کہا یہ میرا "عبد" ہے۔ اسی بنا پر انہیں عبد المطلب کہا جانے لگا۔

(۲) یا اس وجہ سے کہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ جب ہاشم اس جہاں سے رحلت فرمانے لگے تو اپنے بھائی "مطلب" سے وصیت کی کہ اپنے اس "عبد" کو لے لو جو یثرب (مدینہ) میں ہے اور اپنے اس فرزند کی طرف اشارہ کیا جو مدینہ میں مقیم تھا اسی بنا پر لوگ ان کو عبد المطلب کہنے لگے۔

(۳) بعض لوگ کہتے ہیں کہ جب یہ بچے ہی تھے کہ ان کے والد نے

وفات پائی اور ان کے چچا مطلب نے ان کی پرورش کی۔ عرب میں یہ دستور تھا کہ زیر پرورش بچے کو "عبد" کہتے تھے اس لئے عبد المطلب کے نام سے مشہور ہو گئے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۹)

۴۔۔۔ تین بھائی تھے۔

(۱) اسد۔ جو حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی والدہ کے والد ہیں۔

(۲) نفیلہ۔ (۳) صفی۔ (مدارج ج ۲ ص ۹)

۵۔۔۔ آپ نے پانچ شادیاں کیں۔ ان کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

(۱) فاطمہ بنت عمرو بن عابد سے۔ ان سے آٹھ اولادیں ہوئیں تین صاحبزادے اور پانچ صاحبزادیاں۔ زبیر، ابو طالب، عبد اللہ، فاطمہ (یا عاتکہ) بیضاء، برہ، امیمہ اور اروی۔

(۲) دوسرا نکاح ہالہ بنت وہب سے کیا۔ ان سے ایک صاحبزادی اور تین صاحبزادگان پیدا ہوئے۔ صفیہ، مقوم، حجل اور حمزہ

(۳) تیسری شادی نتیلہ بنت حباب یا شیلہ بنت خباب سے کی۔ ان سے تین فرزند عباس، ضرار اور قثم تولد ہوئے۔

(۴) چوتھا عقد صفیہ بنت جندب سے فرمایا۔ ان سے صرف ایک لڑکا حارث پیدا ہوا۔

(۵) اور پانچواں نکاح لبنی یا لبنیٰ بنت ہاجر سے کیا۔ ان سے ابو لہب پیدا ہوا۔ (معارج النبوۃ ص ۵ سطر رکن اول، مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۴)

۶۔۔۔ آپ کے صاحبزادگان کی تعداد سے متعلق اختلاف ہے۔ بعض تیرہ، بعض بارہ، بعض گیارہ اور بعض دس کہتے ہیں۔ ان کے نام اسطرح ہیں۔

(۱) حارث (۲) ابو طالب (۳) زبیر (۴) حمزہ (۵) ابو لہب (۶) غیداق یا عنداق۔ (۷) مقوم۔ (۸) ضرار (۹) عباس۔ (۱۰) قثم۔ (۱۱) عبد الکعبہ۔ (۱۲) حجل۔ (۱۳) عبد اللہ۔

جو دس کہتے ہیں وہ عنداق اور حجل ایک ہی کا نام بتاتے ہیں اور قثم و عبد الکعبہ کو اولاد عبد المطلب میں شمار نہیں کرتے۔ جو بارہ بتاتے ہیں وہ مقوم کو ساقط کرتے ہیں۔ اس میں اور بھی بہت اقوال ہیں۔

اور صاحبزادیاں چھ تھیں۔

(۱) بیضاء۔ (۲) صفیہ۔ (۳) عاتکہ یا فاطمہ۔ (۴) برہ۔ (۵) امیمہ۔ (۶) اروی۔ (معارج النبوۃ ج ۱ ص ۵ سطر ۱۵، مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۴)

۷۔۔۔ آپ کی قبر مکہ مکرمہ میں حجون نامی قبرستان میں ہے۔ (معارج النبوۃ ج ۷ ص ۵ رکن دوم)

۸۔۔۔ آپ کی عمر ایک سو دس سال ہوئی۔ ایک روایت میں ایک سو بیس سال اور ایک روایت میں ایک سو چالیس سال ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۸)

ایک روایت بیاسی سال کی بھی ہے۔ (شواہد النبوۃ ص ۸۵)

۹۔۔۔ محمد بن اسحٰق کہتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ ابھی شکم مادر ہی میں تھے کہ حضرت عبد اللہ ؓ کا انتقال ہو گیا۔ بعض کہتے ہیں کہ آٹھ ماہ یا سات ماہ یا دو ماہ کے گود میں تھے کہ حضرت عبد اللہ نے وفات پائی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۲)

۱۰۔۔۔ حضرت عبد اللہ کی وفات مدینہ منورہ میں ہوئی ان دنوں وہ بسلسلۂ تجارت قریش کے ساتھ تھے۔ جب واپسی میں مدینہ طیبہ سے گزر ہوا تو قافلہ سے جدا ہو کر اپنے بھائیوں کے پاس جو بنی نجار تھے ٹھہر گئے۔ جب قافلہ کے لوگ مکہ مکرمہ پہنچے تو حضرت عبد المطلب نے حضرت عبد اللہ کے بارے میں دریافت کیا تو قافلہ والوں نے بتایا کہ ہم نے انہیں بیمار چھوڑا ہے۔ حضرت عبد المطلب نے اپنے بڑے فرزند حارث کو ان کو لانے کے لئے بھیجا جب حارث مدینہ پہنچے تو عبد اللہ کا انتقال ہو چکا تھا اور دفن بھی کئے جا چکے تھے۔ (مدارج النبوۃ ص ۲۲)

۱۱۔۔۔ آپ کی عمر پچیس سال ہوئی۔ (معارج النبوۃ ج ۷ ص ۵ رکن اول، نزہۃ المجالس ج ۸، ص ۱۱۵)

۱۲۔۔۔ مدینہ منورہ کے "دار نابغہ" میں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۲)

۱۳۔۔۔ اس وقت آپ ﷺ کی عمر شریف چار، پانچ، چھ یا سات سال کی تھی۔

ایک روایت میں بارہ سال کہا گیا ہے مگر اصح چھ یا سات سال ہے۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۰)

۱۴۔۔۔ ام ایمن رضی اللہ عنہا جو حضرت عبداللہ کی باندی تھیں اس سفر میں ساتھ تھیں۔

(مدارج النبوۃ ص ۲۰)

۱۵۔۔۔ سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا جب مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ کو واپس ہونے لگیں تو دوران سفر مقام "ابواء" میں انتقال فرمایا اور اسی جگہ دفن کی گئیں۔ ابواء مدینہ کے قریب ایک جگہ کا نام ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ سیدہ آمنہ کی قبر انور مکہ مکرمہ کے مقام "حجون" میں جانب معلا ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ ممکن ہے ابواء میں مدفون ہونے کے بعد انہیں مکہ مکرمہ منتقل کیا گیا ہو۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۸)

حضور اکرم ﷺ کے چچاؤں اور پھوپھیوں سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے کتنے چچا تھے اور کون کون مشرف بہ اسلام ہوئے۔؟

۲۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کی پھوپھیاں کتنی تھیں اور کون کون مسلمان ہوئیں۔؟

۳۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کی چچاؤں میں سب سے بڑے کون تھے اور سب سے چھوٹے کون؟

۴۔۔۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی ولادت کس سن میں ہوئی۔؟

۵۔۔۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کس سن میں مشرف بہ اسلام ہوئے اور آپ کے اسلام لانے کا واقعہ کیا ہے۔؟

۶۔۔۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کس غزوہ میں مرتبہ شہادت پر فائز ہوئے۔؟

۷۔۔۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے قاتل کا نام کیا ہے۔؟

۸۔۔۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی شہادت کا واقعہ کیا ہے۔؟

۹۔۔۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو کس جگہ دفن کیا گیا۔؟

۱۰۔۔۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی قبر میں آپ کے ساتھ اور کس کو دفن کیا گیا۔؟

۱۱۔۔۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی عمر کتنی ہوئی۔؟

۱۲۔۔۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کس سن میں پیدا ہوئے۔؟

۱۳۔۔۔ زمانہ جاہلیت میں حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے سپرد کیا کیا ذمہ داریاں تھیں۔؟

۱۴۔۔۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کس سن میں ایمان لائے۔؟

۱۵۔۔۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا انتقال کس سن میں کس ماہ کی کس تاریخ کو ہوا۔؟

۱۶۔۔۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی قبر شریف کہاں ہے۔؟

۱۷۔۔۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی عمر کتنی ہوئی۔؟

۱۸۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے ان چچا کا نام کیا ہے جو آپ کے رضاعی بھائی بھی تھے۔؟

۱۹۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے ان چچا کا کیا نام ہے جو آپ کے ہم زلف بھی تھے۔؟

حضور ﷺ کے چچا اور پھوپھیوں سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے چچاؤں کی تعداد میں اختلاف ہے۔ بعض نو، بعض دس اور بعض گیارہ کہتے ہیں جیسا کہ ان کی تفصیل اولاد حضرت عبد المطلب میں گزری۔ چچاؤں میں سے بجز حضرت حمزہ اور حضرت عباس رضی اللہ عنہما کے کوئی مسلمان نہ ہوا۔ ابو طالب اور ابو لہب نے زمانۂ اسلام پایا لیکن اسلام کی توفیق نہ پائی جمہور علماء کا مذہب یہی ہے۔ صاحب جامع الاصول نقل کرتے ہیں کہ انکے اہل بیت نے گمان کیا ہے کہ ابو طالب دنیا سے مسلمان گئے ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۳۲)

۲۔۔۔ آپ ﷺ کی پھوپھیاں چھ تھیں جنکا تفصیلی ذکر اولاد عبد المطلب میں گزرا۔ ان میں صرف حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا جو حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کی والدہ ہیں باتفاق مسلمان ہوئیں۔ اور عاتکہ کے اسلام میں اختلاف ہے۔ ابو جعفر عقیلی ان کے اسلام کی طرف ہیں اور ان کو صحابیات میں شمار کیا ہے لیکن ابن اسحٰق نے کہا ہے کہ مسلمان نہ ہوئیں مگر صفیہ رضی اللہ عنہا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۳۲)

۳۔۔۔ سب سے بڑے حارث تھے اور سب سے چھوٹے حضرت عباس رضی اللہ عنہ۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۲، ۸۳۸)

۴۔۔۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی ولادت حضور اکرم ﷺ کی ولادت با سعادت سے چار سال قبل ہوئی۔ بعض کتابوں میں دو سال کہا گیا ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۳۲)

۵۔۔۔ ان کا اسلام لانا اعلان نبوت کے دوسرے سال میں تھا۔ بعض نے چھٹے سال میں، حضور اکرم ﷺ کا دار ارقم میں داخل ہونے کے بعد کہا ہے۔ اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے سے تین دن قبل اسلام لائے۔

واقعہ یوں ہے کہ ایک دن ابو جہل بے عقل، حضور اکرم ﷺ کو ایذا پہنچا

رہا تھا اور دشنام طرازی کر رہا تھا۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ شکار کو گئے ہوئے تھے جب واپس آئے تو ان کی باندی نے بتایا کہ آج ابو جہل تمہارے بھتیجے کو اس طرح ایذا پہنچا رہا تھا۔" حضرت حمزہ کو غصہ آیا اور ابو جہل کے پاس گئے۔ اپنی کمان جو ہاتھ میں تھی اس کے سر پر ماری اور اس کا سر پھاڑ دیا پھر اسلام لے آئے اس سے حضور ﷺ بہت مسرور ہوئے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۳۲)

۶۔۔۔ جنگ احد میں۔ (تفسیر نعیمی ج ۴ ص ۱۳۰، مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۰۰)

۷۔۔۔ وحشی بن حرب جو بعد میں مسلمان ہوئے۔ (تفسیر نعیمی ج ۴ ص ۱۳۰، مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۰۰)

۸۔۔۔ واقعہ یوں ہے کہ جناب حمزہ نے جنگ بدر میں طعیمہ ابن عدی اور عتبہ کو جو ہند کا باپ تھا قتل کیا تھا۔ جبیر ابن مطعم جو طعیمہ کا بھتیجہ تھا اس نے اپنے غلام وحشی سے کہا: اگر تو حضرت حمزہ سے میرے چچا طعیمہ کا بدلہ لے لے اور انہیں شہید کر دے تو تو آزاد ہے۔ اِدھر ہند زوجہ ابو سفیان نے وحشی سے کہا: اگر تو میرے باپ عتبہ کا بدلہ جناب حمزہ سے لے لے تو میں تجھے زر و جواہر اور دیگر انعام جزیل سے نوازوں۔!

چنانچہ جب جنگ احد کی صف بندی ہو گئی اور عرصۂ کارزار گرم ہوا تو سباع بن عبد العزیٰ خزاعی کفار کی صفوں سے نکل کر آیا اور اپنا مقابل مانگا اس پر حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ میدان میں اس کے مقابل ہوئے اس پر حملہ آور ہوئے اور اس کا قصہ تمام کر دیا۔ جب آپ اس قتل سے لوٹے تو وحشی دامن کوہ میں ایک بڑے پتھر کے پیچھے چھپا بیٹھا تھا جب حضرت حمزہ اس کے قریب سے گزرے تو وحشی نے پتھر کی آڑ سے آپ پر نیزہ کا وار کیا جو زیر ناف لگا اور آر پار ہو گیا۔ آپ وحشی کی طرف متوجہ ہوئے وہ بھاگ کھڑا ہوا۔ ایک جگہ وحشی مڑا، آپ بھی مڑے۔ وہاں ایک خندق تھی جس میں آپ پھسلے زمین پر آرہے اور جام شہادت نوش فرمایا۔ وحشی لوٹ کر اس غار کے منہ پر پہنچا جہاں مرد مجاہد ابدی نیند سو رہا تھا، موت پر یقین نہ آیا تو کنکری ماری مگر جب جسم شریف میں

حرکت ہوتی نہ پائی تو اسے یقین ہوا۔ غار میں اتر کر نہایت بے دردی سے آپ کا سینہ بے کینہ چاک کیا، کلیجہ نکال کر ہند زوجہ ابو سفیان کو پیش کیا۔ ہند نے کچا کلیجہ دانتوں سے چبایا پھر حضرت حمزہ کی نعش شریف پر آئی، چھری سے آپ کے کردے، کان، ناک اور اعضائے نہانی کاٹے۔ ان سب کو ایک دھاگے میں پرو کر ہار بنا کر اپنے گلے میں پہنا اور اپنے گلے کا طلائی ہار وحشی کو انعام میں دیا مکہ پہنچ کر دس اشرفیاں اور روپے کا وعدہ کیا۔

اللہ تیری شان۔ اے ہند، ابو سفیان کی بیوی اور حضرت امیر معاویہ کی ماں ہے جس نے آج یہ حرکت کی اور پھر فتح مکہ کے دن شرف اسلام سے مشرف ہوئی۔ پھر خلافت فاروقی میں اسی ہند نے اسلامی لشکر کے ساتھ شامل ہو کر بڑی اسلامی خدمات انجام دیں اور بار بار کہتی تھیں: میں اپنے جرم کی مکافات اور پرانے گناہوں کا کفارہ کر رہی ہوں۔ جنگ قادسیہ اور جنگ یرموک میں ہند کے کارنامے تا قیامت یاد رہیں گے۔ حبشی بھی دائرہ اسلام میں داخل ہوئے اور عہد صدیقی میں نبوت کے داعی مسیلمہ کذاب کو اسی نیزہ سے قتل کر کے بولے یہ حمزہ کے قتل کا بدلہ ہے۔ (تفسیر نعیمی ج ۴ ص ۱۰۴ و مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۰۷)

۹۔۔۔ آپ کو میدان احد کے دامن کوہ میں دفن کیا گیا۔ (تفسیر نعیمی ج ۴ ص ۱۰۳)

۱۰۔۔۔ آپ کے بھانجے حضرت عبداللہ بن جحش کو جو احد کے شہداء میں سے تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۲۹)

۱۱۔۔۔ انسٹھ سال۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۴۴)

۱۲۔۔۔ ان کی ولادت عام الفیل سے تین سال قبل ہے۔ حضور اکرم ﷺ سے دو یا تین سال عمر میں زیادہ تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۴۴)

۱۳۔۔۔ عمارت بیت الحرام آپ کے سپرد تھی یعنی تعمیر اور اس کی دیکھ بھال اور منصب سقایہ یعنی حاجیوں کو زمزم پلانا بھی آپ کے ہاتھ میں تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۴۴)

۱۴۔۔۔ جب حضور اکرم ﷺ فتح مکہ کے لئے تشریف لے جا رہے تھے تو حضرت عباس ؓ مکہ سے ہجرت کر کے راہ میں حضور اکرم ﷺ کے ساتھ شامل ہو گئے تھے۔ حضور نے ان کے عیال کو مدینہ طیبہ بھیج دیا اور ان کو اپنے ہمراہ رکھا حضرت عباس ؓ فتح مکہ میں حضور اکرم ﷺ کے ساتھ ہی تھے بعض بیان کرتے ہیں کہ حضرت عباس فتح خیبر سے پہلے مشرف بہ اسلام ہوئے تھے مگر انہوں نے اپنے اسلام کو پوشیدہ رکھا تھا اور روز فتح مکہ اسلام کو ظاہر فرما دیا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۴۵)
اہل سیر یہ بھی کہتے ہیں کہ آپ جنگ بدر سے پہلے بھی مسلمان تھے۔ (حوالہ بالا)

۱۵۔۔۔ آپ کا انتقال حضرت عثمان ذوالنورین ؓ کی خلافت میں ان کی شہادت سے دو سال پہلے بارہ یا چودہ ماہ رجب یا ماہ رمضان ۳۲ھ یا ۳۳ھ میں ہوا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۴۷)

۱۶۔۔۔ بقیع شریف میں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۴۷)

۱۷۔۔۔ آپ کی عمر اٹھاسی یا نواسی سال ہوئی۔ اور آپ بتیس سال زمانۂ اسلام میں رہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۴۷)

۱۸۔۔۔ حضرت حمزہ ؓ کہ ان کو اور حضور اکرم ﷺ کو ثوبیہ نے دودھ پلایا تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۴۸)

۱۹۔۔۔ حضرت عباس ؓ کہ ام المومنین حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کی بہن ام الفضل رضی اللہ عنہا حضرت عباس ؓ کی زوجیت میں تھیں۔ (مدارج ج ۲ ص ۸۴۱)

ام المومنین سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا سے متعلق سوالات

۱۔ ام المومنین سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے والد اور والدہ کا نام کیا ہے۔؟

۲۔ ام المومنین سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کا سلسلۂ نسب کیا ہے اور آپ کا نسب حضور اکرم ﷺ کے نسب شریف سے کہاں ملاقی ہوتا ہے۔؟

۳۔ ام المومنین سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا حضور اکرم ﷺ سے پہلے کس کے نکاح میں تھیں اور ان سے کتنی اولاد ہوئیں۔؟

۴۔ ام المومنین سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کا لقب زمانہ جاہلیت میں کیا تھا؟

۵۔ ام المومنین سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا نے کس کے ذریعہ حضور اکرم ﷺ کے پاس پیام نکاح بھیجا تھا اور حضور اکرم ﷺ نے اس کا کیا جواب دیا۔؟

۶۔ بوقت نکاح ام المومنین سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا اور حضور اکرم ﷺ کی عمر کتنی تھی۔

۷۔ ام المومنین سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کا یہ نکاح کس نے منعقد کرایا محفل نکاح میں اور کون لوگ شامل تھے۔؟

۸۔ ام المومنین سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کا مہر کتنا مقرر ہوا۔؟

۹۔ ام المومنین سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے عقد کے بعد ولیمہ کس نے کیا اور کیا کھلایا۔؟

۱۰۔ ام المومنین سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا آغوش رسول ﷺ میں کتنی مدت رہیں۔؟

۱۱۔ ام المومنین سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے بطن سے حضور اکرم ﷺ کی کتنی اولادیں ہوئیں۔؟

۱۲۔ وہ کونسا شرف ہے جو ام المومنین سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے علاوہ دنیا کی کسی عورت کو حاصل نہ ہوا۔؟

۱۳۔ ام المومنین سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کا وصال کس سن میں کس ماہ کی کس تاریخ کو ہوا۔؟

۱۴۔ ام المومنین سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی اور ان کو قبر میں کس نے اتارا۔؟

۱۵۔ ام المومنین سے سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی قبر مبارک کہاں ہے۔؟

۱۶۔ ام المومنین سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی عمر کتنی ہوئی۔؟

ام المومنین سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا سے متعلق جوابات

۱۔ آپ کے والد کا نام خویلد بن اسد اور والدہ کا نام فاطمہ بنت زائدہ تھا۔ یہ قبیلہ بنی عامر بن لوی سے تھیں۔ (اسد الغابہ ج۵ ص ۴۳۴، مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۶۹۷)

۲۔ آپ کا نسب نامہ یہ ہے:

خدیجہ بنت خویلد بن اسد بن عبد العزیٰ بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی۔

آپ کا نسب، حضور اکرم ﷺ کے نسب شریف سے "قصی" میں مل جاتا ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۶۹۷)

۳۔ نبی کریم ﷺ کے حبالہ عقد میں آنے سے قبل حضرت سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی دو شادیاں ہو چکی تھیں۔ ایک ابو ہالہ بن نباش بن زرارہ سے اور دوسری عتیق بن عائذ مخزومی سے۔ بعض نے عتیق کو ابو ہالہ پر مقدم کیا ہے۔ ابو ہالہ کا اصلی نام مالک، ایک قول سے زرارہ اور ایک قول سے ہند تھا۔

اس سے آپ کے دو فرزند ہوئے ایک ہند اور دوسرا ایک ہالہ۔ اور عتیق سے ایک لڑکی ہند تولد ہوئی۔ روضۃ الاحباب میں ایک لڑکا اور ایک لڑکی کہا گیا ہے۔ (سیرۃ ابن ہشام ج ۲ ص ۷۸۹ پر اس لڑکے کا نام عبد اللہ بتایا گیا ہے) (اسد الغابہ ج۵ ص ۴۳۴ و مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۶۹۷)

۴۔ زمانہ جاہلیت میں آپ کا لقب طاہرہ تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۶۹۷)

۵۔ نفیسہ بنت امیہ نامی عورت کے ذریعہ۔ نبی کریم ﷺ نے اپنے چچا ابو طالب سے اس پیام سے متعلق مشورہ فرمایا۔ آپ کے دوسرے چچا حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ وغیرہ نے بھی اس رشتہ کو بخوشی منظور فرمایا۔ (اسد الغابہ ج۵ ص ۴۳۵)

۶۔ اس وقت سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی عمر چالیس برس کی تھی۔ اور حضور اکرم ﷺ کی عمر شریف پچیس سال کی تھی۔ اور ایک قول کے بموجب اکیس سال کی تھی بعض نے تیس سال بھی کہا ہے۔ پہلا قول زیادہ صحیح ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۶۹۷)

۷۔ حضور اکرم ﷺ، حضرت ابو طالب و حمزہ رضی اللہ عنہ اور دیگر چچاؤں کے ساتھ اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ و دیگر رؤسائے شہر کے ساتھ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے مکان پر تشریف لے گئے وہاں سیدہ کے چچازاد بھائی ورقہ بن نوفل۔ چچا عمرو بن اسد۔ ایک روایت کے بموجب خدیجہ کے والد خویلد بن اسد پہلے ہی سے موجود تھے۔ حضرت ابو طالب نے ایک بلیغ خطبہ پڑھا۔ جب حضرت ابو طالب نے خطبہ مکمل کیا تو ورقہ بن نوفل نے بھی خطبہ پڑھا جس میں انہوں نے حمد و ثناء کے بعد کہا کہ میں نے خدیجہ بنت خویلد (رضی اللہ عنہا) کو محمد بن عبد اللہ (ﷺ) کی زوجیت میں دیا۔ ابو طالب نے کہا کہ اے ورقہ! میں چاہتا ہوں کہ خدیجہ کے چچا عمرو بن اسد بھی آپ کے نکاح میں شریک ہوں۔ اس پر عمرو بن اسد نے کہا: اے گروہ قریش! گواہ ہو جاؤ کہ میں نے خدیجہ دختر خویلد کو محمد (ﷺ) ابن عبد اللہ کی زوجیت میں دیا۔ پھر دونوں جانب سے ایجاب و قبول متحقق ہوا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۳، ۳۴)

۸۔ سیدتنا خدیجہ رضی اللہ عنہا کے مہر سے متعلق مختلف اقوال ہیں۔

(۱) حضرت ابو طالب کے خطبہ میں ہے کہ انہوں نے اپنے مال سے بیس اونٹ مہر قرار دیا۔

(۲) ورقہ بن نوفل کے خطبہ میں چار سو مثقال چاندی کا ذکر ہے۔

(۳) مواہب لدنیہ میں بعض روایتوں سے نقل کیا گیا ہے کہ خدیجہ کا مہر ساڑھے بارہ اوقیہ تھا۔ ایک اوقیہ چالیس درہم کا ہے۔ گویا اس روایت کے بموجب پانچسو درہم ہوا۔ ان روایتوں میں تطبیق کی صورت یہ ہو سکتی ہے کہ اس زمانہ میں بیس اونٹ کی قیمت پانچسو درہم یا چار سو مثقال چاندی ہوتی ہو گی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۴)

ایک روایت یہ کہ سیدتنا خدیجہ رضی اللہ عنہا کا مہر انتیس جوان اونٹ تھے اور ایک روایت میں ہے کہ بارہ اوقیہ سونا تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۱)

۹۔۔۔۔ بعض روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ ایجاب وقبول کے بعد سیدتنا خدیجہ رضی اللہ عنہا نے ایک گائے ذبح کرائی اور کھانا پکوا کر مہمانوں کو کھلایا۔ (زرقانی ج ۳ ص ۲۲۱) روضۃ الاحباب میں منقول ہے کہ سیدتنا خدیجہ رضی اللہ عنہا نے حضور ﷺ سے عرض کیا کہ آپ اپنے چچا ابو طالب سے فرمائیں کہ مہر کے اونٹوں میں سے ایک کو ذبح کر کے لوگوں کو کھانا کھلائیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۴۴)

۱۰۔۔۔۔ سیدتنا خدیجہ رضی اللہ عنہا، حضور اکرم ﷺ کی پچیس سال یا چوبیس سال شریک حیات رہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۹۸)

۱۱۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کی تمام اولاد خواہ فرزند ہوں یا دختر سب سیدتنا خدیجہ رضی اللہ عنہا سے پیدا ہوئے بجز حضرت ابراہیم ﷺ کے جو سیدتنا ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا کے بطن سے پیدا ہوئے تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۹۸)

۱۲۔۔۔۔ وہ ہے رب العالمین کا سلام کہنا کہ حضرت سیدتنا خدیجہ کو رب تقدس و تعالیٰ نے سلام، جبرائیل علیہ السلام کی معرفت حضور اکرم ﷺ کی زبان سے کہلوایا۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۰۰)

۱۳۔۔۔۔ سیدتنا خدیجہ رضی اللہ عنہا نے دسویں رمضان المبارک ۱۰ نبوی، ہجرت سے تین سال پیشتر عالم وصال کی طرف ارتحال فرمایا۔ دوسرا قول ہجرت سے پانچ سال قبل کا ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۹۸)

اور تیسرا قول ہجرت سے چار سال قبل کا ہے۔ (اسد الغابہ ج ۵ ص ۴۳۹)

۱۴۔۔۔۔ سیدتنا خدیجہ رضی اللہ عنہا کو خود رسول اللہ ﷺ نے ان کی قبر میں داخل ہو کر دفن فرمایا اور دعائے خیر فرمائی۔ نماز جنازہ اس وقت تک مشروع نہ ہوئی تھی۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۹۸، اسد الغابہ ج ۵ ص ۴۳۹)

۱۵۔۔۔۔ آپ کی قبر شریف مقبرۂ حجون میں ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۹۸، اسد الغابہ ج ۵ ص ۴۳۹)

حجون، مکہ مکرمہ میں پہاڑی کے دامن کا وہ قبرستان جس کو آج کل جنۃ المعلیٰ کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ (اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۵۹۳)

۱۶۔۔۔۔ آپ کی عمر شریف پینسٹھ سال ہوئی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۹۸، اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۵۹۳)

ام المومنین سیدتنا سودہ رضی اللہ عنہا سے متعلق سوالات

۱ــــ ام المومنین سیدتنا سودہ رضی اللہ عنہا کی ولادت کس سن میں ہوئی۔؟

۲ــــ ام المومنین سیدتنا سودہ رضی اللہ عنہا کے والد اور والدہ کا نام کیا ہے۔؟

۳ــــ ام المومنین سیدتنا سودہ رضی اللہ عنہا کا سلسلۂ نسب کس طرح ہے اور کہاں حضور اکرم ﷺ کے نسب شریف سے ملتا ہے۔؟

۴ــــ ام المومنین سیدتنا سودہ رضی اللہ عنہا پہلے کس کی زوجیت میں تھیں۔؟

۵ــــ ام المومنین سیدتنا سودہ رضی اللہ عنہا اپنے پہلے شوہر کے ساتھ کب مشرف بہ اسلام ہوئیں۔؟

۶ــــ ام المومنین سیدتنا سودہ رضی اللہ عنہا کے پہلے شوہر کا انتقال کس جگہ ہوا اور ان سے کتنی اولادیں ہوئیں۔؟

۷ــــ ام المومنین سیدتنا سودہ رضی اللہ عنہا کا رشتہ حضور اکرم ﷺ سے کس نے طے کیا تھا۔؟

۸ــــ ام المومنین سیدتنا سودہ رضی اللہ عنہا کس سن میں حضور اکرم ﷺ کی ازواج مطہرات میں داخل ہوئیں اور اس وقت ان کی عمر کتنی تھی۔؟

۹ــــ ام المومنین سیدتنا سودہ رضی اللہ عنہا کا نکاح کس نے منعقد کرایا۔؟

۱۰ــــ ام المومنین سیدتنا سودہ رضی اللہ عنہا کا مہر عقد کتنا مقرر ہوا۔؟

۱۱ــــ ام المومنین سیدتنا سودہ رضی اللہ عنہا نے کس سن میں رحلت فرمائی۔؟

۱۲ــــ ام المومنین سیدتنا سودہ رضی اللہ عنہا کہاں مدفون ہیں۔؟

۱۳ــــ ام المومنین سیدتنا سودہ رضی اللہ عنہا سے کتنی حدیثیں مروی ہیں۔؟

ام المومنین سیدتنا سودہ رضی اللہ عنہا سے متعلق جوابات

۱ــــ ام المومنین سیدتنا سودہ رضی اللہ عنہا کی ولادت کیم میلاد النبی ﷺ میں ہوئی۔

(اصح السیر ص۵۶۹)

۲ــــ آپ کے والد کا نام زمعہ بن قیس اور والدہ کا نام شموس بنت قیس ہے۔

(مدارج النبوۃ ج۲ ص۸۰۱)

۳ــــ آپ کا نسب نامہ اس طرح ہے۔
سودہ بنت زمعہ بن قیس بن عبدود بن نضر بن مالک بن فہر بن عامر بن لوی بن غالب۔

(مدارج النبوۃ ص۶۵، رکن سوم)

ان کا نسب حضور اکرم ا کے نسب شریف سے لوی پر مل جاتا ہے۔

(مدارج النبوۃ ج۲ ص۸۰۱)

۴ــــ سیدتنا سودہ رضی اللہ عنہا پہلے اپنے چچازاد بھائی حضرت سکران بن عمرو رضی اللہ عنہ کی زوجیت میں تھیں۔ سیدتنا سودہ اور حضرت سکران رضی اللہ عنہما دونوں ایک ساتھ مشرف بہ اسلام ہوئے اور دونوں نے حبشہ کی جانب ہجرت ثانیہ کی۔ (مدارج النبوۃ ج۲، ص۸۰۱)

۵ــــ دونوں میاں بیوی اسلام کے ابتدائی دور میں ہی مکہ مکرمہ میں مسلمان ہوئے۔

(مدارج النبوۃ ج۲، ص۸۰۱)

۶ــــ سیدتنا سودہ رضی اللہ عنہا کے شوہر حضرت سکران رضی اللہ عنہ نے حبشہ کی ہجرت سے واپسی پر مکہ مکرمہ میں انتقال فرمایا۔ ایک روایت میں ہے کہ حبشہ ہی میں اپنی جان، جان آفریں کے سپرد کی۔ ان سے ایک فرزند تولد ہوا تھا جن کا نام عبد الرحمن ہے۔

(مدارج النبوۃ ج۲ ص۸۰۱)

۷ــــ جب حضرت سکران رضی اللہ عنہ کا انتقال ہو گیا اور حضرت سودہ رضی اللہ عنہا بیوہ

ہوگئیں۔ اور ادھر حضور اکرم ﷺ سیدتنا خدیجہ رضی اللہ عنہا کی رحلت سے بہت ملول و محزون ہوئے تو خولہ بنت حکیم زوجہ عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہما نے حضور ﷺ سے اجازت لیکر سیدتنا سودہ کے باپ سے یہ رشتہ طے کیا۔ (اصح السیر ص ۶۸)

۸۔۔۔ ماہ شوال سن ۱۰ نبوی ﷺ میں حضور اکرم ﷺ نے سیدتنا سودہ رضی اللہ عنہا کو اپنے حبالہ عقد میں لاکر شرف زوجیت بخشا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۶۵ رکن سوم و مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۰۲)

اس وقت سیدتنا سودہ کی عمر پچاس سال کی تھی۔ (اصح السیر ص ۶۸)

۹۔۔۔ یہ نکاح سلیط بن عمرو بروایت دیگر ابو حاطب بن عمرو نے منعقد کرایا۔

(سیرت ابن ہشام اردو ج ۲ ص ۶۹۰)

۱۰۔۔۔ چار سو درہم، سیدتنا سودہ رضی اللہ عنہا کا مہر مقرر ہوا تھا۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۰۲ و مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۰)

۱۱۔۔۔ سیدتنا سودہ رضی اللہ عنہا نے ماہ شوال ۵۴ھ زمانہ امارت حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ میں رحلت فرمائی۔ ایک روایت کے بموجب آپ کا انتقال زمانہ خلافت فاروقی کے آخری دور میں ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۰۲)

۱۲۔۔۔ آپ، جنت البقیع میں مدفون ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۶، رکن ۴)

۱۳۔۔۔ آپ کی مرویات، پانچ حدیثیں ہیں۔ ان میں سے ایک بخاری شریف میں باقی سنن اربعہ میں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۰۲)

ام المومنین سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ ام المومنین سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی ولادت کس سن میں ہوئی۔؟

۲۔۔۔ ام المومنین سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے والد اور والدہ کا نام کیا ہے۔؟

۳۔۔۔ ام المومنین سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا، حضور اکرم ﷺ کی زوجیت میں آنے سے قبل کس سے نامزد ہوئی تھیں۔؟

۴۔۔۔ ام المومنین سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا نکاح کس سن میں ہوا۔؟ اس وقت آپ کی عمر اور حضور اکرم ﷺ کی عمر کتنی تھی۔؟

۵۔۔۔ ام المومنین سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی رخصتی کس سن میں اور کتنے سال کی عمر میں ہوئی۔؟

۶۔۔۔ ام المومنین سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا نکاح کس نے منعقد کرایا۔؟

۷۔۔۔ ام المومنین سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا مہر عقد کتنا متعین ہوا۔؟

۸۔۔۔ ام المومنین سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے ولیمہ میں کیا کھلایا گیا۔؟

۹۔۔۔ ام المومنین سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی کنیت کیا تھی۔؟

۱۰۔۔۔ ام المومنین سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر منافقین کا تہمت لگانا کس سن میں پیش آیا۔ اس واقعہ کی تفصیل کیا ہے۔؟

۱۱۔۔۔ ام المومنین سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگانے کے باعث کن کن لوگوں کو حد قذف لگائی گئی۔؟

۱۲۔۔۔ ام المومنین سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی برأت و طہارت میں اللہ تعالیٰ نے کتنی آیتیں نازل فرمائیں۔؟

۱۳۔۔۔ وہ کون کونسی فضیلتیں ہیں جو ام المومنین سیدتنا عائشہ رضی اللہ عنہا کے

علاوہ کسی اور ازواج مطہرات کو حاصل نہ ہوئیں۔؟

۱۴۔۔۔ ام المومنین سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا، حضور اکرم ﷺ کی آغوش محبت میں کتنے سال رہیں۔؟

۱۵۔۔۔ ام المومنین سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی عمر اس وقت کتنی تھی جس وقت حضور اکرم ﷺ نے وصال حق فرمایا۔؟

۱۶۔۔۔ ام المومنین سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے کس ماہ کی کس تاریخ کو اور کس دن رحلت فرمائی۔؟

۱۷۔۔۔ ام المومنین سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی۔؟

۱۸۔۔۔ ام المومنین سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کہاں مدفون ہوئیں۔؟

۱۹۔۔۔ ام المومنین سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی عمر کتنی ہوئی۔؟

۲۰۔۔۔ ام المومنین سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے کتنی حدیثیں مروی ہیں۔؟

ام المومنین سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ سیدتنا عائشہ رضی اللہ عنہا اظہار نبوت کے چار یا پانچ سال بعد رونق بخش عالم ہوئیں۔ (اسد الغابہ ج ۵ ص ۵۰۱)

۲۔۔۔ آپ کے والد ماجد سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں اور والدہ ماجدہ کا نام زینب بنت عامر اور کنیت ام رومان ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۹۹ تا ۸۰۱، اکمال مشکوٰۃ ص ۶۱۲)

۳۔۔۔ آپ، حضور اکرم ﷺ کے حبالہ عقد میں آنے سے قبل جبیر بن مطعم سے نامزد ہوئی تھیں۔ (مدارج ج ۲ ص ۸۰۳)

۴۔۔۔ ۱۰ نبوی میں آپ کا نکاح ہوا۔ اس وقت آپ کی عمر چھ یا سات سال کی تھی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۱۸، سیرۃ ابن ہشام ج ۲ ص ۷۸۹)

اور حضور اکرم ﷺ کی عمر شریف پچاس سال کی تھی۔

۵۔۔۔ سیدتنا عائشہ رضی اللہ عنہا کی رخصتی پہلی سن ہجری میں نو ماہ بعد ماہ شوال المکرم میں ہوئی۔ اس وقت صدیقہ کی عمر نو سال کی تھی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۱۸، ۸۰۳)

بروایت دیگر ۲ ہجری میں آٹھویں مہینہ کے آخر میں ہوئی۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۰۳)

۶۔۔۔ یہ نکاح سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے منعقد کرایا۔ (سیرۃ ابن ہشام ج ۲ ص ۷۸۹)

۷۔۔۔ آپ کا مہر عقد چار سو درہم مقرر ہوا۔ (سیرۃ ابن ہشام ج ۲ ص ۷۹۰)

۸۔۔۔ ولیمہ سے متعلق خود سیدتنا عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: کوئی اونٹ یا بکری ذبح کر کے ولیمہ کا کھانا تیار نہ ہوا بلکہ ایک پیالہ دودھ جو سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے گھر سے آیا ہوا تھا وہی ولیمہ تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۱۹)

۹۔۔۔ آپ کی کنیت ام عبد اللہ ہے۔ اپنے بھانجے عبد اللہ بن زبیر، اسماء بنت

ابی بکر ؓ کی نسبت سے ہے۔ سیدتنا عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضور اکرم ﷺ سے درخواست کی کہ انکی کنیت مقرر فرمائیں۔ آپ نے فرمایا اپنی بہن کے صاحبزادے سے اپنی کنیت رکھ لو یعنی عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما سے۔ ایک روایت میں ہے کہ جب عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما پیدا ہوئے تو حضور اکرم ﷺ نے لعاب دہن مبارک ان کے منہ میں ڈالا۔ اور سیدتنا عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: یہ عبداللہ ہیں اور تم ہو ام عبداللہ۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۰۲)

۱۰—— قصہ افک یعنی منافقین کا سیدتنا عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگانا ۵ھ میں پیش آیا۔ اس کی قدرے تفصیل یوں ہے۔

غزوۂ بنی المصطلق سے واپسی کے وقت مسلمانوں کا قافلہ قریب مدینہ ایک پڑاؤ پر ٹھہرا تو ام المومنین سیدتنا عائشہ رضی اللہ عنہا ضرورت کے لئے کسی گوشہ میں تشریف لے گئیں۔ وہاں ہار آپ کا ٹوٹ گیا آپ اس کی تلاش میں مصروف ہو گئیں۔ ادھر قافلہ نے کوچ کیا اور آپ کا محمل شریف (اونٹ کا ہودج) اونٹ پر کس دیا اور انہیں یہی خیال رہا کہ ام المومنین اس میں ہیں (چونکہ اس وقت آپ کی عمر شریف بارہ سال کی تھی اور جسم بھی ہلکا تھا اس لئے ہودج اٹھانے والے کو آپ کے نا ہونے کا احساس نہ ہوا) قافلہ چلدیا۔ آپ آکر قافلہ کی جگہ بیٹھ گئیں اور آپ نے خیال کیا کہ میری تلاش میں قافلہ ضرور واپس ہو گا۔ قافلہ کے پیچھے پڑی گری چیز اٹھانے کے لئے ایک صاحب رہا کرتے تھے اس موقع پر حضرت صفوان اس کام پر تھے۔ جو وہ آئے اور انہوں نے آپ کو دیکھا تو بلند آواز سے "اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ" پکارا۔ آپ نے کپڑے سے پردہ کر لیا انہوں نے اپنی اونٹنی بٹھائی آپ اس پر سوار ہو کر لشکر میں پہونچیں۔ منافقین سیاہ باطن نے اوہام فاسدہ پھیلائے، آپ کی شان میں بد گوئی شروع کی۔ بعض مسلمان بھی ان کے فریب میں آگئے، ان کی زبان سے بھی کوئی کلمہ بیجا سرزد ہوا۔ ام المومنین بیمار ہو گئیں اور ایک ماہ تک بیمار رہیں۔ اس زمانے میں انہیں

اطلاع نہ ہوئی کہ ان کی نسبت منافقین کیا بک رہے ہیں۔ ایک روز ام مسطح سے انہیں یہ خبر ہوئی اس سے آپ کا مرض اور بڑھ گیا۔ اس صدمہ میں اس طرح روئیں کہ آپ کا آنسو نہ تھمتا تھا اور نہ ایک لمحہ کے لئے نیند آتی تھی۔ اس حال میں سید عالم ﷺ پر وحی نازل ہوئی اور حضرت ام المومنین کی طہارت میں آیتیں اتریں۔ اور آپ کا شرف و مرتبہ اللہ تعالیٰ نے اتنا بڑھایا کہ قرآن کریم کی بہت سی آیات میں آپ کی طہارت و فضیلت بیان کی گئی اور بہتان لگانے والوں پر بحکم رسول کریم ﷺ حد قائم کی گئی اور اسی اسی کوڑے لگائے گئے۔ (خزائن العرفان پ ۱۸ ع ۸)

۱۱—— ان چار لوگوں کو حد قذف لگائی گئی۔

(۱) عبداللہ بن ابی۔ (۲) حضرت حسان بن ثابت۔ (۳) حضرت مسطح بن اثاثہ۔ (خزائن العرفان پ ۱۸ ع ۸) (۴) اور حمنہ بنت جحش۔ (ابن کثیر پ ۱۸ ع ۸)

۱۲—— حق سبحانہ و تعالیٰ نے سترہ، اٹھارہ آیتیں آپ کے دامن عزت کی برأت و طہارت اور جماعت منافقین کی مذمت و خباثت میں نازل فرمائیں۔

(خزائن العرفان پ ۱۸ ع ۸، مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۰۸)

۱۳—— سیدتنا عائشہ رضی اللہ عنہا فرمایا کرتی تھیں کہ مجھے تمام امہات المومنین پر کچھ ایسی فضیلتیں حاصل ہیں جو کسی اور ازواج مطہرات کو حاصل نہ ہوئیں۔ مثلاً

(۱) حضور اکرم ﷺ نے میرے سوا کسی باکرہ سے شادی نہ فرمائی۔

(۲) قبل اس کے کہ حضور اکرم ﷺ میرے لئے پیام نکاح دیں جبرائیل علیہ السلام نے ریشمی کپڑے پر میری صورت حضور ﷺ کو دکھادی اور کہا کہ یہ آپ کی زوجہ مطہرہ ہے۔ اسی طرح آپ تین راتیں خواب میں مجھے ملاحظہ فرماتے رہے۔

(۳) میرے سوا ازواج مطہرات میں سے کوئی بھی ایسی نہیں جن کے ماں باپ دونوں مہاجر ہوں۔

(۴) اللہ تقدس و تعالیٰ نے میری برأت و طہارت کا بیان آسمان سے

قرآن میں نازل فرمایا۔

(۵) حضور اکرم ﷺ نماز تہجد ادا فرماتے اور میں آپ کے آگے سیدھی لیٹی رہتی تھی اور یہ سلوک میرے ساتھ ہی خاص تھا۔

(۶) میں اور حضور اکرم ﷺ ایک ہی برتن سے پانی لے لے کر غسل کیا کرتے تھے۔ یہ شرف کسی اور ازواج کو حاصل نہیں۔

(۷) کسی زوجہ مطہرہ کے جامۂ خواب میں حضور کرم ﷺ پر وحی نہیں آئی بجز میرے جامۂ خواب کے۔

(۸) حضور ﷺ نے میرے ہی گھر میں زمانہ علالت گزارا اور میری ہی باری کے دن آپ کی روح مقدس قبض کی گئی۔

(۹) حضور اکرم ﷺ اس حال میں مقبوض ہوئے کہ آپ میرے سینہ اور چھاتی پر آرام فرماتے تھے۔

(۱۰) اور حضور اکرم ﷺ میرے حجرے میں مدفون ہوئے۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۰۲ تا ۸۰۳)

۱۴۔۔۔ آپ، حضور ﷺ کی صحبت و معاشرت میں نو سال رہیں۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۰۳)

۱۵۔۔۔ اس وقت آپ کی عمر شریف اٹھارہ سال کی تھی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲، ص ۸۰۳)

۱۶۔۔۔ سیدتنا عائشہ رضی اللہ عنہا نے بروز منگل سترہ رمضان المبارک ۵۸ھ میں دار دنیا سے عالم وصال کو رحلت فرمائی۔ بقول دیگر ۵۷ھ کو۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۰۳، اسد الغابہ ج ۵ ص ۵۰۳)

۱۷۔۔۔ آپ کی نماز جنازہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے پڑھائی۔

(مدارج النبوۃ ج ۲، ص ۸۰۳، اسد الغابہ ج ۵ ص ۵۰۳)

۱۸۔۔۔ آپ کی وصیت کے مطابق آپ کو جنت البقیع میں دفن کیا گیا۔

(مدارج النبوۃ ج ۲، ص ۸۰۳، اسد الغابہ ج ۵ ص ۵۰۳)

۱۹۔۔۔ آپ کی عمر شریف چھیاسٹھ سال ہوئی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲، ص ۸۰۳)

بروایت دیگر ۶۷ سال۔ (معارج النبوۃ ج ۴ ص ۱۹)

اور ایک روایت میں اڑسٹھ سال ہے۔ (نزہۃ المجالس ج ۱، ص ۵۳)

۲۰۔۔۔ سیدتنا عائشہ رضی اللہ عنہا سے کتب معتبرہ میں دو ہزار دو سو حدیثیں مروی ہیں۔ ان میں سے بخاری و مسلم میں ایک سو چوہتر متفق علیہ ہیں صرف بخاری شریف میں چون اور صرف مسلم شریف میں سڑسٹھ ہیں۔ بقیہ تمام کتابوں میں ہیں

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۱)

اور معارج النبوۃ رکن چہارم صفحہ ۱۹ پر ان کی مرویات حدیثوں کی تعداد دو ہزار دو سو دس بتائی گئی ہے۔ جن میں سے صحیحین میں دو سو ستاون، ایک سو چوہتر متفق علیہ، چون بخاری میں اور انہتر مسلم شریف میں۔ باقی دیگر کتابوں میں۔

ام المومنین سیدتنا حفصہ رضی اللہ عنہا سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ ام المومنین سیدتنا حفصہ رضی اللہ عنہا کی ولادت کب ہوئی۔؟
۲۔۔۔ ام المومنین سیدتنا حفصہ رضی اللہ عنہا کے والد اور والدہ کا نام کیا ہے۔؟
۳۔۔۔ ام المومنین سیدتنا حفصہ رضی اللہ عنہا، حضور اکرم ﷺ کی زوجیت میں آنے سے قبل کس کے نکاح میں تھیں۔؟
۴۔۔۔ ام المومنین سیدتنا حفصہ رضی اللہ عنہا کا حضور اکرم ﷺ کے عقد میں آنے کا سبب اور واقعہ کیا ہے۔؟
۵۔۔۔ ام المومنین سیدتنا حفصہ رضی اللہ عنہا کس سن میں حضور اکرم ﷺ کی زوجیت میں داخل ہوئیں۔؟
۶۔۔۔ بوقت نکاح ام المومنین سیدتنا حفصہ رضی اللہ عنہا کی عمر کتنی تھی اور رسول اللہ ﷺ کی عمر کتنی تھی۔؟
۷۔۔۔ ام المومنین سیدتنا حفصہ رضی اللہ عنہا کا نکاح کس نے پڑھایا۔؟
۸۔۔۔ ام المومنین سیدتنا حفصہ رضی اللہ عنہا کا مہر عقد کتنا مقرر ہوا۔؟
۹۔۔۔ حضور اکرم ﷺ نے ام المومنین سیدتنا حفصہ رضی اللہ عنہا کو کتنی طلاقیں دی تھی اور کس کے کہنے پر رجوع فرمایا تھا۔؟
۱۰۔۔۔ ام المومنین سیدتنا حفصہ رضی اللہ عنہا کا انتقال کس سن میں ہوا۔؟
۱۱۔۔۔ ام المومنین سیدتنا حفصہ رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی۔؟
۱۲۔۔۔ ام المومنین سیدتنا حفصہ رضی اللہ عنہا کی عمر کتنی ہوئی۔؟
۱۳۔۔۔ ام المومنین سیدتنا حفصہ رضی اللہ عنہا سے کتنی حدیثیں مروی ہیں۔؟
۱۴۔۔۔ ام المومنین سیدتنا حفصہ رضی اللہ عنہا کہاں مدفون ہیں۔؟

ام المومنین سیدتنا حفصہ رضی اللہ عنہا سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ ام المومنین سیدتنا حفصہ رضی اللہ عنہا کی ولادت اعلان نبوت سے پانچ سال قبل ہوئی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۴)

۲۔۔۔ آپ، سیدنا عمر فاروق ؓ کی دختر فرخندہ اختر ہیں اور آپ کی والدہ محترمہ کا نام زینب بنت مظعون ہے جو حضرت عثمان بن مظعون ؓ کی بہن ہیں۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۴)

۳۔۔۔ آپ، حضور اکرم ﷺ کے حرم میں آنے سے قبل حضرت خنیس بن حذافہ ؓ کی زوجیت میں تھیں۔ حضرت خنیس ؓ غزوۂ بدر میں زخمی ہو کر بعد میں شہید ہو گئے اور ایک قول کے بموجب بعد از غزوۂ احد شہید ہوئے۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۲، اسد الغابہ ج ۵ ص ۴۲۵)

۴۔۔۔ آپ کا حضور اکرم ﷺ کے حبالۂ عقد میں آنے کا واقعہ یوں ہے کہ۔

جب سیدتنا حفصہ رضی اللہ عنہا حضرت خنیس ؓ سے بیوہ ہوئیں تو اسی زمانہ میں سیدتنا رقیہ بنت رسول اللہ ﷺ جو کہ حضرت عثمان ؓ کی زوجیت میں تھیں فوت ہوئیں۔ حضرت عمر فاروق ؓ، حضرت عثمان بن عفان ؓ کے پاس آئے اور حفصہ کی پیش کش کی۔ حضرت عثمان نے کہا مجھے مہلت دو کہ اپنا معاملہ سوچ سمجھ لوں۔ چند راتیں گزارنے کے بعد حضرت عثمان ؓ نے جواب دیا کہ میری رائے یہ قائم ہوئی کہ چند روز نکاح نہ کروں۔ اس کے بعد حضرت عمر فاروق ؓ نے حضرت صدیق اکبر ؓ سے ملاقات کی اور فرمایا کہ اگر آپ کی خواہش ہو تو حفصہ کا نکاح آپ کے ساتھ ساتھ کر دوں۔ حضرت صدیق اکبر ؓ نے خاموشی اختیار فرمائی کوئی جواب نہ دیا۔ حضرت عمر فاروق ؓ نے

حضور اکرم اکی خدمت میں حاضر ہو کر ان دونوں کی شکایت کی۔ آپ انے فرمایا: حق تعالیٰ حضرت عثمان کے لئے تمہاری بیٹی سے بہتر زوجہ عطا فرمائے اور تمہاری بیٹی حفصہ کے لئے عثمان سے بہتر شوہر عنایت فرمائے۔ اور ایسا ہی واقعہ ہوا کہ سیدتنا حفصہ رضی اللہ عنہا کو حضور اکرم ﷺ نے قبول فرمایا اور سیدہ ام کلثوم بنت رسول اللہ ﷺ حضرت عثمان کو مرحمت ہو گئیں۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ پھر جب حضرت ابو بکر صدیق ص نے مجھ سے ملاقات کی اور فرمایا کہ شاید تم مجھ سے اس وقت ناراض ہو گئے تھے جب کہ تم نے پیش کش کی تھی اور میں نے کوئی جواب نہ دیا تھا۔ ا میں نے کہا ہاں میں ناراض ہو گیا تھا۔ ا انہوں نے فرمایا: تم نے جو پیش کش کی تھی اس کا جواب میں نے تمہیں انکار میں تو نہیں دیا تھا البتہ بات یہ تھی کہ میں جانتا تھا کہ رسول اللہ ا نے حفصہ کو یاد فرمایا ہے اور میں نے آپ کا راز فاش کرنا نہیں چاہا اگر رسول اللہ ا انہیں قبول نہ فرماتے تو میں قبول کر لیتا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۳، اسد الغابہ ج ۵ ص ۴۲۵)

۵۔۔۔ آپ ۳ھ یا ۲ھ میں حضور اکرم ﷺ کی زوجیت میں داخل ہوئیں۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۳، اسد الغابہ ج ۵ ص ۴۲۵)

۶۔۔۔ اس وقت آپ کی عمر بیس سال کی تھی اور حضور اکرم ﷺ کی عمر شریف پچپن سال۔ (اصح السیر ص ۵۰۳)

۷۔۔۔ آپ کا یہ نکاح آپ کے والد سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے پڑھایا۔

(سیرۃ ابن ہشام ج ۲ ص ۶۴۹)

۸۔۔۔ آپ کا دین مہر چار سو درہم مقرر ہوا۔ (سیرۃ ابن ہشام ج ۲ ص ۶۴۹)

۹۔۔۔ ایک روایت میں مروی ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے سیدتنا حفصہ رضی اللہ عنہا کو ایک طلاق رجعی دی۔ جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو اس کی خبر پہنچی تو انہیں بہت دکھ ہوا۔ اس کے بعد جبرائیل علیہ السلام آئے اور وحی لائے کہ حکم الٰہی یہ ہے کہ سیدتنا حفصہ رضی اللہ عنہا سے رجوع فرمالیں کیونکہ وہ بہت روزہ دار اور شب بیدار ہیں اور وہ

جنت میں آپ کی زوجہ ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۳)

۱۰۔۔۔ آپ کا انتقال ۴۱ھ ۴۵ھ یا ۴۷ھ زمانہ امارت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ میں ہوا۔ بعض خلافت حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے زمانے میں بتاتے ہیں۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۳)

اور بعض نے ۲۷ھ کہا ہے۔ (اسد الغابہ ج ۵ ص ۴۲۶)

۱۱۔۔۔ آپ کی نماز جنازہ مروان (جو اس زمانے میں مدینہ طیبہ کا حاکم تھا) نے پڑھائی۔ (مدارج النبوۃ ص ۶۳، رکن چہارم)

۱۲۔۔۔ آپ کی عمر شریف ساٹھ سال ہوئی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۳)

۱۳۔۔۔ کتب متداولہ میں ساٹھ حدیثیں آپ سے مروی ہیں ان میں سے چار متفق علیہ یعنی بخاری و مسلم میں ہیں اور تنہا مسلم میں چھ حدیثیں باقی پچاس دیگر تمام کتابوں میں مروی ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۳)

۱۴۔۔۔ آپ جنت البقیع میں مدفون ہیں۔

ام المومنین سیدتنا زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ ام المومنین سیدتنا زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا کا پہلا نکاح کس سے ہوا تھا؟

۲۔۔۔ ام المومنین سیدتنا زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا کس سن میں حضور اکرم ﷺ کی زوجیت میں داخل ہوئیں۔؟

۳۔۔۔ ام المومنین سیدتنا زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا کا نکاح حضور اکرم ﷺ کے ساتھ کس نے کرایا۔؟

۴۔۔۔ ام المومنین سیدتنا زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا کا مہر نکاح کتنا مقرر ہوا؟

۵۔۔۔ ام المومنین سیدتنا زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا کا انتقال کس ماہ و سن میں ہوا؟

۶۔۔۔ ام المومنین سیدتنا زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا حضور اکرم ﷺ کی صحبت میں کتنی مدت رہیں۔؟

۷۔۔۔ ام المومنین سیدتنا زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی۔؟

۸۔۔۔ ام المومنین سیدتنا زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا کس جگہ مدفون ہوئیں۔؟

۹۔۔۔ ام المومنین سیدتنا زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا کی عمر کتنی ہوئی۔؟

ام المومنین سیدتنا زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ سیدتنا زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا پہلے حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ کی زوجیت میں تھیں وہ غزوۂ احد میں شہید ہو گئے۔ بعض کہتے ہیں کہ حضرت عبیدہ بن الحارث بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ کی زوجیت میں تھیں اور وہ غزوۂ بدر میں شہید ہو گئے تھے۔ بعض کہتے ہیں کہ وہ پہلے طفیل بن الحارث کی بیوی تھیں انہوں نے ان کو طلاق دیدی تو عبیدہ بن الحارث نے ان کو اپنی زوجہ بنالیا۔ ایک قول یہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ نے ان کو پیام دیا۔ بعض اہل سیر اس قول کو ترجیح دیتے ہیں اور مواہب لدنیہ میں فرمایا کہ پہلا قول زیادہ صحیح ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۴)
ایک قول یہ بھی ہے کہ عبیدہ بن الحارث سے پہلے جہم بن عمرو بن حارث کی زوجیت میں رہیں جو آپ کے چچازاد بھائی تھے۔ (سیرۃ ابن ہشام ج ۲ ص ۷۹۳)

۲۔۔۔ رمضان ۳ھ میں رسول اللہ ﷺ آپ کو اپنے حبالۂ عقد میں لائے۔
(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۴، مدارج ج ۳ ص ۹۳)

۳۔۔۔ یہ نکاح قبیصہ بن عمرو ہلالی نے منعقد کرایا۔ (سیرۃ ابن ہشام ج ۲ ص ۷۹۳)

۴۔۔۔ رسول اللہ ﷺ نے آپ کو مہر میں چار سو درہم عنایت فرمائے۔
(سیرۃ ابن ہشام ج ۲ ص ۷۹۳)

۵۔۔۔ سیدتنا زینب رضی اللہ عنہا ماہ ربیع الآخر ۴ھ کو رخت ارتحال باندھ کر سمت دار البقاء روانہ ہوئیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۵)

۶۔۔۔ سیدتنا زینب رضی اللہ عنہا حضور اکرم ﷺ کی خدمت اقدس میں بہت کم مدت حیات رہیں۔ بعض ارباب سیر دو ماہ، بعض چھ ماہ اور بعض آٹھ ماہ مدت صحبت بتاتے ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۴)

۷۔۔۔ آپ کی نماز جنازہ خود نبی کریم ﷺ نے پڑھائی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص [illegible])

۸۔۔۔ آپ کو جنت البقیع میں دفن کیا گیا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص [illegible])

۹۔۔۔ آپ کی عمر شریف تمیں سال ہوئی۔ (اصابہ ج ۴ ص [illegible] مستدرک حاکم ج ۴ ص [illegible])

ام المومنین سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ ام المومنین سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی پیدائش کس سن میں ہوئی۔؟

۲۔۔۔ ام المومنین سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا اصلی نام کیا ہے۔؟

۳۔۔۔ ام المومنین سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے والد اور والدہ کا نام کیا ہے۔؟

۴۔۔۔ ام المومنین سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا پہلے کس کے نکاح میں تھیں۔؟

۵۔۔۔ ام المومنین سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پہلے شوہر کا انتقال کب ہوا تھا اور ان سے آپ کی کتنی اولاد ہوئیں۔؟

۶۔۔۔ ام المومنین سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا جب بیوہ ہوئیں تو آپ کو کس کس نے پیغام نکاح دیا۔؟

۷۔۔۔ ام المومنین سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس حضور اکرم ﷺ کا پیام لیکر کون گیا تھا۔؟

۸۔۔۔ ام المومنین سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس جب حضور اکرم ﷺ کا پیغام پہنچا تو انہوں نے کیا عذر کیا اور حضور ﷺ نے اس کا کیا جواب دیا۔؟

۹۔۔۔ ام المومنین سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا کو کس سن میں حضور اکرم ﷺ کی زوجہ ہونے کا شرف حاصل ہوا۔؟

۱۰۔۔۔ ام المومنین سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا نکاح کس نے کرایا اور کتنے مہر پر۔؟

۱۱۔۔۔ ام المومنین سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا انتقال کس سن اور کس ماہ میں ہوا۔؟

۱۲۔۔۔ ام المومنین سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی۔؟

۱۳۔۔۔ ام المومنین سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا کس جگہ مدفون ہوئیں۔؟

۱۴۔۔۔ ام المومنین سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی عمر کتنی ہوئی۔؟

۱۵۔۔۔ ام المومنین سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے کتنی حدیثیں مروی ہیں۔؟

ام المومنین سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ ام المومنین سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا سن ۳۱ میلاد النبی ﷺ کو رونق افزائے دار دنیا ہوئیں۔ (عمدۃ القاری ص ۱)

۲۔۔۔ آپ کا اصلی نام ہند ہے۔ بعض رملہ بتاتے ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۵)

۳۔۔۔ آپ کے والد کا نام ابو امیہ سہل بن المغیرہ بن عبد اللہ ہے اور والدہ کا نام عاتکہ بنت عامر۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۵)

۴۔۔۔ آپ پہلے ابو سلمہ عبد اللہ بن الاسد کی زوجیت میں تھیں جو حضور اکرم ﷺ کی پھوپھی برہ بنت عبد المطلب کے فرزند ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۵)

۵۔۔۔ حضرت ابو سلمہ رضی اللہ عنہ غزوۂ احد میں زخمی ہو کر تندرست ہوئے اس کے بعد آپ کو ایک لشکر کے ساتھ بھیجا گیا جب وہاں سے واپس ہوئے تو آپ کے زخم پھر تازہ ہو گئے اور انہیں زخموں سے ۴ ھ کو انتقال فرمایا۔ ایک قول ۳ ھ کا ہے۔

ان سے سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے چار بچے ہوئے۔

(۱) زینب (۲) سلمہ (۳) عمرو (۴) درہ۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۵)

۶۔۔۔ ایک روایت میں آیا ہے کہ جب سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیوہ ہوئیں تو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنا پیام بھیجا مگر سیدتنا ام سلمہ نے ان کے پیام کو منظور نہ فرمایا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۶)

۷۔۔۔ آپ کے پاس حضور اکرم ﷺ کا پیام حضرت حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ لیکر آئے تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۶)

۸۔۔۔ حضور اکرم ﷺ نے جب سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا کو اپنا پیام نکاح بھیجا تو کہا مرحبا برسول اللہ لیکن میں بڑی عمر کی عورت ہوں۔ میرے ساتھ

میرے یتیم بچے ہیں۔ اور میں بہت غیرت مند ہوں۔ آپ عورتوں کو جمع فرمائیں گے (تو رشک و اختلاف کا اندیشہ ہے) حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: میری عمر تمہاری عمر سے زیادہ ہے۔ تمہارے یتیموں کی پرورش خدا اور رسول خدا کے ذمہ ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ فرمایا: تمہارے بچے میرے بچے ہیں اور یہ جو تم کہتی ہو کہ میں بہت غیرت مند ہوں تو میں دعا کرتا ہوں کہ حق تعالیٰ اس بات کو تم سے دور فرمائے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۶)

۹۔۔۔ آپ ماہ شوال ۴ ھ کو رسول اللہ ﷺ کی زوجیت میں داخل ہوئیں۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۶)

۱۰۔۔۔ یہ نکاح سیدتنا ام سلمہ کے بیٹے سلمہ بن ابو سلمہ نے کرایا۔ آپ کے مہر میں رسول اللہ ﷺ نے ایک فرش جس میں پتیوں کا بھراؤ تھا، ایک پیالہ، ایک رکابی اور ایک چکی دی۔ (سیرۃ ابن ہشام ج ۲ ص ۶۰۰)

ایک روایت میں ہے کہ آپ کا مہر ایسا سامان جو دس درہم کی قیمت کا تھا مقرر ہوا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۶)

۱۱۔۔۔ سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا انتقال شوال ۵۹ ھ میں ہوا۔ بعض ۶۲ ھ میں زمانہ یزید بن معاویہ میں حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد بتاتے ہیں۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۶)

اور بعض ۶۱ ھ کہتے ہیں۔ (الکامل فی التاریخ ج ۲ ص ۱۴۸)

۱۲۔۔۔ آپ کی نماز جنازہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے پڑھائی۔ بعض کہتے ہیں کہ حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ نے پڑھائی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۷)

۱۳۔۔۔ ام المومنین سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا بقیع شریف میں مدفون ہوئیں۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۰)

۱۴۔۔۔ سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی عمر شریف چوراسی سال ہوئی۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۰)

۱۵۔۔۔ سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے تین سو اٹھتر حدیثیں مروی ہیں۔ ان میں سے متفق علیہ یعنی بخاری ومسلم میں تیرہ حدیثیں ہیں۔ صرف بخاری شریف میں تین حدیثیں اور تنہا مسلم شریف میں تیرہ حدیثیں ہیں باقی دیگر کتابوں میں۔

(مدارج النبوۃ ج ۲، ص ۸۷۲)

ام المومنین سیدتنا زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ ام المومنین سیدتنا زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کا حضور اکرم ﷺ سے اور کیا رشتہ تھا۔؟

۲۔۔۔ ام المومنین سیدتنا زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کا پہلا نام کیا تھا اور آپ کی کنیت کیا ہے۔؟

۳۔۔۔ ام المومنین سیدتنا زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا پہلے کس کے نکاح میں تھیں اور یہ نکاح کس نے کتنے مہر پر کرایا تھا۔؟

۴۔۔۔ ام المومنین سیدتنا زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا اپنے پہلے شوہر کے نکاح میں کتنی مدت رہیں اور جدائی کیوں ہوئی۔؟

۵۔۔۔ ام المومنین سیدتنا زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے پاس حضور اکرم ﷺ کا پیام لیکر کون گیا تھا۔؟

۶۔۔۔ ام المومنین سیدتنا زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے پاس جب حضور اکرم ﷺ کا پیام پہنچا تو انہوں نے کیا کہا۔؟

۷۔۔۔ ام المومنین سیدتنا زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کس ماہ و سن میں ازواج مطہرات میں داخل ہوئیں۔؟

۸۔۔۔ ام المومنین سیدتنا زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کا یہ نکاح کس نے کس جگہ کرایا اور گواہ کون تھے۔؟

۹۔۔۔ ام المومنین سیدتنا زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کا مہر کتنا مقرر ہوا۔؟

۱۰۔۔۔ ام المومنین سیدتنا زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کو ان کا نکاح حضور اکرم ﷺ کے ساتھ ہو جانے کی بشارت کس نے سنائی۔؟

۱۱۔۔۔ ام المومنین سیدتنا زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا حضور اکرم ﷺ کیساتھ نکاح ہونے کی خوشی اور اس نعمت کے شکرانے میں کتنے دن روزہ دار رہیں؟

۱۲۔۔۔ ام المومنین سیدتنا زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کی وہ فضیلتیں کیا کیا ہیں جو کسی اور ازواج مطہرات میں نہیں ہیں۔؟

۱۳۔۔۔ ام المومنین سیدتنا زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کا انتقال کس سن میں ہوا۔؟

۱۴۔۔۔ ام المومنین سیدتنا زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی۔؟

۱۵۔۔۔ ام المومنین سیدتنا زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کی قبر مبارک کہاں ہے۔؟

۱۶۔۔۔ ام المومنین سیدتنا زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کی عمر کتنی ہوئی۔؟

۱۷۔۔۔ ام المومنین سیدتنا زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے کتنی حدیثیں مروی ہیں۔؟

ام المومنین سیدتنا زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ پھوپھی زاد بہن کہ سیدتنا زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کی والدہ حضور اکرم ﷺ کی پھوپھی امیمہ بنت عبدالمطلب تھیں۔ (خزائن العرفان پ ۲۲ ع ۲، مدارج ج ۲ ص ۸۱۷)

۲۔۔۔ آپ کا نام پہلے برہ تھا حضور اکرم ﷺ نے یہ نام تبدیل فرما کر زینب رکھا اور آپ کی کنیت ام الحکم تھی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۷، البدایہ ج ۴ ص ۱۴۶)

۳۔۔۔ آپ، ازواج مطہرات میں داخل ہونے سے قبل حضور اکرم ﷺ کے آزاد کردہ غلام حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کی زوجیت میں تھیں یہ نکاح خود حضور اکرم ﷺ نے اپنی طرف سے دس دینار، ساٹھ درہم، ایک جوڑا کپڑا، پچاس مد کھانا اور تیس صاع کھجور مہر دیکر کرایا تھا۔ (خزائن العرفان پ ۲۲ ع ۲)

۴۔۔۔ آپ، حضرت زید رضی اللہ عنہ کے نکاح میں ایک سال یا کچھ زیادہ عرصہ رہیں۔ چونکہ سیدتنا زینب صاحب جمال تھیں اور حضرت زید آزاد کردہ غلام، بایں وجہ دونوں کے درمیان ناسازگاری پیدا ہوئی اور حضرت زینب کی جانب سے حضرت زید کی نسبت کج خلقی ہونا شروع ہوئی یہاں تک کہ یہ حد کو پہنچ گئی اور حضرت زید نے طلاق یدی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲، ص ۸۱۸)

۵۔۔۔ منقول ہے کہ جب سیدتنا زینب رضی اللہ عنہا کی عدت پوری ہوگئی تو حضور اکرم ﷺ نے حضرت زید رضی اللہ عنہ سے فرمایا: جاؤ! اور زینب کو میرے لئے پیام دو۔! حضرت زید کی اس کام کے لئے تخصیص میں حکمت یہ تھی کہ لوگ یہ گمان نہ کریں کہ یہ عقد بغیر رضامندی زید کے بر سبیل قہر و جبر واقع ہوا ہے۔ اور انہیں یہ معلوم ہو جائے کہ زید کے دل میں زینب کی کوئی خواہش نہیں ہے اور وہ اس بات سے راضی و خوش ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۹)

۶۔۔۔ جب سیدتنا زینب رضی اللہ عنہا کے پاس حضور اکرم ﷺ کا پیام پہنچا تو سیدتنا زینب نے کہا۔ میں اس بات کا کوئی جواب نہیں دے سکتی جب تک کہ میں اپنے رب عزوجل سے مشورہ نہ کرلوں۔ اس کے بعد وہ اٹھیں اور مصلی پر پہنچیں۔ سر کو سجدہ میں رکھ کر بارگاہ بے نیاز میں عرض نیاز کی۔ بعض روایتوں میں آیا ہے کہ دو رکعت نماز پڑھ کے سجدے میں گئیں اور یہ مناجات کی: اے خدا! تیرا نبی میری خواستگاری فرماتا ہے اگر میں ان کی زوجیت کے لائق ہوں تو مجھے ان کی زوجیت میں دے دے۔ اسی وقت ان کی یہ دعا مقبول ہوئی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۲۰)

۷۔۔۔ سیدتنا زینب رضی اللہ عنہا ماہ ذیقعدہ ۵ھ کو ازواج مطہرات میں داخل ہوئیں یہ قول قتادہ کا ہے اور بقول ابو عبیدہ ۳ھ میں۔ (البدایہ والنہایہ ج ۴ ص ۱۴۸)

۸۔۔۔ یہ نکاح خود اللہ تقدس وتعالیٰ نے عرش معلی پر کیا۔ اور گواہ جبرائیل علیہ السلام تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۲۱، تفسیر الم نشرح ص ۵۰۲)

۹۔۔۔ آپ کا مہر عقد چار سو درہم مقرر ہوا۔ (سیرت ابن ہشام ج ۴ ص ۷۹۰)

۱۰۔۔۔ حضرت سلمیٰ رضی اللہ عنہا جو کہ حضور ﷺ کی خادمہ تھیں انہوں نے سیدتنا زینب کو یہ بشارت سنائی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۲۰)

اور اس خوش خبری سنانے پر وہ زیورات جو سیدتنا زینب پہنے ہوئے تھیں اتار کر سلمیٰ کو عطا فرما دیئے۔

۱۱۔۔۔ آپ اس خوشی میں دو ماہ لگاتار روزہ دار رہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۲۰)

۱۲۔۔۔ سیدتنا زینب رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضور اکرم ﷺ فرماتے مجھے چند فضیلتیں ایسی حاصل ہیں جو کسی اور زوجہ کو حاصل نہیں ہیں۔ ایک یہ کہ میرے جد اور تمہارے جد ایک ہیں۔ دوسرا یہ ہے کہ میرا نکاح آسمان میں ہوا۔ اور تیسرا یہ کہ اس قصہ میں جبرائیل علیہ السلام سفیر و گواہ تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۲۲)

۱۳۔۔۔ سیدتنا زینب رضی اللہ عنہا کا انتقال سن ۲۰ھ یا ۲۱ھ کو ہوا۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۲۲)

۱۴۔۔۔ آپ کی نماز جنازہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے پڑھائی۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۲۲، اسد الغابہ ج ۵ ص ۴۶۵)

۱۵۔۔۔ آپ کی قبر انور بقیع شریف میں ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۲۲، اسد الغابہ ج ۵ ص ۴۶۵)

۱۶۔۔۔ آپ کی عمر ترپن سال ہوئی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۲۲)

دوسرا قول پچاس سال کا ہے۔ (اسد الغابہ ج ۵ ص ۴۶۵)

۱۷۔۔۔ آپ سے گیارہ حدیثیں مروی ہیں۔ ان میں سے متفق علیہ دو حدیثیں ہیں بقیہ تو تمام دیگر کتابوں میں۔ (مدارج ج ۲ ص ۸۲۲)

ام المومنین سیدتنا جویریہ رضی اللہ عنہا سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ ام المومنین سیدتنا جویریہ رضی اللہ عنہا کے والد کا نام کیا ہے اور ان کا تعلق کس قبیلہ سے ہے۔؟

۲۔۔۔ ام المومنین سیدتنا جویریہ رضی اللہ عنہا کا پہلا نام کیا تھا۔؟

۳۔۔۔ ام المومنین سیدتنا جویریہ رضی اللہ عنہا کس غزوہ میں قید کر کے لائی گئیں اور مال غنیمت کی تقسیم میں کس کے حصے میں آئیں۔؟

۴۔۔۔ ام المومنین سیدتنا جویریہ رضی اللہ عنہا حضور اکرم ﷺ کے عقد میں آنے سے قبل کس کے نکاح میں تھیں۔؟

۵۔۔۔ ام المومنین سیدتنا جویریہ رضی اللہ عنہا حضور اکرم ﷺ کے عقد نکاح میں کیسے آئیں۔؟

۶۔۔۔ ام المومنین سیدتنا جویریہ رضی اللہ عنہا کس سن اور کتنی عمر میں ازواج مطہرات میں داخل ہوئیں۔؟

۷۔۔۔ ام المومنین سیدتنا جویریہ رضی اللہ عنہا کا مہر عقد کیا مقرر ہوا۔؟

۸۔۔۔ ام المومنین سیدتنا جویریہ رضی اللہ عنہا کا نکاح حضور اکرم ﷺ کیساتھ کس نے کرایا۔؟

۹۔۔۔ ام المومنین سیدتنا جویریہ رضی اللہ عنہا کا وصال کس سن میں ہوا۔؟

۱۰۔۔۔ ام المومنین سیدتنا جویریہ رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی۔؟

۱۱۔۔۔ ام المومنین سیدتنا جویریہ رضی اللہ عنہا کی عمر کتنی ہوئی۔؟

۱۲۔۔۔ ام المومنین سیدتنا جویریہ رضی اللہ عنہا سے کتنی حدیثیں مروی ہیں۔؟

ام المومنین سیدتنا جویریہ رضی اللہ عنہا سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ سیدتنا جویریہ رضی اللہ عنہا کے والد کا نام حارث بن ابی ضرار ہے جو قبیلہ بنی مصطلق کے سردار اور پیشوا تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۲۵، الکامل فی التاریخ ج ۲ ص ۱۲۹)

۲۔۔۔ سیدتنا جویریہ رضی اللہ عنہا کا اصلی نام بھی برہ تھا۔ نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم نے یہ نام تبدیل فرما کر جویریہ تجویز فرمایا (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۲۲)

ایک قول کے بموجب تیرہ نام تھا۔ (مدارج النبوۃ ص ۸۲۹ رکن چہارم)

۳۔۔۔ سیدتنا جویریہ رضی اللہ عنہا غزوہ مریسیع یعنی غزوہ مصطلق میں قید ہو کر آئیں اور جب مال غنیمت تقسیم ہوا تو حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کے حصہ میں آئیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۲۵)

۴۔۔۔ سیدتنا جویریہ رضی اللہ عنہا حضور اکرم ﷺ کے عقد نکاح میں آنے سے قبل اپنے چچا زاد بھائی عبداللہ کی زوجیت میں تھیں۔ (سیرۃ ابن ہشام ج ۲ ص ۷۹۲)

ایک قول یہ ہے کہ مسافع بن صفوان کے نکاح میں تھیں۔ (الکامل ج ۲ ص ۱۲۹)

۵۔۔۔ سیدتنا جویریہ رضی اللہ عنہا حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کے حصے مال غنیمت میں آئیں تو حضرت ثابت نے انہیں مکاتبہ بنا دیا یعنی یہ کہہ دیا کہ اتنا مال اتنی رقم ادا کرو تو تم آزاد ہو جاؤ گی۔ سیدتنا جویریہ رضی اللہ عنہا مسلمان ہو کر حضور اکرم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر آئیں اور عرض کیا کہ میرے مولیٰ نے مجھے مکاتب بنا دیا ہے میں کتابت کی رقم ادا نہیں کر سکتی۔ میں امید رکھتی ہوں کہ آپ میری اعانت فرمائیں گے۔ حضور اکرم ﷺ نے کسی کو بھیجا کہ ثابت بن قیس کے پاس جائے اور وہ کتابت کی رقم ادا کرے۔ اس کے بعد آپ ان کو آزاد کر کے اپنے حبالۂ عقد میں لے آئے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۲۵)

۶۔۔۔ سیدتنا جویریہ رضی اللہ عنہا ماہ شعبان ۵ھ میں ازواج مطہرات میں داخل ہوئیں۔ اس وقت ان کی عمر بیس سال کی تھی۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۸۲۵)

۷۔۔۔ سیدتنا جویریہ رضی اللہ عنہا کا مہر قبیلہ بنی مصطلق کے تمام قیدیوں کی آزادی کو بتایا کہ اسی قبیلہ سے آپ تعلق رکھتی تھیں۔ ایک قول یہ ہے کہ چار سو درہم مہر مقرر ہوا۔ صحابہ عظام جب اس حقیقت حال سے باخبر ہوئے تو باہم کہنے لگے کہ ہمیں یہ زیب نہیں دیتا کہ سید کائنات ﷺ کے حرم کے اقرباء کو اسیری، قید اور غلامی میں رکھیں۔ اس کے بعد تمام صحابہ نے ان قیدیوں کو آزاد کر دیا۔ اہل سیر بتاتے ہیں کہ بنی المصطلق کے قیدیوں کی مجموعی تعداد سو سے زیادہ تھی اور سب ہی نے اس قید سے رہائی پائی۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۸۲۵)

۸۔۔۔ یہ نکاح سیدتنا جویریہ رضی اللہ عنہا کے والد حارث بن ابی ضرار نے کرایا۔

(سیرۃ ابن ہشام ج۲ ص۶۹۲)

۹۔۔۔ سیدتنا جویریہ رضی اللہ عنہا ۵۰ھ یا ۵۶ھ میں عالم وصال کی طرف رحلت فرمائیں۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۸۲۶)

۱۰۔۔۔ آپ کی نماز جنازہ مروان نے پڑھائی جو حضرت امیر معاویہ ؓ کی جانب سے مدینہ طیبہ میں حاکم تھا۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۸۲۶)

۱۱۔۔۔ آپ کی عمر پینسٹھ سال ہوئی۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۸۲۶)

۱۲۔۔۔ کتب معتبرہ میں آپ سے سات حدیثیں مروی ہیں۔ بخاری شریف میں دو، مسلم شریف میں دو باقی دیگر کتابوں میں۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۸۲۶)

ام المومنین سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ ام المومنین سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے والد اور والدہ کا نام کیا ہے۔؟

۲۔۔۔ ام المومنین سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کا اصلی نام کیا ہے۔؟

۳۔۔۔ ام المومنین سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کا پہلا نکاح کس سے ہوا تھا؟ اور ان سے کتنی اولاد ہوئیں۔؟

۴۔۔۔ حضور اکرم ﷺ نے ام المومنین سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کا پیام دیکر کس کو کس کے پاس بھیجا۔؟

۵۔۔۔ ام المومنین سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے پاس حضور اکرم ﷺ کے پیام کی بشارت لیکر کون گیا تھا۔؟

۶۔۔۔ ام المومنین سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا، کس سن میں حضور اکرم ﷺ کے حبالۂ عقد میں آئیں۔؟

۷۔۔۔ ام المومنین سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کا یہ نکاح کس نے پڑھایا اور دونوں طرف سے وکیل کون کون تھے۔؟

۸۔۔۔ ام المومنین سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کا مہر عقد کتنا مقرر ہوا اور کس نے اپنی طرف سے ادا کیا۔؟

۹۔۔۔ بوقتِ نکاح ام المومنین سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کی عمر کتنی تھی۔؟

۱۰۔۔۔ حضور اکرم ﷺ نے ام المومنین سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کو لانے کیلئے کس کو بھیجا تھا۔؟

۱۱۔۔۔ ام المومنین سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کی وفات کس جگہ اور کس سن میں ہوئی؟

۱۲۔۔۔ ام المومنین سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے کتنی حدیثیں مروی ہیں۔؟

۱۳۔۔۔ ام المومنین سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کی قبر کہاں ہے۔؟

ام المومنین سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے والد کا نام صخر بن حرب تھا جو کہ ابو سفیان کی کنیت سے مشہور تھے۔ اور والدہ کا نام صفیہ بنت ابی العاص تھا جو کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی پھوپھی تھیں۔
(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۲۶، ۸۱۰ مدار جلال ص ۵۷۳)

۲۔۔۔ سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کا اصلی نام رملہ تھا۔ ایک قول کے بموجب ہند۔
(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۲۶)

اور ایک قول کے مطابق آملہ تھا۔
(مدارج النبوۃ ص ۱۵۰، مدار کن چہارم)

۳۔۔۔ سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا ازواج مطہرات میں داخل ہونے سے قبل عبید اللہ بن جحش کی زوجیت میں تھیں۔ ابتدائے احوال میں مسلمان ہوئیں اور حبشہ کی جانب ہجرت ثانیہ کی۔ اسکے بعد عبید اللہ مرتد ہو گیا اور نصرانیت کی طرف رجوع ہو کر شراب خوری کو مشغلہ بنایا اور اسی حال میں مر گیا۔ عبید اللہ سے ایک دختر پیدا ہوئی جس کا نام حبیبہ تھا اسی سے ان کی کنیت ام حبیبہ ہوئی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۲۶)

۴۔۔۔ حضور اکرم ﷺ نے حضرت عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہ کو نجاشی بادشاہ کے پاس بھیجا کہ سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کو ہمارا پیام دیں اور نکاح کریں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۲۹)

۵۔۔۔ مروی ہے کہ نجاشی بادشاہ نے اپنی باندی جس کا نام ابرہہ تھا سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے پاس یہ کہلا بھیجا کہ حضور اکرم ﷺ کا ایک مکتوب اس مضمون کا یعنی پیام نکاح کا آیا ہے اگر تم کو منظور ہو تو وکیل کا تعین کروں تاکہ عقد نکاح انجام پائے۔ سیدتنا ام حبیبہ کے پاس جب یہ پیام پہنچا تو از حد خوشی کا اظہار کیا اور اس خبر بشارت اثر و مژدۂ سعادت ثمر کو لا کر سنانے پر اپنے ہاتھ پاؤں کی انگلیوں میں جتنا زیور تھا اتار کر اس باندی کو دیدیا۔ پھر جب عقد نکاح ہو گیا تو مہر میں سے

پچاس مثقال سونا اس ابرہہ باندی کو بھیجا اور عذر خواہی کی کہ اس روز جب کہ تم خوشخبری لائی تھیں واقعہ کے مطابق انعام نہ دے سکی تھی۔ ابرہہ باندی نے یہ پچاس مثقال سونا، سابقہ زیور والا انعام کے ساتھ یہ کہکر واپس کر دیا کہ بادشاہ نے لینے سے منع کر دیا۔
(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۲۳)

۶۔۔۔ سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا ۶ھ میں حضور اکرم ﷺ کے حبالۂ عقد میں آئیں۔
(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۲۲)

۷۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے وکیل نجاشی بادشاہ تھے اور سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے وکیل حضرت خالد بن سعید رضی اللہ عنہ۔ اور خطبہ نکاح بادشاہ نجاشی نے پڑھا۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۲۶)

۸۔۔۔ آپ کا مہر عقد چار سو مثقال سونا یا چار ہزار درہم مقرر ہوا۔ جسے نجاشی بادشاہ نے اپنی طرف سے ادا کیا۔
(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۲۳)

۹۔۔۔ اس وقت سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کچھ اوپر تیس سال کی تھیں۔

(مدارج النبوۃ ص ۳۲۳)

۱۰۔۔۔ جب اس عقد کے استحکام کے سلسلہ کی خبر حضور اکرم ﷺ کو پہنچی تو حضور نے حضرت شرجیل بن حسنہ رضی اللہ عنہ کو حبشہ بھیجا کہ سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کو مدینہ منورہ لائیں۔ ایک قول یہ ہے کہ حضرت عمرو بن امیہ ضمری لیکر آئے تھے۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۲۳)

۱۱۔۔۔ سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کی وفات مدینہ طیبہ میں ۴۴ھ یا ۴۲ھ میں بقول صحیح واقع ہوئی۔ ایک قول یہ ہے کہ وفات ملک شام میں واقع ہوئی۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۲۸)

۱۲۔۔۔ سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے کتب متداولہ میں پینسٹھ حدیثیں مروی ہیں۔ ان میں دو متفق علیہ ہیں۔ ایک تنہا مسلم میں ہے۔ باقی حدیثیں دیگر کتابوں میں مروی ہیں۔
(مدارج النبوۃ ص ۱۵۱، مدار کن چہارم)

۱۳۔۔۔ آپ کی قبر انور بقیع میں ہے۔
(مدارج ص ۱۵۱، مدار کن چہارم)

ام المومنین سیدتنا صفیہ رضی اللہ عنہا سے متعلق سوالات

۱ــــ ام المومنین سیدتنا صفیہ رضی اللہ عنہا کے والد کا نام کیا ہے۔؟
۲ــــ ام المومنین سیدتنا صفیہ رضی اللہ عنہا پہلے کس کے نکاح میں تھیں۔؟
۳ــــ ام المومنین سیدتنا صفیہ رضی اللہ عنہا کس غزوہ میں اسیر ہو کر آئیں اور حضو
اکرم ﷺ کے حصے میں کیسے آئیں۔؟
۴ــــ ام المومنین سیدتنا صفیہ رضی اللہ عنہا کس سن میں ازواج مطہرات میں
داخل ہوئیں۔؟
۵ــــ ام المومنین سیدتنا صفیہ رضی اللہ عنہا کا مہر عقد کیا مقرر ہوا۔؟
۶ــــ ام المومنین سیدتنا صفیہ رضی اللہ عنہا کے ولیمہ میں کیا کھلایا گیا اور کہاں؟
۷ــــ ام المومنین سیدتنا صفیہ رضی اللہ عنہا کی وفات کس سن میں ہوئی۔؟
۸ــــ ام المومنین سیدتنا صفیہ رضی اللہ عنہا کس جگہ مدفون ہوئیں۔؟
۹ــــ ام المومنین سیدتنا صفیہ رضی اللہ عنہا سے کتنی حدیثیں مروی ہیں۔؟

ام المومنین سیدتنا صفیہ رضی اللہ عنہا سے متعلق جوابات

۱ــــ سیدتنا صفیہ رضی اللہ عنہا کے والد کا نام حی بن اخطب ہے۔

(مدارج النبوۃ ج۲ ص۸۲۸)

۲ــــ سیدتنا صفیہ رضی اللہ عنہا، پہلے سلام بن مسلم کی زوجیت میں تھیں جب ان میں جدائی ہو گئی تو پھر کنانہ بن الربیع بن ابی الحقیق کی زوجیت میں آگئیں۔ کنانہ غزوۂ خیبر میں مارا گیا۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۸۲۸)

۳ــــ سیدتنا صفیہ رضی اللہ عنہا فتح خیبر میں اسیران جنگ کے ساتھ قبضہ میں آئیں۔ لوگوں نے ان کے حسن و جمال کا حضور اکرم ﷺ سے ذکر کیا تو حضور نے ان کو اپنے لئے منتخب کر لیا۔ ایک روایت میں ہے کہ سیدتنا صفیہ تقسیم مال غنیمت میں حضرت دحیہ کلبی ؓ کے حصہ میں آئیں۔ لوگوں نے کہا: وہ حسینہ، جمیلہ قبیلہ کی سردار، یہود کے بادشاہوں میں سے ایک بادشاہ کی بیٹی اور حضرت ہارون نبی ؑ کی اولاد میں سے ہیں۔ مناسب ہے کہ حضور ﷺ کے ساتھ مخصوص ہوں۔ صحابہ میں حضرت دحیہ کی مانند بہت ہیں اور غنیمت میں صفیہ کی مانند کم۔ اور انھیں دحیہ کے ساتھ مخصوص کرنا بہت سے صحابہ کی دل آزاری کا موجب ہو گا۔ عام مصلحت یہی ہے کہ ان کو حضرت دحیہ سے واپس لیکر اپنے لئے مخصوص کر لیا جائے۔ ایک روایت میں آیا ہے کہ حضور ﷺ نے حضرت دحیہ کلبی سے فرمایا: ان قیدیوں میں سے کوئی اور لیلو! بعض روایتوں میں آیا ہے کہ حضرت دحیہ کو سیدتنا صفیہ کے چچا کی لڑکی ان کے بدلے میں مرحمت فرمائی۔ ایک روایت میں ہے کہ حضرت دحیہ سے سیدتنا صفیہ کو سات باندیوں کے بدلے خریدا۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۳۲۶)

۴۔ سیدتنا صفیہ رضی اللہ عنہا فتح خیبر کے بعد ۷ھ میں ازواج مطہرات میں داخل ہوئیں۔ اس وقت ان کی عمر سترہ سال کی تھی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۲۹)

۵۔ سیدتنا صفیہ رضی اللہ عنہا کا مہر عقد ان کی آزادی مقرر ہوا۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۲۲)

۶۔ حضور اکرم ﷺ خیبر سے واپسی پر منزل صہبا میں پہنچے تو بعد الطہارت حیض سیدتنا صفیہ رضی اللہ عنہا سے زفاف فرمایا اور حیس (ایک قسم کا کھانا جو کھجور، گھی اور ستو سے تیار ہوتا ہے) کا ولیمہ کیا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے فرمایا جو بھی حضرات ملیں صفیہ کے ولیمہ میں بلالو۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۲۲)

۷۔ سیدتنا صفیہ رضی اللہ عنہا کی وفات ۳۶ھ میں واقع ہوئی۔ ایک قول یہ ہے کہ ۵۲ھ میں۔ اور ایک قول کے مطابق ۵۵ھ میں ہوئی۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ خلافت فاروقی میں ہوئی اور سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے نماز جنازہ پڑھائی۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۳۰)

ایک قول ۵۰ھ کا بھی ہے۔ (اسد الغابہ ج ۵ ص ۴۹۱ [illegible] اسماء رجال مشکوۃ ص ۶۰۱)

۸۔ سیدتنا صفیہ رضی اللہ عنہا جنت البقیع میں مدفون ہوئیں۔

(اسماء رجال مشکوۃ ص ۶۰۱)

۹۔ سیدتنا صفیہ رضی اللہ عنہا سے دس حدیثیں مروی ہیں۔ ان میں سے ایک متفق علیہ باقی دیگر کتابوں میں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۳۰)

ام المومنین سیدتنا میمونہ رضی اللہ عنہا سے متعلق سوالات

۱۔ ام المومنین سیدتنا میمونہ رضی اللہ عنہا کی ولادت کس سن میں ہوئی۔؟

۲۔ ام المومنین سیدتنا میمونہ رضی اللہ عنہا کے والد اور والدہ کا نام کیا ہے۔؟

۳۔ ام المومنین سیدتنا میمونہ رضی اللہ عنہا کا پہلا نام کیا تھا۔؟

۴۔ ام المومنین سیدتنا میمونہ رضی اللہ عنہا پہلے کس کے نکاح میں تھیں۔؟

۵۔ ام المومنین سیدتنا میمونہ رضی اللہ عنہا سے حضور اکرم ﷺ نے کس سن ومادہ میں تزوج فرمایا۔؟

۶۔ ام المومنین سیدتنا میمونہ رضی اللہ عنہا کے پاس حضور اکرم ﷺ کا پیام لیکر کون گیا تھا۔؟

۷۔ ام المومنین سیدتنا میمونہ رضی اللہ عنہا کا یہ نکاح کس نے منعقد کر لیا اور کتنا مہر مقرر ہوا۔؟

۸۔ ام المومنین سیدتنا میمونہ رضی اللہ عنہا کا انتقال کس جگہ اور کس سن میں ہوا ؟

۹۔ ام المومنین سیدتنا میمونہ رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی اور قبر میں کس نے اتارا۔؟

۱۰۔ ام المومنین سیدتنا میمونہ رضی اللہ عنہا سے کتنی حدیثیں مروی ہیں۔؟

ام المومنین سیدتنا میمونہ رضی اللہ عنہا سے متعلق جواہرات

۱۔۔۔ سیدتنا میمونہ رضی اللہ عنہا سن ۲۵ ر میلاد النبی ﷺ میں رونق بخش عالم ہوئیں۔ (اسد الغابہ ج۵ ص۵۵۰)

۲۔۔۔ سیدتنا میمونہ رضی اللہ عنہا کے والد کا نام الحارث اور والدہ کا نام ہند بنت عوف ہے۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۸۳۰)

۳۔۔۔ سیدتنا میمونہ رضی اللہ عنہا کا نام بھی برہ تھا۔ حضور اکرم ﷺ نے یہ نام تبدیل فرما کر میمونہ تجویز فرمایا۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۸۳۱)

۴۔۔۔ سیدتنا میمونہ رضی اللہ عنہا زمانہ جاہلیت میں مسعود بن عمر ثقفی کی زوجیت میں تھیں۔ باہمی نا اتفاقی ہونے پر جدائی ہو گئی۔ پھر ابو رہم بن عبد العزی کی زوجیت میں آئیں۔ ایک قول یہ ہے کہ آپ کا پہلا نکاح ابو رہم بن عبد العزی سے ہوا تھا۔ ایک قول کے بموجب سنجرہ بن ابی رہم سے، ایک قول کے مطابق حویطب بن عبد العزی سے اور ایک قول یہ بھی ہے کہ پہلا نکاح فروہ بن عبد العزی برادر حویطب بن عبد العزی سے ہوا تھا۔ (اسد الغابہ ج۵ ص۵۵۰)

۵۔۔۔ حضور اکرم ﷺ نے سیدتنا میمونہ رضی اللہ عنہا سے ماہ ذیقعدہ ۷ھ میں عمرۃ القضاء میں تزوج فرمایا۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۸۳۱)

۶۔۔۔ سیدتنا کے پاس یہ پیغام حضرت جعفر بن ابی طالب ﷺ لیکر گئے تھے۔

(مدارج النبوۃ ج۲ ص۴۳۳)

۷۔۔۔ حضرت عباس بن عبد المطلب ﷺ نے یہ نکاح منعقد کر لیا اور آپ ہی نے اپنی طرف سے چار سو درہم مہر عقد مقرر فرمایا۔

(سیرۃ ابن ہشام ج۲ ص۴۹۲، مدارج النبوۃ ج۲ ص۴۳۳)

۸۔۔۔ سیدتنا میمونہ رضی اللہ عنہا کی سن وفات سے متعلق اختلاف ہے۔ مشہور تر قول ۵۱ھ ہے اور باقوال مختلف ۶۱ھ یا ۶۳ھ بتایا گیا ہے۔ اور ایک قول ۳۸ھ زمانہ خلافت حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہ الکریم بھی ہے اور محل وفات موضع "سرف" ہے جو کہ مکہ مکرمہ سے دو میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔

(مدارج النبوۃ ج۲ ص۸۳۲)

۹۔۔۔ سیدتنا میمونہ رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ ان کے بھانجے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے پڑھائی۔ یہ اور دیگر بھانجوں نے ان کو قبر میں اتارا۔

(مدارج النبوۃ ج۲ ص۸۳۲)

۱۰۔۔۔ سیدتنا میمونہ رضی اللہ عنہا سے چھہتر حدیثیں مروی ہیں ان میں سے سات متفق علیہ ہیں باقی دیگر کتابوں میں ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۸۳۳)

امہات المومنین رضی اللہ عنہن سے متعلق مختلف سوالات

۱ــــ حضور اکرم ﷺ کی کتنی ازواج مطہرات تھیں۔؟

۲ــــ حضور اکرم ﷺ کی ازواج مطہرات میں کتنی قریشیہ اور کتنی غیر قریشیہ ہیں۔؟

۳ــــ ام المومنین سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے انتقال کے بعد حضور اکرم ﷺ کے عقد میں کونسی زوجہ آئیں۔؟

۴ــــ حضور اکرم ﷺ کے حبالۂ عقد میں آنے والی سب سے آخری زوجہ کون ہیں۔؟

۵ــــ حضور اکرم ﷺ کے عقد نکاح میں ازواج مطہرات کس ترتیب سے آئیں۔؟

۶ــــ ازواج مطہرات میں سے اس زوجہ محترمہ کا کیا نام ہے جو حضرت ہارون علیہ السلام کی اولاد میں سے ہیں۔؟

۷ــــ ازواج مطہرات میں سے اس زوجہ مطہرہ کا کیا نام ہے جو حضور اکرم ﷺ کی پھوپھی زاد بہن بھی تھیں۔؟

۸ــــ حضور اکرم ﷺ نے کس زوجہ مطہرہ کے نکاح پر سب سے بڑی دعوت ولیمہ فرمائی۔؟

۹ــــ حضور اکرم ﷺ نے کس زوجہ مطہرہ سے حالت احرام میں نکاح فرمایا۔؟

۱۰ــــ اس زوجہ مطہرہ کا کیا نام ہے جنہوں نے اپنی باری کا دن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو ہبہ کر دیا تھا۔؟

۱۱ــــ حضور اکرم ﷺ کی سب سے زیادہ مدت صحبت پانے والی زوجہ کا نام کیا ہے؟ اور سب سے کم مدت صحبت پانے والی زوجہ کا نام کیا ؟

۱۲ــــ حضور اکرم ﷺ کی ظاہری حیات طیبہ میں ہی وفات پانے والی ازواج

کون کونسی ہیں۔؟

۱۳ــــ اس زوجہ مطہرہ کا کیا نام ہے جو حضور اکرم ﷺ کی ہم عمر تھیں۔؟

۱۴ــــ حضور اکرم ﷺ کے وصال حق کے وقت کتنی ازواج مطہرات باحیات تھیں۔؟

۱۵ــــ وہ کونسی زوجہ مطہرہ ہے جن کو حضور اکرم ﷺ نے خود دفن تو فرمایا لیکن نماز جنازہ نہیں پڑھی اور کیوں۔؟

۱۶ــــ وہ کونسی زوجہ مطہرہ ہے کہ جن کی نماز جنازہ رسول اللہ ﷺ نے پڑھائی۔؟

۱۷ــــ وہ کونسی زوجہ مطہرہ ہے کہ جن کا نکاح، زفاف اور وفات سب ایک ہی موضع میں واقع ہوئی۔؟

۱۸ــــ حضور اکرم ﷺ کے وصال حق کے بعد سب سے پہلے انتقال فرمانے والی زوجہ مطہرہ کا نام کیا ہے۔؟

۱۹ــــ ازواج مطہرات میں سے سب سے آخر میں انتقال کرنے والی زوجہ کا نام کیا ہے۔؟

۲۰ــــ ان گیارہ ازواج مطہرات کے علاوہ وہ کون کونسی عورتیں ہیں کہ جن سے حضور اکرم ﷺ نے نکاح تو فرمایا مگر زفاف نہ فرمایا۔ یا اختیار دیئے جانے پر وہ حبالۂ عقد سے نکل گئیں۔؟

۲۱ــــ وہ کون کونسی عورتیں ہیں کہ جن کو حضور اکرم ﷺ نے پیام نکاح تو دیا لیکن نکاح واقع نہ ہوا اور کیوں۔؟

۲۲ــــ وہ کون کونسی عورتیں ہیں کہ جن کو حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں پیش کیا گیا لیکن آپ نے ان سے نکاح نہ فرمایا اور کیوں۔؟

امہات المومنین رضی اللہ عنہن سے متعلق مختلف جوابات

۱۔۔۔ نبی کریم، رؤف رحیم علیہ الصلوۃ والتسلیم کی ازواج مطہرات کی تعداد میں ارباب سیر و اصحاب خبر اختلاف رکھتے ہیں۔ اقوال مختلفہ میں سے گیارہ ازواج مطہرات متفق علیہ ہیں۔
(مدارج النبوۃ ج۲ ص۷۹۶)

باقی دیگر اقوال حسب ذیل ہیں۔

(۱) امام زہری فرماتے ہیں: حضور اکرم ﷺ نے بارہ عربیہ عورتوں سے تزوج فرمایا۔ (۲) حضرت قتادہ کا قول ہے: سید عالم وعالمیان ﷺ نے پندرہ عورتوں سے عقد نکاح فرمایا۔ (۳) حضرت ابو عبیدہ کا کہنا ہے: وہ اٹھارہ عورتیں ہیں جو خواجہ کائنات علیہ الصلوۃ والتحیات کے حبالۂ عقد میں آئیں۔
(سیر اعلام النبلاء ج۲ ص۲۵۴)

(۴) بعض کا قول ہے: ازواج مطہرات نو ہیں۔ (۵) اور ایک قول کے بموجب جن خواتین سے آپ ﷺ کا رشتہ ازدواج قائم ہوا ان کی تعداد تیرہ ہے۔
(سیرۃ ابن ہشام ج۲ ص۷۸۹)

۲۔۔۔ ازواج مطہرات میں سے قرشیہ چھ ہیں۔

(۱) سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ۔ (۲) سیدتنا عائشہ صدیقہ۔ (۳) سیدتنا سودہ۔ (۴) سیدتنا حفصہ۔ (۵) سیدتنا ام حبیبہ۔ (۶) سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہن۔

اور عربیہ غیر قرشیہ چار ہیں۔

(۱) سیدتنا زینب بنت جحش۔ (۲) سیدتنا میمونہ۔ (۳) سیدتنا زینب بنت خزیمہ۔ (۴) سیدتنا جویریہ رضی اللہ عنہن

اور ایک غیر عربیہ بنی اسرائیل سے وہ ہیں سیدتنا صفیہ بنت حیی رضی اللہ عنہا۔
(مدارج النبوۃ ج۲ ص۷۹۶)

۳۔۔۔ اس میں اختلاف ہے کہ ام المومنین سیدتنا خدیجہ رضی اللہ عنہا کے انتقال کے بعد حضور اکرم ﷺ کے عقد نکاح میں کونسی زوجہ آئیں۔ حضرت قتادہ اور حضرت ابو عبیدہ کا قول ہے کہ نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم نے سیدتنا خدیجہ کے انتقال کے بعد سیدتنا سودہ رضی اللہ عنہا سے تزوج فرمایا قبل اس کے کہ سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے عقد ہو۔ بعض کہتے ہیں کہ سیدتنا عائشہ سے عقد، سیدتنا سودہ سے پہلے ہوا تھا۔ رضی اللہ عنہما۔ ان دونوں قولوں کو اس طرح جمع کیا جاسکتا ہے کہ سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے وصال حق کے بعد سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا عقد، سیدتنا سودہ، رضی اللہ عنہا سے قبل ہوا ہو۔ لیکن صغر سنی کی وجہ سے حضرت سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی رخصتی نہ ہوئی اور اس میں کسی کا اختلاف نہیں ہے کہ سیدتنا سودہ کی رخصتی سیدتنا صدیقہ سے قبل ہوئی رضی اللہ عنہما۔
(مدارج النبوۃ ج۲ ص۸۰۱، تاریخ الامم والملوک ج۲ ص۲۱۱)

۴۔۔۔ سیدتنا میمونہ رضی اللہ عنہا آخری زوجہ مطہرہ ہیں۔ ان کے بعد حضور اکرم ﷺ نے کسی سے نکاح نہ فرمایا۔
(مدارج النبوۃ ج۲ ص۸۳۲)

۵۔۔۔ اس میں بھی علماء اختلاف رکھتے ہیں کہ ازواج مطہرات کس ترتیب سے حضور اکرم ﷺ کے حبالۂ عقد میں آکر شرف زوجیت سے مشرف ہوئیں۔

مدارج النبوۃ کی ترتیب اس طرح ہے۔

(۱) سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ۔ (۲) سیدتنا سودہ (۳) سیدتنا عائشہ صدیقہ۔ (۴) سیدتنا حفصہ۔ (۵) سیدتنا زینب بنت خزیمہ۔ (۶) سیدتنا ام سلمہ۔ (۷) سیدتنا زینب بنت جحش۔ (۸) سیدتنا جویریہ۔ (۹) سیدتنا ام حبیبہ۔ (۱۰) سیدتنا صفیہ۔ (۱۱) سیدتنا میمونہ رضی اللہ عنہن۔
(مدارج النبوۃ ج۲ ص۷۹۶ تا ج۲ ص۸۳۰)

سیر اعلام النبلا جلد ۲ صفحہ ۲۵۴ پر ترتیب یوں ہے۔

(۱) سیدتنا خدیجہ۔ (۲) سیدتنا سودہ۔ (۳) سیدتنا عائشہ۔ (۴) سیدتنا ام سلمہ (۵) سیدتنا حفصہ۔ (۶) سیدتنا زینب بنت جحش۔ (۷) سیدتنا جویریہ۔ (۸) سیدتنا ام

حبیبہ۔ (۹) سیدتنا صفیہ (۱۰) سیدتنا میمونہ (۱۱) سیدتنا زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہن

اور ایک ترتیب یوں بھی ہے۔

(۱) سیدتنا خدیجہ۔ (۲) سیدتنا عائشہ۔ (۳) سیدتنا سودہ (۴) زینب بنت جحش۔ (۵) سیدتنا ام سلمہ (۶) سیدتنا حفصہ (۷) سیدتنا ام حبیبہ (۸) سیدتنا جویریہ۔ (۹) سیدتنا صفیہ (۱۰) سیدتنا میمونہ۔ (۱۱) سیدتنا زینب بنت خزیمہ۔ رضی اللہ عنہن۔

(سیرۃ ابن ہشام ج ۲ ص ۷۸۹ تا ۹۳۲)

۶۔۔۔ وہ سیدتنا صفیہ بنت حی رضی اللہ عنہا ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۲۸)

۷۔۔۔ وہ سیدتنا زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا ہیں کہ ان کی والدہ رسول اللہ ﷺ کی پھوپھی امیمہ بنت عبد المطلب تھیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۷)

بعض نے سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی والدہ کا نام عاتکہ بنت عبد المطلب بتایا ہے جو محل نظر ہے۔ اور صحیح یہ ہے کہ ان کی والدہ کا نام عاتکہ بنت عامر بن ربیعہ ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۵)

۸۔۔۔ سیدتنا زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے ولیمہ میں رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام کو روٹی اور گوشت سے سیر فرمایا۔ اس اہتمام سے ولیمہ کسی دوسری زوجہ کے نکاح میں نہ فرمایا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۲۱)

۹۔۔۔ وہ ہیں سیدتنا میمونہ رضی اللہ عنہا کہ حالت احرام میں رسول اللہ ﷺ نے ان سے نکاح فرمایا۔ (تفسیر نعیمی ج ۲ ص ۲۹)

۱۰۔۔۔ وہ ہیں سیدتنا سودہ رضی اللہ عنہا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۰۲)

۱۱۔۔۔ سب سے زیادہ مدت صحبت پانے والی حضرت سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا ہیں کہ انہوں نے آغوش رسول اللہ ﷺ میں چوبیس یا پچیس سال گزاری۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۹۸)

اور سب سے کم مدت صحبت پانے والی سیدتنا زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا ہیں کہ حضور اکرم کی خدمت میں دو ماہ یا چھ ماہ یا آٹھ ماہ رہ کر عالم وصال

کی طرف رحلت فرما گئیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۳)

۱۲۔۔۔ وہ ہیں سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ اور سیدتنا زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہما کہ حضور اکرم ﷺ کی حیات ظاہرہ میں ہی وصال حق فرما گئیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۹۶)

۱۳۔۔۔ وہ ہیں سیدتنا سودہ رضی اللہ عنہا کہ حضور اکرم ﷺ کی ہم عمر تھیں۔ (اصح السیر ص ۵۶۹)

۱۴۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے وصال کے وقت بلا اختلاف نو ازواج مطہرات موجود تھیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۹۶)

۱۵۔۔۔ وہ ہیں سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کہ حضور اکرم ﷺ نے خود ان کو دفن فرمایا۔ نماز جنازہ نہیں پڑھائی چونکہ اس وقت تک نماز جنازہ مشروع نہ ہوئی تھی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۹۸، اسد الغابہ ج ۵ ص ۳۳۹)

۱۶۔۔۔ وہ ہیں سیدتنا زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا کہ ان کی نماز جنازہ حضور اکرم ﷺ نے پڑھائی۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے وصال حق کے وقت تک نماز جنازہ مشروع نہ ہوئی تھی۔ باقی دیگر ازواج مطہرات کا وصال حضور اکرم ﷺ کے بعد ہوا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۹۸، اسد الغابہ ج ۵ ص ۳۳۹)

۱۷۔۔۔ وہ ہیں سیدتنا میمونہ رضی اللہ عنہا کہ ان کا نکاح، زفاف اور وفات ایک ہی موضع میں واقع ہوئی جسے "سرف" کہتے ہیں۔ اور یہ مکہ مکرمہ سے دو میل کے فاصلہ پر ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۳۲)

۱۸۔۔۔ وہ ہیں سیدتنا زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے صحت کے ساتھ مروی ہے کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ نے ازاوج مطہرات سے فرمایا: تم میں سے جس کے ہاتھ دراز ہیں وہ مجھ سے ملنے میں تم سب سے پہلے سبقت کرنے والی ہے! مطلب یہ کہ اس دنیا سے میرے جانے کے بعد وہ تم میں سے سب سے پہلے وفات پائے گی۔ اس کے بعد ازواج مطہرات نے بانس کا ٹکڑا لیکر اپنے اپنے ہاتھوں کو ناپنا شروع کر دیا تاکہ جانیں کہ کس کے ہاتھ سب سے زیادہ دراز ہیں۔ جب ناپا تو

انہوں نے جانا کہ سیدتنا سودہ رضی اللہ عنہا کے ہاتھ زیادہ دراز ہیں۔ اور جب حضور اکرم ﷺ کے عالم وصال کی طرف ارتحال فرما جانے کے بعد سیدتنا زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا نے انتقال فرمایا تو انہوں نے جانا کہ درازی سے مراد صدقہ و خیرات کی کثرت تھی۔ اس لئے کہ سیدتنا زینب رضی اللہ عنہا اپنے ہاتھ سے دستکاری کرتیں اور صدقہ دیتی تھیں۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص ۸۱۲)

۱۹۔۔۔۔۔ وہ سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ عنہا ہیں کہ امہات المومنین میں انہوں نے سب سے آخر میں وفات پائی۔ ان کی سن وفات ۵۹ھ ہے اور بعض نے ۶۲ھ کہا ہے۔

(مدارج النبوۃ ج۲ ص ۸۱۶)

ام المومنین سیدتنا میمونہ رضی اللہ عنہا کی سن وفات سے متعلق ایک قول ۶۳ھ کا بھی ہے تو اس قول کے بموجب سیدتنا میمونہ رضی اللہ عنہا آخری زوجہ مطہرہ قرار پاتی ہیں جنہوں نے سب کے بعد وفات پائی۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص ۸۲۳)

۲۰۔۔۔۔۔ ان گیارہ ازواج مطہرات، امہات المومنین رضی اللہ عنہن کے علاوہ عورتوں کی ایک جماعت اور بھی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان میں سے کچھ سے نکاح تو کیا مگر زفاف نہ فرمایا اور بعض وہ ہیں جن سے زفاف بھی ہوا مگر آیت کریمہ یٰاَیُّهَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا وَ زِیْنَتَهَا (اے نبی اپنی بیویوں سے فرما دو اگر تم دنیا کی زندگی اور اس کی آرائش چاہتی ہو) کے تحت اختیار دیے جانے کے وقت حبالۂ عقد سے نکل گئیں۔ ان میں سے جن کے نام و حالات دستیاب ہوئے وہ حسب ذیل ہیں۔

ان عورتوں میں سے ایک عورت کلابیہ تھی۔ جس نے دنیا کو اختیار کیا تھا۔ آخر کار اس کا حال اس حد تک پہنچا کہ کھجوروں کی گٹھلیاں اور ایک روایت میں ہے کہ مینگنیاں چنتی تھی۔ ایک شخص نے اسے دیکھا تو پوچھا تو کون ہے۔؟ اس نے سر اٹھا کر کہا: میں وہ بد بخت عورت ہوں جس نے اللہ اور اس کے رسول (ﷺ) پر دنیا کو اختیار کیا تھا۔

دوسری عورت اسماء کندیہ ہے۔ جسے جامع الاصول میں جونیہ کہا گیا ہے۔ اور مواہب لدنیہ میں اسماء بنت النعمان بن ابی الجون الکندیہ الجونیہ نام بتایا گیا ہے۔ اور کہا ہے کہ اس پر سب کا اتفاق ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اس سے نکاح فرمایا البتہ اس کو اپنے سے علیحدہ کرنے کے بارے میں اختلاف ہے۔ چنانچہ قتادہ اور ابو عبیدہ فرماتے ہیں کہ جب حضور اکرم ﷺ نے اسے اپنے قرب سے نوازنا چاہا اور اس سے فرمایا کہ قریب آ۔ تو اس نے انکار کیا اور سرکشی کی۔ بعض کہتے ہیں کہ اس عورت نے کہا: میں آپ سے خدا کی پناہ مانگتی ہوں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا تو پناہ تلاش کرتی ہے اور بہت بڑی پناہ مانگتی ہے بلاشبہ حق تعالیٰ نے تجھے پناہ دیدی۔ جا اپنے گھر والوں سے مل جا۔ یہ کلمہ ایسا ہے جو طلاق کی نیت سے بولا جاتا ہے۔ جامع الاصول میں اسی بنت الجون کے قصہ کو ام المومنین سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ ابنۃ الجون، رسول اللہ ﷺ کے پاس آئی اور اس نے کہا اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ۔ اس پر حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: تو نے بہت بڑی پناہ تلاش کی ہے۔ جا اپنے اہل کے ساتھ مل جا۔ بعض کہتے ہیں کہ اس عورت کا نام امیمہ تھا اور بعض نے اُمام کہا ہے۔

تیسری عورت شراف بنت خلیفہ کلبیہ رضی اللہ عنہا تھی جو حضرت دحیہ کلبی ﷺ کی بہن تھی۔ حضور ﷺ نے ان سے نکاح فرمایا اور وہ دخول سے پہلے ہی فوت ہو گئیں۔

چوتھی عورت لیلیٰ بنت الخطیم، قیس کی بہن تھی۔ حضور اکرم ﷺ نے اس سے نکاح فرمایا یہ بڑی غیور عورت تھی۔ پھر اس نے اقالہ یعنی فسخ نکاح چاہا۔ حضور ﷺ نے اسے اقالہ کیا اس کے بعد اسے بھیڑیے نے کھا لیا۔ بعض کہتے ہیں کہ یہی وہ عورت ہے جس نے اپنے آپ کو ہبہ کیا تھا۔

اہل سیر بیان کرتے ہیں کہ ایک دن حضور اکرم ﷺ پشت بر آفتاب تشریف فرماتے تھے۔ تو لیلیٰ بنت خطیم حضور ﷺ کی پشت مبارک کی طرف سے آئی اور آپ کے پشت مبارک پر ایک مکہ مارا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: کون ہے یہ جسے

بھیڑیا کھائے گا۔! اس نے کہا میں خطیم کی بیٹی ہوں۔ پھر اپنے باپ کی تعریفیں کرنے لگی۔ اس نے کہا کہ میں آئی ہوں تاکہ اپنے نفس کو آپ پر ہبہ کروں۔! آپ نے فرمایا: میں تجھے اپنی زوجیت کے لئے پسند کرتا ہوں۔ لیکن اس کے بعد وہ اپنی قوم کی طرف گئی اور ان کو اس سے باخبر کیا۔ قبیلہ کے لوگوں نے کہا: تو نے برا کیا تو ایک غیور عورت ہے اور وہ بہت سی بیویاں رکھتے ہیں۔ تو غیرت میں جلتی رہیگی اور باتیں کریگی تو وہ تجھ پر غضب فرمائیں گے اور دعائے بد کریں گے۔ ان کی دعا مستجاب و مقبول ہے۔ جا۔ اور فسخ نکاح کا مطالبہ کر۔! پھر وہ آپ ﷺ کے پاس آئی اور فسخ کا مطالبہ کیا۔ آپ نے نکاح فسخ فرمادیا۔ اس عورت نے دوسرا شوہر کر لیا اور ایک دن مدینہ طیبہ کے کسی باغ میں نہا رہی تھی کہ اچانک بھیڑیئے نے اس پر جست کی اور اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۳۳،۸۳۴)

پانچویں عورت شنباء بنت عمرو غفاریہ تھی۔ آپ نے اس سے نکاح فرمایا۔ اس نے حضور اکرم ﷺ سے کہا: اگر آپ نبی ہوتے تو آپ کے بیٹے جو آپ کو اپنی اولاد میں سب سے محبوب تھے انتقال نہ فرماتے۔ اس لئے آپ نے اسے دخول سے قبل ہی طلاق دے دی۔

چھٹی عورت غزیہ بنت جابر تھی۔ حضور اکرم ﷺ جب شب کو اس کے پاس تشریف لے گئے تو اس نے آپ سے کہا: اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ۔ آپ نے دخول سے قبل ہی اسے اس کے اہل خانہ کے پاس پہنچا دیا۔ ابن کلبی کا قول ہے کہ جب حضور اکرم ﷺ اس کے پاس پہنچے تو اس کو بڑی عمر کی پایا۔ آپ نے اسے اسلام کی دعوت دی۔ وہ مشرف باسلام ہوئی اس کے بعد آپ نے اس کو طلاق دیدی۔

ساتویں عورت عالیہ بنو غفار سے تھی۔ آپ نے اس سے نکاح کیا۔ اس کے پاس تشریف فرما ہوئے تو اس کے پہلو میں سفید داغ نظر آئے آپ نے اسے اس کے گھر والوں تک مع مہر کے پہنچا دینے کا حکم فرمایا۔

آٹھویں عورت ام شریک ہے۔ یہ ان عورتوں میں سے تھیں جنہوں نے

اپنے کو حضور اکرم ﷺ کے لئے ہبہ کر دیا تھا۔ آپ نے دخول سے قبل ہی ان کو طلاق دیدی۔

نویں عورت فاطمہ بنت ضحاک تھی۔ اہل سیر نے ان کے نام میں اختلاف کیا ہے۔

(۱) کلابیہ۔ (۲) عالیہ بنت ظبیان۔ (۳) سنا بنت سفیان۔ (۴) عمرو بنت یزید۔ حضور اکرم ﷺ نے جب اسے اپنے قرب سے نوازنا چاہا تو اس نے پناہ مانگی آپ نے فرمایا: تو اپنے گھر چلی جا۔

دسویں عورت قتیلہ، اشعث کی بہن ہے۔ آپ نے اس سے تزوج فرمایا مگر وہ زفاف سے پہلے ہی رحلت کر گئیں۔

گیارہویں عورت ہے خولہ بنت حکیم۔ (تاریخ الامم والملوک ج [illegible] سیر اعلام النبلاء ج ۲ ص ۲۰۴)

بارہویں عورت کا نام ملیکہ بنت کعب تھا۔ ایک قول ہے کہ قبیلہ لیث کی لڑکی تھی۔ قبل از دخول حضور اکرم ﷺ نے اس سے مفارقت فرمائی۔ بعض کہتے ہیں کہ اسی عورت نے استعاذہ کیا تھا۔ بعض کہتے ہیں کہ اس سے دخول ہوا اور حضور اکرم ﷺ ہی کے پاس وفات پائی لیکن پہلا قول زیادہ صحیح ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ نکاح بھی نہ کیا تھا صرف خواستگاری فرمائی تھی جیسا کہ مواہب میں ہے۔ روضۃ الاحباب میں ہے کہ جب حضور اکرم ﷺ نے اس کے ساتھ خلوت فرمائی جب اس سے پوشش دور ہوئی تو اس کے جسم میں سفیدی نظر آئی۔ حضور ﷺ علیحدہ ہو گئے اور فرمایا: اپنے کپڑے پہن لو اور اپنے لوگوں میں چلی جاؤ۔! (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۳۶)

۱۳ــــ اس قسم عورتیں مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) حضرت ام ہانی بنت ابی طالب رضی اللہ عنہا جن کا نام فاختہ ہے بعض عاتکہ بتاتے ہیں اور بعض ہند، آپ ہبیرہ بن وہب کے نکاح میں تھیں جب ام ہانی رضی اللہ عنہا مسلمان ہو گئیں تو ان کے اور ہبیرہ کے درمیان اسلام نے جدائی کر دی۔ اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے ان کو پیام دیا۔ اس پر حضرت ام ہانی رضی

اللہ عنہا نے کہا۔ خدا کی قسم! میں آپ کو زمانہ جاہلیت میں بھی پسند کرتی تھی۔ اب جب کہ میں اسلام سے بھی محبت رکھتی ہوں آپ کو کیسے نہ پسند کروں۔ بلاشبہ آپ میری آنکھ اور کان سے زیادہ محبوب ہیں لیکن میں ایک ایسی عورت ہوں جو کئی یتیم بچے رکھتی ہے اور میں ڈرتی ہوں کہ اگر میں ان بچوں کی دیکھ بھال میں مشغول ہوئی تو آپ کا حق بجانہ لاسکوں گی۔ اور اگر جیسا آپ کا حق اور آپ کی خدمت فرض ہے اس کے بجالانے میں مشغول ہوئی تو بچوں کی دیکھ بھال نہ کرسکوں گی اور یہ ضائع ہو جائیں گے۔ اور میں شرم کرتی ہوں کہ آپ میرے بستر پر تشریف لائیں اور میرے ایک بچے کو تو میرے پاس لیٹا ملاحظہ فرمائیں اور دوسرے بچے کو دودھ پلاتا دیکھیں! اس پر حضور ﷺ نے فرمایا: وہ عورتیں بہترین ہیں جو اونٹوں کو سوار کرتی ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ عرب کی بیبیاں اور قریش کی عورتیں اپنی اولاد پر زیادہ مائل و مہربان اور دل میں اپنے شوہر کی زیادہ امانت دار اور دیکھ بھال کرنے والی ہیں۔

(۲) ایک عورت سنا' یا سبا' یا اسما بنت صلت سلمیہ تھی۔ ارباب سیر کہتے ہیں کہ جب حضور اکرم ﷺ نے اسے پیام دیا تو وہ اس خبر کے سنتے ہی خوشی سے مرگئی۔

(۳) ایک عورت قبیلہ مرہ بن عوف بن سعد کی تھی۔ حضور اکرم ﷺ نے اس کے باپ کو پیام بھیجا۔ اس نے کہا یہ لڑکی برص رکھتی ہے۔ یہ بات اس نے جھوٹ کہی تھی تاکہ اسے پیش نہ کرنا پڑے۔ جب وہ گھر لوٹ کر آیا تو وہ لڑکی برص میں مبتلا ہو چکی تھی۔ اہل سیر کہتے ہیں کہ اس کے باپ نے اس کو اپنے بھتیجے کے ساتھ بیاہ دیا۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۳۸)

(۴) ضباعہ بنت عامر بن قرط نامی عورت کو حضور اکرم ﷺ نے پیام نکاح دیا۔ زیادہ عمر والی ہونے کی وجہ سے تزوج نہ فرمایا۔

(۵) صفیہ بنت بشامہ، اعور عنبری کی بہن کو بھی پیام دیا مگر نکاح نہ فرمایا۔

(۶) جمرہ بنت حارث بن ابی حارثہ کو بوجہ برص کے پیام دینے کے بعد

نکاح نہ فرمایا۔ (تاریخ طبری ج ۲ ص ۳۱۸)

۲۲۔۔۔ اس طرح کی عورتیں تین ہیں۔

(۱) ایک عورت امامہ بنت حمزہ رضی اللہ عنہ بن عبد المطلب پیش کی گئی۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: وہ میرے رضاعی بھائی کی بیٹی ہے کہ ابولہب کی باندی ثویبہ نے چچا حمزہ کو دودھ پلایا تھا۔

(۲) ایک عورت عزہ بنت ابوسفیان جو کہ ام المومنین سیدتنا ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کی بہن تھی پیش کی گئی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ میرے لئے حلال نہیں کہ ان کی بہن ام حبیبہ رضی اللہ عنہا موجود ہیں۔

(۳) بنی سلیم کا ایک شخص حضور اکرم ﷺ کی بارگاہ میں آیا اور عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ ایک لڑکی ہے جو بڑی حسین و جمیل ہے آپ کے سوا کسی اور کے لئے وہ مناسب نہیں حضور اکرم ﷺ نے اس کی خواستگاری فرمائی یا خواستگاری کا قصد فرمایا۔ اس شخص نے لڑکی کی تعریف کے ارادے سے کہا: وہ ایک اور صفت بھی رکھتی ہے کہ وہ نہ کبھی بیمار ہوئی اور نہ اسے کوئی تکلیف پہنچی ہے! حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: ہمیں تیری لڑکی کی ضرورت نہیں ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۳۸)

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ حضرت صدیق اکبر ؓ کی ولادت کس سن میں ہوئی۔؟

۲۔۔۔ حضرت صدیق اکبر ؓ کے والد اور والدہ کا نام کیا ہے۔؟

۳۔۔۔ حضرت صدیق اکبر ؓ کا اصلی نام کیا ہے اور زمانۂ جاہلیت میں آپ کا نام کیا تھا۔؟

۴۔۔۔ حضرت صدیق اکبر ؓ کا لقب صدیق اور عتیق کیوں ہوا۔؟

۵۔۔۔ بوقت قبول اسلام حضرت صدیق اکبر ؓ کی عمر کتنی تھی۔؟

۶۔۔۔ حضرت صدیق اکبر ؓ نے حضور اکرم ﷺ کی ظاہری حیات طیبہ میں کتنی نمازوں کی امامت فرمائی۔؟

۷۔۔۔ حضرت صدیق اکبر ؓ جب خلیفہ منتخب ہوئے تو سب سے پہلے کس نے آپ سے بیعت کی۔؟

۸۔۔۔ حضرت صدیق اکبر ؓ نے کتنی شادیاں کیں۔؟

۹۔۔۔ حضرت صدیق اکبر ؓ کو زہر کس نے دیا تھا اور آپ کتنے دن مرض الوفات میں مبتلا رہے۔؟

۱۰۔۔۔ حضرت صدیق اکبر ؓ کا وصال کس دن اور کس تاریخ کو ہوا اور آپ کے آخری الفاظ کیا تھے۔؟

۱۱۔۔۔ حضرت صدیق اکبر ؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی اور آپ کو کس تخت پر اٹھایا گیا۔؟

۱۲۔۔۔ حضرت صدیق اکبر ؓ کو غسل کس نے دیا اور آپ کی قبر میں کون کون داخل ہوئے۔؟

۱۳۔۔۔ حضرت صدیق اکبر ؓ کی مدت خلافت کتنی رہی اور آپ کی عمر کتنی ہوئی۔؟

حضرت صدیق اکبر ؓ سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ آپ کی ولادت حضور اکرم ﷺ کی ولادت مبارکہ سے دو سال اور چند ماہ بعد ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۹۱۴)

ایک روایت میں ہے کہ آپ کی ولادت عام الفیل کے تین سال بعد ۵۷۳ء میں ہوئی۔ (الکامل فی التاریخ ج ۲ ص ۱۷۵)

۲۔۔۔ آپ کے والد محترم کا نام عثمان بن عامر ہے کنیت ابو قحافہ۔ (اسماء الرجال مشکوٰۃ ص ۶۰۳، اوراق غم ص ۱۷۹)

اور والدہ صاحبہ کا نام سلمٰی بنت صخر، کنیت ام الخیر۔ (اوراق غم ص ۱۹۳)

۳۔۔۔ زمانۂ جاہلیت میں آپ کا نام عبد الکعبہ یا عبد رب الکعبہ تھا جب آپ شرف اسلام سے مشرف ہوئے تو حضور اکرم ﷺ نے آپ کا نام عبد اللہ رکھا۔ ایک قول ہے کہ عتیق رکھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۹۱۵)

۴۔۔۔ آپ کا لقب صدیق اس وجہ ہوا کہ رسول اللہ ﷺ کی تصدیق میں آپ نے سبقت و پہل کی۔ اور تمام احوال میں حضور اکرم ﷺ کی صداقت پر آپ نے تصدیق کو لازم جانا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۹۱۵)

یا اس وجہ سے کہ جب حضور اکرم ﷺ معراج سے واپس تشریف لائے اور صبح ہوئی تو آپ نے لوگوں سے اس کا تذکرہ فرمایا تو کچھ ضعیف الایمان لوگ اس پر مرتد ہو گئے اور کچھ مشرکین دوڑ کر حضرت صدیق اکبر ؓ کے پاس پہنچے اور کہنے لگے کہ کچھ اپنے یار اور رفیق کی خبر ہے کہ وہ کیا کہتے ہیں۔؟ وہ فرماتے ہیں "آج رات مجھے بیت المقدس لے جایا گیا" حضرت صدیق اکبر ؓ نے دریافت کیا: کیا یقیناً ایسا فرماتے ہیں۔؟ مشرکین نے کہا: ہاں۔! یہی فرماتے ہیں!

تو حضرت صدیق اکبر ﷺ نے فرمایا: پھر تو وہ جو کچھ فرماتے ہیں ٹھیک ہی فرماتے ہیں میں اس پر ایمان لاتا ہوں۔ آپ نے بلا حیل و حجت واقعہ معراج کی تصدیق کی چنانچہ اسی دن سے آپ کا لقب "صدیق" مشہور ہو گیا۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۱ و سوانح ج ۳ ص ۱۱۸)

اور عتیق لقب اس وجہ ہوا کہ ترمذی شریف میں مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو چاہتا ہے کہ ایسے شخص کو دیکھے جو جہنم سے آزاد (عتیق) ہے تو اسے چاہیئے کہ وہ ابو بکر ﷺ کو دیکھے۔ بعض کہتے ہیں کہ بوجہ حسن و جمال آپ کا لقب عتیق ہوا۔ بعض کا قول ہے کہ آپ کا لقب عتیق اس بنا پر تھا کہ آپ کے نسب میں کوئی بات ایسی نہ تھی جس سے آپ پر عیب لگایا جاتا کیونکہ آپ پہلے ہی سے خیر پر تھے۔

(مدارج النبوۃ ج ۲، ص ۹۳)

۵۔۔۔ آپ کی عمر مبارک بوقت قبول اسلام سینتیس یا اڑتیس سال کی تھی۔

(اوراق غم ص ۱۸۰)

۶۔۔۔ حضرت صدیق اکبر ﷺ نے حضور اکرم ﷺ کی ظاہری حیات طیبہ میں سترہ نمازیں پڑھائیں۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۶۱۵)

۷۔۔۔ جب آپ خلیفہ منتخب ہوئے تو سب سے پہلے حضرت عمر فاروق ﷺ نے آپ سے بیعت کی۔ پھر صحابہ کرام ﷺ نے آپ کی خلافت پر اجماع اور اتفاق کیا۔

(تفسیر الم نشرح ص ۱۰۹)

۸۔۔۔ زمانہ جاہلیت میں آپ نے دو نکاح کئے۔ اول قتیلہ بنت عبد العزیٰ سے دوسرا عقد حضرت ام رومان دختر عامر سے۔ اور بعد اسلام مدینہ طیبہ میں دو نکاح کئے۔ پہلا حضرت اسماء بنت عمیس سے جو حضرت جعفر بن ابی طالب ﷺ کی بیوہ تھیں۔ اور دوسرا حبیبہ بنت خارجہ سے۔ پہلی بیوی سے ایک صاحبزادہ عبد اللہ تولد ہوئے اور ایک صاحبزادی اسماء ہوئیں۔ دوسری زوجہ سے ایک صاحبزادہ عبد الرحمٰن اور حضرت عائشہ صدیقہ پیدا ہوئیں۔ تیسری بیوی سے ایک صاحبزادہ محمد بن ابی بکر پیدا ہوئے۔ اور چوتھی بیوی سے جو آپ کے وصال حق کے وقت حاملہ تھیں آپ کے انتقال کے بعد ام کلثوم پیدا ہوئیں۔ آپ کی پہلی بیوی آپ کی زندگی میں ہی انتقال فرما گئیں۔ باقی تینوں آپ کے انتقال کے بعد زندہ رہیں۔ ایک صاحبزادہ عبد اللہ آپ کی زندگی میں انتقال کر گئے تھے۔ دو صاحبزادے اور تین صاحبزادیاں آپ کے انتقال کے بعد زندہ رہیں۔

(اوراق غم ص ۱۹۰)

۹۔۔۔ بعض نے کہا ہے کہ ایک سال قبل از وفات "الحسود" نامی ایک عورت نے آپ کو چاول یا حریرہ میں زہر دے دیا۔ آپ نے حارث بن کلدہ کیساتھ وہ کھانا تناول فرمایا۔ حارث طبیب تھے انہوں نے زہر کو محسوس کر کے آپ سے عرض کیا: اس کھانے میں یقیناً زہر تھا اور یہ زہر ایسا ہے کہ ایک سال بعد اس کا اثر ظاہر ہوگا۔ ممکن ہے کہ آپ اور ہم ایک ہی دن دنیا سے رخصت ہوں۔ اکثر مؤرخوں کا بیان ہے کہ حسب پیشگوئی حارث، دونوں نے ایک ہی تاریخ میں انتقال فرمایا۔ بعض نے کہا ہے کہ آپ ایک روز بوجہ شدت گرمی سرد ہوا میں ٹھنڈے پانی سے غسل فرمایا جس سے آپ کو بخار ہوا اور پندرہ دن بخار میں مبتلا رہ کر عالم وصال کی طرف ارتحال فرمایا۔

(الکامل فی التاریخ ج ۲ ص ۱۷۵، اوراق غم ص ۱۸۹)

۱۰۔۔۔ آپ نے ۲۸ / جمادی الاخریٰ ۱۳ھ منگل کی رات تَوَفَّنِیْ مُسْلِماً وَّ اَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ کہتے ہوئے اپنی جان جانِ آفریں کے سپرد کر دی۔

(الکامل فی التاریخ ج ۲ ص ۱۷۵)

ایک دوسری روایت کے بموجب ۲۲ / اور ۲۳ / جمادی الثانی ۱۳ھ کی درمیانی شب جو شب سہ شنبہ تھی بعد نماز مغرب آپ کا وصال حق ہوا۔

(اسماء رجال مشکوۃ ص ۵۸۷، نزہۃ المجالس ج ۱۰ ص ۱۰۵)

۱۱۔۔۔ آپ کو اس تخت پر اٹھایا گیا جس پر حضور اکرم ﷺ استراحت فرمایا کرتے تھے اور اسی تخت پر آپ ﷺ کو بھی اٹھایا گیا تھا۔ اور آپ کی نماز جنازہ حضرت عمر فاروق ﷺ نے پڑھائی۔

(الکامل فی التاریخ ج ۲ ص ۱۷۶، نزہۃ المجالس ج ۱۰ ص ۱۰۵)

۱۲ــــ آپ کو غسل آپ کی وصیت کے مطابق آپ کی زوجہ محترمہ اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہانے دیا۔ (اسماء رجال مشکوۃ ص ۵۸۸ نزہۃ المجالس ق ۲ ص ۱۰۸)

اور آپ کے صاحبزادے حضرت عبدالرحمٰن ؓ نے ان کی مدد کی۔ (اوراق غم ص ۱۹۱) اور آپ کی قبر میں حضرت عبدالرحمٰن بن عوف، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی اور حضرت طلحہ ؓ داخل ہوئے۔

(الکامل فی التاریخ ج ۳ ص ۷۶، نزہۃ المجالس ق ۲ ص ۱۰۵)

۱۳ــــ آپ کی مدت خلافت دو سال تین ماہ آٹھ دن ہے۔ (سیرۃ [illegible] ج ۲ ص ۸۶)

دوسرا قول ہے کہ دو سال چار ماہ۔ (اسماء رجال مشکوۃ ص ۵۸۸)

تیسرا قول دو سال تین ماہ چھبیس یوم کا اور چوتھا قول دو سال تین ماہ دس یوم کا ہے۔ (اوراق غم ص ۱۹۰)

اور آپ کی عمر شریف ترسٹھ (۶۳) سال ہوئی۔

(اسماء رجال مشکوۃ ص [illegible] مدارج ج ۲ ص ۹۴۳)

حضرت عمر فاروق ؓ سے متعلق سوالات

۱ــــ حضرت عمر فاروق ؓ کی ولادت کس سن میں ہوئی۔؟

۲ــــ حضرت عمر فاروق ؓ کا لقب "فاروق" کیوں ہوا۔؟

۳ــــ حضرت عمر فاروق ؓ کس سن میں مشرف بہ اسلام ہوئے اور اس وقت آپ کی عمر کتنی تھی۔؟

۴ــــ حضرت عمر فاروق ؓ کے اسلام لانے کے وقت تک کتنے افراد دائرہ اسلام میں داخل ہو چکے تھے۔؟

۵ــــ حضرت عمر فاروق ؓ نے کتنی شادیاں کیں۔؟

۶ــــ حضرت عمر فاروق ؓ کے قاتل کا نام کیا ہے اور آپ کی شہادت کا واقعہ کیا ہے؟

۷ــــ حضرت عمر فاروق ؓ جس نماز کے دوران زخمی ہوئے اس نماز کو مکمل کس نے کیا؟

۸ــــ حضرت عمر فاروق ؓ کس تاریخ کو زخمی ہوئے اور کس تاریخ کو مرتبہ شہادت پر فائز ہو کر مدفون ہوئے۔؟

۹ــــ حضرت عمر فاروق ؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی اور قبر میں کس کس نے اتارا؟

۱۰ــــ حضرت عمر فاروق ؓ کی مدت خلافت کتنی رہی۔؟

۱۱ــــ حضرت عمر فاروق ؓ کی خلافت کے زمانے میں کتنے شہر مفتوح ہوئے اور کتنی مسجدیں تعمیر ہوئیں۔؟

۱۲ــــ حضرت عمر فاروق ؓ نے صدیق اکبر ؓ کے ایام علالت میں کتنے دنوں کی نماز کی امامت فرمائی۔؟

۱۳ــــ حضرت عمر فاروق ؓ کی مہر پر کیا لکھا ہوا تھا۔؟

۱۴ــــ حضرت عمر فاروق ؓ کی عمر کتنی ہوئی۔؟

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے متعلق جوابات

ا۔۔۔ حضرت عمر بن الخطاب ؓ کی ولادت عام الفیل کے تیرہ سال بعد محرم کی چاندرات کو ہوئی۔ (مدارج ج ۲ ص ۱۱۵)

۲۔۔۔ آپ کا لقب "فاروق" ہونے کا واقعہ یوں ہے

ایک یہودی اور ایک منافق کے درمیان زمین کی سیرابی پر جھگڑا ہوا اور معاملہ بارگاہ رسالت مآب میں پیش ہوا۔ حضور اکرم ﷺ نے واقعہ کو سماعت فرمانے کے بعد یہودی کے حق میں فیصلہ صادر فرمایا۔ منافق نے وہ فیصلہ نہ مانا اور یہودی سے کہا چلو عمر کے پاس سے دوبارہ فیصلہ کرائیں۔ دونوں نے حضرت عمر فاروق ؓ کے پاس آکر معاملہ آپ کے سامنے رکھا۔ یہودی نے اول فیصلہ کی بھی خبر دی کہ حضور ﷺ نے یہ فیصلہ صادر فرمایا ہے لیکن اس نے یہ فیصلہ نہ مانا اور مجھے آپ کے پاس لے آیا۔ حضرت عمر ؓ نے یہ سن کر فرمایا: اب میں ایسا فیصلہ کروں گا کہ اس کو انکار کا موقعہ ہی نہیں ملے گا۔ یہ کہہ کر آپ گھر میں گئے اور تلوار لاکر اس منافق کا سر قلم کر دیا اور فرمایا: جو اللہ کے رسول ﷺ کا فیصلہ نہ مانے اس کا میرے یہاں یہی انجام ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے جب اس واقعہ کو سماعت فرمایا تو حضرت عمر ؓ کو "فاروق" کے لقب سے ملقب فرمایا کہ ان کے اس فعل سے حق و باطل میں فرق ہو گیا۔ (خازن ۱-۳۹۷)

حاشیہ ۱۴ جلالین ص ۳۰۰ پر ہے کہ اس واقعہ کے بعد جبرائیل ؑ حاضر خدمت رسالت مآب ہوئے اور آپ کا لقب فاروق رکھا۔ دوسرا قول یہ ہے کہ حضرت عمر ؓ جس دن مشرف بہ اسلام ہوئے اسی دن مسجد حرام میں علی الاعلان نماز ادا کی گئی، تب حضور اکرم ﷺ نے آپ کو اس لقب سے ملقب

فرمایا۔ (اسماء رجال مشکوٰۃ ۶۰۲)

۳۔۔۔۔ آپ سن ۶ / نبوی ﷺ کو عمر ستائیس سال مشرف بہ اسلام ہوئے۔ (تاریخ الخلفاء ص ۱۰۹)۔

بعض نے ۵ / نبوی کہا ہے۔ (اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۶۰۲)

۴۔۔۔ جب آپ دائرہ اسلام میں داخل ہوئے تو اس وقت تک تینتیس مرد اور چھ عورتیں مشرف بہ اسلام ہو چکی تھیں۔ (خزائن العرفان پ ۱۰ ع ۳)
دوسرا قول یہ ہے کہ چالیس مرد اور تیئیس عورتیں اسلام لا چکی تھیں۔ تیسرا قول یہ ہے کہ انتالیس مردوں اور تیئیس عورتوں کے بعد آپ نے اسلام قبول کیا۔ چوتھا قول یہ ہے کہ پینتالیس مرد اور گیارہ عورتوں کے بعد آپ مشرف بہ اسلام ہوئے۔ (تاریخ الخلفاء ص ۱۰۹)

اور پانچواں قول یہ ہے کہ آپ سے قبل چالیس مرد اور گیارہ عورتیں مشرف بہ اسلام ہو چکی تھیں۔ (اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۶۰۲)

۵۔۔۔ آپ کا پہلا نکاح زمانہ جاہلیت میں زینب بنت مظعون سے ہوا تھا۔ جن کے بطن سے عبد اللہ، عبد الرحمٰن اور سیدتنا حفصہ ؓ پیدا ہوئیں۔ حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا مکہ ہی میں ایمان لائیں اور وہیں انتقال ہوا۔

دوسرا نکاح عہد جاہلیت ہی میں ملیکہ بنت جرول سے کیا جس سے عبید اللہ پیدا ہوئے چونکہ یہ بیوی ایمان نہ لائی اس لئے سن ۶ ھ میں اس کو طلاق دیدی۔

تیسری بیوی قریبہ بنت ابی امیہ مخزومی تھی جس سے جاہلیت ہی میں نکاح کیا اور سن ۶ ھ بعد صلح حدیبیہ اسلام نہ لانے کی وجہ سے طلاق دیدی۔

چوتھا نکاح عہد اسلام میں ام حکیم بنت الحرث بن ہشام مخزومی سے کیا جن کے بطن سے فاطمہ پیدا ہوئیں۔

پانچواں نکاح مدینہ منورہ آکر ۷ ھ میں جمیلہ بنت عاصم بن ثابت سے

کیا جن کے بطن سے عاصم پیدا ہوئے لیکن ان کو بھی کسی وجہ سے طلاق دیدی۔ چھٹا نکاح ۱۷ھ میں ام کلثوم بنت علی کرم اللہ وجہہٗ سے کیا ان کے بطن سے رقیہ اور زید پیدا ہوئے۔

عاتکہ بنت زید بن عمرو جو آپ کی چچازاد بہن تھیں اور فکیہہ یمنیہ بھی حضرت فاروق اعظم ﷺ کی بیویوں میں شمار کی جاتی ہیں۔ فکیہہ کی نسبت بعضوں نے لکھا ہے کہ وہ لونڈی تھیں۔ ان کے بطن سے عبدالرحمٰن اوسط پیدا ہوئے۔

(تاریخ اسلام ج۱ ص ۳۶۶)

۶۔۔۔۔ آپ کی شہادت کا واقعہ اس طرح ہے

مدینہ طیبہ میں مغیرہ بن شعبہ کا ایک نصرانی غلام رہتا تھا جس کا نام فیروز تھا اور کنیت ابولؤلؤ۔ اس نے ایک دن بازار میں آپ سے شکایت کی کہ میرا آقا مغیرہ بن شعبہ مجھ سے زیادہ محصول لیتا ہے آپ کم کرا دیجئے! فاروق اعظم ﷺ نے اس سے دریافت کیا کہ کس قدر محصول وہ وصول کرتا ہے۔؟ ابولؤلؤ نے کہا: دو درہم روزانہ! آپ نے دریافت فرمایا: تو کیا کام کرتا ہے۔؟ اس نے کہا آہنگری، نقاشی اور نجاری۔! آپ نے فرمایا کہ ان صنعتوں کے مقابلہ میں یہ رقم زیادہ نہیں ہے۔! یہ سن کر ابولؤلؤ اپنے دل میں سخت ناراض ہوا۔ فاروق اعظم ﷺ نے پھر اس سے مخاطب ہو کر فرمایا: میں نے سنا ہے کہ تو ایسی چکی بنانا جانتا ہے کہ جو ہوا کے زور سے چلتی ہے۔ تو مجھ کو بھی ایسی چکی بنا دے۔ اس نے جواب میں کہا: بہت خوب! میں ایسی چکی بنا دونگا کہ جس کی آواز اہل مغرب و مشرق سنیں گے۔ دوسرے دن نماز فجر کے لئے لوگ مسجد نبوی میں جمع ہوئے۔ ابولؤلؤ ایک خنجر لئے ہوئے مسجد میں داخل ہو گیا جب نماز کے لئے صفیں درست ہو گئیں اور فاروق اعظم ﷺ امامت کے لئے آگے بڑھ کر نماز شروع کر چکے تو ابولؤلؤ نے نکل کر فاروق اعظم ﷺ پر خنجر کے چھ وار کئے جن میں سے ایک وار ناف کے نیچے پڑا۔ ابولؤلؤ مسجد نبوی سے بھاگا لوگوں نے اسے پکڑنے کی کوشش

کی اس نے کئی شخصوں کو زخمی کیا اور کلیب ابن ابی بکیر ﷺ کو شہید کر دیا۔ بالآخر وہ گرفتار کر لیا گیا لیکن اس نے گرفتار ہوتے ہی خودکشی کر لی۔

(تاریخ اسلام-۱-۳۶۴)

جب آپ کو خنجر کا زخم لگا تو اس وقت آپ کی زبان مبارک پر یہ جملہ تھا۔ وَکَانَ اَمْرُ اللّٰہِ قَدَرًا مَّقْدُوْرًا۔ (فاروق اعظم ص ۱۹۶)

۷۔۔۔۔ آپ جب حالت نماز میں زخمی ہوئے تو فوراً آپ نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف ﷺ کو کھینچ کر اپنی جگہ کھڑا کر دیا اور خود زخموں کے صدمے سے گر پڑے۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف ﷺ نے لوگوں کو اس حالت میں نماز پڑھائی کہ حضرت فاروق اعظم ﷺ سامنے تڑپ رہے تھے۔ (تاریخ اسلام ج۱ ص ۳۶۴)

۸۔۔۔۔ آپ ۲۶رذی الحجہ بروز منگل ۲۳ھ کو زخمی ہو کر یکم محرم ۲۴ھ بروز اتوار کو وصال فرما کر مدفون ہوئے۔ (اسماء الرجال مشکوٰۃ ص ۶۰۲)

ایک روایت میں ہے کہ آپ چھ ذی الحجہ ۲۳ھ بروز بدھ کو زخمی ہوئے تھے۔ (نزہۃ المجالس ج۱ ص ۱۰۰)

تیسرا قول یہ ہے کہ ۲۷رذی الحجہ ۲۳ھ کو زخمی ہوئے اور یکم محرم ۲۴ھ بروز ہفتہ کو وصال فرما کر مدفون ہوئے۔ (تاریخ اسلام ج۱ ص ۳۶۶)

۹۔۔۔۔ آپ کی نماز جنازہ حضرت صہیب رومی ﷺ نے پڑھائی۔

(اسماء الرجال مشکوٰۃ ص ۶۰۲)

اور قبر میں حضرت عثمان غنی، حضرت علی، حضرت زبیر، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف اور حضرت عبداللہ بن عمر ﷺ نے اتارا۔ (تاریخ اسلام ج۱ ص ۳۶۹)

۱۰۔۔۔۔ آپ کی مدت خلافت دس سال اور چھ ماہ ہے۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص ۹۱۵)

ایک قول کے بموجب دس سال چھ ماہ تیرہ دن۔ اور ایک قول کے مطابق دس سال چھ ماہ اور پانچ راتیں (حیوۃ الحیوان ج۲ ص ۹۲)

ایک اور روایت میں دس سال چھ ماہ اور دس روز ہے۔ (نزہۃ المجالس ج۱ ص ۱۰۰)

۱۱۔۔۔ آپ کی خلافت کے زمانہ میں ایک ہزار چھتیس شہر ان کے قصبات اور دیہات کے ساتھ مفتوح ہوئے۔ چار ہزار مسجدیں تعمیر ہوئیں۔ چار ہزار مندر، بت کدے اور آتش کدے منہدم ہوئے اور ایک ہزار نو سو منبر جوامع میں رکھے گئے۔
(مدارج النبوۃ ج ۲ ص [illegible])

۱۲۔۔۔ آپ نے حضرت صدیق اکبر ؓ کی اجازت سے پندرہ دن ان کے ایام علالت میں نماز کی امامت فرمائی۔
([illegible])

۱۳۔۔۔ آپ کی مہر مبارک پر کَفٰی بِالْمَوْتِ وَاعِظًا کندہ تھا۔ ([illegible])

۱۴۔۔۔ آپ کی عمر شریف تریسٹھ سال ہوئی۔
([illegible])

حضرت عثمان غنی ؓ سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ حضرت عثمان غنی ؓ کی پیدائش کس سن میں ہوئی۔؟

۲۔۔۔ حضرت عثمان غنی ؓ کے والد اور والدہ کا نام کیا ہے۔؟

۳۔۔۔ حضرت عثمان غنی ؓ کتنے افراد کے بعد اور کس کی دعوت پر مشرف بہ اسلام ہوئے۔؟

۴۔۔۔ حضرت عثمان غنی ؓ کتنی مدت سریر خلافت پر متمکن رہے۔؟

۵۔۔۔ حضرت عثمان غنی ؓ کی شہادت کس دن اور کس تاریخ کو ہوئی۔؟

۶۔۔۔ حضرت عثمان غنی ؓ کے قاتل کا نام کیا ہے۔؟

۷۔۔۔ حضرت عثمان غنی ؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی اور آپ کو کس جگہ دفن کیا گیا۔؟

۸۔۔۔ حضرت عثمان غنی ؓ کی عمر کتنی ہوئی۔؟

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ آپ کی ولادت عام الفیل سے چھٹے سال میں ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۹۱)

۲۔۔۔ آپ کے والد ماجد کا نام عفان بن ابی العاص ہے۔ اور والدہ کا نام وردی بنت کریز جو حضور اکرم ﷺ کی پھوپھی زاد بہن تھیں۔ (اوراق غم ص ۱۹۷، ۱۹۸)

ایک دوسری روایت میں اروی بنت کریز ہے۔

(استیعاب ج ۲ ص ۷۰۸، عمدۃ القاری ص ۲۷)

۳۔۔۔ آپ، حضور اکرم ﷺ کے دار ارقم میں داخل ہونے سے پہلے مشرف بہ اسلام ہوئے آپ چوتھے مسلمان ہیں۔ آپ حضرت ابو بکر صدیق، حضرت علی مرتضی اور حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے بعد حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی دعوت پر اسلام لائے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۹۱)

۴۔۔۔ آپ کی خلافت کا دور بارہ سال رہا۔ دوسرا قول ہے بارہ دن کم بارہ سال اور تیسرا قول ہے کہ گیارہ سال گیارہ ماہ اور چودہ دن۔

(حیوۃ الحیوان ج ۱ ص ۹۶، مدارج ج ۲ ص ۹۷)

ایک قول اٹھارہ دن کم بارہ سال کا بھی ہے۔ (استیعاب ج ۲ ص ۴۳)

۵۔۔۔ آپ ۱۸ ذی الحجہ ۳۵ھ بروز جمعہ کو مرتبہ شہادت پر فائز ہوئے

(اسماء رجال مشکوٰۃ ۶۰۳)

دوسرا قول یہ ہے کہ ۳۵ھ کے ایام تشریق کے وسط میں روز جمعہ کو۔

(مدارج ج ۲ ص ۹۷)

بقول دیگر روز شنبہ کو۔ (اوراق غم ص ۲۰۶)

۶۔۔۔ آپ کے قاتل کا نام "اسود التجیبی" ہے (اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۶۰۳)

دوسرے قول کے بموجب اس کا نام کنانہ ابن بشیر ہے۔ (تاریخ اسلام ج ۱ ص ۲۴۳)

۷۔۔۔ آپ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی اس سلسلے میں اختلاف ہے۔

(۱) حضرت جبیر بن مطعم نے۔ (۲) یا حضرت حکیم بن حزام نے۔

(حیوۃ الحیوان ج ۱ ص ۹۶)

(۳) یا آپ کے صاحبزادے حضرت عمرو بن عثمان نے۔ (۴) یا حضرت مسور بن۔ (استیعاب ج ۲ ص ۴۹۱)

(۵) یا حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے۔ (اوراق غم ص ۲۰۶)

اور آپ کو جنت البقیع میں دفن کیا گیا۔ (اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۶۰۳)

۸۔۔۔ آپ کی عمر شریف بیاسی سال ہوئی۔ بعض چھیاسی، اٹھاسی اور نواسی سال بھی بتاتے ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۹۷)

اور ایک قول نوے برس کا بھی ہے۔ (نزہۃ المجالس ق ۱۰ ص ۲۱۹)

حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی ولادت کس دن اور کس تاریخ کو ہوئی۔؟

۲۔۔۔ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے والد اور والدہ کا نام کیا ہے۔؟

۳۔۔۔ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی ولادت کس جگہ ہوئی اور ولادت کا واقعہ کیا ہے۔؟

۴۔۔۔ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کا نام "علی" کس نے رکھا اور کیوں۔؟

۵۔۔۔ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ اظہار نبوت کی کتنے دنوں بعد مشرف بہ اسلام ہوئے اور اس وقت آپ کی عمر کتنی تھی۔؟

۶۔۔۔ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی کنیت "ابوتراب" ہونے کا واقعہ کیا ہے۔؟

۷۔۔۔ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کا لقب "کرار" کس نے رکھا اور کیوں۔؟

۸۔۔۔ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے قاتل کا نام کیا ہے اور آپ کی شہادت کا واقعہ کیا ہے۔؟

۹۔۔۔ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کس تاریخ کو زخمی ہوئے اور اس کے کتنے دنوں بعد وصال حق فرمایا۔؟

۱۰۔۔۔ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کو غسل کس نے دیا اور آپ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی۔؟

۱۱۔۔۔ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی مدت خلافت کتنی رہی۔؟

۱۲۔۔۔ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی عمر کتنی ہوئی۔؟

۱۳۔۔۔ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے کتنی شادیاں کیں اور کس بیوی سے کتنی اولادیں ہوئیں۔؟

حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ آپ کی ولادت مکہ معظمہ میں بعد از تیس سال عام الفیل یوم جمعہ ۱۳/ رجب المرجب کو ہوئی۔ (ارجح م ص ۶۳۲، تحفۃ المجالس ق ۱ ص ۵)

۲۔۔۔ آپ کے والد کا نام ابو طالب اور والدہ کا نام فاطمہ بنت اسد ہے۔

(مدارج ج ۲ ص ۹۱۷)

۳۔۔۔ اہل سیر کہتے ہیں کہ آپ کی ولادت جوف کعبہ میں ہوئی۔ (مدارج ج ۲ ص ۹۱۷) آپ کی ولادت کا واقعہ خود آپ کی والدہ صاحبہ یوں بیان فرماتی ہیں کہ "میں خانہ کعبہ میں مشغول طواف تھی۔ تین شوط (چکر) باطمینان پورے کر چکی تھی۔ شوط چہارم کر رہی تھی کہ دردِ زہ محسوس ہوا۔ سید یوم النشور ﷺ نے میرے چہرے کے تغیر سے مجھے پہچانا اور فرمایا: کیا بات ہے جو آپ کا رنگ متغیر ہو رہا ہے۔؟ میں نے عرض حال کیا۔ فرمایا: فاطمہ۔! طواف پورا کر چکیں یا نہیں۔؟ میں نے عرض کی نہیں۔! فرمایا: طواف پورا کر لو اور اسی حال میں اگر درد بڑھ جائے تو اندرون کعبہ چلی جانا کہ اس میں کوئی حکمت الٰہی ہے! صاحب بشائر المصطفیٰ نقل فرماتے ہیں کہ میں عباس بن عبد المطلب اور چند قبیلہ بنی عبد العزیٰ کے لوگوں کے ساتھ مسجد بیت الحرام میں بیٹھا ہوا تھا کہ فاطمہ بنت اسد (رضی اللہ عنہا) مسجد میں آئیں اور ان کو نواں مہینہ تھا۔ جب وہ مشغول طواف ہوئیں تو شوط رابع میں چلنے کی قوت نہ رہی تو آپ پکارنے لگیں۔ اے خداوند کعبہ۔! بحرمت کعبہ اس ولادت کو مجھ پر آسان فرما۔ یک لخت دیوار کعبہ شق ہوئی اور فاطمہ بنت اسد اندرون کعبہ تشریف لے گئیں اور ہماری نظروں سے غائب ہو گئیں ہم نے اندرون کعبہ آپ کو تلاش کیا مگر نہ ملیں۔ چوتھے روز آپ اسی کعبہ سے باہر تشریف لائیں اور حضرت علی

کرم اللہ وجہہٗ کو گود میں لئے ہوئے تھیں۔ (اوراق غم ص ۷۸)

۴۔۔۔ اہل سیر کہتے ہیں کہ آپ کی والدہ نے اپنے باپ کے نام پر جو اسد تھا آپ کا نام حیدر رکھا۔ جب ابو طالب تشریف لائے تو انہوں نے یہ نام ناپسند کیا اور علی نام رکھا۔ اور حضور اکرم ﷺ نے آپ کا نام صدیق رکھا جیسا کہ ریاض النضرۃ میں ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۵۴۸)

ایک دوسری روایت میں ہے کہ جب خبر ولادت علی، حضرت سرور عالم ﷺ کو پہنچی تو فرمایا: اس کا کیا نام رکھا۔؟ ابو طالب نے کہا: میں نے اس کا نام زید رکھا ہے۔ اور ان کی ماں نے اسد رکھا ہے۔! حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: اس کا نام علی رکھو۔ جو عالی (علو) ہمتی کی خبر دے۔! آپ کی والدہ نے عرض کی: خدا کی قسم مجھے غیب سے آوازیں آتی تھیں کہ فاطمہ اس کا نام علی رکھو مگر میں نے اس کو چھپایا تھا۔ (اوراق غم ص ۷۹)

۵۔۔۔ ابو یعلی نے حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہٗ سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے دوشنبہ کے دن اظہار نبوت فرمایا اور میں نے دوشنبہ کے دن ہی اسلام لایا۔ اس وقت آپ کی عمر شریف دس سال یا آٹھ سال کی تھی جیسا کہ علامہ سیوطی نے نقل کیا ہے بعض کا خیال ہے کہ پندرہ سال کی تھی اور بعض کا چودہ سال۔ (مدارج ج ۲ ص ۷۱۷،۷۱۸)

ایک قول سولہ سال کا بھی ہے۔ (اسماء رجال مشکوۃ ص ۶۰۲)

۶۔۔۔ آپ کی کنیت ابو تراب ہونے کا قصہ یوں ہے

حضرت عمار بن یاسر ؓ فرماتے ہیں کہ میں اور حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہٗ غزوۂ عشیرہ میں کھجور کے ایک درخت کی جڑ میں سو رہے تھے وہ زمین ریتلی تھی اور ہم گرد آلود ہو گئے تھے۔ پھر حضور اکرم ہمارے سرہانے تشریف لائے اور ہمیں جگایا اور حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہٗ سے فرمایا: اٹھ اے ابو تراب۔ لیکن آپ کی کنیت ابو تراب ہونے کا مشہور قصہ وہ ہے کہ جسے بخاری و مسلم نے

حضرت سہل بن سعد ؓ سے نقل کیا ہے کہ حضور اکرم ﷺ حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہٗ کے گھر سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لائے۔ اس سے پہلے حضرت علی گھر سے باہر تشریف لے جا کر مسجد میں سو گئے تھے۔ حضور اکرم ﷺ نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: تمہارے ابن عم یعنی علی مرتضی کہاں ہیں۔؟ سیدہ فاطمہ نے عرض کیا: میرے اور ان کے درمیان کچھ رنجش سی ہو گئی ہے اور وہ غصہ میں باہر چلے گئے ہیں۔ اس کے بعد حضور ﷺ نے کسی سے فرمایا کہ دیکھو وہ کہاں ہے تو اس شخص نے آ کر بتایا کہ حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہٗ مسجد میں آرام کر رہے ہیں۔ پھر حضور ﷺ مسجد میں ان کے سرہانے تشریف لائے اور ان کے پہلو پر سوتے ہوئے ملاحظہ فرمایا۔ ان کو پہلو پر نشانات پڑے ہوئے تھے اور ان کا بدن شریف خاک آلودہ ہو گیا تھا۔ اس پر آپ ﷺ نے فرمایا "قُمْ اَبَا تُرَاب" "ابو تراب اٹھو۔! اس دن سے آپ کی کنیت ابو تراب مشہور ہو گئی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۳۹)

۷۔۔۔ آپ کا یہ لقب "کرار" حضور اکرم ﷺ نے رکھا۔ کرار کے معنی ہیں "بار بار حملہ کرنے والا" چونکہ آپ بھی دشمن پر بار بار حملہ کرتے تھے اس لئے آپ کا لقب کرار رکھا۔ (فیروز اللغات ص ۳۰۹)

۸۔۔۔ آپ کے قاتل کا نام عبدالرحمٰن بن ملجم المرادی ہے۔ (اسماء رجال مشکوۃ ص ۶۰۲)

آپ کی شہادت کا مختصر واقعہ یوں ہے۔

یہ ابن ملجم مصری تھا اور جب لوگ قتل عثمان غنی ؓ کو مصر سے آئے تھے تو ان کیساتھ یہ بھی آیا تھا پھر وہاں سے کوفہ آ گیا اور توبہ کر کے لشکر شیر خدا میں شریک ہو گیا۔ جنگ نہروان کی فتح کے بعد ابن ملجم اہل کوفہ کو بشارت فتح سنانے گیا اس موقعہ پر کوفہ میں اس کی ایک عورت قطامہ نامی سے ملاقات ہوئی۔ یہ قطامہ عرب بھر میں حسین و جمیل مشہور تھی۔ ابن ملجم کی نظر جیسے ہی اس پر پڑی شعلہ فسق اس کے سینہ پر کینہ میں بھڑکا اور خرمن صبر کو برق محبت

نے جلادیا۔ باتوں بات میں ابن ملجم پوچھ بیٹھا تو شادی کرنا چاہتی ہے یا نہیں۔؟ قطامہ نے کہا: چاہتی ضرور ہوں مگر میری شرائط پوری کرنے والا مجھے اب تک نہ ملا۔! ابن ملجم نے کہا: وہ کیا ہیں۔؟ قطامہ رونے لگی اور یوں گویا ہوئی کہ اے ابن ملجم! لشکر علی (کرم اللہ وجہہٗ) نے حرب نہروان میں میرے بارہ رشتہ دار قتل کئے ہیں۔ جب سے میں نے اپنا مہر تین باتوں کو رکھا ہے۔ نمبر ایک تین ہزار درہم نقد۔ نمبر دو ایک کنیز حسینہ و جمیلہ اور نمبر تین قتل علی۔! ابن ملجم نے کہا: دو امور تو ممکن ہیں مگر مولیٰ علی شیر خدا کا قتل بڑی زبردست شرط ہے۔ قطامہ نے کہا: درہم و کنیز سے دستبرداری ممکن ہے مگر سب سے بڑی شرط یہی ہے! ابن ملجم نے غور و تامل کر کے کہا: اچھا قطامہ! میں تیار ہوں مگر صرف ایک ضرب کا ذمہ دار ہوں! قطامہ نے کہا: اچھا ایک ہی ضرب سہی اپنی تلوار مجھے لا کر دے۔! چنانچہ ابن ملجم اپنی تلوار لایا اور قطامہ نے اس تلوار کو زہر میں بجھادیا۔ کچھ دن بعد ابن ملجم اس کے پاس آیا اور اس نے وہ تلوار اسے دیدی۔ ابن ملجم نے اپنی مدد کے لئے شبیب بن بجیرہ شجعی خارجی اور وردان تیمی خارجی کو تیار کرلیا۔

المختصر رمضان المبارک کی ایک شب کو حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ مسجد میں تشریف لائے۔ دیکھا اہل کوفہ مسجد کے چاروں طرف محافظت کر رہے ہیں فرمایا: یہ قیدیوں کی سی کیا حفاظت ہے۔ تقدیر الٰہی مٹ نہیں سکتی جو ہونا ہے وہ ہوگا اور ضرور ہوگا۔ تم جاؤ اور گھروں میں آرام کرو! وہ مجبور ہو کر چلے گئے اور آپ تن تنہا مسجد کوفہ میں تمام شب مشغول عبادت رہے۔ پھر آپ نے صبح کی اذان دی اور سنت فجر میں مشغول ہوگئے۔ ابن ملجم مع دونوں معاونوں کے زہر آلود تلوار لیکر لپکا ابھی آپ ایک ہی رکعت ادا کرپائے تھے کہ اس خبیث نے وار کیا۔ وار اس مقام پر لگا جہاں پہلے جنگ خندق کا زخم تھا وہی زخم کھل گیا اور سر مبارک سے مغز باہر آگیا۔ خبیث ابن ملجم بھاگا اور پکارتا چلا: افسوس! امیر المومنین شہید ہوگئے۔! تمام اہل کوفہ مسجد میں بھر گئے دیکھا کہ حضرت شیر خدا کرم اللہ وجہہٗ

اپنی خون آلود ریش مبارک پر ہاتھ پھیر رہے ہیں اور فرما رہے ہیں کہ اسی طرح میں دربار رسالت میں جاؤں گا۔ سیدہ فاطمہ زہرا سے ملوں گا۔ چچا حمزہ سے ملاقات کروں گا یہی حلیہ اپنی بھائی جعفر طیار کو دکھاؤنگا۔ ادھر شبیب لوگوں کے ہاتھوں ہلاک ہوا اور ابن ملجم کو آپ کے حکم سے قید میں ڈالا گیا۔ (ورق قلم ص۱۷۶تا۱۷۷)

۹۔۔۔ آپ نے ۱۹ ر رمضان کو زخمی ہو کر بیس رمضان (۴۰ھ) کی تاریخ ختم فرما کر اکیسویں شب کی آغاز میں عالم وصال کی طرف ارتحال فرمایا۔ (ورق قلم ۱۷۸)

دوسری روایت کے بموجب ۱۸ ر رمضان ۴۰ھ کو زخمی ہو کر تین رات گزارنے کے بعد رخت ارتحال باندھ کر سمت دار البقاء روانہ ہوئے۔

(اسماء رجال مشکوٰۃ ص۶۰۳)

۱۰۔۔۔ آپ کو امام حسن و حسین اور عبد اللہ بن جعفر رضی اللہ عنہم نے غسل دیا اور نماز جنازہ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے پڑھائی۔ (اسماء رجال مشکوٰۃ ص۶۰۳)

۱۱۔۔۔ آپ کی خلافت کی مدت چار سال سات ماہ اور چھ دن یا بارہ دن ہے۔ بعض چار سال نو ماہ بتاتے ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۹۱۸)

ایک قول پانچ سال کا اور ایک قول کچھ روز کم پانچ سال کا ہے۔ (تحفۃ المجالس ق۱۱ ص۲۳)

۱۲۔۔۔ آپ کی عمر شریف تریسٹھ سال موافق عمر نبوی ہوئی۔ بعض پینسٹھ بعض ستر اور بعض اٹھاون سال کہتے ہیں۔ (اسماء رجال مشکوٰۃ ص۶۰۳)

۱۳۔۔۔ آپ کے نو، دس عقد ہوئے۔

پہلی بیوی سیدہ فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا ہیں ان سے دو شہزادے ہوئے۔

دوسری بیوی ام البنین بنت خرام ہیں ان سے عباس، جعفر، عبد اللہ، اور عثمان چار بیٹے ہوئے۔

تیسری بیوی لیلیٰ بنت مسعود ہیں ان سے عبد اللہ اور ابو بکر ہوئے۔

چوتھی اسماء بنت عمیس ہیں ان سے محمد اصغر اور یحییٰ پیدا ہوئے۔

پانچویں بیوی امامہ بنت ابی العاص جو زینب بنت رسول اللہ ﷺ کی

صاحبزادی تھیں۔ ان سے محمد اوسط پیدا ہوئے۔

چھٹی بیوی خولہ بنت جعفر حنفیہ ہیں جن سے محمد اکبر المعروف بہ محمد بن حنفیہ پیدا ہوئے۔

ساتویں بیوی سعیدہ بنت عروہ ہیں ان سے ام الحسن، ملتہ الکبریٰ اور ام کلثوم تین لڑکیاں پیدا ہوئیں۔

آٹھویں بیوی صہبا بنت زمعہ ہیں ان سے رقیہ پیدا ہوئیں۔ نویں اور دسویں بیوی سے متعلق معلومات حاصل نہ ہوئیں۔ (اوراق غم ص ۱۷۸)

ایک دوسری روایت کے بموجب سیدہ فاطمہ الزہراء رضی اللہ عنہا سے امام حسن، امام حسین، محسن، زینب، ام کلثوم اور رقیہ رضی اللہ عنہم پیدا ہوئے۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۸۸)

خلفائے راشدین سے متعلق سوالات

۱۔ خلفائے راشدین میں سے سب سے لمبی مدت خلافت کس کی رہی اور سب سے کم کس کی۔؟

۲۔ خلفائے راشدین میں سے وہ کون ہیں کہ جن کو اللہ تعالیٰ نے سلام کہلوایا۔؟

۳۔ خلفائے راشدین میں سے وہ کون ہیں کہ جنہوں نے خلافت پر تنخواہ نہیں لی۔؟

۴۔ خلفائے راشدین میں سے سب سے زیادہ وارزقد کون تھے۔؟

۵۔ خلفائے راشدین میں سے وہ کون ہیں کہ جو اس حال میں شہید ہوئے کہ تلاوت قرآن فرما رہے تھے۔؟

خلفائے راشدین سے متعلق جوابات

۱۔۔۔۔ خلفائے راشدین میں سے سب سے لمبی مدت خلافت حضرت عثمان غنی ﷛ کی رہی جو بارہ سال یا کچھ دن کم بارہ سال ہے۔ اور سب سے کم مدت حضرت صدیق اکبر ﷛ کی خلافت کی ہے جو دو سال تین یا چار ماہ اور کچھ دن ہے۔ (جواہر البحار ج۲ ص۸۶۴،۸۶۱)

۲۔۔۔۔ وہ حضرت صدیق اکبر ﷛ ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو سلام کہلوایا۔ واقعہ اس طرح ہے کہ ایک دن حضرت صدیق اکبر ﷛ بارگاہ سید عالم ﷺ میں اس حال میں حاضر ہوئے کہ آپ کے جسم مبارک پر کرتے کی جگہ ایک پھٹا ہوا کمبل تھا جس میں بٹنوں کی جگہ کانٹے لگے ہوئے تھے۔ حضرت جبرائیل حاضر بارگاہ رسالت پناہ ﷺ ہوئے اور عرض کیا: ابو بکر کا کیا حال ہو گیا کہ مالداری میں بھی فقیرانہ لباس پہنے ہوئے ہیں۔؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: ابو بکر اپنا تمام مال مجھ پر اور میرے راستے پر خرچ کر کے مفلس ہو گئے ہیں۔! حضرت جبرائیل نے عرض کی: اللہ تقدس و تعالیٰ نے ابو بکر کو سلام کہا ہے اور پوچھا ہے کہ ابو بکر اس فقیرانہ لباس میں مجھ سے راضی ہے یا ناراض۔؟ حضرت صدیق اکبر ﷛ نے جب یہ سنا تو کیفیت وجد طاری ہو گئی اور عالم مستی میں باواز بلند بار بار یہ کہنے لگے کہ میں اپنے رب سے راضی ہوں، میں اپنے رب سے راضی ہوں۔ (تفسیر عزیزی)

۳۔۔۔۔ وہ حضرت عثمان غنی ﷛ ہیں کہ جنہوں نے خلافت پر تنخواہ نہیں لی۔ آپ کے سوا تمام خلفاء راشدین نے تنخواہ لی۔ (تفسیر نعیمی ج۲ ص۵۵۰)

۴۔۔۔۔ وہ حضرت عمر فاروق ﷛ ہیں کہ آپ خلفائے راشدین میں سب سے زیادہ دراز قد تھے۔ (تفسیر نعیمی ج۶ ص۵۴)

۵۔۔۔۔ وہ حضرت عثمان غنی ﷛ ہیں کہ آپ اس حال میں شہید ہوئے کہ تلاوت

قرآن فرما رہے تھے۔ اور آپ کے خون کا پہلا قطرہ قرآن کی آیت فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ پر گرا تھا۔ (شان حبیب الرحمن ص ۲۵۴)

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے متعلق سوالات

۱ـــ حضور اکرم ﷺ کی رسالت کی تصدیق سب سے پہلے کس نے کی۔؟

۲ـــ وہ کون کون سے صحابی ہیں کہ جنکے پیچھے حضور اکرم ﷺ نے نمازیں پڑھیں۔؟

۳ـــ وہ کون سے صحابی ہیں کہ جن کی چارپشتیں شرف صحابیت سے مشرف ہوئیں۔؟

۴ـــ سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے بعد دائرہ اسلام میں داخل ہونے والی سب سے پہلی خاتون کون ہے۔؟

۵ـــ وہ کون گوسے صحابی ہیں کہ جن کو اللہ نے سلام کہلوایا۔؟

۶ـــ وہ کون کون سے صحابی ہیں کہ جن کے لئے حضور اکرم ﷺ نے فرمایا فِداكَ امي و ابي کہ میرے ماں باپ تم پر قربان۔؟

۷ـــ وہ کون سے صحابی ہیں کہ جن کی نماز جنازہ ستر بار پڑھی گئی۔؟

۸ـــ وہ کون کون سے صحابی ہیں کہ جن کی نماز جنازہ حضور اکرم ﷺ نے مسجد نبوی میں پڑھائی۔؟

۹ـــ وہ کون کون سے صحابی ہیں کہ جن کی نماز جنازہ حضور اکرم ﷺ نے ستر تکبیروں سے پڑھائی۔؟

۱۰ـــ وہ کون کون حضرات ہیں کہ جن کے کفن کے لئے حضور اکرم ﷺ نے اپنی قمیص مبارک اور تہبند عنایت فرمائے۔؟

۱۱ـــ وہ کون کون سے صحابی ہیں کہ جنکی قبر میں حضور اکرم ﷺ داخل ہوئے۔؟

۱۲ـــ وہ کون سے صحابی ہیں کہ جنہوں نے حضور اکرم ﷺ کے دست اقدس سے دفن ہونے کا شرف پایا۔؟

۱۳ـــ حضور اکرم ﷺ کے بول مبارک (پیشاب) پینے کا شرف پانے والے حضرات کون کون ہیں۔؟

۱۴ـــ حضور اکرم ﷺ کے خون مبارک پینے کا شرف پانے والے صحابی کون کون ہیں۔؟

۱۵ـــ وہ کون کونسے صحابی ہیں کہ جن کیلئے بحالت جنابت مسجد میں جانا حلال تھا۔؟

۱۶ـــ وہ کونسے صحابی ہیں کہ جنکی صورت میں جبرائیل امین آیا کرتے تھے۔؟

۱۷ـــ وہ کونسے صحابی ہیں کہ جن کی اکیلے کی گواہی دو آدمیوں کے برابر تھی اور کیوں؟

۱۸ـــ وہ کونسے صحابی ہیں کہ جن کی آزادی کے لئے حضور اکرم ﷺ نے خود اپنے دست اقدس سے تین سو کھجور کے پودے لگائے۔؟

۱۹ـــ وہ کونسے صحابی ہیں کہ جنہوں نے حضرت عیسیٰ ؑ کا زمانہ بھی پایا۔؟

۲۰ـــ اس صحابی کا کیا نام ہے جو عرب کے مشہور سخی حاتم طائی کے بیٹے تھے۔؟

۲۱ـــ اس صحابی کا کیا نام ہے جو حضرت عیسیٰ ؑ کے ہم شکل تھے۔؟

۲۲ـــ اس صحابی کا نام کیا ہے جن کو حضور اکرم ﷺ نے مقبول الدعاء ہونے کی دعا دی تھی۔؟

۲۳ـــ وہ کونسے صحابی ہیں کہ جن پر گرمی اور سردی بالکل اثر نہ کرتی تھی اور کیوں۔؟

۲۴ـــ وہ کونسے صحابی ہیں کہ جن کی آواز آٹھ میل دوری تک سنائی دیتی تھی۔؟

۲۵ـــ حضرت بلال ؓ کے والد اور والدہ کا نام کیا ہے اور آپ کی قبر کہاں ہے۔؟

۲۶ـــ اس صحابی کا کیا نام ہے جو اپنی دس بیویوں کے ساتھ مشرف بہ اسلام ہوئے تھے۔؟

۲۷ـــ سب سے آخر میں انتقال کرنے والے صحابی کا نام کیا ہے۔؟

۲۸ـــ کل صحابہ کرام کی تعداد کتنی ہے۔اور حضور اکرم ﷺ کے وصال حق کے وقت صحابہ کرام کی تعداد کتنی تھی۔؟

۲۹ـــ عہد رسالت میں کتنے صحابہ کرام کو زنا کے جرم میں سنگسار کیا گیا۔؟

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ علماء کا اختلاف ہے کہ رسول کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم پر سب سے پہلے کون ایمان لایا اور تصدیق اول کس نے کی۔ جمہور کا مذہب یہ ہے کہ سب سے پہلے علی الاعلان ایمان لانے والی سیدتنا خدیجہ رضی اللہ عنہا ہیں۔ کیونکہ جب حضور اکرم ﷺ غار حرا سے تشریف لائے اور ان کو نزول وحی کی خبر دی تو وہ ایمان لائیں اور تصدیق کی۔ ان کے بعد سب سے پہلے اور سابق الایمان سیدنا ابو بکر صدیق ؓ ہیں۔ اسی مذہب پر سیدنا ابن عباس، حسان بن ثابت، اسماء بنت ابی بکر، نخعی وغیرہ تابعین، صحابہ کی ایک جماعت اور دیگر علماء اعلام ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ سب سے پہلے سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ ایمان لائے کیونکہ وہ آغوش مصطفیٰ ﷺ میں تربیت پا رہے تھے اور اس وقت وہ بچے تھے اسی لئے انہوں نے فرمایا "میں نے اسلام کی طرف اس وقت سبقت کی جب کہ میں بچہ تھا اور بالغ نہیں ہوا تھا" جیسا کہ طبری نے بیان کیا ہے۔ ابو عمرو بن عبد البر نے کہا ہے کہ وہ حضرات جو اس طرف گئے ہیں کہ سب سے پہلے جو ایمان لائے تھے سلمان، ابوذر، مقداد، خباب، جابر، ابو سعید خدری اور زید بن ارقم ؓ ہیں بعض کہتے ہیں کہ سب سے پہلے ورقہ بن نوفل ایمان لائے تھے۔ اور شیخ ابن الصلاح فرماتے ہیں کہ سب سے زیادہ محتاط اور موزوں تر یہ ہے کہ آزاد مردوں میں حضرت ابو بکر صدیق، بچوں اور نوعمروں میں حضرت علی مرتضیٰ عورتوں میں سیدتنا خدیجہ، موالی (آزاد کردہ غلام) میں حضرت زید بن حارثہ اور غلاموں میں حضرت بلال حبشی ؓ ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۵۸)

۲۔۔۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ حضور اکرم ﷺ نے کسی امتی کے پیچھے نماز نہیں پڑھی بجز حضرت ابو بکر صدیق ؓ کے پیچھے ایک مرتبہ اور ایک سفر میں حضرت عبد الرحمٰن بن عوف ؓ کے پیچھے ایک رکعت۔ جیسا کہ ابی سلمہ بن عبد الرحمٰن اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک سفر جہاد میں تھے۔ حضور ﷺ قضائے حاجت کیلئے تشریف لے گئے اور آپ کو آنے میں بہت دیر ہو گئی تو صحابہ کرام نے تکبیر کہہ کر حضرت عبد الرحمٰن بن عوف کو آگے بڑھا دیا پھر جب آپ تشریف لائے تو عبد الرحمٰن ؓ ایک رکعت پڑھا چکے تھے جب انہوں نے آپ کو دیکھا تو چاہا کہ پیچھے ہٹ آئیں لیکن حضور اکرم ﷺ نے اشارہ فرمایا کہ اپنی جگہ کھڑے رہو۔ اور حضور اکرم ﷺ نے ایک رکعت نماز حضرت عبد الرحمٰن کے پیچھے پڑھی پھر کھڑے ہو کر ایک رکعت فوت شدہ ادا فرمائی۔

ایک مرتبہ حضور اکرم ﷺ قبا شریف کی جانب تشریف لے گئے جب نماز کا وقت آیا تو حضرت بلال ؓ نے حضرت صدیق اکبر ؓ سے کہا: کیا خیال ہے کہ نماز کا وقت ہو گیا ہے اذان کہہ دوں شاید کہ حضور اکرم ﷺ بھی تشریف لے آئیں۔ "جب حضور اکرم ﷺ کو آنے میں تاخیر ہو گئی تو تمام صحابہ نے متفقہ طور پر حضرت صدیق اکبر ؓ کو نماز کے لئے آگے بڑھا دیا۔ اچانک حضور اکرم ﷺ بھی تشریف لے آئے۔ حضرت ابو بکر ؓ نے چاہا کہ اپنی جگہ سے پیچھے آئیں اور حضور لوگوں کو نماز پڑھائیں۔ اس پر حضور ﷺ نے اشارہ فرمایا کہ اپنی جگہ رہو۔ پھر آپ ﷺ نے ان کے پیچھے نماز ادا فرمائی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۰، ۱۰۹ ملتقطاً)

۳۔۔۔ وہ حضرت صدیق اکبر ؓ ہیں کہ جن کی چار پشتیں شرف صحابیت سے مشرف ہوئیں، آپ کے والدین صحابی، آپ خود صحابی، آپ کے صاحبزادے محمد، عبد اللہ اور عبد الرحمٰن آپ کی صاحبزادیاں سیدتنا عائشہ اور حضرت اسماء صحابی اور آپ کے پوتے محمد بن عبد الرحمٰن بھی صحابی، یہ فضیلت آپ کے سوا کسی اور کو حاصل نہ ہوئی۔ (خزائن العرفان پ ۲۶ ع ۲)

۴۔۔۔ عورتوں میں سیدتنا خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بعد سب سے پہلی خاتون جو دائرہ اسلام میں داخل ہوئیں وہ سیدنا عباس ؓ کی زوجہ محترمہ حضرت ام فضل لبانہ بنت حارث رضی اللہ عنہا ہیں۔ (اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۶۳)

۵۔۔۔ وہ صحابی اور صحابیہ حضرت ابو بکر صدیق اور سیدتنا خدیجہ رضی اللہ عنہما ہیں کہ جن کو اللہ تبارک و تعالیٰ نے سلام کہلوایا۔ تفصیلی واقعہ "خلفائے راشدین" اور "امہات المومنین" میں بیان کر دیا گیا ہے۔

۶۔۔۔ وہ خوش نصیب صحابی حضرت سعد ابن ابی وقاص اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہما ہیں کہ جن کے لئے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "فداك امی و ابی" کہ میرے ماں باپ تم پر قربان۔ ان دونوں کے علاوہ کسی اور کو یہ شرف نہ ملا۔

(مشکوٰۃ شریف ص ۵۶۵، ۱۰۱ اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۵۹۶)

۷۔۔۔ وہ سید الشہداء حضرت حمزہ ؓ ہیں۔ شہداء احد کی نماز پڑھنے کے ضمن میں محدثین کرام اور اہل سیر سے روایتیں مروی ہیں کہ سب سے پہلے حضرت حمزہ ؓ کی نماز جنازہ پڑھی گئی ان کے بعد جو جنازہ آتا رہا وہ حضرت حمزہ کے قریب رکھا جاتا رہا اور نماز پڑھی جاتی رہی یہاں تک کہ ستر نمازیں حضرت حمزہ ؓ پر گزاری گئیں۔

(مدارج ج ۲ ص ۲۲۸ و تفسیر نعیمی ج ۴ ص ۳۰)

۸۔۔۔ وہ حضرت سہل و سہیل رضی اللہ عنہما ہیں کہ انکی نماز جنازہ حضور اکرم ﷺ نے مسجد نبوی میں ادا فرمائی۔ (مشکوٰۃ ج ۱ ص ۱۴۵)

۹۔۔۔ وہ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی والدہ محترمہ فاطمہ بنت اسد رضی اللہ عنہا ہیں کہ ان کی نماز جنازہ حضور اکرم ﷺ نے ستر تکبیروں بروایت دیگر نو تکبیروں کے ساتھ پڑھی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۶۶)

اور سید الشہداء حضرت حمزہ ؓ کی بھی نماز جنازہ میں ستر تکبیریں فرمائیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۴۳)

۱۰۔۔۔ وہ حضرات تین ہیں کہ جن کے کفن کیلئے حضور اکرم ﷺ نے اپنی قمیص

مبارک اور تہبند عنایت فرمائے۔

(۱) حضرت فاطمہ بنت اسد والدہ حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہما۔ ان کے کفن کیلئے اپنی قمیص مبارک عنایت فرمائی۔

(۲) سیدہ زینب بنت رسول اللہ ﷺ۔ ان کے کفن کے لئے اپنا تہہ بند مبارک دیا۔

(۳) عبد اللہ بن ابی بن سلول اس کے کفن کو بھی اپنی قمیص مبارک عنایت فرمائی۔ ابن ابی کے کفن کے لئے قمیص مبارک کا دینا صرف اس کے بیٹے کی خاطر سے تھا چونکہ وہ محبان صادق و مخلصان بارگاہ میں سے تھا۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۹۱ و ج ۲ ۱۹۳، ج ۲ - ۶۸۴)

۱۱۔۔۔ حضرت عمر بن عبد العزیز سے منقول ہے کہ حضور اکرم ﷺ کسی کی قبر میں داخل نہ ہوئے سوائے پانچ شخصوں کے۔ تین عورتوں کی قبر میں اور دو مردوں کی۔ ایک حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی قبر میں۔ باقی چار مدینہ طیبہ میں۔ ایک حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے لڑکے کی قبر میں جس نے حضور ﷺ کی آغوش تربیت میں پرورش پائی تھی۔ تیسرے حضرت عبد اللہ مزنی ؓ۔ چوتھے ام رومان رضی اللہ عنہا جو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی والدہ تھیں اور پانچویں فاطمہ بنت اسد رضی اللہ عنہا کی قبر میں۔ (مدارج ج ۲ ص ۲۶۲)

۱۲۔۔۔ وہ حضرت عبد اللہ ذو البجادین ؓ ہیں کہ جنہوں نے حضور اکرم ﷺ کے دست اقدس سے دفن ہونے کا شرف پایا۔ (حاشیہ ۶ ہدایہ ج ۱ ص ۱۸۲)

۱۳۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے بول (پیشاب) پینے کا شرف پانے والوں میں ایک ام ایمن رضی اللہ عنہا ہیں جو آپ کی خدمت میں رہا کرتی تھیں۔ چنانچہ منقول ہے کہ رات کے وقت حضور اکرم ﷺ کے تخت مبارک کے نیچے ایک پیالہ رکھا جاتا کہ رات میں اس میں بول مبارک فرمادیں۔ ایک رات جب آپ نے اس میں بول مبارک فرمایا اور صبح ہوئی تو آپ نے ام ایمن سے فرمایا کہ اس تخت کے

نیچے ایک پیالہ ہے اسے زمین کے سپرد کر دو۔ مگر انہوں نے کچھ نہ پایا۔ ام ایمن نے عرض کیا: خدا کی قسم! رات مجھے پیاس معلوم ہوئی میں نے اسے پی لیا تھا۔ اس پر حضور نے تبسم فرمایا اور انہیں اپنا منہ دھونے کا حکم فرمایا اور فرمایا کہ اب تمہیں کبھی پیٹ کا درد لاحق نہ ہو گا۔

دوسرے برکہ نامی ایک خادمہ تھیں رضی اللہ عنہا۔ وہ بھی آپ کی خدمت میں رہا کرتی تھیں اس نے بھی ایک دن آپ کا بول شریف پی لیا تھا۔ اس پر حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: اے برکہ! تم ہمیشہ کیلئے تندرست بن گئیں۔! چنانچہ وہ عورت کبھی بیمار نہ ہوئیں بجز اس بیماری کے جس میں اس نے دنیا سے کوچ کیا۔

تیسرے۔ بعض روایتوں میں ہے کہ ایک شخص نے آپ کا بول شریف پی لیا تھا تو اس کے جسم سے ہمیشہ خوشبو مہکتی رہی، حتی کہ اس کی اولاد میں کئی نسلوں تک یہ خوشبو رہی۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۴۹)

۱۴۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کا لہو مبارک (خون) کا پینا صحابہ سے متعدد بار واقع ہوا ہے۔ چنانچہ اس حجام (ابو طیبہ) نے کہ جس نے آپ کے پچھنے لگائے تھے تو سنگھی یا چسکی سے جتنا لہو شریف نکلتا وہ اسے حلق سے اپنے شکم میں اتارتا جاتا۔ حضور اکرم ﷺ نے دریافت فرمایا: تم خون کا کیا کرتے ہو۔؟ اس نے عرض کیا: میں خون نکال کر اپنے شکم میں پنہاں کرتا جاتا ہوں، میں نہیں چاہتا کہ آپ کا خون مبارک زمین پر بہے۔! آپ نے فرمایا: بلاشبہ تم نے اپنی پناہ تلاش کر لی۔ اور اپنے نفس کو محفوظ بنا لیا۔ یعنی بلا اور امراض سے بچ گئے۔

غزوۂ احد کے دن جب حضور اکرم ﷺ مجروح ہوئے تو حضرت ابو سعید خدری کے والد حضرت مالک بن سنان رضی اللہ عنہما نے آپ کے زخموں کو اپنے منہ سے چوس کر زبان سے زخموں کو پاک و صاف کیا۔ لوگوں نے ان سے کہا کہ اپنے منہ سے خون باہر نکالو۔! انہوں نے کہا: نہیں! خدا کی قسم زمین پر آپ کے خون کو ہر گز نہ گرنے دوں گا وہ خون کو نگل گئے۔ اس پر حضور اکرم ﷺ نے فرمایا:

جو شخص خواہش رکھتا ہے کہ وہ کسی جنتی شخص کو دیکھے تو وہ انہیں دیکھ لے۔"

حضرت عبداللہ بن زبیر ؓ فرماتے ہیں کہ ایک دن حضور اکرم ﷺ پچھنے لگوائے اور اپنا خون مبارک مجھے دیکر فرمایا کہ اسے کسی ایسی جگہ غائب کر دو جہاں کسی کی نظر نہ پڑے۔ میں نے اسی پی لیا کیونکہ اس سے زیادہ پوشیدہ جگہ میں نہیں پاتا تھا۔ اس پر حضور اکرم انے فرمایا: وائے تمہیں لوگوں سے اور وائے لوگوں کو تم سے۔! یہ ان کی قوت مردانگی، شجاعت اور بہادری سے کنایہ تھا جو انہیں اس خون مبارک کے پی لینے سے حاصل ہوئی۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۵۰)

۱۵۔۔۔ حضرت صدیق اکبر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما ایسے صحابی ہیں کہ جن کا بحالت جنابت مسجد میں جانا حلال تھا۔ (تفسیر نعیمی ج ۲ ص ۷، مدارج ج ۱ ص ۴۳۳)

۱۶۔۔۔ وہ حضرت دحیہ کلبی ؓ ہیں کہ جن کی صورت میں جبرائیل ؑ کبھی کبھی آیا کرتے تھے۔ (اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۵۹۳)

۱۷۔۔۔ وہ حضرت خزیمہ بن ثابت الانصاری ؓ ہیں کہ جن کے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تمہاری اکیلے کی گواہی دو آدمیوں کے برابر ہے۔

(الاتقان ج ۱ ص ۷۸)

جس کا مختصر واقعہ یوں ہے کہ: حضور اکرم ﷺ نے ایک اعرابی سے ایک گھوڑا خرید فرمایا۔ سودا طے ہونے کے بعد آپ پیسے لینے کیلئے گھر تشریف لے گئے۔ ادھر دوسرے لوگوں نے اس گھوڑے کی قیمت لگائی اسی دوران حضور ﷺ بھی تشریف لے آئے اور اس اعرابی سے فرمایا کہ تو نے تو یہ گھوڑا میرے پاس بیچ دیا ہے۔ وہ دیہاتی انکار کرتے ہوئے کہنے لگا کہ آپ کے پاس اس بات پر کوئی گواہ ہے کہ اس گھوڑے کو میں نے آپ کے ہاتھ بیچ دیا ہے۔ اجو بھی مسلمان آتا وہ دیہاتی سے کہتا: افسوس ہے تجھ پر، خدا کا نبی نہیں فرماتا مگر حق۔" لیکن بدوی کسی کی بات نہ مانتا۔ حضرت خزیمہ ؓ آئے اور انہوں نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ تو نے یہ گھوڑا حضور اکرم ﷺ کے ہاتھ فروخت کیا ہے۔ حضور اکرم ﷺ

نے فرمایا: اے خزیمہ۔! تم کیسے گواہی دیتے ہو حالانکہ میں نے تمہیں گواہ نہیں بنایا۔! اس پر انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! ہم آپ کی آسمانی باتوں کی تصدیق کرتے ہیں تو کیا ہم اس دیہاتی پر تصدیق نہ کریں۔ بنابریں رسول اللہ ﷺ نے حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ کی گواہی کو دو گواہوں کے برابر قرار دیا اور اس فضیلت میں انہیں مخصوص فرمایا۔

(مدارج النبوۃ ج۱ ص ۵۳، [illegible] ج ۲ ص ۳۶۴)

۱۸۔۔۔ وہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ ہیں کہ جب آپ نے اپنے مولیٰ سے آزادی مانگی تو اس نے کہا اس شرط پر میں تم کو آزاد کردوں گا کہ تین سو کھجور کے پودے اس طرح لگاؤ کہ ایک بھی ضائع نہ ہو۔ جب نبی کریم ﷺ کے گوش مبارک تک یہ بات پہنچی تو آپ نے دست اقدس سے تین سو کھجور کے پودے لگائے اور ایک بھی ضائع نہ ہوا۔ ایک پودا حضرت عمر فاروق نے یا خود سلمان فارسی نے (رضی اللہ عنہما) لگایا تھا جس میں پھل نہیں آیا۔ پھر آپ نے اسے دوبارہ لگایا۔

(مدارج النبوۃ ج۱ ص ۳۴۲، تفسیر الم نشرح ص ۲۵۱)

۱۹۔۔۔ حضرت شیخ عبدالحق دہلوی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ بعض کہتے ہیں کہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا زمانہ بھی پایا ہے۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۴۷۱ حاشیہ اسماء رجال مشکوۃ ص ۵۹۷)

۲۰۔۔۔ وہ حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ ہیں جو عرب کے مشہور سخی حاتم طائی کے بیٹے تھے۔

(اسماء رجال مشکوۃ ص ۶۰۶)

۲۱۔۔۔ وہ حضرت عروہ بن مسعود ثقفی رضی اللہ عنہ ہیں جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ہم شکل تھے۔

(ابن کثیر پ ۲۵ ع ۱۰)

۲۲۔۔۔ وہ حضرت سعد ابن ابی وقاص رضی اللہ عنہ ہیں کہ حضور ﷺ نے ان کو دعا دی تھی کہ اے سعد! اللہ تمہیں مقبول الدعا بنائے۔ اچنانچہ آپ ایسے مقبول الدعاء ہوئے کہ صحابہ کرام آپ سے دعا کرانے آتے تھے۔ آخر میں آپ نابینا ہوگئے تھے لیکن کبھی اپنے لئے دعا نہ فرمائی۔

(تفسیر نعیمی ج ۴ ص ۱۰۵، مشکوۃ شریف ج ۲ ص ۵۲۶)

۲۳۔۔۔ وہ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ ہیں حضور اکرم ﷺ نے ان کے لئے دعا فرمائی کہ وہ گرمی و سردی سے محفوظ رہیں۔ تو آپ کی یہ حالت تھی کہ گرمی میں سردی کے اور سردی میں گرمی کے کپڑے پہنتے مگر آپ کو گرمی و سردی کچھ نقصان نہ پہنچاتی۔

(مدارج ج۱ ص ۳۱۲، تفسیر نعیمی ج۱ ص ۴۵۲)

۲۴۔۔۔ وہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ ہیں کہ آپ کی آواز آٹھ میل دوری تک سنائی دیتی تھی۔

(حاشیہ ۱۲ جلالین ص ۱۵۷)

۲۵۔۔۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے والد کا نام رباح اور والدہ کا نام حمام ہے۔

(معارج النبوۃ ص ۲۶ رکن سوم)

اور آپ کی قبر شریف صحیح قول کے بموجب دمشق کے باب الصغیر میں ہے آپ کا وصال ۲۰ھ کو ہوا تھا اور عمر ۶۳ سال ہوئی۔

(اسماء رجال مشکوۃ ص ۵۸۷)

۲۶۔۔۔ وہ حضرت غیلان بن سلمہ ثقفی ہیں کہ اپنی دس بیویوں کے ساتھ مشرف بہ اسلام ہوئے اور حضور ﷺ کے حکم سے ان میں چار کو رکھا باقی کو طلاق دیدی۔

(خزائن العرفان پ ۴ ع ۱۲)

۲۷۔۔۔ وہ حضرت ابوالطفیل عامر بن واثلہ رضی اللہ عنہ ہیں کہ جنہوں نے صحابہ کرام میں سے سب سے بعد میں وصال فرمایا آپ کا انتقال ۱۰۲ھ یا ۱۱۰ھ میں ہوا۔ آپ خود کہا کرتے تھے کہ اب روئے زمین پر کوئی شخص نہیں ہے بجز میرے کہ جس نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا ہو۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۱۵)

۲۸۔۔۔ ایک لاکھ چوبیس ہزار صحابی ہیں جن میں سے سات سو صحابہ معلوم الاسم ہیں۔

(المنظوم ج ۳ ص ۵۹)

اور ابن صلاح نے بیان کیا ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے ایک لاکھ چودہ ہزار صحابیوں کو چھوڑ کر وصال حق فرمایا تھا۔

(نزہۃ المجالس ص ۲۱۰)

۲۹۔۔۔ عہد رسالت اقدس میں زنا کا ثبوت گواہوں سے کبھی نہیں ہوا۔ البتہ دو بار یہ ہوا کہ مجرموں نے خود اقرار کرلیا۔ پہلا واقعہ حضرت ماعز رضی اللہ عنہ کا۔ دوسرا ایک

صحابیہ رضی اللہ عنہا کا۔ دونوں مجرم بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے اور شرعی سزا کے خواستگار ہوئے کہ ہم پاک ہو جائیں۔ چنانچہ دونوں کو سنگسار کیا گیا۔ ([illegible])

بارگاہِ رسالت کے خادموں، نگہبانوں، مفتیوں، کاتبوں، شاعروں اور آزاد کردہ غلاموں سے متعلق سوالات

۱ــــ بارگاہ رسالت ﷺ کے خدام صحابہ کون کون تھے۔؟

۲ــــ بارگاہ رسالت ﷺ کی خدمت گزار عورتیں کون کون تھیں۔؟

۳ــــ حضور اکرم ﷺ کو نعلین پہنانے اور اتارنے کی خدمت کس کے سپرد تھی۔؟

۴ــــ دوران سفر حضور اکرم ﷺ کے پانی کی چھاگل کو اٹھانے کا کام کس کے سپرد تھا۔؟

۵ــــ حضور اکرم ﷺ کے لئے وضو کے واسطے پانی مہیا کرنے کی خدمت کس کے سپرد تھی۔؟

۶ــــ دوران سفر حضور اکرم ﷺ کا اونٹ کون کھینچا کرتا تھا۔؟

۷ــــ حضور اکرم ﷺ کے اونٹ پر راحلہ باندھنے کی ذمہ داری کس کے سپرد تھی۔؟

۸ــــ حضور اکرم ﷺ جب غسل فرماتے تو کس صحابی سے اپنی پشت مبارک ملواتے۔؟

۹ــــ حضور اکرم ﷺ کے گھریلو آمد و خرچ کی خدمت کس کے سپرد تھی۔؟

۱۰ــــ حضور اکرم ﷺ کے زمانہ میں واجب القتل مجرموں کی گردن مارنے کا کام کون کون کرتے تھے۔؟

۱۱ــــ حضور اکرم ﷺ کی انگشتری مبارک یعنی مہر شریف کی حفاظت کس کے ذمے تھی۔؟

۱۲ـــــ حضور اکرم ﷺ کی نگہبانی کرنے والے صحابہ کون کون تھے اور کس نے کس موقعہ پر نگہبانی کی۔؟

۱۳ـــــ حضور اکرم ﷺ کے زمانہ میں فتویٰ کون کون دیا کرتے تھے۔؟

۱۴ـــــ بارگاہ رسالت ﷺ کے کاتب کتنے اور کون کون تھے۔؟

۱۵ـــــ وحی کی کتابت کرنے والے صحابہ کون کون تھے۔؟

۱۶ـــــ حضور اکرم ﷺ کی مراسلات لکھنے والے صحابی کون تھے۔؟

۱۷ـــــ عہد نامہ یا صلح نامہ کی کتابت کون کیا کرتے تھے۔؟

۱۸ـــــ حضور اکرم ﷺ کے زمانے میں اذان دینے والے حضرات کتنے تھے اور کون کہاں اذان دیتے تھے۔؟

۱۹ـــــ حضور اکرم ﷺ کے خدام شعراء کتنے تھے۔؟

۲۰ـــــ وہ حضرات کتنے اور کون کون تھے جن کو حضور اکرم ﷺ نے اطراف و اکناف کے سلاطین و امراء کی طرف بھیجا تھا۔؟

۲۱ـــــ قبائل سے اموال صدقات و زکوۃ وصول کرنے والے صحابہ کون کون تھے۔؟

۲۲ـــــ حضور اکرم ﷺ کے موالی یعنی آزاد کردہ غلام کتنے اور کون کون تھے۔؟

۲۳ـــــ حضور اکرم ﷺ کی سراری یعنی باندیاں کتنی تھیں۔؟

بارگاہ رسالت کے خادموں، نگہبانوں، مفتیوں، کاتبوں، شاعروں اور آزاد کردہ غلاموں سے متعلق جوابات

۱ـــــ یوں تو تمام صحابہ کرام ؓ سب کے سب خدام بارگاہ اور حاضرین مجلس رسالت پناہ تھے حضور اکرم ﷺ جس سے جو چاہتے خدمت کے لئے فرمادیتے تھے۔ البتہ کچھ حضرات خدمت کے لئے متعین تھے جن کو اہل سیر لکھتے ہیں کہ وہ حسب ذیل ہیں۔

(۱) حضرت انس بن مالک۔ (۲) حضرت عبداللہ بن مسعود۔ (۳) حضرت ایمن ابن ام ایمن۔ (۴) حضرت ربیعہ بن کعب۔ (۵) حضرت سعد موالی ابی بکر صدیق۔ (۶) حضرت عقبہ بن عامر۔ (۷) حضرت افلح بن شریک۔ (۸) حضرت ابو ذر غفاری۔ (۹) حضرت مہاجر مولیٰ سیدہ ام سلمہ۔ (۱۰) حضرت حنین۔ (۱۱) حضرت نعیم بن ابی ربیعہ۔ (۱۲) حضرت ابو الحمرا ہلال ابن حارث۔ (۱۳) حضرت ابو السمح ایاز۔ (۱۴) حضرت بلال حبشی۔ (۱۵) حضرت ذو مخمر۔ (۱۶) حضرت بکیر بن شداخ۔ (۱۷) حضرت شریک۔ (۱۸) حضرت اسعد بن مالک اسدی۔ (۱۹) حضرت ثعلبہ بن عبدالرحمٰن انصاری۔ (۲۰) حضرت جزء بن مالک۔ (۲۱) حضرت سالم مولیٰ رسول اللہ ﷺ۔ (۲۲) حضرت سابق بن حاطب۔ (۲۳) حضرت سلمہ۔ (۲۴) حضرت ابو سلام۔ (۲۵) حضرت ابو عبیدہ مولیٰ رسول اللہ ﷺ (۲۶) حضرت ہند بن حارثہ۔ (۲۷) حضرت اسماء بن حارثہ ؓ۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۵۰ تا ج ۲ ص ۸۶۶)

۲ـــــ بارگاہ رسالت ﷺ کی خدمت گزار عورتیں مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) حضرت ام ایمن برکت۔ (۲) حضرت خولہ۔ (۳) حضرت سلمٰی ام رافع۔ (۴) حضرت میمونہ بنت سعد۔ (۵) حضرت ام عیاش۔ (۶) امۃ اللہ بنت رزینہ۔ (۷) حضرت صفیہ۔ (۸) حضرت خضرہ۔ (۹) رزینہ ام عتبہ۔ (۱۰) ماریہ ام الرباب۔ (۱۱) ماریہ دادی مثنیٰ بن صالح۔ (۱۲) سیدہ ماریہ قبطیہ۔ رضی اللہ عنہن۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۵۹، ج ۲ ص ۸۶۸)

۳ـــــ وہ حضرت عبد الرحمٰن بن مسعود ؓ ہیں کہ نعلین شریفین، مسواک، عصاء مبارک، تکیہ اور بچھونا یہ تمام چیزیں ان کے سپرد تھیں۔ حضور اکرم ﷺ قیام فرماتے تو یہ نعلین مبارک حضور ﷺ کو پہناتے۔ اور جب حضور اکرم ﷺ نشست فرماتے تو یہ پائے اقدس سے نعلین مبارک اتارتے اور اپنی آستین میں محفوظ رکھتے تھے۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۵۴)

۴ـــــ پانی کی چھاگل اٹھانے کی خدمت حضرت ایمن بن ام ایمن رضی اللہ عنہما کے سپرد تھی۔

(مدارج ج ۲ ص ۸۵۴)

۵ـــــ حضرت ربیعہ بن کعب اسلمی ؓ تھے جو حضور اکرم ﷺ کے لئے وضو کا پانی مہیا کرتے تھے۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۵۴)

۶ـــــ وہ حضرت عقبہ بن عامر ؓ ہیں جو کہ دوران سفر حضور اکرم ﷺ کا اونٹ کھینچتے تھے۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۵۴)

۷ـــــ اونٹ پر راحلہ باندھنے کا کام حضرت اسلع بن شریک ؓ کے سپرد تھا۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۵۴)

۸ـــــ وہ حضرت اباد ابو السمح ؓ ہیں کہ جب حضور اکرم ﷺ غسل فرماتے تو اپنی پشت مبارک ان سے ملواتے تھے۔

(مدارج ج ۲ ص ۸۵۸)

۹ـــــ یہ خدمت حضرت بلال حبشی ؓ کے سپرد تھی۔ (مدارج ج ۲ ص ۸۶۲)

۱۰ـــــ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ، حضرت زبیر بن عوام، حضرت محمد بن سلمہ ؓ اور چند دیگر ایسے اصحاب تھے جو حضور اکرم ﷺ کے حکم پر کافروں اور

واجب القتل مجرموں کی گردن اڑاتے تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۶۸)

۱۱ـــــ وہ حضرت معیقیب ؓ ہیں کہ حضور اکرم ﷺ کی انگوٹھی یعنی مہر شریف کی حفاظت انہی کے ذمے تھی۔ (مدارج ج ۲ ص ۸۶۹)

۱۲ـــــ جن صحابہ کرام ؓ نے حضور اکرم ﷺ کا پہرہ دیا ان کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

(۱) حضرت سعد بن معاذ انصاری ؓ۔ ان کی نگہبانی حضور اکرم ﷺ کیلئے روز بدر تھی۔ حضور اکرم ﷺ کیلئے ایک عریش بنایا گیا تھا۔ آپ اس میں خواب استراحت فرماتے اور حضرت سعد بن معاذ انصاری ؓ اس عریش کی نگہبانی کر رہے تھے۔

(۲) حضرت صدیق اکبر ؓ بھی روز بدر عریش میں تیغ برہنہ کشیدہ، حضور اکرم ﷺ کے سرہانے کھڑے پہرہ دے رہے تھے تاکہ کوئی مشرک قریب نہ آسکے۔

(۳) حضرت محمد بن سلمہ انصاری مدنی ؓ۔ ان کی نگہبانی حضور اکرم ﷺ کے لئے روز احد تھی۔

(۴) حضرت ذکوان بن عبد اللہ بن قیس ؓ۔ آپ حضرت محمد بن مسلمہ ؓ کی ساتھ روز احد پہریدار تھے۔

(۵) حضرت زبیر بن عوام ؓ۔ غزوۂ خندق میں حضور اکرم ﷺ کی نگہبانی کرتے تھے۔

(۶) حضرت سعد بن ابی وقاص ؓ آپ کی نگہبانی کے سلسلے میں مروی ہے کہ ایک رات حضور اکرم ﷺ بیدار تھے اور نیند نہیں آرہی تھی۔ فرمایا: کاش۔! کوئی مرد صالح میرے اصحاب میں سے میری پاسبانی کرے۔ اچانک ہتھیاروں کی آواز سنی، فرمایا: کون شخص ہے۔؟ عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ میں سعد ہوں۔! پھر وہ پاسبانی کے لئے استادہ ہوگئے۔

(۷) حضرت عباد بن بشر ؓ۔ غزوۂ خندق میں حضور اکرم ﷺ کی نگہبانی کرتے تھے۔

(۸) حضرت ابو ایوب انصاری ؓ۔ حضور اکرم ﷺ کی نگہبانی غزوۂ خیبر

میں کی تھی۔

(۹) حضرت بلالِ حبشی رضی اللہ عنہ۔ وادی القریٰ میں حضور اکرم ﷺ کے پاسبان تھے۔

(۱۰) حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ۔ روز حدیبیہ، برہنہ شمشیر لئے رسول اللہ ﷺ کی پاسبانی میں حضور ﷺ کے سرہانے کھڑے تھے۔ (مدارج ج ۲ ص ۹۰۲ تا ۹۰۳)

واضح ہو کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی نگہبانی اس معنی میں نہیں ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے اپنی نگہبانی کے لئے ان کو مقرر کیا تھا بلکہ صحابہ کرام میں سے کچھ حضرات از خود اس کام میں مشغول ہوتے اور سعادت سے مشرف ہوتے تھے۔ ممکن ہے کہ ان میں کچھ حضرات اس سعادت پر ہمیشہ قائم رہے ہوں اور حضور اکرم ﷺ باتباع سنت الٰہی عز و جل، ایسے اسباب کی رعایت ملحوظ رکھتے تھے۔ جب آیت کریمہ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ نازل ہوئی تو آپ نے اسے ترک فرمادیا۔ (مدارج ج ۲ ص ۹۰۲)

۱۳۔۔۔۔ اصحاب فتاویٰ چھ اشخاص تھے۔

(۱) حضرت عمر۔ (۲) حضرت علی۔ (۳) حضرت ابن مسعود۔ (۴) حضرت ابو موسیٰ۔ (۵) حضرت ابو زید۔ (۶) اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہم اجمعین۔ (مدارج ج ۲ ص ۹۳۲)

حیوٰۃ الحیوان میں ان اصحاب کی تعداد چودہ ہے۔

(۱) حضرت ابو بکر۔ (۲) حضرت عمر فاروق۔ (۳) حضرت عثمان غنی۔ (۴) حضرت علی مرتضیٰ۔ (۵) حضرت عبد الرحمٰن بن عوف۔ (۶) حضرت ابی بن کعب۔ (۷) حضرت عبد اللہ بن مسعود۔ (۸) حضرت معاذ بن جبل۔ (۹) حضرت عمار بن یاسر۔ (۱۰) حضرت حذیفہ الیمان۔ (۱۱) حضرت زید بن ثابت۔ (۱۲) حضرت سلمان الفارسی۔ (۱۳) حضرت ابوالدرداء۔ (۱۴) اور حضرت ابو موسیٰ اشعری۔ (رضی اللہ عنہم اجمعین)

۱۴۔۔۔۔ واضح ہو کہ حضور اکرم ﷺ کے کئی کاتب تھے بعض وحی کی کتابت کرتے تھے بعض سلاطین و امراء وغیرہ کے نام خطوط لکھا کرتے تھے، بعض صدقات کے اموال کی کتابت کرتے تھے اور بعض مداینات، معاملات اور شروط وغیرہ لکھا کرتے تھے۔ روضۃ الاحباب میں کاتبوں کی تعداد چالیس بیان کی گئی ہے۔

(۱) حضرت صدیق اکبر۔ (۲) حضرت عمر فاروق۔ (۳) حضرت عثمان غنی۔ (۴) حضرت علی مرتضیٰ۔ (۵) حضرت طلحہ بن عبید اللہ۔ (۶) حضرت زبیر بن عوام۔ (۷) حضرت سعد بن ابی وقاص۔ (۸) حضرت عامر بن فہیرہ۔ (۹) حضرت ثابت بن قیس۔ (۱۰) حضرت خالد بن سعد۔ (۱۱) حضرت ابان بن سعد۔ (۱۲) حضرت حنظلہ۔ (۱۳) حضرت ابو سفیان (۱۴) حضرت یزید بن ابو سفیان۔ (۱۵) حضرت امیر معاویہ۔ (۱۶) حضرت زید بن ثابت۔ (۱۷) حضرت شرجیل بن حسنہ۔ (۱۸) حضرت علاء الحضرمی۔ (۱۹) حضرت خالد بن ولید۔ (۲۰) حضرت محمد بن مسلمہ۔ (۲۱) حضرت عبد اللہ بن رواحہ۔ (۲۲) حضرت عمرو بن العاص۔ (۲۳) حضرت مغیرہ بن شعبہ۔ (۲۴) حضرت عبد اللہ بن عبد اللہ۔ (۲۵) حضرت جہم بن الصلت۔ (۲۶) حضرت ارقم بن ابی ارقم۔ (۲۷) حضرت العلاء بن عقبہ۔ (۲۸) حضرت عبد اللہ بن زید۔ (۲۹) حضرت ابو ایوب انصاری۔ (۳۰) حضرت حذیفہ الیمانی۔ (۳۱) حضرت بریدہ بن الحصیب۔ (۳۲) حضرت حصین بن نمیر۔ (۳۳) حضرت عبد اللہ بن سعد۔ (۳۴) حضرت ابو سلمہ بن عبد الاسد۔ (۳۵) حضرت حویطب بن عبد العزیٰ۔ (۳۶) حضرت حاطب بن عمرو۔ (۳۷) عبد اللہ بن خطل مرتد۔ (۳۸) حضرت ابی ابن کعب۔ (۳۹) حضرت عبد اللہ بن ارقم۔ (۴۰) حضرت معیقب بن ابی فاطمہ رضی اللہ عنہم۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۹۱۳ تا ۹۶۵)

۱۵۔۔۔۔ اصحاب کتابت وحی نو تھے۔

(۱) حضرت ابی بن کعب۔ (۲) حضرت زید بن ثابت الانصاری۔ (۳) حضرت امیر معاویہ بن ابی سفیان۔ (۴) حضرت ابو بکر صدیق۔ (۵) حضرت عمر فاروق۔ (۶) حضرت عثمان غنی۔ (۷) حضرت علی مرتضیٰ۔ (۸) حضرت حنظلہ بن ربیع۔ (۹) حضرت خالد بن عاص رضی اللہ عنہم۔ (حیوٰۃ الحیوان ج ۱ ص ۷۹)

۱۶۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کی مراسلات لکھنے والے ہمیشگی کے طور پر حضرت عبد اللہ بن ارقم رضی اللہ عنہ تھے۔ (مدارج ج ۲ ص ۹۹۰)

۱۷۔۔۔ حضور اکرم ﷺ جب کسی سے عہد و صلح کرتے تھے تو کاتب عہود حضرت علی مرتضٰی کرم اللہ وجہہٗ ہوتے تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۹۱۷)

۱۸۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے زمانہ میں اذان دینے والے حضرات چار تھے۔

(۱) حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ مدینہ طیبہ میں اذان دیتے تھے۔

(۲) حضرت عبداللہ بن ام مکتوم رضی اللہ عنہ۔ یہ بھی مدینہ طیبہ حضرت بلالؓ کے ساتھ اذان کہا کرتے تھے۔

(۳) حضرت سعد بن عائذ قرظی رضی اللہ عنہ۔ مسجد قبا میں موذن مقرر تھے۔ جب حضور اکرم ﷺ نے عالم وصال کی طرف ارتحال فرمایا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دینی چھوڑ دی تو آپ کو مسجد نبوی شریف میں منتقل کر دیا گیا۔ اور تاحیات اذان دیتے رہے۔

(۴) حضرت ابو محذورہ اوس بن مغیرہ رضی اللہ عنہ۔ مکہ مکرمہ میں اذان دیا کرتے تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۰۳-۱۰۰۸، زبدۃ المجالس ج ۳ ص ۱۱)

۱۹۔۔۔ رسول اللہ ﷺ کے خدام شعراء مردوں میں سے ایک سو ساٹھ تھے اور عورتوں میں سے بارہ تھیں۔ ان شعرائے کرام میں سے جو حضرات کافروں کے شر کو اسلام اور مسلمان سے دفع کرتے اور باز رکھتے تھے۔ اور رسول اللہ ﷺ کی مدح کرتے اور کافروں کی ہجو و مذمت کرتے تھے وہ تین اشخاص شمار کیے گئے ہیں۔

(۱) حضرت حسان بن ثابت۔ (۲) حضرت کعب بن مالک۔ (۳) حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہم۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۰۸)

۲۰۔۔۔ روضۃ الاحباب میں ہے کہ وہ گیارہ اصحاب کامل الصاب تھے جن کو حضور اکرم ﷺ نے اکناف و اطراف کے سلاطین و امراء کی طرف بھیجا تھا۔ ان کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

(۱) حضرت عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہ۔ ان کو نجاشی شاہ حبشہ، مسیلمہ کذاب اور فردہ بن عمرو جذامی کی طرف جو کہ قیصر شاہ روم کی طرف سے گورنر تھا بھیجا تھا۔

(۲) حضرت دحیہ بن خلیفہ کلبی رضی اللہ عنہ۔ ان کو ہرقل قیصر روم کی طرف قاصد بنا کر بھیجا گیا تھا۔

(۳) حضرت عبداللہ بن حذافہ سہمی رضی اللہ عنہ۔ ان کو کسریٰ پرویز بن ہرمز شاہ فارس کی طرف بھیجا گیا۔

(۴) حضرت حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ۔ ان کو مقوقش شاہ مصر و اسکندریہ کی طرف بھیجا گیا تھا۔

(۵) حضرت شجاع بن وہب اسدی رضی اللہ عنہ۔ ان کو حارث بن ابی شمر غسانی حاکم شام کی طرف بھیجا گیا تھا۔

(۶) حضرت سلیط بن عمرو عامری رضی اللہ عنہ۔ ان کو ہودہ بن علی حنفی والی یمامہ کی طرف بھیجا گیا تھا۔

(۷) حضرت علاء الحضرمی رضی اللہ عنہ۔ ان کو منذرہ بن ساوی والی بحرین کی طرف بھیجا گیا تھا۔

(۸) حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ۔ ان کو طائف کے ایک بادشاہ ذوالکلاع کی طرف بھیجا گیا تھا۔

(۹) حضرت مہاجر بن امیہ مخزومی رضی اللہ عنہ۔ ان کو حارث بن عبد کلال حمیری شاہ یمن کی طرف بھیجا تھا۔

(۱۰) حضرت عمر بن العاص رضی اللہ عنہ۔ ان کو ملک عمان کے جلندر کے بیٹے جیفر و عبد کی جانب بھیجا گیا۔

(۱۱) حضرت عروہ بن مسعود ثقفی رضی اللہ عنہ۔ ان کو ان کے ہی قبیلہ کی طرف قاصد بنا کر بھیجا گیا تھا۔

یہ گیارہ اصحاب کرام رضی اللہ عنہم ہیں جن کو روضۃ الاحباب میں سفیروں اور قاصدوں کے ضمن میں بیان کیا گیا ہے۔ اس کے بعد کہتے ہیں کہ بعض اہل سیر، حضرت ابو موسیٰ اشعری، اور حضرت معاذ بن جبل کو اور بعض نے حضرت وترہ بن

محسن اور حضرت حبیب بن زید ؓ کو بھی حضور اکرم ﷺ کے سفیروں اور قاصدوں میں شمار کیا ہے اس بنا پر ان اصحاب کی تعداد پندرہ ہو جاتی ہے۔ مواہب لدنیہ میں امیر المومنین حضرت علی مرتضیٰ، حضرت عینیہ بن حصین، حضرت بریدہ بن الحصیب، حضرت عباد بن بشر، حضرت رافع بن مکیث، حضرت ضحاک بن سفیان، حضرت بشیر بن سفیان، اور حضرت عبد اللہ بن نسیر ؓ کو بھی قاصدوں اور سفیروں کے ضمن میں بیان کیا گیا ہے۔

(مدارج النبوۃ ج۲ ص۹۶۸ تا ۹۷۸)

۲۱۔۔۔ قبائل سے اموال صدقات کو وصول کرنے والے چند اصحاب تھے جن کے اسماء یہ ہیں۔

(۱) حضرت عبدالرحمٰن بن عوف ؓ۔ جو بنی کلب کے صدقات پر عامل تھے۔

(۲) حضرت عدی بن حاتم ؓ۔ ان کو اپنے ہی قبیلہ بنی طے پر عامل بنا کر بھیجا گیا تھا۔

(۳) حضرت عینیہ بن حصین فزاری ؓ۔ ان کو قبیلہ بنی کعب کی شاخ خزاعہ پر عامل مقرر فرمایا۔

(۴) حضرت ایاس بن قیس اسدی ؓ۔ ان کو بنی اسد پر بھیجا گیا تھا۔

(۵) حضرت ولید بن عقبہ بن ابی معیط ؓ۔ آپ قبیلہ بنی المصطلق پر عامل مقرر تھے۔

(۶) حضرت حارث بنی عوف مزنی ؓ۔ ان کو قبیلہ بن مرہ پر عامل مقرر کیا گیا تھا۔

(۷) حضرت مسعود بن رجیل ؓ۔ یہ بنی عبس پر عامل تھے۔

(۸) حضرت انجم بن سفیان ؓ۔ جو عذرہ، سلامان ویلی، جہنیہ اور اُنی پر عامل تھے۔

(۹) حضرت عباس بن مرداس ؓ۔ ان کو قبیلہ بنی سلیم کی جانب عامل بنا کر بھیجا گیا تھا۔

(۱۰) حضرت لبید بن حاصب ؓ۔ آپ قبیلہ دارم پر عامل تھے۔

(۱۱) حضرت عامر بن مالک ؓ۔ یہ قبیلہ بنی عامر بن صعصعہ پر عامل تھے۔

(۱۲) حضرت سعد بن مالک ؓ۔ آپ قبیلہ بنی کلاب پر عامل تھے۔

(۱۳) حضرت عوف بن مالک ؓ۔ ان کو قبیلہ ہوازن، نصر، اور ثقیف پر عامل مقرر کیا گیا تھا۔

(۱۴) حضرت ضحاک بن سفیان ؓ۔ آپ اپنی قوم کے صدقات پر عامل مقرر تھے۔

(مدارج ج۲ ص۹۹۰ تا ۱۰۰۳)

۲۲۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے موالی یعنی آزاد کردہ غلاموں میں سے جن کے نام دستیاب ہوئے وہ ذیل میں مندرج ہیں۔

(۱) حضرت زید بن حارثہ۔ (۲) اسامہ بن زید بن حارثہ۔ (۳) ثوبان بن بجدوم۔ (۴) ابو کبشہ نام سلیم یا اوس یا سامہ۔ (۵) آنسہ یا ابو آنسہ یا ابو سروح یا ابو سرح۔ (۶) صالح ملقب بہ شقران۔ (۷) رباح۔ (۸) یسار (۹) ابو رافع نام اسلم یا ثابت یا یزید یا ابراہیم یا ہرمز۔ (۱۰) ابو مویہبہ۔ (۱۱) ابو البہی نام رافع۔ (۱۲) مدعم۔ (۱۳) زید۔ ہلال بن یسار کے دادا۔ (۱۴) عبید بن عبد الغفار۔ (۱۵) سفینہ نام مہران یا ملیمان یا رومان یا کیسان یا فروخ۔ (۱۶) مابور قبطی۔ (۱۷) واقد یا ابو واقد۔ (۱۸) ہشام۔ (۱۹) ابو ضمیرہ نام سود یا روح بن سندر یا روح بن شیر زاد یا سعد حمیری۔ (۲۰) حسین۔ (۲۱) ابو عسیب نام احمر یا مرہ۔ (۲۲) ابو عبیدہ۔ (۲۳) اسلم بن عبید۔ (۲۴) افلح (۲۵) انجشہ۔ (۲۶) بازام۔ (۲۷) حاتم۔ (۲۸) بدر۔ (۲۹) رویفع۔ (۳۰) زید بن ہلال۔ (۳۱) سعید بن زید۔ (۳۲) سعید بن کندیہ۔ (۳۳) سلمان الفارسی۔ (۳۴) سندر (۳۵) شمعون بن زید قرظی۔ (۳۶) ضمیرہ بن ابو ضمیرہ۔ (۳۷) عبد اللہ بن اسلم (۳۸) غیلان (۳۹) فضالہ۔ (۴۰) نفیر۔ (۴۱) کریب (۴۲) محمد بن عبد الرحمٰن۔ (۴۳) مکحول۔ (۴۴) نافع ابو السائب۔ (۴۵) مفیہ۔ (۴۶) نہیک بن الاسود۔ (۴۷) نفیع بن الحارث یا نفیع بن مسروح یا مسروح بن کلاہ۔ (۴۸)

ہرمز ابو کیسان نام کیسان یا مہران یا طہمان یا ذکوان۔ (۴۹) وردان۔ (۵۰) یسار (۵۱) ابو اثیلہ راشد (۵۲) ابو البشیر۔ (۵۳) ابو صفیہ (۵۴) ابو قبیلہ۔ (۵۵) ابو لبابہ (۵۶) ابو لقیط۔ (۵۷) ابو الیسر۔ (۵۸) ذکوان۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۲۹ تا ۹۰۰)

۲۳۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کی سراری یعنی باندیوں کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے

(۱) حضرت ماریہ بنت شمعون قبطیہ رضی اللہ عنہا۔ (۲) ریحانہ بنت زید بن عمرو۔ بعض کہتے ہیں کہ شمعون کی بیٹی ہیں یہ بنی نضیر کی باندیوں میں سے ہیں۔ ایک قول کے بموجب بنی قریظہ سے۔ (۳) جمیلہ۔ جو کسی سبایا میں حضور اکرم ﷺ کو حاصل ہوئی تھیں۔ (۴) وہ باندی جسے حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا نے پیش کیا تھا۔ (۵) ام رافع زوجہ ابو رافع۔ (۶) رضوی۔ (۷) امیمہ۔ (۸) دریحہ۔ (۹) سائبہ۔ (۱۰) ام ضمیرہ۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۴۰ و ج ۲ ص ۹۰۰)

حضور اکرم ﷺ کے آلاتِ حرب یعنی ہتھیاروں اور گھریلو سامانوں سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے پاس کل کتنی تلواریں تھیں۔؟

۲۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کی مشہور تلوار ذوالفقار کا نام ذوالفقار کیوں رکھا گیا۔؟

۳۔۔۔ ذوالفقار نامی تلوار پہلے کس کی تھی پھر حضور اکرم ﷺ کے قبضہ میں کیسے آئی۔؟

۴۔۔۔ حضور اکرم ﷺ نے اپنی ذوالفقار نامی تلوار کس کو کس موقعہ پر عنایت فرمایا تھا؟

۵۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کی ملکیت میں آنے والی سب سے پہلی تلوار کا نام کیا ہے؟

۶۔۔۔ اس تلوار کا کیا نام ہے کہ جسکے ساتھ حضور اکرم ﷺ نے ہجرت کی تھی۔؟

۷۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے پاس کل کتنی زرہیں تھیں اور ان کے نام کیا ہیں۔؟

۸۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کی اس زرہ کا نام کیا ہے جو حضرت داؤد علیہ السلام کی تھی۔؟

۹۔۔۔ اس زرہ کا کیا نام ہے کہ جس کو حضور اکرم ﷺ نے روز احد زیب تن فرمایا تھا۔؟

۱۰۔۔۔ جنگ حنین اور خیبر کے موقعہ پر حضور اکرم ﷺ نے کن کن زرہوں کو پہنا تھا۔؟

۱۱۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کی اس زرہ کا کیا نام ہے جو عرصۂ دراز تک حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کے قبضہ میں محفوظ رہی۔؟

۱۲۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کی اس زرہ کا کیا نام ہے کہ جو آپ کے وصالِ حق کے وقت ایک یہودی کے پاس گروی میں تھی۔؟

۱۳۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے پاس کتنے مغفر تھے۔؟

۱۴۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے پاس کتنی ڈھالیں تھیں اور ان کے نام کیا تھے۔؟

۱۵۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے پاس نیزے کتنے تھے۔؟

۱۶— حضور اکرم ﷺ کے پاس حربے کتنے تھے۔؟

۱۷— حضور اکرم ﷺ کے پاس کمانیں کتنی تھیں۔؟

۱۸— حضور اکرم ﷺ کے خیمے کا نام کیا تھا۔؟

۱۹— حضور اکرم ﷺ کے جھنڈے اور علم کتنے تھے ان کا رنگ کیسا تھا اور نام کیا تھے۔؟

۲۰— حضور اکرم ﷺ کے پاس کل کتنے گھوڑے تھے۔؟

۲۱— اس گھوڑے کا نام کیا ہے جو سب سے پہلے حضور اکرم ﷺ کی ملکیت میں آیا؟

۲۲— حضور اکرم ﷺ کے پاس خچر کتنے تھے۔؟

۲۳— حضور اکرم ﷺ کے پاس گدھے کتنے تھے۔؟

۲۴— حضور اکرم ﷺ کے اس گدھے کا نام کیا ہے کہ جس کی جد کی نسل کے تمام گدھوں پر صرف انبیاء کرام سوار ہوئے۔؟

۲۵— حضور اکرم ﷺ کے اس گدھے کا کیا نام ہے جو صحابہ کرام کو بلا کر لانے کا کام کرتا تھا۔؟

۲۶— حضور اکرم ﷺ کے پاس کل کتنے اونٹ تھے اور ان کے نام کیا ہیں۔؟

۲۷— حضور اکرم ﷺ کے پاس دودھ دینے والی اونٹنیاں کتنی تھیں۔؟

۲۸— اس اونٹنی کا کیا نام ہے کہ جس پر سوار ہو کر حضور اکرم ﷺ نے ہجرت فرمائی؟

۲۹— اس اونٹنی کا کیا نام ہے کہ جس کی سواری کے وقت وحی نازل ہوتی تھی؟

۳۰— حضور اکرم ﷺ کے پاس بکریاں کتنی تھیں۔؟

۳۱— حضور اکرم ﷺ کے پاس دودھ دینے والی بکریاں کتنی تھیں۔؟

۳۲— حضور اکرم ﷺ کے عمامے کتنے تھے ان کا رنگ کیسا تھا اور نام کیا تھے؟

۳۳— حضور اکرم ﷺ کے عمامے کی لمبائی کتنی تھی۔؟

۳۴— حضور اکرم ﷺ کی ٹوپی مبارک کا رنگ کیسا تھا۔؟

۳۵— حضور اکرم ﷺ کی چادریں کتنی اور کس رنگ کی تھیں۔؟

۳۶— حضور اکرم ﷺ کی چادر مبارک کی لمبائی اور چوڑائی کتنی تھی۔؟

۳۷— حضور اکرم ﷺ کے پاس جبے کتنے تھے۔؟

۳۸— حضور اکرم ﷺ کی قمیص مبارک کس قسم کے کپڑے کی تھی اور اس کا رنگ کیسا تھا۔؟

۳۹— حضور اکرم ﷺ نے پائجامہ کتنے میں خرید فرمایا تھا۔؟

۴۰— حضور اکرم ﷺ کے پاس موزے کتنے اور کس رنگ کے تھے۔؟

۴۱— حضور اکرم ﷺ کی نعلین شریفین کیسی تھیں۔؟

۴۲— حضور اکرم ﷺ کا پلنگ مبارک کیسا تھا اور اس پر بستر کس طرح کے تھے؟

۴۳— حضور اکرم ﷺ کے پاس اور دیگر گھریلو سامان کیا کیا تھے۔؟

۴۴— حضور اکرم ﷺ کے آئینہ مبارک کا نام کیا تھا۔؟

حضور اکرم ﷺ کے آلات حرب و جنگی اور گھریلو سامانوں سے متعلق جوابات

۱۔۔۔حضور اکرم ﷺ کی دس تلواریں بیان کی گئی ہیں۔ اور یہ ہمیں معلوم نہیں کہ یہ دس تلواریں ایک ہی وقت میں جمع تھیں یا متعدد اوقات میں حضور اکرم ﷺ کے دست مبارک میں رہیں جن کی تعداد مدت العمر میں دس تک پہنچی ہے۔ ان میں سے بعض کے نام یہ ہیں۔

(۱) ذو الفقار۔ (۲) ماثور۔ (۳) عضب۔ (۴) مخذم۔ (۵) رسوب۔ (۶) قلعی۔ (۷) قضب۔ بعض اہل سیر خیال کرتے ہیں کہ قضب اور ذو الفقار دونوں ایک ہی ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۲۶، ج ۲ ص ۱۰۲۸)

۲۔۔۔چونکہ اس تلوار کے درمیان میں فقار ظہر (فقار بمعنی ریڑھ کی ہڈی کی گریاں) یعنی مہرہائے پشت تھے اس لئے اس کا نام ذو الفقار ہوا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۲۷)

۳۔۔۔یہ تلوار منبہ بن الحجاج سہمی کی تھی۔ اور بدر کے دن اس کا بیٹا عاص بن منبہ لئے ہوئے تھا۔ حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہ نے عاص بن منبہ کو قتل کیا تو تلوار کو حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں لائے حضور اکرم ﷺ نے اسے اپنے لئے پسند فرمایا۔ (مدارج ج ۲ ص ۱۰۲۷)

۴۔۔۔حضور اکرم ﷺ نے اس تلوار کو حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہ کو غزوۂ احزاب میں عطا فرما دیا تھا۔ (مدارج ج ۲ ص ۱۰۲۸)

۵۔۔۔وہ ماثور نامی تلوار ہے کہ حضور اکرم ﷺ کی ملکیت میں سب سے پہلے آئی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۲۶)

۶۔۔۔وہ ماثور نامی تلوار ہے جس کے بارے میں اہل سیر کہتے ہیں کہ اس کے ساتھ حضور اکرم ﷺ نے ہجرت کی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۲۶)

۷۔۔۔حضور اکرم ﷺ کے پاس چھ زرہیں تھیں۔ انکے نام اور تفصیل حسب ذیل ہے۔

(۱) ایک زرہ سعدیہ تھی اسے "صعدیہ" بھی کہتے ہیں۔

(۲) دوسری زرہ "فضہ" نام کی تھی۔ یہ دونوں زرہیں قینقاع کے یہودیوں کے اسلحے سے حضور اکرم ﷺ کو پہنچی تھیں۔

(۳) تیسری زرہ "ذات الفضول' نام کی تھی۔ یہ نام اس کی درازی اور کشادگی کی بنا پر تھا۔ اسے حضرت سعد بن عبادہ ﷺ نے حضور اکرم ﷺ کے مدینہ طیبہ رونق افروزی کے وقت بطور ہدیہ پیش کیا تھا۔

(۴) چوتھی زرہ تھی "ذات الحواشی وترا" نام کی۔ یہ نام اس لئے تھا کہ وہ منفرد تھی۔

(۵) پانچویں زرہ کا نام "حریف" تھا۔ اس کی وجہ تسمیہ معلوم نہ ہوئی۔ (۶) چھٹی زرہ تھی "ردحا" نام کی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۲۸)

۸۔۔۔وہ "سعدیہ" نامی زرہ ہے کہ جو حضرت داؤد ﷺ کی تھی جسے انہوں نے جالوت کو قتل کرتے وقت پہنا تھا۔ روضۃ الاحباب میں "ردحا" نامی زرہ کو زرہ داؤدی کہا گیا ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۲۸)

۹۔۔۔حضور اکرم ﷺ نے روز احد "ذات الفضول" نامی زرہ کو اور اس کے اوپر "فضہ" نامی زرہ کو زیب تن فرمایا تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۲۸)

۱۰۔۔۔حضور اکرم ﷺ نے روز حنین و خیبر میں "سعدیہ" اور "ذات الفضول" نامی دونوں زرہوں کو پہنا تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۲۸)

۱۱۔۔۔وہ "ذات الفضول" نامی زرہ تھی کہ حضور اکرم ﷺ کے بعد حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے تبرک و یمن کے طور پر محفوظ کر رکھا تھا جسے جنگوں میں پہنتے تھے۔ اہل سیر کہتے ہیں کہ جنگ جمل میں آپ اسی زرہ کو پہنے ہوئے تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۲۸)

۱۲۔۔۔۔ وہ زرہ "ذات الفضول" ہے جس کو حضور ﷺ نے ابو شحم یہودی کے پاس تیس صاع جو میں گروی رکھا تھا اور آپ کے وصال حق کے وقت بھی یہ زرہ گروی تھی۔

(مدارج النبوۃ ج۲ ص ۱۰۲۸)

۱۳۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے دو مغفر تھے۔ ایک کو "موشح" اور دوسرے کو "ذوالسبوغ" کہتے تھے۔ مغفر بنی ہوئی زرہ کو کہتے ہیں کہ جو ٹوپی کے نیچے پہنی جاتی ہے۔ یا وہ چادر ہے جس سے مسلح اپنے کو ڈھانپتا ہے۔

(مدارج النبوۃ ج۲ ص ۱۰۲۹)

۱۴۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے پاس تین ڈھالیں تھیں۔ ایک کو "ازلق" دوسرے کو "فتق" اور تیسرے کو "دوفر" کہتے ہیں۔ مروی ہے کہ حضور اکرم ﷺ کے پاس ایک اور ڈھال بھی تھی جس میں کبش یا عقاب کی تصویر تھی یہ تحفہ کے طور پر بھیجی گئی تھی۔ آپ نے اس کی تصویر کو مکروہ جانا اور اس پر اپنا دست مبارک رکھا تو اس کی تصویر معدوم ہو گئی۔ ایک روایت میں آیا ہے کہ ایک روز صبح کو اٹھے تو حق تقدس و تعالیٰ نے اس ڈھال سے تصویر کو مٹا دیا تھا۔ صاحب روضۃ الاحباب فرماتے ہیں کہ معلوم نہیں کہ یہ ڈھال ان تینوں میں سے ایک تھی جن کے نام بیان کئے گئے یا کوئی اور تھی۔

(مدارج النبوۃ ج۲ ص ۱۰۲۹)

۱۵۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے چار نیزے تھے۔ تین تو بنی قینقاع کے یہودیوں کے اسلحہ سے پسند فرمائے تھے۔ ایک اور تھا۔ ان نیزوں میں سے ایک کا نام "مثوی" اور ایک کا نام "مثنی" تھا۔ باقی دو کے نام نہیں رکھے گئے تھے۔

(مدارج النبوۃ ج۲ ص ۱۰۲۹)

۱۶۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے کئی حربے تھے۔ ایک کو "نبعہ" کہتے تھے۔ نبع ایک درخت ہے جس سے کمان بنائی جاتی ہے اور اس کی ٹہنیوں سے تیر بنائے جاتے ہیں۔ نبع اس کی لکڑی ہے اور نبعہ اس کا حصہ۔ دوسرے حربہ کو "بیضیہ" کہتے تھے۔ وہ سفید لکڑی کا تھا۔ تیسرے حربہ کو "عنزۃ القر" کہتے تھے جو کہ تیر جیسا تھا۔ اسے خدام صحابہ کرام ہمراہ رکھتے تھے تاکہ اس سے سترہ بنائیں یا استنجی کیلئے

ڈھیلے کھودیں۔ عید کے دنوں میں اسے حضور اکرم ﷺ کے آگے گاڑتے تھے۔

(مدارج النبوۃ ج۲ ص ۱۰۳۰)

۱۷۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کی کمانیں چھ تھیں جو بنی قینقاع کے اسلحہ سے ملی تھیں۔ ایک کو "روحا" دوسرے کو "بیضا" اور دو کمانیں درخت شوط کی تھیں۔ اور ایک نبع درخت کی جسے "صفراء" "کتوم" اور "سجکشت" کہتے تھے اسے ابو قتادہ نے لیا تھا۔ اسے "متصلہ" بھی کہتے تھے۔

(مدارج النبوۃ ج۲ ص ۱۰۳۰)

۱۸۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کا ایک خیمہ تھا جسے "کن" کہتے تھے۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص ۱۰۳۰)

۱۹۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے کئی جھنڈے اور علم تھے۔ ایک علم سیاہ تھا جس کا "عقاب" نام تھا۔ دوسرا علم سفید تھا اور کبھی اپنی ازواج مطہرات کی چادروں کا بھی علم مرتب فرماتے تھے۔

(مدارج النبوۃ ج۲ ص ۱۰۳۱)

۲۰۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے دس گھوڑے بتائے گئے ہیں اور ان کے نام بھی لکھے ہوئے ہیں۔

اول۔ "سکب"۔ اس کا نام سکب اس بنا پر تھا کہ وہ اپنی رفتار میں پانی کے بہاؤ کی مانند رواں دواں تھا۔ سکب ایسے گھوڑے کو کہتے ہیں کہ جو رفتار میں عمدہ تیز اور سریع السیر ہو۔ حضور اکرم ﷺ نے اس گھوڑے کو دس اوقیہ میں خرید فرمایا تھا اس گھوڑے کا نام اس کے پہلے مالک کے پاس "ضرمین" تھا۔

ابن الاثیر نے کہا ہے کہ یہ گھوڑا ادہم یعنی سیاہ رنگ کا تھا۔

دوسرا گھوڑا "مرتجز" تھا۔ اس گھوڑے کا یہ نام رکھنا اس وجہ سے تھا کہ اس کی ہنہناہٹ اچھی تھی۔ اس کو ایک اعرابی سواد بن الحارث سے خرید فرمایا تھا۔

تیسرا گھوڑا "لزاز" ہے۔ جسے مقوقس شاہ اسکندریہ نے ہدیہ میں بھیجا تھا۔

اس گھوڑے کا نام لزاز اس بنا پر ہے کہ وہ گھوڑا محکم اور تیز رفتار تھا۔

چوتھا گھوڑا "لحیف" نامی تھا۔ لجیف اور نخیف بھی مروی ہے مگر اول زیادہ مشہور و معروف ہے۔ اسے ربیعہ بن ابی البراء نے ہدیہ کیا تھا۔ اس گھوڑے کا یہ

نام رکھنا اس کے موٹاپے اور بڑے ہونے کی وجہ سے ہے۔

پانچواں گھوڑا "ورد" نام کا تھا۔ اس کو حضرت تمیم داری ہدیہ کے طور پر حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں لائے تھے۔ پھر حضور اکرم ﷺ نے اس گھوڑے کو حضرت عمر فاروق ؓ کو عطا فرمادیا۔

چھٹا گھوڑا "ضریس" تھا۔ اس گھوڑے کو ضریس اسکی مضبوطی کی بنا پر کہتے ہیں۔

ساتواں گھوڑا "ظرب" ہے۔ اسے فروہ بن عمرو حذامی نے ہدیہ کے طور پر بھیجا تھا۔ اس کو صلابت و شدت کی وجہ سے ضرب کہتے ہیں۔

آٹھواں گھوڑا تھا "ملاوح"۔ یہ گھوڑا پہلے حضرت ابو بردہ ؓ کی ملکیت میں تھا۔

نواں گھوڑا "مسبحہ" تھا۔ اسے ایک اعرابی سے دس اونٹ کے عوض میں خرید فرمایا تھا۔

دسواں گھوڑا "بحر" نام کا تھا۔ اس گھوڑے کو ان تاجروں سے خرید ا تھا جو یمن سے آئے ہوئے تھے۔ اس گھوڑے پر تین مرتبہ مسابقت فرمائی اور تینوں مرتبہ یہ سابق یعنی آگے رہا اس پر حضور اکرم ﷺ نے اپنا دست مبارک اس کی پیشانی پر پھیر کر فرمایا: تو دریا ہے میں نے تیرا نام بحر رکھا۔ یہ گھوڑا سفید تھا ابن اثیر نے کہا وہ کمیت تھا۔

یہ حضور اکرم ﷺ کے دس گھوڑے ہیں جو کہ اکثر کتب سیر میں مسطور ہیں۔ بعض نے اور نام بھی بیان کئے ہیں جیسے ابلق، ذوالعقال، ذواللمہ، مرتجل، ترادح، سرحان، یعسوب، نحیب، ادہم، سجاہ، نجل، طرف اور مندوب وغیرہ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۳۱)

۲۱۔۔۔۔ "سکب" نامی گھوڑا پہلا گھوڑا ہے جو حضور اکرم ﷺ کی ملکیت میں آیا تھا۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۳۱)

۲۲۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے خچر متعدد تھے ایک کا نام "دلدل" تھا۔ اسے مقوقس شاہ اسکندریہ نے ہدیہ میں بھیجا تھا۔ یہ پہلا خچر تھا جو عہد اسلام میں سواری میں

لائے۔ دوسرا خچر جس کا نام "فضہ" تھا۔ اسے فروہ بن عمرو حذامی نے ہدیہ میں بھیجا تھا۔ بعض کہتے ہیں کہ دلدل اور فضہ ایک ہی ہے۔ تیسرا خچر جسے ابن العلاء صاحب ایلہ نے بھیجا تھا اور اس خچر کو "ایلیہ" کہتے تھے۔ ایک خچر دومۃ الجندل سے آیا تھا اور ایک خچر نجاشی شاہ حبشہ کے پاس سے بھی آیا تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۳۲)

۲۳۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے تین دراز گوش یعنی گدھے تھے۔ ایک کا نام "عفیر" جو مقوقس شاہ اسکندریہ نے بھیجا تھا۔ دوسرے کا نام "یعفور" تھا جو فروہ جدامی نے بھیجا تھا۔ اور تیسرا گدھا وہ جسے حضرت سعد بن عبادہ ؓ نے پیش کیا تھا۔ ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ یعفور نامی گدھا حضور اکرم ﷺ کو فتح خیبر میں ملا تھا۔ اس نے حضور ﷺ سے کلام کیا۔ آپ نے اس کا نام دریافت فرمایا تو اس نے کہا میرا نام یزید بن شہاب ہے۔ اس پر حضور اکرم ﷺ نے فرمایا تیرا نام یعفور ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۳۰)

۲۴۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کو فتح خیبر کی موقعہ پر ایک گدھا ملا۔ آپ نے اس کا نام دریافت فرمایا تو اس نے اپنا نام یزید بن شہاب بتایا اور عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ نے میری جدہ کی نسل سے ساٹھ گدھے پیدا کئے ہیں ان پر بجز انبیاء کرام کے کوئی سوار نہ ہوا۔ اور میں امید رکھتا ہوں کہ حضور اکرم ﷺ مجھ پر سواری فرمائیں گے میرے جد کی نسل سے بجز میرے کوئی گدھا باقی نہیں رہا ہے اور انبیاء میں بجز آپ کے کوئی باقی نہیں۔ حضور اکرم ﷺ نے اپنی سواری کے لئے اسے منتخب فرمالیا۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۳۰، تفسیر الم نشرح ۱۸۶)

۲۵۔۔۔۔ وہ یعفور نامی گدھا تھا جس کا قصہ گزرا۔ جب کسی کو بلانا ہوتا تو حضور اکرم ﷺ اسے بھیجتے وہ اس صحابی کے مکان پر جاتا اور اپنے سر سے دروازہ کو کوٹتا۔ جب مالک مکان باہر نکل کر اس کے پاس آتا تو یعفور اس سے اشارہ کرتا جس سے وہ شخص جان لیتا کہ رسول اللہ ﷺ نے اسے بلانے کے لئے بھیجا ہے پھر وہ حاضر خدمت اقدس ہوتا۔ (مدارج ج ۲ ص ۱۰۳۰، تفسیر الم نشرح ص ۱۸۶)

۲۶ــــ حضور اکرم ﷺ کے پاس اونٹ (سواری کے) پندرہ سے زیادہ تھے ان میں سے بعض کے نام یہ ہیں۔

ایک اونٹ "قصویٰ" نامی تھا۔ ایک کا نام "عضبا" اور ایک کا نام "جدعا" تھا۔ بعض اصحاب سیر کہتے ہیں کہ یہ دونوں نام اسی ناقہ کے تھے جس کو قصویٰ کہا جاتا ہے۔ ان ناموں میں سے "صرما" "صلما" اور "مخضرمہ" بھی آیا ہے۔ ان ناموں کے بارے میں بھی اہل سیر کہتے ہیں کہ یہ قصویٰ کے ہی نام تھے۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۴۲)

۲۷ــــ حضور اکرم ﷺ کے پاس دودھ دینے والی اونٹنیاں کل پینتالیس تھیں جن کو حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ حضور ﷺ خدمت اقدس میں پیش کیے تھے۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۴۳)

۲۸ــــ اس اونٹنی کا نام بقول صحیح "قصویٰ" تھا اور ایک قول کے بموجب "جدعا" تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۹۲)

۲۹ــــ قصویٰ نامی اونٹنی کی سواری کے وقت وحی نازل ہوتی تھی۔ اہل سیر کہتے ہیں کہ اس اونٹنی کے سوا کوئی اور اونٹنی حضور اکرم ﷺ کی وحی کے نزول کا بوجھ برداشت نہ کر سکتی تھی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۴۲)

۳۰ــــ حضور اکرم ﷺ کے پاس سو بکریاں تھیں۔ اگر سو سے زیادہ بکریاں ہو جاتیں تو ذبح کر لیتے تھے۔ (تفسیر الم نشرح ص ۱۵۸)

۳۱ــــ حضور اکرم ﷺ کے پاس دودھ والی بکریاں سات تھیں جن کو ایمن رضی اللہ عنہا چراتی تھیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۴۳)

۳۲ــــ حضور اکرم ﷺ کے پاس ایک عمامہ تھا جس کا نام "سحاب" رکھا ہوا تھا۔ ایک اور عمامہ تھا جس کا رنگ سیاہ تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۴۸)

۳۳ــــ مروی ہے کہ حضور اکرم ﷺ کا عمامہ شریف چودہ گز شرعی سے متجاوز نہ ہوتا اور کبھی سات گز شرعی ہوتا۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۷۸۷)

۳۴ــــ حضور اکرم ﷺ کی ٹوپی مبارک کا رنگ سفید تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۷۸۷)

۳۵ــــ حضور اکرم ﷺ کے پاس دو سبز رنگ کی چادریں تھیں۔ ایک اور چادر شریف تھی جو "بردیمانی" کے نام سے مشہور ہے کیونکہ اس میں سرخ دھاریاں تھیں۔

(مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۷۹۳)

۳۶ــــ حضور اکرم ﷺ کی چادر مبارک کی لمبائی چار گز شرعی اور عرض دو گز شرعی اور ایک بالشت تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۷۹۳)

۳۷ــــ حضور اکرم ﷺ کے پاس تین جبے تھے۔ ایک جبہ سبز سندس کا تھا۔ دوسرا جبہ اطلس کا تھا اور تیسرا جبہ معلوم نہ ہوا کس کپڑے کا تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۴۷)

۳۸ــــ حضور اکرم ﷺ کی قمیص مبارک سوتی سفید رنگ کی تھی۔ اس کی آستین پہنچے (کلائی) تک اور دامن نصف پنڈلیوں تک ہوتا تھا۔ آپ ﷺ کی قمیص مبارک میں تکمے یعنی گھنڈیاں لگی ہوتی تھیں اور سینہ مبارک کے مقام پر جیب بھی تھی۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۷۸۹، ج ۲ ص ۷۹۱)

۳۹ــــ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور اکرم ﷺ کے ساتھ بازار گیا آپ ﷺ نے ایک سراویل (پائجامہ) چار درہم میں خرید فرمایا۔ پائجامہ خریدنا متفق علیہ ہے لیکن آپ کا اس کے پہننے میں اختلاف ہے۔ (مدارج ج ۱ ص ۸۴)

۴۰ــــ حضور اکرم ﷺ کے پاس سیاہ و سادہ دو موزے تھے جس کو نجاشی شاہ حبش نے بطور نذرانہ بھیجا تھا۔ اور یہ بھی مروی ہے کہ حضرت دحیہ کلبی نے حضور ﷺ کیلئے دو موزے بھیجے تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۸۰۰)

۴۱ــــ بخاری شریف میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور اکرم ﷺ کی نعلین دو قبال کی تھیں۔ "قبال" جوتی کے فیتے کو کہتے ہیں اور ترمذی نے شمائل میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ دو تسمے تھے جو دو رشتہ کے تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۸۰۰)

۴۲ــــ حضور اکرم ﷺ کا ایک پلنگ تھا جس کی پٹی پائے رشاج کی تھی۔ اس پر

چمڑے کا بستر تھا جس میں کھجور کے درخت کے ریشے کوٹے ہوئے بھرے تھے۔ ایک روایت میں ہے کہ دوتہ کی ہوئی ٹاٹ کا بستر تھا اور ایک ٹاٹ کا تکیہ کھجور کی چھال سے ملفوف تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ا ص ۱۰۰، مدارج ۲ ص ۷ ۱۳۰)

۴۳۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے گھریلو سامان کیا کیا تھے اس کی تفصیل حسب ذیل ہے

چار پیالے تھے ایک کا نام "ریان" ایک کا نام "مغیث" ایک کا نام "مضیب" اور ایک پیالہ "عیدان" کا تھا جو آپ ﷺ کے سرہانے رکھا جاتا تھا اور آپ اس میں بول شریف کرتے تھے ایک اور پیالہ زجاج (شیشہ) کا تھا جسے کسی بادشاہ نے ہدیہ میں بھیجا تھا۔ دو تغاری تھیں ایک پتھر کی اور ایک پیتل کی۔ ایک چمڑہ کا برتن تھا جس سے غسل فرماتے تھے اسے صادرہ کہتے ہیں۔ ایک مدہن تھا جس میں تیل رکھا جاتا تھا۔ ایک ربعہ اسکندریہ تھا یعنی آئینہ دان جس میں آئینہ رکھا جاتا تھا ایک کنگھی بھی جو عاج کی تھی۔ ایک سرمہ دانی تھی۔ بعض اہل سیر نے استرہ اور چقماق کا بھی ذکر کیا ہے۔ ایک طبلہ تھا جس میں کنگھی، مسواک، قینچی، سرمہ دانی اور آئینہ رکھا جاتا تھا۔ ایک قصعہ (کاسۂ بزرگ) تھا اس کا نام "غرا" تھا۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۰ تا ج ۲ ص ۱۰۳)

۴۴۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ نے اپنے آئینہ کا نام "مدلہ" تدلیہ سے رکھا۔ تدلیہ کے معنی ہیں عشق میں عقل کا جاتے رہنا۔ اور بیخود ہو جانا کہ خود آپ اپنے آپ پر عاشق ہو جاتے تھے یا دوسرے لوگ آئینہ میں آپ کا جلوۂ جمال کو دیکھ کر بے خود و فریفتہ ہو جاتے تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۳)

نوٹ: حضور اکرم ﷺ کی یہ تمام چیزیں یعنی ملبوسات، مرکوبات، آلات حرب اور دیگر جانوروں کی تعداد حالت ازمنہ کے لحاظ سے ہے۔ جن میں سے بعض میں تو استمرار ہے اور بعض خاص خاص مواقع و ازمنہ کے لحاظ سے ہیں۔

غزوات سے متعلق سوالات

۱۔۔۔۔ کل کتنے غزوات اور سرایا پیش آئے۔؟

۲۔۔۔۔ وہ کتنے اور کون کون سے غزوات ہیں کہ جن میں قتال واقعہ ہوا۔؟

۳۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ نے سب سے پہلے کونسا غزوہ کیا۔؟

۴۔۔۔۔ غزوۂ بدر کے لئے حضور اکرم ﷺ کس تاریخ کو مدینہ طیبہ سے روانہ ہوئے تھے اور جنگ کس تاریخ کو ہوئی۔؟

۵۔۔۔۔ غزوۂ بدر کے موقعہ پر حضور اکرم ﷺ نے مدینہ میں کس کو اپنا خلیفہ مقرر فرمایا تھا۔؟

۶۔۔۔۔ غزوۂ بدر کو "غزوۂ بدر" کیوں کہتے ہیں۔؟

۷۔۔۔۔ غزوۂ بدر میں شریک مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی اور مشرکوں کی تعداد کتنی۔؟

۸۔۔۔۔ غزوۂ بدر میں دونوں طرف کے لشکروں میں سے کس کے پاس کتنے ساز و سامان تھے۔؟

۹۔۔۔۔ غزوۂ بدر میں دونوں طرف کے لشکروں میں کتنے جھنڈے تھے اور کون کون اٹھائے ہوئے تھے۔؟

۱۰۔۔۔۔ غزوۂ بدر میں شیطان کس کی شکل میں آکر لشکر کفار کی حوصلہ افزائی کر رہا تھا؟

۱۱۔۔۔۔ غزوۂ بدر میں لشکر کفار کی جانب سے سب سے پہلے کون کون میدان جنگ میں آئے اور مسلمانوں کی طرف سے کس کس نے انکا مقابلہ کیا۔؟

۱۲۔۔۔۔ غزوۂ بدر میں مسلمانوں کی مدد کے لئے کتنے فرشتے آئے تھے اور وہ کس لباس میں تھے۔؟

۱۳۔۔۔۔ غزوۂ بدر میں کتنے مجاہدین نے شہادت پائی، کفار میں سے کتنے مقتول

ہوئے اور کتنے اسیر ؟

۱۴۔۔۔ غزوۂ بدر میں کفار میں سے سب سے پہلے کون مارا گیا اور سب کے بعد کون؟

۱۵۔۔۔ حضور اکرم ﷺ نے کس تاریخ کو غزوۂ بدر سے فراغت پائی اور مدینہ طیبہ فتح کی بشارت سنانے کس کس کو روانہ فرمایا۔؟

۱۶۔۔۔ غزوۂ احد کس ماہ و سن میں واقع ہوا تھا۔؟

۱۷۔۔۔ غزوۂ احد کی وجہ تسمیہ کیا ہے اور یہ جگہ مدینہ منورہ سے کتنی مسافت پر واقع ہے۔؟

۱۸۔۔۔ غزوۂ احد کے موقعہ پر حضور اکرم ﷺ نے مدینہ منورہ میں کس کو اپنا خلیفہ مقرر فرمایا تھا۔؟

۱۹۔۔۔ غزوۂ احد میں دونوں طرف کے لشکروں کی تعداد کتنی تھی اور کس کے پاس کتنے ساز و سامان تھے۔؟

۲۰۔۔۔ وہ کتنے اور کون کون حضرات تھے کہ جنہیں حضور اکرم ﷺ نے صغر سنی کی بنا پر غزوۂ احد میں شریک ہونے سے روک دیا تھا۔؟

۲۱۔۔۔ غزوۂ احد میں لشکر اسلام کے لئے کتنے علم مرتب کئے گئے تھے اور علمبر دار کون کون تھے۔؟

۲۲۔۔۔ غزوۂ احد کے موقعہ پر حضور اکرم ﷺ کے دست اقدس میں جو تلوار تھی اس پر کیا لکھا ہوا تھا۔؟

۲۳۔۔۔ غزوۂ احد میں لشکر کفار کی طرف سے سب سے پہلے کس نے لشکر اسلام کی جانب تیر پھینکا تھا۔؟

۲۴۔۔۔ لشکر کفار کا پہلا شخص جو غزوۂ احد میں مارا گیا کون تھا اور اس کو کس نے قتل کیا تھا۔؟

۲۵۔۔۔ اس کافر کا کیا نام ہے کہ جس کے پتھر سے حضور اکرم ﷺ کے لب زیریں زخمی اور دندان مبارک شہید ہوئے تھے۔؟

۲۶۔۔۔ اس کافر کا کیا نام ہے کہ جس کے پتھر سے حضور اکرم ﷺ کے رخسار مبارک خون آلودہ ہو گیا تھا۔؟

۲۷۔۔۔ وہ کونسے صحابی تھے کہ جو حضور اکرم ﷺ کے زخمی رخسار مبارک میں پیوستہ خود کی کڑیاں اپنے دانتوں سے پکڑ کر نکالنے لگے تو خود ان کے دانت ٹوٹ گئے۔؟

۲۸۔۔۔ غزوۂ احد میں حضور اکرم ﷺ کو کتنے زخم آئے تھے۔؟

۲۹۔۔۔ وہ کونسے صحابی ہیں کہ جو غزوۂ احد میں مسلمانوں ہی کے ہاتھوں دھوکہ سے شہید ہو گئے تھے۔؟

۳۰۔۔۔ غزوۂ احد میں کتنے مسلمان شہید ہوئے اور کفار میں سے کتنے مقتول ہوئے۔؟

۳۱۔۔۔ غزوۂ خندق کو "غزوۂ خندق" یا "غزوۂ احزاب" کیوں کہا جاتا ہے۔؟

۳۲۔۔۔ غزوۂ خندق کا وقوع کس سن کے کس ماہ میں ہوا تھا۔؟

۳۳۔۔۔ غزوۂ خندق میں دونوں طرف کے لشکروں کی تعداد کتنی تھی۔؟

۳۴۔۔۔ غزوۂ خندق کے موقعہ پر حضور اکرم ﷺ نے مدینہ طیبہ میں کس کو اپنا خلیفہ مقرر فرمایا تھا۔؟

۳۵۔۔۔ غزوۂ خندق میں مسلمانوں کے پاس کتنے جھنڈے تھے اور کون کون اٹھائے ہوئے تھے۔؟

۳۶۔۔۔ غزوۂ خندق کے موقعہ پر خندق کھودنے کا مشورہ کس نے دیا تھا۔؟

۳۷۔۔۔ غزوۂ خندق میں خندق کی کھدائی کے لئے ہر ایک صحابی کے حصہ کتنی کتنی جگہ آئی تھی۔؟

۳۸۔۔۔ غزوۂ خندق میں صحابہ کرام روزانہ کتنی مقدار میں خندق کھودتے تھے ؟

۳۹۔۔۔ غزوۂ خندق میں کھودی گئی خندق کی گہرائی اور لمبائی کتنی تھی۔؟

۴۰۔۔۔ غزوۂ خندق میں خندق کی کھدائی کتنے دنوں میں مکمل ہوئی تھی۔؟

۴۱—— غزوۂ خندق میں کفار نے کتنے دنوں تک مسلمانوں کا محاصرہ کر رکھا تھا۔؟

۴۲—— غزوۂ خندق میں کتنے مسلمان مرتبہ شہادت پر فائز ہوئے تھے اور کفار میں سے کتنے واصل جہنم ہوئے؟

۴۳—— صلح حدیبیہ کے موقعہ پر حضور اکرم ﷺ کس تاریخ کو بقصد عمرہ مدینہ طیبہ سے روانہ ہوئے تھے۔؟

۴۴—— صلح حدیبیہ میں لشکر اسلام کی تعداد کتنی تھی۔؟

۴۵—— صلح حدیبیہ کے موقعہ پر حضور اکرم ﷺ نے کس کو مدینہ منورہ میں اپنا خلیفہ مقرر فرمایا تھا۔؟

۴۶—— صلح حدیبیہ کے موقعہ پر حضور اکرم ﷺ جس اونٹنی پر سوار تھے اس کا نام کیا ہے۔؟

۴۷—— حدیبیہ کو "حدیبیہ" کیوں کہا جاتا ہے اور یہ جگہ مکہ معظمہ سے کتنی دوری پر واقع ہے۔؟

۴۸—— حدیبیہ میں قیام کے دوران حضور اکرم ﷺ سے بات چیت کرنے کیلئے اہل مکہ میں سے کون کون آئے تھے۔؟

۴۹—— حضور اکرم ﷺ نے کس کس صحابی کو مکہ مکرمہ بھیجا تھا تاکہ صنادید قریش کو اپنا مافی الضمیر سمجھائیں۔؟

۵۰—— صلح حدیبیہ کے موقعہ پر حضور اکرم ﷺ نے جس درخت کے نیچے صحابہ کرام سے بیعت لی تھی وہ کس چیز کا درخت تھا۔؟

۵۱—— صلح حدیبیہ کے موقعہ پر حضور اکرم ﷺ کے دست اقدس پر سب سے پہلے بیعت کرنے والے صحابی کا نام کیا ہے۔؟

۵۲—— صلح حدیبیہ کے موقعہ پر حضور اکرم ﷺ کے دست اقدس پر تین بار بیعت کرنے والے صحابی کا نام کیا ہے۔؟

۵۳—— صلح حدیبیہ کے موقعہ پر موجود تمام صحابہ کرام نے بہ رضامندی بیعت کی بجز ایک کے۔ اس کا نام کیا ہے۔؟

۵۴—— صلح حدیبیہ کے موقعہ پر صلح کے لئے اہل مکہ کی طرف سے کون کون حضرات آئے تھے۔؟

۵۵—— صلح کے لئے اہل مکہ کی طرف سے کیا کیا شرطیں رکھی گئی تھیں اور مصالحت کی مدت کتنی تھی۔؟

۵۶—— صلح حدیبیہ کے موقعہ پر صلح نامہ کس صحابی نے لکھا تھا۔؟

۵۷—— وہ کونسے صحابی ہیں کہ صلح نامہ کی کتابت کے دوران مکہ مکرمہ سے اپنے باپ کی قید سے چھوٹ کر آئے لیکن مسلمانوں نے انہیں صلح نامہ کے تحت مشرکوں کے حوالے کر دیا۔؟

۵۸—— حدیبیہ میں لشکر اسلام کی اقامت کتنی مدت رہی اور اس موقعہ پر مسلمانوں نے کتنے اونٹ ذبح کئے۔؟

۵۹—— صلح حدیبیہ کے موقع پر شہید ہونے والے واحد صحابی کا نام کیا ہے۔؟

۶۰—— غزوۂ خیبر کس ماہ و سن میں واقع ہوا تھا۔؟

۶۱—— غزوۂ خیبر میں لشکر اسلام کی تعداد کتنی تھی۔؟

۶۲—— غزوۂ خیبر کے موقعہ پر حضور اکرم ﷺ نے مدینہ منورہ میں کس کو اپنا خلیفہ مقرر فرمایا تھا۔؟

۶۳—— خیبر میں کل کتنے قلعے تھے اور ان کے نام کیا ہیں۔؟

۶۴—— غزوۂ خیبر میں حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ نے جو در خیبر اکھاڑ پھینکا تھا اس کا وزن کتنا تھا۔؟

۶۵—— غزوۂ خیبر میں کتنے مسلمان شہید ہوئے تھے اور کتنے یہودی مارے گئے تھے؟

۶۶—— فتح مکہ کے لئے حضور اکرم ﷺ مدینہ منورہ سے کس تاریخ کو روانہ ہوئے تھے۔؟

۶۷۔۔۔ فتح مکہ کے موقعہ پر لشکر اسلام کی تعداد کتنی تھی۔؟

۶۸۔۔۔ فتح مکہ کے موقعہ پر مسلمانوں کے پاس کتنے جھنڈے تھے۔؟

۶۹۔۔۔ فتح مکہ کے موقعہ پر مدینہ منورہ میں خلیفہ کس کو مقرر کیا گیا تھا۔؟

۷۰۔۔۔ مکہ مکرمہ کس تاریخ کو فتح ہوا تھا۔؟

۷۱۔۔۔ خانۂ کعبہ میں داخل ہوتے وقت حضور اکرم ﷺ کے ساتھ کون کون سے صحابی تھے۔؟

۷۲۔۔۔ اہل مکہ میں سے وہ کتنے لوگ تھے کہ جنکے بارے میں حضور اکرم ﷺ نے حکم فرمایا تھا کہ "حل و حرم میں جہاں پائے جائیں قتل کر دیئے جائیں"۔؟

۷۳۔۔۔ اس کافر کا کیا نام ہے جو فتح مکہ کے دن اس حال میں مقتول ہوا کہ غلاف کعبہ سے لپٹا ہوا تھا۔؟

۷۴۔۔۔ فتح مکہ کے موقعہ پر حضور اکرم ﷺ نے مکہ مکرمہ میں کتنے دن قیام فرمایا تھا؟

۷۵۔۔۔ غزوۂ حنین کو "غزوۂ حنین" کیوں کہتے ہیں۔؟

۷۶۔۔۔ غزوۂ حنین کے لئے حضور اکرم ﷺ کس تاریخ کو روانہ ہوئے تھے اور حنین کس تاریخ کو پہنچے تھے۔؟

۷۷۔۔۔ غزوۂ حنین کے موقعہ پر حضور اکرم ﷺ نے مکہ مکرمہ میں کس کو خلیفہ مقرر فرمایا تھا۔؟

۷۸۔۔۔ غزوۂ حنین میں دونوں طرف کے لشکروں کی تعداد کتنی تھی۔؟

۷۹۔۔۔ غزوۂ حنین میں کتنے مسلمان شہید ہوئے تھے اور کتنے کافر واصل جہنم ہوئے؟

۸۰۔۔۔ غزوۂ حنین میں مسلمانوں کو کتنا مال غنیمت ملا تھا۔؟

۸۱۔۔۔ غزوۂ تبوک کی وجہ تسمیہ کیا ہے۔؟

۸۲۔۔۔ غزوۂ تبوک کیلئے حضور اکرم ﷺ کس تاریخ کو روانہ ہوئے تھے۔؟

۸۳۔۔۔ غزوۂ تبوک میں اسلامی لشکروں کی تعداد کتنی تھی۔؟

۸۴۔۔۔ غزوۂ تبوک کے موقعہ پر حضور اکرم ﷺ نے مدینہ طیبہ میں کس کو خلیفہ مقرر فرمایا تھا۔؟

۸۵۔۔۔ غزوۂ تبوک کے موقعہ پر لشکر اسلام کی ضروریات کی تکمیل کیلئے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے کتنا مال اور ساز و سامان دیا تھا۔؟

۸۶۔۔۔ غزوۂ تبوک کے موقعہ پر پیچھے رہ جانے والے صحابہ کتنے اور کون کون تھے۔؟

۸۷۔۔۔ تمام غزوات میں کل کتنے کفار مارے گئے۔؟

۸۸۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے ہاتھوں صرف ایک کافر مارا گیا اس کا نام کیا ہے۔؟

غزوات سے متعلق جوابات

۱ــــ ان غزوات کی تعداد جس میں حضور اکرم ﷺ بنفس نفیس شریک ہو کر تشریف لائے ستائیس ہے۔ اور صاحب روضۃ الاحباب کے قول کے بموجب اکیس۔ ایک قول کے مطابق چوبیس اور بخاری شریف میں حضرت زید بن ارقم ؓ سے انیس غزوات مروی ہیں۔ اور سرایا کی تعداد سینتالیس ہے۔ بعض چھپن کہتے ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۱۳۲)

۲ــــ نو غزوات ایسے ہیں جن میں قتال واقع ہوا۔ وہ یہ ہیں

(۱) غزوہ بدر۔ (۲) غزوۂ احد۔ (۳) غزوۂ احزاب۔ (۴) غزوۂ بنو قریظہ۔ (۵) غزوۂ بنی مصطلق۔ (۶) غزوۂ خیبر۔ (۷) فتح مکہ۔ (۸) غزوۂ حنین۔ (۹) غزوۂ طائف۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۱۳۲)

۳ــــ صحیح بخاری میں آیا ہے کہ حضرت ابن اسحٰق سے مروی ہے کہ سب سے پہلا غزوہ جو حضور اکرم ﷺ نے کیا وہ "ابواء" کا تھا۔ اس کے بعد "بواط" اور اس کے بعد "عشیرہ" (مدارج النبوۃ ج۲ ص۱۳۲)

۴ــــ غزوۂ بدر کے لئے حضور اکرم ﷺ ہجرت کے انیسویں مہینہ میں بارہ رمضان المبارک کو روانہ ہوئے تھے۔ بعض نے آٹھ رمضان کہا ہے۔

(مدارج النبوۃ ج۲ ص۱۳۰)

بعض نے چھ۔ اور بعض نے تین رمضان کہا ہے۔ (مدارج النبوۃ ص۱۳۰ رکن چہارم)

اور قتال سترہ رمضان المبارک بروز جمعہ واقع ہوا۔ بعض نے بروز شنبہ کہا ہے۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۱۳۰)

۵ــــ اس غزوہ کے لئے نکلتے وقت آپ ﷺ نے حضرت ابو لبابہ ؓ کو مدینہ

طیبہ میں خلیفہ بنایا تھا۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۱۳۰)

۶ــــ بدر ایک بستی کا نام ہے جو بدر بن مخلد بن نضر سے منسوب و مشہور ہے۔ اس نے اس جگہ پڑاؤ کیا تھا۔ یا یہ بستی بدر بن حارث سے منسوب ہے جس نے یہاں کنواں کھودا تھا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ وہاں ایک بوڑھا شخص مدتوں سے رہتا تھا جس کا نام بدر تھا اسی بناء پر اس بستی کو اسی کے نام سے منسوب کر دیا۔ یا اس کا نام بدر اس بناء پر ہے کہ اس کنویں کا دائرہ وسیع تھا اور اس کا پانی اتنا صاف و شفاف تھا کہ اس میں بدر کامل نظر آتا تھا۔ چونکہ اسی جگہ یہ واقعہ پیش آیا تھا اس لئے اس کو غزوۂ بدر کہتے ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۱۲۹)

۷ــــ اس غزوہ میں مسلمانوں کی تعداد تین سو تیرہ تھی۔ جن میں سے ستتر مہاجرین اور دو سو چھتیس انصار تھے۔ مگر حضور اکرم ﷺ کی ہم رکابی میں صرف تین سو پانچ اصحاب تھے۔ بقیہ آٹھ اصحاب وہ تھے جو کسی عذر کی وجہ سے حاضر نہ ہو سکے تھے مگر اموال غنیمت میں سے ان کو بھی حصہ عطا فرمایا گیا تھا۔ اہل سیر ان کو بھی اہل بدر میں شمار کرتے ہیں۔ ان میں تین مہاجرین اور پانچ انصار تھے۔

مہاجرین میں سے ایک حضرت عثمان بن عفان ؓ جو حضور اکرم ﷺ کے حکم سے اپنی زوجہ سیدہ رقیہ بنت رسول اللہ ﷺ کی علالت اور تیمار داری کیلئے رکے تھے۔ دوسرے حضرت طلحہ بن عبید اللہ۔ اور تیسرے حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہما ہیں جو مشرکین کے قافلہ کی جستجو میں گئے ہوئے تھے۔

(مدارج النبوۃ ج۲، ص۱۳۰)

اور ان پانچ انصار کے نام یہ ہیں۔

(۱) حضرت ابو لبابہ۔ (۲) حضرت عاصم بن عدی۔ (۳) حضرت حارث بن حاطب۔ (۴) حضرت حارث بن الصمہ۔ (۵) حضرت خوات بن جبیر ؓ۔

(مدارج النبوۃ ص۱۳۰ رکن چہارم)

ایک روایت میں مسلمانوں کی تعداد تین سو پندرہ ہے اور ایک روایت

میں تین سو ستر۔ (مدارج ج ۲ - ص ۱۳۱)

اور ایک روایت تین سو چودہ کی بھی ہے جن میں تراسی مہاجرین اور دو سو اکتیس انصار تھے۔ (سیرۃ ابن ہشام ج ۲ ص ۹۲ ، عمدۃ ج ۲ ص ۸۸)

اور مشرکوں کی تعداد ایک ہزار یا نو سو۔ یا پانچ سو پچاس جنگی مردوں کی تھی اور ایک قول کے بموجب ایک ہزار سے کم اور نو سو سے زیادہ تھی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۳۱)

۸۔۔۔اس غزوہ میں مسلمانوں کے پاس تین گھوڑے، ستر اونٹ، چھ زرہیں اور آٹھ شمشیریں تھیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۳۰)

ایک روایت کے بموجب دو سو اسی اونٹ، دو گھوڑے ایک حضرت مقداد بن عمرو اور ایک حضرت مرثد ابن ابی مرثد رضی اللہ عنہما کے پاس۔ چھ زرہیں اور سات شمشیریں تھیں۔ (مدارج النبوۃ ص ۱۳۰ رکن چہارم)

ایک روایت میں ہے کہ ان دو گھوڑوں میں سے ایک حضرت زبیر اور ایک حضرت مقداد رضی اللہ عنہما کے پاس تھا۔ ([illegible])

اور سیرت ابن ہشام میں ہے کہ سات گھوڑے تھے۔

کافروں کے پاس سو گھوڑے، سات سو یا کچھ زیادہ اونٹ اور مکمل ساز و سامان تھے۔ ان کے سوار بھی زرہ پوش تھے اور پیادہ بھی زرہ پوش۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۳۱)

۹۔۔۔مسلمانوں کے پاس تین جھنڈے تھے ایک مہاجرین کا اور دو انصار کے۔ مہاجرین کے علمبردار تھے حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ اور انصار کے علم بردار ایک حضرت خباب المنذر تھے اور ایک حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہما۔

مشرکین کے پاس بھی تین ہی جھنڈے تھے ایک طلحہ بن طلحہ کے پاس ایک ابو عزیز بن عمرو کے پاس اور ایک نضر بن حارث کے پاس۔

(مدارج النبوۃ ص ۱۳۱ رکن چہارم)

۱۰۔۔۔اس غزوہ میں شیطان سراقہ بن مالک کی شکل میں آکر لشکر کفار کی حوصلہ افزائی کر رہا تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۳۵ ، نزہۃ المجالس ج ۸ ص ۹۷)

۱۱۔۔۔لشکر کفار میں سے سب سے پہلے عتبہ بن ربیعہ، اپنے بھائی شیبہ اور بیٹے ولید کے ساتھ میدان جنگ آئے اور اپنا مقابل طلب کیا۔ مسلمانوں کے لشکر میں سے تین شخص حضرت عوف، حضرت معاذ، پسران حارث اور حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ مقابل آئے۔ کفار نے پوچھا: تم کون ہو۔؟ انہوں نے جواب دیا ہم انصار ہیں۔! ان کافروں نے کہا: تمہارے ساتھ ہمارا کوئی سروکار نہیں۔ ہم اپنے چچاؤں کے بیٹوں کو بلاتے ہیں۔ اور ان میں سے ایک نے آواز دیکر کہا: اے محمد! (ﷺ) ہماری قوم میں سے ہمارے ہم کفو بھیجو۔! اس پر حضور اکرم ﷺ نے حضرت عبید بن حارث، حضرت حمزہ بن عبد المطلب اور حضرت علی مرتضی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: جاؤ۔! ان کے ساتھ مبارزت یعنی مقابلہ کرو۔! پھر یہ تینوں میدان مقابلہ میں آئے حضرت عبید رضی اللہ عنہ عتبہ کے مقابل ہوئے۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ، شیبہ کے مقابل آئے ایک روایت میں اس کے برعکس آیا ہے۔ اور حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہ نے ولید سے مقابلہ کیا۔ حضرت علی نے ولید کو قتل کر دیا۔ حضرت حمزہ نے اپنے مقابل کو ہلاک کیا لیکن حضرت عبید اور ان کے مقابل کے درمیان ہتھیار چلے اور حضرت عبید کے زانو پر ایک ضرب پڑی جس سے وہ زخمی ہو گئے۔ اس کے بعد حضرت علی اور حضرت حمزہ بھی حضرت عبید کی مدد کے لئے ان کے مقابل پہنچ گئے اور قتل کرنے میں حضرت عبید کی مدد کی رضی اللہ عنہ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۲۹)

۱۲۔۔۔اس غزوہ میں مسلمانوں کی مدد کے لئے اول ہزار فرشتے آئے پھر تین ہزار اور پھر پانچ ہزار۔ (خزائن العرفان پ ۹ ع ۱۵)

فرشتے انسانی شکل و صورت میں ابلق گھوڑوں پر سوار تھے اس وقت ان کے جسموں پر سفید لباس اور سروں پر سفید عمامے تھے۔ بعض روایتوں میں آیا ہے کہ سیاہ عمامے تھے۔ بعض روایتوں میں سفید، سرخ اور زرد بھی آیا ہے۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۹۰)

۱۳۔۔۔اس غزوہ میں مقتولان کفار کی تعداد ستر تھی اور اتنے ہی اسیر ہوئے تھے۔

مسلمانوں میں سے چودہ حضرات نے جام شہادت نوش کیا تھا جن میں چھ مہاجرین میں سے اور آٹھ انصار میں سے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۴۲)

ان کے نام یہ ہیں۔

مہاجرین سے۔

(۱) حضرت عبید بن الحارث۔ (۲) حضرت عمیر بن ابی وقاص۔ (۳) حضرت ذوالشمالین بن عبد عمرو۔ (۴) حضرت عاقل بن البکیر۔ (۵) حضرت مہجع مولی عمر فاروق۔ (۶) حضرت صفیان بن البیضاء۔

اور انصار میں سے

(۱) حضرت سعد بن خیثمہ۔ (۲) حضرت مبشر بن عبد المنذر۔ (۳) حضرت یزید بن الحارث جو ابو قسحم کہلاتے تھے۔ (۴) حضرت عمیر بن الحمال۔ (۵) حضرت رافع بن المعلی۔ (۶) حضرت حارثہ بن سراقہ۔ (۷) حضرت عوف بن الحارث بن رفاعہ۔ (۸) حضرت معوذ بن الحارث بن رفاعہ ؓ

(سیرۃ ابن ہشام ج ۱ ص ۸۸۶)

۱۴۔۔۔ وہ اسود بن عبد الاسد ہے جو میدان بدر میں سب سے پہلے مارا گیا۔

(محسن انسانیت ص ۷۰۵)

اور وہ عقبہ بن ابی معیط ہے جو میدان بدر میں سب کے بعد مارا گیا۔

(ابن کثیر پ ۹ ع ۱۴)

۱۵۔۔۔ حضور اکرم ﷺ اس قضیہ سے آخر رمضان مبارک اور شوال کے پہلے روز فارغ ہو گئے تو حضرت عبد اللہ بن رواحہ اور حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہما کو مدینہ منورہ روانہ فرمایا تا کہ اہل مدینہ کو فتح کی بشارت سنائیں۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۷۲، سیرۃ ابن ہشام ج ۱ ص ۷۴۰)

۱۶۔۔۔ غزوۂ احد ہجرت کے تیسرے سال ماہ شوال کی گیارہ راتیں یا سات راتیں گزرنے کے بعد واقع ہوا۔ بعض حضرات نصف شوال کہتے ہیں۔ اور مالک سے منقول ہے کہ بدر کے ایک سال بعد واقع ہوا انہیں سے یہ بھی منقول ہے کہ ہجرت کے اکتیسویں مہینہ کے شروع میں واقع ہوا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۹۱)

۱۷۔۔۔ احد، مدینہ منورہ کا ایک مشہور پہاڑ ہے۔ یہ "توحد" سے بنا ہے اس بنا پر کہ یہ دیگر پہاڑوں سے علیحدہ، منفرد اور منقطع ہے۔ یہ پہاڑ کا ایک ٹکڑا ہے جو مدینہ منورہ کے شمال کی جانب دو میل یا اس سے کچھ زیادہ مسافت پر واقع ہے۔ کوئی پہاڑ اس سے ملا ہوا نہیں ہے اسی بنا پر اس کا نام احد ہے۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۹۲، تفسیر نعیمی ج ۴ ص ۱۴۷)

۱۸۔۔۔ اس غزوہ کے موقعہ پر حضور اکرم ﷺ نے حضرت عبد اللہ ابن مکتوم ؓ کو مدینہ طیبہ میں خلیفہ مقرر کیا تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۹۸، تفسیر نعیمی ص ۱۴)

۱۹۔۔۔ اس غزوہ میں لشکر اسلام کی تعداد ایک ہزار تھی ایک روایت کے بموجب نو سو۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۹۸)

اور ایک روایت کے مطابق سات سو کی تعداد تھی۔

(تفسیر نعیمی ج ۴ ص ۱۲۸، سیرۃ ابن ہشام ج ۲ ص ۳۶)

اور کفار کی تعداد تین ہزار جنگی مردوں کی تھی جن میں سے سات سو زرہ پوش تھے۔ دو سو گھوڑے، تین ہزار اونٹ اور پندرہ سو عورتوں کے ہودج تھے۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۹۳)

اسلامی لشکر میں سو زرہ پوش تھے اور ان کے پاس دو ہی گھوڑے تھے ایک حضور اکرم ﷺ کے پاس اور ایک حضرت ابو بردہ ؓ کے پاس۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۹۸، مدارج ج ۴ ص ۲۶)

۲۰۔۔۔ حضور اکرم ﷺ نے صحابہ کے بچوں کی ایک ٹولی کو ملاحظہ فرمایا۔ تو ان سے ان کی صغر سنی کی بنا پر فرمایا کہ مدینہ منورہ واپس چلے جائیں۔ یہ کل آٹھ حضرات تھے ان کے نام اس طرح ہیں۔

(۱) عبد اللہ بن عمر فاروق۔ (۲) زید بن ثابت۔ (۳) اسامہ بن زید۔

(۴) زید بن ارقم۔ (۵) براء بن عازب۔ (۶) ابو سعید خدری۔ (۷) سمرہ بن جندب (۸) اور رافع بن خدیج ؓ۔

ان میں سے کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ! رافع اچھا تیر انداز ہے! حضور اکرم ﷺ نے ان کو شامل لشکر رہنے کی اجازت دے دی۔ پھر سمرہ بن جندب ؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! رافع کو تو شمولیت کی اجازت مل گئی حالانکہ میں ان کو کشتی میں پچھاڑ سکتا ہوں۔! فرمایا: اچھا! تم دونوں کشتی کر کے دکھاؤ۔! جب کشتی ہوئی تو حضرت سمرہ نے رافع کو پچھاڑ لیا۔ اس پر سمرہ کو بھی شمولیت کی اجازت مل گئی۔ رضی اللہ عنہما۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۹۹)

ایک روایت کے بموجب ان حضرات کے نام یوں ہیں۔

(۱) عبد اللہ بن عمر۔ (۲) زید بن ارقم۔ (۳) براء بن عازب۔ (۴) عرابہ بن اوس۔ (۵) اسد بن ظہیر۔ (۶) ابو سعید خدری۔ (۷) سمرہ بن جندب۔ (۸) اور رافع بن خدیج ؓ۔ (معارج النبوۃ ص ۱۰۵ رکن چہارم)

اور سیرۃ ابن ہشام جلد ۲ صفحہ ۷۴ پر قدرے فرق کیساتھ یہ نام اسطرح ہیں۔

(۱) اسامہ بن زید۔ (۲) عبد اللہ بن عمر۔ (۳) زید بن ثابت۔ (۴) براء بن عازب۔ (۵) عمرو بن حزم۔ (۶) اسید بن زہیر۔ (۷) سمرہ بن جندب۔ (۸) اور رافع بن خدیج ؓ۔

۲۱۔۔۔اس غزوہ میں لشکر اسلام کے تین جھنڈے مرتب کئے گئے تھے۔ مہاجرین کا جھنڈا حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ' کو، بعض کہتے ہیں کہ حضرت مصعب بن عمیر ؓ کو دیا۔ قبیلہ "اوس" کا جھنڈا حضرت سعد بن عبادہ۔ اور قبیلہ "خزرج" کا جھنڈا حضرت خباب بن المنذر کو عطا فرمایا تھا۔ رضی اللہ عنہما۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۹۸، تفسیر نعیمی ج ۴ ص ۱۱۷)

اور کفار کا جھنڈا طلحہ بن ابی طلحہ اٹھائے ہوئے تھا۔

(تفسیر نعیمی ج ۴ ص ۱۱۷، مدارج ج ۲ ص ۱۹۸)

۲۲۔۔۔ارباب سیر بیان کرتے ہیں کہ جو شمشیر خواجہ کائنات علیہ افضل الصلوات واکمل التحیات کے دست مبارک میں تھی اس پر یہ شعر لکھا ہوا تھا۔

فِی الْجُبْنِ عَارٌ وَّ فِی الْاِقْبَالِ مُکْرَمَۃٌ　　وَ الْمَرْءُ بِالْجُبْنِ لَا یَنْجُوْ مِنَ الْقَدَرِ

(ترجمہ) بزدلی میں عار ہے اور دشمن کا سامنا کرنے میں عزت، اور آدمی بزدلی کر کے تقدیر سے نجات نہیں پا سکتا (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۰۱، تفسیر نعیمی ج ۴ ص ۱۱۷)

اور ایک روایت کے بموجب یہ شعر اس طرح ہے۔

فی المس و الاقبال مکرمة　　بالجبن لا ینجو المرء من القدر

(معارج ص ۱۹۰ رکن چہارم)

۲۳۔۔۔ ارباب سیر کہتے ہیں کہ لشکر کفار میں سے سب سے پہلے جس نے لشکر اسلام کی جانب تیر پھینکا وہ ابو عامر فاسق تھا اسے ابو عامر راہب بھی کہتے ہیں۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۰۱)

۲۴۔۔۔لشکر کفار کا پہلا شخص جو اس معرکہ میں مارا گیا وہ طلحہ بن ابی طلحہ ہے۔ جسے شیر بیشۂ ہیجا، ہنر بر میدان وفا حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ' نے قتل کیا تھا۔

(تفسیر نعیمی ج ۴ ص ۱۲۸)

بعض روایتوں میں ہے کہ اسے حضرت مصعب بن عمیر ؓ نے ہلاک کیا تھا۔ (معارج ج ۲ ص ۲۰۲)

۲۵۔۔۔وہ عتبہ بن ابی وقاص زہری، جو حضرت سعد بن وقاص ؓ کا بھائی تھا۔ اس نے حضور اکرم ﷺ کی جانب ایسا پتھر پھینکا کہ جس سے آپ کا لب زیریں لہولہان ہوگیا اور آگے کے نچلے دندان مبارک شہید ہوگئے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۲۲)

۲۶۔۔۔ وہ عبد اللہ ابن قمیہ ملعون تھا کہ اس نے آپ ﷺ پر ایسا پتھر پھینکا کہ آپ کا رخسار مبارک خون آلودہ ہوگیا اور خود کی کڑیاں آپ کے رخسار میں پیوستہ ہوگئیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۲۲)

۲۷۔۔۔ جب حضور اکرم ﷺ کا رخسار مبارک زخمی ہوا اور خود کی کڑیاں اس

میں پیوستہ ہوگئیں تو حضرت ابو عبیدہ بن الجراح ﷛ نے بیٹھ کر اپنے آگے کے دونوں دانت کو خود کی ایک کڑی پر رکھ کر حضور اکرم ﷺ کے روئے انور سے کھینچا تو ان کا دانت ٹوٹ کر گر پڑا۔ پھر دوسرا دانت دوسری کڑی پر رکھ کر کھینچا تو وہ دانت بھی ٹوٹ کر گر پڑا۔ اسی بنا پر حضرت ابو عبیدہ ﷛ کو ہتم کہتے ہیں۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۲۴)

۲۸ـــ روز احد حضور اکرم ﷺ کو ستر زخم آئے تھے۔ (مدارج ۷۳)

روضۃ الاحباب میں بروایت شیخ ابن حجر شرح بخاری سے نقل کرتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ کے صرف روئے انور پر شمشیر کے ستر زخم آئے تھے۔ علماء فرماتے ہیں کہ ستر کے عدد سے مراد شاید واقعتاً ستر ہی ہوں یا کثرت میں مبالغہ مقصود ہو۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۲۲)

۲۹ـــ حضرت یمانؓ ﷛ جو حضرت حذیفہ ﷛ کے والد ہیں اس غزوہ میں مسلمانوں ہی کے ہاتھوں دھوکہ سے شہید ہوگئے تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۰۳)

۳۰ـــ اس غزوہ میں ستر مسلمان شہید ہوئے تھے۔ چار مہاجرین سے اور چھیاسٹھ انصار میں سے اور کفار نگونسار کے لشکر میں سے تقریباً تیس افراد جہنم رسید ہوئے تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۳۴)

۳۱ـــ اس غزوہ کو غزوۂ خندق اس بنا پر کہا جاتا ہے کہ اس غزوہ میں مدینہ طیبہ کے گرد خندقیں کھودی گئی تھیں اور غزوۂ احزاب اس بنا پر کہا جاتا ہے کہ قریش کیساتھ دشمنی کی بنا پر یہود کے متعدد قبائل اور ان کے گروہ حضور اکرم ﷺ کے ساتھ جنگ و قتال میں مجتمع ہوئے تھے اور سب متفق ہو کر آئے تھے۔ (مدارج ج ۲ ص ۲۸۹)

(احزاب، حزب کی جمع ہے بمعنی گروہیں، جماعتیں، فوجیں)

۳۲ـــ اس غزوہ کے وقوع کی تاریخ میں اصحاب سیر اختلاف کرتے ہیں۔ چنانچہ موسیٰ بن عقبہ نے کہا ہے کہ اس کا وقوع ۴ھ کے ماہ شوال میں ہوا۔ ابن اسحٰق نے کہا ہے کہ سال پنجم میں ہوا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۹۰)

۳۳ـــ ابو سفیانؓ لشکر قریش کیساتھ مکہ سے باہر نکلا تو اس کے ساتھ تین سو گھوڑے اور ایک ہزار اونٹ تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۹۱)

ایک اور روایت کے بموجب چار ہزار لشکر، پندرہ سو اونٹ اور تین سو گھوڑے تھے۔ (معارج النبوۃ ج ۳ ص ۱۰۳)

یہ مدینہ طیبہ کی طرف روانہ ہوگئے۔ مر الظہران میں قبائل عرب، اسلم، اشجع، ابو مرہ، کنانہ، فرازہ، اور غطفان بڑی تعداد کے ساتھ آکر ملتے گئے۔ ان سب کی مجموعی تعداد دس ہزار کی ہوگئی۔

اور مسلمانوں کے لشکر کی تعداد تین ہزار تھی۔ ان میں چھتیس گھوڑے تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۹۱ و معارج ۱۰۳ رکن چہارم)

۳۴ـــ اس موقعہ پر حضور اکرم ﷺ نے حضرت عبد اللہ ابن مکتوم ﷛ کو مدینہ طیبہ میں خلیفہ مقرر فرمایا تھا۔ (معارج ص ۱۰۳ رکن چہارم)

۳۵ـــ اس غزوہ میں دو جھنڈے تھے ایک مہاجرین کا اور ایک انصار کا۔ مہاجرین کا جھنڈا حضرت زید بن حارثہ ﷛ کے ہاتھ میں اور انصار کا جھنڈا حضرت سعد بن عبادہ ﷛ کے ہاتھ میں تھا۔ (معارج ص ۱۰۳)

۳۶ـــ یہ مشورہ حضرت سلمان فارسی ﷛ نے دیا تھا۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۹۱ و معارج ص ۱۰۳ رکن چہارم)

۳۷ـــ خندق کی کھدائی جب شروع کی گئی تو ہر دس آدمیوں کے لئے چالیس گز تقسیم کئے گئے۔ ایک روایت میں ہے کہ ہر دس آدمیوں کیلئے دس گز جگہ حصہ میں آئی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۹۲)

ایک اور روایت کے بموجب ہر ایک شخص کے حصہ میں دس دس گز جگہ آئی۔ (معارج ج ۳ ۱۰۳ رکن چہارم)

۳۸ـــ ارباب سیر کہتے ہیں کہ صحابہ کرام روزانہ پانچ گز خندق کھودتے تھے۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۹۲ و معارج ص ۱۰۳)

۳۹۔۔۔ خندق کی گہرائی پانچ گز تھی (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۹۳ و معارج ص ۱۰۳)
اور لمبائی ساڑھے تین میل۔

۴۰۔۔۔ خندق کا کام بیس روز تک جاری رہا۔ واقدی کہتے ہیں کہ چوبیس روز تک رہا۔ امام نووی نے "روضہ" میں پندرہ دن فرمائے ہیں بعض روایتوں کے مطابق کامل ایک ماہ تک کھدائی ہوتی رہی۔ "روضۃ الاحباب" میں ہے کہ چھ دن میں کام مکمل ہو گیا تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۹۳)

۴۱۔۔۔ اس غزوہ میں قریش نے بیس روز یا چوبیس روز یا ستائیس روز تک باختلاف اقوال مسلمانوں کا محاصرہ جاری رکھا تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۹۷)
ایک قول انتیس روز کا بھی ہے۔ (مدارج ج ۲ ص ۳۷)

۴۲۔۔۔ اس غزوہ میں چھ انصاری صحابی مرتبہ شہادت پر فائز ہوئے۔

(۱) حضرت سعد بن معاذ۔ (۲) حضرت انس بن اوس۔ (۳) حضرت عبد اللہ بن سہیل۔ (۴) حضرت طفیل بن نعمان۔ (۵) حضرت کعب بن زید رضی اللہ عنہم۔

اور لشکر کفار میں سے تین افراد واصل جہنم ہوئے تھے۔ (۱) عمر بن عبدود۔ (۲) نوفل بن عبد اللہ مخزومی۔ (۳) اور عثمان بن خبیر۔

(معارج النبوۃ ص ۱۱۲ رکن چہارم)

۴۳۔۔۔ حضور اکرم ﷺ یکم ذی قعدہ ۶ ھ بروز دوشنبہ کو عمرہ کے قصد سے مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۲۵ و معارج ص ۱۲۳ رکن چہارم)

۴۴۔۔۔ لشکر اسلام کی تعداد میں مختلف روایتیں ہیں ایک روایت میں چودہ سو ہے ایک روایت میں پندرہ سو ایک روایت میں تیرہ سو ہے اور ایک روایت میں پندرہ سو بیس واقع ہے۔ سولہ سو اور سترہ سو کی بھی روایتیں ہیں۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۲۶ و معارج ص ۱۲۳ رکن چہارم)

۴۵۔۔۔ اس موقعہ پر حضور اکرم ﷺ نے حضرت عبد اللہ بن مکتوم رضی اللہ عنہ کو مدینہ

طیبہ میں خلیفہ مقرر فرمایا تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۲۸)

۴۶۔۔۔ اس موقعہ پر حضور اکرم ﷺ جس اونٹنی پر سوار تھے اس کا نام "قصویٰ" ہے۔ (معارج ج ۲ ص ۱۲۳)

۴۷۔۔۔ حدیبیہ ایک مقام کا نام ہے جو کہ مکہ مکرمہ سے نو میل کے فاصلہ پر واقع ہے اصل میں حدیبیہ ایک کنویں کا نام ہے یا کسی درخت کا، جو اس مقام میں ہے اسی سے منسوب اس جگہ کا نام حدیبیہ ہوا۔ (مدارج ج ۲ ص ۳۲۸)

۴۸۔۔۔ قریش اپنا مدعا حضور اکرم ﷺ پر ثابت کرنے کے لئے لوگوں کو درمیان میں لے آئے انہوں نے سب سے پہلے بدیل بن ورقا خزاعی کو ان کے قبیلے کے چند لوگوں کے ساتھ بھیجا۔ بدیل حضور اکرم ﷺ کے پاس آئے۔ گفت و شنید ہوئی۔ نبی کریم ﷺ نے اس کے سامنے اپنا ارادہ ظاہر فرمایا۔ اس کے بعد وہ مجلس شریف سے اٹھا اور مشرکین کے لشکر کی جانب چلا گیا اور کہا: اے گروہ قریش! تم محمد (ﷺ) کے ساتھ جنگ و قتال میں جلدی نہ کرو۔ وہ خانۂ کعبہ کی زیارت کیلئے آئے ہیں ان کا تمہارے ساتھ جنگ کا ارادہ نہیں ہے۔ اقریش نے بدیل کی باتوں کا یقین نہ کیا اور گمان کیا کہ بدیل نے محمد (ﷺ) کے ساتھ سازش کرلی ہے۔ اسی اثنا میں عروہ بن مسعود ثقفی کھڑا ہوا اور کہنے لگا: اے گروہ قریش! اگر مجھے اجازت دو تو میں جاؤں اور ان سے باتیں کروں تاکہ میں دیکھوں وہ کیا کہتے ہیں اور کیا مصلحت ہے۔؟ اس کے بعد عروہ، سرور کائنات علیہ افضل الصلوات کی خدمت میں آیا۔ حضور اکرم ﷺ نے وہی بات جو بدیل سے فرمائی تھی ارشاد فرمائی۔ اہل سیر بیان کرتے ہیں کہ دوران گفتگو عروہ بن مسعود، گوشۂ چشم سے حضور اکرم ﷺ کی مجلس میں صحابہ کرام کو دیکھ رہا تھا اور ان کے آداب و تعظیم، احترام و عظمت کا مشاہدہ کر رہا تھا اور حیران تھا۔ جب مشرکوں میں واپس گیا تو عروہ نے کہا: اے گروہ قریش! میں بڑے بڑے متکبر و مغرور سلاطین و بادشاہوں کی مجلسوں میں رہا ہوں اور ان کی صحبتیں اٹھائی ہیں لیکن کسی

بادشاہ کے کسی خدمت گار کو ایسا ادب و احترام کرتے نہیں دیکھا جیسا کہ محمد (ﷺ) کے اصحاب کو کرتے دیکھا۔ جب وہ اپنے دہن مبارک سے لعاب شریف نکالتے ہیں تو صحابہ اسے اپنے ہاتھوں میں لیکر اپنے رخساروں پر ملتے ہیں جب وہ وضو کرتے ہیں تو صحابہ وضو کا پانی لینے میں جھگڑتے ہیں۔ جب ان کے حضور کوئی بات کرتا ہے تو وہ آواز کو دبا کر بات کرتا ہے۔ جب وہ گفتگو فرماتے ہیں کہ تو صحابہ انتہائی ادب و احترام کے ساتھ سنتے ہیں یہ وہ حالات ہیں جن کا میں نے مشاہدہ کیا! عروہ بن مسعود کی باتوں سے قریش کی قساوت دور نہ ہوئی لیکن عروہ کی کوشش اور اس کے آنے جانے سے صلح کی بنیاد رکھی گئی۔ پھر قبیلہ احابیش کا ایک آدمی جس کا نام حلیس تھا۔ حضور اکرم ﷺ سے ملاقات کرنے کی غرض سے کھڑا ہوا اور قریش سے اجازت لیکر لشکر اسلام کے نزدیک پہنچا۔ وہ اسی وقت حضور اکرم ﷺ سے ملاقات کئے بغیر لوٹ گیا اور قریش کے پاس آکر کہنے لگا: میں نے محمد (ﷺ) اور ان کے صحابہ کو دیکھا وہ خانۂ کعبہ بیت اللہ کی زیارت کے لئے آئے ہیں میں اچھا نہیں جانتا کہ ان کو اس سے روکا جائے! ساتھ میں اس نے یہ بھی کہا کہ اگر تم محمد (ﷺ) کو خانۂ کعبہ کے طواف سے روکو گے تو میں تمام احابیش کے لوگوں کے ساتھ تم سے جدا ہو کر چلا جاؤنگا۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۲۵۳-۲۵۴ ج۲ ص۲۵۷)

۴۹ـــ اصحاب سیر بیان کرتے ہیں کہ جب قریش کی جانب سے لوگ آرہے تھے اور قریش کی قساوت دور کرنے کی کوشش کر رہے تھے اور ان اشقیا کی شدت میں کمی نہ ہوتی تھی تو حضور اکرم ﷺ نے بھی چاہا کہ کسی کو بھیج کر اس معاملہ میں سعی فرمائیں۔ آپ نے پہلے بنی خزاعہ کے حراش بن امیہ کعبی نامی صحابی کو بھیجا۔ اسے ایک اونٹ دیا تاکہ وہ ان کو دلنشیں کرائے کہ حضور اکرم ﷺ کا تشریف لانا زیارت کعبہ اور عمرہ ادا کرنے کے لئے ہے جنگ و قتال نہیں۔ جب وہ قریش کے پاس پہنچے تو وہ ان کے اونٹ کے درپے ہو کر حراش بن امیہ ؓ کے قتل پر اتر آئے۔ ان کی قوم نے جو مکہ میں تھی ان کی حمایت کر کے چھڑا لیا اور انہیں حضور

اکرم ﷺ کی طرف واپس بھیج دیا۔ اس کے بعد سید عالم و عالمیاں ﷺ نے حضرت عمر فاروق ؓ کو مخاطب کر کے فرمایا: تمہیں مکہ جانا چاہیے۔ تاکہ انہیں سمجھاؤ کہ ہم جنگ کے ارادے سے نہیں بلکہ عمرہ کرنے آئے ہیں۔ احضرت عمر ؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! آپ پر روشن ہے کہ قریش کی عداوت میرے ساتھ کس قدر ہے اور ان کی شدت و غلظت کس حد تک ہے اگر وہ مجھ پر قابو پالیں تو یقیناً زندہ نہ چھوڑیں اور "بنی عدی" میں سے مکہ میں کوئی نہیں ہے جو ان کی شرارتوں پر میری حمایت اور حفاظت کر سکے۔ اگر حضرت عثمان بن عفان ؓ کو بھیجیں تو مناسب ہو گا کیونکہ وہ قریش کے نزدیک زیادہ عزیز ہیں اور مکہ میں ان کے عزیز و اقارب بہت ہیں۔ اپھر حضور اکرم ﷺ نے حضور عثمان بن عفان ؓ کو بلایا اور مکہ مکرمہ کی جانب بھیجا تاکہ صنادید قریش کو حضور اکرم ﷺ کا مافی الضمیر سمجھائیں۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۲۵۷)

بعض روایتوں میں آیا ہے کہ دس اور مہاجرین بھی حضور اکرم ﷺ کی اجازت سے مکہ مکرمہ گئے تھے۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۲۵۹)

۵۰ـــ لشکر اسلام میں جب یہ خبر پھیلی کہ حضرت عثمان ؓ کو دیگر ان دس مہاجرین کے ساتھ جو مکہ گئے تھے۔ مکہ والوں نے شہید کر دیا ہے تو حضور اکرم ﷺ نے تمام صحابہ کرام سے ثابت قدم رہنے پر جس درخت کے نیچے بیعت لی وہ ببول یا بیری کا درخت تھا۔ بعد میں یہ درخت قدرت الٰہی سے غائب ہو گیا۔

(شان حبیب الرحمٰن ص۱۷۵ ابن کثیر پ۲۶ الفتح)

۵۱ـــ وہ صحابی حضرت ابوسنان بن وہب اسدی ؓ ہیں کہ جنہوں نے اس موقعہ پر بیعت کرنے میں سب سے پہلے پہل کی۔ (ابن کثیر پ۲۶ ص۱۱۰ الفتح)

۵۲ـــ وہ حضرت سلمہ بن اکوع ؓ ہیں کہ جنہوں نے اس موقعہ پر تین بار بیعت کی۔ وہ خود فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ بیعت کر کے میں ہٹ کر ایک طرف کھڑا ہو گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: سلمہ! تم بیعت نہیں کرتے۔؟ میں نے عرض

کیا: حضور میں نے تو بیعت کرلی۔! آپ نے فرمایا: خیر آؤ! بیعت کرو۔! چنانچہ میں نے قریب جاکر پھر بیعت کی۔ پھر ایک بار میری طرف توجہ فرمائی اور فرمایا: سلمہ! تم بیعت نہیں کرتے۔؟ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! پہلی مرتبہ جن لوگوں نے بیعت کی میں نے ان لوگوں کے ساتھ ہی بیعت کی تھی۔ پھر بیچ میں دوبارہ بیعت کرچکا ہوں۔ آپ نے فرمایا: اچھا! پھر سہی۔! چنانچہ میں نے پھر بیعت کی۔

(ابن کثیر پ ۲۶ ع ۱۰)

۵۳ـــــ اس موقعہ پر جتنے صحابہ کرام موجود تھے سب نے حضور اکرم ﷺ کے دست اقدس پر بہ رضامندی بیعت کی بجز جد بن قیس کے جو قبیلہ بن سلمہ کا ایک شخص تھا یہ اپنی اونٹنی کی آڑ میں چھپ گیا تھا۔ (ابن کثیر پ ۲۶ ع ۱۰، معارج ج ۴ ص ۲۷)

۵۴ـــــ قریش نے صلح کے سلسلے میں اپنے خطیب سہیل بن عمرو کو بھیجا اس کے ہمراہ کرز بن حفص اور خویطب بن عبد العزیٰ بھی تھے لیکن اس مہم کی ذمہ داری سہیل پر تھی۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۵۹)

۵۵ـــــ مشہور ہے کہ مدت مصالحت دس سال کی تھی جیسا کہ کتب سیر میں مذکور ہے لیکن ابو داؤد میں بروایت حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما اور ابو نعیم مسند میں حضرت عبد اللہ بن دینار رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں کہ مدت مصالحت چار سال کی تھی۔

صلح کی سب سے پہلی شرط جو سہیل نے رکھی یہ تھی کہ اس سال تو یہاں سے آپ لوٹ جائیں اور آئندہ سال عمرہ کے لئے تشریف لائیں۔ مدت مصالحت میں جنگ و مقابلہ اور جدال مرتفع رہے گا اور ایک دوسرے کے شہری امن و سلامتی سے رہیں گے۔ ایک دوسرے کے ساتھ تعرض نہ کریں گے۔ حلیف اور ہم عہد ایک دوسرے کو نقصان نہ پہنچائیں گے۔

دوسری شرط یہ تھی کہ سال آئندہ جب آئیں تو تین دن سے زیادہ قیام نہ کریں گے اور یہ کہ تلواریں نیام میں رہیں گی۔

اور تیسری شرط عجیب شنیع تھی وہ یہ کہ جو کوئی ہماری اجازت کے بغیر

اجازت کے از خود تم میں چلا جائے اسے ہماری طرف لوٹا دیں گے اگرچہ مسلمان ہو کر ہی پہنچے اور جو کوئی آپ کی طرف سے آجائے گا اسے ہم نہ لوٹائیں گے۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۶۱)

۵۶ـــــ گفت و شنید سے جب صلح کی شرائط طے پاگئیں تو حضور کرم ﷺ نے قلم و دوات اور کاغذ حضرت اوس بن خولی انصاری رضی اللہ عنہ کو دیا تاکہ وہ صلح نامہ لکھیں یہ خط و کتابت میں مہارت رکھتے تھے۔ سہیل نے کہا: اے محمد (ﷺ) صلح نامہ آپ کے چچا کے فرزند حضرت علی مرتضیٰ (رضی اللہ عنہ) کو لکھنا چاہیے۔ ایک روایت میں ہے کہ حضرت عثمان (رضی اللہ عنہ) لکھیں۔ اس پر حضور اکرم ﷺ نے حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو بلا کر فرمایا صلح نامہ لکھو۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۶۳)

۵۷ـــــ وہ حضرت ابو جندل رضی اللہ عنہ ہیں جو سہیل بن عمرو ہی کے لڑکے تھے اور وہ پہلے سے مسلمان تھے۔ ان کو ان کے باپ نے قید خانہ میں بیڑیاں پہنا کر محبوس کر رکھا تھا۔ انہوں نے کلمہ شہادت پڑھتے ہوئے خود کو مسلمانوں کے درمیان ڈال دیا۔ مسلمانوں نے انہیں صلح نامہ کے تحت مشرکوں کے سپرد کر دیا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۶۲)

۵۸ـــــ حدیبیہ کے مقام میں لشکر اسلام کی اقامت تقریباً بیس روز رہی۔ اس موقعہ پر وہ ستر اونٹ جو مسلمان قربانی کے واسطے ساتھ لائے تھے ذبح کئے گئے۔ حضور اکرم ﷺ نے بیس اونٹوں کو جن میں ابو جہل کا بھی ایک اونٹ تھا جو غزوۂ بدر میں غنیمت میں ہاتھ آیا تھا اپنے دست مبارک سے نحر فرمایا۔ باقی کو حضرت ناجیہ بن جندب رضی اللہ عنہ کو دیا کہ وہ ذبح کریں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۲۸، مدارج ج ۲ ص ۳۷۱)

۵۹ـــــ وہ واحد صحابی جو صلح حدیبیہ کے موقعہ پر شہید ہوئے ابن زنیم رضی اللہ عنہ ہیں۔

(ابن کثیر پ ۲۶ ع ۱۱)

۶۰ـــــ غزوۂ خیبر کا وقوع ہجرت کے ساتویں سال ماہ محرم کے آخری دنوں میں ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ یہ آخر سن چھ ہجری میں ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۴۰۰)

۶۱ـــــ اس غزوہ کے لئے حضور اکرم ﷺ ایک ہزار چار سو صحابہ کرام کیساتھ

تشریف لے گئے۔ مواہب میں ہے کہ تیرہ سو اصحاب تھے۔ لشکر اسلام میں دو سو گھوڑے تھے جن میں تین گھوڑے خاص رسول اللہ ﷺ کے تھے اور اونٹ بکثرت تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۴۰۰)

۶۲ــــ اس موقعہ پر رسول اکرم ﷺ نے حضرت سباع بن عرفطہ غفاری رضی اللہ عنہ کو مدینہ طیبہ میں خلیفہ مقرر فرمایا تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۴۰۰)

۶۳ــــ خیبر میں کل آٹھ قلعے تھے۔ ان کے نام اس طرح ہیں۔

(۱) کیسہ۔ (۲) ناعم۔ (۳) صعب۔ (۴) شق۔ (۵) غموص۔ (۶) بطاۃ۔ (۷) سطیح۔ (۸) سالم۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۴۰)

سب سے پہلے جو قلعہ فتح ہوا وہ ناطم (ناعم) تھا پھر اس کے بعد قموص (غموص)۔ (سیرۃ ابن ہشام ج ۲ ص ۳۹۵)

۶۴ــــ منقول ہے کہ اس دروازے کا وزن آٹھ سو من تھا۔

(مدارج ج ۲ ص ۲۵۵، معارج ص ۲۴۳ رکن چہارم)

۶۵ــــ اس غزوہ میں پندرہ مسلمان مرتبہ شہادت پر فائز ہوئے اور ترانوے یہودی مارے گئے۔ (مدارج النبوۃ ص ۲۷۱، معارج ج ۳ ص ۲۴۸)

۶۶ــــ اس غزوہ کے لئے حضور اکرم ﷺ دس رمضان المبارک ۸ھ بروز چہارم شنبہ بعد نماز عصر مدینہ طیبہ سے تشریف لے چلے جیسا کہ واقدی نے کہا ہے اور امام احمد کے نزدیک باسناد صحیح حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے کہا کہ عام الفتح میں دوسری تاریخ ماہ رمضان کو چلے۔ تعیین تاریخ میں اور کئی قول مروی ہیں مثلاً بارہ، سولہ، سترہ، اٹھارہ اور انیس رمضان۔ پہلے دونوں صحت کے زیادہ قریب ہیں اور دوسرا زیادہ صحیح ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۴۷۶)

۶۷ــــ جب حضور اکرم ﷺ مدینہ طیبہ سے باہر تشریف لائے اور لشکر کو ملاحظہ فرمایا تو سات سو مہاجرین میں سے تھے جو تین سو گھوڑے رکھتے تھے۔ اور چار ہزار انصار میں سے جن کے پاس پانچ سو گھوڑے تھے اسی طرح قبائل عرب،

اسلم، غفار، جہنیہ، اشجع اور سلیم وغیرہ میں سے چار سو، پانچسو اور ایک ہزار عدد مخصوص کیساتھ پیش خدمت ہوتے اور اثناء راہ میں آ کر شامل ہوتے رہے یہاں تک مجموعی تعداد دس ہزار کی ہوگئی۔ بعض نے بارہ ہزار کہا ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۴۷۶) اور بعض نے تیرہ ہزار بھی کہا ہے۔ (معارج النبوۃ ص ۲۴۳ رکن چہارم)

۶۸ــــ اس غزوہ میں مہاجرین کے پاس تین جھنڈے تھے ایک حضرت علی مرتضیٰ۔ ایک حضرت زبیر بن عوام اور ایک حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے پاس (معارج ج ۳ ص ۱۶۳)

اور حضرت سعد بن عبادہ ص کے قبضہ اقتدار میں انصار کا علم تھا۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۴۸۰)

۶۹ــــ اس موقعہ پر حضور اکرم ﷺ نے مدینہ طیبہ میں حضرت ام مکتوم رضی اللہ عنہ کو اور بعض کہتے ہیں کہ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کو خلیفہ مقرر فرمایا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۴۷۶)

۷۰ــــ حضور اکرم ﷺ کا مکہ مکرمہ میں داخل ہونا اور مکہ کا فتح ہونا بیس رمضان المبارک ۸ھ کو ہوا تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۵۰۸)

۷۱ــــ حضور اکرم ﷺ، حضرت اسامہ، بلال اور عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ خانہ کعبہ میں داخل ہوئے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو اس کے دروازے پر کھڑا کیا۔ حضرت اسامہ اور بلال رضی اللہ عنہما اندر چلے گئے اور دروازہ کو حضور کیلئے بند کیا تاکہ اژدہام نہ ہو حضور اکرم ﷺ طویل وقفہ تک اندر رہے اور خانہ کعبہ کے گوشوں میں دعا و تضرع فرماتے رہے اس کے بعد باہر تشریف لائے اور نکلتے وقت حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ انبیاء اور فرشتوں کی تصویروں کو جنہیں کفار نے دیوارہائے کعبہ میں منقش کر رکھا ہے مٹادو۔ پھر انہوں نے تمام تصویروں کو مٹادیا۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۴۸۸، معارج ج ۳ ص ۱۷۰)

۷۲ــــ اگرچہ حضور اکرم ﷺ نے اہل مکہ کو امن دیدی تھی اور ان کے قتل کی ممانعت فرمادی تھی لیکن ایک جماعت کو اس حکم سے مستثنیٰ قرار دیا اور ان کے خون بہانے کی

اجازت دیدی اور حکم دیا کہ حل و حرم میں جہاں پائے جائیں قتل کر دیے جائیں۔ لیکن بعض کے قتل ہونے اور خون بہانے کے بعد ان میں سے کچھ لوگ توبہ و رجوع اور ایمان کی بدولت مامون ہوئے اور قتل سے نجات پائی۔ ایسے لوگ مردوں میں گیارہ اور عورتوں میں چھ تھے۔ مردوں میں سے چار قتل کر دیئے گئے اور سات مامون رہے۔ عورتوں میں تین ماری گئیں ایک میں اختلاف ہے اور دو مامون رہیں۔ وہ چار مرد جو قتل کئے گئے یہ ہیں۔

(۱) عبد اللہ بن خطل۔ (۲) حویرث بن نقید۔ (۳) مقیس بن سبابہ۔ (۴) حارث بن طلا طلا۔

اور وہ سات جو مامون رہے یہ ہیں۔

(۱) عبد اللہ بن ابی السرح۔ (۲) عکرمہ بن ابی جہل۔ (۳) صفوان بن امیہ۔ (۴) ہبار بن الاسود۔ (۵) کعب بن زہیر۔ (۶) وحشی بن حرب۔ (۷) عبد اللہ بن الزبعری۔

عورتوں میں وہ دو جو مامون رہیں یہ ہیں۔

(۱) ہند بنت عتبہ زوجہ ابو سفیان۔ (۲) قرتنا۔ جو ابن خطل کی باندی تھی اور ایک جس میں اختلاف ہے وہ ہے۔ سارہ۔ جو بنی المطلب کی باندی تھی۔ اس روز حضرت علی مرتضٰی کرم اللہ وجہہ' کے ہاتھ سے ماری گئی تھی۔ بعض کہتے ہیں کہ لوگوں نے اس کے لئے امان مانگی اور اسے امان دے دی گئی۔

اور وہ تین عورتیں جو مقتول ہوئیں یہ ہیں۔

(۱) قریبہ۔ ابن خطل کی باندی۔ (۲) ارنب۔ ابن خطل مذکور کی باندی۔ (۳) ام سعد۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۴۹۳، ۴۹۴ ج ۲ ص ۵۰۷، معارج ج ۳ ص ۲، ۲۹۱-۱۲۳ رکن چہارم)

۷۳ــــ وہ ابن خطل ہے۔ اس کا نام جاہلیت میں عبد العزیٰ تھا حضور اکرم ﷺ نے اس کا نام عبد اللہ رکھا بعض لوگ ہلال بتاتے ہیں۔ بعد میں وہ مرتد ہو گیا اور اہل مکہ سے جا ملا۔ جب مکہ فتح ہوا تو اس نے خانۂ کعبہ میں پناہ لی اور غلاف کعبہ

سے لپٹ گیا۔ جس وقت حضور اکرم ﷺ طواف فرما رہے تھے کسی صحابی نے اسے دیکھا اور عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! یہ ابن خطل ہے اور غلاف کعبہ سے لپٹا ہوا ہے۔ فرمایا: جہاں ہو قتل کر دو! تو فرمان کے موجب وہیں قتل کر دیا گیا۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۴۹۳)

۷۴ــــ مواہب لدنیہ میں کہا گیا ہے کہ مکہ مکرمہ میں حضور اکرم ﷺ کا قیام پندرہ دن رہا تھا۔ ایک روایت میں انیس دن ہے۔ ایک اور روایت میں ہے کہ سترہ دن اور ترمذی میں اٹھارہ دن ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۵۰۸)

۷۵ــــ حنین ایک چشمہ کا نام ہے جو مکہ مکرمہ سے تین رات کی مسافت پر واقع ہے اور طائف کے قریب ہے چونکہ اسی جگہ یہ جنگ لڑی گئی تھی اس لئے اس کو غزوۂ حنین کہتے ہیں۔ اس غزوہ کو "غزوۂ ہوازن" بھی کہتے ہیں۔ ہوازن اس جگہ رہنے والے قبیلہ کا نام ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۵۱۳)

۷۶ــــ حضور اکرم ﷺ چھ شوال ۸ھ بروز ہفتہ کو مکہ مکرمہ سے روانہ ہوئے اور منگل کی رات دسویں شوال کو حنین پہنچے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۵۱۵)

۷۷ــــ اس موقعہ پر حضرت عتاب بن اسید رضی اللہ عنہ کو مکہ مکرمہ میں خلیفہ مقرر فرمایا۔

(معارج النبوۃ ج ۳ ص ۹، ۱۷، مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۵۱۵)

۷۸ــــ اس غزوہ میں لشکر اسلام کی تعداد بارہ ہزار تھی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۵۱۳)

ایک روایت کے بموجب سولہ ہزار کی تعداد تھی۔ (معارج ص ۹۷، رکن چہارم)

اور لشکر کفار کی تعداد چار ہزار تھی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۵۱۵)

ایک دوسری روایت میں تیس ہزار ہے۔ (معارج النبوۃ ج ۳ ص ۱۸۸)

۷۹ــــ ارباب سیر بیان کرتے ہیں کہ اس غزوہ میں چار مسلمان شہید ہوئے اور اہل شرک و شقاق میں سے ستر افراد جہنم رسید ہوئے (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۵۲۳)

شہادت حاصل کرنے والے چار مسلمان کے نام یہ ہیں۔

(۱) حضرت ایمن بن عبید۔ (۲) حضرت یزید بن زمعہ۔ (۳) حضرت

سراقہ بن حارث۔ (۴) اور حضرت ابو عامر اشعری ؓ۔ (سیرۃ ابن ہشام ج ۲ ص ۵۴۰)

۸۰ــــ اس غزوہ میں مسلمانوں کو جو غنائم ملے وہ چھ ہزار نوے گھوڑے، چوبیس ہزار اونٹ، چالیس ہزار سے زیادہ بکریاں اور چار ہزار اوقیہ چاندی تھا۔ ایک اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ بکریاں اتنی زیادہ تھیں کہ ان کا شمار ہی نہ ہو سکتا تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۵۳۲، مدارج النبوۃ ص ۱۸۲ رکن چہارم)

۸۱ــــ تبوک ایک مقام کا نام ہے جو مدینہ طیبہ اور شام کے درمیان مدینہ منورہ سے چودہ منزل کی مسافت پر ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ ایک قلعہ کا نام ہے۔ اور قاموس میں ہے کہ مدینہ اور شام کے درمیان ایک خطہ ارضی کا نام ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ ایک چشمہ کا نام ہے جو اس جگہ پر واقع ہے چونکہ اس سفر میں لشکر کی آخری مسافت اس چشمہ تک ہوئی تھی اس بنا پر اس کو اس نام سے موسوم و منسوب کیا گیا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۵۷۷)

۸۲ــــ اس غزوہ کے لئے مدینہ طیبہ سے روانہ ہونے کی تاریخ بلااختلاف روز پنجشنبہ ماہ رجب ۹ھ ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۵۷۸)

۸۳ــــ ارباب سیر کہتے ہیں کہ اس غزوہ میں اسلامی لشکروں کی تعداد تیس ہزار تھی۔ بعض نے ستر ہزار کہا ہے اور یہ بہت زیادہ مشہور روایت ہے۔ ایک روایت میں ایک لاکھ اور ایک روایت میں چالیس ہزار۔ اس لشکر میں دس ہزار گھوڑے سوار اور بارہ ہزار اونٹ سوار تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۵۸۸)

۸۴ــــ اس میں علماء اختلاف رکھتے ہیں ہے کہ اس موقعہ پر حضور اکرم ﷺ نے مدینہ طیبہ میں کسے خلیفہ مقرر فرمایا۔ بعض کہتے ہیں کہ حضرت محمد بن مسلمہ ؓ کو بنایا اور کہتے ہیں کہ سب سے زیادہ صحیح یہی روایت ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ حضرت سباع بن عرفطہ ؓ کو بنایا۔ ایک روایت میں ہے کہ حضرت ابو رہم غفاری ؓ کو بنایا۔ ایک اور روایت میں ہے کہ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہٗ کو خلیفہ بنایا۔ ابن عبد البر نے اس روایت کو ترجیح دی ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۵۸۷)

۸۵ــــ جب اس غزوہ کی تیاری ہو رہی تھی تو حضرت عثمان غنی ؓ نے دو سو اونٹ جن پر پالان، پوشش اور چادر وغیرہ پڑے ہوئے تھے اور ہر طرح سے مکمل مع دو سو اوقیہ چاندی، حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں پیش کیے اور عرض کیا کہ ان سے لشکر کی ضروریات مکمل فرمائیں۔ ایک روایت میں ہے کہ تین سو اونٹ چہار بستہ مکمل اور ایک مثقال سونا لائے۔ مواہب لدنیہ میں حضرت قتادہ سے مروی ہے کہ حضرت عثمان غنی ؓ نے اس غزوہ میں ہزار اونٹ اور سات سو گھوڑے سواری کے دیئے۔ اور حضرت عبد الرحمٰن بن سمرہ ؓ سے مروی ہے کہ حضرت عثمان غنی ؓ ایک ہزار دینار اپنی آستین میں لائے جس وقت کے غزوۂ تبوک کی تیاری کی جا رہی تھی۔ ایک روایت میں دس ہزار دینار ہے اور ایک روایت میں چالیس ہزار درہم ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۵۸۱)

۸۶ــــ اس غزوہ سے پیچھے رہ جانے والے منافقین میں سے بہت ہیں جن میں معذور بعذر صحیح بھی ہیں اور بعذر غیر صحیح بھی۔ لیکن وہ لوگ جو بغیر عذر اور بلاشک وارتیاب کے اس غزوہ سے پیچھے رہ گئے وہ صحابہ میں سے پانچ افراد ہیں۔

(۱) حضرت ابوذر غفاری۔ (۲) حضرت ابو خیثمہ سالمی۔ (۳) حضرت کعب بن مالک۔ (۴) حضرت مرارہ بن الربیع اور (۵) حضرت ہلال بن امیہ ؓ۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۵۹۷)

بیہقی میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ وہ دس اشخاص تھے جنہوں نے نبی کریم ﷺ سے غزوۂ تبوک میں تخلف کیا۔ اور بعض، حضرت ابولبابہ بن عبد المنذر ؓ اور حضرت ابو امیہ برادر ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا نام بھی متخلفین میں شمار کرتے ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۶۰۲، ج ۲ ص ۶۰۵)

۸۷ــــ تمام غزوات میں کل ایک ہزار آٹھ کفار نگونسار مارے گئے۔ (ضمیمہ لیس ج ۳ ص ۲۲)

۸۸ـــــ وہ بد بخت اُبَی بن خلف جمحی ہے کہ واحد کافر جو حضور اکرم ﷺ کے ہاتھوں سے مارا گیا۔ غزوۂ احد کے موقعہ پر اس بد بخت نے آپ پر حملہ کرنا چاہا آپ اس وقت خالی ہاتھ تھے آپ نے حارث ابن صمہ ؓ سے نیزہ لیا۔ ایک روایت میں ہے کہ حضرت زبیر بن العوام ؓ سے نیزہ لیا۔ اور ایک روایت میں ہے کہ اسی بد بخت کا نیزہ اس کے ہاتھ سے لیکر اس پر پھینکا اس شقی کی گردن پر پڑا اور نیزہ اس کے آر پار ہو گیا وہ بیل کی طرح چیختا ہوا گھوڑے سے گرا۔ اس کے ساتھی اسے اٹھا کر لے گئے اور ایک دن وہ مقام "سرف" میں واصل جہنم ہوا۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۲۲، تفسیر نعیمی ج ۴ ص ۲۰۰)

بیت اللہ اور بیت المعمور سے متعلق سوالات

۱ــــ کعبہ کو "کعبہ" کیوں کہا جاتا ہے۔؟
۲ــــ کعبہ کی تعمیر کتنی بار ہوئی اور کس کس نے کرائی۔؟
۳ــــ کعبہ کی تعمیر فرشتوں نے کن پہاڑوں سے کی تھی۔؟
۴ــــ فرشتوں نے کعبہ کی تعمیر حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش سے کتنے سال قبل کی تھی۔؟
۵ــــ حضرت آدم علیہ السلام نے کعبہ کی تعمیر کتنے اور کن کن پہاڑوں سے کی تھی۔؟
۶ــــ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی تعمیر کے وقت کعبہ میں کتنے پہاڑوں کے پتھر لگائے گئے تھے۔؟
۷ــــ تعمیر ابراہیمی کے وقت کعبہ کی بلندی اور لمبائی چوڑائی کتنی تھی اور اس میں دروازے کتنے تھے۔؟
۸ــــ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کعبہ کی تعمیر کس تاریخ کو شروع کی تھی اور کس تاریخ کو ختم فرمائی۔؟
۹ــــ قریش کے دور میں کعبہ کی تعمیر کرنے والے کاریگر کا نام کیا ہے۔؟
۱۰ــــ قبیلہ قریش نے جو کعبہ کی تعمیر کی تھی اس کی بلندی اور اس کا طول و عرض کتنا تھا۔؟
۱۱ــــ تعمیر ابراہیمی اور تعمیر قریش کے مابین کتنا زمانی فاصلہ ہے۔؟
۱۲ــــ بیت اللہ کے اطراف کو حرم کیوں کہتے ہیں۔؟
۱۳ــــ زمانہ جاہلیت میں کعبہ کس دن کھولا جاتا تھا۔؟
۱۴ــــ کعبہ معظمہ میں سب سے پہلے کونسا بت رکھا گیا اور کس نے رکھا۔؟

۱۵ــــ کعبہ معظمہ میں نصب سب سے بڑے بت کا نام کیا تھا۔؟

۱۶ــــ ان دو مرد و عورت کا نام کیا ہے جنہوں نے زمانہ جاہلیت میں کعبہ کے اندر زنا کیا تھا۔ اور ان پر کیا قہر نازل ہوا۔؟

۱۷ــــ ہجرت کے کتنے دنوں بعد کعبہ کو قبلہ بنایا گیا۔؟

۱۸ــــ تحویل قبلہ کا حکم کس ماہ کی کس تاریخ کو نازل ہوا تھا۔؟

۱۹ــــ ابرہہ کتنی فوج اور کتنے ہاتھیوں کے ساتھ انہدام کعبہ کے لئے آیا تھا اور اس ہاتھی کا کیا نام تھا جس پر وہ خود سوار تھا۔؟

۲۰ــــ فرشتوں کی مسجد کا نام کیا ہے۔؟

۲۱ــــ بیت المعمور کو "بیت المعمور" کیوں کہتے ہیں۔؟

۲۲ــــ بیت المعمور کس آسمان میں واقع ہے۔؟

۲۳ــــ بیت المعمور کس چیز کا بنا ہوا ہے۔؟

۲۴ــــ بیت المعمور کو کس نبی کے لئے زمین پر اتارا گیا۔ اور وہ کب تک زمین پر رہا۔؟

۲۵ــــ بیت المعمور میں روزانہ کتنے فرشتے داخل ہوتے ہیں۔؟

۲۶ــــ بیت المعمور میں سب سے پہلے کونسا فرشتہ داخل ہوا۔؟

بیت اللہ اور بیت المعمور سے متعلق جوابات

۱ــــ کعبہ کو کعبہ کہنے کی دو وجہیں ہیں۔

ایک یہ کہ کعب کے لفظی معنی ہیں اٹھا ہوا ہونا یا اونچا ہونا۔ چونکہ کعبہ کی سطح سمندر سے اونچی ہے اس لئے اسے کعبہ کہا جاتا ہے۔

دوسری وجہ یہ کہ مکعب بقاعدہ اقلیدس وہ ہے جس کو چھ برابر کی سطح گھیریں۔ اگرچہ بناء ابراہیمی میں کعبہ بشکل مستطیل تھا لیکن نزول قرآن کے وقت بشکل مکعب تھا یعنی اس کی لمبائی، چوڑائی اور بلندی برابر تھی اس لئے اس کو کعبہ کہا گیا۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۸۲۱)

۲ــــ کعبہ کی تعمیر دس بار ہوئی۔

(۱) پہلی بار ملائکہ نے کی۔ (۲) دوسری بار حضرت آدمؑ نے تعمیر کی۔ (۳) تیسری بار حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد (حضرت شیث علیہ السلام) نے کی۔ (۴) چوتھی بار حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کی۔ (۵) پانچویں بار تعمیر قوم عمالقہ نے کی۔ (۶) چھٹی بار قبیلہ جرہم نے کی۔ (۷) ساتویں بار حضور اکرم ﷺ کے پر دادا قصی بن کلاب نے کی۔ (۸) آٹھویں بار قبیلہ قریش نے کی۔ (۹) نویں بار حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما نے کی اور (۱۰) دسویں بار حجاج بن یوسف نے کعبہ کی تعمیر کی۔ (حاشیہ ۱۱ جلالین ص۱۸۱ حاشیہ ۳ بخاری ص۲۱۵)

دوسرا قول یہ ہے کہ کعبہ کی تعمیر نو بار ہوئی۔

(۱) ملائکہ نے۔ (۲) حضرت ابراہیم علیہ السلام نے۔ (۳) قوم عمالقہ نے۔ (۴) قبیلہ جرہم نے۔ (۵) قصی بن کلاب نے۔ (۶) قریش نے۔ (۷) ابن الزبیر رضی اللہ عنہ نے۔ (۸) حجاج بن یوسف نے۔ (۹) سلطان مراد ابن احمد خاں شاہ

قسطنطنیہ نے۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۸۲۱ تا ص۸۲۲)

اور سیرت حلبیہ میں ہے کہ کعبہ کی تعمیر صرف تین بار ہوئی۔

پہلی بار حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تعمیر کی۔ دوسری بار قریش نے اور تیسری بار حضرت عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما نے۔ ملائکہ اور حضرت آدم علیہ السلام کا تعمیر کرنا ثابت نہیں ہیں اور قبیلہ جرہم، قوم عمالقہ اور قصیٰ بن کلاب ان تینوں نے کعبہ کی صرف مرمت کرائی از سر نو تعمیر نہیں کی۔ (حاشیہ ۳ بخاری ص۲۱۵)

۳—فرشتوں نے کعبہ کی تعمیر پانچ پہاڑوں کے پتھروں سے کی تھی۔

(۱) کوہ لبنان۔ (۲) کوہ طور۔ (۳) کوہ جودی۔ (۴) کوہ حرا۔ (۵) طور زیتا۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۸۲۱)

۴— فرشتوں نے حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش سے دو ہزار سال پہلے کعبہ شریف کی عمارت بنائی تھی۔ (تفسیر نعیمی ج۳ ص۱۸)

۵— حضرت آدم علیہ السلام نے کعبہ کی تعمیر پانچ پہاڑوں کے پتھروں سے کی تھی۔

(۱) کوہ حرا۔ (۲) طور سینا۔ (۳) طور زیتا۔ (۴) کوہ لبنان۔ (۵) کوہ جودی۔

(تفسیر ابن کثیر پ۱ ص۱۵)

۶— حضرت ابراہیم علیہ السلام کی تعمیر کے وقت کعبہ میں تین پہاڑوں کے پتھر لگائے گئے۔

(۱) کوہ ابو قبیس۔ (۲) کوہ حرا۔ (۳) کوہ ورقان۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۸۲۲)

ایک دوسرے قول کے بموجب پانچ پہاڑوں کے پتھروں سے تعمیر فرمائی تھی۔

(۱) کوہ حرا۔ (۲) کوہ ثبیر۔ (۳) کوہ لبنان۔ (۴) کوہ طور۔ (۵) کوہ جودی اور بعض روایتوں میں کوہ حرا، کوہ قبیس، کوہ ورقان اور کوہ رضوی مذکور ہوا ہے۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۳۶)

اور ایک اور قول کے مطابق ان پانچ پہاڑوں کے نام یوں ہیں۔

(۱) کوہ حرا۔ (۲) طور سینا۔ (۳) کوہ جودی۔ (۴) طور زیتون۔ (۵) کوہ لبنان۔ (شفاء الغرام باخبار البلد الحرام ج۱ ص۱۱۵)

۷— تعمیر ابراہیمی کے وقت کعبہ معظمہ کی بلندی نو ہاتھ تھی اور اس کی چوڑائی رکن اسود سے رکن شامی تک تینتیس ہاتھ۔ رکن شامی سے رکن غربی تک بائیس ہاتھ۔ رکن غربی سے رکن یمانی تک اکتیس ہاتھ۔ رکن یمانی سے پھر رکن اسود تک بیس ہاتھ۔ اس کا دروازہ زمین سے ملا ہوا تھا جس میں کواڑ وغیرہ نہ تھے دروازے دو تھے ایک داخل ہونے کا اور ایک نکلنے کا۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۸۲۲)

ایک قول کے بموجب اس وقت کعبہ کی بلندی سات گز تھی۔ (حاشیہ جلالین ص۲۸۹)

۸— حضرت ابراہیم علیہ السلام نے پہلی ذیقعدہ کو تعمیر کعبہ شروع فرمائی اور اسی مہینہ کی پچیسویں تاریخ کو ختم فرمادی۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۸۲۵)

۹— اس موقعہ پر روم سے یاقوم نامی ایک شخص مکہ آیا ہوا تھا جو فن تعمیر کا ماہر واستاد تھا۔ قریش کے کہنے پر اسی نے تعمیر کا کام انجام دیا۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۳۵)

۱۰— قریش نے جو کعبہ کی تعمیر کی تھی اس کی بلندی بیس گز تھی، طول تیس گز، عرض بائیس گز اور چھ ستون رکھے گئے تھے۔ (مدارج النبوۃ ص۱۸۷، رکن دوم)

۱۱— تعمیر ابراہیمی اور تعمیر قریش کے مابین سترہ سو پچھتر سال کا فاصلہ ہے اور تعمیر قریش اور تعمیر عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما کے مابین بیاسی سال کا۔

(حاشیہ ۳ بخاری شریف ص۲۱۵)

۱۲— اس کی کئی وجوہات ہیں۔

(۱) جب حضرت آدم علیہ السلام مرغزار بہشت سے مصیبت گاہ دنیا میں تشریف لائے تو آپ کو اپنے نفس پر شیطان کا خوف ہوا تو اللہ سے پناہ چاہنے لگے۔ حق تقدس وتعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کیلئے فرشتوں کو بھیجا۔ فرشتے حضرت آدم علیہ السلام کے لئے مکہ معظمہ کے چاروں طرف پھیل گئے تو اس وقت فرشتوں نے جہاں تک گھیر ڈالا تھا وہاں تک اللہ رب العزت نے حرم بنادیا۔

(۲) جس وقت حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حجر اسود کو بیت اللہ شریف میں نصب کیا تو حجر اسود سے ایک نور کی روشنی نمودار ہوئی جس سے بیت اللہ شریف کے اطراف اربعہ روشن و منور ہو گئے۔ تو جہاں تک وہ روشنی پھیلی تھی وہاں تک حرم بنا دیا گیا (نزہۃ المجالس ق ۵ ص ۵۹)

(۳) خداوند قدوس نے جب زمین و آسمان سے فرمایا: آ جاؤ! خوشی خوشی یا زبردستی۔؟ تو زمین و آسمان نے جواباً عرض کیا: ہم فرمانبردار بن کر آئے۔ ایسے جواب صرف حرم کی زمین نے دیا تھا اس لئے اس جگہ کو حرم، محترم اور مقدس بنا دیا۔ (شفاء الغرام باخبار البلد الحرام ج ۱ ص ۸۸)

(۴) حجر اسود جب جنت سے آیا تو اس کی روشنی کئی میل تک جاتی تھی۔ جہاں تک اس کی شعائیں پہنچتی تھیں اسی حد تک حرم کی حدیں قائم ہو گئیں۔

(تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۳)

۱۳۔۔۔ ابن سعد اپنی کتاب طبقات میں حضرت عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ زمانہ جاہلیت میں ایسا دستور تھا کہ خانہ کعبہ کو دوشنبہ اور پنجشنبہ (جمعرات) کے سوا نہ کھولتے تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۴۸۷)

۱۴۔۔۔ عمر بن لحی بن حارثہ شاہ حجاز نے سب سے پہلے کعبہ کی چھت پر ہبل نامی بت رکھا تھا۔ (تاریخ اسلام ج ۱ ص ۶۸)

۱۵۔۔۔ کعبہ معظمہ کا سب سے بڑا بت ہبل تھا۔ (تفسیر الم نشرح ص ۲۶)

۱۶۔۔۔ مرد کا نام اساف اور عورت کا نام نائلہ تھا۔ ان دونوں پر خدا کی طرف سے یہ قہر نازل ہوا کہ دونوں پتھر بن گئے۔ قریش نے انہیں کعبہ سے باہر رکھ دیا تاکہ لوگ انہیں دیکھ کر عبرت حاصل کریں۔ پھر قریش نے اپنی کمال جہالت اور فرط ضلالت سے انہیں پوجنا شروع کر دیا اور ان دو پتھروں سے اپنے سر مارنے لگے۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۹۴، مدارج ج ۲ ص ۴۸۵)

۱۷۔۔۔ حضور اکرم ﷺ مدینہ منورہ میں رونق افروزی کے بعد ایک سال

ساڑھے پانچ ماہ تک بیت المقدس کی طرف نماز ادا فرماتے رہے اس کے بعد بیت المقدس کا قبلہ منسوخ ہو گیا اور کعبہ معظمہ قبلہ بن گیا۔ (تفسیر نعیمی ۲-۵)

اس میں اختلاف ہے کہ جب حضور اکرم ﷺ مکہ مکرمہ میں تشریف فرما تھے اس وقت آپ کا قبلہ بیت المقدس تھا یا کعبہ معظمہ۔ اکثر علماء کا خیال یہ ہے کہ بیت المقدس ہی قبلہ تھا لیکن حضور اکرم ﷺ نماز میں اس طرح رخ فرماتے کہ کعبہ آپ کے درمیان ہوتا اور قبلہ بیت المقدس ہوتا اور آپ اسی حال میں قائم رہے یہاں تک کہ مدینہ منورہ تشریف لائے۔ اور دوسری جماعت کا خیال یہ ہے کہ پہلے قبلہ بھی کعبہ تھا اور پھر بعد میں مکہ میں ہی بیت المقدس کو قبلہ بنا دیا گیا تھا۔ اس کی طرف آپ تین سال نمازیں پڑھتے رہے اور مدینہ منورہ میں رونق افروزی کے سترہ یا اٹھارہ مہینہ بعد کعبہ کو قبلہ بنا دیا گیا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۳۶)

۱۸۔۔۔ ہجرت کے ایک سال اور ساڑھے پانچ مہینے بعد پندرہ رجب ۲ھ بروز پیر کو تحویل قبلہ کی وحی نازل ہوئی۔ (تفسیر نعیمی ج ۲ ص ۵)

۱۹۔۔۔ ابرہہ بن الصباح چالیس ہزار ہاتھیوں اور تین لاکھ فوجیوں کیساتھ انہدام کعبہ کے لئے آیا تھا اور وہ خود جس ہاتھی پر سوار تھا اس کا نام محمود تھا اور اس کا رنگ سفید تھا۔ (معارج ص ۱۴۲ رکن اول)

۲۰۔۔۔ فرشتوں کی مسجد کا نام بیت المعمور ہے۔ (کنز العمال ج ۱۲ ص ۴۹۸)

۲۱۔۔۔ معمور کے معنی ہیں "آباد" چونکہ یہ مسجد فرشتوں کی زیارت سے ہر وقت آباد رہتی ہے اسی وجہ سے اس کو بیت المعمور کہتے ہیں۔ (حاشیہ تفسیر حسینی پ ۲۷ ج ۲ ص ۴۹۳)

۲۲۔۔۔ اس سلسلے میں دو قول ہیں ایک یہ کہ بیت المعمور ساتویں آسمان پر خانہ کعبہ کے مقابل و محاذی ہے اگر کوئی چیز بیت المعمور سے گرائی جائے تو وہ بیت اللہ پر آ کر گرے۔ (البدایہ ج ۱ ص ۲۷، کنز العمال ج ۱۲ ص ۴۹۸)

دوسرا قول یہ ہے کہ بیت المعمور چوتھے آسمان پر واقع ہے

(حاشیہ تفسیر حسینی پ ۲۷-۴۹۳)

۲۳۔۔۔۔۔۔ بیت المعمور زمرد یایاقوت کا ہے۔ (حاشیہ تفسیر حسینی پ ۲۷ ص ۴۰۳)

دوسرا قول یہ ہیکہ وہ سرخ یاقوت کا بنا ہوا ہے۔ (البدایہ ج ۱ ص ۲۷ و مدارج ج ۲ ص ۳۶)

اس کی لمبائی آسمان وزمین کے مابین فاصلہ کے برابر ہے۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۶)

۲۴۔۔۔۔۔۔ تاریخ ازرقی میں مقاتل سے حدیث مرفوع مذکور ہے کہ جب حضرت آدم علیہ السلام نے بارگاہ الٰہی میں دعا کی کہ اے میرے رب۔! میں اپنے آپ کو جانتا ہوں اور میں نے تیرے اس نور کو دیکھا ہے جس کی عبادت کی جاتی ہے۔! پھر حق تقدس و تعالیٰ نے بیت المعمور کو زمین پر اتارا جہاں آج خانہ کعبہ ہے اور حضرت آدم علیہ السلام کو حکم ہوا کہ اس کا طواف کریں۔ اس سے پہلے ان کے دل میں جو غم وافسوس تھا اسے حق تعالیٰ نے دور فرمادیا۔ اس کے بعد اس بیت المعمور کو حضرت نوح علیہ السلام کے زمانے میں آسمان پر اٹھالیا گیا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۶)

۲۵۔۔۔۔۔۔ روزانہ ستر ہزار فرشتے بیت المعمور کی زیارت کو آتے اور اس میں داخل ہوتے ہیں جو فرشتہ ایک بار داخل ہوتا ہے تو پھر قیامت تک دوبارہ اس کو داخل ہونے کا موقعہ نہیں ملتا۔ (البدایہ ج ۱ ص ۳۷ و مدارج ج ۱ ص ۳۰۱)

۲۶۔۔۔۔۔۔ بیت المعمور میں سب سے پہلے جو فرشتہ داخل ہوا اس کا نام اسمٰعیل ہے۔ (البدایہ ج ۱ ص ۳۲)

مسجد نبوی اور گنبد خضری سے متعلق سوالات

۱۔۔۔۔ ابتداءً جس جگہ مسجد نبوی تعمیر کی گئی وہ جگہ کس کی تھی اور مسجد کے لئے کس نے کتنے میں خریدی۔؟

۲۔۔۔۔ ابتداء تعمیر کے وقت مسجد نبوی کی لمبائی، چوڑائی کتنی تھی اور اس میں کتنے دروازے رکھے گئے تھے۔؟

۳۔۔۔۔ مسجد نبوی کی تعمیر کے لئے سب صحابہ کرام تو ایک ایک اینٹ لاتے تھے لیکن وہ کونسے صحابی ہیں جو دو دو اینٹ لاتے تھے۔؟

۴۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ نے اپنی حیات ظاہری میں کتنی بار مسجد نبوی کی تعمیر فرمائی۔؟

۵۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے لئے خطبہ دینے کے واسطے مسجد نبوی میں منبر کس نے بنوایا تھا۔؟

۶۔۔۔۔ مسجد نبوی کا منبر شریف کس درخت کی لکڑی کا بنایا گیا تھا۔؟

۷۔۔۔۔ منبر شریف کا طول عرض کتنا تھا۔؟

۸۔۔۔۔ منبر شریف کی کتنی سیڑھیاں تھیں اور ہر سیڑھی کی چوڑائی کتنی تھی۔؟

۹۔۔۔۔ منبر شریف پر سب سے پہلے کس نے غلاف چڑھایا تھا۔؟

۱۰۔۔۔۔ روضۂ رسول اللہ ﷺ پر گنبد سب سے پہلے کس نے تعمیر کیا اور کس سن میں۔؟

۱۱۔۔۔۔ گنبد خضراء کو "گنبد خضراء" کب سے کہا جانے لگا اور اس سے پہلے کیا کہا جاتا تھا۔؟

مسجد نبوی اور گنبد خضریٰ سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ جس جگہ مسجد نبوی شریف کی تعمیر کی گئی تھی وہ جگہ دو یتیم بچے سہل اور سہیل پسران رافع بن عمرو کی تھی وہ اس جگہ کھجوروں کو خشک کر کے تمر بناتے تھے۔ نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم نے فرمایا: اس جگہ کو خرید لو۔؟ تو بنی نجار نے کہا کہ ہم ان دونوں یتیموں کو اس کی قیمت ادا کر کے اس زمین کو آپ کی نذر کرتے ہیں۔ ایک روایت میں ہے کہ خود ان دونوں یتیموں نے کہا کہ ہم اس کی قیمت نہیں لیں گے۔ ہم اس کو آپ کی نذر کرتے ہیں مگر حضور اکرم ﷺ نے انکار فرمایا۔ اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے اس مال میں سے جو وہ اپنے ساتھ لائے تھے زمین قیمت میں دس سونے کے مثقال ان کو عطا فرمائے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۰، معارج ج ۲ ص ۴۳)

۲۔۔۔ ابتداء تعمیر کے وقت مسجد نبوی شریف کی لمبائی قبلہ سے شمال تک چون گز اور مشرق سے مغرب تک ساٹھ گز تھی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲- ص ۱۱۷)

اس وقت مسجد شریف میں تین دروازے چھوڑے گئے تھے۔ ایک دروازہ جس کا نام باب الرحمۃ ہے۔ دوسرا دروازہ جس سے آپ ﷺ تشریف لاتے تھے اور تیسرا دروازہ عام صحابہ کرام کے لئے تھا۔ (مدارج النبوۃ ص ۷۵ مدارکن جلد ۲)

۳۔۔۔ وہ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ ہیں کہ سب صحابہ کرام تو ایک ایک اینٹ لاتے تھے یہ دو دو اینٹیں لاتے اور فرماتے کہ ایک اینٹ اپنی طرف سے اور ایک حضور ﷺ کی جانب سے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۱۹)

۴۔۔۔ حضور اکرم ﷺ نے اپنی حیات ظاہری میں دو بار مسجد نبوی کی تعمیر فرمائی۔ پہلی بار تو اس وقت کہ جب آپ مدینہ منورہ رونق افروز ہوئے اور دوسری بار ۷ھ فتح خیبر کے بعد۔ اس تعمیر میں مسجد کی توسیع کر کے دونوں جانب سے سو دو سو گز

کی کر دی گئی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۱۷)

۵۔۔۔ منبر شریف کے بنانے والے کے نام میں کئی اقوال ہیں۔

(۱) حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ نے بنوایا تھا۔ (۲) قبیصہ مخزومی نے بنایا جو ایک عورت کا غلام تھا۔ (۳) حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے غلام نے بنایا جس کا نام صباح یا کلاب تھا۔ (۴) سعید بن عاص کے غلام نے بنایا تھا جس کا نام باقول تھا۔ (۵) ایک انصاریہ عورت کے غلام نے بنایا کہ جس کا نام مینا تھا۔ (۶) حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں بعض نے اس بڑھئی کا نام میمون بتایا ہے۔ (تاریخ حرمین ص ۹۷)

۶۔۔۔ منبر شریف، اثل غابہ کی لکڑی کا بنایا گیا۔ اثل ایک درخت کا نام ہے اور غابہ ایک جنگل کا جہاں بہت درخت تھے۔ یہ مدینہ طیبہ سے نو میل کے فاصلہ پر ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۵۳۵)

۷۔۔۔ منبر شریف کا طول بقول صحیح دو گز تھا اور عرض ایک گز۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۵۳۵)

۸۔۔۔ منبر شریف کی تین سیڑھیاں تھیں اور ہر سیڑھی کی چوڑائی ایک بالشت تھی حضور اکرم ﷺ تیسری سیڑھی پر جلوس فرماتے اور دوسری پر قدم مبارک رکھتے تھے۔ جب حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ خلیفہ مقرر ہوئے تو آپ دوسری سیڑھی پر نشست فرماتے اور پہلی پر قدم رکھتے تھے۔ جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ خلیفۃ المسلمین بنے تو آپ پہلی سیڑھی پر بیٹھتے اور زمین پر قدم رکھتے تھے۔ اور جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ امیر المومنین منتخب ہوئے تو اپنی خلافت کے چھ سال بعد آپ پہلی سیڑھی جو کہ حضرت صدیق اکبر کے بعد حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما نے اختیار فرمائی تھی سے اس سیڑھی پر استادہ ہونے لگے جو سید عالم ﷺ کے جلوس مبارک کی جگہ تھی۔ (اور سبب یہ بتایا کہ آقا اور خادم میں مساوات کا امکان ہی نہیں بر خلاف حضرت صدیق اکبر و عمر فاروق رضی اللہ عنہما کی نشست گاہ کے کہ وہاں توہم مساوات ممکن ہے) (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۵۳۵، معارج ص ۸۸۸، مدارکن جلد ۲)

بروایت سیدتنا عائشہ رضی اللہ عنہا منبر شریف کی چار سیڑھیاں تھیں (دلائل ج ۲ ص ۳۶۱)

۹۔۔۔ سب سے پہلے جس نے منبر نبوی شریف پر قبطی کپڑے کا غلاف چڑھایا وہ حضرت عثمان غنی ﷜ ہیں۔ ایک قول یہ ہے کہ حضرت معاویہ ﷜ نے اپنی امارت کے زمانے میں سب سے پہلے منبر شریف پر غلاف چڑھایا جس وقت وہ شام سے مدینہ طیبہ آئے اور چاہا تھا کہ منبر رسول اللہ ﷺ کو وہاں سے ملک شام منتقل کر کے لے جائیں۔ جب انہوں نے منبر شریف کو اپنی جگہ سے ہلایا تو ایسی تاریکی پھیلی کہ سارا شہر تاریک ہو گیا۔ آفتاب کو گہن لگا حتی کہ دن میں ستارے نظر آنے لگے۔ اس پر حضرت امیر معاویہ ﷜ اس خیال محال سے باز آئے اور پشیمان ہو کر صحابہ کرام سے معذرت خواہی کرنے لگے اور کہنے لگے "میرا مقصد اس کی دیکھ بھال تھی کہ اسے گھن وغیرہ تو نہیں لگا" اس کے بعد چھ درجے اور بڑھائے اور منبر نبوی شریف کو اس کے اوپر رکھا تا کہ بلند ہو جائے اور تمام حاضرین مسجد خطیب کو دیکھ سکیں۔

(مدارج النبوۃ ج۲ ص۵۲۵)

۱۰۔۔۔ روضۂ رسول اللہ ﷺ پر سب سے پہلے ملک منصور قلاوون صالحی کے زمانے میں ۶۷۸ھ کو گنبد کی تعمیر ہوئی اس سے پہلے حجرۂ مقدسہ کے اوپر گنبد نہ تھا۔ ایک روایت یہ ہے کہ مذکورہ گنبد کمال احمد بن برجان عبد القوی ربعی نے بہ نیت ثواب بنایا ہے۔

(وفاء الوفا باخبار دار المصطفیٰ ص۶۰۹ جزء ثانی)

۱۱۔۔۔ گنبد رسول اللہ ﷺ کی پہلی تعمیر کے بعد متعدد بادشاہوں نے اپنے اپنے دور میں اس کی تعمیر جدید و آرائش میں حصے لئے چونکہ اس وقت گنبد کا رنگ سفید تھا اس لئے "القبۃ البیضاء" کے نام سے یاد کیا جاتا تھا۔ ۱۲۳۳ھ میں سلطان محمود نے بھی اس کی تعمیر کا شرف حاصل کیا اور ۱۲۵۵ھ میں اس گنبد پر سبز رنگ کر لیا جس کے بعد اس قبہ مبارک کو "گنبد خضراء" کہا جانے لگا۔

(ماہنامہ اشرفیہ شمارہ جون ۱۹۹۸ء)

عورتوں اور بچوں سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ عورتوں میں سب سے پہلے کس نے اون کات کر سوت تیار کیا۔؟

۲۔۔۔ عورتوں میں سب سے پہلے سینے کا کام کس نے کیا۔؟

۳۔۔۔ عورتوں میں سب سے پہلے کان کس کے بیندھے گئے۔؟

۴۔۔۔ عورتوں میں سب سے پہلے کس کو حد قذف لگائی گئی۔؟

۵۔۔۔ عورتوں میں سب سے پہلے کس نے مشرک کو قتل کیا۔؟

۶۔۔۔ شیر خواری کی عمر میں کتنے بچوں نے گواہی دی۔؟

۷۔۔۔ گہوارے میں کتنے بچوں نے کلام کیا۔؟

۸۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کی ولادت کے قریب کتنے لوگوں نے اس امید پر اپنے بچوں کا نام محمد رکھا کہ نبی آخر الزماں وہی ہوں۔؟

۹۔۔۔ بطن مادر میں بچہ کے اندر روح کب ڈالی جاتی ہے۔؟

۱۰۔۔۔ اس صحابیہ کا کیا نام ہے جو رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں عورتوں کو غسل دیا کرتی تھیں۔؟

۱۱۔۔۔ حضرت یوسف ؑ کی طرح عورتوں میں بے مثل حسین کون تھی۔؟

۱۲۔۔۔ وہ کونسی عورت ہے جنہوں نے سب سے پہلے بیت اللہ میں ریشم کا غلاف چڑھایا۔؟

عورتوں اور بچوں سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ وہ حضرت حوا ہیں کہ سب سے پہلے اون کات کر سوت تیار کیا۔

۲۔۔۔ وہ حضرت سارہ رضی اللہ عنہا ہیں کہ عورتوں میں سب سے پہلے سینے کا کام کیا۔

۳۔۔۔ عورتوں میں سب سے پہلے حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا کے کان بیندھے اور چھیدے گئے۔

۴۔۔۔ عورتوں میں سب سے پہلے حضرت حمنہ رضی اللہ عنہا کو حد قذف لگائی گئی۔

(بحوالہ اسلام، محسن انسانیت)

۵۔۔۔ مشرک کو قتل کرنے والی سب سے پہلی عورت حضرت صفیہ بنت عبد المطلب رضی اللہ عنہا ہیں۔

۶۔۔۔ شیر خواری کی عمر میں چار بچوں نے گواہی دی۔

(۱) حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔

(۲) حضرت موسیٰ علیہ السلام پر فرعون کو شبہ ہوا تو فرعون کی بیٹی کے بال سنوارنے والی عورت کی بچی نے گواہی دی۔

(۳) بنی اسرائیل کے ایک بزرگ حضرت جریج پر زنا کی تہمت کی ایک بڑی سازش باندھی گئی تو ایک نوزائدہ بچے نے ان کی برأت کی شہادت دی۔

(۴) زلیخا کی تہمت پر اس کے گھر کے ایک بچہ نے، یوسف علیہ السلام کی بے گناہی کی شہادت دی۔ (حیوۃ الحیوان ج ۱ ص ۹۰، ابن کثیر پ ۱۲ ع ۳)

۷۔۔۔ کل گیارہ بچوں نے گہوارے میں کلام کیا۔

(۱) حضور ﷺ۔ (۲) حضرت یحییٰ علیہ السلام۔ (۳) حضرت ابراہیم علیہ السلام۔ (۴) حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔ (۵) حضرت مریم۔ (۶) حضرت جریج کی گواہی دینے والا

بچہ (۷) حضرت یوسف علیہ السلام کا گواہ۔ (۸) کھائی والوں کا بچہ۔ (۹) اس لونڈی کا بچہ کہ جس پر زمانہ بنی اسرائیل میں زنا کی تہمت لگائی گئی تھی۔ (۱۰) حضرت آسیہ (زوجہ فرعون) کی خادمہ کا وہ بچہ جسے کھولتے تیل میں جلایا گیا۔ (۱۱) یہود کا وہ بچہ جو اپنے ماں باپ کو لیکر حضور اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور صلوۃ و سلام عرض کیا۔ (تفسیر نعیمی ج ۳ ص ۳۶۲)

۸۔۔۔ بارہ لوگوں نے یہ بات سن کر کہ زمانہ نبی آخر الزماں کا قریب ہے اور ان کا نام پاک محمد ہوگا اپنی اولاد کا نام محمد رکھا اس امید پر کہ نبی آخر الزماں وہی ہوں۔ اور عجائب قدرت الٰہی سے یہ کہ ان میں سے کسی نے بھی دعویٰ نبوت نہ کیا اور نہ وہ لوگ اس نام سے مشہور ہوئے۔ وہ بارہ نام یہ ہیں۔

(۱) محمد بن عدی۔ (۲) محمد بن احیحہ۔ (۳) محمد بن اسامہ۔ (۴) محمد بن براء۔ (۵) محمد بن حارث۔ (۶) محمد بن خزاعی۔ (۷) محمد بن خولی۔ (۸) محمد بن یحمد۔ (۹) محمد بن فقیمی۔ (۱۰) محمد بن مسلمہ۔ (۱۱) محمد بن خرمان تعری۔ (۱۲) محمد بن حرمان جعفی۔ ان میں سے محمد بن مسلمہ اور محمد بن براء مسلمان ہیں۔ (تفسیر الم نشرح ص ۱۹۶)

۹۔۔۔ بطن مادر میں بچہ کے اندر چار ماہ میں روح ڈالی جاتی ہے۔ (صاوی)

۱۰۔۔۔ وہ حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا ہیں کہ حضور اکرم ﷺ کے زمانے میں عورتوں کو غسل دیا کرتی تھیں اسی وجہ ان کا لقب غسالہ پڑگیا تھا۔ اصل نام نسیبہ ہے۔ (بخاری ص ۱۶۸)

۱۱۔۔۔ جس طرح مردوں میں حضرت یوسف علیہ السلام بے مثل حسین تھے اسی طرح عورتوں میں حضرت سارا رضی اللہ عنہا بے مثل حسین تھیں۔ بلکہ حضرت یوسف علیہ السلام کا حسن حضرت سارا ہی کی میراث تھا۔ (تفسیر نعیمی ج ۱۲ ص ۸۳۰)

۱۲۔۔۔ حضرت عباس ؓ کی والدہ نتیلہ بنت جناب، سب سے پہلی عرب عورت ہیں کہ جنہوں نے بیت الحرام میں دیبا (ریشمی کپڑا) کا غلاف چڑھایا۔ اسلئے کہ حضرت عباس ؓ بچپنے میں گم ہو گئے تھے تو ان کی والدہ نے نذر مانی تھی کہ وہ آجائیں تو بیت اللہ پر غلاف چڑھائیں گی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۴۴)

فرشتوں سے متعلق سوالات

۱ــــ فرشتے زمین پر کب آباد کیے گئے۔؟
۲ــــ فرشتوں کی کتنی قسمیں ہیں۔؟
۳ــــ فرشتوں کی تعداد کتنی ہے۔؟
۴ــــ آسمان اول کے خازن فرشتے کا نام کیا ہے اور انکے ماتحت کتنے فرشتے ہیں؟
۵ــــ آسمان اول کے فرشتوں کی تسبیح کیا ہے۔؟
۶ــــ آسمان اول کے فرشتے کس حالت میں معروف عبادت ہیں۔؟
۷ــــ دوسرے آسمان کے دربان فرشتے کا نام کیا ہے اور انکے ماتحت کتنے فرشتے ہیں؟
۸ــــ دوسرے آسمان کے فرشتوں کی تسبیح کیا ہے۔؟
۹ــــ دوسرے آسمان کے فرشتے کس حالت میں معروف عبادت ہیں۔؟
۱۰ــــ تیسرے آسمان کے خازن فرشتے کا نام کیا ہے۔؟
۱۱ــــ تیسرے آسمان کے خازن فرشتے کے زیر حکم کتنے فرشتے ہیں۔؟
۱۲ــــ تیسرے آسمان کے فرشتوں کی تسبیح کیا ہے۔؟
۱۳ــــ تیسرے آسمان کے فرشتے کس حال میں معروف عبادت ہیں۔؟
۱۴ــــ چوتھے آسمان کے سردار فرشتے کا نام کیا ہے اور ان کی زیر اطاعت کتنے فرشتے ہیں۔؟
۱۵ــــ چوتھے آسمان کے فرشتوں کی تسبیح کیا ہے۔؟
۱۶ــــ چوتھے آسمان کے فرشتے کس حالت میں معروف عبادت ہیں۔؟
۱۷ــــ پانچویں آسمان کے خازن فرشتے کا نام کیا ہے اور ان کی فرمانبرداری میں کتنے فرشتے ہیں۔؟

۱۸ــــ پانچویں آسمان کے فرشتوں کی تسبیح کیا ہے۔؟
۱۹ــــ پانچویں آسمان کے فرشتے کس حالت میں معروف عبادت ہیں۔؟
۲۰ــــ چھٹے آسمان کے سوار فرشتے کا نام کیا ہے اور انکے زیر حکم کتنے فرشتے ہیں۔؟
۲۱ــــ چھٹے آسمان کے فرشتوں کی تسبیح کیا ہے۔؟
۲۲ــــ چھٹے آسمان کے فرشتے کس حالت میں معروف عبادت ہیں۔؟
۲۳ــــ ساتویں آسمان کے دربان فرشتے کا نام کیا ہے اور ان کے ماتحت کتنے فرشتے ہیں۔؟
۲۴ــــ ساتویں آسمان کے فرشتوں کی تسبیح کیا ہے۔؟
۲۵ــــ ساتویں آسمان کے فرشتے کس حالت میں معروف عبادت ہیں۔؟
۲۶ــــ اولین فرشتہ جس نے سجدہ کیا کون ہے۔؟
۲۷ــــ فرشتوں کی مسجد کا نام کیا ہے اور وہ کہاں ہے۔؟
۲۸ــــ آسمانی فرشتوں کا قبلہ کیا ہے۔؟
۲۹ــــ جبرائیل علیہ السلام کے کتنے بازو ہیں۔؟
۳۰ــــ جبرائیل علیہ السلام کے گھوڑے کا نام کیا ہے۔؟
۳۱ــــ فرشتوں نے کتنے اور کن کن حضرات کو غسل دیا۔؟
۳۲ــــ اس فرشتے کا کیا نام ہے کہ شب قدر کو اعمال کا نسخہ جس کے حوالے کیا جاتا ہے۔؟
۳۳ــــ وہ کونسا فرشتہ ہے جو جب سے پیدا ہوا بجز ایک بار کے نہ کبھی ہنسا اور نہ کبھی ہنسے گا۔؟
۳۴ــــ جبرائیل علیہ السلام جب بشکل انسانی دنیا میں آتے تھے تو اس وقت آپ کس رنگ کے کپڑوں میں ملبوس ہوتے تھے۔؟
۳۵ــــ فرشتے کس رنگ کی پگڑیاں پہن کر میدان جنگ میں اسلامی لشکروں کی مدد کے لئے آتے تھے۔؟

۳۶۔۔۔ روح قبض کرنے کیلئے ملک الموت کتنے فرشتوں کو اپنے ہمراہ لیکر چلتے ہیں؟
۳۷۔۔۔ اس فرشتے کا کیا نام ہے جو قیامت کے دن زمین کو لپیٹے گا۔؟
۳۸۔۔۔ وہ کونسا فرشتہ ہے کہ جس کی پیشانی پر سارا قرآن لکھدیا گیا ہے۔؟
۳۹۔۔۔ وہ کونسا فرشتہ ہے جو قیامت کے دن لوگوں کو میدان حشر کی طرف بلائے گا۔؟
۴۰۔۔۔ حضرت اسرافیل علیہ السلام کے ماتحت کتنے فرشتے ہیں اور ان کی تسبیح کیا ہے۔؟
۴۱۔۔۔ جنت کے خازن فرشتے کا نام کیا ہے۔؟
۴۲۔۔۔ دوزخ کے خازن فرشتے کا نام کیا ہے۔؟
۴۳۔۔۔ حضرت مالک علیہ السلام جس منبر پر بیٹھے ہیں اسکے کتنے پائے ہیں؟
۴۴۔۔۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام کس نبی کی خدمت میں کتنی بار حاضر ہوئے۔؟

فرشتوں سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ حق تقدس و تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش سے ساٹھ ہزار سال قبل ملائکہ کو آسمان میں بسایا اور جنات کو زمین پر۔ جنات زمین پر سات ہزار سال آباد رہے پھر ان کا آپس میں حقد و حسد اور بغض و کینہ شروع ہوا۔ چنانچہ انہوں نے آپس میں خوب خون ریزی اور جنگ و جدال کیا اس وقت تک ابلیس پر تلبیس کہ جس کا نام عزازیل تھا بہت مقبول بارگاہ الٰہی تھا اور تمام ملائکہ میں بڑا عالم اور عابد۔ اس کو حکم ہوا کہ اپنے ساتھ فرشتوں کی ایک جماعت لے جا اور جنات کو زمین میں سے نکال کر جزیروں اور پہاڑوں کی طرف دھکیل دے۔ چنانچہ ابلیس خبیس نے ایسا ہی کیا۔ جو فرشتے کہ ابلیس کے ساتھ آئے تھے وہ زمین میں آباد کر دیے گئے۔ اس طرح اب فرشتوں کے دو حصے ہو گئے۔ ایک زمین والے اور ایک آسمان والے۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۲۷۹)

۲۔۔۔ ملائکہ چند قسم کے ہیں۔
(۱) عرش کے اٹھانے والے۔ (۲) عرش اعظم کے گرد گھومنے والے۔ (۳) جلیل القدر ملائکہ جیسے جبرائیل و میکائیل وغیرہ۔ (۴) جنت کے فرشتے۔ (۵) ملائکہ جہنم۔ (۶) وہ جو انسان کی حفاظت پر مامور کیے گئے ہیں۔ (۷) اعمال نامے لکھنے والے جسے کراماً کاتبین کہتے ہیں۔ (۸) وہ جن کے سپرد دنیا کے انتظامات ہیں۔ پھر ان کی بہت سی قسمیں ہیں مثلاً پانی برسانے والے۔ رحم مادر میں بچہ بنانے والے۔ مصیبت میں انسانوں کی مدد کرنے والے وغیرہ وغیرہ۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۲۷۹)

۳۔۔۔ ان کی تعداد و حد حصر و احصاء سے باہر ہے۔ ان کی کثرت کا یہ حال ہے کہ صاحب تفسیر کبیر و روح البیان وغیرہا نے فرمایا: انسان جنات کا دسواں حصہ

ہیں۔ جن وانس خشکی کے جانوروں کا دسواں حصہ، یہ سب مل کر پرندوں کا دسواں حصہ، پھر یہ سب مل کر دریائی جانوروں کا دسواں حصہ، اور یہ سب مل کر زمین کے فرشتوں کا دسواں حصہ پھر یہ سب مل کر پہلے آسمان کے فرشتوں کا دسواں حصہ، یہ دوسرے آسمان کے فرشتوں کا دسواں حصہ اسی طرح ساتویں آسمان تک یہی ترتیب ہے۔ پھر یہ تمام مخلوقات مل کر کرسی کے فرشتوں کے مقابل بہت کم۔ یہ سب مل کر عرش اعظم کے ایک پردہ کے فرشتوں کے مقابلے میں بہت کم۔ خیال رہے کہ عرش اعظم کے چھ لاکھ پردے ہیں ہر پردہ میں اسی قدر ملائکہ ہیں پھر یہ تمام مخلوق ان فرشتوں کے مقابلے میں جو عرش اعظم کے اردگرد گھومتے رہتے ہیں ایسے ہیں جیسے دریا کے مقابلے میں قطرہ۔ اس سے معلوم ہوا کہ سب سے بڑی مخلوق فرشتے ہی ہیں ان کی تعداد رب تبارک وتعالیٰ ہی جانتا ہے۔ اسی جگہ یہ روایت بھی ہے کہ سیاح لامکاں سید الانس والجان علیہ التحیۃ والثناء نے شب معراج میں ایک جگہ فرشتوں کی قطاریں جاتی ہوئی دیکھیں۔ جبرائیل سے دریافت فرمایا: یہ کہاں جارہے ہیں۔! جبرائیل نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ میں جب سے پیدا ہوا ہوں اس قطار کو ایسے ہی جاتے ہوئے دیکھ رہا ہوں۔ مجھے خبر نہیں کہ کہاں سے آرہے ہیں اور کہاں جارہے ہیں۔! فرمایا: چلو! ان سے پوچھیں۔ چنانچہ ان میں سے ایک سے سوال کیا گیا کہ تیری عمر کتنی ہے۔؟ اس نے جواب دیا: مجھے خبر نہیں۔ ہاں اتنا جانتا ہوں کہ رب تبارک وتعالیٰ ہر چار لاکھ سال بعد ایک تارہ پیدا فرماتا ہے اور میں نے ایسے چار لاکھ تارے پیدا ہوتے ہوئے دیکھے ہیں۔ (تفسیر نعیمی پ۱ ص۲۰۸)

۴۔۔۔ اس خازن فرشتے کا نام اسمٰعیل علیہ السلام ہے اور ان کے تابع بارہ ہزار ایسے فرشتے ہیں کہ ان میں سے ہر فرشتہ کے ماتحت بارہ ہزار جمعیت ہے۔ ایک روایت میں ایک لاکھ فرشتے ہیں کہ ہر ایک کے زیر حکم ایک ایک لاکھ اور فرشتے ہیں۔ ایک اور روایت میں ان فرشتوں کی تعداد سات لاکھ ہے جو اسمٰعیل علیہ السلام

کی تبعیت میں ہیں اور ان میں سے ہر ایک کے ماتحت سات سات لاکھ فرشتے۔ (مدارج النبوۃ ج۳ ص۹۸)

۵۔۔۔ ان فرشتوں کی تسبیح یہ ہے۔ سُبْحَانَ الْملك الاعلیٰ سبحان العلی الاعلیٰ سبحان من لیس کمثله شی (مدارج النبوۃ رکن سوم ص۹۹)

۶۔۔۔ یہ تمام فرشتے صف بہ صف حالت قیام میں خشوع وخضوع کے ساتھ ہمہ وقت مصروف عبادت ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج۳ ص۹۹)

۷۔۔۔ اس کا نام اسرافیل علیہ السلام ہے۔ ان کی فرمانبرداری میں دو لاکھ ملائکہ ہیں کہ ان میں سے ہر ایک کے ماتحت دو دو لاکھ فرشتے۔ (مدارج النبوۃ ج۳ ص۱۰۲)

۸۔۔۔ ان کی تسبیح یہ ہے۔ سبحان الله كل ما يسبح الله مسبح والحمد لله كل احمد الله حامد و لا اله الا الله كلما هلل الله والله اكبر كلما كبر الله مكبر. (مدارج ج۳ ص۱۰۲)

۹۔۔۔ یہ فرشتے ہمہ وقت حالت رکوع میں مصروف عبادت ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج۳ ص۱۰۳)

۱۰۔۔۔ اس آسمان کے دربان فرشتے کا نام سرحائیل علیہ السلام ہے۔ (مدارج النبوۃ ج۳ ص۱۰۳)

۱۱۔۔۔ ان کے زیر حکم ایسے تین لاکھ فرشتے ہیں کہ ان میں سے ہر ایک کے تابع تین تین لاکھ دیگر فرشتے ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج۳ ص۱۰۳)

۱۲۔۔۔ ان فرشتوں کی تسبیح یہ ہے سبحان معطی الوهاب سبحان فتاح العليم سبحان المجيب لمن دعاه . (مدارج النبوۃ ج۳ ص۱۰۲)

۱۳۔۔۔ ہمہ وقت بحالت سجود اللہ کی عبادت میں مصروف ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج۳ ص۱۰۲)

۱۴۔۔۔ اس کا نام ایک روایت میں عزرائیل، ایک روایت میں موضیائیل اور ایک روایت میں مومیائیل ہے۔ ان کی اطاعت میں چار لاکھ ملائکہ ہیں کہ جن میں سے ہر ایک کے زیر حکم چار چار لاکھ فرشتے ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج۳ ص۱۰۳)

۱۵۔۔۔ ان کی تسبیح ہے **سبحان خالق الظلمات وا لنور سبحان خالق الشمس و القمر المنیر سبحان الرفیق الاعلیٰ۔** (مدارج النبوۃ ص ۱۰۳)

۱۶۔۔۔ یہ فرشتے اللہ کی عبادت حالت قعدہ میں کر رہے ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۵)

۱۷۔۔۔ اس کا نام سقطائیل ہے اور ان کے تابع پانچ لاکھ ایسے فرشتے ہیں کہ ان میں سے ہر ایک کے ماتحت پانچ پانچ لاکھ فرشتے ہیں۔ (مدارج النبوۃ ص ۱۰۶)

۱۸۔۔۔ ان کی تسبیح یہ ہے **قدوس قدوس رب الارباب سبحان ربنا علی الاعظم قدوس قدوس رب الملئکة والروح۔** (مدارج ص ۱۰۶)

۱۹۔۔۔ یہ فرشتے ہمہ وقت قیام میں مصروف عبادت ہیں۔ (مدارج النبوۃ ص ۱۰۶)

۲۰۔۔۔ اس سردار فرشتے کا نام روعائیل علیہ السلام ہے۔ ان کے زیر حکم چھ لاکھ فرشتے ہیں اور ان میں سے ہر ایک کے معیت میں چھ چھ لاکھ دیگر فرشتے ہیں۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۷)

۲۱۔۔۔ ان کی تسبیح اس طرح ہے **سبحان اللہ الکریم سبحانہ النور المبین سبحانہ من الہ من فی السموت و الہ من فی الارض۔** (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۷)

۲۲۔۔۔ یہ فرشتے حالت قومہ میں عبادت گزار ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۷)

۲۳۔۔۔ اس کا نام روحائیل ہے سات لاکھ ملائکہ ان کے مطیع و منقاد ہیں کہ ان میں سے ہر ایک سات سات لاکھ فرشتوں کا حاکم ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۹)

۲۴۔۔۔ ان کی تسبیح یہ ہے **سبحان الذی بسط السموت فرفعها سبحان الذی سطح الارضین ففرشها سبحان الذی اطلع الکواکب و ازهرها سبحان الذی ارشی الجبال فهیا ها.** (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۹)

۲۵۔۔۔ یہ فرشتے قیام کی حالت میں اللہ کی عبادت میں مصروف ہیں۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۹)

۲۶۔۔۔ اول فرشتہ جس نے سجدہ کیا وہ اسرافیل علیہ السلام ہیں۔ (البدایہ ج ۱ ص ۴۶)

۲۷۔۔۔ اس کا نام بیت المعمور ہے جو ساتویں آسمان پر بیت اللہ شریف کے

بالمقابل ہے اگر کوئی چیز بیت المعمور سے گرائی جائے تو وہ ٹھیک بیت اللہ پر آکر گرے گی۔ (البدایہ ج ۱ ص ۴۲ کنز العمال ج ۱۱ ص ۳۹۸)

ایک قول یہ ہے کہ یہ چوتھے آسمان پر ہے۔ (حاشیہ تفسیر حسینی ج ۱ ص ۴۳ پ ۱۳)

۲۸۔۔۔ ان فرشتوں کا قبلہ عرش ہے۔ (عجائب المخلوقات ص ۴۱)

۲۹۔۔۔ جبرائیل علیہ السلام کے چھ سو بازو ہیں۔ (ابن کثیر پ ۲۷ ع ۵)

۳۰۔۔۔ جبرائیل امین کے گھوڑے کا نام حیزوم ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۲۰)

۳۱۔۔۔ تین حضرات کو۔

(۱) حضرت آدم علیہ السلام۔ (۲) حضرت حنظلہ بن ابی عامر رضی اللہ عنہ۔ (بدایہ ج ۱ ص ۱۸۳)

(۳) حضرت زکریا علیہ السلام کی شہادت سے متعلق ایک روایت ہے کہ جب کفار نے آپ کو چیر کر بیچ سے دو ٹکڑے کر دیئے تو خدا نے فرشتوں کو حکم دیا اور فرشتوں نے غسل دے کر آپ کی نماز جنازہ پڑھی۔ (نزہۃ المجالس ص ۱۱۳)

۳۲۔۔۔ اس کا نام اسمٰعیل ہے۔ (روح المعانی ج ۵۲ ص ۱۱۳)

۳۳۔۔۔ وہ حضرت مالک علیہ السلام ہیں۔ شب معراج کو رسول اکرم ﷺ کو دیکھکر پہلی بار ہنسے تھے۔ اس سے قبل نہ کبھی ہنسے تھے اور نہ کبھی ہنسیں گے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۸)

۳۴۔۔۔ اس وقت آپ کے کپڑے سفید اور بال سیاہ ہوتے تھے۔

(تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۲۸۸)

۳۵۔۔۔ جنگ بدر میں فرشتے سیاہ پگڑیوں میں اور جنگ احد میں سرخ پگڑیوں بروایت دیگر زرد پگڑیوں میں دیکھے گئے۔ اور ان کے گھوڑے چتکبرے رنگ کے تھے۔ (تفسیر نعیمی ج ۴ ص ۱۴۴)

حضرت ابن ابی حاتم و عروہ بن زبیر کے مطابق جنگ بدر میں ملائکہ کی پگڑیوں کا رنگ زرد تھا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے مطابق سفید۔ اور ابن مردویہ کے بموجب ان کا رنگ کالا تھا۔ (حاشیہ ۹ جلالین ص ۹۰)

اور جنگ حنین میں سرخ رنگ کی پگڑیاں تھیں۔ (حاشیہ ۳۳ جلالین ص ۱۵۷)

۳۶۔۔۔ مومنوں کی روح قبض کرنے کے لئے ملک الموت اپنے ہمراہ رحمت کے چھ لاکھ فرشتے لاتے ہیں اور کافروں کے لئے چھ لاکھ عذاب کے فرشتے ان کے ساتھ ہوتے ہیں۔ (معارج النبوۃ ج ۳ ص [illegible])

۳۷۔۔۔ اس فرشتے کا نام ربائیل ہے۔ (الاتقان فی علوم القرآن ج ۲ ص [illegible])

۳۸۔۔۔ وہ حضرت اسرافیل علیہ السلام ہیں۔ (تفسیر نعیمی ج [illegible])

۳۹۔۔۔ وہ حضرات اسرافیل علیہ السلام ہیں۔ بعض نے کہا ہے کہ ندا تو حضرت جبرائیل علیہ السلام دیں گے اور صور حضرت اسرافیل علیہ السلام پھونکیں گے۔ (معارج النبوۃ ج ۳ ص [illegible])

۴۰۔۔۔ آپ کے زیر حکم سات لاکھ ایسے ملائکہ ہیں کہ ان میں سے ہر ایک کے ماتحت سات سات لاکھ ملائکہ ہیں۔ اور ان کی تسبیح یہ ہے۔ سبحان السمیع العلیم سبحان المحتجب من خلقہ سبحان ربنا تعالیٰ۔

(معارج النبوۃ ج ۳ ص [illegible])

۴۱۔۔۔ اس کا نام رضوان علیہ السلام ہے۔ (معارج النبوۃ ج ۳ ص [illegible])

۴۲۔۔۔ اس فرشتے کا نام مالک ہے علیہ السلام۔ (الاتقان فی علوم القرآن ج ۲ ص [illegible])

۴۳۔۔۔ مالک علیہ السلام سیاہ منبر پر بیٹھے ہوئے ہیں۔ اس منبر کے آٹھ لاکھ پائے ہیں۔ (معارج النبوۃ ج ۳ ص ۱۰۸)

۴۴۔۔۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں جبرائیل علیہ السلام چوبیس ہزار مرتبہ نازل ہوئے، حضرت آدم علیہ السلام پر بارہ مرتبہ، حضرت ادریس علیہ السلام پر چار مرتبہ، حضرت نوح علیہ السلام پر پچاس مرتبہ، حضرت ابراہیم علیہ السلام پر بیالیس مرتبہ، حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایک سو چار مرتبہ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر دس مرتبہ۔ (معارج النبوۃ ج ۳ ص [illegible])

جنات سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ جنات کس دن پیدا کیے گئے۔؟

۲۔۔۔ جنات زمین پر کب آباد کیے گئے تھے۔؟

۳۔۔۔ جنات زمین پر کتنے سالوں تک آباد رہے۔؟

۴۔۔۔ جنات کو زمین سے کیوں بھگایا گیا اور کس نے بھگایا۔؟

۵۔۔۔ جنات کو زمین سے بھگانے کا واقعہ حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش سے کتنے سال قبل کا ہے۔؟

۶۔۔۔ جنات کی کتنی قسمیں ہیں۔؟

۷۔۔۔ کس قسم کے جنات سے حساب وکتاب ہوگا۔؟

۸۔۔۔ جو جنات حضور اکرم ﷺ پر ایمان لائے تھے ان کی تعداد کتنی تھی۔؟

۹۔۔۔ جو جنات کہ مشرف بہ اسلام ہوئے تھے ان کے نام کیا ہیں۔؟

۱۰۔۔۔ حضور اکرم ﷺ پر جو جنات ایمان لائے وہ کہاں کے رہنے والے تھے؟

۱۱۔۔۔ مسلمان جنوں نے جب حضور اکرم ﷺ سے زاد و توشہ طلب کیا تو آپ نے ان کے لئے کیا زاد و توشہ مقرر فرمایا۔؟

۱۲۔۔۔ جبل ابو قبیس پر کھڑے ہو کر جس جن نے بتوں کی حمایت کی تھی اور حضور اکرم ﷺ کی دشمنی پر کفار و مشرکین کو جوش دلایا تھا اس کا نام کیا ہے۔؟

۱۳۔۔۔ کفار و مشرکین کو جوش دلانے والے اس جن کو کس جن نے قتل کیا۔؟

۱۴۔۔۔ اس جن کا کیا نام ہے جو نوح علیہ السلام سے لیکر حضور اکرم ﷺ تک ہر نبی کی خدمت میں حاضر ہوتا رہا؟

جنات سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ حضرت ابوالعالیہ فرماتے ہیں:

جنات کو جمعرات کے دن پیدا کیا گیا۔ (ابن کثیر پ۱ ص۴)

۲۔۔۔ اللہ جل مجدہ الکریم نے حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش سے ساٹھ ہزار سال قبل جنات کو زمین میں بسایا تھا۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۲۷۹)

۳۔۔۔ جنات زمین پر سات ہزار سال تک آباد رہے۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۲۷۹)

۴۔۔۔ جنات جب زمین پر آباد ہوئے تو ان کا آپس میں حسد و حقد شروع ہوا۔ انہوں نے زمین پر فساد کیا، خون بہایا اور قتل و غارت کیا۔ ابلیس وجو اس وقت تک بہت مقبول بارگاہ الٰہی تھا اسے حکم ہوا کہ اپنے ساتھ فرشتوں کی ایک جماعت لے جا۔ اور جنات کو زمین سے نکال کر پہاڑوں اور جزیروں کی طرف دھکیل دے۔ چنانچہ ابلیس نے ایسا ہی کیا اس نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ جنات کو مار کر پہاڑوں اور جزیروں میں بھگا دیا۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۲۷۹، ابن کثیر پ۱ ص۴)

۵۔۔۔ یہ واقعہ حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش سے دو ہزار سال پہلے کا ہے۔ (ابن کثیر پ۱ ص۴)

اوپر تفسیر نعیمی کا جو قول گزرا کہ "جنات زمین پر حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش سے ساٹھ ہزار سال قبل بسائے گئے۔ اور سات ہزار سال تک زمین پر آباد رہے۔" اس سے معلوم ہوا کہ جنات کو زمین سے نکالنے کا واقعہ ولادت آدم علیہ السلام سے ترپن ہزار سال قبل پیش آیا۔ (مؤلف)

۶۔۔۔ جنات کی تین قسمیں ہیں۔

(۱) وہ جن کے پر ہوتے ہیں اور وہ ہوا میں اڑتے ہیں۔ (۲) وہ جو سانپوں کی شکل میں رہتے ہیں۔ (۳) وہ جو انسانوں کی طرح ہیں۔ (حیوۃ الحیوان)

۷۔۔۔ تیسری قسم کے جنات سے یعنی جو انسانوں کی طرح ہیں۔ (حوالہ بالا)

۸۔۔۔ جنات کی اس جماعت کی تعداد میں اختلاف ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سات جن تھے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ نو تھے۔ بعض حضرات سے مروی ہے کہ یہ پندرہ تھے۔ ایک روایت میں ہے کہ ساٹھ اونٹوں پر آئے تھے۔ ایک روایت یہ ہے کہ یہ تین سو تھے۔ ایک روایت میں چھ ہزار کی تعداد ہے اور یہ بھی مروی ہے کہ بارہ ہزار تھے۔ ان سب میں تطبیق یہ ہے کہ چونکہ وفود کئی ایک آئے تھے۔ ممکن ہے کہ کسی میں سات، نو ہی ہوں کسی میں زیادہ اور کسی میں اس سے بھی زیادہ۔

(ابن کثیر پ۲۶ ص۲ حصہ درج المنثور ص۸۳)

۹۔۔۔ ان کے نام یہ ہیں۔

(۱) حسی۔ (۲) حسا۔ (۳) منسی۔ (۴) ساصر۔ (۵) ناصر۔ (۶) الارد و بیان۔ (۷) ازم۔

بن مسعود رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ یہ نو تھے ایک کا نام ردبعہ تھا۔ بعض نے کہا ہے ان کے سردار کا نام وردان تھا۔ (ابن کثیر پ۲۶ ص۴)

علامہ سیوطی نے گیارہ نام گنائے ہیں۔

(۱) زوبعہ۔ (۲) حسی۔ (۳) مسی۔ (۴) شاصر۔ (۵) ماصر۔ (۶) فشی۔ (۷) ناشی۔ (۸) احقب۔ (۹) سرق۔ (۱۰) وردان۔ (۱۱) عمر بن جابر۔ (الاتقان ج۲ ص۱۹۱)

۱۰۔۔۔ حضرت مجاہد کہتے ہیں:

یہ جنات نصیبین کے رہنے والے تھے۔ حضرت ابن مسعود فرماتے ہیں کہ یہ اصل نخلہ سے آئے تھے۔ ابو حمزہ ثمالی کا کہنا ہے کہ بنو شیصبان کے تھے۔ حضرت عکرمہ کا قول ہے کہ یہ جزیرہ موصل سے آئے تھے۔ (ابن کثیر پ۲۶ ص۳)

۱۱۔۔۔ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جب انہوں نے زاد و توشہ طلب کیا تو حضور اکرم ﷺ نے ہڈیاں ان کے لئے توشہ اور گوبر ان کا چارہ

مقرر فرمایا۔ اور فرمایا: ہر ہڈی انکے ہاتھ لگتے ہی ایسی ہو جائے گی جیسی اس وقت تھی جب کھائی گئی تھی۔ یعنی گوشت والی ہو کر انہیں ملے گی۔ اور گوبر میں بھی وہی دانے پائیں گے جو اس روز تھے جب وہ دانے کھائے گئے تھے۔ پس کوئی شخص بھی ہڈی اور گوبر سے استنجانہ کرے۔ (ابن کثیر [illegible])

۱۲۔۔۔ اس جن کا نام مسعر تھا۔ (مدارج النبوۃ [illegible])

۱۳۔۔۔ اس کا نام سمحج یا سمج تھا نبی کریم ﷺ نے اس کا نام بدل کر عبد اللہ رکھا۔

(مدارج النبوۃ [illegible])

۱۴۔۔۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے۔ ایک بوڑھا شخص لکڑی ہاتھ میں لئے ہوئے آیا۔ اس نے آپ کو سلام کیا۔ حضور ﷺ نے سلام کا جواب دیا اور فرمایا: یہ جن کی آواز ہے۔ پھر فرمایا: تو کون ہے۔؟ اس نے کہا: میں ہامہ بن الہیم بن الاقیس بن ابلیس ہوں میں نے حضرت نوح علیہ السلام سے بھی ملاقات کی ہے اور ان کے بعد ہر نبی سے ملتا رہا ہوں۔ (اب آپ کی خدمت میں حاضر ہوں) (مدارج النبوۃ [illegible])

شیاطین سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ ابلیس کی پیدائش کس طرح ہوئی۔؟
۲۔۔۔ ابلیس کے باپ اور ماں کا نام کیا ہے۔؟
۳۔۔۔ راندۂ بارگاہ سے قبل ابلیس کا کیا نام تھا۔؟
۴۔۔۔ ابلیس کا نام ابلیس کیوں ہوا۔؟
۵۔۔۔ ابلیس کی کنیت اور لقب کیا ہے۔؟
۶۔۔۔ ابلیس کتنے سالوں تک جنت کا خزانچی رہا۔؟
۷۔۔۔ ابلیس نے عرش کا طواف کتنے سال تک کیا۔؟
۸۔۔۔ ابلیس کتنے سالوں تک ملائکہ کا سردار رہا۔؟
۹۔۔۔ ابلیس کس آسمان میں کس نام سے پکارا جاتا تھا۔؟
۱۰۔۔۔ ابلیس پر سب سے پہلے لعنت کس نے کی۔؟
۱۱۔۔۔ ابلیس آسمان سے دنیا میں کس دن اتارا گیا۔؟
۱۲۔۔۔ شیاطین کا آسمانوں میں جانا کب سے بند ہوا۔؟
۱۳۔۔۔ شیطان کے بچے کس طرح پیدا ہوتے ہیں۔؟
۱۴۔۔۔ شیطان کے روزانہ کتنے بچے پیدا ہوتے ہیں۔؟
۱۵۔۔۔ اس شیطان کا کیا نام ہوتا ہے جو ہر انسان کے ساتھ پیدا ہوتا ہے۔؟
۱۶۔۔۔ شیطان کی کل کتنی اولاد ہے اور کس کے ذمے کیا کام ہے۔؟
۱۷۔۔۔ وہ کونسا شیطان ہے جو حضور ﷺ پر ایمان لایا۔؟
۱۸۔۔۔ میدان بدر میں شیطان کس کی شکل میں اپنے شیطانی لشکروں کی قیادت کر رہا تھا۔؟
۱۹۔۔۔ ابلیس کی بیوی کا نام کیا ہے۔؟

شیاطین سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ شیخ فریدالدین عطار علیہ الرحمہ نے فرمایا:

اللہ جل مجدہ الکریم نے در کہ سجین میں بھیڑیا اور سانپ کی شکل میں دو صورت پیدا فرمائی۔ دونوں نے آپس میں جفتی کھائی۔ اور اللہ تقدس و تعالیٰ نے ان سے ابلیس پر جبلیس کو پیدا فرمایا۔ (مدارج النبوۃ ص ۱۵ ار کن اول)

۲۔۔۔ اس کے باپ کا نام خبلیث تھا۔ جس کی شکل شیر یا سانپ کی مانند تھی۔ اور ماں کا نام نبلیث جس کی شکل بھیڑیے کی مانند تھی۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۱۵)

۳۔۔۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا:

اس کا پہلا نام عزازیل تھا۔ امام سدی کہتے ہیں کہ اس وقت اس کا نام الحارث تھا۔ اور خطابی نے بیان کیا ہے کہ اس کا نام فترہ تھا۔ (الاتقان فی علوم القرآن ج ۲ ص ۱۸۸)

۴۔۔۔ خدائے پاک کی صریح نافرمانی اور حضرت آدم علیہ السلام سے بغض و عناد کی وجہ سے وہ خدائے کریم کی ہر نعمت و رحمت سے مایوس کر دیا گیا۔ یا وہ نیکی و بدی کو بندگان خدا کیلئے خلط ملط کر دیتا ہے اس لئے ابلیس نام سے مشہور ہو گیا۔

(تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۱۰، الاتقان ج ۲ ص ۱۸۸)

۵۔۔۔ اس کی کنیت ابو کردوسی یا ابو قترہ یا ابو مرہ یا ابو لبینی ہے۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۸۸)

اور لقب شیخ نجدی۔ (لغات کشوری ص ۳۳۶)

۶۔۔۔ حضرت کعب احبار رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

شیطان چالیس ہزار سال تک جنت کا خزانچی رہا۔ (صاوی ج ۱ ص ۲۲)

۷۔۔۔ چودہ ہزار سال تک۔ (صاوی ج ۱ ص ۵۰، جمل ج ۱ ص ۵۰)

۸۔۔۔ اسی ہزار سال تک ملائکہ کے ساتھ رہا۔ جس میں سے بیس ہزار سال تک ملائکہ کو وعظ و نصیحت کرتا رہا۔ تیس ہزار سال تک ملائکہ کروبیین کا سردار رہا اور ایک ہزار سال ملائکہ روحانیین کا سردار رہا۔ (جمل ج ۱ ص ۵۰)

۹۔۔۔ حضرت کعب احبار رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ابلیس خبیس کو آسمان اول پر عابد کے نام سے پکارا جاتا تھا۔ آسمان دوم پر زاہد، تیسرے پر عارف، چوتھے پر ولی، پانچویں پر تقی، چھٹے پر خازن اور ساتویں آسمان پر عزازیل کے نام سے پکارا جاتا تھا۔ (جمل ج ۱ ص ۵۰)

بروایت دیگر پہلے آسمان پر عابد، دوسرے پر راکع، تیسرے پر ساجد، چوتھے پر خاشع، پانچویں پر سانت، چھٹے پر مجتہد اور ساتویں پر زاہد کے نام سے پکارا جاتا تھا۔ (نزہۃ المجالس ج ۲ ص ۸۴)

۱۰۔۔۔ سب سے پہلے جبرائیل نے لعنت و ملامت کی پھر میکائیل نے پھر اسرافیل نے پھر عزرائیل علیہم السلام نے (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۳۹)

۱۱۔۔۔ منگل کے دن۔ (ملفوظات خواجہ نظام الدین اولیاء علیہ الرحمہ ص ۱۹)

۱۲۔۔۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: پہلے شیاطین آسمانوں میں داخل ہوتے تھے اور وہاں کی خبریں کاہنوں کے پاس لاتے تھے۔ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام پیدا ہوئے تو شیاطین تین آسمانوں سے روک دیے گئے۔ جب سید عالم ﷺ کی ولادت ہوئی تو تمام آسمانوں سے منع کر دئے گئے۔

(خزائن العرفان پ ۱۳ ع ۲، مدارج النبوۃ ص ۳۲۵)

۱۳۔۔۔ خرپوتی شرح قصیدہ بردہ میں ہے کہ شیطان کی داہنی ران میں مذکر کی علامت ہے اور بائیں ران میں مؤنث کی علامت۔ دونوں رانوں کو ملا کر خود ہی اپنے سے جماع کرتا ہے خود حاملہ ہوتا ہے اور خود بچہ جنتا ہے۔ اس کے علاوہ ان کی پیدائش کے اور بھی بہت سے طریقے ہیں۔

(تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۲۷۱، صاوی ج ۳ ص ۵، جمل ج ۳ ص ۳۵)

۱۴۔۔۔ وہ روزانہ دس انڈے دیتا ہے اور ہر انڈے سے ستر شیطان اور ستر

شیطانیہ پیدا ہوتے ہیں۔ (صاوی ج۳ ص۵۰۳، جمل ج۳ ص۲۵)

۱۵۔۔۔۔ اس کا نام ہمزاد ہے لوگ اسے بھوت وغیرہ بھی کہا کرتے ہیں۔

(تفسیر نعیمی ج۸ ص۱۷۳)

۱۶۔۔۔۔ کل اولاد کی تعداد تو معلوم نہیں البتہ بعض کے نام اور کام کا ذکر کیا جارہا ہے۔

حضرت مجاہد فرماتے ہیں:

شیطان کی اولادوں میں سے ایک کا نام لاقیس اور دوسرے کا نام ولہان ہے ان دونوں کے ذمے یہ کام ہے کہ نماز اور طہارت میں وسوسہ ڈالیں۔

تیسرے شیطان کا نام مرۃ ہے اسی کی وجہ سے شیطان کی کنیت ابو مرۃ ہے۔

چوتھا زلنبور نام کا ہے اس کا یہ کام ہے کہ یہ لوگوں کے لئے بازاروں کو مرصع اور مزین کرتا ہے۔ جھوٹی قسمیں کھلواتا ہے اور سامانوں کی جھوٹی تعریفیں کرواتا ہے۔

پانچواں شیطان بتر ہے یہ بوقت مصیبت لوگوں کو آہ وزاری کرنے، منہ پر طمانچہ مارنے اور کپڑے پھاڑنے پر برانگیختہ کرتا ہے۔

چھٹے کا نام اعور ہے یہ لوگوں کو زنا و بدکاری پر ابھارتا ہے یہاں تک کہ لوگوں کی شہوتوں کو بھڑکانے کے لئے مردوں کے ذکر اور عورتوں کے فرج میں پھونک مار مار کر ان میں خواہش پیدا کرتا ہے۔

ساتواں شیطان مطروس ہے یہ لوگوں سے افواہیں پھیلاتا ہے۔ آٹھواں داسم نام کا ہے اس کے ذمے یہ کام ہے کہ جو شخص بغیر سلام کئے گھر میں داخل ہو تو یہ بھی اس کے ساتھ گھر میں داخل ہو جاتا ہے اور گھر والوں کو غصہ دلاتا ہے تاکہ لڑائی جھگڑا ہو۔ (جمل ج۳ ص۵۰۳، صاوی ج۳ ص۵۰۳ حاشیہ ۱۳ جلالین ص۲۲۴)

ایک روایت میں ہے کہ ایک مرتبہ صحابہ کرام کی مجلس میں حضور ﷺ نے فرمایا: اس ملعون پر خدا کی لعنت ہو! پھر سر مبارک جھکا لیا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! آپ نے کس پر لعنت کی۔؟ فرمایا: شیطان لعین

دشمن خدا پر۔ اس مردود نے اپنی دم کو اپنی مقعد میں داخل کیا اور نو انڈے دیئے ان سے اس کے ساتھ بچے پیدا ہوئے پھر ان میں سے ہر بچہ آدم علیہ السلام کی اولاد کو گمراہ کرنے پر مامور ہوا۔

چنانچہ ایک کا نام "مدحش" ہے جو عالموں کو ہوا و حرص کی ترغیب دینے پر مقرر ہوا۔

دوسرے کا نام "حدیث" ہے جو نمازیوں کو نماز بھلانے، کھیل کود میں دل لگانے، بہکانے، جماہی لینے اور اونگھنے میں مبتلا کرتا ہے۔

تیسرے شیطان کا نام "زبنون" ہے جس کے سپرد بازاروں کا انتظام ہے یہ دن رات بازاروں میں رہتا ہے لوگوں کو کم تولنے کی ترغیب دیتا ہے۔ خرید و فروخت میں جھوٹ بولنے، سامان کو سجانے اور اس کی تعریفیں کرنے کے راستے بتاتا ہے۔

چوتھے شیطان کا نام "بتر ہے" ہے جو مصیبت کے وقت لوگوں کو اپنے گریبان پھاڑنے کی رغبت دلاتا ہے۔

پانچویں شیطان کا نام "مفسوط" ہے یہ لوگوں کو جھوٹ بولنے، چغلی کھانے، لعن و تشنیع کرنے اور اسی قسم کے دوسرے گناہوں کی ترغیب دیتا ہے۔

چھٹے شیطان کا نام "داسم" ہے جو مرد کے ذکر اور عورت کے سرین میں پھونکتا ہے تاکہ آپس میں زنا کریں۔

ساتویں شیطان کا نام "اعور" ہے جو چوری کرنا سکھاتا ہے چور سے کہتا ہے کہ چوری کرنے سے تمہارا فاقہ دور ہوگا اپنا قرض دور کرسکو گے، اچھے کپڑے پہن سکو گے اور چوری کرنے کے بعد توبہ کرلینا۔ (تنبیہ الغافلین ص۲۱۷)

حضرت عثمان بن عاص رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کی خدمت میں عرض کیا کہ میری نماز اور قرأت کے درمیان شیطان آکر داخل ہو جاتا ہے۔ آپ نے فرمایا اس شیطان کا نام "خنزب" ہے اس کو دیکھو تو اللہ کے یہاں سے اس سے پناہ مانگو اور

اپنے دائیں بائیں تین دفعہ تھوک دیا کرو۔ ([illegible] ص ۲۱۷)

۱۷۔۔۔ وہ شیطان جو حضور اکرم ﷺ کا قرین تھا۔ اور بطن نخلہ میں جو جنات مشرف بہ اسلام ہوئے تھے ان میں ایک ابلیس کا بیٹا بھی تھا جو مسلمان ہوا تھا۔

(تفسیر الم نشرح ص ۱۹۹، تفسیر نعیمی ج ۲ ص ۲۳۱)

۱۸۔۔۔ میدان بدر میں مشرکین مکہ کی مدد کے لئے شیطان بشکل سراقہ بن مالک بن جعشم اپنے شیطانی لشکروں کی قیادت کر رہا تھا۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۳ حاشیہ ۱۰ [illegible] ص ۱۵۳)

(یہ سراقہ وہی ہے جس نے ہجرت کے موقعہ پر رسول اللہ ﷺ کا تعاقب کیا تھا پھر بعد میں اسلام لایا)

۱۹۔۔۔ ابلیس کی بیوی کا نام زسئل ہے۔ ([illegible] ص ۱۸۷)

اصحاب کہف سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ اصحاب کہف کی تعداد کتنی ہے اور ان کے نام کیا ہیں۔؟

۲۔۔۔ اصحاب کہف کس شہر کے رہنے والے تھے۔؟

۳۔۔۔ اصحاب کہف میں سب سے بڑے صاحب کا نام کیا ہے۔؟

۴۔۔۔ اصحاب کہف کس نبی کی شریعت پر عمل پیرا تھے۔؟

۵۔۔۔ اصحاب کہف جس بادشاہ کے ظلم و جبر سے تنگ آکر غار میں جا چھپے تھے اس کا نام کیا تھا۔؟

۶۔۔۔ اس غار کا کیا نام ہے جس میں اصحاب کہف پناہ گزیں ہوئے تھے۔؟

۷۔۔۔ اس پہاڑ کا کیا نام ہے جس میں اصحاب کہف کا غار ہے۔؟

۸۔۔۔ اس وادی کا کیا نام ہے جس میں اصحاب کہف کا غار اور پہاڑ ہے۔؟

۹۔۔۔ اصحاب کہف کے کتے کا نام کیا ہے۔؟

۱۰۔۔۔ اصحاب کہف کے کتے کا رنگ کیسا ہے۔؟

۱۱۔۔۔ اصحاب کہف کا یہ کتا کس کا تھا اور یہ کتا ان لوگوں کے ہمراہ کیوں ہوا۔؟

۱۲۔۔۔ اصحاب کہف غار میں کس وقت داخل ہوئے تھے اور جب بیدار ہوئے تو وہ کونسا وقت تھا۔؟

۱۳۔۔۔ اصحاب کہف کتنے دنوں تک سوتے رہے۔؟

۱۴۔۔۔ اصحاب کہف کس سن میں سوئے تھے اور کس سن میں بیدار ہوئے۔؟

۱۵۔۔۔ اصحاب کہف کی بیداری کے وقت جو بادشاہ حکمران تھا اس کا نام کیا تھا۔؟

۱۶۔۔۔ اصحاب کہف کے سونے اور جاگنے کے واقعہ کی تفصیل کیا ہے۔؟

۱۷۔۔۔ اصحاب کہف میں سے بازار سودا لینے کون گیا تھا۔؟

۱۸۔۔۔ اصحاب کہف سال میں کتنی بار کروٹ لیتے ہیں اور کس تاریخ کو۔؟

۱۹۔۔۔ اصحاب کہف اب کس زمانے میں بیدار ہوں گے۔؟

۲۰۔۔۔ اصحاب کہف کے ناموں کے فوائد کیا کیا ہیں۔؟

اصحاب کہف سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ یہ سات حضرات تھے۔ ان کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) مکسلمینا۔ (۲) یملیخا۔ (۳) مرطونس۔ (۴) بینونس۔ (۵) ساریونس۔ (۶) ذونوانس۔ (۷) کشفیط طنونس۔ (خزائن العرفان پ۱۵ ع۱۳)

اور حاشیہ ۱۴ جلالین صفحہ ۲۴۳ پر ان کے نام اس طرح ہیں۔

(۱) یملیخ۔ (۲) مکسلمینا۔ (۳) مشلینا۔ (۴) مرنوش۔ (۵) دبرنوش۔ (۶) شاذنوش۔ (۷) کفشیطیطولس۔

ایک دوسری روایت میں ان کی تعداد نو ہے اور نام یوں ہیں۔

(۱) کشلمین۔ (۲) تمیخ۔ (۳) مرطونس۔ (۴) کشطونس۔ (۵) بیرونس۔ (۶) دلیموس۔ (۷) بطونس۔ (۸) قابوس۔ (۹) مکسلمین۔ (ابن کثیر پ۱۵ ع۱۴)

۲۔۔۔ یہ حضرات شہر افسوس کے شرفاء و معززین میں سے ایمان دار لوگ تھے۔ (خزائن العرفان پ۱۵ ع۱۳)

اسلام میں اس شہر کا نام طرطوس رکھا گیا۔ (جلالین ۲۴۳)

بعض کا کہنا ہے کہ یہ روم کے شہروں میں ہے۔ بعض کا یہ کہنا ہے کہ یہ ایلہ کے قریب ہے اور بعض بلقاء اور نینوا کے پاس بتاتے ہیں۔ (ابن کثیر پ۱۵ ع۱۴)

۳۔۔۔ اس کا نام مکسلمینا ہے۔ (خزائن العرفان پ۱۵ ع۱۴)

۴۔۔۔ یہ لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شریعت پر عمل پیرا تھے۔ بعض کہتے ہیں کہ یہود کی کتاب میں اصحاب کہف کا ذکر موجود ہے اور یہود کی کتاب نصرانیت سے پہلے کی ہے۔ پس معلوم ہوا کہ آپ لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے پہلے کے ہیں۔

(ابن کثیر پ۱۵ ع۱۴)

۵۔۔۔ اس کا نام دقیانوس تھا۔ (خزائن العرفان پ۱۵ ع۱۳)

۶۔۔۔ اس کا غار کا نام حیزوم کہا گیا ہے۔ (ابن کثیر پ۱۵ ع۱۳)

بعض نے بنجلوس اور بعض نے بنجلوس بتایا ہے۔ (صاوی ج۳ ص۵)

۷۔۔۔ اس پہاڑ کا نام یا تو رقیم ہے یا بخلوس۔ (ابن کثیر پ۱۵ ع۱۳)

۸۔۔۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ اس وادی کا نام رقیم ہے

(خزائن العرفان پ۱۵ ع۱۳)

۹۔۔۔ اس کا نام قطمیر ہے۔ (خزائن العرفان پ۱۵ ع۱۳)

شعیب جبائی کہتے ہیں کہ اس کا نام حمران ہے۔ (ابن کثیر پ۱۵ ع۱۴)

۱۰۔۔۔ اس کا رنگ پیلا ہے۔ بعض نے گندم گوں رنگ بتایا ہے۔

(حاشیہ ۱۹ جلالین ص۲۴۲)

۱۱۔۔۔ بعض کہتے ہیں کہ یہ انہیں اصحاب میں سے کسی کا شکاری کتا پلا ہوا تھا۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ بادشاہ کے باورچی کا یہ کتا تھا۔ چونکہ وہ بھی ان کے ہم مسلک تھا اور ان کے ساتھ ہجرت میں تھا ہجرت کے وقت ہی انکا یہ کتا ان کے پیچھے ہو لیا تھا۔ (ابن کثیر پ۱۵ ع۱۵)

۱۲۔۔۔ یہ لوگ غار میں طلوع آفتاب کے وقت داخل ہوئے تھے اور جب اٹھے تو آفتاب قریب غروب تھا۔ (خزائن العرفان پ۱۵ ع۱۵)

۱۳۔۔۔ شمسی تاریخ کے اعتبار سے یہ لوگ تین سو سال سوئے۔ اور باعتبار قمری تین سو نو سال۔ (جلالین ص۲۴۴)

۱۴۔۔۔ یہ لوگ ۲۴۹ء میں سوئے۔ اور ۵۴۹ء میں بیدار ہوئے۔ ان کے بیدار ہونے کا واقعہ حضور اکرم ﷺ کی ولادت باسعادت سے تقریباً اکیس برس پہلے پیش آیا تھا۔ آپ ﷺ کی ولادت ۵۷۰ء میں ہوئی۔ (حاشیہ تفسیر حقانی ج۱۵ ص۱۷)

(خزائن العرفان پ۱۵ ع۱۳)

۱۵۔۔۔ اس بادشاہ کا نام بیدروس تھا۔ (ابن کثیر پ۱۵ ع۱۵)

بقول دیگر اس کا نام تندوسیس تھا۔

۱۶ــــ علمائے تفسیر و مورخان پاکیزہ تحریر ان حضرات کا واقعہ یوں بیان کرتے ہیں۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بعد اہل انجیل کی حالت ابتر ہوگئی۔ وہ بت پرستی میں مبتلا ہوئے اور دوسروں کو بت پرستی پر مجبور کرنے لگے۔ ان میں بادشاہ بڑا جابر تھا جو بت پرستی پر راضی نہ ہوتا اس کو قتل کر ڈالتا۔ اصحاب کہف شہر افسوس کے شرفاء و معززین میں سے ایمان دار لوگ تھے رومی بادشاہ کی اولاد اور روم کے سردار تھے۔ ایک مرتبہ قوم کے ساتھ عید منانے گئے انہوں نے جب وہاں شرک اور بت پرستی کا تماشا دیکھا تو ان کے دل میں خیال آیا کہ بت پرستی محض لغو اور باطل چیز ہے۔ عبادتیں صرف نام خدا پر ہونی چاہیئے جو آسمان و زمین کا خالق و مالک ہے پس یہ لوگ ایک ایک کر کے یہاں سے سرکنے لگے۔ ان میں سے ایک صاحب ایک درخت کے تلے جا کر بیٹھ گئے۔ دوسرے بھی یہیں آگئے تیسرے بھی آئے پھر چوتھے بھی۔ غرض کہ ایک ایک کر کے سب یہیں جمع ہوگئے۔ حالانکہ ایک دوسرے میں تعارف نہ تھا لیکن ایمان کی روشنی نے ایک دوسرے کو ملا دیا۔ سب خاموش تھے ایک کو ایک سے ڈر تھا کہ اگر میں اپنے مافی الضمیر کو بتا دوں تو یہ دشمن ہو جائیں گے۔ کسی کو بھی دوسرے کی نسبت معلوم نہ تھا کہ وہ بھی اسی طرح قوم کی اس احمقانہ اور مشرکانہ رسم سے بیزار ہے۔ آخر ایک دانا اور جری نوجوان نے کہا: دوستو! کوئی نہ کوئی بات ضروری ہے کہ لوگوں کے اس عام شغل کو چھوڑ کر تم ان سے یکسو ہو کر یہاں آ بیٹھے ہو۔ میرا تو جی چاہتا ہے کہ ہر شخص اس بات کو ظاہر کر دے جس کی وجہ سے اس نے قوم کو چھوڑا ہے۔ اس پر ایک نے کہا: بھائی! بات یہ ہے کہ مجھے اپنی قوم کی یہ رسم ایک آنکھ نہیں بھاتی جب کہ آسمان و زمین کا اور ہمارا تمہارا خالق صرف اللہ وحدہ لاشریک ہی ہے تو پھر ہم اسکے سوا دوسرے کی عبادت کیوں کریں۔؟ یہ سن کر دوسرے نے کہا: خدا کی قسم! یہی نفرت مجھے بھی یہاں لائی ہے۔ تیسرے نے بھی یہی کہا۔ جب ہر ایک نے یہی وجہ بیان کی تو سب کے دل میں محبت کی ایک لہر دوڑ گئی۔ اور یہ سب روشن خیال موحد آپس

میں سچے دوست اور ماں جائے بھائیوں سے بھی زیادہ ایک دوسرے کے خیر خواہ بن گئے۔ آپس میں اتحاد و اتفاق ہو گیا۔ اب انہوں نے ایک جگہ مقرر کر لی، وہیں خدائے واحد کی عبادت کرنے لگے۔ رفتہ رفتہ قوم کو بھی پتہ چل گیا وہ ان سب کو پکڑ کر اس ظالم و مشرک بادشاہ کے پاس لے گئے۔ اور شکایت پیش کی۔ بادشاہ نے ان سے پوچھا تو انہوں نے نہایت دلیری سے اپنی توحید اور اپنا مسلک بیان کیا بلکہ بادشاہ اور اہل دربار کو بھی اس کی دعوت دی۔ بادشاہ بہت بگڑا، انہیں ڈرایا، دھمکایا اور حکم دیا کہ ان کے لباس اتار لو اور اگر یہ باز نہ آئیں تو میں سخت سزا دوں گا۔ اب ان لوگوں کے دل اور مضبوط ہو گئے ساتھ میں انہیں یہ بھی معلوم ہو گیا کہ یہاں رہ کر ہم دینداری پر قائم نہیں رہ سکتے اس لئے انہوں نے قوم، دیس اور رشتے کنبے کو چھوڑنے کا ارادہ پختہ کر لیا اور ایک دن موقعہ پا کر یہاں سے بھاگ نکلے اور قریب کے پہاڑ میں ایک غار کے اندر پناہ گزیں ہوئے وہاں وہ سو گئے اور تین سو سال سے زیادہ عرصہ تک اسی حال میں رہے۔ بادشاہ کو جستجو سے معلوم ہوا کہ وہ لوگ غار کے اندر ہیں تو اس نے حکم دیا کہ غار کو ایک سنگین دیوار کھینچ کر بند کر دیا جائے تاکہ وہ اس میں مر کر رہ جائیں اور وہ ان کی قبر ہو جائے یہی ان کی سزا ہے۔ عمال حکومت میں سے یہ کام جس کے سپرد کیا گیا وہ نیک آدمی تھا۔ اس نے ان اصحاب کے نام، تعداد اور پورا واقعہ رانگ کی طرح تختی پر کندہ کرا کر تانبے کی صندوق میں دیوار کی بنیاد کے اندر محفوظ کر دیا۔ یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ اس طرح کی ایک تختی شاہی خزانہ میں بھی محفوظ کرا دی گئی۔ کچھ عرصہ کے بعد یہ ظالم بادشاہ ہلاک ہوا۔ زمانے گذرے، سلطنتیں بدلیں تا آنکہ ایک نیک بادشاہ فرمانروا ہوا۔ پھر ملک میں فرقہ بندی پیدا ہوئی اور بعض لوگ مرنے کے بعد اٹھنے اور قیامت آنے کے منکر ہو گئے۔ بادشاہ ایک تنہا مکان میں بند ہو گیا۔ اور اس نے گریہ زاری سے بارگاہ الٰہی میں دعا کی: یارب! کوئی ایسی نشانی ظاہر فرما جس سے خلق کو مردوں کے اٹھنے اور قیامت آنے کا یقین حاصل ہو۔!

اسی زمانہ میں ایک شخص نے اپنی بکریوں کے لئے آرام کی جگہ حاصل کرنے کے واسطے اسی غار کو تجویز کیا اور دیوار گرادی۔ دیوار گرنے کے بعد کچھ ایسی ہیبت طاری ہوئی کہ گرانے والا بھاگ گیا۔ اصحاب کہف بحکم الٰہی فرحاں وشاداں اٹھے چہرے شگفتہ، طبیعتیں خوش، اور زندگی میں تروتازگی۔ موجود ایک نے دوسرے کو سلام کیا نماز کیلئے کھڑے ہو گئے۔ فارغ ہو کر ایک سے کہا کہ آپ جائیے اور بازار سے کچھ کھانے کو بھی لائیے اور یہ بھی خبر لائیے کہ دقیانوس بادشاہ کا ہم لوگوں کی نسبت کیا ارادہ ہے۔ وہ بازار گئے اور شہر پناہ کے دروازے پر اسلامی علامت دیکھی، نئے نئے لوگ پائے انہیں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نام کی قسم کھاتے سنا۔ تعجب ہوا یہ کیا معاملہ ہے کل تو کوئی شخص اپنا ایمان [illegible] نہیں کر سکتا تھا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نام لینے سے قتل کر دیا جاتا تھا اور آج اسلامی علامتیں شہر پناہ پر ظاہر ہیں، لوگ بے خوف و خطر حضرت کے نام کی قسمیں کھاتے ہیں۔ (انہیں ان باتوں سے حیرت اس لئے ہو رہی تھی کہ وہ اپنے نزدیک یہی سمجھے ہوئے تھے کہ ہمیں یہاں پہنچے ایک آدھ دن گزرا ہے۔ حالانکہ اس دوران زمانے گزر چکے تھے، صدیاں بیت گئی تھیں۔) پھر آپ نان پز کی دوکان پر گئے۔ کھانا خریدنے کیلئے اس کو دقیانوسی سکہ کا ایک روپیہ دیا جس کا چلن صدیوں سے موقوف ہو گیا تھا اور اس کا دیکھنے والا بھی کوئی باقی نہ رہا تھا۔ دوکاندار نے اس سکہ کو دیکھ کر سخت تر تعجب کا اظہار کیا اور اسے اپنے پڑوسی کو دیا کہ میاں دیکھنا یہ سکہ کیسا ہے کب کا ہے۔؟ کس زمانے کا ہے۔؟ اس نے دوسرے کو دیا، دوسرے سے کسی اور نے دیکھنے کو مانگ لیا۔ الغرض وہ ایک تماشہ بن گیا۔ بازار والوں نے خیال کیا کہ کوئی پرانا خزانہ ان کے ہاتھ لگ گیا ہے۔ انہیں پکڑ کر حاکم کے پاس لے گئے وہ نیک شخص تھا اس نے بھی ان سے دریافت کیا کہ خزانہ کہاں ہے۔؟ انہوں نے کہا کہ خزانہ کہیں نہیں ہے یہ روپیہ ہمارا اپنا ہے۔ حاکم نے کہا یہ بات کسی طرح قابل یقین نہیں اس میں جو سن موجود ہے وہ تین سو برس پہلے کا ہے اور آپ نوجوان ہیں۔

ہم لوگ بوڑھے ہیں ہم نے تو کبھی یہ سکہ دیکھا ہی نہیں۔ آپ نے فرمایا میں جو دریافت کروں وہ ٹھیک ٹھیک بتاؤ تو عقدہ حل ہو جائے گا۔ یہ بتاؤ کہ دقیانوس بادشاہ کس حال و خیال میں ہے۔؟ حاکم نے کہا: آج روئے زمین پر اس نام کا کوئی بادشاہ نہیں سینکڑوں برس ہوئے جب ایک بے ایمان بادشاہ اس نام کا گزرا ہے۔ آپ نے فرمایا: کل ہی تو ہم اس کے خوف سے جان بچا کر بھاگے ہیں۔ میرے ساتھی قریب کے پہاڑ میں ایک غار کے اندر پناہ گزیں ہیں۔ چلو میں تمہیں ان سے ملا دوں۔ حاکم، شہر کے عمائد اور ایک خلق کثیر ان کے ہمراہ سر غار پہنچے۔ ادھر اصحاب کہف اپنے ساتھی کے انتظار میں تھے۔ کثیر لوگوں کے آنے کی آواز اور کھٹکے سن کر سمجھے کہ ساتھی پکڑا گیا اور دقیانوسی فوج ہماری جستجو میں آرہی ہے۔ اللہ کی حمد اور شکر بجالانے لگے۔ اتنے میں یہ لوگ پہنچے اور ساتھی نے سارا قصہ سنایا۔ ان حضرات نے سمجھ لیا کہ ہم بحکم الٰہی اتنا طویل زمانہ سوئے اور اب اس لئے اٹھائے گئے ہیں کہ لوگوں کے لئے بعد موت زندہ کئے جانے کی دلیل اور نشانی ہوں۔ حاکم سرغار پہنچا تو اس نے تانبے کا صندوق دیکھا اس کو کھولا تو تختی برآمد ہوئی اس میں ان اصحاب کے اسماء اور ان کے کتے کا نام لکھا ہوا تھا۔ یہ بھی لکھا تھا کہ یہ جماعت اپنے دین کی حفاظت کے لئے دقیانوس کے ڈر سے اس غار میں پناہ گزیں ہوئی۔ یہ تختی پڑھ کر سب کو تعجب ہوا۔ اور لوگ اللہ کی حمد و ثنا بجالائے کہ اس نے ایسی نشانی ظاہر فرما دی جس سے موت کے بعد اٹھنے کا یقین حاصل ہوتا ہے۔ حاکم نے اپنے بادشاہ کو اطلاع دی۔ وہ امراء اور عمائد لیکر حاضر ہوا۔ اور سجدہ شکر الٰہی بجالایا کہ اللہ نے اس کی دعا قبول کی۔ اصحاب کہف نے بادشاہ سے معانقہ کیا اور فرمایا: ہم تمہیں اللہ کے سپرد کرتے ہیں والسلام علیک ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اللہ تیری اور تیرے ملک کی حفاظت فرمائے اور جن و انس کے شر سے بچائے۔ بادشاہ کھڑا ہی تھا کہ وہ حضرات اپنی خواب گاہوں میں واپس ہو کر معروف خواب ہوئے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں وفات دی۔ بادشاہ نے سال کے

صندوق میں ان کے اجساد کو محفوظ کیا اور اللہ نے رعب سے ان کی حفاظت فرمائی کہ کسی کی مجال نہیں کہ وہاں پہنچ سکے۔ بادشاہ نے سرِ غار مسجد بنانے کا حکم دیا اور ایک سرور کا دن معین کیا کہ ہر سال لوگ عید کی طرح وہاں آیا کریں۔

(خزائن العرفان پ۱۵ع ۱۳۔ ابن کثیر پ۱۵ع ۱۳)

۱۷۔۔۔ یملیخا گیا تھا۔ (خزائن العرفان پ۱۵ع ۱۳)

۱۸۔۔۔ سال میں ایک مرتبہ دسویں محرم کو کروٹ لیتے ہیں۔

(خزائن العرفان پ۱۵ع ۱۵)

ایک قول کے بموجب سال میں دو مرتبہ کروٹ بدلتے ہیں۔

(ابن کثیر پ۱۵ع ۱۵)

اور بعض کہتے ہیں کہ ہر نو سال کے بعد۔ (حاشیہ ۱۵ جلالین ص ۲۴۲)

۱۹۔۔۔ امام ربانی محبوب رحمانی مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ اصحاب کہف، حضرت امام مہدی ﷺ کے زمانہ میں بیدار ہوں گے اور آپ کے ہمراہ جہاد کریں گے۔ (حاشیہ ۱۶ جلالین ص ۲۴۳)

۲۰۔۔۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ان کے اسماء کے بہت سے فوائد منقول ہیں۔

(۱) یہ اسماء لکھ کر دروازے پر لگا دیئے جائیں تو مکان جلنے سے محفوظ رہتا ہے۔

(۲) سرمایہ پر رکھ دیئے جائیں تو چوری نہیں جاتا۔

(۳) کشتی یا جہاز ان کی برکت سے غرق نہیں ہوتا۔

(۴) بھاگا ہوا شخص ان کی برکت سے واپس آ جاتا ہے۔

(۵) کہیں آگ لگی ہو تو ان اسماء کو کپڑے میں لکھ کر آگ میں ڈال دیئے جائیں تو وہ آگ بجھ جاتی ہے۔

(۶) اگر کوئی بچہ زیادہ روتا ہے تو ان ناموں کو لکھ کر اس کے سر کے نیچے رکھ دیئے جائیں رونا بند ہو جائیگا۔

(۷) اگر باری کا بخار آتا ہے تو ان ناموں کو لکھ کر بطریق تعویذ بازو میں

باندھے بخار بند ہو جائے گا۔

(۸) دردِ سر۔

(۹) ام الصبیان۔

(۱۰) خشکی و تری کے سفر میں جان و مال کی حفاظت کیلئے

(۱۱) عقل کی تیزی۔

(۱۲) قیدیوں کی آزادی کے لئے ان ناموں کو اپنے پاس رکھنا مفید ہے۔

(۱۳) کھیتی کی حفاظت کے لئے ان ناموں کا تعویذ لکڑی میں باندھ کر کھیت کے بیچ اسے گاڑ دیا جائے۔

(۱۴) اگر کسی حاکم و آفیسر کے پاس جانا ہو تو ان ناموں کا تعویذ داہنی ران پر باندھ کر جائے۔ حاکم نرم دل ہو گا۔

(۱۵) اگر کسی بچے کی ولادت میں پریشانی ہو رہی ہو تو یہ نام لکھ کر عورت کے بائیں ران پر باندھ دیئے جائیں۔ ولادت میں آسانی ہو گی۔

(خزائن العرفان پ۱۵ع ۱۳۔ حاشیہ ۱۶ جلالین ص ۲۴۳)

یاجوج اور ماجوج سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ یاجوج اور ماجوج کس کی اولاد سے ہیں۔؟
۲۔۔۔ یاجوج اور ماجوج کی تعداد کتنی ہے اور انہیں قید کیوں کیا گیا ہے۔؟
۳۔۔۔ حضرت ذوالقرنین نے جس چار دیواری میں یاجوج اور ماجوج کو مقید کیا اس کی تعمیر کن چیزوں سے کی گئی ہے۔؟
۴۔۔۔ اس دیوار کی لمبائی، چوڑائی اور اونچائی کتنی ہے، جس میں یاجوج اور ماجوج مقید ہیں۔؟
۵۔۔۔ یاجوج اور ماجوج اس آہنی دیوار سے کب اور کس طرح نکل آئیں گے۔؟
۶۔۔۔ یاجوج اور ماجوج قید سے نکلنے کے بعد کن کن شہروں میں داخل نہ ہو سکیں گے۔؟
۷۔۔۔ اللہ تعالیٰ کس کی دعا سے یاجوج ماجوج کو ہلاک فرمائے گا۔؟
۸۔۔۔ یاجوج ماجوج کس طرح ہلاک ہونگے۔؟

یاجوج اور ماجوج سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ یہ یافث بن نوح علیہ السلام کی اولاد سے فسادی گروہ ہیں۔ (خزائن العرفان پ۱۶ ع۲)

۲۔۔۔ ان کی تعداد بہت زیادہ ہے یہ زمین میں فساد کرتے تھے۔ ربیع کے زمانہ میں نکلتے تھے تو کھیتیاں اور سبزے سب کھا جاتے تھے اور خشک چیزیں لاد کر لے جاتے تھے۔ آدمیوں، درندوں وحشی جانوروں اور سانپ بچھوؤں تک کو کھا جاتے تھے۔ حضرت ذوالقرنین سے لوگوں نے ان کی شکایت کی تو آپ نے ایک مضبوط چار دیواری میں ان سب کو مقید کر دیا۔ (خزائن العرفان پ۱۶ ع۲)

۳۔۔۔ آپ نے دیوار کی تعمیر کے لئے بنیاد کھدوائی، جب پانی تک پہونچی تو اس میں پتھر پگھلائے ہوئے تانبے جمائے گئے اور لوہے کے تختے اوپر نیچے چن کر ان کے درمیان لکڑی اور کوئلہ بھروادیا اور آگ دیدی، اس طرح یہ دیوار پہاڑ کی بلندی تک اونچی کر دی گئی اور دونوں پہاڑوں کے درمیان کوئی جگہ نہ چھوڑی گئی۔ اوپر سے پگھلا ہوا تانبہ دیوار میں پلا دیا گیا۔ یہ سب مل کر ایک سخت جسم بن گیا۔ (خزائن العرفان پ۱۶ ع۲)

۴۔۔۔ اس کی بلندی دو سو گز، چوڑائی پچاس گز اور دونوں دیواروں کے بیچ سو میل کا فاصلہ ہے۔ (حاشیہ ۱۳ جلالین ص۲۵۲)

۵۔۔۔ حدیث شریف میں ہے کہ یاجوج وماجوج روزانہ اس دیوار کو توڑتے ہیں اور دن بھر محنت کرتے کرتے جب اس کے توڑنے کے قریب ہوتے ہیں تو ان میں کوئی کہتا ہے: اب چلو! باقی کل توڑلیں گے۔ ادوسرے دن جب آتے ہیں تو وہ بحکم الٰہی دیوار پہلے سے زیادہ مضبوط ہو جاتی ہے۔ قرب قیامت میں جب ان کے خروج کا وقت آئے گا تو ان میں کہنے والا کہے گا: اب چلو! باقی دیوار کل توڑ

لیں گے انشاء اللہ۔ انشاء اللہ کہنے کا یہ ثمرہ ہو گا کہ اس دن کی محنت رائیگاں نہیں جائے گی اور اگلے روز انہیں دیوار اتنی ہی ٹوٹی ملے گی جتنی پہلے روز توڑ گئے تھے۔ اب وہ نکل آئیں گے۔ (خزائن العرفان پ۱۶ ع۲)

۶۔۔۔۔ یہ مکہ مکرمہ، مدینہ طیبہ اور بیت المقدس میں داخل نہ ہو سکیں گے۔

(خزائن العرفان پ۱۶ ع۲)

۷۔۔۔۔ اللہ تعالیٰ، بدعائے عیسیٰ علیہ السلام انہیں ہلاک فرمائے گا۔

(خزائن العرفان پ۱۶ ع۲)

۸۔۔۔۔ اس طرح کہ ان کی گردنوں میں کیڑے پیدا ہوں گے جو ان کی ہلاکت کا سبب ہوں گے۔ (خزائن العرفان پ۱۶ ع۲)

عوج بن عنق سے متعلق سوالات

۱۔۔۔۔ عوج بن عنق کے باپ اور ماں کا نام کیا تھا۔؟

۲۔۔۔۔ عوج بن عنق کس نبی کے زمانہ میں پیدا ہوا اور کس نبی کے زمانہ تک رہا۔؟

۳۔۔۔۔ عوج بن عنق کا قد کتنا لمبا تھا اور اس کے جسم کی چوڑائی کتنی تھی۔؟

۴۔۔۔۔ عوج بن عنق کی ہر انگلی کی لمبائی کتنی تھی اور اسکی ہر انگلی میں کتنے ناخن تھے؟

۵۔۔۔۔ عوج بن عنق کیا کھاتا تھا۔؟

۶۔۔۔۔ طوفان نوحی کا پانی عوج بن عنق کے کہاں تک پہنچا تھا۔؟

۷۔۔۔۔ عوج بن عنق کو کس نے قتل کیا تھا اور کس طرح۔؟

۸۔۔۔۔ عوج بن عنق کے مرنے کے بعد اس کے پاؤں کی ہڈی سے کیا بنایا گیا تھا۔؟

۹۔۔۔۔ عوج بن عنق کی عمر کتنی ہوئی۔؟

عوج بن عنق سے متعلق عجوبات

۱۔۔۔عوج بن عنق کے باپ کا نام راسیحان تھا اور ماں کا نام عوق یا عنق جو حضرت آدم علیہ السلام کی صاحبزادی تھی۔ عوج اپنی ماں کے نام کے ساتھ مشہور ہوا۔

(معارج النبوۃ ص ۳۰، رکن اول)

۲۔۔۔ عوج بن عنق، حضرت آدم علیہ السلام کی حیات ہی میں پیدا ہوا تھا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے تک رہا۔ (معارج النبوۃ ج ۱ ص ۷۳)

۳۔۔۔ عوج بن عنق کا قد تینتیس سو تینتیس گز لمبا تھا۔ اور جسم کی چوڑائی تمیں گز تھی۔ (ابن کثیر پ ۶ ع ۸)

ایک قول کے بموجب اس کے قد کی لمبائی تینتیس سو تمیں گز تھی۔

(حاشیہ ۱۴ جلالین ۹۶)

اور ایک قول کے مطابق بیس ہزار تین سو تین گز۔ (معارج النبوۃ ج ۱ ص ۷۳)

۴۔۔۔ عوج بن عنق کی ہر انگلی کی لمبائی تین گز تھی اور چوڑائی دو گز۔ ہر انگلی میں دو دو ناخن تھے درانتی کی طرح نہایت ہی تیز۔ (معارج النبوۃ ج ۱ ص ۷۳)

۵۔۔۔ عوج بن عنق، سمندر سے مچھلیاں پکڑتا اور سورج کی تمازت میں اسے سینک کر کھاتا تھا۔ (معارج النبوۃ ج ۱ ص ۷۳)

۶۔۔۔طوفان نوحی کہ جس کا پانی اونچے اونچے پہاڑوں سے بھی چالیس گز اونچا تھا وہ پانی عوج کے گھٹنے تک بھی نہیں پہنچا تھا۔ (معارج النبوۃ ج ۱ ص ۷۳)

۷۔۔۔ابن جریر کہتے ہیں کہ عوج بن عنق کو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس طرح قتل کیا کہ آپ کے ہاتھ میں دس ہاتھ کا لمبا عصا مبارک تھا اور آپ کا قد مبارک بھی دس ہاتھ کا تھا اور آپ نے دس ہاتھ زمین سے اچھل کر عوج کو عصا مارا جو اس

کے ٹخنے پر لگا اور وہ اسی وقت مر گیا۔
(معارج النبوۃ ج ۱ ص ۷۳، ابن کثیر پ ۶ ع ۸)

۸۔۔۔ عوج بن عنق کے مرجانے کے بعد اس کے پاؤں کی ہڈی سے دریائے نیل کا پل بنایا گیا۔ جس پر سے سال بھر تک اہل نیل آتے جاتے رہے۔ عوف بکالی کہتے ہیں کہ اس کا تخت تین سو گز کا تھا۔ (ابن کثیر پ ۶ ع ۸)

۹۔۔۔عوج بن عنق کی عمر تین ہزار سال ہوئی۔ (حاشیہ ۱۴ جلالین ص ۹۶)

بقول دیگر تین ہزار چھ سو سال۔ (معارج النبوۃ ج ۱ ص ۷۳)

امتوں اور قوموں سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ کل امتیں کتنی ہیں۔؟

۲۔۔۔ سب سے طویل القامت قوم کونسی تھی۔؟

۳۔۔۔ وہ کونسی قوم تھی کہ جس نے دن کے ایک حصہ میں تین سو انبیاء کرام کو قتل کر ڈالا۔؟

۴۔۔۔ وہ کونسی قوم تھی کہ جس پر ایک عذاب یہ بھی نازل ہوا تھا کہ قوم کی ساری عورتیں بانجھ ہوگئیں۔؟

۵۔۔۔ پہلی امتوں کے کتنے گروہوں کی صورتیں مسخ ہوئیں۔؟

۶۔۔۔ امت محمدیہ کے فضائل و خصائص کیا کیا ہیں۔؟

۷۔۔۔ عبادات میں امت محمدیہ کی کیا خصوصیات ہیں۔؟

۸۔۔۔ اعمال میں امت محمدیہ کی کیا کیا خصوصیات ہیں۔؟

۹۔۔۔ قبر و حشر میں امت محمدیہ کے کیا کیا خصائص ہیں۔؟

امتوں اور قوموں سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ کل امتیں ستر ہیں۔ ترمذی نے حضرت بہز ابن حکیم ﷺ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے مسلمانو۔ اتم سے امتوں کا ستر کا عدد پورا ہوا۔

(تفسیر نعیمی ج ۴ ص ۷۸)

ایک روایت میں ہے کہ کل ایک ہزار امت ہیں جن میں سے چھ سو تری یعنی دریا میں اور چار سو خشکی یعنی زمین پر رہتی ہیں۔ (مشکوٰۃ ج ۲ ص ۴۷۲، ۴۷۳، میزان الشعرانی ج ۲ ص ۱۸۸)

۲۔۔۔ قوم عاد سب سے زیادہ طویل القامت تھی۔ ان کا بڑا آدمی سو گز کا اور چھوٹا آدمی ساٹھ گز کا ہوتا تھا۔ (جلالین ص ۳۰۵)

ایک دوسرے قول کے بموجب اس قوم کا لمبا آدمی چار سو یا پانچ سو گز کا ہوتا تھا اور چھوٹا آدمی تین سو گز کا۔ سر بڑے گنبد کے برابر ہوتا تھا اور آنکھیں اتنی بڑی ہوتی تھیں کہ ان کے مرنے کے بعد ان کی آنکھوں میں بجو بچہ جنا کرتی تھی۔ (حاشیہ ۳ جلالین ص ۱۳۵)

ایک روایت میں ہے کہ قوم عمالقہ کے جسم سات سو گز کے ہوتے تھے۔

(تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۵۴)

۳۔۔۔ وہ قوم بنی اسرائیل ہے کہ دن کے اول حصے کی ایک ساعت میں تین سو انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کو قتل کر ڈالے۔ پھر ایک سو ستر بنی اسرائیل کے ایماندار جو انہیں اس فعل سے روکنے کے لئے کھڑے ہوئے اور بھلائی کا حکم دینے لگے ان سب کو بھی اسی دن قتل کر ڈالا۔ (ابن کثیر پ ۳ ج ۱۱)

۴۔۔۔ قوم عاد یعنی حضرت ہود علیہ السلام کی قوم پر ایک عذاب یہ بھی نازل ہوا تھا کہ قوم کی تمام عورتیں بانجھ ہوگئیں تھیں۔ (خزائن العرفان پ ۳ ع ۵)

۵۔۔۔ پہلی امتوں کے پچیس گروہ تھے جن کی صورتیں مسخ ہوئیں۔ ان کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

(۱) بندر۔ (۲) خوک (خنزیر)۔ (۳) سوسمار۔ (گوہ) (۴) ہاتھی۔ (۵) بچھو۔ (۶) کتا۔ (۷) زنبور (بھڑ)۔ (۸) ستارہ زہرہ۔ (۹) ستارہ سہیل۔ (۱۰) سانپ۔ (۱۱) مچھلی۔ (۱۲) نیولا۔ (۱۳) طوطی۔ (۱۴) جنگلی چوہا۔ (۱۵) عقعق (جنگلی کوا)۔ (۱۶) مکڑی۔ (۱۷) چوہے پکڑنے والا۔ (۱۸) سفید لومڑی۔ (۱۹) چڑیا۔ (۲۰) الو۔ (۲۱) کول۔ (۲۲) کاسہ پشت۔ (۲۳) گھریلو چوہے۔ (۲۴) ریچھ۔ (۲۵) کفلیل۔

بندر۔ وہ قوم تھی جسے اللہ تعالیٰ نے ہفتہ کے روز مچھلی پکڑنے سے منع کیا تھا انہوں نے نافرمانی کی۔ اللہ تعالیٰ نے انکی صورت مسخ کر کے بندر بنادیا۔

خنزیر۔ یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی قوم تھی جو مائدہ کی منکر ہوئی اللہ تعالیٰ نے اس کفران نعمت کے سبب انہیں اس صورت کا بنادیا۔

سوسمار۔ (گوہ) وہ کفن چور تھے۔ اس زمانے کے پیغمبر نے دعا کی اللہ تعالیٰ نے اسے سوسمار بنادیا۔

ریچھ۔ اس میں وہ لوگ شامل تھے کہ جو ہمیشہ پیغمبر وقت پر نکتہ چینی کرتے تھے اس وقت جرجیس علیہ السلام پیغمبر تھے حکم ہوا کہ اے جرجیس۔! ہمارا حکم انہیں پہنچادو کہ اس نکتہ چینی سے باز آئیں اور توبہ کریں۔ جب جرجیس علیہ السلام نے حکم سنایا تو انہوں نے پرواہ نہ کی تو اللہ تعالیٰ نے انہیں ریچھ بنادیا۔

ہاتھی۔ وہ لوگ تھے جو ہمیشہ چوپایوں پر سوار پھرتے تھے اور نماز میں ناک نہیں رکھتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں ہاتھی بنادیا کہ ان کی ناک زمین پر جھاڑو کرتی رہتی ہے۔

بچھو۔ اس میں وہ لوگ شامل تھے جو ہمیشہ لوگوں سے لڑائی جھگڑا کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا مگر باز نہ آئے اس لئے بچھو بنادیے گئے۔

بھڑ۔ اس میں وہ لوگ شامل تھے جنہوں نے ہاروت ماروت کو راہ راست سے بہکایا تھا۔

زہرہ ستارہ۔ اس میں وہ زانی شامل تھے جو زنا کرتے اور کسی کی وعظ و نصیحت کا خیال نہ کرتے۔

سہیل ستارہ۔ اس میں وہ لوگ شامل تھے جو حضرت صالح علیہ السلام کی قوم سے تھے اور بدزبانی کیا کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا تو پرواہ نہ کی بلکہ پہلے سے بھی سوگنا بدزبانی کرنے لگے اس لئے ان کی یہ صورت ہوئی۔

مچھلی۔ اس میں کم تولنے والے لوگ شامل تھے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں اس صورت کا بنادیا اور یہ لوگ قوم ہود سے تھے۔

نیولا۔ اس میں وہ قصاب شامل تھے جو ستم کیا کرتے اور کم تولا کرتے تھے اللہ تعالیٰ نے انہیں نیولا بنادیا۔

طوطی۔ یہ خائن تھے تمام کاموں میں خیانت کرتے یہ لوگ حضرت ادریس علیہ السلام کی قوم سے تھے۔

چوہا۔ یہ وہ لوگ تھے جو چوری کیا کرتے تھے۔

عقعق۔ (جنگلی کوا) یہ بیہودہ گو لوگ تھے۔

مکڑی۔ اس میں وہ عورتیں شامل تھیں جو شوہروں کی نافرمانی کیا کرتی تھیں۔

چوہے پکڑنے والا۔ اس میں وہ لوگ شامل تھے جو بے دھڑک لوگوں پر حسد کیا کرتے تھے۔

سفید لومڑی۔ اس میں وہ لوگ شامل تھے جو بے دھڑک حماموں میں آجاتے اور شرم نہ کرتے تھے۔

چڑیا۔ اس میں وہ لوگ شامل تھے جو ناچا کرتے تھے اور عورتوں کی طرح بناؤ سنگار کیا کرتے تھے اور لوگوں کے روبرو ناچا کرتے تھے اس لئے غضب الٰہی نازل ہوا اور سب چڑیا کی صورت بن گئے۔

الو۔ اس میں وہ لوگ شامل تھے جو لوگوں کے روبرو اپنے کو پارسا ظاہر

کرتے اور پیٹھ پیچھے ان کے اسباب چرا کر لے جاتے۔

کوا۔ اس میں وہ لوگ شامل تھے جو مکر کیا کرتے تھے۔

کاسہ پشت۔ اس میں وہ لوگ شامل تھے جو لوگوں کی مخالفت کیا کرتے تھے۔

گھریلو چوہا۔ اس میں وہ لوگ شامل تھے جو باورچی کا کام کیا کرتے تھے اس میں اور چیزیں ڈال کر بیچتے جب فساد برپا ہوتا تو نیکوں کو نصیحت کرتے اور خبر کرتے اور جب فساد کی آگ بھڑک اٹھتی تو خود الگ ہو جاتے۔

کتا۔ اس میں وہ لوگ شامل تھے جو جھوٹ بولا کرتے تھے۔

کفلیل (آبی جانور)۔ اس میں وہ لوگ شامل تھے جو لواطت کیا کرتے۔ یہ حضرت لوط علیہ السلام کی قوم تھی۔ (ملفوظات خواجہ نظام الدین اولیاء، ص ۲۰۸، ۲۰۹، ۳۰)

۶۔۔۔۔ امت محمدیہ کے فضائل و خصائص علی الاطلاق بے شمار اور اس بارے میں اخبار و آثار بکثرت ہیں یہ فضائل و خصائص بھی حضور اکرم ﷺ ہی کی طرف راجع ہوتے ہیں کیونکہ آپ تابع و فرمانبردار امت رکھتے تھے۔ اس امت کی سب سے بڑی اور اتم و اکمل فضیلت یہی ہے کہ وہ امت محمدیہ میں ہیں۔ جس طرح یہ نبی آخر الزماں ﷺ خاتم النبیین اور تمام نبیوں کے فضائل و کمالات کے جامع ہیں اسی طرح آپ کی امت خاتم الامم ہے اور کمال دین اور اتمام نعمت سے مخصوص ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا حضور موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا: اے رب! تیرے نزدیک میری امت جیسی بھی کوئی امت ہے جس پر تو نے بادلوں کا سایہ فرمایا ہو اور ان کے لئے من و سلویٰ اتارا ہو۔؟ حق تبارک و تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا: اے موسیٰ! تم امت محمدیہ ﷺ کی فضیلت کو نہیں جانتے۔ جتنا میرا فضل تمام خلق پر ہے اتنا تنہا اس امت پر۔ اور فرمایا کہ اس وقت تک میری تمام مخلوق پر جنت حرام ہے جب تک محمد ﷺ اور ان کی امت اس میں داخل نہ ہو جائیں۔ حضرت وہب ابن منبہ سے مروی ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے حضرت شعیا نبی علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی کہ میں نبی امی کو بھیجوں گا ان کی امت

کو تمام امتوں میں بہترین بناؤں گا۔ وہ نیکی کا حکم دے گی بدی سے روکے گی، میری وحدانیت مانے گی، مجھ پر ایمان لائے گی۔ مجھ سے اخلاص برتے گی اور میں نے جو کچھ نبیوں پر نازل کیا ہے وہ سب کی تصدیق کریگی، آفتاب و ماہتاب کی حفاظت کرے گی یعنی عبادت کے اوقات کے لئے ان کی محافظت کرے گی۔ میں انہیں تسبیح و تکبیر اور تحمید و توحید کو ان کی مجلسوں میں، ان کی آرام گاہوں میں، ان کی سفر و حضر اور ہر حرکت و سکون میں الہام کروں گا۔ مسجدوں میں ان کی صفیں، فرشتوں کی صفوں کی مانند ہیں، فرشتے عرش کے گرد ہیں، وہ میرے دوست اور میرے مددگار ہیں، میں ان کے ذریعہ اپنا کینہ بت پرستوں، دشمنوں سے نکالوں گا، وہ میرے لئے کھڑے ہو کر بیٹھ کر رکوع و سجود کے ساتھ نماز ادا کریں گے، وہ میری خوشنودی کے خاطر اپنے گھروں، اور اپنے مالوں سے نکلیں گے اور میری راہ میں جہاد و قتال کریں گے، اور میں ان کی کتاب یعنی قرآن سے دیگر کتابوں کو، ان کی شریعت سے دیگر شریعتوں کو اور ان کے دین سے دیگر دینوں کو ختم کروں گا۔ میں نے انہیں ساری امتوں سے افضل اور امت وسط بنایا جو تمام لوگوں پر گواہ ہیں۔ جب غضب میں آئیں گے تو میری تہلیل لا الہ الا اللہ کا نعرہ لگائیں گے اور جب نزاع کریں گے تو تسبیح کریں گے، اور میری پاکی بیان کرینگے۔ اپنے چہروں اور اعضاء کو پاک و صاف کریں گے ہر چڑھائی و اتار پر اللہ اکبر کہینگے، خون بہا کر قربانی دیں گے۔ ان کی کتاب یعنی قرآن ان کے سینے میں ہے رات میں عبادت گزار اور دن میں شیر یعنی مجاہد ہیں۔

ان کے علاوہ اور بھی دیگر فضائل و خصائص ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۲۹۸)

۷۔۔۔۔ عبادات میں امت محمدیہ کی بعض خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) اللہ تعالیٰ نے اس پر غنیمتوں کو حلال قرار دیا حالانکہ اس سے قبل کسی پچھلی امت کیلئے یہ حلال نہ ہوئیں تھیں۔ (۲) یہ کہ تمام زمین کو مسجد گردانا (کہ جہاں چاہیں نماز پڑھیں) (۳) یہ کہ مٹی کو پاک کرنے والا بنایا۔ (یعنی اگر پانی میسر

نہ ہو تو یا اس پر قدرت نہ ہو تو مٹی سے تیمم کر کے نماز پڑھ لی جائے)۔ (۴) یہ کہ پانچ وقتوں کا نماز کا ہونا۔ گذشتہ امتوں میں چار نمازیں تھیں۔ (۵) یہ کہ اذان و اقامت میں بسم اللہ الرحمن الرحیم کا کہنا۔ (۶) یہ کہ نماز آمین کا کہنا۔ (۷) یہ کہ نماز میں رکوع کرنا۔ (۸) یہ کہ نماز و قتال میں انکی صفوں کی قدر و منزلت اور قرب بارگاہ میں فرشتوں جیسا تقرب ہونا۔ (۹) یہ کہ تحیہ سلام کا ہونا۔ (۱۰) یہ کہ نماز جمعہ کا ہونا جو دوسری امتوں میں نہیں ہے۔ (۱۱) یہ کہ جمعہ کے دن میں اس گھڑی کا ہونا کہ جس میں اللہ تعالیٰ سے جو مانگا جائے ملتا ہے۔ (۱۲) یہ کہ رمضان کی پہلی رات کو حق سبحانہ وتعالیٰ کا ان کے طرف نظر عنایت سے دیکھنا (فرمانا)۔ (۱۳) یہ کہ جنت کو ان کے لئے مزین کرنا اور سنوارنا۔ (۱۴) یہ کہ روزہ دار کے منہ کی بو اپنے نزدیک مشک کی خوشبوں سے زیادہ پاکیزہ بنانا۔ (۱۵) یہ کہ رمضان کی ہر رات میں فرشتوں کا ان کے لئے استغفار کرنا۔ (۱۶) یہ کہ رمضان میں سحری کھانا۔ اور افطار میں جلدی کرنے کو مستحب کیا جانا۔ (۱۷) یہ کہ رمضان کی رات میں صبح صادق تک کھانے، پینے اور جماع کرنے کو مباح قرار دینا۔ حالانکہ ہم سے پہلے یہ چیزیں حرام تھیں۔ (۱۸) یہ کہ شب قدر جیسی عظیم رات کو عطا فرمایا جانا۔ وغیرہ وغیرہ۔

(مدارج النبوۃ ج ا ص ۹۔۳۴۳ تا ۳۴۰)

۸—— اعمال میں امت محمدیہ کی بعض خصوصیات حسب ذیل ہیں۔

(۱) مصیبت کے وقت استرجاع یعنی انا للہ و انا الیہ راجعون کہنا۔ جو کہ پروردگار عالم کی طرف سے فضل و رحمت کا مستوجب اور ان کے لئے سبب ہدایت ہے۔ (۲) اصرار و اغلال کا اٹھا لیا جانا۔ جو کہ امم سابقہ پر تھا۔ (۳) ان تکلیفوں کا دور ہونا جو پچھلی امتوں پر لازم تھیں۔ مثلاً قتلِ عمد اور خطا کے درمیان تعین قصاص، خطاکار کے اعضا کاٹنا، موضع نجاست کو کاٹنا، اور توبہ میں اپنی جان کو ہلاک کرنا وغیرہ۔ اگر بنی اسرائیل میں سے رات کو کوئی گناہ کرتا تو پچھلی صبح کے وقت اس کے دروازے پر لکھا ہوتا کہ اس گناہ کا کفارہ یہ ہے کہ

اپنی دونوں آنکھیں نکالے چنانچہ وہ دونوں آنکھیں نکال دیتا۔ (۴) خطا و نسیان اور ہر وہ عمل جو جبر و اکراہ سے سرزد ہو ان سب کے مواخذہ سے بری ہونا۔ (۵) لوگوں پر گواہ بنانا۔ اور رسولوں کے مقام میں انہیں کھڑا فرمانا کیوں کہ وہ اپنی امتوں پر گواہ ہیں۔ (۶) ضلالت و گمراہی پر مجتمع نہ ہونا۔ (۷) اختلاف فرعی کا رحمت ہونا۔ (۸) طاعون ان کے لئے شہادت و رحمت ہونا۔ جب کہ یہ دوسری امتوں پر عذاب تھا۔ (۹) جب کسی شخص کے لئے دو آدمی بھلائی کیساتھ گواہی دیں تو اس کیلئے جنت واجب ہو جانا۔ پچھلی امتوں میں جب سو آدمی گواہی دیتے تو جنت واجب ہوتی تھی۔ (۱۰) عمریں اور اعمال کا کم ہونا مگر ان کا اجر و ثواب زیادہ ہونا۔ (۱۱) اسناد حدیث کا عطا کیا جانا۔ (۱۲) تواریخ و انساب کی معرفت ہو۔ (۱۳) ان میں اقطاب و اوتاد، نجباء اور ابدال کے وجود کا ہونا۔ وغیرہ وغیرہ۔

(مدارج النبوۃ ج ا ص ۲۷۳ تا ۲۸۱)

۹—— قبر و حشر میں امت محمدیہ کے بعض خصائص مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) قبروں میں گناہ کے ساتھ داخل ہونا اور بے گناہ ہو کر باہر نکلنا۔ مسلمانوں کے استغفار کرنے کی بنا پر انہیں گناہوں سے صاف و پاک کر دیا جائیگا۔ (۲) انہیں کے لئے سب سے پہلے زمین پھاڑی جانا۔ مطلب یہ کہ تمام امتوں میں سے سب سے پہلے یہ اپنی قبروں سے باہر آئیں گے۔ (۳) اعضائے وضو کا روشن و تاباں ہونا۔ (۴) روز حشر موقف میں بلند مقام پر ہونا۔ (۵) پیشانیوں پر ایک نشان کا ہونا جو ان کے سجدہ ریزی کا اثر ہے۔ (۶) نامۂ اعمال کا ان کے داہنے ہاتھ میں دیئے جانا۔ وغیرہ وغیرہ۔

(مدارج النبوۃ ج ا ص ۲۸۱)

گذشتہ بادشاہوں سے متعلق سوالات

۱ـــ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانے کے نمرود کا نام کیا تھا۔؟
۲ـــ نمرود نے کتنے سال حکومت کی۔؟
۳ـــ وہ کیا کیا چیزیں تھیں جن کے باعث نمرود نے دعویٰ خدائی کا کر دیا تھا۔؟
۴ـــ نمرود نے اپنے خیال میں آسمان والوں سے لڑنے کے لئے جو عمارت بنوائی تھی اس کی بلندی کتنی تھی۔؟
۵ـــ نمرود کے سر میں مچھر کتنے سالوں تک گھسا رہا۔؟
۶ـــ جس مچھر نے نمرود کو ہلاک کیا تھا وہ جسمانی اعتبار سے کیسا تھا۔؟
۷ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دور کے فرعون کا نام کیا تھا۔؟
۸ـــ فرعون شہر اصفہان کا ایک غریب عطار تھا پھر وہ مصر کا بادشاہ کیسے بنا۔؟
۹ـــ فرعون نے جب خدائی کا دعویٰ کیا تو سب سے پہلے اس کو کس نے سجدہ کیا؟
۱۰ـــ فرعون نے بنی اسرائیل کو کتنے سالوں تک غلام بنائے رکھا تھا۔؟
۱۱ـــ فرعون نے کتنے بچوں کا قتل اور کتنے حمل ساقط کروائے تھے۔؟
۱۲ـــ فرعون کس ماہ کی کس تاریخ کو کس دن اور کس وقت غرق ہوا۔؟
۱۳ـــ فرعون جس دریا میں غرق ہوا تھا اس کا نام کیا ہے اور اس کا طول و عرض کتنا ہے۔؟
۱۴ـــ فرعون جب ڈوبنے لگا تھا تو اس وقت اس کے پاس جبرائیل امین کیا لیکر آئے تھے۔؟
۱۵ـــ فرعون کے ساتھ ڈوبنے والے فرعونی لشکروں کی تعداد کتنی تھی۔؟
۱۶ـــ جب بنی اسرائیل کو فرعون کے غرق ہونے کا یقین نہ ہوا تو اللہ تعالیٰ

نے کیا نشانی ظاہر فرمائی۔؟
۱۷ـــ فرعون خدائی کا دعویٰ کرنے کے کتنے سالوں بعد غرق ہوا۔؟
۱۸ـــ فرعون نے کتنے سال حکومت کی۔؟
۱۹ـــ فرعون وہامان کی لاشیں اب تک کہاں موجود ہیں۔؟
۲۰ـــ فرعون کی عمر کتنی ہوئی۔؟
۲۱ـــ کل کتنے بادشاہوں کا لقب نمرود ہوا۔؟
۲۲ـــ کل کتنے بادشاہوں کا لقب فرعون ہوا۔؟
۲۳ـــ کل کتنے بادشاہوں نے پوری دنیا پر حکومت کی۔؟
۲۴ـــ بخت نصر نے کتنے سال حکومت کی۔؟
۲۵ـــ شداد نے جو جنت بنوائی تھی اس کی تعمیر کتنے سالوں میں مکمل ہوئی۔؟
۲۶ـــ شداد کی عمر کتنی ہوئی۔؟
۲۷ـــ پہلے زمانہ میں کس ملک کے بادشاہوں کا کیا لقب ہوتا تھا۔؟
۲۸ـــ اس بادشاہ کا کیا نام ہے جس کا قد ایک میل لمبا تھا۔؟
۲۹ـــ جالوت بادشاہ کو کس نے قتل کیا تھا۔؟

گذشتہ بادشاہوں سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانے کے نمرود کا نام نمرود بن کنعان تھا۔
(خزائن العرفان پ ۳ ع ۱۰)

۲۔۔۔ نمرود بن کنعان نے چار سو سال حکومت کی اس لئے اس کے دماغ میں رعونت اور انانیت آگئی تھی۔
(ابن کثیر پ ۳ ع ۲)

۳۔۔۔ نمرود کے پاس کچھ طلسماتی چیزیں تھیں مثلاً

(۱) تانبے کی ایک بط تھی۔ جس وقت کوئی جاسوس یا چور اس شہر میں آتا تو اس بط سے آواز نکلتی جس سے وہ پکڑا جاتا۔

(۲) ایک نقارہ تھا۔ جب کسی کی کوئی چیز گم جاتی تو اس پر چوب مارا جاتا اور نقارہ اس چیز کا پتہ دیتا۔

(۳) ایک آئینہ تھا۔ جس سے غائب شخص کا حال معلوم ہوتا تھا جب اس آئینہ میں نظر کی جاتی تو وہ غائب آدمی، اس کا شہر اور قیام گاہ اس میں نمودار ہو جاتی۔

(۴) نمرود کے دروازے پر ایک درخت تھا۔ جس کے سایہ میں درباری لوگ بیٹھتے تھے جوں جوں آدمی بیٹھتے جاتے اس کا سایہ پھیلتا جاتا ایک لاکھ تک آدمیوں کیلئے سایہ پھیلتا رہتا تھا اور اگر ایک لاکھ سے ایک بھی زیادہ ہو جاتا تو وہ سایہ غائب ہو جاتا اور سارے کے سارے دھوپ میں آجاتے۔

(۵) ایک حوض تھا۔ جس سے مقدمات کا فیصلہ ہوتا تھا۔ مدعی اور مدعا علیہ باری باری اس حوض میں داخل ہوتے۔ جو سچا ہوتا اسکے ناف کے نیچے تک پانی رہتا اور جو جھوٹا ہوتا اس میں غوطہ کھاتا۔ اگر فوراً توبہ کر لیتا تو بچ جاتا ورنہ ہلاک ہو جاتا۔

اس قسم کے طلسمات پر نمرود نے دعوئی خدائی کر دیا تھا۔
(تفسیر نعیمی ج۳ ص صفحہ ۸۴۶-۷)

۴۔۔۔ نمرود نے شہر بابل میں ایک بہت اونچی عمارت بنوائی۔ اس کا مکر یہ تھا کہ اس نے یہ بلند عمارت اپنے خیال میں آسمان پر پہنچنے اور آسمان والوں سے لڑنے کے لئے بنائی تھی اس عمارت کی بلندی پانچ ہزار گز تھی۔ (خزائن العرفان پ ۱۴ ع ۱۰)

اور حضرت کعب و مقاتل کا قول ہے کہ اس کی بلندی دو میل تھی۔

اللہ تعالیٰ نے ایک ہوا چلائی اور وہ عمارت گر پڑی۔ جب وہ عمارت گر پڑی تو گھبراہٹ سے لوگوں کی زبانیں بدل گئیں۔ اس دن سے لوگ تہتر زبانیں بولنے لگے جبکہ اس سے پہلے صرف ایک زبان سریانی تھی۔ (حاشیہ جلالین ص ۲۱۷)

۵۔۔۔ نمرود کے سر میں مچھر چار سو سال تک گھسا رہا اور اس کے بھیجے کو چاٹتا رہا۔ اس مچھر نے نمرود کو ایسے سخت عذاب میں مبتلا کیا کہ موت اس سے ہزاروں درجہ بہتر تھی۔ نمرود اپنا سر دیواروں اور پتھروں پر مارتا پھرتا تھا۔ لوگوں سے اپنے سر پر جوتے لگواتا اور پتھروں سے کچلواتا تھا یونہی رینگ رینگ کر بدنصیب نے ہلاکت پائی۔
(تفسیر نعیمی ج۳ ص ۱۹۸ و تفسیر ابن کثیر پ ۳ ع ۲)

۶۔۔۔ جس مچھر نے نمرود کو ہلاک کیا تھا اس کے پر اور ایک پاؤں نہ تھا کہ وہ اس نمرود کی آگ میں جل گئے تھے جس میں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ڈالا گیا تھا۔ اس مچھر نے بارگاہ الٰہی میں عرض کی تھی اور اسے حکم ہوا تھا کہ مت رو۔! میں تیرے ہاتھوں نمرود کو ہلاک کروں گا۔ (ملفوظات خواجہ نظام الاولیاء ص ۱۴۲)

۷۔۔۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے کے فرعون کا نام ولید بن مصعب تھا۔ چونکہ یہ بہت خوبصورت تھا اسلئے لوگ اسے قابوس کہتے تھے۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص ۴۰۷)

بعض نے اس کا نام مصعب بن ریان کہا ہے۔ -(ابن کثیر پ ۹ ع ۴)

۸۔۔۔ فرعون شہر اصفہان کا ایک غریب عطار تھا۔ جب اس پر بہت قرض ہو گیا تو اصفہان سے بھاگ کر شام پہنچا لیکن وہاں کوئی ذریعہ معاش ہاتھ نہ آیا تب وہ تلاش

روزی کیلئے مصر میں آیا۔ یہاں اس نے دیکھا کہ گاؤں میں تربوز بہت سستے بکتے ہیں اور شہر میں مہنگے۔ دل میں سوچا کہ نفع بخش تجارت ہے چنانچہ اس نے گاؤں سے بہت تربوز خریدے مگر جب شہر کی طرف چلا تو راستے میں محصول لینے والوں نے کئی جگہ اس سے محصول لیا۔ بازار آتے آتے اس کے پاس صرف ایک تربوز بچا باقی سب محصول میں چلے گئے۔ یہ سمجھ گیا کہ اس ملک میں کوئی شاہی انتظام نہیں جو چاہے حاکم بن کر مال حاصل کرلے۔ اس وقت مصر میں کوئی وبائی بیماری پھیلی ہوئی تھی لوگ بہت مر رہے تھے۔ فرعون قبرستان میں بیٹھ گیا اور کہا میں شاہی افسر ہوں مردوں پر ٹیکس لگا ہے فی مردہ مجھے پانچ درہم دو اور دفن کرو۔ اس بہانے سے چند روز میں اس نے بہت مال جمع کرلیا۔ اتفاقاً ایک روز کوئی بڑا آدمی دفن کے واسطے لایا گیا۔ فرعون نے اس کے وارثوں سے بھی روپیہ مانگے تو انہوں نے اسے گرفتار کر کے بادشاہ تک پہنچادیا اور سارا واقعہ بادشاہ کو بتادیا۔ بادشاہ نے فرعون سے پوچھا کہ تجھے کس نے اس جگہ مقرر کیا ہے۔؟ فرعون بولا کہ میں نے آپ تک پہنچنے کا بہانہ بنایا تھا۔ میں آپ کو خبر کئے دیتا ہوں کہ آپ کے ملک سے بڑی بد نظمی ہے۔ میں نے تین مہینے کے عرصہ میں غلط اتنا مال جمع کرلیا آپ خیال کرسکتے ہیں کہ دوسرے حکام کیا کچھ نہ کرتے ہوں گے۔ یہ کہہ کر وہ سارا مال بادشاہ کے سامنے ڈال دیا اور کہا کہ اگر آپ انتظام میرے سپرد کردیں تو میں آپ کا ملک درست کردوں۔ بادشاہ کو یہ بات پسند آئی اور فرعون کو کوئی معمولی عہدہ دیدیا۔ فرعون نے وہ طریقہ اختیار کیا جس سے بادشاہ بھی خوش رہا اور رعایا بھی۔ رفتہ رفتہ یہ تمام لشکر کا افسر بنادیا گیا اور ملک کا انتظام اچھا ہوگیا۔ جب بادشاہ مصر مرا تو رعایا نے فرعون کو تخت پر بٹھادیا اور اس طرح وہ مصر کا بادشاہ بن گیا۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۳۱۰)

۹۔۔۔۔ فرعون کو سب سے پہلے اس کے وزیر ہامان نے سجدہ کیا۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۳۱۰)

۱۰۔۔۔۔ فرعون نے چار سو سال تک بنی اسرائیل کو غلام بنائے رکھا تھا۔

(خزائن العرفان پ۱۹ ع۶)

۱۱۔۔۔۔ فرعون نے بارہ ہزار بروایت دیگر ستر ہزار بچوں کا قتل اور نوے ہزار حمل ساقط کروائے تھے۔

(خزائن العرفان پ۱ ع۶)

ایک قول کے بموجب ایک لاکھ چالیس ہزار بچوں کا قتل کروایا تھا۔

(نزہۃ المجالس ص ۲۰،۱۹)

۱۲۔۔۔۔ فرعون دسویں محرم کو جمعہ کے دن دوپہر کے وقت غرق ہوا تھا۔

(تفسیر نعیمی ج۱ ص۳۲۲)

۱۳۔۔۔۔ فرعون اور اس کا تمام لشکر جس دریا میں غرق ہوئے تھے اس کا نام بحر قلزم ہے جو بحر فارس کے کنارے پر ہے یا بحر ماورائے مصر جس کو اساف کہتے ہیں۔

(خزائن العرفان پ۱ ع۶)

قلزم ایک شہر کا نام ہے جہاں یہ دریا ختم ہوتا ہے اس لئے اس کو بھی قلزم کہا جاتا ہے۔ اسے بحر احمر بھی کہا جاتا ہے۔

اس کا طول چار سو ساٹھ فرسخ جنوباً شمالاً ہے اور عرض صرف ساٹھ فرسخ اور جہاں فرعون غرق ہوا تھا وہاں عرض صرف چار فرسخ تھا۔ یہ دریا مصر سے تین دن کے فاصلے پر واقع ہے۔ اور یہ جو مشہور ہے کہ دریائے نیل میں فرعون غرق ہوا تھا محض غلط ہے۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۳۱۷)

۱۴۔۔۔۔ مروی ہے کہ ایک مرتبہ جبرائیل علیہ السلام فرعون کے پاس ایک استفتاء لائے جس کا مضمون یہ تھا

"بادشاہ کا کیا حکم ہے ایسے غلام کے حق میں جس نے ایک شخص کے مال و نعمت میں پرورش پائی پھر اس کی ناشکری کی اور اس کے حق کا منکر ہوگیا اور اپنے آپ مولیٰ ہونے کا مدعی بن گیا۔"

اس پر فرعون نے یہ جواب لکھا

جو غلام اپنے آقا کی نعمتوں کا انکار کرے اور اس کے مقابل آئے اس کی سزا یہ ہے کہ اس کو دریا میں ڈبو دیا جائے۔

جب فرعون ڈوبنے لگا تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے اس کا وہی فتویٰ اس کے سامنے کر دیا اور اس کو فرعون نے پہچان بھی لیا۔ (خزائن العرفان پ ۱۱ ع ۱۴)

۱۵۔۔۔۔ فرعون کے ساتھ ایک روایت میں ہے کہ ستر ہزار گھوڑے سوار فوج اس کے لشکر کے آگے آگے تھی اور باقی فوج کے متعلق کچھ صحیح پتہ نہیں لگتا۔ تفسیر روح البیان نے فرمایا کہ ستر لاکھ گھوڑے سوار فوج تھی اور تفسیر عزیزی میں فرمایا کہ ایک لاکھ تیر انداز، ایک لاکھ نیزے باز اور ایک لاکھ گرز مارنے والے ان میں تھے یہ سب کے سب غرقاب ہوئے۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۲۰)

۱۶۔۔۔۔ جب فرعون مع لشکر کے غرق ہوا اور بنی اسرائیل کو یقین نہ آیا تو بحکم الٰہی پانی نے فرعون کی لاش کو ساحل دریا پر پھینک دیا تاکہ بنی اسرائیل دیکھ کر یقین کر لیں۔ اس سے پہلے جو کوئی بھی پانی میں غرق ہوتا تھا اس کی لاش ڈوب جایا کرتی تھی لیکن فرعون کے بعد سے پانی نے لاش کو قبول کرنا بند کر دیا۔ (حاشیہ ۲ جلالین ص ۱۷۸)

۱۷۔۔۔۔ فرعون خدائی کا دعویٰ کرنے کے چالیس سال بعد غرق ہوا۔ (ابن کثیر پ ۷ ع ۳)

۱۸۔۔۔۔ فرعون نے چار سو سال حکومت کی۔ (معالم التنزیل ج ۲ ص ۱۹)

۱۹۔۔۔۔ فرعون اور ہامان کی لاشیں (قاہرہ کے عجائب گھر میں) اب تک موجود ہیں۔ (تفسیر نعیمی ج ۹ ص ۳۸۸)

۲۰۔۔۔۔ فرعون کی عمر چھ سو بیس سال ہوئی۔ (حاشیہ ۸ جلالین ص ۳۰۸، معالم التنزیل ج ۲ ص ۱۹)

۲۱۔۔۔۔ کل چھ بادشاہوں کا لقب نمرود ہوا۔

(۱) نمرود بن کنعان بن حام بن نوح۔ یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانہ کا نمرود ہے۔

(۲) نمرود بن کوش بن کنعان بن حام

(۳) نمرود بن سنجار بن غرور بن کوش بن کنعان۔

(۴) نمرود بن ماش بن کنعان۔

(۵) نمرود بن ساروغ بن ارغو بن ماخ۔

(۶) نمرود بن کنعان بن مصاص بن نقطا۔ (حیوۃ الحیوان ج ۱ ص ۹۹)

۲۲۔۔۔۔ کل تین بادشاہ ایسے گزرے جن کا لقب فرعون ہوا۔

(۱) سنان الاشعل بن العلوان ابن العمید۔ یہ حضرات ابراہیم علیہ السلام کے زمانہ کا فرعون ہے۔

(۲) ریان بن الولید۔ یہ حضرت یوسف علیہ السلام کے زمانہ کا فرعون ہے۔

(۳) ولید بن مصعب۔ یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ کا۔ (حیوۃ الحیوان ج ۱ ص ۹۹)

۲۳۔۔۔۔ دنیا میں چار بادشاہ ایسے گزرے ہیں جو تمام دنیا پر حکمران تھے۔

ان میں دو مومن

(۱) حضرت ذوالقرنین۔

(۲) حضرت سلیمان علیہ السلام۔

اور دو کافر۔

(۱) نمرود

(۲) بخت نصر

اور عنقریب ایک پانچواں بادشاہ اس امت سے ہونے والا ہے جن کا اسم شریف امام مہدی ہے۔ ان کی حکومت تمام روئے زمین پر ہو گی۔

(خزائن العرفان پ ۱۲ ع ۲، الاتقان ج ۲ ص ۱۷۸)

اور حاشیہ ۱ جلالین ۱۱۹ پر ان دو کافر بادشاہ کے نام بخت نصر اور شداد بن عاد ہے۔

۲۴۔۔۔۔ بخت نصر کی حکومت سات سو سال رہی۔ (حاشیہ ۱۰ جلالین ص ۲۳۰)

۲۵۔۔۔۔ شداد کی جنت تین سال میں مکمل ہوئی تھی۔ (صاوی ج ۴ ص ۳۱۷)

۲۶۔۔۔۔ شداد کی عمر نو سو سال ہوئی۔ (صاوی ج ۴ ص ۳۱۷)

۲۷۔۔۔۔ پہلے زمانہ میں کس ملک کے بادشاہ کا کیا لقب ہوتا تھا اس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

فارس کا بادشاہ کا لقب کسریٰ ہوتا تھا۔ ترک (ترکستان) کے بادشاہ کا لقب خاقان۔ حبشہ کے بادشاہ کا لقب نجاشی۔ قبطیوں کے بادشاہ کا لقب فرعون۔ مصر کے بادشاہ کا لقب عزیز اور فرعون۔ یمن کے بادشاہ کا لقب تبع۔ ہندوستان کے بادشاہ کا لقب دہمی (ایک قول کے بموجب بطلیوس ہوتا تھا۔ (ابن کثیر پ۲ ع۱۶) چین کے بادشاہ کا لقب فغفور۔ زنجیوں (حبشیوں) کے بادشاہ کا لقب غانہ۔ یونان کے بادشاہ کا لقب بطلیمیہ۔ یہودیوں کے بادشاہ کا لقب قیطون یا ماحج۔ بربر مغربی افریقہ کی ایک قوم ہے ان کے بادشاہ کا لقب جالوت۔ صائبہ (نصاری کا ایک فرقہ) کے بادشاہ کا لقب نمرود۔ فرعانہ کے بادشاہ کا لقب اخشید۔ عرب کے بادشاہ کا لقب قبل مجم نعمان۔ افریقہ کے بادشاہ کا لقب جرجیر۔ خلاط کے بادشاہ کا لقب شہریار اور سند فور۔ صقالبہ کے بادشاہ کا لقب ماجدل۔ الامن کے بادشاہ کا لقب تقفور۔ الحزرر کے بادشاہ کا لقب جنبل۔ النوبہ کے بادشاہ کا لقب کابل۔ الاجات کے بادشاہ کا لقب خداوند کار۔ اشروشنہ کے بادشاہ کا لقب افشین۔ خوارزم کے بادشاہ کا لقب خوارزم شاہ۔ جرجان کے بادشاہ کا لقب صول۔ اذربیجان کے بادشاہ کا لقب اصبہبن۔ اور طبرستان کے بادشاہ کا لقب سالار ہوتا تھا۔

(عمدۃ القاری ج۱ ص۳۰)

۲۸ــــ وہ جالوت بادشاہ تھا کہ اس کا قد ایک میل لمبا تھا۔ اسکے سر پر جو خود ہوتا تھا وہ تین سو رطل وزن کا تھا۔ (حاشیہ ۳ جلالین ص۳۸)

اور تفسیر نعیمی جلد ۲ صفحہ ۵۵۵ پر ہے کہ اس کا سایہ ایک میل تک جاتا تھا۔

۲۹ــــ جالوت کو حضرت داؤد علیہ السلام نے قتل کیا تھا۔ (قرآن پ۲)

آسمان اور زمین سے متعلق سوالات

۱ــــ زمین و آسمان کی پیدائش کتنے دنوں میں ہوئی۔؟

۲ــــ زمین و آسمان میں سے پہلے کس کی پیدائش ہوئی۔؟

۳ــــ زمین کس چیز پر قائم ہے۔؟

۴ــــ پانی پر زمین سب سے پہلے کس جگہ بنائی گئی۔؟

۵ــــ زمین کا کل پھیلاؤ کتنا ہے۔؟ اور کتنے حصے میں کونسی مخلوق آباد ہے۔؟

۶ــــ ان پہاڑوں کی تعداد کتنی ہے جو زمین کی پیدائش کی بعد اس کی حرکت کو روکنے کیلئے پیدا کئے گئے۔؟

۷ــــ زمین کا وہ کونسا حصہ ہے جو ہر جگہ سے افضل ہے۔؟

۸ــــ زمین کا وہ کونسا حصہ ہے جو سب سے زیادہ بلند اور آسمان سے سب سے زیادہ قریب ہے۔؟

۹ــــ زمین پر کل کتنے پہاڑ ہیں۔؟

۱۰ــــ زمین پر کانٹے دار درخت کب سے پیدا ہونے لگے جب کہ پہلے تمام درخت پھل دار تھے۔؟

ــــ سمندر کا پانی کب سے کھارا ہوا جب کہ پہلے میٹھا تھا۔؟

۱۲ــــ پہلے آسمان کا نام کیا ہے اور وہ کس چیز کا بنا ہوا ہے۔؟

۱۳ــــ دوسرے آسمان کا نام کیا ہے اور وہ کس چیز کا بنا ہوا ہے۔؟

۱۴ــــ تیسرے آسمان کا نام کیا ہے اور وہ کس چیز کا بنا ہوا ہے۔؟

۱۵ــــ چوتھے آسمان کا نام کیا ہے اور وہ کس چیز کا بنا ہوا ہے۔؟

۱۶ــــ پانچویں آسمان کا نام کیا ہے اور وہ کس چیز کا ہے۔؟

۱۷۔۔۔ چھٹے آسمان کا نام کیا ہے اور وہ کس چیز کا بنا ہوا ہے۔؟
۱۸۔۔۔ ساتویں آسمان کا نام کیا ہے اور وہ کس چیز کا بنا ہوا ہے۔؟
۱۹۔۔۔ کتنے اور کن کن حضرات کی موت پر آسمان رویا۔؟
۲۰۔۔۔ اللہ تعالیٰ نے کتنی بابرکت چیزیں آسمان سے زمین پر اتاریں۔؟
۲۱۔۔۔ زمین پر نہروں اور چشموں کی پیدائش کس طرح ہوئی۔؟
۲۲۔۔۔ زمین خشک کب سے ہوئی جبکہ پہلے تمام روئے زمین تر و تازہ تھی؟
۲۳۔۔۔ ان دو درختوں کے نام کیا ہیں اور وہ کہاں پائے جاتے ہیں کہ جن کی ترشاخیں آپس میں رگڑنے سے آگ پیدا ہوتی ہے۔؟
۲۴۔۔۔ عرش اعظم کے کتنے پردے ہیں اور عرش کے پائے کتنے ہیں۔؟
۲۵۔۔۔ سدرۃ المنتہیٰ کیا چیز ہے۔؟
۲۶۔۔۔ سدرۃ المنتہیٰ کو "سدرۃ المنتہیٰ" کیوں کہتے ہیں۔؟
۲۷۔۔۔ سدرۃ المنتہیٰ کس آسمان پر ہے۔؟
۲۸۔۔۔ سدرۃ المنتہیٰ کی جڑ سے کتنی نہریں جاری ہیں۔؟
۲۹۔۔۔ زمین پر گلاب اور چنبیلی کے پھول کس طرح پیدا ہوئے۔؟
۳۰۔۔۔ زمین پر سب سے پہلے کونسا پہاڑ قائم کیا گیا۔؟
۳۱۔۔۔ ساتوں زمینوں میں سے کس زمین میں کیا ہیں۔؟

آسمان اور زمین سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ زمین اور آسمان کی پیدائش چھ دنوں میں ہوئی۔ (قرآن)

چھ دنوں سے مراد اتنی مقدار ہے کیونکہ لیل و نہار (دن رات) اور آفتاب تو تھے ہی نہیں۔ اور اتنی مقدار میں پیدا کرنا اپنی مخلوق کو آہستگی اور اطمینان کی تعلیم کیلئے ہے ورنہ اللہ تعالیٰ ایک لمحہ میں سب کچھ پیدا کر دینے پر قادر ہے۔ (قرآن العرفان پ۱۹ ع ۳)

۲۔۔۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ پہلے زمین کی پیدائش ہوئی پھر آسمان کی۔ البتہ زمین کی درستگی وغیرہ بعد میں ہوئی۔ (ابن کثیر پ۱ ع ۳)

زمین سے پہلے پانی تھا، قدرت نے اس پر جھاگ پیدا کیے، وہ جھاگ چالیس سال تک ایک جگہ محفوظ رہے۔ پھر وہی جھاگ پھیلا دیئے گئے انہیں پھیلے ہوئے جھاگوں کا نام زمین ہے۔ ان جھاگوں کی پیدائش آسمانوں کی پیدائش سے پہلے ہے اور ان کا پھیلاؤ اس کے بعد۔ (تفسیر نعیمی ج ۳ ص ۱۸)

۳۔۔۔ جیسا کہ ایک روایت جانوروں کے بیان میں آ رہی ہے کہ اس مچھلی کا نام لوتیا یا موت ہے جس کی پشت پر زمین قائم ہے۔ ایک روایت یہ ہے کہ نون نامی ایک مچھلی ہے جو ساتوں زمین کے نیچے ہے۔ اس مچھلی کی پیٹھ پر ایک چٹان ہے جس کی موٹائی آسمان و زمین کے برابر ہے۔ اس پر ایک بیل ہے جس کے چالیس ہزار سینگ ہیں اس کی پیٹھ پر ساتوں زمین اور ان کی تمام مخلوق ہیں۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ زمین مچھلی پر ہے، مچھلی پانی میں، پانی صفاۃ پر، صفاۃ فرشتے پر، فرشتہ پتھر پر اور پتھر ہوا پر ہے۔ (ابن کثیر پ ۱ ع ۳)

۴۔۔۔ پانی پر زمین سب سے پہلے اس جگہ بنائی گئی جہاں آج خانہ کعبہ ہے۔

(تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۴۸۹، جلالین ص ۵۶)

۵۔۔۔ زمین کا کل پھیلاؤ پانچ سو سال کی مسافت کے برابر ہے۔ جس میں سے تین سو حصوں پر پانی ہی پانی ہے اور ایک سو نوے حصوں پر یاجوج وماجوج آباد ہیں۔ باقی دس میں سے سات میں حبشی لوگ آباد ہیں اور تین حصوں میں ان کے علاوہ مخلوق۔ (حاشیہ ۷ جلالین ص ۲۵۳، جمل ج ۳ ص ۵۵)

۶۔۔۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ زمین کی پیدائش کے بعد اس کی حرکت کو روکنے کے لئے اللہ تقدس وتعالیٰ نے جن پہاڑوں کو پیدا فرمایا ان کی تعداد سترہ ہے۔ کوہ قاف، کوہ جودی، کوہ ابو قبیس، کوہ لبنان اور طور سینین انہی پہاڑوں میں سے ہیں۔ (حاشیہ ۱۴ جلالین ص ۳۳۶ صاوی پ ۲۱)

ایک روایت میں ہے کہ ان پہاڑوں کی تعداد چار سو اکتالیس ہے۔

(نزہۃ المجالس ق ۹ ص ۴۰)

۷۔۔۔ زمین کا وہ حصہ جو حضور اکرم ﷺ کے اعضائے مبارکہ سے متصل ہے وہ ہر جگہ سے افضل ہے حتیٰ کہ کعبہ معظمہ، عرش عظیم اور کرسی سے بھی افضل۔

(مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۲۵۷، فتاویٰ رضویہ جلد چہارم ۶۸۷)

۸۔۔۔ صخرۂ بیت المقدس۔ یہ زمین کا وہ حصہ ہے جو سب سے بلند اور آسمان سے سب سے زیادہ قریب ہے۔ اس کی اونچائی اٹھارہ میل ہے۔

(حاشیہ ۵ جلالین ص ۲۰۱ وجمل ج ۳ ص ۳۰۲ وروح البیان ص ۳۴۶)

یہ وہی پتھر ہے کہ شب معراج نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے اپنے براق کو جس میں باندھا تھا۔ اور قرب قیامت حضرت اسرافیل ؑ یہیں سے صور پھونکیں گے۔

۹۔۔۔ دنیا میں کل چھ ہزار چھ سو تہتر (۶۶۷۳) پہاڑ ہیں۔ (تفسیر نعیمی ج ۳ ص ۹۰)

۱۰۔۔۔ قتل ہابیل سے پہلے تمام درخت پھل دار تھے بغیر پھل کا کوئی درخت نہ تھا۔ جب قابیل نے ہابیل کو قتل کیا تو بعض درختوں پر کانٹے پیدا ہو گئے۔

(حاشیہ ۱۰ جلالین ص ۳۴۴)

۱۱۔۔۔ پہلے سمندر کا پانی میٹھا تھا لیکن جب قابیل نے ہابیل کو قتل کیا تو سمندر کا پانی کھارا ہو گیا۔

(حاشیہ ۱۰ جلالین ص ۳۴۴)

۱۲۔۔۔ پہلے آسمان کا نام رقیع ہے جو سبز زمرد سے بنا ہوا ہے۔ (روح البیان ج ۱ ص ۶۲)

بقول دیگر اس کا نام رقیعا ہے اور وہ مروارید سبز کا بنا ہوا ہے۔ (مدارج النبوۃ ص ۹۹، رکن سوم)

اور تیسرا قول یہ ہے کہ وہ ٹھہرے ہوئے پانی کا ہے۔ (روح المعانی ج ۳۰ ص ۲۰۱)

۱۳۔۔۔ دوسرے آسمان کا نام ارقلون ہے اور یہ سفید چاندی سے بنایا گیا ہے۔

(روح البیان ج ۱ ص ۶۲)

ایک قول یہ ہے کہ وہ سفید موتی کا ہے۔ (روح المعانی ج ۳۰ ص ۲۰۱)

اور ایک قول یہ ہے کہ اس آسمان کا نام قیدوم ہے اور یہ سرخ سونے سے تیار کیا گیا ہے۔ (مدارج النبوۃ ص ۱۰۱ رکن سوم)

۱۴۔۔۔ تیسرے آسمان کا نام قیدوم ہے جو سرخ یاقوت کا بنا ہوا ہے۔

(روح البیان ج ۱، ص ")

دوسرا قول یہ ہے کہ تیسرے آسمان کا نام زبلون ہے اور وہ سفید مروارید کا بنا ہوا ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۳ ص ۱۰۲)

اور تیسرا قول یہ ہے کہ وہ لوہے کا ہے۔ (روح المعانی ج ۳۰ ص ۲۰۱)

۱۵۔۔۔ چوتھے آسمان کا نام ماعون ہے اور وہ درۂ بیضا سے بنایا گیا ہے۔

(روح البیان ج ۱ ص ۶۳)

ایک قول یہ ہے کہ آسمان چہارم کا نام زیون ہے ایک قول کے بموجب نقرۂ خام اور ایک قول کے بموجب مروارید سفید سے بنایا گیا ہے۔

(مدارج ج ۳ ص ۱۰۳)

اور ایک قول یہ بھی ہے کہ یہ آسمان تانبے کا ہے۔ (روح المعانی ج ۳۰ ص ۲۰۱)

۱۶۔۔۔ پانچواں آسمان سرخ سونے کا ہے کہ اور اس کا نام دیقاء ہے

(روح البیان ج ۱ ص ۶۲)

ایک قول یہ ہے کہ اس کا نام البیانیقون ہے (معارج النبوۃ ج ۳ ص ۱۰۶)

اور وہ چاندی کا ہے۔ (روح المعانی ج ۳۰ ص ۲۰۰)

۱۷۔۔۔ چھٹے آسمان کا نام وفنا ہے جو زرد یاقوت کا ہے۔ (روح البیان ج ۱ ص ۱۲)

دوسرا قول یہ ہے کہ چھٹا آسمان لؤلؤ سے تیار کیا گیا ہے۔ اور اس کا نام عاروس ہے۔ (معارج النبوۃ ج ۳ ص ۱۰۷)

اور تیسرے قول کے بموجب یہ آسمان سونے کا ہے۔ . . .

(روح المعانی ج ۳۰ ص ۲۰۰)

۱۸۔۔۔ ساتواں آسمان روشن نور سے بنایا گیا ہے اور اس کا نام عروباہ ہے۔

(روح البیان ج ۱ ص ۱۲)

دوسرا قول یہ ہے کہ ساتواں آسمان دُرِّ سفید یا جوہر سفید کا ہے اور اس کا نام قائیل ہے۔ (معارج النبوۃ ج ۳ ص ۱۰۹)

اور تیسرا قول یہ ہے کہ یہ آسمان سفید زمرد کا ہے۔ (روح المعانی ج ۳۰ ص ۲۰۱)

۱۹۔۔۔ صرف دو شخصیتوں کی شہادت پر آسمان رویا۔ . .

حضرت یحییٰ علیہ السلام کے قتل پر اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے موقعہ پر۔ آسمان کا رونا اس کا سرخ ہونا ہے۔ (ابن کثیر پ ۲۵ ع ۱۵)

۲۰۔۔۔ اللہ تعالیٰ نے چار بابرکت چیزیں آسمان سے زمین کی طرف اتاریں۔

(۱) لوہا۔ (۲) آگ۔ (۳) پانی۔ (۴) اور نمک۔ (خزائن العرفان پ ۲۷ ع ۱۶)

۲۱۔۔۔ نہروں اور چشموں کی پیدائش اس طرح ہوئی کہ جب اللہ تقدس وتعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمانے کا ارادہ کیا تو زمین کی طرف وحی بھیجی کہ تجھ سے ایک ایسی مخلوق پیدا کرنے والا ہوں جن کو اطاعت پر جنت اور نافرمانی پر جہنم ملے گی۔ زمین نے عرض کیا: اے پروردگار۔! کیا تو مجھ سے ایسی مخلوق پیدا کرے گا جو جہنم میں جائے گی۔؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ہاں۔! تو زمین رونے لگی اور اتنی روئی کہ اس کے رونے سے چشمے اور نہریں جاری ہو گئیں جو تاقیامت جاری

رہیں گی۔ (حاشیہ جلالین ص ۸)

۲۲۔۔۔ قتل ہابیل سے پہلے تمام روئے زمین تر و تازہ تھی لیکن قتل کے بعد زمین خشک ہو گئی۔

(حاشیہ ۱۰ جلالین ص ۳۴۳)

۲۳۔۔۔ یہ دونوں درخت عرب میں ہوتے ہیں اور وہاں جنگلوں میں کثرت سے پائے جاتے ہیں۔ ایک درخت کا نام مرخ اور دوسرے کا نام عفار ہے۔ ان کی یہ خاصیت ہے کہ جب ان کی سبز شاخیں کاٹ کر ایک دوسرے پر رگڑی جائیں تو ان سے آگ نکلتی ہے باوجود یہ کہ وہ اتنی تر ہوتی ہیں کہ ان سے پانی ٹپکتا ہوتا ہے۔

(خزائن العرفان پ ۲۳ ع ۴)

۲۴۔۔۔ عرش اعظم کے چھ لاکھ پردے ہیں۔ (تفسیر نعیمی ج ۳ ص ۲۷۸)

اور اس کے تین لاکھ ساٹھ ہزار پائے ہیں۔ (نزہۃ المجالس ق ۱)

۲۵۔۔۔ سدرہ، بیر کا درخت ہے جس کے پتے ہاتھی کے کان کے برابر اور پھل مٹکے کی طرح ہیں۔ (جلالین ص ۴۳۹)

کہتے ہیں کہ اس درخت کی تین طرح کی صفتیں ہیں۔ ایک یہ کہ سایہ طویل ہے۔ دوسرے یہ کہ اس کا مزہ لطیف ہے اور تیسرے یہ کہ اس کی بو لطیف ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۳۰۰)

۲۶۔۔۔ چونکہ اس جگہ مخلوق کے اعمال اور ان کے علوم ختم ہو جاتے ہیں اور امر الٰہی نزول فرماتا ہے۔ احکام الٰہی حاصل کئے جاتے ہیں۔ فرشتے اسی کے پاس ٹھہرتے ہیں اس سے آگے بڑھنے اور وہاں سے تجاوز کرنے کی کسی میں تاب و تواں نہیں ہے یہیں سب رک جاتے ہیں۔ ہر وہ چیز جو عالم سفلی سے اوپر جاتی ہے اور ہر وہ چیز جو عالم علوی سے از قسم اوامر و احکام الٰہی نزول فرماتے ہیں ان سب کی انتہا یہی ہے۔ اس کے آگے کسی مخلوق نے تجاوز نہیں کیا بجز سید المرسلین ﷺ کے، اسلئے اس کو سدرۃ المنتہیٰ کہتے ہیں۔ (حاشیہ ۱۲ جلالین ص ۴۳۹، مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۲۹۹)

۲۷۔۔۔ ایک روایت کے مطابق سدرۃ المنتہیٰ چھٹے آسمان میں ہے۔ ایک اور

روایت کے مطابق ساتویں آسمان میں ہے۔ ان دونوں روایتوں کے تطبیق اس طرح کرتے ہیں کہ اس کی جڑ تو چھٹے آسمان میں ہے اور اس کی شاخیں ساتویں آسمان میں۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۲۹۹)

۲۸ــــ سدرۃ المنتہیٰ کی جڑ سے چار نہریں جاری ہیں۔

(۱) نیل۔ (۲) فرات۔ (۳) سحان۔ (۴) اور صحیان۔ (تفسیر الم نشرح ۱۴۳)

۲۹ــــ بعض حدیثوں میں آیا ہے کہ حضور اکرم ﷺ کے پسینہ مبارک سے گلاب کا پھول پیدا ہوا ہے۔ ایک اور جگہ مروی ہے کہ آپ نے فرمایا: گل سفید یعنی چمبیلی میرے پسینے سے شب معراج پیدا ہوئی۔ گل سرخ یعنی گلاب جبرائیل کے پسینہ سے اور گل زرد یعنی چمپا براق کے پسینہ سے۔ نیز مروی ہے کہ فرمایا: معراج سے واپسی پر میرے پسینہ کا قطرہ زمین پر گرا تو اس سے گلاب کی روئیدگی ہوئی جو کوئی میری خوشبو سونگھنا چاہے وہ گلاب کو سونگھے۔ ایک اور روایت میں آیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب میرے پسینہ کا قطرہ زمین پر گرا تو زمین ہنسی اور گلاب کے پھول کو اگایا۔ لیکن محدثین ان حدیثوں کو اپنی ان اصطلاحوں کے بموجب جو وہ رکھتے ہیں کلام کرتے ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۲۹)

۳۰ــــ زمین پر سب سے پہلا پہاڑ جو قائم کیا گیا وہ مکہ مکرمہ کا جبل ابو قبیس ہے اور سب سے پہلے اس پر جس نے عمارت بنائی ابو قبیس نامی ایک شخص تھا چنانچہ اسی کے نام سے اس پہاڑ کا نام یہ پڑ گیا۔ (نزہۃ المجالس ج ۱ ص ۱۱۱)

۳۱ــــ ساتوں زمینوں میں سے پہلی میں تو ہم آباد ہیں۔ دوسری زمین ہوا کا مسکن ہے۔ تیسری زمین میں ایسی مخلوق ہے جنکے چہرے بنی آدم کے سے ہیں منہ کتوں کے سے، پیر بیلوں کے سے، اور انکے بال بھیڑ کی اون کے مثل ہیں۔ ہماری رات انکا دن ہے اور ہمارا دن ان کی رات، چوتھی زمین میں گندھک، پتھر ہیں جن کو خدا نے جہنمیوں کیلئے پیدا کیا ہے۔ پانچویں زمین میں دوزخیوں کیلئے بچھو ہیں۔ چھٹی زمین میں کفار کی روحیں اور ساتویں زمین ابلیس اور اسکے لشکر کا مسکن ہے۔ (نزہۃ المجالس ج ۱ ص ۱۱۱)

جانوروں سے متعلق سوالات

۱ــــ سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے کس جاندار کو پیدا فرمایا۔؟

۲ــــ کتے کی پیدائش کس طرح ہوئی۔؟

۳ــــ خنزیر کی پیدائش کس طرح ہوئی۔؟

۴ــــ چوہے کی پیدائش کس طرح ہوئی۔؟

۵ــــ بلی کی پیدائش کس طرح ہوئی۔؟

۶ــــ اس مچھلی کا کیا نام ہے جس کی پشت پر زمین قائم ہے۔؟

۷ــــ حضرت آدم علیہ السلام جب جنت سے دنیا میں تشریف لائے تو اس وقت زمین پر کون کونسا جانور تھا۔؟

۸ــــ اس کیڑے کا کیا نام ہے جو آگ میں پیدا ہوتا ہے۔؟

۹ــــ دنیا میں سب سے پہلے کس جانور کو بخار ہوا۔؟

۱۰ــــ حضور اکرم ﷺ نے کتنے اور کن کن جانوروں کو مارنے سے منع فرمایا۔؟

۱۱ــــ حضور اکرم ﷺ نے کن کن جانوروں کے بارے میں فرمایا کہ "وہ فاسق ہیں حرم میں ہوں یا حرم سے باہر قتل کر دیے جائیں"۔؟

۱۲ــــ وہ کونسا جانور ہے جو انگاروں کو کھاتا ہے۔؟

۱۳ــــ وہ کونسا جانور ہے جس کی تلی نہیں ہوتی۔؟

۱۴ــــ وہ کونسا جانور ہے جس کا پتہ نہیں ہوتا۔

۱۵ــــ وہ کونسا جانور ہے جس کا مغز نہیں ہوتا۔؟

۱۶ــــ وہ کونسا جانور ہے جو ایک سال نر رہتا ہے اور دوسرے سال مادہ بن جاتا ہے۔؟

۱۷ـــ کتنے اور کون جانور کو حیض آتا ہے۔؟

۱۸ـــ وہ کونسا پرندہ ہے جو بغیر پروں کے اڑتا ہے۔؟

۱۹ـــ وہ کونسا پرندہ ہے جو بچہ جنتا ہے۔؟

۲۰ـــ وہ کونسا کیڑا ہے جو خود اپنی ہلاکت کی جگہ پہنچ جاتا ہے۔؟

۲۱ـــ وہ کونسا پرندہ ہے جو ہنستا ہے۔؟

۲۲ـــ وہ کونسا پرندہ ہے جس کی مادہ کی چھاتی ہوتی ہے۔؟

۲۳ـــ کون کونسے مردار حلال ہیں۔؟

۲۴ـــ کس جانور کا پیشاب پاک ہے۔؟

۲۵ـــ وہ کونسا جانور ہے جب سوتا ہے تو ایک آنکھ کھلی رکھتا ہے اور ایک بند۔؟

۲۶ـــ وہ کونسا جانور ہے جو غذا جمع کرنے کی فکر کرتا ہے۔؟

۲۷ـــ وہ کونسا جانور ہے جو خدا کی راہ میں دوبار قربان ہوا۔؟

۲۸ـــ حضور اکرم ﷺ کا وہ کونسا گدھا تھا جو صحابہ کرام کو بلا کر لانے کا کام کرتا تھا؟

۲۹ـــ حضور اکرم ﷺ کا وہ کونسا گدھا تھا جس کی نسل سے ہر ایک گدھے کو انبیاء کرام کی سواری کا شرف ملا۔؟

۳۰ـــ وہ کونسی مچھلی ہے جو عرش اعظم سے بھی زیادہ فضیلت رکھتی ہے۔؟

۳۱ـــ وہ کونسا جانور ہے جو آتش نمرودی کی پھونک مار مار کر بھڑکانے کی کوشش کر رہا تھا۔؟

۳۲ـــ وہ کونسا جانور ہے جو اپنے منہ سے پانی لا لا کر آتش نمرودی کو بجھانے کی کوشش کر رہا تھا۔؟

۳۳ـــ شہد کی مکھیوں کے سردار کا نام کیا ہوتا ہے۔؟

۳۴ـــ مکھی کے کتنے پیر اور کتنی آنکھیں ہوتی ہیں۔؟

۳۵ـــ مکھی کی عمر کتنی ہوتی ہے۔؟

۳۶ـــ وہ کونسی مچھلی ہے جو چلتے جہاز کو روک دیتی ہے۔؟

۳۷ـــ کوئی بھی پرندہ زمین سے آسمان کی طرف کتنی بلندی تک جا سکتا ہے۔؟

۳۸ـــ جنت سے نکالے جانے سے قبل سانپ کے کتنے پاؤں تھے۔؟

۳۹ـــ مرغ کیا دیکھ کر بولتا ہے۔؟

۴۰ـــ گدھا کب بولتا ہے۔؟

۴۱ـــ جب شیر دھاڑتا ہے تو کیا کہتا ہے۔؟

۴۲ـــ جب دو گھوڑوں کی آپس میں مڈبھیر ہوتی ہے تو کیا کہتے ہیں۔؟

۴۳ـــ مرغ جب بولتا ہے تو کیا کہتا ہے۔؟

۴۴ـــ مور جب بولتا ہے تو کیا کہتا ہے۔؟

۴۵ـــ طوطا جب بولتا ہے تو کیا کہتا ہے۔؟

۴۶ـــ فاختہ جب بولتی ہے تو کیا کہتی ہے۔؟

۴۷ـــ قمری جب بولتی ہے تو کیا کہتی ہے۔؟

۴۸ـــ ہدہد جب بولتا ہے تو کیا کہتا ہے۔؟

۴۹ـــ تیتر جب بولتا ہے تو کیا کہتا ہے۔؟

۵۰ـــ باز جب بولتا ہے تو کیا کہتا ہے۔؟

۵۱ـــ سنگخورہ جب بولتا ہے تو کیا کہتا ہے۔؟!

۵۲ـــ مینڈک جب بولتا ہے تو کیا کہتا ہے۔؟

۵۳ـــ گدھ جب بولتا ہے تو کیا کہتا ہے۔؟

۵۴ـــ حدی جب بولتا ہے تو کیا کہتا ہے۔؟

۵۵ـــ خطاف جب بولتا ہے تو کیا کہتا ہے۔؟

۵۶ـــ شاما جب بولتا ہے تو کیا کہتا ہے۔؟

۵۷ـــ طیطوا جب بولتا ہے تو کیا کہتا ہے۔؟

۵۸ـــ وہ کون کونسے جانور ہیں جو جنت میں جائیں گے۔؟

۵۹ـــ قیامت کے دن حساب و کتاب کے بعد جانور کہاں جائیں گے۔؟

۶۰۔۔۔۔ اصحاب کہف کا کتا کس آدمی کی شکل میں جنت میں جائیگا۔؟
۶۱۔۔۔۔ قیامت کے دن موذی جانوروں کو کہاں بھیجا جائیگا۔؟
۶۲۔۔۔۔ مکڑی کی کتنی آنکھیں ہوتی ہیں۔؟
۶۳۔۔۔۔ وہ کونسا پرندہ ہے جو بھوکا رہ کر زندہ رہتا ہے اور پیٹ بھر کر مر جاتا ہے؟
۶۴۔۔۔۔ ہجرت کے موقعہ پر غار ثور کے دہانے میں جن کبوتروں نے انڈے دیئے تھے ان کی نسل اب کہاں پائی جاتی ہے۔؟
۶۵۔۔۔۔ شیر نے بکری پر حملہ کرنا کب سے شروع کیا۔؟
۶۶۔۔۔۔ بھینس جیسے بندر کہاں پائے جاتے ہیں۔؟

جانوروں سے متعلق جوابات

۱۔۔۔۔ اس مچھلی کو جس کا نام بہموت یا لوتیا ہے۔ (حیوۃ الحیوان۔ مدارج النبوۃ ج۱ ص ۳۰)

۲۔۔۔۔ اس طرح کہ خدا نے جب آدم علیہ السلام کا پتلا مبارک تیار فرمایا تو فرشتے حضرت آدم علیہ السلام کے اس پتلے مبارک کی زیارت کرتے تھے مگر شیطان لعین حسد کی آگ میں جل بھن گیا۔ اور ایک مرتبہ اس مردود و مطرود نے بغض رکھنے میں آکر آدم علیہ السلام کے پتلے مبارک پر تھوک دیا۔ یہ تھوک حضرت آدم علیہ السلام کی ناف مبارک کے مقام پر پڑا۔ خدائے تعالیٰ نے حضرت جبرائیل علیہ السلام کو حکم دیا کہ اس جگہ سے اتنی مٹی نکال کر اس مٹی کا کتا بنادو۔ چنانچہ اس شیطانی تھوک سے ملی ہوئی مٹی کا کتا بنادیا گیا۔ یہ کتا آدمی سے مانوس اس لئے ہے کہ مٹی حضرت آدم علیہ السلام کی ہے۔ اور پلید اس لئے ہے کہ شیطان کا تھوک ملا ہے اور رات کو جاگتا اس لئے ہے کہ ہاتھ اسے جبرائیل کے لگے ہیں۔ (روح البیان ج۱ ص ۸۶)

۳۔۔۔۔ اس کی پیدائش اس طرح ہوئی کہ کشتی نوح میں جب جانوروں کا گوبر پھیل گیا تو لوگ عفونت و بدبو سے پریشان ہو کر حضرت نوح علیہ السلام کی بارگاہ میں شکایت کرنے لگے۔ اللہ تعالیٰ نے نوح علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ ہاتھی کی دم ہلاؤ۔! آپ کے ہلاتے ہی اس سے خنزیر نر و مادہ نکل آئے اور نجاست کھانے لگے۔
(ابن کثیر پ ۱۲ ج ۲، مدارج النبوۃ ص ۵۰ رکن اول)

۴۔۔۔۔ اس طرح کہ کشتی نوحی میں ابلیس پر تبلیس نے جب خنزیر کی پیشانی پر ہاتھ پھیرا تو دو چوہے نر و مادہ پیدا ہو گئے۔ (مدارج النبوۃ ج۱ ص ۵۰)

۵۔۔۔۔ اس کی پیدائش اس طرح ہوئی کہ کشتی نوح علیہ السلام میں چوہوں نے جب کشتی کے تختے کترنے شروع کیے تو حضرت نوح علیہ السلام نے بارگاہ الٰہی میں التجا کی۔

حکم الٰہی ہوا کہ شیر کی پیشانی پر انگلی پھیرو۔ آپ نے ایسا کیا تو شیر کو چھینک آئی اور اس سے بلی کا جوڑا نکلا جس سے چوہے دبک کر بیٹھے رہے۔

(ابن کثیر پ ۱۲ ع ۳ معارف ج ۴ ص ۵۰)

۶۔۔۔ اس مچھلی کا نام بہموت یا لوتیا ہے۔ (حیوۃ الحیوان اردو ج ۲ ص ۳۰)

بعض نے "نون" بتایا ہے۔ (ابن کثیر پ ۲۹ ص)

۷۔۔۔ اس وقت زمین پر دو ہی جانور تھے۔ خشکی میں ٹڈی۔ اور تری میں مچھلی۔

(حیوۃ الحیوان ص ۷۰۴)

۸۔۔۔ وہ سمندل نامی ایک کیڑا ہے جو آگ میں پیدا ہوتا ہے اور آگ ہی میں رہتا ہے۔ بلاد ترک میں اس کی اون کی تولیاں بنائی جاتی تھیں جو میلی ہو جانے پر آگ میں ڈال کر صاف کر لی جاتیں اور جلتی نہ تھیں۔ (خزائن العرفان پ ۱۵ ع ۲)

۹۔۔۔ ابن ابی حاتم کی روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

حضرت نوح علیہ السلام نے جب تمام مویشیوں کو اپنی کشتی میں سوار کر لیا تو لوگوں نے کہا کہ شیر کی موجودگی میں یہ مویشیوں آرام سے کیسے رہ سکیں گے۔ پس اللہ تعالیٰ نے اس وقت شیر پر بخار ڈال دیا جس سے وہ چپ چاپ بیٹھا رہا۔ یہ پہلا جانور ہے جو دنیا میں بیمار ہوا۔ (روح المعانی پ ۱۲–۵۳، البدایہ ج ۱ ص ۱۸)

۱۰۔۔۔ پانچ جانوروں کو۔

(۱) چیونٹی۔ (۲) شہد کی مکھی۔ (۳) ہدہد۔ (۴) صر (ایک پرندہ) (۵) مینڈک۔ (حیوۃ الحیوان ج ۲ ص ۹۳)

۱۱۔۔۔ صحیحین کی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: پانچ جانور فاسق ہیں۔ حرم میں ہوں یا حرم سے باہر قتل کر دیے جائیں۔

(۱) کوا۔ (۲) چیل۔ (۳) بچھو۔ (۴) چوہا۔ (۵) کالا کتا۔ (ابن کثیر پ ۱ ع ۳)

۱۲۔۔۔ وہ شتر مرغ ہے۔ (خزائن العرفان پ ۱۵ ع ۲)

۱۳۔۔۔ وہ جانور گھوڑا ہے۔ (روح المعانی ج ۱۹ ص ۱۰۳)

۱۴۔۔۔ وہ اونٹ ہے جس کا پتہ نہیں ہوتا ہے۔ (روح المعانی ج ۱۹ ص ۱۰۳)

۱۵۔۔۔ وہ شتر مرغ ہے۔ (روح المعانی ج ۱۹ ص ۱۰۳)

۱۶۔۔۔ وہ خرگوش ہے۔ (حیوۃ الحیوان اردو ۹۸ ق ۱)

۱۷۔۔۔ وہ تین طرح کے جانور ہیں۔

(۱) خرگوش۔ (۲) چمگادڑ۔ (۳) بجو۔

(حوالہ بالا و نزہۃ المجالس ج ۱ ص ۳۵)

۱۸۔۔۔ وہ چمگادڑ ہے جو اپنے بازوؤں سے اڑتی ہے۔

(حاشیہ ۲۲ جلالین ص ۱۰۸، خزائن العرفان پ ۳ ع ۱۴)

۱۹۔۔۔ وہ چمگادڑ ہے۔ (خزائن العرفان پ ۳ ع ۱۴)

۲۰۔۔۔ وہ مکھی ہے۔ جو خود ہی ہلاکت کی جگہ پہنچ جاتی ہے۔

۲۱۔۔۔ وہ چمگادڑ ہے۔ (خزائن العرفان پ ۳ ع ۱۴)

۲۲۔۔۔ وہ پرندہ چمگادڑ ہے۔ (خزائن العرفان پ ۳ ع ۱۴)

۲۳۔۔۔ دو مردار جانور حلال ہیں۔

(۱) مچھلی۔ (۲) ٹڈی۔ (مشکوٰۃ شریف ص ۳۶۱)

۲۴۔۔۔ چمگادڑ کا پیشاب پاک ہے۔ (رد المختار ج ۱ ص ۲۱۳)

۲۵۔۔۔ وہ بھیڑیا ہے کہ جب سوتا ہے تو ایک آنکھ بند رکھتا ہے اور ایک آنکھ کھلی ہوتی ہے۔ پھر کچھ دیر بعد بند والی آنکھ کو کھول دیتا ہے اور کھلی ہوئی کو بند کر لیتا ہے۔

(ابن کثیر پ ۱۵ ع ۱۵)

۲۶۔۔۔ سفیان بن عیینہ کہتے ہیں کہ بجز انسان، چوہا اور چیونٹی کے کوئی بھی جانور غذا جمع کرنے کی فکر نہیں کرتے۔ (حاشیہ جلالین ص ۳۳۰)

۲۷۔۔۔ یہ وہ جنتی مینڈھا ہے جس کو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بحکم الٰہی حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے بدلے ذبح کیا تھا۔ اسی مینڈھے کو آپ سے قبل ہابیل نے قربان کیا تھا جو مقبول بارگاہ ہو کر مرغزار جنت میں پہنچ گیا تھا۔ (جلالین ص ۳۷۷، ابن کثیر پ ۲۳ ع ۹)

۲۸۔۔۔۔ وہ آپ کا یعفور نامی گدھا تھا۔ آپ ﷺ جسے بلانا چاہتے اسے بھیج دیتے۔ یہ دروازے پر اپنا سر مارتا جب صاحب خانہ باہر آتا تو اشارہ کرتا کہ تجھے حضرت یاد فرماتے ہیں۔ (تفسیر الم نشرح ص ۱۸۶)

۲۹۔۔۔۔ ابن عساکر نقل کرتے ہیں کہ فتح خیبر کے حصہ مال سے حضور اکرم ﷺ کو ایک گدھا ملا۔ آپ نے اس سے اس کا نام پوچھا اس نے عرض کیا میرا نام یزید ابن شہاب ہے۔ خدا نے میری نسل میں ساٹھ گدھے پیدا کئے اور ان پر ہمیشہ پیغمبر سوار ہوتے رہے۔ اب اس نسل میں سوا میرے اور پیغمبروں میں سوا آپ کے کوئی باقی نہیں۔ میں امیدوار ہوں کہ آپ کی سواری میں رہوں! آپ ﷺ نے اس کا نام بدل کر یعفور رکھا۔ جس روز آپ ﷺ نے رحلت فرمائی اس کو مفارقت کی تاب نہ آئی نہایت ہی کرب و اضطراب کے عالم میں ایک کنوئیں میں گر کر ہلاک ہو گیا۔ (تفسیر الم نشرح ص ۱۸۶ اور مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۴۰)

۳۰۔۔۔۔ جس مچھلی کے شکم میں حضرت یونس علیہ السلام رہے۔ اس مچھلی کا شکم عرش اعظم سے بھی افضل کیونکہ اس میں ایک نبی کو معراج ہوئی۔

(تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۸۱۷، شان حبیب الرحمٰن ص ۸۳)

۳۱۔۔۔۔ حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ جس دن حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آتش نمرودی میں ڈالا گیا اس دن جو بھی جانور نکلا وہ آگ کو بجھانے کی کوشش کرتا رہا سوائے گرگٹ کے جو پھونک مار مار کر آگ بھڑکانے کی کوشش کر رہا تھا اس کی اس رسول دشمنی کی وجہ سے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے اسے مار ڈالنے کا حکم فرمایا۔ (ابن کثیر پ ۱۷ ع ۵، حیوۃ الحیوان ج ۲ ص ۱۴۷)

۳۲۔۔۔۔ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو نار نمرود میں ڈالا گیا تو اس آگ کی طرف سے مینڈک کا گزر ہوا، وہ اپنے منہ میں پانی لا لا کر آگ بجھانے کی کوشش کر رہا تھا۔ اس رسول دوستی کی وجہ سے رسول اللہ ﷺ اسے مارنے سے منع فرمایا ہے۔

(حیوۃ الحیوان ج ۲ ص ۱۴)

۳۳۔۔۔۔ ہزاروں اور لاکھوں شہد کی مکھیوں میں ایک سردار ہوتا ہے۔ اس کا نام یعسوب ہوتا ہے جو از روئے خلقت تمام مکھیوں سے بڑا ہوتا ہے۔ سب مکھیاں اسی کے تابع ہوتی ہیں۔ (تفسیر الم نشرح ص ۱۸۹، حاشیہ جلالین ص ۲۲۲)

۳۴۔۔۔۔ مکڑی کے آٹھ پیر اور چھ آنکھیں ہوتی ہیں۔ (حیوۃ الحیوان ج ۲ ص ۲۸۳)

۳۵۔۔۔۔ مکھی کی عمر صرف چالیس دن ہوتی ہے۔ (صاوی)

۳۶۔۔۔۔ وہ قاطوس نام کی مچھلی ہے۔ (حیوۃ الحیوان ج ۱ ص ۲۸۰)

۳۷۔۔۔۔ حضرت کعب بن احبار فرماتے ہیں: کوئی بھی پرندہ زمین سے آسمان کی طرف بارہ میل سے زیادہ اوپر پرواز نہیں کر سکتا۔ (حاشیہ ۲۴ جلالین ص ۲۲۳)

۳۸۔۔۔۔ جنت سے نکالے جانے سے پہلے سانپ کے بہت ہی خوبصورت چار پاؤں تھے۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۴۰۵)

۳۹۔۔۔۔ مرغ اس وقت بولتا ہے جب وہ فرشتوں کو دیکھتا ہے۔ (حیوۃ الحیوان ج ۱ ص ۲۱۵)

۴۰۔۔۔۔ گدھا اس وقت بولتا ہے جب وہ شیطان کو دیکھتا ہے۔ (حیوۃ الحیوان ج ۱ ص ۲۱۵)

۴۱۔۔۔۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے ارشاد فرمایا کہ شیر جب دھاڑتا ہے تو وہ یہ کہتا ہے۔ اَللّٰھُمَّ لَا تُسَلِّطْنِیْ عَلٰی اَحَدٍ مِّنْ اَھْلِ الْمَعْرُوْفِ (اے اللہ! مجھے کسی نیک آدمی پر مسلط مت کیجیو) (حیوۃ الحیوان ج ۱ ص ۷)

۴۲۔۔۔۔ دو گھوڑوں کی آپس میں جب مڈبھیڑ ہوتی ہے تو وہ یہ کہتے ہیں سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰٓئِکَۃِ وَالرُّوْحِ (حیوۃ الحیوان، نزہۃ المجالس ق ۱ ص ۵۵)

۴۳۔۔۔۔ مرغ جب بولتا ہے تو یہ کہتا ہے اُذْکُرُوْا اللّٰہَ یَاغَافِلُوْنَ (اے غافلو! اللہ کو یاد کرو) (روح البیان ج ۱۹ ص ۱۶۲)

۴۴۔۔۔۔ مور جب بولتا ہے تو یہ کہتا ہے۔ کَمَا تُدِیْنُ تُدَانُ۔ (جیسا کرو گے ویسا بھرو گے) (روح البیان ج ۱۹ ص ۱۶۷)

۴۵۔۔۔۔ طوطا جب بولتا ہے تو یہ کہتا ہے۔ وَیْلٌ لِّمَنِ الدُّنْیَا ھَمُّہٗ (جس نے

دنیا کا ارادہ کیا ہلاک ہوا) (روح المعانی ج۱۹ ص۱۶۷)

۴۶ـــــ فاختہ جب بولتی ہے تو یہ کہتی ہے۔ یٰلَیْتَ ذَالْخَلْقِ لَمْ یَخْلُقُوْا. (اے کاش مخلوق پیدا نہ کی جاتی) (روح المعانی ج۱۹ ص۱۶۷)

۴۷ـــــ قمری جب بولتی ہے تو یہ کہتی ہے سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی.

(روح المعانی ج۱۹ ص۱۶۷)

۴۸ـــــ ہدہد جب بولتا ہے تو یہ کہتا ہے اِسْتَغْفِرُوا اللّٰہَ تَعَالٰی یَا مُذْنِبُوْنَ. (اے گنہگارو! اللہ سے مغفرت چاہو) (روح المعانی ج۱۹ ص۱۶۷)

۴۹ـــــ تیتر جب بولتا ہے تو یہ کہتا ہے اَلرَّحْمٰنُ عَلَی الْعَرْشِ اسْتَوٰی (وہ نہایت ہی مہربان اس نے عرش پر استواء فرمایا) (روح المعانی ج۱۹ ص۱۶۷)

۵۰ـــــ باز جب بولتا ہے تو یہ کہتا ہے فِی الْبُعْدِ مِنَ النَّاسِ اُنْسٌ۔ (لوگوں سے دوری میں راحت ہے) (روح المعانی ج۱۹ ص۱۶۷)

۵۱ـــــ سنگور جب بولتا ہے تو یہ کہتا ہے مَنْ سَکَتَ سَلِمَ۔ (جو خاموش رہا نجات پایا) (روح المعانی ج۱۹ ص۱۶۷)

۵۲ـــــ مینڈک جب بولتا ہے تو یہ کہتا ہے سُبْحَانَ رَبِّیَ الْقُدُّوْسِ.

(روح المعانی ج۱۹ ص۱۶۷)

۵۳ـــــ گدھ جب بولتا ہے تو یہ کہتا ہے یَاابْنَ آدَمَ عِشْ مَا عِشْتَ فَاِنَّ آخِرَکَ الْمَوْتُ۔ (اے ابن آدم جیسا جینا ہے جی لے آخر تجھے مرنا ہے)

(روح المعانی ج۱۹ ص۱۶۷)

۵۴ـــــ حدی جب بولتا ہے تو یہ کہتا ہے کُلُّ شَیْءٍ ھَالِکٌ اِلَّا وَجْھَہٗ (اللہ کی ذات کے سوا ہر چیز ہلاک ہونیوالی ہے)

۵۵ـــــ خطاف جب بولتا ہے تو یہ کہتا ہے قَدِّمُوْا خَیْرًا تَجِدُوْہُ (جس بھلائی کا موقع میسر آئے کر گزرو) (روح المعانی ج۱۹ ص۱۶۷)

۵۶ـــــ شاما جو ایک خوش الحان چھوٹا پرندہ ہے جب بولتی ہے تو یہ کہتی ہے

سُبْحَانَ اللّٰہِ الْخَلَّاقِ الدَّائِمُ (پیدا کرنے والی اور ہمیشہ رہنے والی ذات، پاک ہے) (روح المعانی ج۱۹ ص۱۶۷)

۵۷ـــــ طیطوا جب بولتا ہے تو یہ کہتا ہے لِکُلِّ حَیٍّ مَیِّتٌ وَ لِکُلِّ جَدِیْدٍ بَالٍ (ہر جاندار کو مرنا ہے اور نئی چیز کو پرانی ہونی ہے) (روح المعانی ج۱۹ ص۱۶۷)

۵۸ـــــ مندرجہ ذیل جانور جنت میں جائیں گے۔

(۱) اصحاب کہف کا کتا۔
(۲) حضرت اسماعیل علیہ السلام کا مینڈھا۔
(۳) حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی۔
(۴) حضرت عزیر علیہ السلام کا گدھا۔ (۵) سرکار اقدس ﷺ کا بُراق۔

(الاشباہ والنظائر ص۳۸۲)

(۶) حضرت سلیمان علیہ السلام کی چیونٹی۔ (حاشیہ ۱۹ پ ص۳۱۸)

صاحب روح المعانی فرماتے ہیں کہ اچھے اچھے جانور بھی جنت میں جائینگے

(روح المعانی ج۱۵ ص۲۳۶)

(۷) حضور اکرم کی عضباء نامی اونٹنی بھی جنت میں جائے گی

(الملفوظ حصہ چہارم ص۸۰)

(۸) بنی اسرائیل کی گائے۔
(۹) یونس علیہ السلام کی مچھلی۔
(۱۰) بلقیس کا ہُد ہُد۔
(۱۱) اور یعقوب علیہ السلام کا بھیڑیا بھی جنت میں جائے گا۔ (نزہۃ المجالس ج۲ ص۶۴)

۵۹ـــــ قیامت کے دن جانوروں کو آپس میں بدلہ دلا کر فنا کر دیا جائے گا اور کہا جائے گا مٹی ہو جاؤ" (تفسیر نعیمی ج۱ ص۸۰)

۶۰ـــــ اصحاب کہف کا کتا بلعم باعور کی شکل میں جنت میں جائے گا۔

(الملفوظ حصہ چہارم ص۹۰)

بلعم باعور:

یہ شخص اپنے دور کا بہت بڑا عالم اور عابد و زاہد تھا اور اس کو اسم اعظم کا بھی علم تھا۔ یہ اپنی جگہ بیٹھا ہوا اپنی روحانیت سے عرش اعظم کو دیکھ لیا کرتا تھا اور بہت مستجاب الدعوات تھا کہ اس کی دعائیں بہت زیادہ مقبول ہوا کرتی تھیں۔ اس کے شاگردوں کی تعداد بھی بہت زیادہ تھی مشہور یہ ہے کہ اس کی درسگاہ میں طالب علموں کی دواتیں بارہ ہزار تھیں۔

جب حضرت موسیٰ علیہ السلام "قوم جبارین" سے جہاد کے لئے بنی اسرائیل کے لشکروں کو لیکر روانہ ہوئے تو بلعم باعور کی قوم اس کے پاس گھبرائی ہوئی آئی اور کہا کہ حضور! موسیٰ علیہ السلام بہت ہی بڑا اور نہایت ہی طاقتور لشکر لیکر حملہ آور ہونے والے ہیں اور وہ یہ چاہتے ہیں کہ ہم لوگوں کو ہماری زمینوں سے نکال کر یہ زمین اپنی قوم بنی اسرائیل کو دیدیں۔ اس لئے آپ حضرت موسیٰ علیہ السلام کیلئے ایسی بددعا کر دیجئے۔ کہ وہ شکست کھا کر واپس لوٹ جائیں۔ آپ چونکہ مستجاب الدعوات ہیں اس لئے آپ کی دعا ضرور مقبول ہو گی۔ یہ سن کر بلعم باعور کانپ اٹھا اور کہنے لگا کہ تمہارا برا ہو۔ خدا کی پناہ! حضرت موسیٰ علیہ السلام اللہ کے رسول ہیں اور ان کے لشکر میں مومنوں اور فرشتوں کی جماعت ہے۔ ان پر بھلا میں کیسے اور کس طرح بددعا کر سکتا ہوں۔؟ لیکن اس کی قوم نے رو رو کر اور گڑگڑا کر اس طرح اصرار کیا کہ اس نے یہ کہہ دیا کہ استخارہ کر لینے کے بعد اگر مجھے اجازت مل گئی تو بددعا کر دوں گا۔ مگر استخارہ کے بعد جب اس کو بددعا کی اجازت نہیں ملی تو اس نے صاف صاف جواب دے دیا کہ اگر میں بددعا کروں گا تو میری دنیا و آخرت دونوں برباد ہو جائیگی۔ اس کے بعد اس کی قوم نے بہت ہی گراں قدر ہدیا اور تحائف اس کی خدمت میں پیش کر کے بے پناہ اصرار کیا۔ یہاں تک کہ بلعم باعور پر حرص و لالچ کا بھوت سوار ہو گیا اور وہ مال کے جال میں پھنس گیا۔ اپنی گدھی پر سوار ہو کر بددعا کیلئے چل پڑا۔ راستے میں بار بار اس کی گدھی ٹھہر جاتی اور منہ موڑ

کر بھاگ جانا چاہتی تھی مگر یہ اس کو مار مار کر آگے بڑھاتا رہا یہاں تک کہ گدھی کو اللہ تعالیٰ نے قوت گویائی عطا فرمائی اور اس نے کہا کہ افسوس! اے بلعم باعور تو کہاں اور کدھر جا رہا ہے۔؟ دیکھ! میرے آگے فرشتے ہیں جو میرا راستہ روکتے اور میرا منہ موڑ کر مجھے پیچھے دھکیل رہے ہیں۔ اے بلعم! تیرا برا ہو۔ کیا تو اللہ کے نبی اور مومنین کی جماعت پر بددعا کرے گا؟ گدھی کی تقریر سن کر بلعم باعور واپس نہیں لوٹا۔ یہاں تک کہ "حسبان" نامی پہاڑ پر چڑھ گیا اور بلندی سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لشکروں کو بغور دیکھا اور مال و دولت کے لالچ میں اس نے بددعا شروع کر دی۔ لیکن خدا کی شان کہ وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لئے بددعا کرتا تھا مگر اس کی زبان پر اس کی قوم کے لئے بددعا جاری ہو جاتی تھی۔ یہ دیکھ کئی مرتبہ اس کی قوم نے ٹوکا کہ اے بلعم! تو الٹی بددعا کر رہا ہے! تو اس نے کہا اے میری قوم! میں کیا کروں۔؟ میں بولتا کچھ اور ہوں اور میری زبان سے نکلتا کچھ اور ہے۔ پھر اچانک اس پر یہ غضب الٰہی نازل ہو گیا کہ ناگہاں اس کی زبان لٹک کر اس کے سینے پر آ گئی۔ اس وقت بلعم باعور نے اپنی قوم سے رو کر کہا کہ افسوس! میری دنیا و آخرت دونوں برباد و غارت ہو گئی میرا ایمان جاتا رہا۔ میں قہر قہار و غضب جبار میں گرفتار ہو گیا اب میری کوئی دعا قبول نہیں ہو سکتی۔ بلعم باعور پہاڑ سے اتر کر مردود بارگاہ الٰہی ہو گیا۔ آخری دم تک اسکی زبان اس کے سینے پر لٹکی رہی اور وہ بے ایمان ہو کر مرا۔ (صاوی ج۲ ص۹۳)

۶۱۔۔۔ جو حیوانات موذی ہیں وہ دوزخ میں کافروں کو عذاب دینے کے لئے جائیں گے ان کو خود کوئی تکلیف نہ ہو گی جس طرح فرشتگان عذاب کو خود کوئی تکلیف نہ ہو گی۔ (الملفوظ حصہ چہارم ص۸۰)

۶۲۔۔۔ مکڑی کی چھ آنکھیں ہوتی ہیں۔ (حیوۃ الحیوان ج۲ ص۴۸۳)

۶۳۔۔۔ وہ مچھر ہے۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۲۵۰)

۶۴۔۔۔ حرم کے کبوتر انہی دو کبوتروں کی نسل سے ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج۱ ص۳۲)

۶۵۔۔۔ قتل ہابیل سے قبل شیر بکری پر حملہ نہیں کرتا تھا لیکن جب قابیل نے ہابیل کو قتل کیا تو اس کے بعد بعض جانور کا بعض پر تسلط ہو گیا۔ (حاشیہ ۱۰ جلالین ص ۳۴۴)

۶۶۔۔۔ عجائب المخلوقات میں ہے کہ بحر چین کے بعض جزائر میں بھینس کی طرح بندر ہوتے ہیں جنکا رنگ سفید ہوتا ہے۔ (تحفۃ المجالس ق ۸ ص ۳۵)

ناموں سے متعلق سوالات

۱۔۔۔ اللہ تقدس و تعالیٰ کے کل کتنے نام ہیں اور کونسی کتاب میں کتنے ناموں کا ذکر ہے۔؟

۲۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے ذاتی و صفاتی کل کتنے نام ہیں۔؟

۳۔۔۔ کتب سابقہ میں حضور اکرم ﷺ کے کیا کیا نام ہیں۔؟

۴۔۔۔ ساتوں آسمان اور زمین میں حضور اکرم ﷺ کے کیا کیا نام ہیں۔؟

۵۔۔۔ کائنات عالم کے کس مقام پر حضور اکرم ﷺ کو کس نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

۶۔۔۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام کا اصلی نام کیا ہے۔؟

۷۔۔۔ حضرت اسرافیل علیہ السلام کا اصلی نام کیا ہے۔؟

۸۔۔۔ حضرت میکائیل علیہ السلام کا اصلی نام کیا ہے۔؟

۹۔۔۔ حضرت عزرائیل علیہ السلام کا اصلی نام کیا ہے۔؟

۱۰۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے پردادا "حضرت ہاشم" کا اصلی نام کیا تھا۔؟

۱۱۔۔۔ حضرت عبد المطلب کا اصلی نام کیا ہے۔؟

۱۲۔۔۔ حضرت ابو طالب کا اصلی نام کیا ہے۔؟

۱۳۔۔۔ ابو لہب کا اصلی نام کیا تھا۔؟

۱۴۔۔۔ ابو جہل کا اصلی نام کیا تھا۔؟

۱۵۔۔۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا اصلی نام کیا ہے۔؟

۱۶۔۔۔ حضرت ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ کا اصلی نام کیا ہے۔؟

۱۷۔۔۔ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کا اصلی نام کیا ہے۔؟

۱۸۔۔۔ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کا اصلی نام کیا ہے۔؟

۱۹—— حضرت ابو ایوب انصاری ؓ کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۲۰—— حضرت ابو سفیان ؓ کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۲۱—— حضرت ابو قتادہ ؓ کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۲۲—— حضرت ابن ام مکتوم ؓ کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۲۳—— حضرت ابو طلحہ ؓ کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۲۴—— حضرت ابو درداء ؓ کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۲۵—— حضرت ابو سعید خدری ؓ کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۲۶—— حضرت ابو حذیفہ ؓ کا اصلی نام کیا ہے؟
۲۷—— حضرت ابو عبیدہ ؓ کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۲۸—— حضرت ابو لبابہ ؓ کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۲۹—— حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۳۰—— حضرت امام زین العابدین ؓ کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۳۱—— حضرت امام اعظم ؓ کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۳۲—— حضرت امام شافعی ؓ کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۳۳—— حضرت امام حنبل ؓ کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۳۴—— حضرت امام بخاری ؓ کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۳۵—— حضرت امام مسلم ؓ کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۳۶—— حضرت امام ابو داؤد ؓ کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۳۷—— حضرت امام ترمذی ؓ کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۳۸—— حضرت امام نسائی ؓ کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۳۹—— حضرت امام ابن ماجہ ؓ کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۴۰—— حضرت امام بیہقی ؓ کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۴۱—— حضرت امام بغوی ؓ کا اصلی نام کیا ہے۔؟

۴۲—— حضرت ابن جوزی ؓ کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۴۳—— حضرت امام نووی ؓ کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۴۴—— حضرت ابن خلدون علیہ الرحمہ کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۴۵—— حضرت ابن ہشام ؓ کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۴۶—— حضرت حافظ ابن کثیر ؓ کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۴۷—— اس صحابی کا کیا نام ہے کہ زمانہ جاہلیت میں جن کا نام ظالم تھا۔؟
۴۸—— اس صحابی کا کیا نام ہے کہ زمانہ جاہلیت میں جن کا نام شیطان تھا۔؟
۴۹—— سیدہ حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کے والد اور شوہر کا نام کیا ہے۔؟
۵۰—— طالوت بادشاہ کا اصلی نام کیا ہے۔؟
۵۱—— کوہ صفا کا نام "صفا" کیوں ہوا۔؟
۵۲—— کوہ مروہ کا نام "مروہ" کیوں ہوا۔؟
۵۳—— مدینہ طیبہ کا پہلا نام کیا تھا اور اس کی وجہ تسمیہ کیا ہے۔؟
۵۴—— توراۃ شریف میں مدینہ طیبہ کے کتنے نام ہیں۔؟
۵۵—— مکہ معظمہ کو "مکہ" کیوں کہا جاتا ہے۔؟
۵۶—— مکہ کے کل کتنے نام ہیں۔؟
۵۷—— مکہ معظمہ کے مشہور قبیلہ قریش کا نام "قریش" کیوں ہوا۔؟

ناموں سے متعلق جوابات

۱ـــــ تفسیر کبیر کے شروع میں بسم اللہ کے ماتحت ہے کہ حق تعالیٰ کے تین ہزار نام ہیں۔ جن میں سے ایک ہزار کو ملائکہ جانتے ہیں اور ایک ہزار صرف انبیاء کرام۔ باقی ایک ہزار میں سے تین سو نام تورات شریف میں، تین سو زبور میں، تین سو انجیل میں اور ننانوے نام قران کریم میں ہیں۔ اور ایک نام وہ ہے کہ جس کو صرف حق تعالیٰ ہی جانتا ہے۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۳۸)

دوسرا قول یہ ہے کہ اللہ تقدس و تعالیٰ کے پانچ ہزار نام ہیں۔ ایک ہزار قرآن پاک و سنت صحیحہ میں، ایک ہزار تورات میں، ایک ہزار زبور میں، ایک ہزار انجیل میں اور ایک ہزار لوح محفوظ میں لکھے ہوئے ہیں۔ (ابن کثیر پ۳۰ منافق)

۲ـــــ حضور اکرم ﷺ کے ذاتی نام دو ہیں محمد، احمد۔ باقی صفاتی نام دو سو ایک۔

(دلائل الخیرات)

اور بروایت مدارج النبوۃ ایک ہزار ہیں۔ (تفسیر نعیمی ج۴ ص۲۰۱)

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی علیہ الرحمہ والرضوان فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے ذاتی نام دو ہیں کتب سابقہ میں "احمد" اور قرآن کریم میں "محمد" ﷺ۔ اور آپ کے اسماء صفات بے گنتی ہیں۔ علامہ احمد خطیب قسطلانی نے پانچ سو جمع فرمائے، سیرت شامی میں تین سو اور اضافہ کئے اور میں نے چھ سو اور ملائے کل چودہ سو ہوئے۔ (الملفوظ ج۱ ص۹۳ حصہ اول)

۳ـــــ حضور اکرم ﷺ کا نام تورات میں "میذمیذ" انجیل میں "طاب طاب" زبور میں "عاقب" دیگر کتب سابقہ میں سے بعض میں "روحا" بعض میں اولایا بعض میں، "احزانا" بعض میں "فارقلیط" بعض میں "ضحوک" بعض میں "منحمنا" بعض میں "احیدا" بعض میں "ماذماذ" بعض میں "مختار" بعض "روح الحق" بعض میں "مقیم السنۃ" بعض میں "مقدس" بعض میں "حرز الامین" بعض میں "قثیم" بعض میں "نبی الملاحۃ" اور بعض میں "قتال" مذکور ہے۔ (مدارج النبوۃ ص۹ جز دوم)

۴ـــــ حضور اکرم ﷺ کا نام آسمان دنیا میں "مجتبیٰ" آسمان دوم میں "مرتضیٰ" آسمان سوم میں "مزکی" آسمان چہارم میں "نجیب" آسمان پنجم میں "محب" آسمان ششم میں "مظہر" اور آسمان ہفتم میں "مقرب" ہے۔

اور طبقات زمین میں سے اول میں "معظم" دوسرے میں "مبجل" تیسرے میں "محب" چوتھے میں "مشرف" پانچویں میں "مظہر" چھٹے میں "امین اللہ" اور ساتویں میں "نوراللہ" ہے۔ (مدارج النبوۃ ص۹ جز دوم)

۵ـــــ کائنات عالم میں ہر مقام پر حضور ﷺ کو الگ الگ نام اور صفات سے یاد کیا جاتا ہے۔

چنانچہ اہل جنت کے نزدیک آپ کا نام "عبدالکریم" اہل نار کے نزدیک "عبدالجبار" ملائکہ حاملان عرش کے نزدیک "مصطفیٰ" ملائکہ کروبین کے نزدیک "مختار" ملائکہ روحانین کے نزدیک "مکرم" ساق عرش پر "حبیب اللہ" جبہ کرسی پر "رسول اللہ" لوح محفوظ میں "صفی اللہ" شجرہ طوبیٰ کے اوراق پر "صفوۃ اللہ" لواء حمد پر "خیرۃ اللہ" اہل عرش کے نزدیک "عبدالحمید" ملائکہ کے نزدیک "عبدالمجید" انبیاء کے نزدیک "عبدالوہاب" شیاطین کے نزدیک "عبدالقہار" جنات کے نزدیک "عبدالرحیم" پہاڑوں میں "عبدالخالق" جنگلات و خشکی میں "عبدالقادر" تری میں "عبدالمہیمن" مچھلیوں کے نزدیک "عبدالقدوس" کیڑے پتنگوں کے نزدیک "عبدالغیاث" وحشی جانوروں کے نزدیک "عبدالرزاق" درندوں کے نزدیک "عبدالسلام" چوپایوں میں "عبدالمومن" پرندوں کی زبان پر "عبدالغفار" اللہ کے نزدیک طٰہٰ، یٰس اور مسلمانوں کے نزدیک محمد ﷺ۔

(مدارج النبوۃ ج۱ ص۵۱۷ مدارج ص۹ جز دوم)

۶۔۔۔۔ حضرت جبرائیل ؑ کا اصلی نام "عبد اللہ" ہے۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۲۵۸)
امام سہیلی نے فرمایا کہ جبرائیل سریانی لفظ ہے جس کے معنی ہیں عبد الرحمن یا عبد العزیز۔ اور ایک قول یہ بھی ہے کہ جبرائیل کا اصلی نام عبد الجلیل ہے۔ اور کنیت ابو الفتح۔ (عمدۃ القاری ج۱ ص۷۲)

۷۔۔۔۔ حضرت اسرافیل کا اصلی نام عبد الرحمن ہے۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۲۵۸)
اور ایک قول کے بموجب عبد الخالق۔ کنیت ابو المنافخ۔ (عمدۃ القاری ج۱ ص۷۲)

۸۔۔۔۔ حضرت میکائیل ؑ کا اصلی نام عبد اللہ ہے۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص۲۵۸)
اور بقول دیگر عبد الرزاق۔ کنیت ابو الغنائم۔ (عمدۃ القاری ج۱ ص۷۲)

۹۔۔۔۔ حضرت عزرائیل ؑ کا اصلی نام عبد الجبار ہے اور کنیت ابو یحییٰ۔
(عمدۃ القاری ج۱ ص۷۲)

۱۰۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے پر دادا حضرت ہاشم کا اصلی نام "عمرو" ہے۔ ہاشم اس وجہ سے کہتے ہیں کہ ہشم کے معنی ہیں روٹی کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ سب سے پہلے جس نے اپنی قوم کو قحط کے زمانہ میں "ہشکنہ" یعنی روٹی کے ٹکڑے پکا کر کھلائے وہ یہی تھے۔ اور علو مرتبت کے لحاظ سے ان کو "عمرو العلی" بھی کہتے ہیں۔
(مدارج النبوۃ ج۲ ص۹)

۱۱۔۔۔۔ حضرت عبد المطلب کا اصلی نام "شیبہ" تھا۔ ان کا یہ نام اس وجہ سے تھا کہ وقت ولادت ان کے سر میں سفید بال تھے۔ انہیں "شیبۃ الحمد" بھی کہتے ہیں کیونکہ ان کے اکثر افعال پسندیدہ اور خوش آیند تھے جس کی وجہ سے لوگ ان کی تعریف و ستائش کیا کرتے تھے۔ بعض لوگ ان کو "عامر" کے نام سے بھی یاد کرتے تھے۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۸)

۱۲۔۔۔۔ حضرت ابو طالب کا اصلی نام "عبد مناف" ہے۔
(مدارج النبوۃ ج۲ ص۵۳۷، نزہۃ المجالس ق۸ ص۵۳)

۱۳۔۔۔۔ ابو لہب اصلی نام "عبد العزیٰ" ہے۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۵۳۶، نزہۃ المجالس ق۸ ص۵۳)

۱۴۔۔۔۔ ابو جہل کا اصلی نام "عمرو بن ہشام" تھا۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۷۰)
ایک روایت میں عروہ بن ہشام ہے۔ (اسماء رجال مشکوٰۃ ص۶۰۹)

۱۵۔۔۔۔ حضرت ابو ہریرہ ؓ کے اصلی نام پر کافی اختلاف ہے لیکن سب سے زیادہ صحیح قول کے مطابق آپ کا نام زمانہ جاہلیت میں "عبد شمس" یا "عبد عمرو" تھا اور اسلام قبول کرنے کے بعد آپ کا نام "عبد الرحمن یا عبد اللہ" ہوا۔
(اسماء رجال مشکوٰۃ ص۶۲۲)

۱۶۔۔۔۔ حضرت ابوذر غفاری ؓ کا اصلی نام "جندب بن جنادہ" ہے۔
(مدارج النبوۃ ج۲ ص۸۵۴، نزہۃ المجالس ق۴ ص۵۸)

۱۷۔۔۔۔ حضرت ابو موسیٰ اشعری ؓ کا اصلی نام "عبد اللہ بن قیس" ہے۔
(مدارج النبوۃ ج۲ ص۹۷۸، نزہۃ المجالس ق۱۲)

۱۸۔۔۔۔ حضرت سلمان فارسی ؓ کا اصلی نام مابہ بن بوزخشان ہے۔
(حاشیہ شرح امیر ص۱۴۴)

۱۹۔۔۔۔ حضرت ابو ایوب انصاری ؓ کا اصلی نام خالد بن زید انصاری ہے۔
(مدارج النبوۃ ج۲ ص۹۱۰، نزہۃ المجالس ق۱۳)

۲۰۔۔۔۔ حضرت ابو سفیان ؓ کا اصلی نام صخر بن حرب القرشی ہے۔
(اسماء رجال مشکوٰۃ ص۶۰۰)

۲۱۔۔۔۔ حضرت ابو قتادہ ؓ کا اصلی نام حارث بن ربعی انصاری ہے۔
(اسماء رجال مشکوٰۃ ص۶۴۳)
بعض نے نعمان بتایا ہے۔ (نزہۃ المجالس ق۴ ص۵۹)

۲۲۔۔۔۔ حضرت ابن ام مکتوم ؓ کا اصلی نام عبد اللہ بن عمرو ہے۔ بعض عمرو بن قیس اور بعض عبد اللہ بن صریح کہتے ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۱۰۰۶)

۲۳۔۔۔۔ حضرت ابو طلحہ ؓ کا اصلی نام زید بن سہل انصاری ہے۔
(اسماء رجال مشکوٰۃ ص۶۹۰، نزہۃ المجالس ق۱۳)

۲۴۔۔۔ حضرت ابو درداءؓ کا اصلی نام عویمر بن عامر ہے۔
(اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۵۹۴، نزہۃ المجالس ق ۱۲)

۲۵۔۔۔ حضرت ابو سعید خدریؓ کا اصلی نام سعد بن مالک الانصاری ہے۔
(اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۵۹۸، نزہۃ المجالس ق ۱۲)

۲۶۔۔۔ حضرت ابو حذیفہؓ کا اصلی نام ہشیم یا ہاشم بن عتبہ ہے۔
(اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۵۹۹)

۲۷۔۔۔ حضرت ابو عبیدہ بن جراحؓ کا اصلی نام عامر بن عبد اللہ بن الجراح ہے۔
(اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۶۰۸)

۲۸۔۔۔ حضرت ابو لبابہؓ کا اصلی نام رفاعہ بن عبد المنذر الانصاری ہے۔
(اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۶۱۵)

۲۹۔۔۔ حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا کا اصلی نام فاختہ ہے۔ بعض عاتکہ اور بعض ہند بتاتے ہیں۔
(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۳۰)

۳۰۔۔۔ امام زین العابدینؓ کا اصلی نام علی بن حسین ہے۔ زین العابدین لقب سے ملقب ہونے کی وجہ یوں ہے کہ ایک رات آپ نماز تہجد میں مشغول تھے کہ شیطان ایک سانپ کی شکل میں ظاہر ہوا تا کہ آپ کو عبادت سے باز رکھے۔ آپ نے اس کی طرف توجہ نہ دی یہاں تک کہ اس سانپ نما شیطان نے آپ کے پاؤں کے انگوٹھے کو اپنے منہ میں لیکر نہایت ہی سختی سے کاٹا جس سے آپ کو بہت تکلیف ہوئی لیکن آپ نے نماز قطع نہ کی۔ آپ پر منکشف ہوا کہ وہ شیطان ہے۔ دریں اثناء آپ نے ایک آواز سنی قائل نظر نہ آیا کہنے والا کہتا تھا کہ آپ زین العابدین ہیں آپ زین العابدین ہیں آپ زین العابدین ہیں۔
(شواہد النبوۃ ص ۳۲۶)

۳۱۔۔۔ حضرت امام اعظم ابو حنیفہؒ کا اصلی نام نعمان بن ثابت ہے۔
(اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۶۲۳، نزہۃ المجالس ق ۱۲)

۳۲۔۔۔ حضرت امام شافعیؒ کا اصلی نام محمد بن ادریس شافعی ہے۔
(اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۶۲۵، نزہۃ المجالس ص ۱۲)

۳۳۔۔۔ حضرت امام حنبلؒ کا اصلی نام احمد بن حنبل ہے۔
(اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۶۲۰، نزہۃ المجالس ص ۱۲)

۳۴۔۔۔ حضرت امام بخاریؒ کا اصلی نام محمد بن اسماعیل البخاری ہے۔
(اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۶۲۶، نزہۃ المجالس ص ۱۲)

۳۵۔۔۔ حضرت امام مسلمؒ کا نام مسلم بن حجاج ہے۔
(اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۶۲۷، نزہۃ المجالس ص ۱۲)

۳۶۔۔۔ حضرت امام ابو داؤدؒ کا اصلی نام سلیمان بن الاشعث ہے۔
(اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۶۲۷، نزہۃ المجالس ص ۱۲)

۳۷۔۔۔ حضرت امام ترمذیؒ کا اصلی نام محمد بن عیسیٰ الترمذی ہے۔
(اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۶۲۷، نزہۃ المجالس ص ۱۲)

۳۸۔۔۔ حضرت امام نسائیؒ کا اصلی نام احمد بن شعیب النسائی ہے۔
(اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۶۲۷، نزہۃ المجالس ص ۱۲)

۳۹۔۔۔ حضرت امام ابن ماجہؒ کا اصلی نام محمد یزید بن ماجہ ہے۔
(اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۶۲۷، نزہۃ المجالس ص ۱۲)

۴۰۔۔۔ حضرت امام بیہقیؒ کا اصلی نام احمد بن الحسین البیہقی ہے۔
(اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۶۲۸، نزہۃ المجالس ص ۱۲)

۴۱۔۔۔ حضرت امام بغویؒ کا اصلی نام الحسین بن مسعود البغوی ہے۔
(اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۶۲۸، نزہۃ المجالس ص ۱۲)

۴۲۔۔۔ ابن جوزیؒ کا اصلی نام عبد الرحمٰن بن علی بن الجوزی ہے۔
(اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۶۲۸)

۴۳۔۔۔ امام نوویؒ کا اصلی نام محی الدین یحییٰ بن شرف النووی ہے۔
(اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۶۲۸، نزہۃ المجالس)

۴۴۔۔۔ ابن خلدون علیہ الرحمہ کا اصلی نام عبد الرحمٰن ابن خلدون ہے۔
(سرورق مقدمہ ابن خلدون)

۴۵۔۔۔ ابن ہشام رضی اللہ عنہ کا اصلی نام عبد المالک بن ہشام ہے۔ (مقدمہ سیرۃ ابن ہشام)

۴۶۔۔۔ حافظ ابن کثیر علیہ الرحمہ کا اصلی نام عماد الدین ابن کثیر ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

۴۷۔۔۔ وہ حضرت راشد رضی اللہ عنہ ہیں کہ زمانۂ جاہلیت میں انکا نام "ظالم" تھا۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: تم راشد ہو! (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۹)

۴۸۔۔۔ وہ حضرت عبد اللہ بن قرط رضی اللہ عنہ ہیں کہ ان کا پہلا نام "شیطان" تھا حضور اکرم ﷺ نے یہ نام تبدیل کر کے عبد اللہ رکھا۔ (اسماء رجال مشکوۃ ص ۶۰۵)

۴۹۔۔۔ دائی حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کے والد کا نام ابی ذویب عبد اللہ بن الحرث ہے۔ اور شوہر کا نام حارث بن عبد العزی ہے۔ (الکامل فی التاریخ ج ۱ ص ۱۸۶ و ابن سعد ج ۱ ص ۴۳)

۵۰۔۔۔ طالوت کا نام شاول ابن قیس تھا درازی قد کی وجہ سے ان کا لقب طالوت ہوا۔ (تفسیر نعیمی ج ۲ ص ۵۳۱)

۵۱۔۔۔ صفا کا نام "صفا" اس لئے ہوا کہ اس پر آدم صفی اللہ علیہ السلام بیٹھے تھے۔

(حاشیہ جلالین ص ۲۳)

۵۲۔۔۔ مروہ کا نام "مروہ" اسلئے رکھا گیا کہ اس پر امراۃ آدم یعنی حضرت حوا علی نبینا و علیہا السلام بیٹھیں تھیں۔ (حاشیہ جلالین ص ۲۳)

۵۳۔۔۔ مدینہ طیبہ کا پہلا نام "یثرب" تھا۔ اس کی وجہ تسمیہ یہ تھی کہ عمالیق میں سے سب سے پہلے جو شخص یہاں آکر ٹھہرا تھا اس کا نام یثرب بن مہلائیل تھا۔ اسلئے اس شہر کو اسی کے نام سے موسوم و مشہور کیا گیا۔ (ابن کثیر پ ۲۱ ص ۱۸)

ایک قول کے بموجب اس شخص کا نام یثرب بن لوائل تھا۔

(الاتقان فی علوم القرآن ج ۲ ص ۱۸۲)

۵۴۔۔۔ توراۃ شریف میں مدینہ طیبہ کے گیارہ نام آئے ہیں۔

(۱) مدینہ۔ (۲) طابہ۔ (۳) مسکینہ۔ (۴) جابرہ۔ (۵) محبہ۔ (۶) محبوبہ۔ (۷) قاصمہ۔ (۸) مجبورہ۔ (۹) عذراء۔ (۱۰) مرحومہ۔ (۱۱) طیبہ۔ (ابن کثیر پ ۲۱ ص ۱۸)

۵۵۔۔۔ مکہ "مکّ" سے بنا ہے جس کے معنی ہیں چوس لینا، خشک کر دینا۔ چونکہ یہ شہر حاجیوں کے گناہوں کو جذب کر لیتا ہے اس لئے اسے مکہ کہا جاتا ہے۔ مکہ کو بکہ بھی کہتے ہیں کہ جس کے معنی ہیں کچل دینا۔ چونکہ اس شہر کے دشمن اصحاب فیل وغیرہ کچل دیئے گئے اس لئے اسے بکہ کہا جاتا ہے۔ (تفسیر نعیمی ج ۴ ص ۱۷)

۵۶۔۔۔ مکہ معظمہ کے بہت سے نام ہیں ان میں سے کچھ یہ ہیں۔

(۱) مکہ (۲) بکہ۔ (۳) ام رحم۔ (۴) کوہ لبناء۔ (۵) بشاشہ۔ (۶) حاطمہ۔ (۷) ام القریٰ۔ (۸) بلد امین۔ (۹) المامون۔ (۱۰) صلاح۔ (۱۱) عوش۔ (۱۲) فارس۔ (۱۳) مقدس۔ (۱۴) راس۔ (۱۵) کوثاء۔ (۱۶) مبینہ۔ (تفسیر نعیمی ج ۴ ص ۱۷)

۵۷۔۔۔ مکہ معظمہ کا مشہور قبیلہ قریش کا نام قریش رکھنے میں متعدد وجوہات بیان کیے گئے ہیں۔ مشہور وجہ یہ ہے کہ قریش ایک بہت بڑا آبی جانور ہے جو مچھلیوں کو کھاتا ہے کوئی دوسرا آبی جانور اسے نہیں کھا سکتا۔ یہ تمام دریائی جانوروں پر غالب و برتر رہتا ہے اسی طرف نسبت کرتے ہوئے اس قبیلہ کا نام قریش ہوا۔ بعض کہتے ہیں کہ متفرق و منتشر ہو جانے کے بعد حرم پاک میں چونکہ یہ لوگ دوبارہ مجتمع ہوئے تھے اور تقرش کے معنی ہیں جمع ہونے اور اکٹھا ہونے کے ہیں۔ تیسری وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ یہ لوگ اہل تجارت اور صاحب ہنر تھے اور قرش کے معنی کسب و ہنر اور اکٹھا کرنے کے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ جب لوگ حج کیلئے آتے تو یہ لوگ فقراء و مساکین کے احوال کی تفتیش کرتے اور ان کی امداد کرتے تھے یہاں تقریش کے معنی تفتیش کے ہیں۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۱)

القاب سے متعلق سوالات

۱— شیخ الانبیاء کس نبی کا لقب ہے۔؟
۲— خطیب الانبیاء کس نبی کا لقب ہے۔؟
۳— ابوالانبیاء کس نبی کا لقب ہے۔؟
۴— ابوالبشر اور ابو محمد کس نبی کا لقب ہے۔؟
۵— ہبۃ اللہ کس نبی کا لقب ہے۔؟
۶— آدم ثانی کس نبی کہا جاتا ہے۔؟
۷— قرآن میں ذوالنون اور صاحب حوت کس نبی کو کہا گیا ہے۔؟
۸— ابوالضیفان کس نبی کا لقب ہے۔؟
۹— ہرمس الہرامس کس نبی کا لقب ہے۔؟
۱۰— ذوالہجرتین کس نبی کا لقب ہے۔؟
۱۱— ابن الذبیحین کس نبی کا لقب ہے۔؟
۱۲— ہاذم اللذات کس کا لقب ہے۔؟
۱۳— صاحب زمان کس کا لقب ہے۔؟
۱۴— ذوالشہادتین کس صحابی کا لقب ہے۔؟
۱۵— ذوالجناحین کس صحابی کا لقب ہے۔؟
۱۶— ذوالنطاقتین کس صحابیہ کا لقب ہے۔؟
۱۷— ذوالہجرتین کس صحابی کا لقب ہے۔؟
۱۸— ذوالیدین کس صحابی کا لقب ہے۔؟
۱۹— ذوالبجادین کس صحابی کا لقب ہے۔؟

۲۰— ذوالنور کس صحابی کا لقب ہے۔؟
۲۱— صاحب اسرار رسول کس صحابی کا لقب ہے۔؟
۲۲— خطیب رسول کس صحابی کا لقب ہے۔؟
۲۳— محبوب رسول کس صحابی کو کہا جاتا ہے۔؟
۲۴— حواریٔ رسول کس صحابی کو کہا جاتا ہے۔؟
۲۵— حبِ رسول کس صحابی کو کہا جاتا ہے۔؟
۲۶— صحاب طہور رسول کس صحابی کو کہا جاتا ہے۔؟
۲۷— میزبان رسول کس صحابی کا لقب ہے۔؟
۲۸— بلیغ الارض کس صحابی کا لقب ہے۔؟
۲۹— فارس رسول کس صحابی کا لقب ہے۔؟
۳۰— صاحب الاذان کس صحابی کا لقب ہے۔؟
۳۱— سید الانصار کس صحابی کا لقب ہے۔؟
۳۲— صاحب الکتابین کس صحابی کا لقب ہے۔؟
۳۳— خاتم المہاجرین کس صحابی کا لقب ہے۔؟
۳۴— حبر ہذہ الامت کس صحابی کا لقب ہے۔؟
۳۵— امین ہذہ الامت کس صحابی کا لقب ہے۔؟
۳۶— ابوالمساکین کس صحابی کا لقب ہے۔؟
۳۷— ام المساکین کس صحابیہ کا لقب ہے۔؟
۳۸— ابوالخلفاء کس صحابی کا لقب ہے۔؟
۳۹— مستجاب الدعوات کس صحابی کا لقب ہے۔؟
۴۰— ترجمان قرآن کس صحابی کا لقب ہے۔؟
۴۱— سید الشہداء کس صحابی کا لقب ہے۔؟
۴۲— ناجیہ کس صحابی کا لقب ہے۔؟

۴۳۔۔۔ سفینہ کس صحابی کا لقب ہے۔؟
۴۴۔۔۔ الطیب المطیب کس صحابی کا لقب ہے۔؟
۴۵۔۔۔ سیف اللہ کس صحابی کا لقب ہے۔؟
۴۶۔۔۔ غسیل الملائکہ کس صحابی کا لقب ہے۔؟
۴۷۔۔۔ ملک الملوک العادلہ کس کا لقب ہے۔؟

القاب سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ شیخ الانبیاء لقب حضرت نوح علیہ السلام کا ہے۔ (مدارج النبوۃ ص ۶۸، رکن اول)

۲۔۔۔ خطیب الانبیاء، حضرت شعیب علیہ السلام کا لقب ہے۔ (الاتقان فی علوم القرآن ج ۲ ص ۱۷۷)

۳۔۔۔ ابوالانبیاء، حضرت ابراہیم علیہ السلام کو کہا جاتا ہے۔ (تفسیر نعیمی ج ۳ ص ۳۳۳)

۴۔۔۔ ابوالبشر اور ابو محمد، یہ دونوں لقب حضرت آدم علیہ السلام کے ہیں۔ دنیا میں آپ کا لقب ابوالبشر ہے اور جنت میں آپ کا لقب ابو محمد ہو گا۔ (البدایہ والنہایہ ج ۱ ص ۹۷)

۵۔۔۔ ہبۃ اللہ (اللہ نے دیا) یہ لقب حضرت شیث علیہ السلام کا ہے۔ (الکامل فی التاریخ ج ۱ ص ۳۰)

۶۔۔۔ آدم ثانی، حضرت نوح علیہ السلام کو کہا جاتا ہے۔ (مدارج النبوۃ ص ۶۸، رکن اول)

۷۔۔۔ قرآن میں ذوالنون اور صاحب الحوت (مچھلی والے) حضرت یونس علیہ السلام کو کہا گیا ہے۔ مچھلی کے پیٹ میں رہنے کی وجہ سے۔ (حیوۃ الحیوان)

۸۔۔۔ ابوالضیفان، حضرت ابراہیم علیہ السلام کا لقب ہے۔ (تفسیر نعیمی ص ۸۱۰)

۹۔۔۔ ہرمس الہرامس یعنی حکیم الحکماء حضرت ادریس علیہ السلام کا لقب ہے۔
(محاضرۃ الاوائل ص ۸۳)

۱۰۔۔۔ ذوالہجرتین، یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا لقب ہے اسلئے کہ آپ نے دو ہجرتیں کی۔ ایک عراق سے کوفہ کی طرف اور ایک کوفہ سے ملک شام کی طرف۔
(تفسیر کشاف پ ۱۲، ج ۳، ص ۳۵۱)

۱۱۔۔۔ ابن الذبیحین، یہ لقب حضور اکرم ﷺ کا ہے۔ دو ذبیح سے مراد ایک حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اور ایک اسماعیل علیہ السلام۔ (مدارج النبوۃ ج ص ۱۸، تواریخ حبیب اللہ ص ۱۰)

۱۲۔۔۔ ہازم اللذات، ملک الموت حضرت عزرائیل علیہ السلام کا لقب ہے۔
(مدارج النبوۃ ص ۳۰ رکن سوم، غیاث اللغات ص ۵۳۶)

۱۳۔۔۔۔۔ صاحب الزمان، حضرت امام مہدی کا لقب ہے۔ (غیاث اللغات ص ۲۰۴)

۱۴۔۔۔۔۔ ذوالشہادتین، یہ لقب حضرت خزیمہ بن ثابت الانصاری رضی اللہ عنہ کا ہے (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۵۳)

آپ کا اس لقب کے ساتھ ملقب ہونے کا تفصیلی واقعہ صحابہ کرام کے تحت میں بیان کر دیا گیا ہے۔

۱۵۔۔۔۔۔ ذوالجناحین (دو بازو والے) یہ حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کا لقب ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے آپ کو اس لقب سے اس وقت یاد فرمایا جب جنگ موتہ کے موقعہ پر دشمنوں سے مقابلہ کرتے ہوئے آپ کے دونوں بازو کٹ گئے اور پھر آپ شہید ہو گئے۔ حضور شافع یوم النشور ﷺ نے فرمایا:

میں نے جعفر کو جنت میں اڑتے ہوئے دیکھا۔

ایک روایت کے مطابق فرمایا:

حق تعالیٰ نے جعفر کو دو بازو یا قوت کے عطا فرمائے جن سے وہ فرشتوں کے ساتھ اڑتے پھرتے ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۶۰، حاشیہ ۱۲ بخاری شریف ج ۲ ص ۶۱۱)

۱۶۔۔۔۔۔ ذوالنطاقتین یا ذات النطاقتین (دو کمر بند والی) یہ لقب حضرت اسماء بنت ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہما کا ہے۔ ہجرت کے موقعہ پر جب حضور اکرم ﷺ اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ غار ثور میں قیام پذیر تھے تو ان دنوں حضرت اسماء رضی اللہ عنہا حضور اکرم ﷺ اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے واسطے کھانے کے لئے ستو لایا کرتی تھیں۔ جس دن حضور ﷺ غار ثور سے کوچ کرنے لگے اس دن حضرت اسماء رضی اللہ عنہا ستو کا تھیلا تو لائیں مگر اس تھیلے کو باندھ کر لٹکانے کے واسطے تسمہ یا ڈوری لانا بھول گئیں۔ جب اس تھیلے کو لٹکانے کے لئے کوئی چیز نہ ملی تو حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے اپنا کمر بند نکال کر اس کے دو ٹکڑے کئے ایک سے تھیلے کا دہانہ باندھکر لٹکایا اور دوسرے ٹکڑے سے کمر باندھی۔ اسی دن سے ان کا لقب ذات النطاقتین ہو گیا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۹۰)

۱۷۔۔۔۔۔ ذوالہجرتین، یہ بھی حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کا لقب ہے۔ (حاشیہ بخاری ج ۲ ص ۶۱۱)

۱۸۔۔۔۔۔ ذوالیدین، یہ لقب حضرت خرباق رضی اللہ عنہ کا ہے (عمدۃ [illegible] رجال مشکوٰۃ ص ۵۹۳)

یا تو یہ کنایہ ہے سخاوت سے یا حقیقۃً ان کے ہاتھ لمبے تھے۔ ۱۲

۱۹۔۔۔۔۔ ذوالبجادین (دو چادر والے) یہ لقب حضرت عبداللہ مزنی رضی اللہ عنہ کا ہے۔ آپ قبیلہ مزینہ کے باشندوں میں سے تھے رسول اللہ ﷺ کی خدمت کی اس حال میں پہنچے کہ آپ کے پاس صرف ایک ہی چادر تھی اس کے دو حصے کئے ہوئے ایک حصہ کا تہ بند اور دوسرے کی چادر بنائے ہوئے تھے۔ سحر کے وقت مدینہ طیبہ پہنچے اور مسجد نبوی شریف میں ٹھہرے۔ جب حضور اکرم ﷺ نماز کیلئے باہر تشریف لائے اور حضور کی نظر مبارک ان پر پڑی تو فرمایا: تم کون ہو۔؟ انہوں نے کہا: میں فقیر و مسافر آپ کا عاشق جمال ہوں میرا نام عبدالعزی ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تمہارا نام عبداللہ اور تمہارا لقب ذوالبجادین ہے ہمارے کاشانہ اقدس کے قریب ہمارے پاس رہو۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۵۹۹)

۲۰۔۔۔۔۔ ذوالنور، یہ حضرت طفیل بن عمرو رضی اللہ عنہ کا لقب ہے۔ طفیل بن عمرو رضی اللہ عنہ نے حضور اکرم ﷺ سے اپنی قوم کیلئے کوئی نشانی و کرامت مانگی۔ حضور ﷺ نے ان کے لئے دعاء فرمائی اور کہا: خداوندا! انہیں نور عطا فرما۔! تو ان کی دونوں آنکھوں کے درمیان ایک نور چمکنے لگا۔ اس پر انہوں نے عرض کیا میں ڈرتا ہوں کہ لوگ اسے برص خیال کرنے لگیں گے۔ تو اسے بدل دیا گیا اور وہ نور ان کے کوڑے کے دستہ میں آ گیا اور رات کی تاریکی میں ان کا کوڑا روشنی دیتا تھا اسی وجہ سے ان کا لقب ذوالنور یعنی روشنی والے مشہور ہو گیا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۶۴)

۲۱۔۔۔۔۔ صاحب اسرار رسول اللہ ﷺ، یہ لقب حضرت حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ کا ہے۔ ان کو منافقوں کا علم تھا کہ حضور اکرم ﷺ نے ان کو منافقوں کی صفات کی تعلیم دی تھی۔ یہ منافقوں کی ذاتوں، ان کی شخصیتوں اور ان کے ناموں کو خوب پہچانتے تھے کہ کون کون ہیں۔ اس لئے ان کو اس لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۹۵۳)

۲۲۔۔۔۔ خطیب رسول اللہ ﷺ، یہ لقب حضرت ثابت بن قیس ؓ کا ہے۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۰۲۳)

۲۳۔۔۔۔ محبوب رسول ﷺ، حضرت زید بن حارثہ ؓ کو کہا جاتا ہے۔

(اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۵۹۵)

۲۴۔۔۔۔ حواری رسول ﷺ، حضرت زبیر بن عوام ؓ کو کہا جاتا ہے۔

(مشکوٰۃ ج ۲ ص ۵۶۵، مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۹۰۶)

۲۵۔۔۔۔ حب رسول ﷺ حضرت اسامہ بن زید ؓ کو کہا جاتا ہے۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۰۸)

۲۶۔۔۔۔ صاحب طہور رسول ﷺ، حضرت عبد اللہ بن مسعود ؓ کو کہا جاتا ہے۔ کیونکہ حضور اکرم ﷺ کے نعلین شریفین اور مسواک وغیرہ کی حفاظت آپ کے ذمے ہوتی تھی۔

(مشکوٰۃ شریف ج ۲ ص ۵۷۸، مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۵۲)

۲۷۔۔۔۔ میزبان رسول ﷺ، حضرت ابوایوب انصاری ؓ کا لقب ہے۔

(ابن کثیر پ ۲۵ ع ۱۵)

۲۸۔۔۔۔ بلیغ الارض یہ لقب حضرت خبیب ؓ کا ہے۔ جب کفار و مشرکین نے آپ کو سولی دیدی تو آپ کی لاش مبارک چالیس دنوں تک سولی پر لٹکی رہی۔ حضرت زبیر بن عوام اور حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ عنہما مدینہ طیبہ سے آکر لاش مبارک کو سولی سے اتار کر لیکر چلنے لگے۔ جب صبح ہوئی تو مشرکین کو پتہ چلا اور ان کے تعاقب میں نکلے جب ان کے قریب پہنچے تو حضرت زبیر ؓ، حضرت خبیب ؓ کی لاش مبارک زمین پر رکھ کر کفار و مشرکین سے مقابلہ کرنے لگے اس دوران زمین نے حضرت خبیب ؓ کی لاش مبارک کو اپنے اندر سمو لیا۔ اسی لئے آپ کو بلیغ الارض کہا جاتا ہے۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۴۳۶)

۲۹۔۔۔۔ فارس رسول ﷺ، حضرت ابوقتادہ ؓ کا لقب ہے۔ (اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۶۴۳)

۳۰۔۔۔۔ صاحب الاذان، حضرت عبد اللہ بن زید انصاری ؓ کا لقب ہے۔ کیونکہ آپ ہی کو خواب میں اذان کے الفاظ بتلائے گئے تھے۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۶۱۱)

۳۱۔۔۔۔ سید الانصار، یہ لقب حضرت سعد بن معاذ انصاری ؓ کا ہے۔ چونکہ انصار میں سے انہیں کا گھرانا سب سے پہلے اسلام لایا۔ اس لئے حضور اکرم ﷺ نے انہیں یہ لقب مرحمت فرمایا۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۹۰۲)

۳۲۔۔۔۔ صاحب الکتابین، یہ حضرت سلمان فارسی ؓ کا لقب ہے۔ چونکہ آپ پہلے انجیل پر ایمان رکھتے تھے جب قرآن کا نزول ہوا تو پھر قرآن پر ایمان لائے۔

(حاشیہ ۱۰ مشکوٰۃ ج ۲ ص ۵۷۸)

۳۳۔۔۔۔ خاتم المہاجرین، حضرت عباس ؓ کا لقب ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے حضرت عباس ؓ سے فرمایا تھا کہ تم خاتم المہاجرین ہو اور میں خاتم النبیین۔

(الکامل فی التاریخ ج ۲ ص ۱۰۰)

۳۴۔۔۔۔ حبر ہذہ الامۃ، حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا لقب ہے۔

(اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۶۰۲، مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۳۶۴)

۳۵۔۔۔۔ امین ہذہ الامۃ، حضرت ابو عبیدہ بن جراح ؓ کا لقب ہے۔

(اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۶۰۸، مشکوٰۃ ج ۲ ص ۵۶۶)

۳۶۔۔۔۔ ابو المساکین، یہ لقب حضرت جعفر ؓ کا ہے حضور اکرم ﷺ نے عطا فرمایا تھا۔

(مشکوٰۃ ج ۲ ص ۵۶۰)

۳۷۔۔۔۔ ام المساکین، یہ لقب ام المومنین سیدتنا زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا کا ہے۔ کیونکہ وہ مسکینوں کو کھانا کھلاتیں اور ان پر بڑی شفقت فرماتی تھیں۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۱۴)

۳۸۔۔۔۔ ابو الخلفاء، یہ لقب حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا ہے۔ منقول ہے کہ جب ان کی پیدائش ہوئی تو ان کی والدہ انہیں حضور اکرم ﷺ کی بارگاہ میں لائیں۔ حضور اکرم ﷺ نے ان کے داہنے کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کہی اور فرمایا: ابو الخلفاء کو لے جاؤ۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۲۷)

۳۹—— مستجاب الدعوات، یہ حضرت سعد بن ابی وقاص ﷺ کا لقب ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے آپ کو مقبول الدعا ہونے کی دعا دی تھی۔ چنانچہ آپ ایسے مقبول الدعا تھے کہ صحابہ کرام آپ سے دعا کرانے آتے تھے۔

(تفسیر نعیمی ج ۳ ص ۱۳۱، مشکوٰۃ ج ۲ ص ۵۶۶)

۴۰—— ترجمان القرآن، یہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا لقب ہے۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۴۷)

۴۱—— سید الشہداء حضرت امیر حمزہ ﷺ کا لقب ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۴۲)

۴۲—— ناجیہ، یہ لقب حضرت ذکوان ﷺ کا ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے آپ کو اس لقب سے ملقب اس وقت فرمایا جب آپ کو قریش سے نجات ملی۔

(اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۶۲۰)

۴۳—— سفینہ، یہ جس صحابی کا لقب ہے ان کے نام میں اختلاف ہے۔ مہران یا ملہمان یا رومان یا کیسان یا فروخ ہے۔ سفینہ ان کا لقب قرار پانے کا سبب یہ ہے کہ ایک سفر میں یہ حضور اکرم ﷺ کے ہمراہ تھے مسلمانوں میں سے جو بھی کسی چیز کو اٹھانے سے مجبور ہو جاتا تھا وہ چیز ان کے حوالے کردی جاتی تھی اس طرح انہوں نے بہت سے لوگوں کی چیزیں سنبھال رکھی تھیں اس بنا پر حضور اکرم ﷺ نے ان کو سفینہ یعنی کشتی سے تشبیہ دی۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۷۸)

۴۴—— الطیب المطیب، حضرت عمار بن یاسر ﷺ کا لقب ہے۔

(اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۶۰۷)

۴۵—— سیف اللہ، حضرت خالد بن ولید ﷺ کا لقب ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۶۰)

۴۶—— غسیل الملائکہ، یہ لقب حضرت حنظلہ ﷺ کا ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۹۲۶)

۴۷—— ملک الملوک العادلہ، حضرت ذوالقرنین کا لقب ہے۔

اولیات سے متعلق سوالات

۱—— اولاد آدم میں سب سے پہلے نبوت کس کو ملی۔؟
۲—— جب اللہ تعالیٰ نے تمام روحوں کو جمع کر کے فرمایا تھا الَسْتُ بِرَبِّکُمْ تو سب سے پہلے قَالُوْا بَلٰی کس نے کہا تھا۔؟
۳—— سب سے پہلے سبحان اللہ کس نے کہا۔؟
۴—— سب سے پہلے الحمد للہ کس نے کہا۔؟
۵—— سب سے پہلے اللہ اکبر کس نے کہا۔؟
۶—— سب سے پہلے لا الہ الا اللہ کس نے کہا۔؟
۷—— سب سے پہلے اما بعد کس نے کہا۔؟
۸—— سب سے پہلے سبحان ربی الاعلیٰ کس نے کہا۔؟
۹—— سب سے پہلے اپنا سر کس نے مونڈھا۔؟
۱۰—— سب سے پہلے مرغ کس نے پالا۔؟
۱۱—— سب سے پہلے کبوتر کس نے پالا۔؟
۱۲—— سب سے پہلے چاندی سے روپے اور سونے سے اشرفیاں کس نے بنائیں۔
۱۳—— سب سے پہلے قلم سے کس نے لکھا۔؟
۱۴—— سب سے پہلے کپڑا کس نے سیا۔؟
۱۵—— سب سے پہلے سلا ہوا کپڑا کس نے پہنا۔؟
۱۶—— سب سے پہلے پائجامہ کس نے پہنا۔؟
۱۷—— سب سے پہلے ہتھیار کس نے بنایا۔؟
۱۸—— سب سے پہلے ترازو اور پیمانہ کس نے قائم کیے۔؟

۱۹ـــــ سب سے پہلے حمام کس نے بنوایا۔؟
۲۰ـــــ سب سے پہلے جیل خانہ کس بنوایا۔؟
۲۱ـــــ سب سے پہلے پولیس کا محکمہ کس نے قائم کیا۔؟
۲۲ـــــ سب سے پہلے چراگاہیں کس نے کھدوائیں۔؟
۲۳ـــــ سب سے پہلے بیت المال کس نے قائم کیا۔؟
۲۴ـــــ سب سے پہلے مسافر خانہ کس نے بنوایا۔؟
۲۵ـــــ سب سے پہلے اذان کس نے دی۔؟
۲۶ـــــ سب سے پہلے اذان کے لئے مینارہ کس نے بنوایا۔؟
۲۷ـــــ سب سے پہلے کعبہ پر غلاف کس نے چڑھایا۔؟
۲۸ـــــ سب سے پہلے مساجد میں فرش بچھوانے کا کام کس نے کیا۔؟
۲۹ـــــ سب سے پہلے مسجد نبوی میں کس نے چراغ روشن کیا۔؟
۳۰ـــــ سب سے پہلے جمعہ کے لئے اذان اوّل کا آغاز کس نے کیا۔؟
۳۱ـــــ سب سے پہلے باجماعت تراویح کا اہتمام کس نے کیا۔؟
۳۲ـــــ سب سے پہلے مساجد میں پردے کس نے لٹکوائے۔؟
۳۳ـــــ سب سے پہلے سن ہجری کس نے قائم کیا۔؟
۳۴ـــــ سب سے پہلے دفاتر کس نے قائم کئے۔؟
۳۵ـــــ سب سے پہلے علم نجوم اور حساب پر کس نے نظر کی۔؟
۳۶ـــــ سب سے پہلے اپنا اور اپنے بچوں کا ختنہ کس نے کیا۔؟
۳۷ـــــ سب سے پہلے ناخن کس نے تراشے۔؟
۳۸ـــــ سب سے پہلے مونچھیں کس نے کتوائیں۔؟
۳۹ـــــ سب سے پہلے بغل کے بال کس نے دور کئے۔؟
۴۰ـــــ سب سے پہلے زیر ناف کے بال کس نے صاف کئے۔؟
۴۱ـــــ سب سے پہلے بالوں میں خضاب کس نے لگایا۔؟

۴۲ـــــ سب سے پہلے اپنے ہاتھ میں عصا کس نے لیا۔؟
۴۳ـــــ سب سے پہلے معانقہ کس نے کیا۔؟
۴۴ـــــ سب سے پہلے منبر بنا کر اس پر خطبہ کس نے دیا۔؟
۴۵ـــــ سب سے پہلے راہ خدا میں جہاد کس نے کیا۔؟
۴۶ـــــ سب سے پہلے مہمان نوازی کس نے کی۔؟
۴۷ـــــ سب سے پہلے جمعہ کے لئے غسل کس نے کیا۔؟
۴۸ـــــ سب سے پہلے مسواک کس نے کیا۔؟
۴۹ـــــ سب سے پہلے کلی کس نے کی۔؟
۵۰ـــــ سب سے پہلے ناک میں پانی کس نے ڈالا۔؟
۵۱ـــــ سب سے پہلے پانی سے استنجا کس نے کیا۔؟
۵۲ـــــ سب سے پہلے تلوار کس نے چلائی۔؟
۵۳ـــــ سب سے پہلے کس کے بال سفید ہوئے۔؟
۵۴ـــــ سب سے پہلے کونسا جانور بیمار ہوا۔؟
۵۵ـــــ سب سے پہلے سمندر سے موتی کس نے نکلوایا۔؟
۵۶ـــــ اسلام میں سب سے پہلے حج کس نے کیا۔؟
۵۷ـــــ اسلام میں خلیفہ کا لقب سب سے پہلے کس کو ملا۔؟
۵۸ـــــ اسلام میں امیر المومنین کا خطاب سب سے پہلے کس کو ملا۔؟
۵۹ـــــ اسلام میں سب سے پہلے قاضی کون مقرر ہوئے۔؟
۶۰ـــــ مدینہ طیبہ کے لئے سب سے پہلے کس کو معلم اسلام مقرر کیا گیا۔؟
۶۱ـــــ اسلام میں سب سے پہلے جھنڈا کس نے لہرایا۔؟
۶۲ـــــ اسلام کے لئے سب سے پہلے تیر کس نے پھینکا۔؟
۶۳ـــــ اسلام کی حمایت میں سب سے پہلے تلوار اٹھانے والے کون ہیں۔؟
۶۴ـــــ سب سے پہلے اپنے اسلام کو ظاہر کرنے والے صحابی کون ہیں۔؟

۶۵۔۔۔۔ اہل مدینہ میں سے سب سے پہلے دائرہ اسلام میں داخل ہونے والا شخص کون ہے۔؟

۶۶۔۔۔۔ کعبۃ اللہ میں سب سے پہلے کلمہ اسلام کو بآواز بلند پکار کر مار کھانے والے صحابی کون ہیں۔؟

۶۷۔۔۔۔ راہ اسلام میں سب سے پہلے شہادت پانے والے صحابی کون ہیں۔؟

۶۸۔۔۔۔ راہ اسلام میں سب سے پہلے شہادت پانے والی صحابیہ کون ہیں۔؟

۶۹۔۔۔۔ قبول اسلام کے سلسلہ میں سب سے پہلے کس کو سولی دی گئی۔؟

۷۰۔۔۔۔ مدینہ طیبہ ہجرت کرنے والے سب پہلے صحابی کون ہیں۔؟

۷۱۔۔۔۔ مدینہ طیبہ کا پہلا شخص کون ہے جن کا انتقال ہجرت سے قبل حالت اسلام میں ہوا۔؟

۷۲۔۔۔۔ مدینہ طیبہ میں مہاجر مسلمانوں کی سب سے پہلی اولاد کون ہے۔؟

۷۳۔۔۔۔ بعد ہجرت انصاری مسلمانوں کی سب سے پہلی اولاد کون ہے۔؟

۷۴۔۔۔۔ مدینہ طیبہ میں مہاجر مسلمانوں میں سے سب سے پہلے کس نے انتقال کیا؟

۷۵۔۔۔۔ بعد ہجرت انصاری مسلمانوں میں سے سب سے پہلے انتقال کرنے والے صحابی کون ہیں۔؟

۷۶۔۔۔۔ حضور اکرم ﷺ نے سب سے پہلے کس صحابی کی نماز جنازہ پڑھائی۔؟

۷۷۔۔۔۔ سب سے پہلے کوڑے کی سزا دینے والے کون ہیں۔؟

۷۸۔۔۔۔ اسلام میں سب سے پہلے شراب نوشی پر سزا کا حکم جاری کرنے والے کون ہیں۔؟

۷۹۔۔۔۔ اسلام میں سب سے پہلے شراب نوشی پر کس کو سزا دی گئی۔؟

۸۰۔۔۔۔ سب سے پہلے شہروں کو آباد کرنے والے کون ہیں۔؟

۸۱۔۔۔۔ سب سے پہلے نماز جنازہ میں چار تکبیروں پر لوگوں کو کس نے جمع کیا۔؟

۸۲۔۔۔۔ قریش مکہ کے سامنے سب سے پہلے بآواز بلند قرآن پڑھنے والے

صحابی کون ہیں۔؟

۸۳۔۔۔۔ سب سے پہلے اپنی زوجہ کیساتھ ہجرت کرنیوالے صحابی کون ہیں۔؟

۸۴۔۔۔۔ جنت البقیع میں سب سے پہلے مدفون ہونے والے صحابی کون ہیں۔؟

۸۵۔۔۔۔ کعبۂ معظمہ میں سب سے پہلی اذان کس دن اور کس وقت کی دی گئی۔؟

۸۶۔۔۔۔ خانۂ کعبہ میں سب سے پہلی نماز کس دن پڑھی گئی۔؟

۸۷۔۔۔۔ پہلی نماز عید الفطر کس سن میں پڑھی گئی۔؟

۸۸۔۔۔۔ پہلی نماز عید الاضحیٰ کب پڑھی گئی۔؟

۸۹۔۔۔۔ پہلی نماز جمعہ کب پڑھی گئی۔؟ (حضور اکرم ﷺ کی امامت میں)

۹۰۔۔۔۔ اسلام کی حمیت میں سب سے پہلا اتفاقی قتل کس کے ہاتھ سے ہوا۔؟

۹۱۔۔۔۔ حمیت اسلام کے تحت سب سے پہلا شخصی قتل کس کا ہوا۔؟

۹۲۔۔۔۔ اسلام میں سب سے پہلے کس کا سر کاٹا گیا۔؟

۹۳۔۔۔۔ اسلام میں سب سے پہلے کس نے اپنے گھوڑے کو خصی کر لیا۔؟

۹۴۔۔۔۔ صحابہ کرام میں سب سے پہلے کس کا نام محمد رکھا گیا۔؟

۹۵۔۔۔۔ قیامت کے دن فرشتے سب سے پہلے کس صحابی سے مصافحہ کریں گے؟

۹۶۔۔۔۔ صحابہ کرام میں سے سب سے پہلے کون حوض کوثر کا پانی پئیں گے۔؟

۹۷۔۔۔۔ صحابہ کرام میں سے سب سے پہلے جنت کا پھل کون کھائیں گے۔؟

۹۸۔۔۔۔ لشکر اسلام کے لئے سب سے پہلا علم کب مرتب ہوا۔؟

۹۹۔۔۔۔ سب سے پہلا گناہ جو آسمان میں سرزد ہوا کونسا ہے۔؟

۱۰۰۔۔۔۔ سب سے پہلا گناہ جو زمین پر ہوا کونسا ہے اور کس سے سرزد ہوا۔؟

۱۰۱۔۔۔۔ مدینہ طیبہ کی سب سے پہلی آبادی کونسی ہے۔؟

۱۰۲۔۔۔۔ مکہ مکرمہ میں بسنے والا سب سے پہلا قبیلہ کونسا ہے۔؟

۱۰۳۔۔۔۔ تحویل قبلہ کے بعد پڑھی جانے والی سب سے پہلی نماز کونسی ہے۔؟

۱۰۴۔۔۔۔ اسلام میں سب سے پہلے مرتد کون ہوا۔؟

۱۰۵ـــــ سب سے پہلا حکمراں جو حلقہ بگوش اسلام ہوا کون ہے۔؟
۱۰۶ـــــ سب سے پہلا شخص جو فتح مکہ کے دن مشرف بہ اسلام ہوا کون ہے۔؟
۱۰۷ـــــ سب سے پہلا خطاب جو حضور اکرم ﷺ نے اپنے صحابی کو دیا کونسا ہے۔؟
۱۰۸ـــــ سب سے پہلا کذاب جس نے دعوائے نبوت کیا کون ہے۔؟
۱۰۹ـــــ سب سے پہلے مسلمانوں کو مال غنیمت کب ہاتھ آیا۔؟
۱۱۰ـــــ سب سے پہلے قیدی جن کو مسلمانوں نے قید کیا کون کون ہیں۔؟
۱۱۱ـــــ سب سے پہلا بادشاہ جس نے سولی کی سزا دی کون ہے اور کس کو سولی دی؟
۱۱۲ـــــ سب سے پہلے آگ کی پوجا کس نے کی۔؟
۱۱۳ـــــ مکہ معظمہ میں بننے والا سب سے پہلا گھر کونسا ہے اور کس نے بنایا تھا۔؟
۱۱۴ـــــ زمین پر اگنے والا سب سے پہلا درخت کونسا ہے۔؟
۱۱۵ـــــ سب سے پہلا درخت جو طوفان نوحی کے بعد اگا کونسا ہے۔؟
۱۱۶ـــــ خانۂ کعبہ کا طواف سب سے پہلے کس نے کیا۔؟
۱۱۷ـــــ آسمان میں سب سے پہلے اذان کس نے دی۔؟
۱۱۸ـــــ سب سے پہلی ندائے غیبی جو حضور اکرم ﷺ کو کی گئی وہ کونسی ہے۔؟
۱۱۹ـــــ سب سے پہلا مکان جو زمین پر بنا کونسا ہے۔؟
۱۲۰ـــــ سب سے پہلے اپنے سر پر تاج رکھنے والا بادشاہ کون ہے۔؟
۱۲۱ـــــ اسلام میں سب سے پہلے کس کی میراث تقسیم کی گئی۔؟
۱۲۲ـــــ اسلام پر خاتمہ کی دعا سب سے پہلے کس نے کی۔؟
۱۲۳ـــــ اپنی اولاد اور اپنے والدین کی مغفرت کی دعا سب سے پہلے کس نے کی۔؟
۱۲۴ـــــ سب سے پہلے گھوڑے پر کون سوار ہوا۔؟
۱۲۵ـــــ زمین پر سب سے پہلی بارش کس تاریخ کو ہوئی۔؟
۱۲۶ـــــ سب سے پہلی قبر کہ جس پر پانی چھڑکا گیا کس کی ہے۔؟
۱۲۷ـــــ سب سے پہلے عربی زبان بولنے والے کون ہیں۔؟

اولیات سے متعلق جوابات

۱ـــــ وہ حضرت ادریس علیہ السلام ہیں کہ جنہیں اولاد آدم میں سب سے پہلے نبوت ملی۔ (الاتقان فی علوم القرآن ج ۲ ص ۱۶۸)

۲ـــــ وہ حضور اکرم ﷺ ہیں کہ جواب میں سب سے پہلے قَالُوْا بَلٰی کہا تھا۔
(تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۲۲۱، مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۱۳۲)

۳ـــــ وہ حضرت جبرائیل علیہ السلام ہیں جنہوں نے سب سے پہلے سبحان اللہ کہا۔ عرش اعظم کی عظمت دیکھ کر۔ (تفسیر نعیمی ج ۲ ص ۳۹۳)

۴ـــــ وہ حضرت آدم علیہ السلام ہیں کہ جنہوں نے سب سے پہلے الحمد للہ کہا۔ جب ان میں روح پھونکی گئی۔ (خازن ج ۱ ص ۳۶، حوالہ بالا)

۵ـــــ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے اللہ اکبر کہا۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام کا فدیہ یعنی دنبہ دیکھ کر۔ (تفسیر نعیمی ج ۲ ص ۳۹۳)

۶ـــــ وہ حضرت نوح علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ کہا۔ طوفان دیکھ کر۔ (تفسیر نعیمی ج ۲ ص ۳۹۳)

۷ـــــ وہ حضرت داؤد علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے اَمَّا بَعْدُ کہا۔ (تفسیر نعیمی ج ۲ ص ۵۵۴)

۸ـــــ وہ حضرت اسرافیل علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی کہا۔
(حوالہ بالا)

۹ـــــ وہ حضرت آدم علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے اپنا سر مونڈھا۔
۱۰ـــــ وہ حضرت آدم علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے مرغ پالا۔
۱۱ـــــ وہ حضرت سلیمان علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے کبوتر پالا۔
۱۲ـــــ وہ حضرت آدم علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے چاندی سے روپے اور

سونے سے اشرفیاں بنائیں۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۳۱)

۱۳۔۔۔۔ وہ حضرت ادریس علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے قلم سے لکھا۔ (خزائن العرفان پ ۱۶ ع ۷)
ایک روایت یہ ہے کہ سب سے اول لکھنے والے حضرت آدم علیہ السلام ہیں آپ نے عربی، فارسی، عبرانی، رومی، قبطی، بربری، اندلسی، ہندی اور چینی زبانیں مٹی پر لکھیں۔ اور یہ روایت کہ سب سے پہلے لکھنے والے حضرت ادریس علیہ السلام ہیں تو یہاں خط سے مراد علم جفر کے نقوش ہیں نہ کہ زبانوں کی تحریر۔ (شان حبیب الرحمٰن ص ۳۸)

۱۴۔۔۔۔ وہ حضرت ادریس علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے کپڑے سینے کا کام کیا۔

(خزائن العرفان پ ۱۶ ع ۷)

۱۵۔۔۔۔ وہ حضرت ادریس علیہ السلام کہ سب سے پہلے سلا ہوا کپڑا پہنا۔ آپ سے پہلے لوگ کھالیں پہنتے تھے۔ (خزائن العرفان پ ۱۶ ع ۷)

۱۶۔۔۔۔ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے سلا ہوا پاجامہ پہنا۔

(تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۸۱۰)

۱۷۔۔۔۔ وہ حضرت ادریس علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے ہتھیار بنائے۔

(خزائن العرفان پ ۱۶ ع ۷)

۱۸۔۔۔۔ وہ حضرت ادریس علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے ترازو اور پیمانہ قائم کئے۔

(خزائن العرفان پ ۱۶ ع ۷)

۱۹۔۔۔۔ وہ حضرت سلیمان علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے حمام بنوایا۔

(شامی ج ۵ ص ۳۳ و زاد المعاد ج ۲ ص ۱۳)

۲۰۔۔۔۔ وہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں کہ سب سے پہلے جیل خانہ بنوایا۔

(تاریخ الخلفاء ص ۱۳۶)

۲۱۔۔۔۔ وہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں کہ سب سے پہلے پولیس کا محکمہ قائم کیا۔

(تاریخ الخلفاء ص ۱۳۶)

۲۲۔۔۔۔ وہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ ہیں کہ سب سے پہلے چراگاہیں کھدوائیں۔

(تاریخ الخلفاء ص ۱۶۱)

۲۳۔۔۔۔ وہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں کہ سب سے پہلے بیت المال قائم کیا۔

(تاریخ الخلفاء ص ۱۳۶)

۲۴۔۔۔۔ وہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں کہ سب سے پہلے مسافر خانے بنوائے۔

(تاریخ الخلفاء ص ۱۳۶)

۲۵۔۔۔۔ وہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ ہیں کہ سب سے پہلے اذان دی۔ ([illegible])

۲۶۔۔۔۔ وہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ہیں کہ سب سے پہلے اذان کے لئے مینارہ بنوایا۔

۲۷۔۔۔۔ وہ حضرت تبع اکبر اسعد حمیری شاہ یمن ہیں کہ سب سے پہلے کعبہ معظمہ پر غلاف چڑھایا۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۸۲۳)

۲۸۔۔۔۔ وہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں کہ سب سے پہلے مسجدوں میں فرش بچھوانے کا کام کیا۔

۲۹۔۔۔۔ وہ حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ ہیں کہ سب سے پہلے مسجد نبوی میں چراغ روشن کیا۔ (اسماء رجال مشکوٰۃ ص ۵۸۸، نزہۃ المجالس ج ۲ ص ۱۵۹)

۳۰۔۔۔۔ وہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ ہیں کہ سب سے پہلے جمعہ کے لئے اذان اول کا آغاز کیا آپ سے پہلے صرف خطبہ کے وقت اذان دی جاتی تھی۔

(خزائن العرفان پ ۲۸ جمعہ)

۳۱۔۔۔۔ وہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں کہ سب سے پہلے باجماعت نماز تراویح کا اہتمام کیا۔ (تاریخ الخلفاء ص ۱۳۶)

۳۲۔۔۔۔ وہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ ہیں کہ سب سے پہلے مسجدوں میں پردے لٹکوائے۔

۳۳۔۔۔۔ وہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں کہ سب سے پہلے سن ہجری قائم کیا۔

(تاریخ الخلفاء ص ۱۳۶)

۳۴۔۔۔۔ وہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں کہ سب سے پہلے دفاتر قائم کئے۔

(تاریخ الخلفاء ص ۱۳۶)

۳۵۔۔۔۔ وہ حضرت ادریس علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے علم نجوم اور علم حساب پر

نظر کی۔ (خزائن العرفان پ ۱۱ ع ۷)

۳۶۔۔۔ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے اپنا اور اپنے بچوں کا ختنہ کیا۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۸۱۰)

۳۷۔۔۔ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے ناخن تراشے۔

(تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۸۱۰)

۳۸۔۔۔ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے مونچھیں کتوائیں۔

(تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۸۱۰)

۳۹۔۔۔ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے بغل کے بال دور کیے۔

(مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۳۳)

۴۰۔۔۔ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے زیر ناف کے بال صاف کیے۔

(تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۸۱۰)

۴۱۔۔۔ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے بالوں میں خضاب لگایا۔

(تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۸۱۰)

۴۲۔۔۔ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے اپنے ہاتھ میں عصا لیا۔

(تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۸۱۰)

۴۳۔۔۔ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے معانقہ کیا۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۸۱۰)

۴۴۔۔۔ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے منبر بنایا اور اس پر خطبہ دیا۔

(تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۸۱۰)

ایک قول میں ہے کہ سب سے پہلے جس نے خطبہ دیا وہ یعرب بن قحطان ہے۔ ایک قول میں کعب بن لوی۔ ایک قول میں سحبان بن وائل اور ایک قول میں قس بن ساعدہ ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۲۶۵)

۴۵۔۔۔ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے راہ خدا میں جہاد کیا۔

(تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۸۱۰)

۴۶۔۔۔ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے مہمان نوازی کی۔

(تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۸۱۰)

۴۷۔۔۔ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے جمعہ کیلئے غسل کیا۔

(محاضرۃ الاوائل)

۴۸۔۔۔ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے مسواک کیا۔

(مدارج النبوۃ ص ۱۳۳ رکن اول)

ایک قول کے بموجب سب سے پہلے مسواک کرنے والے موسیٰ علیہ السلام ہیں۔

۴۹۔۔۔ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے کلی کی۔ (مدارج النبوۃ ص ۱۳۳ رکن اول)

۵۰۔۔۔ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے ناک میں پانی ڈالا۔

(مدارج النبوۃ ص ۱۳۳ رکن اول)

۵۱۔۔۔ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے پانی سے استنجا کیا۔

(مدارج النبوۃ ص ۱۳۳ رکن اول)

۵۲۔۔۔ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے تلوار چلائی۔ (ابن کثیر پ ع ۱۵)

۵۳۔۔۔ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے جن کے بال سفید ہوئے۔

(تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۸۱۰)

۵۴۔۔۔ وہ شیر جو کشتی نوح میں سوار تھا وہ پہلا جانور ہے جو دنیا میں بیمار ہوا۔ ابن ابی حاتم کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

حضرت نوح علیہ السلام جب تمام مویشی کو اپنی کشتی میں سوار کر چکے تو لوگوں نے کہا کہ شیر کی موجودگی میں یہ مویشی کیسے آرام سے رہ سکیں گے۔ پس اللہ تعالیٰ نے شیر پر بخار ڈال دیا۔ اس سے پہلے زمین پر یہ بیماری نہیں تھی۔

(روح المعانی پ ۱۲، ص ۵۳، البدایہ ج ۱ ص ۱۱۱، ابن کثیر پ ۱۲ ع ۳)

۵۵۔۔۔ وہ حضرت سلیمان علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے سمندر سے موتی نکلوائے۔

(خزائن العرفان پ ۲۳ ع ۱۲)

۵۶ـــــ وہ حضرت صدیق اکبر ؓ ہیں کہ جنہوں نے اسلام میں سب سے پہلے حج کیا۔ (تاریخ الخلفاء ص [illegible]، محسن انسانیت ص [illegible])

۵۷ـــــ وہ حضرت صدیق اکبر ؓ ہیں کہ اسلام میں سب سے پہلے خلیفہ کا لقب پایا۔ (تاریخ الخلفاء ص [illegible])

۵۸ـــــ وہ حضرت عبد اللہ بن جحش ؓ ہیں کہ اسلام میں سب سے پہلے امیر المومنین کا خطاب پایا اس وقت جب حضور اکرم ﷺ نے آپ کو آٹھ افراد کے ہمراہ سریہ عبد اللہ بن جحش کے لئے روانہ فرمایا۔ اہل سیر جو یہ کہتے ہیں کہ سیدنا عمر فاروق ؓ کا سب سے پہلے امیر المومنین لقب مقرر ہوا اس کا مطلب یہ ہے کہ تمام خلفاء میں سب سے پہلے جس خلیفہ کو امیر المومنین کے لقب سے ملقب کیا گیا وہ حضرت عمر فاروق ؓ ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص [illegible])

۵۹ـــــ وہ حضرت عمر فاروق ؓ ہیں کہ اسلام میں سب سے پہلے قاضی مقرر ہوئے۔ (تاریخ الخلفاء ص [illegible])

۶۰ـــــ وہ حضرت مصعب بن عمیر ؓ ہیں کہ مدینہ طیبہ کے لئے سب سے پہلے معلم اسلام مقرر کر کے روانہ کئے گئے۔ (محسن انسانیت ص [illegible])

۶۱ـــــ اسلام کا سب سے پہلا جھنڈا حضرت بریدہ اسلمی ؓ کے ہاتھوں سے لہرایا گیا۔ ہجرت کے موقعہ پر (محسن انسانیت ص [illegible])

۶۲ـــــ اسلام کی راہ میں سب سے پہلے تیر چلانے والے حضرت سعد بن ابی وقاص ؓ ہیں۔ (مشکوۃ ج ۲ ص [illegible]، مدارج النبوۃ ج ۲ ص [illegible])

۶۳ـــــ اسلام کی حمایت میں سب سے پہلے تلوار میان سے نکالنے والے صحابی حضرت زبیر بن عوام ؓ ہیں۔ (اسماء رجال مشکوۃ ص [illegible])

۶۴ـــــ پہلے صحابی رسول جنہوں نے اسلام قبول کرنے کا عام اعلان کیا حضرت خباب بن الارت ؓ ہیں۔ (محسن انسانیت ص [illegible])

۶۵ـــــ اہل مدینہ میں سے سب سے پہلے دائرہ اسلام میں داخل ہونے والے

حضرت اسعد بن زرارہ اور حضرت ذکوان بن عبد قیس رضی اللہ عنہما ہیں۔ ([illegible])

بقول دیگر حضرت سوید بن الصامت ص ہیں۔ (محسن انسانیت ص [illegible])

۶۶ـــــ کعبۃ اللہ کے اندر سب سے پہلے کلمہ اسلام بآواز بلند پکار کر مار کھانے والے صحابی حضرت ابوذر غفاری ؓ ہیں۔ (محسن انسانیت ص [illegible])

۶۷ـــــ راہ اسلام میں سب سے پہلے مرتبہ شہادت پر فائز ہونے والے صحابی حضرت یاسر ؓ ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص [illegible])

۶۸ـــــ راہ اسلام میں سب سے پہلے مرتبہ شہادت پر فائز ہونے والی صحابیہ محترمہ حضرت سمیہ رضی اللہ عنہا ہیں کہ ان کو ابو جہل بے عقل نے شہید کیا۔ یہ صحابیہ حضرت یاسر کی زوجہ اور حضرت عمار رضی اللہ عنہم کی والدہ محترمہ ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص [illegible])

۶۹ـــــ قبول اسلام کے سلسلہ میں سب سے پہلے حضرت خبیب بن عدی ؓ کو سولی دی گئی۔ (محسن انسانیت ص [illegible])

۷۰ـــــ پہلا مہاجر مدینہ حضرت ابو سلمہ ؓ ہیں۔ (محسن انسانیت ص [illegible])

۷۱ـــــ مدینہ طیبہ کا پہلا شخص جن کا انتقال ہجرت سے قبل حالت اسلام میں ہوا۔ وہ حضرت سوید بن الصامت ؓ ہیں۔ (محسن انسانیت ص [illegible])

۷۲ـــــ مدینہ طیبہ میں مہاجر مسلمانوں کی سب سے پہلی اولاد حضرت عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما ہیں۔ (اسماء رجال مشکوۃ ص [illegible])

۷۳ـــــ بعد ہجرت انصاری مسلمانوں کی سب سے پہلے اولاد نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہما ہیں۔ (اسماء رجال مشکوۃ ص [illegible])

۷۴ـــــ مدینے طیبہ میں مہاجرین صحابہ میں سب سے پہلے انتقال کرنے والے صحابی حضرت عثمان بن مظعون ؓ ہیں۔ (اسماء رجال مشکوۃ ص [illegible])

۷۵ـــــ بعد ہجرت انصاری صحابہ میں سب سے پہلے انتقال کرنے والے صحابی

حضرت کلثوم بن الہدم رضی اللہ عنہ ہیں۔ (محسن انسانیت ص ۲۰۷)

۷۶۔۔۔ سب سے پہلی نماز جنازہ جو رسول اللہ ﷺ نے پڑھائی وہ حضرت اسعد بن زرارہ رضی اللہ عنہ کی ہے۔ (ماہنامہ المعجزات شمارہ اگست ص ۹۷)

۷۷۔۔۔ وہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں کہ سب سے پہلے دُرّہ کی ایجاد اور کوڑے کی سزا دی۔

۷۸۔۔۔ اسلام میں سب سے پہلے شراب نوشی پر سزا کا حکم جاری کرنیوالے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں۔

۷۹۔۔۔ اسلام میں سب سے پہلے شراب پینے پر سزا حضرت وحشی بن حرب رضی اللہ عنہ کو دی گئی۔

۸۰۔۔۔ وہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں کہ جنہوں نے سب سے پہلے شہروں کو آباد کیا۔ (تاریخ اسلام ج ۱ ص ۳۶۰)

۸۱۔۔۔ سب سے پہلے نماز جنازہ میں چار تکبیروں پر لوگوں کو جمع کرنے والے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں۔ (تاریخ اسلام ج ۱ ص ۳۶۰)

۸۲۔۔۔ حضور اکرم ﷺ کے بعد سب سے پہلے قریش مکہ کے سامنے باواز بلند قرآن پڑھنے والے صحابی حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما ہیں۔ (طبری ج ۲ ص ۳۰)

۸۳۔۔۔ اول صحابی رسول جنہوں نے اپنی زوجہ کے ساتھ ہجرت کی حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ ہیں۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۹۳)

۸۴۔۔۔ انصار کہتے ہیں کہ اول صحابی جو بقیع الغرقد میں مدفون ہوئے حضرت اسعد بن زرارہ رضی اللہ عنہ ہیں اور مہاجرین کہتے ہیں کہ حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ ہیں۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۴۵)

۸۵۔۔۔ خانۂ کعبہ میں سب سے پہلی اذان فتح مکہ کے دن ظہر کی دی گئی۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے کعبہ کی چھت پر چڑھ کر دی۔ (شواہد النبوۃ ص ۱۰۶، محسن انسانیت ص ۲۰۳)

۸۶۔۔۔ خانۂ کعبہ میں سب سے پہلی نماز اس دن پڑھی گئی جس دن حضرت عمر

فاروق رضی اللہ عنہ مشرف بہ اسلام ہوئے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۳)

۸۷۔۔۔ پہلی عید الفطر کی نماز ۲ھ کو پڑھی گئی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۳)

۸۸۔۔۔ پہلی عید الاضحیٰ کی نماز ۲ھ میں پڑھی گئی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۸۰)

۸۹۔۔۔ پہلی نماز جمعہ ۱ھ بارہ ربیع الاول کو بنی سالم کی آبادی میں پڑھی گئی۔ نمازی صحابہ کی تعداد سو تھی (محسن انسانیت ص ۲۰۷) (حضور ﷺ کی امامت میں)

۹۰۔۔۔ اسلام کی حمیت میں سب سے پہلا اتفاقی قتل حضرت سعد بن ابی وقاص کے ہاتھوں ہوا۔ واقعہ یہ تھا کہ شہر سے باہر مسلم جماعت مصروف نماز تھی اور کفار نے شرارت کی۔ حضرت سعد نے ہڈی اٹھا کر ان کی طرف پھینکی اور وہ کافر کو جا لگی وہ ختم ہو گیا۔ (محسن انسانیت ص ۲۰۷، مدارج ص ۸۸ حصہ سوم)

۹۱۔۔۔ حمیت اسلام کے تحت پہلا شخصی قتل عورتوں میں عصماء بنت مروان کا ہوا ان کے نو مسلم بھائی عمیر بن عدی الخطمی رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں اور مردوں میں ابو عفلہ یہودی کا ہوا۔ عالم بن عمیر انصاری رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں۔ (محسن انسانیت ص ۲۰۷)

۹۲۔۔۔ پہلا سر جو اسلام میں کاٹا گیا وہ کعب بن اشرف یہودی کا ہے۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۸۷)

۹۳۔۔۔ حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے حرب شرجیل غسانی کے موقعہ پر اپنے گھوڑے کو خصی کر لیا۔ یہ پہلا گھوڑا ہے جو اسلام میں خصی ہوا۔ (اوراق غم ص ۹۰)

۹۴۔۔۔ وہ حضرت محمد بن مسلمہ انصاری مدنی اشہلی ہیں کہ اصحاب میں سب سے پہلے انہیں کا نام محمد رکھا گیا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۰۳)

۹۵۔۔۔ وہ حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ ہیں کہ قیامت کے دن سب سے پہلے فرشتے ان سے مصافحہ کریں گے۔ (کنز العمال ج ۱۱ ص ۵۶۷)

۹۶۔۔۔ وہ حضرت صہیب رومی رضی اللہ عنہ ہیں کہ سب سے پہلے حوض کوثر کا پانی پئیں گے۔

(کنز العمال ج ۱۱ ص ۵۶۷)

۹۷۔۔۔ وہ حضرت ابو الدحداح رضی اللہ عنہ ہیں کہ سب سے پہلے جنت کا پھل کھائیں گے۔

(کنز العمال ج ۱۱ ص ۵۶)

۹۸ــــ سب سے پہلا علم جو لشکر اسلام کیلئے مرتب ہوا اکثر اہل سیر کے نزدیک وہ علم ہے جو سریہ دار ارقم کے موقعہ پر مرتب ہوا اور جسے حضرت مسطح ابن اثاثہ رضی اللہ عنہ نے اٹھایا۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ پہلا علم وہ ہے جو سریہ سیف البحر کے موقعہ پر ابو مرثد الغنوی رضی اللہ عنہ نے اٹھایا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۳۳ و ج ۲ ص ۳۰۳)

۹۹ــــ پہلا گناہ جو آسمان میں ہوا وہ حسد ہے جو ابلیس سے سرزد ہوا۔

(خزائن العرفان پ ۳۰ سورۃ الفلق)

۱۰۰ــــ پہلا گناہ جو زمین پر ہوا وہ حسد ہے جو قابیل سے سرزد ہوا۔

(خزائن العرفان پ ۳۰ سورۃ الفلق)

۱۰۱ــــ مدینہ منورہ کو آباد کرنے والا تبع اکبر اسعد حمیری شاہ یمن ہے جس نے حضور اکرم ﷺ کے شوق ملاقات میں یہاں سکونت اختیار کر لی۔ اس کی قوم کے کچھ حضرات بھی یہاں بس گئے۔ یہی مدینہ منورہ کی پہلی آبادی ہے۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۸۲۳)

۱۰۲ــــ مکہ مکرمہ میں بسنے والا پہلا قبیلہ، قبیلہ جرہم ہے۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۸۲۳)

۱۰۳ــــ تحویل قبلہ کے بعد پہلی نماز جو رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے کعبہ معظمہ کی طرف پڑھی وہ عصر کی تھی۔ (مدارج النبوۃ ص ۱۲۶، ۱۰۱، تفسیر نعیمی ج ۲ ص ۲)

۱۰۴ــــ مقیس بن جنانہ پہلا شخص ہے جو اسلام میں مرتد ہوا۔ (خزائن العرفان پ ۵ ع ۱۱)

۱۰۵ــــ پہلا حکمران جو حلقہ بگوش اسلام ہوا وہ شاہ حبش صحمہ نجاشی ہے۔

(محسن انسانیت ص ۵۰۹)

۱۰۶ــــ پہلا شخص جو فتح مکہ کے موقعہ پر مشرف بہ اسلام ہوا حضرت ابو سفیان رضی اللہ عنہ ہیں۔

(محسن انسانیت ص ۵۰۵)

۱۰۷ــــ پہلا شاندار خطاب جو رسول اللہ ﷺ نے اپنے صحابی کو دیا وہ "سیف اللہ" ہے۔ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو جنگ موتہ کے بعد۔

(محسن انسانیت ص ۵۰۵، مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۶۰)

۱۰۸ــــ پہلا کذاب جس نے دعوائے نبوت کیا "مسیلمہ کذاب" ہے۔

(محسن انسانیت ص ۵۰۴)

۱۰۹ــــ پہلا مال غنیمت جو مسلمانوں کے ہاتھ آیا وہ رجب ۲ھ کو سریہ نخلہ کے موقعہ پر۔ (محسن انسانیت ص ۵۰۳)

۱۱۰ــــ عثمان بن عبداللہ اور حکم بن کیسان پہلے قیدی ہیں جنہیں مسلمانوں نے قید کیا۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۱۳۸ اور تفسیر نعیمی ج ۲ ص ۳۶۸)

۱۱۱ــــ فرعون پہلا بادشاہ ہے جس نے ہاتھ پاؤں کاٹنے اور سولی کی سزا دی۔ ان جادوگروں کو جو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لائے تھے۔ (خزائن العرفان پ ۹ ع ۵)

۱۱۲ــــ قابیل پہلا شخص ہے جس نے آگ کی پوجا کی۔ (الکامل فی التاریخ ج ۱ ص ۸)

۱۱۳ــــ مکہ معظمہ میں بننے والا پہلا گھر (رہائشی) "دار الندوہ" ہے جسے قصی بن کلاب نے بنایا تھا۔ جسے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے وزیر بن عدی سے ایک لاکھ درہم میں خرید کر مسجد حرام میں شامل کر دیا۔ (حاشیہ ۳ جلالین ص ۱۵۰)

۱۱۴ــــ پہلا درخت جو دنیا میں اگا وہ زیتون کا ہے۔ (حاشیہ ۲ جلالین ۲۹۹)

حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے جو درخت زمین پر قائم ہوا وہ کھجور کا درخت ہے۔ (نزہۃ المجالس ج ۱ ص ۵۲)

۱۱۵ــــ پہلا درخت جو طوفان نوح کے بعد اگا وہ زیتون کا ہے (حاشیہ ۵ جلالین ص ۲۹۹)

۱۱۶ــــ خانہ کعبہ کا طواف سب سے پہلے فرشتوں نے کیا۔ (تفسیر نعیمی ج ۲ ص ۱۸)

۱۱۷ــــ آسمان میں سب سے پہلے اذان جبرائیل نے دی۔ (ایضاً)

۱۱۸ــــ علماء فرماتے ہیں کہ پہلی ندائے غیبی جو حضور اکرم ﷺ کی گئی وہ یہ تھی "ستر پوشی کو لازم کرو" (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۵)

۱۱۹ــــ پہلا مکان جو زمین پر بنا بیت اللہ شریف ہے۔ (تفسیر نعیمی ج ۲ ص ۱۸)

۱۲۰ــــ پہلا بادشاہ جس نے اپنے سر پر تاج رکھا وہ نمرود بن کنعان تھا۔

(خزائن العرفان پ ۳ ع ۱۵)

۱۲۱ــــ اسلام میں سب سے پہلے حضرت سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ کی میراث تقسیم کی گئی۔

(الاشباہ والنظائر ص ۳۰۲)

۲۲ــــ اسلام پر خاتمہ ہونے کی دعا سب سے پہلے حضرت یوسف علیہ السلام نے مانگی۔

(ابن کثیر پ ۱۳ ع ۵)

۲۳ــــ وہ حضرت نوح علیہ السلام ہیں کہ سب سے پہلے اپنی اولاد اور والدین کی مغفرت کی دعا مانگی۔ (ابن کثیر پ ۱۳ ع ۵)

۲۴ــــ سب سے پہلے جو گھوڑے پر سوار ہوئے وہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام ہیں۔ اس سے پہلے گھوڑا بھی اور جانوروں کی مانند وحشی جانور تھا۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۱۰۳)

۲۵ــــ دسویں محرم کو آسمان سے زمین پر پہلی بارش ہوئی۔

(نزہۃ المجالس ج ۱ ص ۱۸۸ بحوالہ ماہنامہ اشرفیہ اپریل ۹۹)

۲۶ــــ دفن کے بعد حضرت ابراہیم بن رسول اللہ ﷺ کی قبر پر پانی چھڑکا گیا۔ اہل سیر کہتے ہیں کہ پہلی قبر ہے جس پر پانی چھڑکا گیا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۵۷۷)

۲۷ــــ سب سے پہلے عربی بولنے والے حضرت جبرائیل علیہ السلام ہیں۔

(عمدۃ القاری ج ۱ ص ۶۲)

دن اور مہینوں سے متعلق سوالات

۱ــــ ماہ مُحَرَّم کا نام ”مُحَرَّم“ کیوں رکھا گیا۔؟

۲ــــ ماہ صَفَر کا نام ”صَفَر“ کیوں رکھا گیا۔؟

۳ــــ ماہ رَبِیْعُ الْاَوَّل کو رَبِیْعُ الْاَوَّل کیوں کہتے ہیں۔؟

۴ــــ ماہ رَبِیْعُ الثَّانِی کا نام ”رَبِیْعُ الثَّانِی“ کیوں رکھا گیا۔؟

۵ــــ ماہ ”جُمَادَی الْاُولٰی“ کی وجہ تسمیہ کیا ہے۔؟

۶ــــ ماہ ”جُمَادَی الثَّانِی“ کی وجہ تسمیہ کیا ہے۔؟

۷ــــ ماہ رَجَب کا نام ”رَجَب“ کیوں رکھا گیا۔؟

۸ــــ ماہ شَعْبَان کا نام ”شَعْبَان“ کیوں ہوا۔؟

۹ــــ ماہ رَمَضَان کا نام ”رَمَضَان“ کیوں رکھا گیا۔؟

۱۰ــــ ماہ شَوَّال کو ”شَوَّال“ کیوں کہا جانے لگا۔؟

۱۱ــــ ماہ ذُوالْقَعْدَہ کی وجہ تسمیہ کیا ہے۔؟

۱۲ــــ ماہ ذُوالْحِجَّہ کو ”ذُوالْحِجَّہ“ کہنے کی وجہ کیا ہے۔؟

۱۳ــــ قدیم زمانے میں ہفتہ کے دنوں کے نام کیا تھے۔؟

۱۴ــــ جمعہ کا نام سب سے پہلے جمعہ کس نے رکھا اور جمعہ کے دن کو جمعہ کیوں کہا جانے لگا۔؟

۱۵ــــ ہفتہ کے دنوں میں سے کس دن کیا چیز وجود میں آئی۔؟

۱۶ــــ ملک الموت کو روح قبض کرنے کی ذمہ داری کس دن سونپی گئی۔؟

۱۷ــــ ابلیس کو زمین پر کس دن اتارا گیا۔؟

۱۸ــــ دوزخ کے دروازے کس دن کھولے گئے۔؟

۱۹۔۔۔ وہ کونسا دن ہے جس دن چھ عیدیں جمع ہوئیں۔؟

۲۰۔۔۔ لوگوں کے وہ اعمال جو سزا و جزا کے لائق نہ ہوں وہ کس دن اعمال نامے سے نکالے جاتے ہیں۔؟

۲۱۔۔۔ اللہ تقدس و تعالیٰ سال بھر کی بلائیں کس ماہ میں نامزد فرماتا ہے۔؟

۲۲۔۔۔ وہ کونسا دن ہے جس دن ایک ایسا حادثہ پیش آیا کہ لوگوں کی زبانیں بدل گئیں۔؟

دن اور مہینے سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ محرم کا نام محرم اس بنا پر رکھا گیا کہ زمانۂ جاہلیت میں اس ماہ میں کشت و خون اور قتال و جدال حرام تھا۔ (غیاث اللغات ص۴۵۷)

یا اس کی تعظیم کی وجہ سے اس کو محرم کہتے ہیں۔

۲۔۔۔ صفر کا نام صفر یا تو اس وجہ سے رکھا گیا کہ یہ ماخوذ ہے صفر سے جس کے معنی ہیں "خالی ہونا" چونکہ ماہ محرم میں جنگ و قتال حرام تھا اس لئے لوگ ماہ صفر میں قتال کے لئے نکل جایا کرتے تھے اور گھر خالی پڑے رہتے تھے۔ بایں وجہ اس ماہ کا نام صفر رکھا گیا۔ یا یہ ماخوذ ہے صُفر سے جس کے معنی ہیں "زردی" جب لوگ اس ماہ کا نام متعین کرنے لگے تو اتفاق سے اس وقت پت جھڑ کا موسم تھا جس میں درختوں کے پتے پیلے پڑ جاتے ہیں۔ اس بنا پر اس ماہ کا نام صفر رکھا گیا۔ (غیاث اللغات ص۳۰۸)

۳۔۔۔ ماہ ربیع الاول کو ربیع الاول کہنے کی وجہ یہ ہے کہ جب اس ماہ کا نام رکھا جانے لگا تو یہ مہینہ فصل ربیع یعنی موسم بہار کے شروع میں واقعہ ہوا۔ (غیاث اللغات ص۴۴۹)

۴۔۔۔ جب لوگ ماہ ربیع الآخر کا نام رکھنے لگے تو یہ مہینہ فصل ربیع یعنی موسم بہار کے آخر میں واقع ہوا بایں وجہ اس کا نام ربیع الآخر رکھ دیا گیا۔ (غیاث اللغات ص۴۴۰)

۵۔۔۔ جمادی الاولیٰ کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ جماد بمعنی جمود یعنی جم جانا۔ جب لوگ اس ماہ کا نام متعین کرنے لگے تو اس وقت سردی کا موسم شروع ہوا تھا چونکہ موسم سرما میں ہر چیز میں جمودیت آجاتی ہے۔ اس بنا پر اس ماہ کا نام جمادی الاولیٰ مقرر ہوا۔

(غیاث اللغات ص۳۰۹)

۶۔۔۔ جمادی الاخریٰ کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ جب لوگ اس ماہ کا نام رکھنے لگے تو یہ وہ وقت تھا جب سردی کی وجہ سے پانی جم جاتا ہے۔ اسی وجہ سے اس ماہ کا نام جمادی

لا آخری رکھدیا گیا۔ (غیاث اللغات ص ۲۳۸)

۷۔۔۔ رجب ماخوذ ہے ترجیب سے بمعنی تعظیم کرنا۔ چونکہ اس ماہ کو اہل عرب شہر اللہ کہتے تھے اور اس کی تعظیم کرتے تھے اسی بنا پر اس کا نام رجب رکھا گیا۔ (غیاث اللغات ص ۲۳۰)

۸۔۔۔ شعبان ماخوذ ہے شَعِبَ یشْعبُ سے بمعنی پھوٹنا، نکلنا۔ ظاہر ہونا۔ چونکہ اس ماہ میں خیر کثیر پھوٹتی پھیلتی ہے اور بندوں کا رزق تقسیم ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے اس ماہ کا نام شعبان ہوا۔ (غیاث اللغات ص ۲۹۳)

۹۔۔۔ رمضان یا تو ماخوذ ہے رمض بمعنی جلنا سے۔ چونکہ یہ ماہ گناہوں کو جلا دیتا ہے۔ یا یہ ماخوذ ہے رمض بمعنی زمین کی گرمی سے پاؤں کا جلنا۔ چونکہ یہ مہینہ بھی تکلیف نفس اور جلن کا سبب ہے اس بناء پر اس کا نام رمضان رکھا گیا۔ (غیاث اللغات ص ۲۳۶)

۱۰۔۔۔ شوال ماخوذ ہے شول بمعنی باہر نکلنا۔ چونکہ اس مہینہ میں اہل عرب سیر و سیاحت کیلئے گھروں سے باہر نکل جایا کرتے ہیں۔ اسی وجہ سے اس ماہ کو شوال کہا جانے لگا۔

(غیاث اللغات ص ۳۰۰)

۱۱۔۔۔ ذی قعدہ کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ ذی بمعنی والا اور قعدہ کے معنی ہیں بیٹھ جانا۔ چونکہ اس ماہ میں لوگ بوجہ احترام، قتال و جدال بند کر کے گھروں میں بیٹھ جایا کرتے تھے۔ (غیاث اللغات ص ۲۲۶)

۱۲۔۔۔ ذی الحجہ کو ذی الحجہ کہنے کی وجہ یہ ہے کہ یا تو یہ ماخوذ ہے حج بمعنی حج کرنا۔ یا یہ ماخوذ ہے حج بمعنی سال۔ چونکہ اس ماہ میں حج کرتے ہیں اور یہ ماہ سال کا آخری مہینہ ہا ایں وجہ اس کو ذی الحجہ کہتے ہیں۔ (غیاث اللغات ص ۲۲۶)

۱۳۔۔۔ قدیم زمانہ میں ہفتہ کے دنوں کے نام یہ تھے۔

اول (اتوار) رہون (پیر) جبار (منگل) مار (بدھ) لوتس (جمعرات)
عروبہ (جمعہ) شبار (ہفتہ) (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۶۵۴)

ایک قول کے بموجب یہ نام یوں ہیں۔

اول، رہون، جبار، وبار، مونت، عروبہ، شبار۔ (تفسیر ابن کثیر پ ۱۰ ع ۱۵)

۱۴۔۔۔ جمعہ کا قدیمی نام عروبہ ہے۔ سب سے پہلے اس دن کا نام جمعہ کعب بن لوئی نے رکھا۔

اس کا وجہ تسمیہ میں کئی اقوال ہیں۔

(۱) جمعہ اس دن کو اس لئے کہا جاتا ہے کہ اس دن نماز کیلئے جماعتوں کا اجتماع ہوتا ہے۔ (خزائن العرفان پ ۲۸ جمعہ)

(۲) یا اس وجہ سے کہ اس دن میں اجتماع آفرینش ہے۔

(۳) یا اس وجہ سے کہ اس دن حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش تمام ہوئی اور روح و جسم کو جمع کیا گیا۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۶۵۴)

۱۵۔۔۔ ہفتہ کے دنوں میں سے اتوار اور پیر کے دن زمین بنائی گئی۔ منگل اور بدھ میں پہاڑ، دریا، درخت، جانداروں کی غذا اور بقیہ سامان پیدا کئے گئے۔ جمعرات و جمعہ میں ساتوں آسمان، چاند و سورج ستارے اور فرشتے پیدا کئے گئے۔ ایک قول یہ ہے کہ ہفتہ کے دن زمین، اتوار کو پہاڑ، پیر کو درخت، منگل کو مکروہات، بدھ کو نور، جمعرات کو چوپائے اور جمعہ کو حضرت آدم علیہ السلام پیدا کئے گئے۔

حضرت ابوالعالیہ فرماتے ہیں کہ فرشتے بدھ کے دن پیدا ہوئے اور جنات کو جمعرات کے دن پیدا کیا گیا۔ (ابن کثیر پ ۱ ع ۴)

ایک قول یہ ہے کہ برائیاں منگل کے دن، نور بدھ کے دن اور جانور جمعرات کے دن پیدا کئے گئے۔ (ابن کثیر پ ۱۲ ع ۱۳)

حضرت خواجہ نظام الدین اولیا علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ بارش کی پیدائش منگل کے دن ہوئی۔ تاریکی اور روشنی بدھ کے دن اور جنت کی پیدائش جمعرات کے دن ہوئی۔ (الملفوظات خواجہ نظام الدین اولیا ص ۱۷)

۱۶۔۔۔ منگل کے دن ملک الموت علیہ السلام کو بندگان خدا کی جانیں قبض کرنے پر مقرر کیا گیا۔ (حوالہ بالا)

۱۷۔۔۔ منگل کے دن ابلیس روئے زمین پر آیا۔ (حوالہ بالا)

۱۸ـــــ دوزخ کے دروازے منگل کے دن کھلے۔ (حوالہ بالا)

۱۹ـــــ ۹ رذی الحجہ ۱۰ ھ مطابق پچیس دسمبر بروز جمعہ۔ یہ وہ دن ہے جس دن حضور اکرم ﷺ نے خطبہ جمعہ حجۃ الوداع فرمایا اس دن چھ عیدیں جمع تھیں تین مسلمانوں کی اور تین دوسری قوموں کی۔ یعنی ۲۵؍ دسمبر عیسائیوں کی عید، یہودیوں کی عید، اور مجوسیوں کی عید تھی۔ مسلمانوں کے لئے جمعہ کا دن وہ عید۔ حج کا دن وہ عید اور محبوب کی دید کی عید۔ ایسی عیدیں آج تک جمع نہ ہوئیں۔ (شان حبیب الرحمٰن ۵۱)

۲۰ـــــ لوگوں کے وہ اعمال جو سزا و جزا کے لائق نہ ہوں وہ جمعرات کے دن نامۂ اعمال سے نکال دیئے جاتے ہیں۔ (ابن کثیر پ ۱۳ ج ۱۲)

۲۱ـــــ سال بھر میں جو بلائیں دنیا میں نازل ہوتی ہیں اللہ تعالیٰ انہیں ماہ صفر میں نامزد فرماتا ہے۔ (ملفوظات خواجہ نظام الدین اولیاء، ص ۱۸۵)

۲۲ـــــ نمرود بن کنعان نے شہر بابل میں ایک اونچی عمارت بنائی اس کا مکر یہ تھا کہ اس نے یہ بلند عمارت اپنے خیال میں آسمان میں پہنچنے اور آسمان والوں سے لڑنے کیلئے بنائی ہے اللہ تعالیٰ نے ہوا چلائی اور وہ عمارت گر پڑی۔ جب یہ عمارت گری تو گھبراہٹ سے لوگوں کی زبانیں بدل گئیں۔ اس دن سے لوگ تہتر زبانیں بولنے لگے جب کہ اس سے پہلے صرف ایک زبان سریانی بولتے تھے۔ (حاشیہ جلالین ص ۲۱۷)

قیامت اور علاماتِ قیامت سے متعلق سوالات

۱ـــــ دجال کہاں سے نکلے گا۔؟

۲ـــــ دجال کی پیشانی پر کیا لکھا ہوا ہوگا۔؟

۳ـــــ دجال کا قیام و فساد کتنے دنوں تک رہے گا۔؟

۴ـــــ دجال کون کونسے سے شہر میں داخل نہ ہو سکے گا۔؟

۵ـــــ دجال کو کون قتل کریں گے اور کس جگہ۔؟

۶ـــــ امام مہدی کا ظہور کس سن میں ہوگا۔؟

۷ـــــ دابۃ الارض کس جگہ سے برآمد ہوگا اور کس دن۔؟

۸ـــــ دابۃ الارض کتنا لمبا ہوگا۔؟

۹ـــــ دابۃ الارض جسمانی اعتبار سے کیسا ہوگا۔؟

۱۰ـــــ دابۃ الارض کے پاس کیا کیا چیزیں ہوں گی۔؟

۱۱ـــــ امام مہدی دنیا میں کتنے سال قیام فرمائیں گے۔؟

۱۲ـــــ مغرب سے آفتاب کتنے دنوں تک طلوع ہوتا رہے گا۔؟

۱۳ـــــ صور کیا چیز ہے۔؟

۱۴ـــــ صور کی پیدائش کب ہوئی اب وہ کہاں ہے۔؟

۱۵ـــــ صور کتنی بار پھونکا جائے گا۔؟

۱۶ـــــ صور اولیٰ کے بعد کون کون سے نفوس زندہ رہیں گے۔؟

۱۷ـــــ دو صوروں کے درمیان کتنا فاصلہ ہوگا۔؟

۱۸ـــــ صور بعثت یعنی زندہ ہونے کا صور کہاں سے پھونکا جائے گا۔؟

۱۹ـــــ میدان حشر کس ملک میں قائم ہوگا۔؟

۲۰۔۔۔ قیامت کے دن لوگ کس حال میں جمع کئے جائیں گے۔؟

۲۱۔۔۔ قیامت کے دن سب سے پہلے حساب کس سے ہوگا۔؟

۲۲۔۔۔ قیامت کے دن اہل محشر کی زبان کونسی ہوگی۔؟

۲۳۔۔۔ قیامت کے دن ہر آدمی کے کتنے دیوان کھلیں گے۔؟

۲۴۔۔۔ قیامت کے دن کونسا گروہ کس کے جھنڈے کے نیچے ہوگا۔؟

۲۵۔۔۔ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ سارے بندوں کا حساب کتنے گھنٹے میں لے لیگا؟

۲۶۔۔۔ لواء حمد کی درازی کتنی ہوگی۔؟

۲۷۔۔۔ لواء حمد کس چیز کا ہوگا۔؟

۲۸۔۔۔ لواء حمد میں کیا لکھا ہوا ہوگا۔؟

۲۹۔۔۔ حوض کوثر کا نام کوثر کیوں ہوا۔؟

۳۰۔۔۔ حوض کوثر کس چیز کا بنا ہوا ہے۔؟

۳۱۔۔۔ حوض کوثر کے پیالے کتنے اور کس چیز کے ہوں گے۔؟

۳۲۔۔۔ حوض کوثر کی لمبائی، چوڑائی اور گہرائی کتنی ہے۔؟

۳۳۔۔۔ پل صراط کس جگہ بچھایا جائے گا اور پل صراط کے کتنے پل ہوں گے۔؟

۳۴۔۔۔ پل صراط کی مسافت کتنی ہے۔؟

۳۵۔۔۔ پل صراط پر سے سب سے پہلے کون گزریں گے۔؟

۳۶۔۔۔ میزان کہاں رکھی جائے گی۔؟

۳۷۔۔۔ قیامت کے دن صاحب میزان کون ہوں گے اور اعمال کا وزن کون کریں گے۔؟

۳۸۔۔۔ موت کو کس طرح موت آئے گی۔؟

قیامت اور علامات قیامت سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ دجال "خراسان" سے نکلے گا۔ (ترمذی ج۲ ص ۴۷)

۲۔۔۔ اس سلسلے میں تین روایتیں ہیں کہ دجال کی پیشانی پر کیا لکھا ہوا ہوگا۔

(۱) اس کی پیشانی پر "کافر" لکھا ہوگا۔ (مشکوٰۃ ج۲ ص ۴۷۳ و ترمذی ج۲ ص ۴۷)

(۲) اس کی پیشانی پر ک، ف، ر لکھا ہوگا۔ (مشکوٰۃ ج۲ ص ۴۷۳)

(۳) اس کی پیشانی پر الکاف الفاء الراء لکھا ہوگا۔

(حاشیہ ۸ ترمذی ج۲ ص ۴۷، حاشیہ ۱ مشکوٰۃ ج۲ ص ۴۷۳)

۳۔۔۔ دجال کا قیام اور فساد صرف چالیس دن رہے گا مگر اس کا پہلا دن ایک سال کے برابر، دوسرا دن ایک ماہ کے برابر اور تیسرا دن ایک ہفتہ کے برابر ہوگا باقی دن تمام دنوں کے طرح ہوں گے۔ (ترمذی ج۲ ص ۴۷ و مشکوٰۃ ج۲ ص ۴۷۳)

۴۔۔۔ دجال تمام روئے زمین کا گشت کرے گا مگر دو جگہ مکہ مکرمہ اور مدینہ طیبہ میں داخل نہ ہو سکے گا۔ اللہ تعالیٰ ان دو جگہوں کی فرشتوں کے ذریعہ حفاظت فرمائے گا اس طرح کہ جب دجال مدینہ طیبہ یا مکہ مکرمہ کی طرف رخ کرے گا تو فرشتے اس کا چہرہ دوسرے طرف موڑ دیں گے۔ (ترمذی ج۲ ص ۴۸)

۵۔۔۔ دجال کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام قتل کر دیں گے۔ اس بستی میں جو بیت المقدس کے قریب ہے اور جسے باب اللُّد کہتے ہیں۔ (ابن کثیر پ ۵ رکوع ۲)

۶۔۔۔ امام مہدی رضی اللہ عنہ کے بارے میں احادیث بکثرت اور متواتر ہیں مگر ان میں کسی وقت کا تعین نہیں، اعلیٰ حضرت امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ "بعض علوم کے ذریعہ مجھے ایسا خیال گزرتا ہے کہ شاید ۱۸۳۷ھ میں کوئی سلطنت اسلامی باقی نہ رہے اور ۱۹۰۰ھ میں حضرت امام مہدی ظہور فرمائیں۔ (الملفوظ ص ۱۰۳ حصہ اول)

۷۔۔۔۔ دابۃ الارض مزدلفہ کی رات کو کوہ صفا کے جیاد نامی چٹان سے بر آمد ہو گا۔

(ابن کثیر پ ۲۰ ع ۲)

بعض کہتے ہیں کہ مسجد حرام سے نکلے گا۔ بعض نے کہا ہے صفا سے، بعض نے کہا ہے مقام حجر سے اور بعض نے کہا ہے کہ طائف سے نکلے گا۔

(حاشیہ ۱۳، ۱۶ جلالین ص ۳۲۴)

۸۔۔۔۔ دابۃ الارض ساٹھ گز لمبا ہو گا۔ (حاشیہ ۱۳، ۱۶ جلالین ص ۳۲۴)

۹۔۔۔۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ دابۃ الارض موٹے نیزے اور بھالے کی طرح ہو گا۔ حضرت علی مرتضٰی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ اس کے بال اور کھر ہوں گے، داڑھی ہو گی دم نہ ہو گی۔ حضرت ابن الزبیر رضی اللہ عنہما کا قول ہے کہ اس کا سر بیل کے سر کے مشابہ ہو گا، آنکھیں خنزیر جیسی اور کان ہاتھی جیسے ہوں گے۔ سینگ کی جگہ ہونٹ کی طرح ہو گی۔ شترمرغ جیسی گردن اور شیر جیسا سینہ ہو گا۔ اونٹ جیسے پاؤں اور بلی جیسی کمر ہو گی اور رنگ چیتے جیسا ہو گا۔

(ابن کثیر پ ۲۰ ع ۲)

اس کے چار پیر اور دو پر ہوں گے۔ (حاشیہ ۱۳، ۱۶ جلالین ص ۳۲۴)

۱۰۔۔۔۔ دابۃ الارض کے پاس عصائے موسوی اور انگشتری سلیمانی ہو گی۔ ہر مومن کی پیشانی پر عصائے موسوی سے نشان لگائے گا جس سے چہرہ منور ہو جائیگا۔ اور خاتم سلیمانی سے ہر کافر کی ناک پر نشان لگائے گا جس سے اس کا چہرہ سیاہ ہو جائیگا۔ اس طرح مومن اور کافر ظاہر ہو جائیں گے۔ (ابن کثیر پ ۲۰ ع ۲)

۱۱۔۔۔۔ امام مہدی دنیا میں کتنے سال رہیں گے اس میں اختلاف ہے۔ بعض نے کہا نو سال بعض نے چالیس سال۔ اور ترمذی ج ۲ ص ۴۶ پر پانچ، سات اور نو سال کا تذکرہ ہے۔

۱۲۔۔۔۔ امام نووی کے مطابق مغرب سے آفتاب صرف ایک دن طلوع ہو گا۔ آفتاب بیچ آسمان تک آنے کے بعد پھر مغرب کی طرف لوٹ کر غروب ہو جائیگا۔

بعض کا قول ہے کہ مغرب سے آفتاب تین دن طلوع ہو گا۔ (حاشیہ ۲۰ جلالین ص ۱۲۸)
ایک قول یہ بھی ہے کہ مغرب سے آفتاب ایک سو بیس سالوں تک طلوع ہوتا رہے گا۔

(تفسیر روح المعانی و قرطبی)

۱۳۔۔۔۔ صور نور کا بنا ہوا ایک سینگ ہے۔ امام بخاری نے حضرت مجاہد سے نقل کیا ہے کہ صور بوق کی طرح ہے اور بوق کے معنی ہیں نرسنگھا۔ (روح المعانی ج ۲۰ ص ۴۲)

۱۴۔۔۔۔ صور کی حدیث میں ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ جب آسمان و زمین کی پیدائش کر چکا تو صور کو پیدا کیا اور اسے حضرت اسرافیل علیہ السلام کو دیا وہ اسے منھ میں لئے ہوئے آنکھیں اوپر کو اٹھائے ہوئے عرش کی جانب دیکھ رہے ہیں کہ کب حکم خدا ہو اور وہ صور پھونک دیں۔ (ابن کثیر پ ۷ ع ۸)

۱۵۔۔۔۔ صور دو بار پھونکا جائے گا۔ پہلے صور سے زندے مر جائیں گے۔ اور دوسرے صور سے مردے زندہ ہو جائیں گے۔ (خزائن العرفان پ ۲۴ ع ۴)

ایک قول یہ ہے کہ صور تین بار پھونکے جائیں گے پہلا صور فزع ہو گا اس سے ساری دنیا کے لوگ گھبرا اٹھیں گے اور کافر بے ہوش ہو جائیں گے۔ دوسرا صور صعق ہو گا جس سے سب زندے مر جائیں گے۔ اور تیسرا صور بعثت ہو گا جس سے سب مردے زندہ ہو جائیں گے۔ (ابن کثیر پ ۷ ع ۸، جمل ج ۳ ص ۳۰۰)

۱۶۔۔۔۔ نفخہ اُولیٰ کے بعد کون سے نفوس زندہ رہیں گے اس میں مفسرین کے بہت اقوال ہیں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ نفخۂ صعق سے تمام آسمان و زمین والے مر جائیں گے سوائے جبرائیل، میکائیل و اسرافیل اور ملک الموت کے۔ پھر اللہ تعالیٰ دونوں نفخوں کے درمیان کی مدت میں ان فرشتوں کو بھی موت دے گا۔ دوسرا قول یہ ہیکہ مستثنٰی شہدا ہیں جن کے لئے قرآن مجید میں بَلْ اَحْیَاءٌ آیا ہے۔ حدیث شریف میں بھی ہے کہ وہ شہداء ہیں جو تلواریں حمائل کئے گرد عرش حاضر ہوں گے۔ تیسرا قول۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مستثنٰی حضرت موسیٰ علیہ السلام ہیں چونکہ آپ طور پر بے ہوش ہو چکے ہیں اس لئے اس

نفخہ سے آپ بے ہوش نہ ہوں گے بلکہ آپ متیقظ و ہوشیار رہیں گے۔ چوتھا قول یہ ہے کہ مستثنیٰ جنت کی حوریں اور عرش وکرسی کے رہنے والے ہیں۔ ضحاک کا قول ہے کہ مستثنیٰ رضوان اور حوریں اور وہ فرشتے جو جہنم پر مامور ہیں وہ اور جہنم کے سانپ بچھو ہیں۔ (خزائن العرفان پ ۲۴ ع ۴)

۱۷۔۔۔ چالیس سال کا فاصلہ ہوگا۔ (خزائن العرفان پ ۲۴ ع ۴، جمل ج ۳ ص ۷۳)

۱۸۔۔۔ صور بعثت یعنی زندہ ہونے کا صور صخرہ بیت المقدس سے پھونکا جائیگا۔ (ابن کثیر پ ۲۶ ق)

حضرت اسرافیل علیہ السلام مردوں کو یہ کہہ کر آواز دیں گے اَیَّتُهَا الْعِظَامُ الْبَالِیَةُ وَالْاَوْصَالُ الْمُقَطَّعَةُ وَاللُّحُوْمُ الْمُتَمَزِّقَةُ اِنَّ اللّٰهَ یَاْمُرُكُنَّ اَنْ تَجْتَمِعْنَ لِفَصْلِ الْقَضَاءِ فَیَقْبَلُوْنَ. (ترجمہ: اے سڑی گلی ہڈیو! اے جسم کے متفرق جوڑو! اور اے بکھرے ہوئے گوشتو! اللہ تم کو حکم دیتا ہے کہ فیصلہ کے لئے جمع ہو جاؤ۔ تو وہ لبیک کہیں گے) بعض نے کہا ہے کہ صور اسرافیل علیہ السلام پھونکیں گے لیکن ندا حضرت جبرائیل علیہ السلام دیں گے۔ (جمل ج ۳ ص ۲۹۷، ابن کثیر پ ۲۶ ق، صاوی ج ۴ ص ۵۰)

۱۹۔۔۔ میدان حشر ملک شام میں قائم ہوگا۔ (ابن کثیر پ ۲۸ سورہ حشر)

۲۰۔۔۔ قیامت کے دن لوگ ننگے پاؤں، ننگے بدن اور بے ختنہ جمع کئے جائیں گے۔ (خزائن العرفان پ ۱۷ ع ۷، ابن کثیر پ ۱۷ ع ۷)

اور سب سے پہلے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو دو باریک نرم سفید کپڑے پہنائے جائیں گے۔ (مشکوۃ ج ۲ ص ۴۸۳)

۲۱۔۔۔ قیامت کے دن سب سے پہلے حساب جبرائیل علیہ السلام سے ہوگا۔ (الاتقان فی علوم القرآن ج ۱ ص ۶۰)

۲۲۔۔۔ قیامت کے دن اہل محشر کی زبان سریانی ہوگی۔ (ابن کثیر پ ۱۹ ع ۱۵)

۲۳۔۔۔ قیامت کے دن انسان کے تین دیوان نکلیں گے۔ ایک میں نیکیاں لکھی ہوئی ہوں گی۔ دوسرے میں گناہ ہوں گے اور تیسرے میں خدا کی نعمتیں

لکھی ہوں گی۔ (ابن کثیر پ ۲۳ ع ۸، مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۳۹۳)

۲۴۔۔۔ قیامت کے دن ہر ٹولہ اپنے اپنے امام کے ساتھ ہوگا۔ چنانچہ صدیق کا ٹولہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے جھنڈے کے نیچے، عادل بادشاہوں کی جماعت لواءِ فاروقی کے نیچے، سخیوں کا گروہ عثمانی جھنڈے کے نیچے، شہیدوں کی جماعت لواء حیدری کے تلے، فقہاء وعلماء کا گروہ حضرت معاذ ابن جبل رضی اللہ عنہ کے جھنڈے کے نیچے، تارک الدنیا فقراء کا گروہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے جھنڈے کے تلے، موذنوں کی جماعت حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے جھنڈے کے نیچے اور مظلوم مقتولوں، شہیدوں کی جماعت جناب امام حسین رضی اللہ عنہ کے جھنڈے کے نیچے ہوں گے۔ (تفسیر نعیمی ج ۴ ص ۳۱۵)

۲۵۔۔۔ قیامت کے دن اللہ تقدس وتعالیٰ سارے بندوں کا حساب صرف چار گھنٹے میں لے لیگا۔ (تفسیر نعیمی ج ۴ ص ۲۰۹)

۲۶۔۔۔ لواء حمد کی درازی ایک ہزار چھ سو سال کی مسافت کے برابر ہوگی۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۳۸۲)

۲۷۔۔۔ لواء حمد کا سنان (نوک) یاقوت احمر، اسکا قبضہ سفید چاندی کا اور اس کا ڈنڈا سبز مروارید کا ہوگا۔ اس کی زلفیں تین نور کی ہونگی ایک زلف مشرق میں دوسری مغرب میں اور تیسری دنیا کے درمیان میں ہوگی۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۳۸۲)

۲۸۔۔۔ لواء حمد میں تین سطریں تحریر ہوں گی ایک پر **بسم اللہ الرحمن الرحیم** دوسرے پر **الحمد للہ رب العالمین** اور تیسرے پر **لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ** لکھا ہوا ہوگا۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۳۸۲)

۲۹۔۔۔ اس کا نام کوثر اس بنا پر ہے کہ اس کے پاس لوگ کثرت سے جائیں گے۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۳۸۵)

۳۰۔۔۔ حوض کوثر موتی اور یاقوت کے سنگریزوں سے بنا ہوا ہے۔ اس کے کنارے سونے کے ہیں اور اس کے ارد گرد موتیوں کے قبے ہیں اور اس کی تہ مشک کی ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۳۸۴، قانون شریعت حصہ اول ص ۴۰)

۱ س ـــــ حوض کوثر کے پیالے سونے چاندی یاقوت و موتی اور زبرجد کے ہیں۔ ان کی تعداد آسمان کے ستاروں کے مانند ہیں۔ (مدارج ج۲ ص ۴۹۳)

۲ س ـــــ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میرے حوض کی درازی ایک ماہ کی مسافت ہے اور اتنی ہی اس کی چوڑائی ہے اور اس کی گہرائی ستر ہزار فرسخ کی ہے۔ (مدارج ج۲ ص ۴۹۳)

۳ س ـــــ حضرت ابو ہریرہ ؓ کی حدیث ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جہنم کی پشت پر صراط بچھائی جائے گی۔ (مدارج ج۲ ص ۴۹۶)

اور پل صراط کے سات پل ہونگے۔ (تحقیق جنی ص ۳۲)

۴ س ـــــ حضرت فضیل بن عیاض کی حدیث میں ہے کہ پل صراط کی مسافت پندرہ ہزار سال کے برابر ہے پانچ ہزار چڑھائی میں، پانچ ہزار اتار میں اور پانچ ہزار برابر و ہموار۔ (مدارج ج۲ ص ۴۹۶)

دوسری روایت کے بموجب اس کی مسافت قیامت کے سالوں کے حساب سے تین سو سال کے برابر ہے اور تیسری روایت کے مطابق آخرت کے سالوں کے حساب سے تین ہزار سال کے برابر ہے۔ (تفسیر عزیزی ص ۱۲۹)

۵ س ـــــ حضرت ابو ہریرہ ؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا پل صراط پر سے گزرنے والوں میں سب سے پہلے میں اور میری امت ہو گی۔

(مدارج ج۲ ص ۴۹۶)

اور امت محمدیہ میں سے سب سے پہلے مہاجرین فقراء گزریں گے۔

(ابن کثیر پ ۳ ص ۱۹)

۶ س ـــــ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جنت عرش کے داہنی جانب اور جہنم اس کے بائیں جانب رکھی جائے گی اس کے بعد میزان لائی جائیگی اور نیکیوں کے پلڑے کو جنت کے مقابل اور بدیوں کے پلڑے کو جہنم کے مقابل رکھا جائے گا۔ (مدارج ج۲ ص ۴۹۲)

۷ س ـــــ حضرت حذیفہ ؓ سے مروی ہے کہ قیامت میں صاحب میزان جبرائیل ؑ ہوں گے اور وہی اس دن اعمال کا وزن کریں گے۔ (مدارج ج۲ ص ۴۹۲)

۸ س ـــــ جب سب جنتی جنت میں داخل ہو لیں گے اور جہنم میں صرف وہی رہ جائیں گے جن کو ہمیشہ کے لئے اس میں رہنا ہے اس وقت جنت اور دوزخ کے درمیان موت کو سفید و سیاہ مینڈھے کی شکل میں لا کھڑا کیا جائے گا جنتیوں اور جہنمیوں سے پوچھا جائیگا کہ اسے پہچانتے ہو۔؟ سب کہیں گے ہاں یہ موت ہے۔ پھر وہ ذبح کر دی جائے گی۔ (بخاری جلد دوم ص ۹۶۹ مسلم جلد دوم ص ۳۸۳)

جنت اور دوزخ سے متعلق سوالات

۱ـــــ جنت کس چیز کی بنی ہوئی ہے۔؟
۲ـــــ جنت کے طبقات کتنے ہیں۔؟
۳ـــــ جنت کے درجے کتنے ہیں اور ہر ایک کی وسعت کتنی ہے۔؟
۴ـــــ جنت کے اس درخت کا نام کیا ہے جسے اللہ تعالیٰ نے اپنے دست قدرت سے لگایا؟
۵ـــــ جنت میں سب سے پہلے کون داخل ہوں گے۔؟
۶ـــــ جنت میں پیغمبروں میں سے سب سے آخر میں کون داخل ہونگے۔؟
۷ـــــ جنت میں سب سے پہلے کونسی امت داخل ہوگی۔؟
۸ـــــ جنت میں امت محمدیہ میں سے سب سے پہلے کون داخل ہوں گے۔؟
۹ـــــ جنت میں صحابہ کرام میں سے سب سے آخر میں کون داخل ہونگے اور کیوں؟
۱۰ـــــ جنت میں اہل جنت کی کل کتنی صفیں ہوں گی اور ان میں سے امت محمدیہ کی کتنی صفیں ہوں گی۔؟
۱۱ـــــ جنت میں اہل جنت کی عمر کتنی ہوگی۔؟
۱۲ـــــ جنت میں جنتی کا قد کتنا لمبا ہوگا اور جسامت کتنی ہوگی۔؟
۱۳ـــــ جنت میں اہل جنت کی زبان کونسی ہوگی۔؟
۱۴ـــــ جنت کے اس دروازے کا کیا نام ہے جس سے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم داخل ہونگے۔؟
۱۵ـــــ جنت میں جنتی کس وقت جائیں گے۔؟
۱۶ـــــ امت محمدیہ میں سے کتنے لوگ بے حساب وکتاب جنت میں داخل ہونگے؟
۱۷ـــــ جنت میں اہل جنت کی اولین غذا کونسی ہوگی۔؟

۱۸ـــــ حضرت آدم ؑ سے لیکر آج تک جتنی عبادتیں ہمارے لئے مشروع ہوئیں ان میں کونسی عبادت جنت میں رہے گی۔؟
۱۹ـــــ جنت میں مومنوں کے سینوں میں قرآن کا کتنا حصہ باقی رہے گا۔؟
۲۰ـــــ جنت میں ہر جنتی کو کتنے خادم اور کتنی بیویاں ملیں گی۔؟
۲۱ـــــ جنت میں اہل جنت کو کتنے قسم کے کھانے ملیں گے۔؟
۲۲ـــــ جنت میں جنتی ایک دوسرے سے ملنا چاہئیں گے تو کیسے ملیں گے۔؟
۲۳ـــــ جنت میں رات ہوگی یا نہیں۔؟
۲۴ـــــ جنت میں جنتی آرام اور غیر آرام کے اوقات کو کیسے پہچانیں گے۔؟
۲۵ـــــ جنت میں کھانا کس طرح ہضم ہوگا۔؟
۲۶ـــــ جنت میں کتنے دریا ہیں اور کس چیز کے۔؟
۲۷ـــــ جنت میں نہریں کتنی ہیں اور ان کے نام کیا ہیں۔؟
۲۸ـــــ وہ نہریں کتنی ہیں جو جنت سے نکل کر دنیا میں آتی ہیں اور ان کے نام کیا ہیں؟
۲۹ـــــ جنت میں سب سے آخر میں جانے والے کا واقعہ کیا ہے۔؟
۳۰ـــــ جہنم کس چیز کی بنی ہوئی ہے۔؟
۳۱ـــــ دوزخ کی گہرائی کتنی ہے۔؟
۳۲ـــــ دوزخ کے درکات کتنے ہیں۔؟
۳۳ـــــ دوزخ کے طبقات میں سے کس طبقہ میں کس کو ڈالا جائے گا۔؟
۳۴ـــــ دوزخ میں عذاب کے فرشتے کتنے ہیں۔؟
۳۵ـــــ دوزخ میں مقررہ فرشتوں کی قامت کتنی ہے۔؟
۳۶ـــــ دوزخ کی آگ کی حرارت دنیا کے آگ سے کئی گنا زیادہ ہے۔؟
۳۷ـــــ دوزخ کی آگ کتنے دنوں تک دھکائی گئی اور اس کا رنگ کیسا ہے۔؟
۳۸ـــــ دوزخ میں دوزخی کس وقت ڈالے جائیں گے۔؟
۳۹ـــــ دوزخ میں سب سے پہلے کون ڈالا جائیگا۔؟

۴۰۔۔۔ دوزخ میں دوزخی کی عمر کتنی ہو گی۔؟

۴۱۔۔۔ دوزخ میں سب سے ہلکا عذاب کس کو ہو گا۔؟

۴۲۔۔۔ دوزخ کے اس جیل خانے کا نام کیا ہے جس میں متکبروں کو ڈالا جائیگا؟

جنت اور دوزخ سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ جنت کی دیواریں سونے اور چاندی کی اینٹوں اور مشک کے گارے سے بنی ہیں۔ ایک اینٹ سونے کی اور ایک چاندی کی ہے۔ زمین زعفران کی، کنکریوں کی جگہ موتی اور یاقوت ہیں۔ اور ایک روایت میں ہے کہ جنت عدن کی ایک اینٹ سفید موتی کی ہے ایک یاقوت سرخ کی، ایک زبرجد سبز کی اور مشک کا گارا ہے، گھاس کی جگہ زعفران ہے، موتی کی کنکریاں اور عنبر کی مٹی۔ (بہار شریعت ص ۱۴۴ حصہ اول)

۲۔۔۔ جنت کے آٹھ طبقے ہیں۔

(۱) جنت الفردوس۔ (۲) جنت عدن۔ (۳) جنت ماوئی۔ (۴) دار الخلد۔ (۵) دار السلام۔ (۶) دار المقامہ۔ (۷) علیین۔ (۸) جنت نعیم۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۲۴۲)

۳۔۔۔ جنت کے سو درجے ہیں ہر دو درجوں میں وہ مسافت ہے جو آسمان اور زمین کے درمیان ہے رہا یہ کہ خود اس درجہ کی کیا مسافت ہے تو ترمذی کی حدیث میں ہے کہ اگر تمام عالم ایک درجہ میں جمع ہوں تو سب کے لئے وہ وسیع ہے۔

(بہار شریعت ص ۲۲ حصہ اول)

ایک روایت میں ہے کہ جنت کے درجات اتنے ہیں جتنے کہ قرآن کے حروف۔ (الاتقان فی علوم القرآن ج ۱ ص ۸۹)

۴۔۔۔ جنت کا وہ درخت جس کو اللہ تعالیٰ نے اپنے دست قدرت سے لگایا اس کا نام طوبیٰ ہے۔ اس درخت سے متعلق حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دریافت کرنے پر اللہ تقدس و تعالیٰ نے فرمایا:

یہ جنتیوں کے لئے ہے اس کی جڑ میری خوشنودی ہے، اسکا پانی تسنیم کا ہے، اس کی ٹھنڈک کافور کی سی، اس کا ذائقہ زنجبیل کے مثل ہے اور اس کی

خوشبو مشک کی طرح ہے۔ جس نے بھی اس میں ایک گھونٹ پی لیا اسے کبھی پیاس نہ لگے گی۔ (البدایہ ج ۲ ص ۸۵۰)

۵۔۔۔ جنت میں سب سے پہلے حضور اکرم ﷺ داخل ہو گئے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۲۷)

۶۔۔۔ پیغمبروں میں سے سب سے آخر میں داخل جنت ہونے والے حضرت سلیمان علیہ السلام ہیں کیونکہ وہ تونگر تھے۔ (کیمیائے سعادت ص [illegible])

۷۔۔۔ امتوں میں سے سب سے پہلے امت محمدیہ جنت میں داخل ہو گی۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۸۰۳)

۸۔۔۔ امت محمدیہ میں سے سب سے پہلے جنت میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ داخل ہوں گے۔ (تاریخ الخلفاء ص ۵۰ مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۹۹)

۹۔۔۔ جنت میں صحابہ کرام میں سے سب سے آخر میں حضرت عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ داخل ہو نگے کیونکہ وہ تونگر تھے۔ (کیمیائے سعادت ص [illegible])

۱۰۔۔۔ اہل جنت کی ایک سو بیس صفیں ہوں گی جن میں سے اسی صفیں امت محمدیہ کی ہو نگی۔ (تفسیر نعیمی ج [illegible] ص [illegible])

۱۱۔۔۔ جنت میں اہل جنت میں سے مردوں کی عمر، عمر عیسیٰ علیہ السلام تینتیس سال کی ہو گی۔ (ابن کثیر پ ۲۷ واقعہ)

اور عورتوں کی عمر ۱۷ یا ۱۸ سال کی ہو گی۔ (تفسیر عزیزی پ ۳۰)

اور اسی عمر میں ہمیشہ رہیں گے۔ ([illegible])

۱۲۔۔۔ جنت میں اہل جنت کا قد، قد آدم یعنی ساٹھ گز لمبا ہو گا۔ اور جسم کا عرض سات ہاتھ ہو گا۔ (ابن کثیر پ ۲۸ واقعہ)

۱۳۔۔۔ جنت میں اہل جنت کی زبان، زبان محمد ﷺ یعنی عربی ہو گی۔ (ابن کثیر پ ۲۷ واقعہ)

۱۴۔۔۔ حضور اکرم ﷺ جنت میں جس دروازے سے داخل ہو نگے اس کا نام باب الرحمہ اور باب التوبہ ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۹۷)

۱۵۔۔۔ جنتی جنت میں دوپہر کے وقت جائیں گے۔ (ابن کثیر پ [illegible])

۱۶۔۔۔ چار ارب نوے کروڑ ستر ہزار امت محمدیہ بغیر حساب و کتاب کے جنت میں جائیں گے۔ (تفسیر الم نشرح ص ۲۰۸)

یہ اس حدیث کا حاصل ضرب ہے۔ جس میں نبی کریم ﷺ نے فرمایا میری امت میں سے ستر ہزار بے حساب جنت میں جائیں گے اور ان کے طفیل میں ہر ایک کے ساتھ ستر ہزار۔ (ابن کثیر پ ص ع ۳)

اللہ عز اسمہ ان کے ساتھ تین جماعتیں اور دے گا معلوم نہیں ہر جماعت میں کتنے ہوں گے اس کا شمار وہی جانے۔ تہجد پڑھنے والے بھی بلا حساب جنت میں جائیں گے۔ (بہار شریعت ۹ حصہ اول)

۱۷۔۔۔ جنت میں اہل جنت کی سب سے پہلی غذا اس مچھلی کی کلیجی ہے جس کی پشت پر زمین قائم ہے۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۳۳)

ایک دوسری روایت میں گائے کی کلیجی اور مچھلی کا گوشت ہے۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۵۳)

۱۸۔۔۔ حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر آج تک جتنی بھی عبادتیں ہمارے لئے مشروع ہوئی ہیں ان میں سے صرف دو عبادتیں جنت میں رہیں گی ایمان اور نکاح۔ ([illegible])

۱۹۔۔۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا جنت میں قرآن کا کوئی حصہ نہیں رہے گا بجز سورہ طٰہٰ اور سورہ یٰسٓ کے۔ یہ دونوں سورتیں اہل جنت کے سینوں میں محفوظ رہیں گی جنہیں وہ تلاوت کرتے رہیں گے۔ (روح البیان ج ۱۲ ص ۳۷)

۲۰۔۔۔ ادنیٰ سے ادنیٰ جنتی کے لئے اسی ہزار خادم اور بہتر بیویاں ہوں گی۔ (بہار شریعت ص ۴ حصہ اول)

۲۱۔۔۔ جنتیوں کو جنت میں ہر قسم کے لذیذ سے لذیذ کھانے ملیں گے جو چاہیں گے فوراً ان کے سامنے موجود ہو گا۔ ایک روایت میں ہے کہ ہر جنتی کے سرہانے کم سے کم دس ہزار خادم کھڑے ہوں گے خادموں میں ہر ایک کے ایک ہاتھ میں

چاندی کا پیالہ ہوگا اور دوسرے ہاتھ میں سونے کا اور ہر پیالے میں نئے نئے رنگ کی نعمت ہوگی جتنا کھانا چاہے گا لذت میں کمی نہ ہوگی بلکہ زیادتی ہوگی اور ہر نوالہ میں ستر مزے ہوں گے۔ ہر مزہ دوسرے سے ممتاز اور معاً محسوس ہونگے ایک کا احساس دوسرے سے مانع نہ ہوگا۔ (بہار شریعت ص ۳۳ حصہ اول)

ایک روایت میں ہے کہ جنت میں لؤلؤ کا بنا ہوا ایک محل ہوگا جس میں سرخ یاقوت کے ستر گھر اور ہر گھر میں ستر سبز زمرد کے کمرے ایسے ہوں گے کہ ہر کمرہ میں ستر تخت ہوں گے اور ہر تخت پر ستر دستر خوان ہونگے اور پھر ہر دستر خوان میں ستر قسموں کے کھانے ہوں گے۔ (حاشیہ جلالین ص ۱۹۳)

۲۲ـــــ جنتی آپس میں ملاقات کرنا چاہیں گے تو ایک کا تخت دوسرے کے پاس خود بخود چلا جائیگا۔ (بہار شریعت حصہ اول)

۲۳ـــــ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا جنت میں رات نہیں ہوگی بلکہ وہاں تو روشنی ہی روشنی ہوگی اور جنتیوں کے پاس ان اوقات میں جن میں وہ دنیا میں نمازیں ادا کیا کرتے تھے عجیب و غریب چیزیں پیش ہوتی رہیں گی اور ملائکہ ان اوقات میں جنتیوں پر سلام بھیجتے رہیں گے۔ (روح المعانی)

۲۴ـــــ ایک روایت میں ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

اہل جنت رات کے وقت کو پردوں کے لٹک جانے اور دروازوں کے بند ہو جانے سے پہچانیں گے۔ یعنی جب آرام کرنے کا وقت آئے گا تو پردے خود بخود لٹک جایا کریں گے اور دروازے از خود بند ہو جایا کریں گے۔ ایسے ہی جب سیر و تفریح کا وقت آئے گا تو پردے خود اٹھ جایا کرینگے اور دروازے خود بخود کھل جایا کریں گے۔ (روح المعانی ج ۲۶ ص ۱۲۳، حاشیہ ۹ جلالین ص ۲۵۸)

۲۵ـــــ جنت میں گندگی پاخانہ، پیشاب وغیرہ اصلاً نہ ہوں گے ایک خوشبودار فرحت بخش ڈکار آئیگی اور خوشبودار فرحت بخش پسینہ نکلے گا جس سے سب کھانا ہضم ہو جائے گا۔ (بہار شریعت ص ۳۲ حصہ اول)

۲۶ـــــ جنت میں چار دریا ہیں۔

(۱) دریائے شہد۔ (۲) دریائے شیر۔ (۳) دریائے آب۔ (۴) دریائے شراب۔ (تفسیر الم نشرح ص ۱۴۳)

۲۷ـــــ جنت کی چار نہریں ہیں۔

(۱) زنجبیل۔ (۲) سلسبیل۔ (۳) رحیق۔ (۴) تسنیم۔ (تفسیر الم نشرح ص ۱۴۳)

۲۸ـــــ ان نہروں سے متعلق دو قول ہیں جو جنت سے نکل کر دنیا میں آتی ہیں۔ ایک قول کے بموجب وہ نہریں چار ہیں۔

(۱) جیحون۔ (۲) سیحون۔ (۳) فرات۔ (۴) نیل۔ (بخاری و مسلم)

اور دوسرے قول کے مطابق وہ نہریں پانچ ہیں چار مذکورہ بالا اور ایک دجلہ۔ (صاوی ج ۳ ص ۱۲۳)

۲۹ـــــ حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہتے ہیں کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے ارشاد فرمایا:

میں یقیناً اس شخص کو جانتا ہوں جو جہنم سے نکل کر سب سے آخر میں جنت میں جائے گا اس کا حال یہ ہوگا کہ جب اس کو جہنم سے نکالا جائیگا تو وہ سرین کے بل چل کر بارگاہ خداوندی میں حاضر ہو کر عرض کرے گا۔ خداوندا! سب لوگوں نے اپنا اپنا ٹھکانا جنت میں پا لیا ہے یعنی ہر جنتی اپنے محل میں پہنچ چکا ہے۔ ارشاد خداوندی ہوگا: تو جنت میں داخل ہو جا۔ یہ شخص جنت کی طرف جائے گا لیکن ہر جنتی کو اپنے محل میں مقیم پا کر (یعنی جنت کو بھری ہوئی پا کر) جنت کے دروازے سے لوٹ آئے گا اور عرض کرے گا: پروردگار! ہر شخص اپنی منزل میں جا پہنچا ہے۔ (یعنی سارے محل پُر ہو چکے ہیں) اللہ رب العزت فرمائے گا: کیا تو اس کو دنیاوی مقام تصور کر رہا ہے جس میں تو زندگی بسر کر آیا۔ وہ کہے گا ہاں۔ پھر اللہ تبارک وتعالیٰ اس بندے سے فرمائیگا: تو تمنا کر۔؟ پس وہ تمنا کرے گا۔ پھر اعلان خداوندی ہوگا: تیرے لئے وہ ہے جس کی تو نے تمنا کی اور تیرے لئے (جنت

میں) دنیا کے دس حصے سے زیادہ ہے۔ الخ (ترمذی ج ۲ ص ۸۳)

۳۰ــــ حدیث میں ہے کہ جہنم کی چار دیواری کی وسعت چالیس چالیس سال کی مسافت ہے۔ (ابن کثیر پ ۱۵ ع ۱۵، مشکوٰۃ ج ۲ ص ۵۰۳)

۳۱ــــ دوزخ کی گہرائی اتنی زیادہ ہے کہ اگر پتھر کی چٹان جہنم کے کنارے سے اس میں پھینکی جائے تو ستر برس میں بھی وہ تہ تک نہ پہنچے گی۔ (بہار شریعت حصہ اول)

۳۲ــــ ابن جریج کا قول ہے کہ دوزخ کے سات درکات ہیں۔

(۱) جہنم۔ (۲) لظی۔ (۳) حطمہ۔ (۴) سعیر۔ (۵) سقر۔ (۶) جحیم۔ (۷) ہاویہ۔ (خزائن العرفان پ ۱۴ ع ۴)

ان درکات کے خازن فرشتوں کا نام بالترتیب یوں ہے۔

(۱) صوحائیل۔ (۲) طوفائیل۔ (۳) طرفائیل۔ (۴) سمطائیل۔ (۵) طوفطائیل۔ (۶) ضمطائیل۔ (۷) طمطائیل۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۱۸۲ رکن سوم)

۳۳ــــ سات طبقات دوزخ میں سے کس میں کس کو ڈالا جائے گا اس کی تفصیل حسب ذیل ہے:

طبقہ اول یعنی جہنم میں اہل توحید کو ڈالا جائیگا، پھر اعمال کے مطابق سزا کے بعد نکال لئے جائیں گے طبقہ دوم لظی میں یہود کو طبقہ سوم حطمہ میں نصاری کو، طبقہ چہارم سعیر میں شرابی کو، طبقہ پنجم سقر میں مجوسی کو، طبقہ ششم یعنی جحیم میں مشرکین کو اور طبقہ ہفتم یعنی ہاویہ میں منافقین کو ڈالا جائیگا۔ (حاشیہ جلالین ص ۲۱۳)

۳۴ــــ دوزخ میں عذاب کے فرشتے انیس ہیں۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۴۲)

ان فرشتوں کے سردار کا نام مالک ہے دیگر فرشتوں کے نام زبانیہ۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۱۶۹)

۳۵ــــ دوزخ میں مقرر فرشتوں میں سے ہر ایک کا قد ایک سو سال کی راہ کا ہے۔ ان میں سے ایک فرشتہ جب ایک گرز مارتا ہے تو سات لاکھ آدمیوں کا چورا ہو جاتا ہے۔ (تفسیر ابن کثیر پ ۱۱ ع ۸)

۳۶ــــ دنیا کی یہ آگ جہنم کی آگ کے ستر جزؤں میں سے ایک جزء ہے (مشکوٰۃ ج ۲ ص ۵۰۳)

یعنی جہنم کی آگ کی حرارت دنیا کی آگ سے ستر گنا زیادہ ہے۔

۳۷ــــ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا کہ جہنم کی آگ کو ایک ہزار سال تک جلایا گیا یہاں تک کہ وہ سرخ ہو گئی۔ پھر اس کو ایک ہزار سال تک جلایا گیا یہاں تک وہ سفید ہو گئی۔ پھر اسے ایک ہزار سال اور جلایا گیا یہاں تک کہ وہ کالی سیاہ ہو گئی۔ اب وہ نری سیاہ اور تاریک ہے۔ (مشکوٰۃ ج ۲ ص ۵۰۳)

۳۸ــــ دوزخیوں کو دوزخ میں دوپہر کے وقت ڈالا جائے گا۔ (ابن کثیر پ ۱۹ ع ۱)

۳۹ــــ دوزخ میں سب سے پہلے قابیل کو ڈالا جائے گا۔ (روح البیان ۵۵۶)

۴۰ــــ دوزخ میں اہل دوزخ کی عمر تینتیس سال کی ہو گی۔ (ابن کثیر پ ۷ حوالہ)

۴۱ــــ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا کہ دوزخیوں میں سب سے ہلکا عذاب ابو طالب کو ہو گا۔ (بخاری۔ مشکوٰۃ ج ۲ ص ۵۰۲)

۴۲ــــ دوزخ کے اس جیل خانہ کا نام بولس ہے جس میں متکبروں کو ڈالا جائیگا۔ (ابن کثیر پ ع ۱۱)

متفرقات سے متعلق سوالات

۱___ جب اللہ تعالیٰ نے تمام روحوں کو جمع کر کے فرمایا تھا اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ تو روحوں کا یہ اجتماع کس دن اور کس جگہ ہوا تھا۔؟

۲___ اس اجتماع میں روحوں کی کتنی صفیں تھیں اور کس صف میں کونسی ارواح تھیں؟

۳___ عالم کی تعداد کتنی ہے۔؟

۴___ دنیا کی عمر کتنی ہے۔؟

۵___ تمام مخلوق کی تقدیریں کب لکھی گئیں۔؟

۶___ گوشت کا سڑنا اور کھانے کا خراب ہونا کب سے شروع ہوا۔؟

۷___ وہ کتنے اور کون کون حضرات ہیں جو مدت حمل سے زیادہ دنوں میں پیدا ہوئے؟

۸___ وہ کون کون حضرات ہیں کہ جن کی مدت حمل چھ ماہ رہی ہو اور وہ پیدا ہو کر زندہ رہے۔؟

۹___ حضور اکرم ﷺ نے سب سے زیادہ بد بخت کن کن کو فرمایا۔؟

۱۰___ وہ کون کون حضرات ہیں جنہوں نے مرنے کے بعد بات کی۔؟

۱۱___ دنیا میں سب سے زیادہ رونے والے حضرات کون کون ہیں۔؟

۱۲___ جن لوگوں نے مسجد ضرار بنائی تھی ان کی تعداد اور نام کیا ہیں۔؟

۱۳___ وہ حضرات کون کون ہیں جنہوں نے حضور اکرم ﷺ کے حکم سے مسجد ضرار کو مسمار کر ڈالا۔؟

۱۴___ حضور اکرم ﷺ نے مسجد ضرار منہدم ہو جانے کے بعد اس کی جگہ کو کس صحابی کو عنایت فرمایا۔؟

۱۵___ نبی کے ہاتھوں سے بنی ہوئی مسجدیں دنیا میں کتنی ہیں۔؟

۱۶___ قارون، موسیٰ علیہ السلام کا کیا لگتا تھا۔؟

۱۷___ تورات میں قارون کا کیا نام ہے۔؟

۱۸___ قارون کے خزانے کی کنجیاں کتنے خچروں پر لادی جاتی تھیں۔؟

۱۹___ قارون روزانہ زمین میں کتنا دھنستا ہے۔؟

۲۰___ مجوسیوں کے کتنے خدا ہیں اور ان کا نام کیا ہے۔؟

۲۱___ تابوت سکینہ کس چیز کا تھا اور اس کا طول و عرض کتنا تھا۔؟

۲۲___ تابوت سکینہ حضرت موسیٰ علیہ السلام تک کیسے پہنچا۔؟

۲۳___ تابوت سکینہ میں کیا کیا چیزیں تھیں۔؟

۲۴___ حضرت موسیٰ علیہ السلام تابوت سکینہ میں کیا کیا چیزیں رکھتے تھے۔؟

۲۵___ سورج کا رو کنا یا ڈوبے ہوئے سورج کو لوٹانا کتنی بار واقع ہوا۔؟

۲۶___ ہر کافر کی قبر میں کتنے اژدہے مسلط کئے جاتے ہیں۔؟

۲۷___ پورے سال میں کتنی بلائیں نازل ہوتی ہیں۔؟

۲۸___ قریش مکہ نے بنو ہاشم سے جو بائیکاٹ کا معاہدہ کیا تھا اس عہد نامہ کو کس نے لکھا تھا اور اس پر اللہ کا کیا قہر نازل ہوا۔؟

۲۹___ وہ کتنے جاندار ہیں جنہوں نے شکم مادر کی مشقت کو نہیں جھیلا۔؟

۳۰___ وہ کونسی قبر ہے جو اپنے صاحب کو لیکر چلتی ہے۔؟

۳۱___ زمین کا وہ کونسا حصہ ہے جس پر سورج کی روشنی صرف ایکبار پڑی، نہ اس سے پہلے کبھی پڑی تھی اور نہ اب کبھی پڑے گی۔؟

۳۲___ وہ کونسا رسول (قاصد) ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے بھیجا مگر نہ وہ انسان ہے اور نہ ملائکہ میں سے۔؟

۳۳___ پانی نے لاش کو قبول کرنا کب سے بند کر دیا جب کہ پہلے جو کوئی پانی میں غرق ہوتا تو اسکی لاش ڈوب جایا کرتی تھی۔؟

متفرقات سے متعلق جوابات

۱۔۔۔ روحوں کا یہ اجتماع روزِ عرفہ کو ہوا تھا۔ (الکامل فی التاریخ ج۱ ص۲۷، جلالین ص۱۳۳)

اور محلِ اجتماع میں علماء کا اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ اجتماع میدان عرفات کی وادیٔ نعمان میں ہوا۔ (جلالین ص۱۳۳، الکامل ج۱ ص۱۷)

بعض کہتے ہیں کہ جنت میں۔ (الکامل فی التاریخ ج۱ ص۱۷)

اور بعض کہتے ہیں کہ مکہ اور طائف کے درمیان میں ہوا تھا۔ (حاشیہ ۱۱ جلالین ص۱۳۳)

۲۔۔۔ اس اجتماع میں ارواح کی چار صفیں تھیں۔ پہلی صف ارواح انبیاء کی، دوسری صف ارواح اولیاء کی، تیسری صف میں عام مسلمانوں کی ارواح اور چوتھی صف میں کافروں کی ارواح تھیں۔ (تفسیر نعیمی ج۹ ص۱۳۳)

۳۔۔۔ عالم کی تعداد میں مختلف اقوال وارد ہیں۔ حضرت وہب بن منبہ فرماتے ہیں کہ اٹھارہ ہزار عالم ہیں یہ دنیا ان میں سے ایک ہے۔ حضرت ضحاک کا قول ہے کہ کل عالم تین سو ساٹھ ہیں۔ حضرت کعب الاحبار کا کہنا ہے کہ عالم کی تعداد کا صحیح اندازہ کرنا محال ہے۔ (روح البیان پ۱ سورۃ فاتحہ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ عالم چالیس ہزار ہیں۔ (ابن کثیر پ۱ سورۃ فاتحہ)

اور حضرت مقاتل سے اسی ہزار عالم منقول ہیں۔ (تفسیر قرطبی)

۴۔۔۔ دنیا کی عمر کتنی ہے اس میں کئی قول ہیں بعض نے کہا کہ دنیا کی عمر سات ہزار برس ہے۔ بعض نے کہا کہ بارہ ہزار برس ہے۔ اور بعض نے کہا کہ تین لاکھ ساٹھ ہزار برس۔ (خزائن العرفان پ۱۸ ع۶)

یہ اختلاف، اختلاف اعتبار کا شاخسانہ ہے۔ بعض نے ستاروں کا اعتبار کر کے سات ہزار کہا چونکہ کواکب سیارہ سات ہیں۔ بعض نے بارہ برج آسمان کا اعتبار کر کے بارہ ہزار کہا ہے اور بعض نے سال کے دنوں کی مقدار کے اعتبار سے دنیا کی عمر تین لاکھ ساٹھ ہزار سال شمار کی ہے۔ (حاشیہ جلالین ص۲۹۳ و صاوی ج۳ ص۵۰)

۵۔۔۔ صحیح مسلم میں حدیث ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان و زمین کی پیدائش سے پچاس ہزار سال پہلے تمام مخلوق کی تقدیریں لکھیں۔ (ابن کثیر پ۷ ع۱۲)

۶۔۔۔ من و سلویٰ جب نازل ہوتا تھا تو بنی اسرائیل ممانعت کے باوجود کچھ چھپا کر کل کے لئے رکھ لیتے تھے۔ لیکن دوسرے دن وہ رکھا ہوا من و سلویٰ سڑ جاتا تھا۔ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا اگر بنی اسرائیل نہ ہوتے تو کھانا نہ کبھی سڑتا اور نہ خراب ہوتا۔ کھانے کا خراب ہونا اور گوشت کا سڑنا اسی تاریخ سے شروع ہوا اس سے پہلے نہ کھانا خراب ہوتا تھا اور نہ گوشت سڑتا تھا۔ (روح البیان ج۱ ص۱۴۷، تفسیر نعیمی ج۱ ص۳۵۵)

۷۔۔۔ چار حضرات ایسے ہیں جو مدت حمل سے زیادہ دنوں میں پیدا ہوئے۔

(۱) حضرت سفیان بن حیان۔ چار سال میں پیدا ہوئے۔

(۲) محمد بن عبد اللہ بن حسن الضحاک بن فراحم۔ سولہ مہینے میں پیدا ہوئے۔

(۳) یحییٰ بن علی بن جابر المغوی۔ دو سال میں پیدا ہوئے۔ (۴) سلمان ضحاک۔ دو سال میں پیدا ہوئے۔ (حیوۃ الحیوان ج۱ ص۹۸)

۸۔۔۔ حضرت یحییٰ بن زکریا علیہما السلام اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی مدت حمل چھ ماہ تھی۔ آپ دونوں کے علاوہ کوئی بچہ زندہ نہ رہا جس کی مدت حمل چھ ماہ یا اس سے کم رہی ہو۔ (شواہد النبوۃ ص۳۱۵)

نوٹ: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی مدت حمل سے متعلق کئی روایتیں ہیں جن میں سے کچھ روایتیں چھ ماہ سے کم کی بھی ہیں۔

۹۔۔۔ حضور اکرم ﷺ نے تمام لوگوں میں دو شخص کو سب سے زیادہ بدبخت فرمایا۔ ایک وہ جس نے حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کی کوچیں کاٹیں۔ دوسرے حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے قاتل کو۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص۱۳۶)

فرمایا۔

ایک روایت میں ہے کہ تین شخصوں کو سب سے زیادہ بدبخت فرمایا۔

(۱) قدار بن سالف کہ جس نے حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کو قتل کیا تھا۔

(۲) قابیل کہ جس نے اپنے بھائی ہابیل کو قتل کیا تھا۔

(۳) ابن ملجم کہ جس نے حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کو شہید کیا تھا۔

(حیوۃ الحیوان)

۱۰ــــــ ایسے لوگوں میں سے جنکے نام دستیاب ہوئے وہ مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) حضرت یحیٰ علیہ السلام کہ جب لوگوں نے ان کو قتل کر ڈالا۔

(۲) حبیب نجار، جب لوگوں نے ان کو قتل کر ڈالا تو انہوں نے "یٰلَیْتَ قَوْمِیْ یَعْلَمُوْنَ" کاش میری قوم مجھ کو جان لیتی۔

(۳) حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ جنہوں نے کہا تھا۔ "وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ قُتِلُوْا" الخ۔

(۴) حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کہ انہوں نے کہا تھا۔ "وَسَیَعْلَمُ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْٓا اَیَّ مُنْقَلَبٍ یَّنْقَلِبُوْنَ"۔ (حیوۃ الحیوان ج ۲ ص ۲۸)

(۵) حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک انصاری مرد کا انتقال ہو گیا جب لوگ تجہیز و تکفین سے فارغ ہو کر اٹھا کر لے جانے لگے تو اس نے کہا "محمد رسول اللہ"۔

(۶) حضرت زید بن خارجہ انصاری رضی اللہ عنہ کہ انہوں نے خلافت عثمانی میں وفات پائی اور بعد انتقال کلام کیا ان کے کلام کو محفوظ کر لیا گیا انہوں نے کہا تھا۔ "احمد احمد فی الکتب الاول، صدق ابو بکر صدیق الضعیف فی نفسه، القوی فی امره، فی الکتاب الاول صدق، صدق. عمر بن الخطاب القوی الامین، فی الکتاب الاول صدق صدق عثمان بن عفان، علی منها جهم مضت اربع سنین و بقیت سنتان ، انت الفتن، واکل الشدید الضعیف و قامت الساعة"۔ انہی سے متعلق مواہب لدنیہ

میں حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ حضرت زید بن خارجہ رضی اللہ عنہ سرداران انصار میں سے تھے۔ وہ مدینہ منورہ کی راہوں میں چلتے ہوئے ظہر و عصر کے درمیان کسی جگہ منہ کے بل گر پڑے اور انکا انتقال ہو گیا۔ انصار عورتوں اور مردوں نے آ کر رونا شروع کر دیا اور وہ اسی حال پر رہے۔ یہاں تک کہ مغرب و عشاء کے درمیان ایک آواز سنی جو کہہ رہی تھی "خاموش رہو" اس کے بعد جب غور سے دیکھا تو چادر کے نیچے سے آواز آ رہی تھی۔ انہوں نے ان کے چہرے اور سینے سے چادر اتار دی تو دیکھا وہ کہہ رہے تھے۔ "محمد رسول الله النبی الامی خاتم النبیین ، لا نبی بعده و کان ذالك فی الکتاب الاول و صدق صدق هذا رسول الله ، السلام علیك یارسول الله ورحمة الله و بر کاته"۔

(۷) حضرت عبد اللہ بن عبید اللہ انصاری رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ وہ روایت کرتے ہیں کہ میں اس جماعت میں شریک تھا جنہوں نے ثابت بن قیس بن شماس رضی اللہ عنہ کو دفن کیا تھا۔ اس وقت جب کہ انہیں قبر میں اتار دیا گیا۔ میں نے انہیں یہ کہتے ہوئے سنا۔ "محمد رسول الله، ابو بکر الصدیق، عمر الشهید، عثمان بن عفان البر الرحیم"۔ (مدارج النبوۃ ج ۱ ص ۳۶۰)

(۸) حضور اکرم ﷺ۔ حضرت قثم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب حضور اکرم ﷺ کو قبر انور میں داخل کیا گیا تو میں نے دیکھا کہ حضور اکرم ﷺ اپنے لبہائے مبارک کو جنبش فرما رہے ہیں میں نے کانوں کو حضور کے دہن مبارک کے قریب کیا تو میں نے سنا کہ آپ فرماتے تھے "رَبِّ اُمَّتِیْ اُمَّتِیْ"۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۷۵۱)

(۹) حضرت ربیع رضی اللہ عنہ انہوں نے کہا کہ میرا جنازہ جلدی لے چلو۔

(شرح الصدور ص ۲۸)

۱۱ــــــ دنیا میں پانچ آدمی بہت روئے جنکی مثال نہیں ملتی۔

(۱) حضرت آدم علیہ السلام اپنی خطا پر۔

(۲) حضرت یعقوب علیہ السلام۔ فراق یوسف میں۔

(۳) حضرت یحییٰ علیہ السلام خوف الٰہی سے۔

(۴) حضرت فاطمہ الزہرا رضی اللہ عنہا۔ حضور ﷺ کی وفات کے بعد۔

(۵) حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ۔ واقعہ کربلا کے بعد۔

(تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۳۳۹)

۱۲ـــ ابو عامر راہب کے مشورے سے جن لوگوں نے مسجد ضرار بنائی تھی وہ بارہ افراد تھے۔ ان کے نام حسب ذیل ہیں

(۱) خذام ابن خالد۔ (۲) ثعلبہ ابن حاطب۔ (۳) معتب بن قشیر۔ (۴) ابو حبیبہ ابن الازعر۔ (۵) عباد بن حنیف۔ (۶) حارثہ بن عامر۔ (۷) مجمع بن حارثہ۔ (۸) زید بن حارثہ۔ (۹) نبتل الحارث۔ (۱۰) مخرج۔ (۱۱) بجاد بن عمران۔ (۱۲) ودیعہ بن ثابت۔

(ابن کثیر پ ۱۱ ع ۲)

علامہ سیوطی علیہ الرحمہ نے ان بارہ منافقین کے نام قدرے فرق کے ساتھ اس طرح گنائے ہیں۔

(۱) حزام بن خالد۔ (۲) ثعلبہ ابن حاطب۔ (۳) ہزال بن امیہ۔ (۴) معتب ابن قشیر۔ (۵) ابو حبیبہ ابن ازعر۔ (۶) عباد ابن حنیف۔ (۷) جاریہ ابن عامر اپنے تمام بیٹوں کے ساتھ۔ (۸) زید بن الحارث۔ (۹) نبتل الحارث۔ (۱۰) بحزج ابن عثمان۔ (۱۱) بجاد بن عثمان۔ (۱۲) ودیعہ بن ثابت۔

(الاتقان فی علوم القرآن ج ۲ ص ۱۸۸ مطبوعہ ص ۱۸۰)

۱۳ـــ حضور اکرم ﷺ نے حضرت مالک بن الاخشم، معن بن عدی، عامر بن السکن اور وحشی رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ جاؤ اس مکان (مسجد ضرار) کو جو ان منافقوں نے بنایا ہے اکھاڑ کے پھینک دو۔ (حاشیہ ۲۲ جلالین ص ۱۶۹ اور درج ج ۲ ص ۵۳۹)

۱۴ـــ مسجد ضرار منہدم ہو جانے کے بعد اس جگہ کو رسول اللہ ﷺ نے ثابت بن اقرم رضی اللہ عنہ کو عطا فرما دیا۔

۱۵ـــ دنیا میں چار مسجدیں ہیں جن کو نبی نے بنایا

(۱) بیت اللہ جس کو حضرت ابراہیم و اسماعیل علیہما السلام نے بنایا۔

(۲) بیت المقدس۔ جس کو حضرت داؤد و سلیمان علیہما السلام نے بنایا۔

(۳) مسجد نبوی (۴) مسجد قبا۔ جن کو رسول اللہ ﷺ نے بنایا۔

(حاشیہ ۵ جلالین ص ۲۹۹)

۱۶ـــ قارون، حضرت موسیٰ علیہ السلام کا چچازاد و خالہ زاد بھائی تھا۔ (جلالین ص ۳۳۳)

چچازاد بھائی کا بیٹا تھا۔ (الاتقان ج ۲ ص ۱۸۱)

۱۷ـــ توراۃ میں قارون کا نام بوجہ حسین ہونے کے "المنور" ہے۔

(البدایہ ج ۱ ص ۳۰۹)

۱۸ـــ قارون کو اللہ تعالیٰ نے اتنا خزانہ دیا تھا کہ خزانوں کی کنجیاں ستر خچروں پر لادی جاتی تھیں۔ (البدایہ ص ۳۰۹)

ایک خزانے کی صرف ایک کنجی ہوتی تھی مثل انگلی کے۔

(حاشیہ ۱۹ جلالین ص ۳۳۳)

۱۹ـــ قارون جس دن زمین میں دھنسا آج تک دھنستا جا رہا ہے۔

(خزائن العرفان پ ۲۰ ع ۱۲)

اور روزانہ اس کے دھنسنے کی مقدار قد آدم کے برابر ہے۔

(ابن کثیر پ ۲۰ ع ۱۲، نزہۃ المجالس ج ۲ ص ۲۸)

۲۰ـــ مجوسیوں نے دو خدا تسلیم کیے ہیں۔ ایک خالق خیر جسے "یزدان" کہتے ہیں دوسرا خالق شر۔ جسے "اہرمن" کہتے ہیں۔ (تفسیر نعیمی ج ۱ ص ۲۵۱)

۲۱ـــ تابوت سکینہ شمشاد کی لکڑی کا ایک زراندوز صندوق تھا۔ جس کا طول تین ہاتھ کا اور عرض دو ہاتھ کا تھا۔ (خزائن العرفان پ ۲ ع ۱۶)

بعض کے مطابق تابوت سکینہ سونے کا ایک طشت تھا جس میں انبیاء کے دل دھوئے جاتے تھے۔ بعض کہتے ہیں کہ اس کا منہ بھی تھا جیسے انسان کا منہ ہو

تا ہے روح بھی تھی اور ہوا بھی۔ دوسرتے دو پَر اور دم بھی تھی۔ حضرت وہب کہتے ہیں کہ مردہ بلی کا سر تھا۔ یہ قول بھی ہے کہ روح تھی خدا کی طرف سے، جب کبھی بنی اسرائیل میں اختلاف پڑتا یا کسی بات کی اطلاع نہ ہوتی تو وہ کہہ دیا کرتی تھی۔

(ابن کثیر پ ۲ ع ۱۶)

۲۲ــــ یہ تابوت اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام پر نازل فرمایا تھا اور وراثۃً منتقل ہوتا ہوا حضرت موسیٰ علیہ السلام تک پہنچا تھا۔ (خزائن العرفان پ ۲ ع ۱۶، و تفسیر نعیمی ج ۲ ص ۵۴۰)

۲۳ــــ اس تابوت میں تمام انبیاء علیہم السلام کی تصویریں تھیں۔ ان کے مساکن و مکانات کی تصویریں تھیں اور آخر میں حضور اکرم ﷺ کی تصویر اور آپ کی دولت سرائے اقدس کی تصویر ایک یاقوت سرخ میں تھیں کہ حضور بحالت نماز قیام میں ہیں اور آپ کے گرد آپ کے صحابہ۔ انبیاء علی نبینا و علیہم الصلوۃ والسلام کی یہ تصویریں کسی آدمی کی بنائی ہوئی نہ تھیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے آئی تھیں۔

(خزائن العرفان پ ۲ ع ۱۶، و تفسیر نعیمی ج ۲ ص ۵۴۱)

۲۴ــــ اس تابوت میں حضرت موسیٰ علیہ السلام توریت بھی رکھتے تھے اور اپنا مخصوص سامان بھی۔ چنانچہ اس تابوت میں الواح توریت کے ٹکڑے بھی تھے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا، آپ کے کپڑے اور آپ کی نعلین شریفین۔ حضرت ہارون علیہ السلام کا عصا اور عمامہ اور تھوڑا سا من جو بنی اسرائیل پر نازل ہوتا تھا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام جنگ کے موقعوں پر اس صندوق کو آگے رکھتے تھے اس سے بنی اسرائیل کے دلوں کو تسکین رہتی تھی۔ آپ کے بعد یہ تابوت بنی اسرائیل میں متوارث ہوتا چلا آیا جب انہیں کوئی مشکل درپیش ہوتی تو وہ اس تابوت کو سامنے رکھ کر دعائیں کرتے اور کامیاب ہوتے۔ دشمنوں کے مقابلے میں اس کی برکت سے فتح پاتے۔ جب بنی اسرائیل کی حالت خراب ہوئی اور ان کی بدعملی بڑھ گئی۔ اللہ تعالیٰ نے ان پر عمالقہ کو مسلط کیا تو وہ ان سے تابوت چھین کر لے گئے اور اس کو نجس و گندے مقامات پر رکھا اس کی بے حرمتی کی۔ ان گستاخیوں کی وجہ سے وہ طرح طرح کے امراض و مصائب میں مبتلا ہوئے ان کی پانچ بستیاں ہلاک ہوگئیں، اور انہیں یقین ہوا کہ تابوت کی اہانت ان کی بربادی کا باعث ہے تو انہیں نے تابوت ایک بیل گاڑی پر رکھ کر بیلوں کو چھوڑ دیا اور فرشتے اس کو بنی اسرائیل کے سامنے طالوت کے پاس لائے۔ اس تابوت کا آنا بنی اسرائیل کے لئے طالوت کی بادشاہی کی نشانی قرار دیا گیا تھا بنی اسرائیل یہ دیکھ کر اس کی بادشاہی کے مقر ہوئے اور بے درنگ جہاد کیلئے آمادہ ہوگئے کیونکہ تابوت پاکر انہیں فتح کا یقین ہو گیا۔ اور طالوت بنی اسرائیل کو لیکر جن میں حضرت داؤد علیہ السلام بھی تھے جالوت. کے مقابلہ میں نکل پڑے۔

(خزائن العرفان پ ۲ ع ۱۶)

۲۵ــــ سورج کو روکنا اور اسے لوٹانا چھ مقامات میں وارد ہوا ہے۔ ان میں سے تین مقامات میں حضور اکرم ﷺ کے لئے۔

(۱) ایک شب معراج کے بعد جب کہ حضور اکرم ﷺ نے خبر دی کہ اس رات واپسی پر قریش کے قافلہ کو میں نے راہ میں دیکھا اور یہ نشانی بھی بتائی کہ ان کا ایک اونٹ بھاگ گیا تھا اور قافلہ کے کچھ لوگ اسکی تلاش میں سرگرداں تھے۔ اس پر قریش کے لوگوں نے پوچھا۔ "بتایئے وہ قافلہ کب تک یہاں پہنچے گا۔" فرمایا: بدھ کے دن۔! جب بدھ کا دن آیا تو قریش اس قافلہ کا انتظار کرنے لگے کہ کب پہنچتا ہے یہاں تک کہ دن تمام ہونے لگا اور قافلہ نہیں آیا۔ اس وقت حضور اکرم ﷺ نے دعا کی چنانچہ اس دن سورج کو غروب ہونے سے حق تعالیٰ نے ایک گھنٹے کے لئے روک دیا۔ پھر قافلہ پہنچ گیا۔

(۲) دوسرا واقعہ حبس شمس کا حضور ﷺ کے لئے روز خندق میں بیان کیا گیا جب کہ اس جنگ میں نماز عصر قضا ہوگئی پھر حضور اکرم ﷺ نے دعا کی جیسا کہ بعض روایتوں میں آیا ہے۔ اور مشہور یہ ہے کہ بعد از غروب آفتاب قضا پڑھی تھی۔

(۳) تیسرا واقعہ یہ ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی نماز عصر قضا ہوگئی۔ پھر حضور اکرم ﷺ نے دعا کی اور سورج لوٹا یا گیا۔ پھر انہوں نے نماز ادا کی۔

(۴) چوتھا واقعہ حضرت یوشع علیہ السلام کیلئے ہے۔ چنانچہ مواہب میں مذکور ہے کہ حضرت یوشع علیہ السلام جمعہ کے دن ظالموں سے جنگ کر رہے تھے۔ جب آفتاب کے غروب کا وقت قریب ہوا تو خوف کیا کہ اگر آفتاب جنگ ختم ہونے سے پہلے غروب ہو گیا تو ہفتہ کا دن شروع ہو جائیگا اور ہمیں اس دن جنگ کرنا حلال نہ ہوگا۔ انہوں نے خدا سے دعا کی اور حق تعالیٰ نے آفتاب کو روک دیا یہاں تک کہ وہ جنگ سے فارغ ہوئے۔ اس رکنے کی تین صورتیں ہو سکتی ہیں ایک یہ کہ غروب کے بعد واپس لوٹایا جائے ایک یہ کہ لوٹائے بغیر روکے رکھا جائے۔ ایک یہ کہ اس کی رفتار کو سست کر دیا جائے۔ (زرقانی جلد [illegible] نزہۃ المجالس ج ۲ ص ۱۱۵)

(۵) پانچویں بار کا واقعہ یوں ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی نماز عصر قضا ہو گئی اور سورج پردے میں ہو گیا تو آپ نے فرمایا: "ردوها علی" اس کو مجھ پر واپس فرما تو اللہ تعالیٰ نے سورج کو لوٹا دیا۔ (کوثر الخیرات ص ۱۳۰، نزہۃ المجالس ج ۲، ص ۱۱۴)

(۶) چھٹا واقعہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے لئے ہے۔ واقعہ یوں ہے کہ آپ بابل کی طرف جا رہے تھے تو فرات سے گزر کر نماز عصر اپنے ساتھیوں کے ساتھ ادا کرنے کا ارادہ کیا۔ آپ کے ساتھیوں نے دریائے فرات سے اپنی سواریاں گزارنی شروع کر دیں یہاں تک کہ آفتاب غروب ہو گیا اور انکی نماز قضا ہو گئی۔ وہ چہ میگوئیاں کرنے لگے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے سنا تو اللہ تعالیٰ سے سورج لوٹانے کی دعا کی تاکہ ان کے ساتھی نماز ادا کر لیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کی دعا قبول فرمائی آفتاب نکل آیا اور عصر کا وقت ہو گیا۔ جب آپ نے سلام پھیرا تو سورج غروب ہو گیا۔

۲۶ــــ ہر کافر کی قبر میں ننانوے اژدہے مسلط کئے جاتے ہیں۔

(خزائن العرفان پ ۲۹ ص ۱۶۴)

جن میں سے ہر ایک کے سات سات سر ہوتے ہیں جو اسے قیامت تک ڈستے رہیں گے۔ (ابن کثیر پ ۲۹ ص ۱۶۴)

۲۷ــــ اللہ تعالیٰ پورے سال میں ایک لاکھ چوبیس ہزار بلائیں نازل فرماتا ہے۔

(ملفوظات خواجہ نظام الدین اولیاء ص ۱۸۵)

۲۸ــــ صنادید قریش نے جو حضور اکرم ﷺ کی مخالفت میں بنو ہاشم سے بائیکاٹ کا معاہدہ طے کیا تو اس عہد نامہ کو منصور بن عکرمہ نے لکھا تھا۔ اس پر اللہ کا یہ قہر نازل ہوا کہ اسکا ہاتھ شل ہو گیا۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۹، [illegible] ج ۲ ص ۷۵)

۲۹ــــ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا وہ چار جاندار ہیں جنہوں نے شکم مادر کی مشقت کو نہیں جھیلا۔

(۱) حضرت آدم علیہ السلام۔ (۲) حضرت حوا۔ (۳) حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی۔ جس کو اللہ تعالیٰ نے پتھر سے پیدا فرمایا۔ (۴) وہ مینڈھا جو حضرت اسماعیل علیہ السلام کے فدیے میں ذبح ہوا۔ بعض نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا مبارک کو بھی شمار کیا ہے۔ (حیوۃ الحیوان ج ۲ ص ۱۳۴)

(نوٹ) جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے نبوت کا اعلان کیا اور معجزات دکھائے تو لوگوں نے درخواست کی کہ آپ ایک چمگادڑ پیدا کریں۔ چنانچہ آپ نے مٹی سے چمگادڑ کی صورت بنائی پھر اس میں پھونک ماری تو وہ اڑنے لگی۔

(خزائن العرفان پ ۳ ع ۱۳، جلالین ص ۵۱)

اس چمگادڑ کو بھی ان جانداروں میں شمار کیا جا سکتا ہے۔

۳۰ــــ یہی سوال حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ہوا کہ وہ قبر کونسی ہے جو اپنے صاحب کو لیکر چلتی ہے تو آپ نے فرمایا وہ قبر حضرت یونس علیہ السلام کی مچھلی ہے جس کے پیٹ میں آپ کچھ مدت رہے اور مچھلی آپ کو لیکر چلتی پھرتی تھی۔

(حیوۃ الحیوان ج ۲ ص ۱۲۴، [illegible])

۳۱ــــ جس جگہ پر سورج کی روشنی صرف ایک بار پڑی یہ وہ جگہ ہے جہاں موسیٰ علیہ السلام نے دریا میں اپنا عصا مارا تھا اور اس میں بارہ راستے پیدا ہو گئے تھے اس وقت اس جگہ پر سورج کی کرنیں پڑی تھیں۔ اس کے بعد سابق کی طرح وہ راستے پھر سمندر

میں تبدیل ہو گئے۔ (صاوی جلد ۲ ص ۶۶۳، مدارج ص ۲۲۵ رکن چہارم)

۳۲ـــــ یہ رسول یعنی قاصد وہ کوا ہے جس کے متعلق اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے فبعث اللہ غرابا یبحث فی الارض۔ جس نے اپنے بھائی کوے کو قتل کرنے کے بعد دفن کر کے قابیل کو دفن کرنا سکھایا۔ یہ دیکھ کر قابیل کو معلوم ہوا کہ مردے کی لاش کو دفن کرنا چاہیے۔ چنانچہ اس نے کوے کی طرح زمین کھود کر اپنے بھائی کو دفن کر دیا۔

(مدارج جلد ۱ ص ۲۲۵ رکن چہارم)

۳۳ـــــ جب فرعون دریائے قلزم میں غرق ہوا تو بنی اسرائیل کو اس کے ڈوبنے پر یقین نہ ہوا بحکم الٰہی پانی نے فرعون کی لاش کو ساحل دریا پر پھینک دیا تاکہ بنی اسرائیل دیکھ کر یقین کر لیں۔ اس سے پہلے جو کوئی بھی پانی میں غرق ہوتا تھا اس کی لاش ڈوب جایا کرتی تھی لیکن فرعون کے بعد سے پانی نے لاش کو قبول کرنا بند کر دیا۔

(حاشیہ ۱۶ جلالین ص ۱۷۸)

……﴿ تمت بالخیر ﴾……

فہرست مراجع و ماخذ

نمبر شمار	اسمائے کتب	مصنفین
۱	تفسیر خزائن العرفان	صدر الافاضل سید محمد نعیم الدین مراد آبادی علیہ الرحمہ
۲	تفسیر روح البیان	ابو الفداء شیخ اسمٰعیل حقی بروسوی علیہ الرحمۃ
۳	تفسیر روح المعانی	شہاب الدین سید محمود آلوسی علیہ الرحمۃ
۴	تفسیر نعیمی	حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی علیہ الرحمۃ
۵	تفسیر قرطبی	ابو عبد اللہ محمد بن احمد ابی بکر قرطبی علیہ الرحمۃ
۶	تفسیر جلالین	علامہ جلال الدین سیوطی وجلال الدین محمد بن احمد محلی شافعی علیہما الرحمہ
۷	تفسیر معالم التنزیل	ابو محمد حسین ابن مسعود البغوی الشافعی علیہ الرحمۃ
۸	تفسیر ابن کثیر (اردو)	حافظ عماد الدین ابن کثیر علیہ الرحمۃ
۹	تفسیر صاوی	شیخ احمد صاوی مالکی علیہ الرحمۃ
۱۰	تفسیر عزیزی	شاہ عبد العزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ
۱۱	تفسیر کشاف	ابو القاسم محمد بن عمر والزمخشری
۱۲	تفسیر حسینی (اردو)	ملا معین الدین واعظ کاشفی علیہ الرحمۃ
۱۳	تفسیر حقانی	ابو محمد عبد الحق حقانی دہلوی علیہ الرحمۃ
۱۴	تفسیر جمل	شیخ سلیمان الجمل علیہ الرحمۃ
۱۵	تفسیر خازن	علاء الدین علی بن محمد البغدادی علیہ الرحمۃ
۱۶	الاتقان فی علوم القرآن	علامہ جلال الدین عبد الرحمن سیوطی علیہ الرحمۃ
۱۷	تفسیر الم نشرح	مولانا نقی علی خاں بریلوی علیہ الرحمۃ
۱۸	بخاری شریف	ابو عبد اللہ محمد بن اسمٰعیل بخاری علیہ الرحمۃ
۱۹	ترمذی شریف	ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی علیہ الرحمۃ
۲۰	مشکوٰۃ شریف	شیخ ولی الدین محمد بن عبد اللہ تبریزی علیہ الرحمۃ
۲۱	فتح الباری	شہاب الدین ابو الفضل احمد بن علی ابن حجر عسقلانی علیہ الرحمۃ
۲۲	عمدۃ القاری	بدر الدین علامہ محمد عینی علیہ الرحمۃ

نمبر شمار	اسمائے کتب	مصنفین
۲۳	ہدایہ	شیخ برہان الدین ابو الحسن علی مرغینانی علیہ الرحمۃ
۲۴	ردالمحتار	سید محمد امین الشہیر بابن عابدین شامی علیہ الرحمۃ
۲۵	الاشباہ والنظائر	شیخ زین الدین الشہیر بابن نجیم مصری علیہ الرحمۃ
۲۶	فتاوٰی رضویہ	اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں بریلوی علیہ الرحمۃ
۲۷	کنزالعمال	علاء الدین علی بن حسام الدین المتقی علیہ الرحمۃ
۲۸	زادالمعاد	شمس الدین ابو عبداللہ بن ایوب ابن قیم جوزی علیہ الرحمۃ
۲۹	شرح عقائد	علامہ سعد الدین مسعود بن عمر تفتازانی علیہ الرحمۃ
۳۰	مدارج النبوۃ (اردو)	شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ
۳۱	معارج النبوۃ	ملا معین الدین واعظ کاشفی علیہ الرحمۃ
۳۲	شواہد النبوۃ (اردو)	علامہ عبدالرحمٰن جامی علیہ الرحمۃ
۳۳	دلائل النبوۃ (اردو)	امام ابو نعیم احمد بن عبداللہ اصفہانی علیہ الرحمۃ
۳۴	وفاء الوفاء	نور الدین علی بن احمد شافعی مصری علیہ الرحمۃ
۳۵	البدایہ والنہایہ	حافظ عماد الدین ابو الفداء اسمٰعیل بن کثیر علیہ الرحمۃ
۳۶	الکامل فی التاریخ	عزالدین ابو الحسن علی بن محمد ابن اثیر علیہ الرحمۃ
۳۷	تاریخ الامم والملوک	ابو جعفر محمد بن جریر الطبری علیہ الرحمۃ
۳۸	تاریخ الرسل والملوک (تاریخ طبری)	ابو جعفر محمد بن جریر الطبری علیہ الرحمۃ
۳۹	تاریخ الخلفاء	علامہ جلال الدین عبدالرحمٰن سیوطی علیہ الرحمۃ
۴۰	تواریخ حبیب الٰہ	مولانا مفتی عنایت احمد علیہ الرحمۃ
۴۱	تاریخ حرمین	الحاج عباس کرارہ
۴۲	تاریخ اسلام	مولانا اکبر نجیب آبادی
۴۳	محسن انسانیت	مولانا نعیم صدیقی
[illegible]	سیرۃ النبی (اردو)	عبدالملک بن ہشام علیہ الرحمۃ
۴۵	اصح السیر	مولانا حکیم الدین ابو البرکات عبدالرؤف داناپوری
۴۶	طبقات ابن سعد	امام محمد بن سعد علیہ الرحمۃ
۴۷	شان حبیب الرحمٰن	حکیم الامت مفتی احمد یار خاں صاحب نعیمی علیہ الرحمۃ

نمبر شمار	اسمائے کتب	مصنفین
۴۸	اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ	عزالدین ابو الحسن علی بن محمد ابن اثیر علیہ الرحمۃ
۴۹	زرقانی	علامہ محمد بن عبدالباقی زرقانی علیہ الرحمۃ
۵۰	اصابہ فی تمیز الصحابہ	شہاب الدین ابو الفضل احمد بن علی ابن حجر عسقلانی علیہ الرحمۃ
۵۱	استیعاب علی الاصحاب	ابو عمر یوسف بن عبداللہ المعروف بابن عبدالبر القرطبی علیہ الرحمۃ
۵۲	نزہۃ المجالس (اردو)	علامہ عبدالرحمٰن الصفوری الشافعی علیہ الرحمۃ
۵۳	احکام شریعت	اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی علیہ الرحمۃ
۵۴	بہار شریعت	صدر الشریعہ مفتی امجد علی اعظمی علیہ الرحمۃ
۵۵	قانون شریعت	علامہ شمس الدین جونپوری علیہ الرحمۃ
۵۶	حیوۃ الحیوان (اردو، عربی)	علامہ کمال الدین دمیری علیہ الرحمۃ
۵۷	عجائب القرآن	علامہ عبدالمصطفیٰ اعظمی علیہ الرحمۃ
۵۸	غرائب القرآن	علامہ عبدالمصطفیٰ اعظمی علیہ الرحمۃ
۵۹	غنیۃ الطالبین (اردو)	غوث الاعظم شیخ محی الدین عبدالقادر علیہ الرحمۃ
۶۰	کیمیائے سعادت (اردو)	حجۃ الاسلام امام محمد غزالی علیہ الرحمۃ
۶۱	الملفوظ	مرتب مفتی اعظم ہند مولانا مصطفےٰ رضا خان علیہ الرحمۃ
۶۲	ملفوظات خواجہ نظام الدین اولیاء	مرتب خواجہ امیر خسرو علیہ الرحمۃ
۶۳	اوراق غم	علامہ ابو الحسنات سید محمد احمد قادری علیہ الرحمۃ
۶۴	محاضرۃ الاوائل	الشیخ علی دورۃ بن مصطفےٰ ابن علاء الدین
۶۵	غیاث اللغات	غیاث الدین عزت بن جلال الدین رام پوری
۶۶	لغات کشوری	مولوی سید تصدق حسین
۶۷	غنیۃ	علامہ ابراہیم بن محمد حلبی علیہ الرحمۃ



جلد اول و دوم

سنن دارمی شریف

- جو احادیث نبویہ کا قدیم اور مستند ذخیرہ ہے۔
- جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے فتاویٰ کا اہم ماخذ ہے۔
- جو تابعین و تبع تابعین کی آراء سے مزین ہے۔
- جو امام دارمی رحمۃ اللہ علیہ کی زندگی بھر کی ریاضت کا نچوڑ ہے

امام دارمی رحمۃ اللہ علیہ

- جو امام مسلم، ترمذی، ابوداؤد اور نسائی کے اُستاد ہیں۔
- جن کی وفات پر امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ بہت روئے تھے۔
- جنہیں ''ابن حبان'' نے ''حفاظ متقین'' میں سے ایک قرار دیا ہے۔
- جنہیں ''ذہبی'' نے ''رکن من ارکان الدین'' کہکر خراج تحسین پیش کیا ہے۔

دارمی شریف (مترجم)

- جس کا ترجمہ آسان، عام فہم، رواں اور سلیس ہے۔
- جس میں ۲۰ دیگر کتب حدیث کے حوالے سے تخریج شامل ہے۔
- جس کے آخر میں ''رواۃ حدیث'' کی مکمل فہرست موجود ہے۔
- جو باطنی انوار و معارف کے ہمراہ ظاہری دلکشی و رعنائی سے بھی آراستہ ہے۔

* * *

الھدیٰ پبلیکیشنز
alhuda publications
2982, Kucha Neel Kanth, Qazi Wara, Darya Ganj New Delhi-2
Cell: 8010503999, E-mail: alhudapublications@yahoo.com

انفاس العارفین

صفحات: 424	قیمت:	اشاعت 2015

انفاس العارفین حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی گراں قدر تصنیف اور ولی اللّٰہی سلسلۂ تصوف کی معرکۃ آرا کتاب ہے۔ جس میں حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے اہل خاندان کے حالات کے ساتھ ان مخصوص بزرگوں اور مشائخ کے حالات بھی شامل کیے ہیں جو اُن کے شاگرد یا رشتہ دار تھے۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کی جامع شخصیت اور دینی خدمات پر بہت کچھ لکھا گیا ہے۔ اور اسی کتاب کے آخر میں ان کے خود نوشت حالات تفصیل سے آ بھی رہے ہیں۔ انفاس العارفین کے مندرجات میں شاہ صاحب بطور ایک صوفی اور مرشد راہ اور خاندان ولی اللّٰہی کے معمولات اور معتقدات کے ضروری گوشوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔



مجموعۂ

اوراد و وظائف

مشتمل
بر سُورہ قرآنیہ و حدیث نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم (مترجم)

صفحات: 848	ہدیہ:	اشاعت 2015

الھدیٰ پبلیکیشنز کی جانب سے
ایک عظیم الشان پیشکش
قرآن و احادیث سے ماخوذ
ایک مستند و مدلل اوراد و وظائف کا مجموعہ

For more information please contact:

الھدیٰ پبلیکیشنز
alhuda publications
2982, Kucha Neel Kanth, Qazi Wara, Darya Ganj New Delhi-2
Cell: 8010503999, E-mail: alhudapublications@yahoo.com



عشق رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

صفحات 1064 | قیمت: | اشاعت 2015

مصنف :- نواز رومانی

قوت القلوب

شیخ ابو طالب مکی | مکمل سیٹ ۲ جلدوں میں

صفحات جلد اول 632 | قیمت: | اشاعت 2015

صفحات جلد دوم 712 | قیمت: | اشاعت 2015

قوت القلوب: "ایک سالک کیلئے تعلق باللہ و مقام توحید کی صراط مستقیم" پوری اسلامی تاریخ میں تصوف پر ایک مستند اور لازوال اولین کتاب آج تک تصوف پر جتنی تصانیف لکھی گئیں سب کی سب اس عظیم کتاب سے ماخوذ ہیں۔ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اور ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ و دیگر تمام جید علماء کرام نے اس جامع کتاب سے استفادہ کیا۔ اس کے علاوہ بے شمار دیگر خصوصیات کی وجہ سے تصوف میں اسے سب سے پہلا جامع کام تسلیم کیا گیا ہے۔

For more information please contact:

الہدیٰ پبلیکیشنز
alhuda publications
2982, Kucha Neel Kanth, Qazi Wara, Darya Ganj New Delhi-2
Cell: 8010503999 E-mail: alhudapublications@yahoo.com

20x30/8 Paster

23x36/16 Paster

برکات روحانی ترجمہ طبقات الشعرانی
تصنیف لطیف قطب ربانی
سیدی عبدالوہاب الشعرانی قدس سرہ النورانی

صفحات: 752 | قیمت: | اشاعت: 2015

کتاب الشفاء
حضرت قاضی عیاض بن موسیٰ مالکی اندلسی

صفحات: 736 | قیمت: | اشاعت: 2015

حجۃ اللہ البالغہ

صفحات: 646 | قیمت: | اشاعت: 2015

شفاء السقام فی زیارۃ خیر الانام

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

त़अ़ज्जुब ख़ेज़ और ह़ैरत अंगेज़ इस्लामी और तारीख़ी मालूमात का अज़ीमुश्शान ख़जाना, ह़दीस, तफ्सीर, तारीख़, सैर, फिक़्ह और तसव्वुफ़ की दर्जनों मुस्तनद किताबों का हासिल-ए-मुताला म-अ़ हवालाजात।

इस्लामी
हैरत अंगेज़
मालूमात

लेखकः

मौलाना अब्दुल वाहिद आज़ाद

प्रकाशकः
अल्हुदा पब्लिकेशंज़
2982, कूचा नीलकन्ठ, क़ाज़ीवाड़ा, दरियागंज नई दिल्ली-2
फोन : 011-43259013 / 08010503999

تعجب خیز اور حیرت انگیز اسلامی تاریخی معلومات کا عظیم موجیں مارتا ہوا سمندر
حدیث و تفسیر، تاریخ و سیر اور فقہ و تصوف کی درجنوں مستند کتابوں کا حاصل مطالعہ مع حوالہ جات

اسلامی
حیرت انگیز معلومات

تالیف:
مولانا عبد الواحد آزاد

محمد اصغر علي رضوي
+919224227313

ڈِلکس

الھدیٰ پبلیکیشنز نئی دہلی
۲۹۸۲، قاضی واڑہ، دریا گنج، نئی دہلی ۔ ۲